PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

DEBATES

21st December, 1964

Part I

Vol. VII—No. 1

OFFICIAL REPORT

CONTENTS

Monday, the 21st December, 1964.

Recitation from the Holy Qur'an .. ..

Resignation of Dr. Khawaja Nizim-ud-Din .. .. ..

Starred Questions and Answers .. ..

Answers to Starred Questions laid on the Table .. ..

Unstarred Questions and Answers .. ..

Announcements, etc.—

Panel of Chairmen .. ..

Hours of sitting of the Assembly .. .. ..

Detention of Major Sultan Ahmad Khan, M.P.A. by the Superintendent of Police, Hazara .. ..

Adjournment Motions—

Ordinances (*Placed on the Table*)

The Supplementary Budget Statement for 1964-65

(Presented) .. ..

Appropriation Accounts/Finance Accounts of the Government of West Pakistan for the year 1960-61 and the Audit Reports thereon (Laid on the Table) .. ..

Appropriation Accounts (Public Works Grants and other than Public Works Grants)/Finance Accounts of Government of West Pakistan for the year, 1961-62 and the Audit Reports thereon (Laid on the Table) .. ..

Price : Rs. 4·10

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SEVENTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Monday, the 21st December, 1964.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9·00 a. m. of the Clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ۝ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۭ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝

پ ۲۴- س ۴۱- ع ۱۹- آیات ۳۳ تا ۳۷

اور اس شخص سے بات کا اچھا کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی طرف آنے کی دعوت دے اور اچھے کام کرے اور کہے کہ میں مسلمان ہوں۔ اور بھلائی و برائی برابر نہیں ہو سکتی۔ تو (سخت کلامی کا) ایسے طریق سے جواب دو جو اچھا ہو (ایسا کرنے سے تم دیکھو گے) کہ جس میں اور تم میں عداوت تھی وہ تمہارا گہرا دوست بن گیا ہے۔ اور یہ بات ان ہی لوگوں کو نصیب ہوتی ہے جو برداشت کرنے والے تحمل مزاج ہیں۔ اور یہ ان ہی کو نصیب ہوتی ہے جو بڑے صاحب نصیب ہوتے ہیں۔ اور اگر تمہیں شیطان کی جانب سے کوئی وسوسہ پیدا ہو تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو۔ بیشک وہ سب کچھ سنتا جانتا ہے اور رات اور دن اور سورج اور چاند اس کی نشانیوں میں سے ہیں۔ تم لوگ سورج کے آگے سجدہ ریز ہو اور نہ چاند کے بلکہ خدا ہی کو سجدہ کرو جس نے ان چیزوں کو پیدا کیا ہے اگر واقعی تم کو اس کی عبادت کرنی منظور ہے۔

REFERENCE TO LATE KHAWAJA NAZIM-UD-DIN

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب کی ایک تعزیتی قرار داد ہے جسے وہ وقفہ سوالات سے پہلے پیش کریں گے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) : جناب والا ۔ صوبائی اسمبلی مغربی پاکستان کا یہ اجلاس پاکستان کے سابق گورنر جنرل اور سابق وزیر اعظم الحاج خواجہ ناظم الدین مرحوم کی وفات حسرت آیات پر نہایت ہی رنج و اندوہ کا اظہار کرتا ہے ۔

الحاج خواجہ ناظم الدین مرحوم کا پاکستان کی تخلیق میں گراں بہا حصہ ہے ۔ وہ بانی پاکستان حضرت قائد اعظم علیہ الرحمہ" کے جلیل القدر رفیق کار تھے اور اسلامی سیاست اور دین کی سر بلندی کے لئے ہمیشہ تواتر اور استقلال کے ساتھ سعی کرتے رہے ۔ اپنے آخری سانس تک حریت فکر و عمل اور جمہوریت کے احیا و بقا کے لئے جدوجہد کرتے رہے ۔

مرحوم کی وفات ایک قومی اور ملکی سانحہ ہے ۔ آج مرحوم کی ہمارے درمیان عدم موجودگی سے ایسا خلا پیدا ہو گیا ہے جس کا پر ہونا بظاہر محال نظر آتا ہے ۔

یہ ایوان دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو غریق رحمت فرمائے اور ان کے پس ماندگان متعلقین اور عقیدتمندوں کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میرے خیال میں اس ریزولیشن کی کوئی مخالفت نہیں ؟

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جی ہاں جناب ۔ اس کی کوئی مخالفت نہیں ۔ میں صرف اس کی تائید کرنا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ جو کچھ خواجہ محمد صفدر صاحب نے فرمایا ہے ۔ میں ان کی تقریباً سب باتوں سے متفق ہوں ۔

خواجہ صاحب مرحوم واقعی ایک عظیم شخصیت تھے ۔ جیسا کہ میں نے ان کی وفات کے موقع پر بھی اپنے بیان میں کہا تھا ۔ خواجہ صاحب کا واقعی پاکستان بنانے میں بڑا ہاتھ تھا ۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ آخر میں ہمیں ان سے سیاسی اختلاف ہوگیا تھا ۔ لیکن ان کی

وفات کے بعد یہ سیاسی اختلاف بھی ختم ہو چکا ہے - بہر حال جو کچھ خواجہ محمد صفدر صاحب نے فرمایا ہے - میں اس کی تائید کرتا ہوں -

چونکہ وقت تنگ ہے اور ہم نے اور بھی بہت سی چیزیں کرنا ہیں - اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ فاتحہ پڑھ لی جائے -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - خواجہ صاحب مرحوم اس ملک کے دوسرے گورنر جنرل اور وزیر اعظم رہ چکے ہیں - کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ آج ایوان کی کارروائی ملتوی کر دی جائے -

Mr. Speaker: This is up to the House.

Minister of Finance: Sir, this is not possible.

آپ کو معلوم ہے کہ ہم کس دور میں سے گذر رہے ہیں - یہ تو صرف صدر یا گورنر جنرل کے لئے ایک امتیاز ہوتا ہے -

آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ ہم نے آج کارروائی ضرور کرنا ہے - اس کے بعد adjourn ہو جانا ہے - اس کا قائد حزب اختلاف کو بھی علم ہے - لہٰذا اب بہتر یہی ہے کہ فاتحہ پڑھ لی جائے -

(اس مرحلہ پر جملہ ممبران اسمبلی نے مرحوم خواجہ ناظم الدین کی روح کو ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی) -

---

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Chaudhri Muhammad Ali.

T. B. Clinic Functioning in Civil Hospital, Bahawalnagar

***6808. Chaudhri Muhammad Ali**: Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a T. B. Clinic is functioning in the Civil Hospital, Bahawalnagar, a District Headquarter for the last 6 or 7 months, and the Clinic is catering for the growing needs of the inhabitants of the said District ;

(*b*) whether it is a fact that Government have issued orders to shift the said T. B. Clinic to Khairpur ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, reasons therefor and whether Government intend to cancel the said orders and allow the said T. B. Clinic to continue to function at Bahawalnagar ; if not, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خاں) -

(الف) سول ہسپتال بہاولنگر میں جنوری ۱۹۶۴ء سے تپ دق کی ایک تیمار گاہ قائم ہے -

(ب) جی نہیں ۔

(ج) بہاولنگر کی تیمار گاہ تپ دق کے متعلق حکم ہوا تھا کہ اسے ٹھٹہ میں منتقل کر دیا جائے لیکن بعد کو یہ حکم منسوخ ہوگیا ۔

چوہدری محمد علی ۔ جناب والا ۔ جواب کے حصہ (ج) میں کہا گیا ہے کہ بہاولنگر کے تپ دق ہسپتال کے لئے احکام ہوئے تھے کہ اسے ٹھٹہ منتقل کر دیا جائے ۔ بعد میں یہ احکام منسوخ ہوگئے ۔ اب میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا وہاں تپ دق موجود نہیں ؟

Parliamentary Secretary : Sir, since January 1964, the T. B. Clinic is functioning at the Bahawalnagar, Civil Hospital under the orders of the Health authorities. There was a proposal to shift this Clinic to Thatta but later on in the Assembly Chambers a motion was tabled by an Member to this effect and it was promised by the then Health Minister that it would not be shifted and the T. B. Clinic will work in Bahawalnagar, Civil Hospital.

UPGRADING OF CIVIL HOSPITAL, FORT ABBAS

***6809. Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether any amount has been provided in the current financial year for Upgrading the Civil Hospital, Fort Abbas, District Bahawalnagar ; if so, whether steps have been taken to upgrade the said Hospital and if no steps have been taken so for, reasons therefor ;

(*b*) whether it is a fact that no Lady Doctor has been appointed in the said Hospital ; if so, reasons therefor and the steps Government intend to take to appoint a Lady Doctor there ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes. Rs. 1·5 lacs for building and 0·5 lacs for the equipment. Steps have been taken to upgrade the hospital.

(*b*) Yes. Divisional Council has decided that the Town Committee, Fort Abbas should provide a Woman Medical Officer till such time the hospital has been provincialized. The Town Committee has been advised accordingly.

DEVELOPMENT SCHEME OF HEALTH DEPARTMENT FOR BAHAWALPUR DIVISION

***6810. Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the names of Development Scheme relating to Health Department for Bahawalpur Division included in the 2nd Five Year Plan along with estimated cost thereof and details of expenditure incurred thereon ;

(*b*) name of the schemes out of those mentioned in (*a*) above which (*i*) have been implemented ; and (*ii*) are in the process of implementation ;

(*c*) names of the schemes out of those mentioned in (*a*) above which pertain to District Bahawalnagar ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Table I *gives the required details of schemes. The said table give also the allocations made and expenditure incurred as well as, in the remarks column, brief account of physical achievements made. Table I (*a*) *gives similar details in respect of such schemes as are under implementation in Bahawalpur Division but are outside the 2nd Plan.

(*b*) Only two schemes, namely, School Health Services Unit, Bahawalpur and T. B. Clinic, Bahawalpur, have so far been completed and are fully functioning. The remaining schemes are under implementation.

(*c*) Table II* gives the details of schemes of 2nd Plan and outside the 2nd Plan relating to Bahawalnagar District.

CIVIL HOSPITAL, FORT ABBAS, DISTRICT BAHAWALNAGAR

*6833. **Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the year in which the Civil Hospital, Fort Abbas, District Bahawalnagar was opened;

(*b*) whether it is a fact that the building of the said Hospital is of old design and comprises only a few rooms with the result that indoor patient experience much inconvenience ;

(*c*) whether it is a fact that there has always been a shortage of medicines in the said Hospital ;

(*d*) the annual amount provided to the said hospital for purchasing medicines ;

(*e*) whether it is a fact that no arrangements exist in the said Hospital for Testing Blood, Urine and Sputum ;

(*f*) whether it is a fact that the above said Hospital is the only Tehsil Headquater Hospital for an area extending over 60 or 70 miles ;

(*g*) if answer to (*b*), (*c*), (*e*) and (*f*) above be in the affirmative, whether Government intend to take steps to (*i*) expand the building of the said Hospital, (*ii*) increase its quota of medicines, (*iii*) make arrangements for testing of Blood, Urine and Sputum, and (*iv*) appoint a Lady Doctor there ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) 935 ;

(*b*) Yes.

(*c*) No.

(*d*) Rs. 5,000 per annum.

(*e*) Yes.

---

*Please see Appendix I at the end.

(*f*) No. A Tehsil Headquarter Hospital of Fort Abbas Tehsil is at Haroonabad.

(*g*) (*i*) to (*iv*) Fort Abbas Hospital is being expanded and upgraded with increased quota of medicines and a Laboratory and provision of Woman Medical Officer.

AMOUNT ALLOCATED FOR CIVIL HOSPITALS OF HAROONABAD, FORT ABBAS AND FORT MUROT IN BAHAWALNAGAR DISTRICT FOR PURCHASE OF MEDICINES AND OTHER HOSPITAL ACCESSORIES

***7042. Chaudhri Muhammad Ali**: Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) the total amount allocated for the Civil Hospital of Haroonabad, Fort Abbas and Fort Murot in Bahawalnagar District for the purchase of medicines and other hospital accessories from 1st July, 1963 to 30th June, 1964;

(*b*) whether Government is aware of the fact that no medicines are provided to the patients in above-mentioned hospitals and they have to purchase the prescribed medicines from the market at exhorbitant rates;

(*c*) if answer to (*b*) above be in affirmative, the steps Government intend to take in this behalf?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan):

		Rs.
(*a*) Civil Hospital, Haroonabad	..	20,000
Town Committee Hospital, Fort Abbas	..	5,000
District Council Dispensary, Fort Marot	..	2,500

(*b*) No.

(*c*) Does not arise.

PAYMENT OF FIXED T. A. TO SANITARY INSPECTOR OF HEALTH DEPARTMENT OF HAZARA DISTRICT

***7490. Maulana Ghulam Ghaus**: Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that according to Finance Department's letter No. FDSOR, dated 1st August 1961, a fixed T. A. at the rate of Rs. 45 per month is admissible to each Sanitary Inspector of Health Department who is posted in a Hilly area;

(*b*) whether it is a fact that the whole of District of Hazara is a Hilly area;

(*c*) whether it is a fact that the Sanitary Inspectors posted in the said District are not paid the said T. A. and they have submitted a number of applications to the authorities concerned for the grant of the same;

(*d*) whether it is a fact that no action has so far been taken on the said applications; if so, reasons therefor and whether Government intend to allow the said T. A. to each of the said officials and pay arrears of the said allowance to them; if so, when?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) :

(الف) جی نہیں - قبل انضمام کی یونٹوں کی حکومتوں کے احکام کے مطابق مختلف پیمانہ جات میں مقررہ سفر خرچ ملتا ہے -

(ب) جی نہیں -

(ج) (۱) جی ہاں - یہ امر واقعہ ہے کہ مذکورہ ضلع میں سینٹری انسپکٹروں کو سوال میں محولہ سرکاری مراسلہ کے مطابق سفر خرچ نہیں دیا جاتا انہیں وہ سفر خرچ دیا جاتا ہے جس کا حق انہیں انضمامی یونٹ کے قواعد کے تحت ہے -

(۲) انہوں نے عرضداشت کی ہے -

(د) جی نہیں - کارروائی کی گئی ہے اور کیس محکمہ مالیات کو بھیج دیا گیا ہے اور اس کے فیصلے کی روشنی میں مزید کارروائی کی جائیگی -

---

DISPENSARY OPENED AT CHAK NO. 65-D. B. NEAR NAWAN JANDANWALA IN DISTRICT MIANWALI

***7497. Maulana Ghulam Ghaus** : Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that a Dispensary was opened at Chak No. 65-D. B. near Nawan Jandanwala in District Mianwali 8 months ago ;

(*b*) whether it is a fact that neither any suitable building nor any medicines have been provided for the said dispensary ;

(*c*) whether it is a fact that appointments of a Doctor, Compounder Nurse, Midwife and Peon have been made for the said dispensary and they have reached there ;

(*d*) whether it is a fact that patients are put off by the staff of the said Dispensary on the pretext that no medicines are available in the dispensary and they should visit the dispensary at some later day ;

(*e*) whether it is a fact that the said staff have occupied an evacuee house and take their meals in adjoining villages ;

(*f*) if answers to (*a*) and (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to either deploy the said staff to some other place or provide medicines to the said dispensary ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) -

(الف) چک نمبر ۶۵ ڈی - بی کے مقام پر ڈسپنسری نہیں بلکہ ایک ذیلی مرکز کام کر رہا ہے -

(ب) جزو اول کا سوال پیدا نہیں ہوتا کیونکہ عملے کے لئے عمارت کا مہیا کرنا حکومت کی ذمہ داری نہیں ہے ۔
جزو دوم کا جواب نفی میں ہے ۔

(ج) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(د) جی نہیں ۔

(ہ) جزو اول کا جواب اثبات میں ہے اور دوم کا نفی میں ۔

(و) جزو اول کا جواب نفی میں ہے ۔ جزو دوم کا جواب پہلے دیا جا چکا ہے ۔

MEDICAL SUPERINTENDENT, CIVIL HOSPITAL, SANGHAR

*7590. **Haji Abdul Majid Jatoi**: Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the name of the present Medical Superintendent, Civil Hospital, Sanghar and the date since when he is posted there ;

(*b*) whether it is a fact that orders for his transfer from the said station were issued many a time but were subsequently cancelled, if so, how many times ;

(*c*) whether it is a fact that recently the dead body of one Alamri who was shot dead was brought to the above said officer for Post-mortem examination ;

(*d*) whether it is a fact that the above said D. H. O. gave his report after 8 days that the man had died as a result of injuries caused by a blunt weapon ;

(*e*) whether it is a fact that the police recommended for the appointment of a Medical Board to re-examine the dead body, if so, whether the said Board has been constituted ; if not, reason for the delay ;

(*f*) whether it is a fact that some primary school teachers of the above said District brought to the notice of authorities concerned that the above said officer charged illegal money for issuing fitness certificates to them ;

(*g*) if answer to (*d*) to (*f*) above be in the affirmative, whether any inquiry has been held into the allegations levelled against the above said officer ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Dr. Aftab Ahmad Qureshi was posted as Civil Surgeon, Sanghar, with effect from 1st July 1960, forenoon. He has since been transferred.

(*b*) Only one the order of his transfer from the present station was issued but was subsequently cancelled.

(*c*) The dead body of one Ghulam Kadir, son of Pir Bux Umrani, (and not that of one Almari as mentioned in the Assembly Question), was

brought to the Civil Hospital for Post-mortem Examination which was attended by Dr. A. B. M. Sirajul Haque, Ist Assistant, as the Civil Surgeon, Sanghar, was away at Karachi on Eid Holidays.

(*d*) No.

(*e*) Yes, the Medical Board has been constituted and held.

(*f*) Yes.

(*g*) Yes, in respect of (*f*) above.

AMOUNT SANCTIONED FOR IMPROVEMENT OF PUBLIC HEALTH

***7602. Babu Muhammad Rafiq**: Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that a sum of Rs. 3,56,89,800 was sanctioned for the improvement of Public Health during the year 1963-64; if so, (*i*) the names of the schemes completed up to 30th May, 1964, division-wise and district-wise alongwith actual expenditure incurred on each scheme up to 30th May, 1964; (*ii*) the names of schemes which have not so far been completed in Quetta-Kalat Division with estimated cost thereof and the reasons for not completing those schemes and date by which these schemes will be completed;

(*b*) reasons for variation, if any, in the month-wise expenditure on the said schemes?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان): (الف) یہ امر واقعہ ہے کہ سال ۱۹۶۳-۱۹۶۴ء کے دوران میں صحت عامہ کی اصلاح کے لئے ۳,۵۶,۸۹,۸۰۰ روپے کی ایک رقم منظور کی گئی تھی - اس میں سے ۳,۳۶,۳۹,۷۱۰ روپے کی ایک رقم مغربی پاکستان میں اس محکمے کی زیر پرستی تمام دیہی/شہری آب رسانی و نکاس گند آب کی سکیموں پر اخراجات کے لئے اس محکمے کی تحویل میں دیدی گئی تھی -

(۱) ڈویژن وار اور ضلع وار ان سکیموں کی فہرست جو ۳۰ مئی ۱۹۶۴ء میں مکمل ہو چکی ہیں میں

هر سکیم پر ۳۰ مئی ۱۹۶۴ء میں آمدہ واقعی
اخراجات ضمیمہ ''الف'' کی صورت میں منسلک ہے* ۔

(۲) ان سکیموں کی فہرست بھی جو کہ کوئٹہ/قلات
ڈویژن میں تا حال مکمل نہیں ہوئی ہیں مگر ان
کی تخمینی لاگت ''ب'' کی صورت میں منسلک ہے* ۔
ان کے مکمل نہ ہونے کی وجوہات بھی ہر سکیم
کے مقابل درج ہیں ۔ یہ سکیمیں پہلے ہی شروع
کی جا چکی ہیں اور ۱۹۶۴-۱۹۶۵ء میں مکمل
ہو جائیں گی ۔

(ب) پیرا (۱) و (۲) میں محولہ مذکورہ بالا سکیموں کے بارے
میں ماہانہ اخراجات میں اختلاف کا سوال پیدا
نہیں ہوتا ۔

Babu Muhammad Rafiq : Sir, Appendix 'A' and 'B' have not been supplied.

Parliamentary Secretary : I will supply the Appendices to the Member after the Question Hour.

AMOUNT ALLOCATED FOR THE EXECUTION OF DEVELOPMENT SCHEMES BY HEALTH DEPARTMENT

***7634. Master Khan Gul** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the total amount allocated for the execution of Development Schemes by Health Department in the Province during the 2nd Five Year Plan ;

(*b*) the amount out of that mentioned in (*a*) above, earmarked for each Region;

(*c*) the amount, out of that mentioned in (*b*) above, so far spent in each region ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خاں) ۔
ابھی تک اس کی اطلاعات موصول نہیں ہوئی ہیں ۔ اگلے Turn پر آپ کو
اس کا جواب دے دیا جائیگا ۔

*Please see Appendix II at the end.

ماسٹر خان گل - اس سوال کو چھ مہینے ہو گئے ہیں
چھ مہینے بھی جواب نہیں ملتا تو اس کے معنی کچھ اور ہیں -

Mr. Speaker : Can the Parliamentary Secretary satisfy him on the point of delay ?

Parliamentary Secretary : Sir, as I have said we will check up and we will certainly give the reply to the question on the next turn.

LAUNCHING OF MALARIA ERADICATION PROGRAMME IN WEST PAKISTAN

*7638. **Mr. Abdul Raziq Khan** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the date on which the Malaria Eradication Programme was launched in West Pakistan and the time by which it is likely to be completed ;

(*b*) the places where the said programme has been introduced and the number of persons employed under the said programme belonging to Peshawar Region, Tribal Areas, former Punjab and former Sind separately ;

(*c*) whether the said programme has been extended to former N.-W. F.P. if not, the time by which it will be extended to former N.-W.F.P;

(*d*) whether recruitment of the staff under the said programme is made according to regional quota ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) The Malaria Eradication Programme was launched in the West Pakistan in February, 1961, and is likely to be completed in the year, 1974-75.

(*b*) The programme has been introduced in the following districts during the years noted against each :—

District	Year
Sheikhupura ..	1960-61
Sialkot ..	1961-62
Gujranwala, Lahore and Lyallpur ..	1962-63
Jhang, Gujrat, Sargodha, Montgomery, Bahawalnagar and Hyderabad.	1963-64
Sanghar, Tharparkar, Nawabshah, Khairpur, Bahawalpur, R. Y. Khan, Multan, Muzaffargarh, Jhelum, Mianwali, Rawalpindi and Campbellpur.	1964-65

The non-gazetted staff is recurited from the district in which they are to be employed. The distribution of gazetted staff belonging to Punjab, N.-W.F.P., Tribal areas and Sind is as under :—

Designation	Punjab	N.-W. F.P.	Agencies of Peshawar and D. I. Khan Divisions	Sind	Total	Remarks
1	2	3	4	5	6	7
District Malaria						
Eradication Officers ..	17	..	1	1	19	(Including the Provl. Chief and Regional Chief).
Evaluators ..	*25	1	..	2	28	*1. From East Pakistan
Epidemiologist ..	1	..	..	..	1	
Malariologist ..	1	..	..	..	1	
Administrative Officer	20	6	..	1	27	(Including Senior Administrative Officer).
Accounts Officers ..	2	(1)*	..	..	3*	(From Dir State).
Supply Officer ..	1	..	..	..	2	1. From Azad Kashmir.
Transport Officers ..	2	..	..	..	2	
Workshop Officers ..	2	..	..	..	2	
Malaria Superintendents.	37	6	1	3	47	
Assistant Entomologist.	24	1	..	2	27	
Health Educators ..	20	1	..	..	21	

(c) No.

According to the Plan of Operations the programme will be extended to the districts of Peshawar, Khyber Agency, Kohat, Kurrum, North-Waziristan Bannu, D. I. Khan, and South-Waziristan during the year, 1965-66. While the district of Hazara, Mardan, Malakand will be included during the year 1966-67.

(d) Yes.

Efforts are made to recruit the gazetted staff on Regional quota basis. In case of non-availability of suitable candidates, persons, from other Regions

are taken. The recruitment of non-gazetted staff is made from within the respective districts.

مسٹر عبدالرازق خاں - جو جواب دیا گیا ہے اس کے متعلق کیا میں محترمہ وزیر صحت سے درخوست کر سکتا ہوں کہ جن ڈسٹرکٹ میں ملیریا Eradication کا کام شروع ہے اس کے جواب سے صاف ظاہر ہے کہ سابق سرحد کے کسی ضلع میں آج تک کام نہیں شروع کیا گیا - دوسری بات یہ ہے کہ ۱۸۰ - کل گزیٹیڈ ملازمین بھرتی کئے گئے ہیں ان میں سے سابق صوبہ سرحد سے ۱۶ - فرنٹیر ریجن سے ایک اور سندھ سے صرف ۹ - دئے گئے ہیں - باقی سب کے سب سابق پنجاب سے ہیں اور نان گزیٹیڈ جو ہیں وہ سارے کے سارے پنجاب کے ہیں کیا میں درخواست کر سکتا ہوں کہ آپ ان معاملات کو دیکھ کر سابق سرحد اور سندھ اور ٹرائیبل ایریاز کے ساتھ جو بے انصافی ہوئی ہے اس کے ازالہ کے لئے کوئی کوشش فرمائیں گی -

مسٹر سپیکر - درخواست کی بجائے آپ استفسار کریں -

مسٹر عبدالرازق خاں - میں نے یہ درخواست از راہ احترام کی ہے -

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خان) - شکریہ - اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ یہ phased پروگرام ہے اور مختلف جگہیں ہم نے ملیریا کے لئے چنی ہیں اور وہیں سے یہ کام شروع ہوا ہے لہٰذا جس ڈسٹرکٹ میں کام شروع ہوا ہے اس کے لئے وہیں سے آدمی لئے گئے ہیں - جس وقت فرنٹیر ٹرائیبل ایریاز اور بابو رفیق صاحب کے ارشاد کے مطابق جب کوئٹہ میں کام شروع ہوگا تو وہیں کے لوگ ضرور لئے جائیں گے اور یہ کمی بہت جلد پوری کر دی جائے گی -

خاں اجون خان جدون - کیا میں وزیر صاحبہ سے پوچھ سکتا ہوں کہ اس phased پروگرام میں فرنٹیر ریجن اور ٹرائیبل ایریاز میں سے بھی کوئی رکھا گیا ہے کیونکہ وہ Already بیک ورڈ ایریاز ہیں - (وقفہ) - پشاور ریجن میں ملیریا زیادہ ہوتا ہے -

---

OPENING OF HOSPITAL EXCLUSIVELY RESERVED FOR GOVERNMENT EMPLOYEES AT PESHAWAR

***7683. Master Khan Gul**: Will the Minister of Health be pleased to state whether it is a fact that a Hospital exclusively reserved for providing

medical facilities to Government employees, is functioning at Lahore ; if so, whether Government intend to open a similar Hospital at Peshawar also ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : The reply to the first part is in the affirmative. The question of a similar institution at Peshawar will receive the consideration of Government during the 3rd Plan period, on basis of merit and justification.

ماسٹر خان گل - صرف غور کرنے کا یا پشاور میں شروع کرنے کا پکا ارادہ ہے ۔

Parliamentary Secretary : The position of Lahore being the headquarters of the Provincial Government is absolutely different from the Divisional headquarters. Facilities are provided at all headquarters.....

مسٹر سپیکر - آپ اردو میں جواب دیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری - میں نے عرض کیا ہے کہ لاہور کی پوزیشن دوسرے ہیڈ کوارٹرز کی بہ نسبت مختلف ہے ۔ لاہور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہونے کے علاوہ صوبائی حکومت کا دارالخلافہ ہے لیکن اس کے باوجود کچھ نہ کچھ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر میں سہولتیں دی گئی ہیں جہاں تک پشاور کا تعلق ہے وہاں تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں خیبر میڈیکل کالج کے ساتھ ۵۰ - سو بستر کا ایک ہسپتال تعمیر کیا جا رہا ہے جس میں ایک وارڈ Exclusively گورنمنٹ سرونٹس کے لئے رکھا جائے گا ۔

SPECIALIST CONSULTANTS OF MAYO HOSPITAL, LAHORE

***7751. Mr. Hamza** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the present number of Specialist Consultants in the Mayo Hospital, Lahore, along with the number of hours fixed for them to examine the out-door patients ;

(*b*) whether it is a fact not that most of the said Specialist to Consultants do not attend the out-door patients during the said hours with the result that the out-door patients have to consult them in private clinics after paying exorbitant fees ;

(*c*) whether it is a fact that most of the out-door patients cannot pay such fees to the said doctors and consequently are deprived of their expert advice ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, the steps Governments have taken or intend to take to remedy the situation ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) The list of the specialist working in Mayo Hospital, Lahore is given below :—

1. Surgery	..	8	..
2. Medicine	..	5	(One honorary Consultant).

3.	Eye	..	2
4.	E. N. T.	..	2
5.	Cardiology	..	1
6.	Anaesthesia	..	4
7.	Orthopaedic	..	2
8.	Children diseases	..	2
9.	Tuberculosis	..	2
10.	Neurology	..	1
11.	Radiology	..	1
12.	Radiotherapy	..	1
13.	Veneriology	..	1
14.	Dermatology	..	1
15.	Clinical Pathology	..	1
16.	Neuro-Psychiatry	..	1
17.	Physiotherapy	..	1
18.	Psychology	..	1
19.	Urology	..	1

(*i*) *Winter Session.*

(From 1st April to 15th April.)

(*a*) Assistant Professors.
9·30 a. m. to 11 30 a m Noon.

(*b*) Professors.
10·30 a. m. to 12 Noon.

(*ii*) *Summer Session.*

(From 16th April to 30th September.)

(*a*) Assistant Professors.
9·30 a. m. to 10·30 a. m.

(*b*) Professors.
9·30 a. m. to 10·30 a. m.

(*b*) No.

(*c*) No.

(*d*) Does not arise.

مسٹر حمزہ - میں جناب وزیر صحت صاحبہ سے درخواست کروں گا کہ میرے سوال کا جو جواب دیا گیا ہے اگر وہ اس پر دوبارہ غور کرنے اور اس کے بعد جواب دینے کے لئے تیار ہوں تو میں ضمنی سوال نہیں کرتا -

مسٹر سپیکر - حمزہ صاحب آپ سپلیمنٹری کر کے وضاحت فرمائیں کہ اس میں کس چیز کی وضاحت نہیں کی گئی -

مسٹر حمزہ ۔ وضاحت تو سب چیزوں کی کیگئی ہے لیکن سوال کا جواب ایک سرے سے لیکر دوسرے سرے تک غلط ہے ۔ میں نے دریافت کیا تھا کہ آیا مشیران خصوصی مقررہ اوقات پر کام کرتے ہیں یا نہیں ہمارا ذاتی تجربہ ہے کہ نہیں کرتے ۔ میرا دوسرا سوال تھا کہ کیا وہ مریضوں کو اکثر اوقات اپنے clinics میں دیکھتے ہیں جہاں وہ اس سے بھاری فیسیں وصول کرتے ہیں ۔ یہ کہتے ہیں ''نہیں'' ۔

مغربی پاکستان کی تمام آبادی اس کی گواہ ہے کہ اکثر مشیران خصوصی نے clinics کھول رکھے ہیں اگر ان کو وہاں فیس ادا نہ کی جائے تو عام لوگ ان کی قابلیت سے استفادہ نہیں کر سکتے ۔ جواب میں کہا گیا ہے کہ قطعاً اس قسم کی صورت حال نہیں ہے میں نے سوال کے آخری حصہ میں دریافت کیا ہے کہ اگر صورت حال ناگفتہ بہ ہے جیسا کہ ہمارے دیکھنے میں آتا ہے تو کیا گورنمنٹ اس کو کنٹرول کرنے کے لئے تیار ہے؟ یہ سرے سے منکر ہیں اور اس کے انتظامات کرنے کے لئے بھی تیار نہیں ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جہاں تک اس سوال کے جواب کا تعلق ہے اس کی تمام تفصیلات جو جناب حمزہ صاحب نے پوچھی تھیں وہ ہم نے بتا دیں ۔ جہاں تک ان کی شکایت کا تعلق ہے تو اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ میو ہسپتال میں جو Consultant ہوتے ہیں ان کو دو قسم کے فرائض انجام دینا پڑتے ہیں ۔ وہ مریضوں کو دیکھنے کے علاوہ میڈیکل کالج میں پروفیسر کے فرائض بھی انجام دیتے ہیں اور میو ہسپتال میں ان کے دو قسم کے فرائض ہوتے ہیں ایک خاص طور پر مریضوں کو دیکھنا اور پھر طلبا کے سامنے Demonstration کرنا بھی ان کے فرائض میں ہے ۔ ان Consultants کے جو اوقات ہوتے ہیں ان میں مریضوں کو وہ بہت کم دیکھتے ہیں اور جو ہسپتالوں میں ہوتے ہیں ان سے یہ توقع نہیں کی جاتی اور ان کے یہ فرائض میں نہیں ہے کہ وہ ہر ایک مریض کو دیکھیں ان کے فرائض میں یہ ہے کہ جو خاص قسم کے مریض ہوں وہ صرف ان کو دیکھیں جہاں تک حمزہ صاحب کے سوال کا تعلق ہے میں حیران ہوں کہ اگر اس قسم کی کوئی بات ہوئی ہو تو وہ اس کی وضاحت کرتے کہ ایسا کوئی خاص واقع رونما ہوا ۔ جہاں تک سوال کے جواب کا تعلق ہے ہمیں اس قسم کی

کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی کہ کوئی Consultant بطریق احسن اپنے فرائض انجام نہیں دے رہا ہے -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - اس سوال کے حصہ ''بی'' کے جواب سے جو انہوں نے انکار فرمایا ہے لیکن سوال تو یہ تھا کہ آیا یہ مشیران خصوصی مقررہ اوقات پر out-door patients کی دیکھ بھال کرتے ہیں یا نہیں - ہمارا یہ مشاہدہ ہے کہ وہ نہیں کرتے تو میں یہ پوچھتا ہوں کہ کیا ان امور کی تحقیق کے لئے محترمہ وزیر صحت اس ایوان کے ارکان کی ایک کمیٹی مقرر کرنے کو تیار ہیں ؟

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خاں) - جناب والا - کمیٹی کا تو سوال پیدا نہیں ہوتا اگر کسی خاص کیس کی شکایت ہے تو مجھے بتا دیں میں اس کے متعلق ضرور دریافت کر کے ان کو بتا دوں گی -

چودھری عبدالرحیم - کیا وزیر متعلقہ از راہ کرم فرمائیں گی کہ آیا ان کے نوٹس میں یہ نہیں آ چکا کہ صرف وہ مریض جن کو ڈاکٹر گھر میں دیکھتے ہیں ان کو ہسپتال میں داخل کیا جاتا ہے - دوسروں کو نہیں کیا جاتا ؟

Minister of Health : Not to my knowledge Sir.

مسٹر حمزہ - جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کی لا علمی قابل داد ہے وہ فرماتے ہیں کہ اس چیز کا ہمارے نوٹس میں لایا جانا چاہئیے تھا میں ان کی خدمت میں یہ حقیقت عرض کروں کہ امسال بجٹ پر بحث کے دوران جب ہیلتھ سروسز کا آئٹم پیش ہوا میں نے اپنی تقریر میں اس شکایت کا خاص طور پر ذکر کیا تھا تقریر اخبارات میں بھی شائع ہوئی تھی اور اس کے علاوہ سب سے اہم چیز یہ ہے کہ اس ملک کی اور خصوصاً لاہور کی آبادی پورے طور پر گواہ ہے کہ Consultants کو جب تک پہلے گھر میں بھاری فیسیں نہ دیجائیں یہ لوگ مریض کی طرف قطعاً توجہ نہیں دیتے - انہوں نے فرمایا کہ وہ مقررہ اوقات کے دوران مریض دیکھتے ہیں میں بذات خود آپ کے سامنے گواہ کھڑا ہوں - میں انہی اوقات کے دوران متعدد بار گیا لیکن وہاں Consultant موجود نہ تھے - میں نے نہیں بتایا کہ میں صوبائی اسمبلی کا ممبر ہوں اگر میں شاید ان کو بتا دیتا کہ میں (ایم پی اے) ممبر ہوں تو وہ مجھے ضرور examine کرتے لیکن وہ مجھے ٹرخاتے رہے اور ان کے ماتحت گھر کا

پتہ بتاتے رہے انتہائی افسوس سے یہ چیز آپ کے نوٹس میں لاتا ہوں کہ میں نے ایڈیشنل سیکریٹری ہیلتھ کو (personally) مل کر کہا اور وزیر صاحبہ کی خدمت میں بھی عرض کیا تھا اور اب بھی عرض کرتا ہوں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ اتنی بیدار مغز ضرور ہیں اور ان کو پبلک کی عام شکایات کا بھی علم ہوگا یہ حقیقت میں اس ایوان میں ہی بیان نہیں کر رہا بلکہ اس ملک کی تمام آبادی کو اس چیز کی شکایت ہے اور اس سے بڑھ کر اس لئے شکایت ہے کہ یہ Consultants میڈیکل کالج کے طلبا کے استاد ہیں اگر ان کا کردار یہ ہے تو شاگردوں کا کردار کیا ہوگا ۔

Mr. Speaker : Not a lengthy speech Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ انہوں نے بڑا لمبا جواب دیا ہے میں ان کو سمجھانا چاہتا ہوں اور مجھے پتہ ہے کہ وہ نہیں سمجھ سکیں گے ۔ جناب سپیکر میں یہ عرض کر رہا تھا . . . . (قطع کلامی) ۔

Mr. Speaker : The member may please put his question.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں ان سے یہ سوال کرتا ہوں کہ کیا آپکے علم میں یہ چیز ہیں ہے کہ سب سے اہم فرض انکے نزدیک محض روپیہ اکھٹا کرنا ہے اور مریضوں کی دیکھ بھال نہیں ؟

Parliamentary Secretary : To this lengthy speech I will say only one thing that, as I have already told the member, it is not the basic function of the consultants to see each and every patient who goes to the hospital. They are supposed only to see special cases. I am sorry what happened to Mr. Hamza and, I think, he should have disclosed his identity. The best course for him was to go to the Services Hospital and get a chit from the doctor to be examined by a specialist. If he was not supposed to be examined by a specialist then, I think, the specialist was justified not to examine him.

مسٹر حمزہ ۔ میں جناب پارلیمانی سیکرٹری صاحب کی خدمت میں عرض کروں کہ میرا کیس سروسز ہسپتال نے refer کیا اور انہوں نے مجھے باقاعدہ لکھکر دیا کہ Specialist سے جاکر examine کرائیں اور میں اس سلسلے میں وہاں تین چار بار گیا ۔

وزیر صحت ۔ اگر انکو کوئی chit سروسز ہسپتال سے دی گئی ہے اور پھر بھی Specialist نے نہیں دیکھا تو حمزہ صاحب میرے پاس آجائیں اور مجھے وہ تاریخ بتا دیں کہ وہ کس تاریخ کو گئے تھے اور

specialist نے انکو نہیں دیکھا اور کوئی ایکشن نہیں لیا تو میں اس کا ضرور پتہ کراؤں گی ۔

چودھری عبدالرحیم ۔ جناب یہ محکمہ اس قدر بے لگام محکمہ ہے کہ میرے خیال میں اگر اس کو لگام نہ دی گئی تو یہ ملک کو خراب کرے گا ۔ حضور والا میری عرض یہ ہے ۔ جناب میں محکمہ کے متعلق کہتا ہوں ۔

Mr. Speaker : This is not a supplementary question.

چودھری عبدالرحیم ۔میں محترمہ وزیر صحت سے معلوم کرنا چاہتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Order please ; please address the Chair.

چودھری عبدالرحیم ۔ جناب والا ۔ کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے کہ جو بھی ہو وہ ایم ۔ پی ۔ اے ہوں یا ایم ۔ این ۔ اے ہوں یا پبلک کے آدمی ہوں اگر وہ اپنا نام نہ بتائیں تو یہ حقیقت ہے کہ ان سے بھاری بھاری فیسیں وصول کی جاتی ہیں ۔ میں نے ڈائریکٹر ہیلتھ ۔ دوسرے افسروں اور ڈاکٹر ریاض قدیر صاحب ان تینوں سے چٹھیاں لیں اور وہاں پر جا کر دیں لیکن پھر بھی انہوں نے فیس لی اور اپریشن کیا ۔ میرے پاس چٹھیاں موجود ہیں ۔

Parliamentary Secretary : Sir, I could not follow his question.

Mr. Speaker : Chaudhry Sahib may please repeat his supplementary.

چودھری عبدالرحیم ۔ جناب میں یہ عرض کرتا ہوں کہ کیا یہ درست نہیں کہ ڈاکٹروں نے یہ پیشہ اختیار کر رکھا ہے کہ جب تک وہ بھاری فیس وصول نہ کر لیں وہ مریض کو نہیں دیکھتے ۔

Parliamentary Secretary : I will request the member to give specific instances. This cannot be generalised.

چودھری عبدالرحیم ۔ میں نے اپنی لڑکی کے گلے کا اپریشن کرایا تھا اور انہوں نے مجھ سے ۱۲۰ روپے چارج کئے میں آپ کو رسید دے سکتا ہوں ۔

Parliamentary Secretary : We will certainly inquire into the matter if the member gives us in writing.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی ۔ پارلیمانی سیکرٹری صاحب ذرا وضاحت کریں ان کے grievances تو درست ہیں کیا میں ان

کے سپلیمنٹری سوال کی روشنی میں پوچھ سکتا ہوں کہ کیا آپ کے پاس ایسی کوئی لگام ہے جو ڈاکٹروں کے منہ پر دی جائے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - میں درخواست کروں گا کہ وہی تجویز کریں -

مسٹر عبدالرازق خان - جناب یہ جو سوال زیر بحث ہے - میرے خیال میں پارلیمانی سیکرٹری صاحب کو اس امر کا اعتراف کرنا چاہئیے کہ ڈاکٹر صاحبان اور خصوصاً Specialists جن کے اپنے گھروں میں Clinics ہیں اور وہ فیسیں وصول کرتے ہیں پھر لوگوں کا معائینہ کرتے ہیں - کیا میں ان سے یہ سوال کر سکتا ہوں کہ کیا وہ اس بارے میں ٹھنڈے دل سے غور فرمائیں گے اور ان کے لئے کوئی حل نکالیں گے کہ ڈاکٹر صاحبان کو زیادہ تنخواہیں اور پیسے بھی دلوائیں تاکہ لوگوں کے لئے طبی سہولتوں کا انتظام مفت ہو سکے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - میں متفق ہوں کہ ہمارے Specialist Consultants کے Clinics موجود ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ ہمیں یہ دیکھنا ہے جو مریض ان Consultants کے پاس ہسپتال میں جاتے ہیں کیا ان کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ ان Consultants کے پاس گھروں میں جائیں - یہ مسئلہ پہلے مسئلوں سے بالکل مختلف ہے اور اگر کوئی ایسی شکایت ہمارے نوٹس میں آئی ہو تو ہم یقیناً اس کو دیکھیں گے -

مسٹر عبدالرازق خان - میں جناب پارلیمانی سیکرٹری صاحب کی خدمت میں یہ شکایت لا رہا ہوں کہ اکثر مریضوں کو اس امر پر مجبور کیا جاتا ہے کہ ڈاکٹروں کے گھروں میں جا کر ان کو ضرور فیس دیں تو کیا اس شکایت کو آپ کی خدمت میں پیش کرنے کے بعد میں یہ پوچھتا ہوں کہ آپ اس پر کوئی عملی کارروائی فرمائیں گے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - یقیناً -

OPENING OF A HOSPITAL AT SHOHAL MAIZULLAH, DISTRICT HAZARA

***7762. Maulana Ghulam Ghaus** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is no hospital in the area lying between Garhi Habibullah, District Hazara and Bala Kot ;

(*b*) whether Government are aware of the fact that the said area is surrounded by hills and its residents have to face great inconvenience in taking their patients to either of the hospitals at Garhi Habibullah and Bala Kot ;

(c) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to open a Hospital at Spohal Mazullah which is the biggest village of the said area ?

(الف) پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ جی ہاں ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) تیسرے پانچ سالہ منصوبے کے دوران میں ضلع اور ڈویژنل کونسلوں کی منظوری کے ماتحت موضع شوھال میزالله میں مرکز صحت قائم کرنے کی تجویز ہے ۔ بعد میں معالجاتی اور انسدادی ہر دو کاموں کیلئے عملہ رکھا جائے گا ۔

ARRANGEMENTS OF SURGICAL OPERATIONS IN THE HOSPITAL AT BUFFA, DISTRICT HAZARA

***7763. Maulana Ghulam Ghaus** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that no improvement has so far been made in the Hospital at Buffa, District Hazara since its establishment ;

(*b*) whether it is a fact that arrangements exist in the said hospital for conducting operations and the residents of the said area have to go to the hospital at Mansehra for this purpose ;

(*c*) whether it is a fact that no qualified Doctor has so far been posted in the said hospital for conducting operations of all sorts ;

(*d*) whether it is also a fact that there is no Lady Doctor in the said hospital and the public of the said area have been demanding the posting of a Lady Doctor in the said hospital since long ;

(*e*) if answers to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, whether Government intend to take steps to make arrangements for Surgical Operation in the said hospital and post an M. B., B. S., Doctor and a Lady Doctor there?

(الف) پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ جی ہاں ۔

(ب) جی ہاں ۔ مذکورہ ہسپتال میں صرف چھوٹے چھوٹے آپریشنوں کے لئے انتظامات موجود ہیں ۔

(ج) جی نہیں - ایک اسسٹنٹ میڈیکل افسر ڈاکٹر نجم الدین ایل - ایس - ایم - ایف سول ہسپتال میں کام کر رہے ہیں - مزید میڈیکل افیسر دستیاب ہونے پر ایم - بی - بی - ایس ڈاکٹر تعینات کیا جائے گا -

(د) جی ہاں -

(ہ) ایم - بی - بی - ایس میڈیکل افسر و لیڈی ڈاکٹر دستیاب ہوتے ہی تعینات کئے جائیں گے -

---

PEONS ATTACHED WITH VACCINATORS OF THARPARKAR DISTRICT

*7786. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that peons were attached with the Vaccinators of Tharparkar District prior to 30th June, 1960 ;

(*b*) whether it is a fact that the peons are still attached with the Vaccinators of all the districts in Hyderabad Division other than Tharparkar District ; if so, reasons therefor ?

(*c*) whether it is a fact that the vaccinators of Tharparkar District have, from time to time, applied to the higher authorities that due to heavy work, the services of peons are badly needed by them ; if so, reasons for not accepting their demand ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) - (الف) جی ہاں -

(ب) جی ہاں - لیکن تھرپارکر ضلع کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ لوکل بورڈ کے حکام نے ویکسنیٹر کے ساتھ چپڑاسیوں کی منسلکہ اسامیوں کو یکم جولائی ۱۹۶۰ء سے ختم کر دیا تھا -

(ج) جی ہاں - ویکسنیٹروں کے مطالبات کو منظور نہ کرنے کے وجوہات بہتر طور پر ضلع کونسل تھرپارکر کو معلوم ہوں گے -

---

POSTING OF A PERMANENT DOCTOR IN DISPENSARY LOCATED AT GHORA GALI

*7878. **Raja Ghulam Sarwar** : Will the Minister of Health be pleased to state whether it is a fact that Dispensary located at Ghora Gali, Tehsil Murree is functioning without any Doctor for the last six months ; if

so, (*i*) reasons for not posting any doctor in the said dispensary, (*ii*) the arrangements made for prescribing and administering medicines to the patients visiting the said dispensary in the absence of a Doctor, (*iii*) whether Government intend to post a Doctor permanently in the above said Dispensary ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) ; (*a*) Yes.

(*i*) Non-availability of qualified Doctors.

(*ii*) This work is being done by a Dispenser.

(*iii*) Yes, as soon as one becomes available.

Efforts are being made to secure the services of a qnalified Doctor.

راجہ غلام سرور ۔ انہوں نے تسلیم کر لیا ہے کہ وہاں ڈاکٹر نہیں ہے ۔ کیا اتنا عرصہ ایک ڈسپنسر عوام کی خدمت کر سکتا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ ڈسپنسری ڈسٹرکٹ کونسل کی ہے نہ کہ حکومت کی ۔ یہ رورل ڈسپنسری ہے نہ کہ سول ۔ اس لئے وہاں ڈاکٹر متعین کرنے کی ذمہ داری ڈسٹرکٹ کونسل کی ہے نہ کہ گورنمنٹ کی ۔

راجہ غلام سرور ۔ میں نے پچھلے سیشن میں بھی اس بارہ میں ایک سوال کیا تھا اور اس وقت یہاں فرمایا گیا تھا کہ اس ہسپتال میں کوالیفائڈ ڈاکٹر ضرور بھیج دیا جائے گا ۔ اس وقت پھر یہی کہا جا رہا ہے کہ ہم ڈاکٹر بھیجیں گے ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ جو کام ایک سال سے نہیں ہو سکا اس کے بارہ میں کیا ضمانت ہے کہ وہ آئندہ ہو جائے گا ۔

منشٹر سپیکر ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ چونکہ ڈسپنسری ڈسٹرکٹ کونسل کی ہے اس لئے یہ ذمہ داری بھی ڈسٹرکٹ کونسل کی ہے ۔

Am I correct ?

Parliamentary Secretary : Yes Sir.

راجہ غلام سرور ۔ پچھلے سیشن میں بھی اس جگہ کہا گیا تھا کہ وہاں ڈاکٹر بھیج دیا جائے گا ۔

Parliamentary Secretary : If the District Council demands then in that case we will send a Doctor. Anyhow we have said that we have asked the Local Body, through the Commissioner, Rawalpindi, to make necessary arrangements.

HOUSE-RENT ALLOWANCE GRANTED TO M. B., B. S., DOCTORS IN FORMER N.-W. F. P. AREA

*7912. **Master Khan Gul** : Will the Minister of Health, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that M. B., B. S., Doctors in the Former Punjab area are given House Rent Allowances at the rate of Rs. 60 per mensem and their counterparts in the former N.-W.F.P., are given House Rent Allowance at the rate of Rs. 50 per mensem ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons therefor and whether Government intend to remove this disparity ?

جناب والا - میں نے جو ہندسے (اعداد و شمار) اپنے سوال میں دئیے تھے وہ تبدیل کر دئیے گئے ہیں - اس سے میرا سوال ختم ہو گیا ہے - میں نے اپنے سوال میں یہ لکھا تھا کہ سابقہ پنجاب میں ڈاکٹروں کو گھر کا الاؤنس ۶۰ روپے ماہانہ دیا جاتا ہے اور پشاور میں ۳۰ روپے - یہاں تیس روپے کی جگہ پچاس روپے کر دیا گیا ہے - اس سے میرا سوال ہی ختم ہو گیا ہے -

مسٹر سپیکر - پہلے اپنے سوال کا جواب تو سن لیجئے -

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خاں) -

(الف) جی نہیں -

(ب) سوال پیدا نہیں ہوتا -

ماسٹر خان گل - اسی لئے میں نے عرض کیا تھا کہ میرا سوال پہلے سے ختم کر دیا گیا ہے - یہاں ڈاکٹروں کو گھر کا الاؤنس ۶۰ روپے ملتا ہے اور پشاور میں ۳۰ روپے - میں چاہتا ہوں کہ یہ فرق نہ رہے -

مسٹر سپیکر - ہم اس کی پڑتال کر لیں گے - اگر سوال کے ترجمہ میں کوئی غلطی ہوئی تو اسے درست کر لیا جائے گا اور یہ سوال آئندہ term میں لے لیا جائے گا -

---

DR. MUHAMMAD MAZHAR, ASSISTANT SURGEON, CIVIL HOSPITAL HAVELIAN, DISTRICT HAZARA

*7913. **Master Khan Gul** : Will the Minister of Health, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Dr. Muhammad Mazhar is working as Assistant Surgeon in Civil Hospital, Havelian, District Hazara ;

(b) whether it is a fact that as a student in the College the said Doctor was in receipt of scholarship reserved for the student of the Frontier Region ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative (i) whether it is a fact that he is not in fact a resident of Frontier Region, if so, reasons for which he was given the said scholarship ; (ii) reasons for which he has not been posted in Frontier Region ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) - (الف) محمد مظہر نام کا کوئی ڈاکٹر سول ہسپتال حویلیاں میں کام نہیں کر رہا ہے - مذکورہ ہسپتال میں اسسٹنٹ سرجن کی کوئی منظور شدہ آسامی نہیں ہے -

(ب) ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز پشاور ریجن کے دفتری ریکارڈ سے ظاہر ہے کہ اس نام کے کسی بھی ڈاکٹر کو سرحدی ریجن کے طلباء کے لئے محفوظ وظیفوں میں سے کوئی وظیفہ نہیں دیا گیا تھا -

(ج) سوال پیدا نہیں ہوتا -

وزیر صحت (بیگم صدیقہ سلیم خان) - جناب اس سوال کے متعلق میں اتنا عرض کرنا چاہتی ہوں کہ فاضل ممبر کو ہسپتالوں اور ڈاکٹروں کی فلاح و بہبود کا اتنا فکر ہے کہ وہ وٹرنری ڈاکٹر بھی ہمارے محکمہ میں شامل کر رہے ہیں - جن ڈاکٹر صاحب کے متعلق پوچھا گیا ہے وہ حیوانات کے ڈاکٹر ہیں - اور یہ وٹرنری ڈاکٹر ہیں - اس لئے یہ سوال ہمارے متعلق نہیں ہے ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ سے متعلق ہے -

ماسٹر خان گل - جناب - میں اس گستاخی کی معافی چاہتا ہوں کہ میں نے ان کو حیوانات میں شمار کر لیا ہے - حکومت کو چاہئے تھا کہ وہ میرے اس سوال کو صحیح محکمہ کی طرف بھیج دیتی -

---

Number of Doctors in Peshawar Region who do not belong to Former N.-W.F.P. Area

*7914. **Master Khan Gul** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) the number of Doctors in the Peshawar Region who do not belong to former N.-W.F.P. Area ;

(b) whether the Doctors not belonging to the former N.-W.F.P. Area have also been posted in other parts of the said area ; if not, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ (الف) ۴۹ ڈاکٹر ۔

(ب) جی ہاں ۔ وہ ڈاکٹر بھی جن کا تعلق سابق شمال مغربی سرحدی صوبہ سے نہیں ہے مذکورہ علاقے کے دیگر حصوں میں متعین کئے گئے ہیں ۔

TRANSFERS MADE BY DR. KASI DIRECTOR HEALTH HYDERABAD REGION

*7921. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Health be pleased to state ;—

(a) the date on which Mr. Kasi took charge as Director Health, Hyderabad Region ;

(b) the number of transfers made by him in each month since his taking over charge of the said region along with reasons therefor and the period for which each of the affected officials held the previous appointment before his transfer ;

(c) the total amount spent or likely to be spent on Travelling Allowance of the said transferees?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ (الف) ڈاکٹر اے ۔ ایم ۔ قاضی نے ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز حیدر آباد ریجن کی حیثیت سے چارج ۷-۲-۱۹۶۴ء (قبل دوپہر) کو سنبھالا ۔

(ب) ڈاکٹر اے ۔ ایم ۔ قاضی کی طرف سے ۷-۲-۱۹۶۴ء قبل دوپہر سے ۲۰-۷-۱۹۶۴ء تا عمل میں لائے ہوئے تبادلوں مع وجوہات اور اس مدت کی تصیح پر .س کے لئے ہر متاثرہ اہلکار تبادلے سے پہلے سابقہ تقرر پر فائز رہا مشتمل فہرستیں منسلک ہیں* ۔

(ج) ان تبادلوں پر الدازاً ۱۶,۵۰۰ روپے سفر خرچ اٹھے گا ۔

میر حاجی محمد بخش تالپور – ان اعداد و شمار کے پیش نظر کیا وہ سمجھتے ہیں کہ متعلقہ ڈائرکٹر نے جو تبادلے کئے ہیں، وہ ٹھیک ہی کئے ہیں ؟

---

*Placed in the Assembly Library.

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خان) ۔ مجھے اس سے اتفاق ہے کہ یہ بالکل غلط ہے ۔ ان تبادلوں کے بارہ میں ایک directive جاری کر دیا گیا ہے کہ ڈاکٹر کم سے کم دو سال ایک جگہ رہیں ۔ اچھا ضلع یا اچھی جگہ ہو تو تین سال رہیں ۔ اس سے پہلے انہیں تبدیل نہ کیا جائے ۔ اگر کسی کو دو سال سے پہلے تبدیل کیا گیا تو تبادلہ کرنے والے آفسر کے خلاف کاروائی کی جائے گی ۔ مجھے امید ہے کہ ممبر صاحبان بھی ہم سے تعاون کریں گے اور افسروں کے جلد تبادلے کے لئے ہمیں مجبور (press) نہیں کیا کریں گے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ محترمہ وزیر صاحبہ نے اچھے یا برے ضلعوں کے متعلق فرمایا ہے ۔ میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اچھے یا برے ضلعوں سے ان کی کیا مراد ہے ۔ کیا ڈاکٹروں کی آمدنی کے لحاظ سے ضلعوں کو اچھا یا برا شمار کیا جائے گا ؟

وزیر صحت ۔ آمدنی کا سوال نہیں ۔ علاقوں کی آب و ہوا کا سوال ہے ۔ مثلاً سندھ کے ڈاکٹر شمالی بلوچستان کی ٹھنڈ میں اتنی زیادہ دیر نہیں رہ سکتے ۔ اسی طرح بعض پہاڑی علاقے میں جہاں دو سال بھی کافی ہیں ۔

SETTING UP OF RURAL HEALTH CENTRE IN TEHSIL KAHUTA

*7922. **Raja Ghulam Sarwar** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that there is no Rural Health Centre in Tehsil Kahuta ;

(b) whether it is a fact that there was a scheme under the consideration of Government to set up a Health Centre in Kahuta Tehsil ; if so, reasons for delay in implementing the said scheme and the date by which the same is likely to be set up ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) اگر معزز رکن کا حوالہ دوسرے منصوبہ کی طرف ہے تو جزو اول کا جواب نفی میں ہے ۔ جزو دوم کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔ البتہ تیسرے منصوبے کے دوران میں حکومت کی تجویز ہے کہ کہوٹہ تحصیل میں دیہی مراکز صحت قائم کئے جائیں لیکن ایسے دیہی مراکز صحت کی تعداد کا تعین دیہی صحت کے پروگرام کے لئے تیسرے منصوبہ کی تخصیصات کی تکمیل کے بعد ہی کیا جا سکے گا ۔

راجہ غلام سرور ۔ بھی ایک تحصیل ہے جس میں کوئی ہیلتھ سنٹر نہیں ۔ میری تجویز یہ ہے کہ اس تحصیل کی طرف سب سے پہلے توجہ دی جائے ۔

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خان) ۔ کہوٹہ میں انشاءاللہ ان کو ضرور ایک ہیلتھ سنٹر دے دیا جائے گا ۔

MOBILE DISPENSARIES FUNCTIONING IN RAWALPINDI DISTRICT

*7923. **Raja Ghulam Sarwar** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) the number of Mobile Dispensaries functioning in Rawalpindi District ;

(b) the details of medical facilities extended to Kahuta and Murree tahsils during the period from 1st April, 1963 to 1st April, 1964 through the said dispensaries ;

(c) the amount spent on the purchase of medicines for the said dispensaries and the value of the medicines distributed amongst patients during the said period ;

(d) the names of places where medicines were distributed through the said dispensaries along with the procedure adopted for the distribution thereof ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ (الف) ایک ۔

(ب) سفری ڈسپنسری کے ذریعے کہوٹہ اور مری کی تحصیلوں میں جن پرانے اور نئے مریضوں کا ۱-۴-۱۹۶۳ء تا ۱-۴-۱۹۶۴ء کے دوران میں علاج کیا گیا ان کی تعداد بالترتیب ۲۷۶۹ اور ۴۱۱۶ ہے ۔

(ج) مذکورہ مدت کے دوران میں اس ڈسپنسری کے لئے ۱،۱۶۰ روپے کی دوائیں خریدی گئی ہیں اور تمام کی تمام مریضوں میں تقسیم کر دی گئی ہیں ۔

(د) کھوئہ تحصیل کے موضع لتھراڑ اور مری تحصیل کے مواضع مسوٹ بھرینہ چھتر کمال آباد اور کھاؤ کو سفری ڈسپنسری کے دورے کے پروگرام میں شامل کیا گیا ہے ۔ ان مواضعات کا مہینے میں ۳ تا ۸ مرتبہ دورہ کیا جاتا ہے جس کا انحصار آبادی پر ہے ۔ مریضوں کا موقع پر معائنہ کیا جاتا ہے اور دورے کے تواتر کے پیش نظر ہر مریض کو ۴ تا ۸ دن کے لئے دوا دی جاتی ہے ۔

راجہ غلام سرور ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ فلاں فلاں جگہ سفری ڈسپنسریاں گئی ہیں ۔ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے یہ تمام جگہیں پکی سڑکوں پر ہیں ۔ کیا کچی سڑکوں پر سفری شفاخانوں کو جانے کی اجازت نہیں ہے ؟ اگر کوئی ایسی پابندی نہ ہو تو یہ کچی سڑکوں پر ضرور جائیں ۔

وزیر صحت ۔ عوام کی تکلیف کے پیش نظر گورنمنٹ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہر یونین کونسل میں ایک ڈسپنسری دی جائے ۔ (تالیاں)

یہ موبائل ڈسپنسریاں ایک تو جلد خراب ہو جاتی ہیں ۔ دوسرے ان پر خرچ زیادہ اٹھتا ہے ۔ ہر یونین کونسل میں ایک ڈسپنسری ہو جائے گی تو تمام تکلیف رفع ہو جائے گی ۔

Posting of Doctors belonging to Tharparkar District in their Home District

*7929. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that under Government instructions no gazetted Officer can be posted in his home district ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the number of Doctors posted in various Government hospitals and dispensaries of Tharparkar District who belong to the same district along with their names and qualifications and reasons for their posting in their home district ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔
(الف) جی ہاں ۔

(ب) (۱) ڈاکٹر نارائن ایم ۔ مالکانی ۔ ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس میڈیکل آفیسر چچڑو ڈسپنسری ۔

(۲) ڈاکٹر جھمن داس ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس میڈیکل آفیسر ڈبلیو ڈسپنسری ۔

(۳) ڈاکٹر غلام مصطفےٰ پنوار ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس میڈیکل آفیسر اسلام کوٹ ڈسپنسری ۔

ضلع تھرپارکر سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹروں کی ان کے وطن ضلع میں تعیناتی کی وجوہات یہ ہیں کہ مذکورہ بالا ڈسپنسریاں ضلع تھرپارکر کے صحرائی علاقے میں واقع ہیں جو کہ ایک پسماندہ اور غیر دلکش علاقہ ہے جہاں ڈبلیو ۔ پی ۔ ایچ ۔ ایس (درجہ دوم) کے افسران بالعموم جانے سے ہچکچاتے اور گھبراتے ہیں ۔ ڈبلیو ۔ پی ۔ ایچ ۔ ایس (درجہ دوم) میں عملے کی قلت کی بنا پر اور ان ڈسپنسریوں میں عملہ رکھنے کے لئے ضلع تھرپارکر سے تعلق رکھنے والے افسران ہی عام طور پر لگائے جاتے ہیں تاکہ ان ڈسپنسریوں میں عملہ رکھنے کی دشواری پر قابو پایا جا سکے ۔

میر حاجی مکند بخش تالپور ۔ جناب والا ۔ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ Unattractive Area ہے ۔ تو کیا گورنمنٹ یہ تسلیم کرتی ہے ۔ کہ یہ Unattractive Area ہے ۔ یعنی You mention that this is an Unattractive Area تو کیا اس کا مطلب یہ لیا جائے ۔ حکومت نے اسے Unattractive Area تسلیم کر لیا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے ابھی ابھی عرض کیا ہے ۔ کہ عام طور پر وہاں تکلیف ہے ۔ اور

So far it is an unattractive area and it is the job of the departments concerned to make it attractive and it will be done.

اور جہاں تک ضلع تھرپارکر کا تعلق ہے ۔ وہاں صرف اس وجہ سے کہ ڈاکٹر ہر وقت وہاں موجود رہے ۔ مقامی حضرات کو وہاں پر رکھا گیا ۔ کیونکہ دوسرے لوگ وہاں نہیں جانا چاہتے ۔ اور اگر کوئی

اسامی خالی بھی ہو جائے - تو بھی باہر کا کوئی آدمی وہاں نہیں جانا چاہتا -

میر حاجی محمد بخش تالپور - جناب والا - میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں - کہ نگر پارکر سے ڈاکٹر رانو مل کو اس لئے تبدیل کیا گیا تھا - کہ یہ اس کا home district تھا - لیکن آپ باقی لوگوں کو ان کے ہوم ڈسٹرکٹ میں تعینات کرتے ہیں - تو آپ کا محکمہ یہ دو رخی پالیسی کیوں اختیار کرتا ہے -

Parliamentary Secretary: If there is an example, we shall look into the matter.

MR. ARAIN, DIRECTOR OF HEALTH, HYDERABAD REGION

*7958. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur**: Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Mr. Arain, Director of Health, Hyderabad Region is on leave, if so, the date on which he proceeded on leave ;

(b) the names of officials who were transferred by the said Director within a period of two months immediately before the commencement of his leave alongwith the reasons for their transfers ;

(c) the names of Medical Officers in Hyderabad Region who have continuously served for a period of two years or more at one place in said Region along with their present postings ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) : (الف) ڈاکٹر ایم - آر - ارائیں ۷-۲-۱۹۶۴ء سے ۳-۷-۱۹۶۴ء تک بیرون ملک زیر تربیت تھے اور ٹریننگ سے واپسی پر ان کا تبادلہ خیر پور ریجن بمقام بہاول پور میں کر دیا گیا تھا -

(ب) ان کی رخصت کے شروع ہونے سے دو ماہ قبل جن ملازمین/افسروں کے تبادلے کئے گئے تھے ان کے نام مع وجوہات تبادلہ ضمیمہ (الف)* میں درج ہیں -

(ج) ان میڈیکل افسروں ڈبلیو - بی - ایچ - ایس ۱۱ (ذکور و اناث) کی فہرست جنہوں نے ایک مقام پر مسلسل دو سال یا اس سے زائد مدت وہاں خدمت انجام دی ہے بطور ضمیمہ (ب)* پیش ہے -

---

*Please see Appendix III at the end.

میر حاجی محمد بخش تالپور - کیا حکومت ڈاکٹر ارائین کو حیدر آباد میں پھر تعینات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے -

Parliamentary Secretary : I don't think so.

NON-PRACTISING ALLOWANCE TO OFFICERS OF THE WEST PAKISTAN HEALTH SERVICE

*7962. **Mr. Munnawar Khan** : Will the Minister of Health be pleased to state whether it is a fact that the Senior Class I Officers of the West Pakistan Health Service are allowed a non-practising allowance of Rs. 200 per mensem while posted in the Hospital and Rs. 100 per mensem while posted as Section Officers in the West Pakistan Secretariat, if so, reasons for the disparity ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : Yes. However, the case to allow Section Officers Rs. 200 per mensem, as non-practising allowance is being taken up with the Finance Department again.

DR. M. R. ARAIN, DIRECTOR HEALTH SERVICES

*7970. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the total period for which Dr. M. R. Arain served in Hyderabad Region and the period for which he served at Hyderabad in the capacity of Director and Deputy Director Health Services ;

(*b*) the home district of the above said official ;

(*c*) whether it is a fact that he has been reposted at Hyderabad, if so, reasons therefor ;

(*d*) whether it is a fact that the Anti-Corruption Department has recently conducted an inquiry into certain allegation against Mr. Arain, if so, results therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Dr. Arain was posted as Deputy Director, Khairpur Region with effect from 1st November 1957. He worked in the capacity of the Director Health Services, Hyderabad Region with effect from 7th May 1962 to 6th Febuary 1964. Then he was deputed for higher training.

(*b*) District Tharparkar.

(*c*) It is not a fact.

(*d*) The Anti-Corruption Department is holding an enquiry against Dr. Arain which has not been completed so far.

میر حاجی محمد بخش تالپور - کیا یہ حقیقت ہے کہ محکمہ صحت، محکمہ انسداد رشوت ستانی کے ساتھ تعاون نہیں کرتا - اور یہی وجہ ہے - کہ یہ تحقیقات ابھی تک جاری ہیں اور ختم ہونے میں نہیں آ رہی ہیں -

Parliamentary Secretary : It is not a fact, Sir.

APPOINTMENT OF MISS RATI BATRA AS CHIEF RADIOGRAPHER IN RADIOLOGY DEPARTMENT OF MAYO HOSPITAL, LAHORE

*7985. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Miss Rati Batra is the Chief Radiographer in the Radiology Department of the Mayo Hospital, Lahore ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the duration of her service along with her qualification ;

(*c*) whether it is a fact that the above said official was rejected by West Pakistan Public Service Commission, Lahore, for appointment to the said post ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, reason for continuing her ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes. Miss, Batra is working as Chief Radiographer in the Radiology Department of Mayo Hospital, Lahore.

(*b*) Miss. Batra, in the first instance, worked from 1st December 1960 to 31st August 1962. Thereafter she left on her own accord and was appointed again with effect from 1st August 1963. She holds a diploma in Radiology awarded by the Society of Radiographers of England known as M. S. R. This diploma is awarded by the Society of Radiographers of England after two years of extensive training in a recognized hospital in England. She is also F. Sc. (Medical) from the University of Punjab and attended M. B., B. S., Classes for two years.

(*c*) She applied for the post of Chief Radiographer to the West Pakistan Public Service Commission but uptill now has not been called for the interview.

Miss Rattan Batra who was one of the 6 candidates when the Public Service Commission last invited applications for the post of Chief Radiographer, Mayo Hospital, Lahore, was short by two months of the required experience. She has now put in an extra more than one year in the Department and has fulfilled the above requirement.

(*d*) From (*c*) above it will appear that she has not actually been rejected by the West Pakistan Public Service Commission. Further more the Radiologist of this Institution has always been satisfied with her work and conduct.

NON-AVAILABILITY OF PURE DRINKING WATER IN TEHSIL TAWANA

*8005. **Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the people of Tehsil Tawana, District Dera Ghazi Khan, are facing hardship and are exposed to various diseases due to non-availability of pure drinking water ;

(*b*) whether any schome has been undertaken since Integration to provide drinking water to the said people to remove the above said difficulty ;

(c) whether it is also a fact that the Union Council Fateh Khan, has forwarded a scheme for approval to the Government in this connection ;

(d) if answer to (c) above be in the affirmative, the action Government has taken so far ?

(پارلیمنٹری سیکرٹری جواب پڑھنے کے لئے کھڑے ہوئے) ۔

بابو محمد رفیق ۔ جی جواب ٹھیک ہے ۔ پڑھنے کی ضرورت نہیں ۔

Mr. Speaker : The Parliamentary Secretary may please read the answer.

Minister for Health (Begum Mahmooda Salim Khan) : The Member is satisfied, Sir.

Mr. Speaker : He may be satisfied but the Parliamentary Secretary must read it. The answer is for the whole House.

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) : (الف) جی ہاں ۔ غیر آبپاشی علاقوں میں ۔

(ب) جی ہاں ۔ (۱) تونسہ ٹاؤن ضلع ڈی ۔ جی ۔ خان کے لئے ۴،۱۴،۰۰۰ روپے کی تخمینی لاگت کی واٹر سپلائی سکیم کی انتظامی منظوری حکومت کی طرف سے دی جا چکی ہے اور مالی سال ۱۹۶۵-۶۴ء کے دوران میں اس منصوبہ پر اخراجات کی غرض سے ۲،۰۰،۰۰۰ روپے کی رقوم محکمہ ھذا کی تحویل میں دے دی گئی ہیں اور یہ رقوم سال مذکورہ کے دوران میں اس منصوبہ کی تعمیر پر خرچ کی جائے گی ۔

(۲) ویہوا تحصیل تونسہ ڈی ۔ جی ۔ خان ۔ کے لئے ایک اور واٹر سپلائی سکیم کی تجویز سالانہ ترقیاتی پروگرام ۱۹۶۶-۶۵ء میں کی جا رہی ہے ۔ اس سکیم پر آئندہ سال کام شروع کر دیا جائے گا بشرطیکہ حکومت اسے منظور کر لے اور اس کے لئے رقم مہیا کر دے ۔

(ج) فتح خان یونین کونسل میں واٹر سپلائی سکیم کے بارے میں تحقیقات سے یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ ضلع کونسل ڈی ۔ جی ۔ خان ۔ نے دیہی ترقیاتی پروگرام کے تحت

زیر عمل منظور شدہ رقوم میں سے سال ۱۹۶۳-۶۴ء کے دوران میں نٹ کانی یونین کونسل فتح خاں تحصیل تونسہ کے لئے واٹر سپلائی سکیم کے لئے ۲۵،۰۰۰ روپے کی ایک رقم منظور کی تھی ۔ اس منصوبہ پر سال ۱۹۶۳-۶۴ء کے دوران میں شدید بارشوں اور سیلابوں اور ٹھیکیداروں کی عدم دستیابی کی بنا پر عمل درآمد نہیں ہو سکا ۔ دستہ امن سے اس علاقہ کا معائنہ کرنے اور اپنی رائے دینے کے لئے کہا گیا ہے ۔ حال ہی میں یونین کونسل کی طرف سے سپرنٹنڈنٹ انجینئروں ۔ ایچ انجینرنگ سرکل ملتان سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ اس علاقہ کا معائنہ کرنے کے بعد اس منصوبہ کے ممکن العمل ہونے کی صورت میں مذکورہ منصوبہ عمل درآمد کرانے کے انتظامات کریں ۔

(د) سپرنٹنڈنٹ انجینئر پی ۔ ایچ ۔ سرکل ملتان اس علاقہ کا سروے کریں گے بشرطیکہ ضلع کونسل ڈی ۔ جی ۔ خاں ۔ کی طرف سے سرمایہ ان کی تحویل میں دے دیا گیا اور یہ معلوم کریں گے کہ آیا اس منصوبہ پر عمل درآمد ممکن ہے ۔ بعد ازاں اس منصوبہ پر عمل درآمد کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ متعلقہ سرمایہ محکمہ ہذا کی تحویل میں دے دیا گیا ۔

IMPLEMENTATION OF SCHEMES RELATING TO HEALTH DEPARTMENT IN SIBI, LORALAI, ZHOB AND QUETTA

***8044. Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the names of the schemes included in 1963-64, budget for implementation in the Districts of Sibi, Loralai, Zhob and Quetta of Quetta Division ;

(*b*) the date on which the work was started on each of the said schemes ;

(*c*) the month-wise actual expenditure incurred on each of the said schemes upto 30th May 1964 ;

(*d*) in case there has been any variation in budgetory provision and actual expenditure incurred on each of the said schemes ; reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) The names of schemes are given in column 'A' at page 1 and 2 of the statement attached.*

(*b*) Date of commencement of each scheme is stated in column 'B' of the statement* at page 1 and 2.

(*c*) The month-wise actual expenditure incurred on each scheme is stated in statement* 'C' at page 3 and 4.

(*d*) The reasons for any variation between budgetary provision and actual expenditure are given in statement 'D' *at page 5 and 6.

The scheme of constructing a new District Headquartere Hospital, Loralai hae not so far been cleared by the Provincial Working Party and its implementation, therefore, could not be started up-to-date. in their last meeting the Provincial Development Working Party decided to visit Loralai and examine the need and possibility of the scheme at the spot. Unless the Provincial Development Working Party make a decision after this visit, the Health Department cannot issue the Administrative Approval. The Secretary, Health has visited Loralai and the scheme will now be further persued.

بابو محمد رفیق - جناب والا - میں محترمہ بیگم صاحبہ کی توجہ ائٹم نمبر ۱۳—۱ تا ۱۸ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ یہ ایسی سکیمیں تھیں جو مالی سال ۱۹۶۳-۶۴ء کیلئے تھیں اور ڈائرکٹر انڈسٹریز کو Indent place کیا گیا ہے - آج تقریباً مالی سال ۱۹۶۴-۶۵ء آدھا ختم ہو رہا ہے لیکن ابھی تک محکمہ انڈسٹریز نے کچھ نہیں کیا - میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اب کیا کارروائی کر رہے ہیں اور کیا جو پیسہ خرچ نہیں ہو سکا وہ جلد خرچ کیا جائے گا ؟

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خاں) : جناب والا - میں اس کے متعلق پتہ کر کے تفصیل پیش کر دوں گی کہ کیا وجہ ہے اور کیوں اتنی دیر ہو گئی ہے - میں یقین دلاتی ہوں کہ انشاء اللہ اس سال کا جو روپیہ مخصوص ہے وہ خرچ کر دیں گے -

بابو محمد رفیق - جناب والا - جیساکہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے بتایا ہے کہ لورالائی ہسپتال کا ایڈیشنل چیف سیکرٹری (پلاننگ) اور ہیلتھ سیکرٹری صاحب دورہ کر چکے ہیں - کیا آپ بتائیں گے کہ یہ کس مرحلہ پر ہے اور آئندہ جو فنڈز الاٹ ہوں گے کیا وہ خرچ کئے جائیں گے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - یہ سکیم آخری مرحلہ پر ہے ہمیں امید ہے کہ پروانشل ورکنگ پارٹی اس کی جلد منظوری دے دے گی - اس کے فوراً بعد کام شروع کر دیا جائے گا -

*Please see Appendix IV at the end.

مسٹر افتخار احمد خاں ۔ جناب والا ۔ جھنگ کے ہسپتال اور لوراائی کے ہسپتال کا کیس اکٹھا تھا ۔ یہاں تو تین سال سے بجٹ میں پروپزن کی جا رہی ہے ۔

Minister of Health : Fresh question.

WATER SUPPLY SCHEME IN GOJRA, DISTRICT LYALLPUR

***8083. Mr. Hamza** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the amount allocated for the extension of Water Supply Scheme in Gojra, District Lyallpur, during the financial year, 1964-65 ;

(*b*) the amount out of that mentioned in (*a*) above spent on the said scheme up-to-date ;

(*c*) whether the said scheme is being implemented according to the schedule, if not reasons, therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خاں) ۔ (الف) سکیم کی تخمینی لاگت ۱۵۶۳۷ لاکھ روپے ہے ۔ اس کام پر اخراجات کے لئے سالانہ ترقیاتی پروگرام ۱۹۶۴-۱۹۶۵ء میں ۴،۰۰،۰۰۰ روپے کی ایک رقم منظور کی گئی ہے ۔

(ب) تا حال صفر ۔

(ج) صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی کی طرف سے اس سکیم کی منظوری کے بعد اس پر عمل درآمد ہو گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ محکمہ صحت کی بیماری تو ہر جگہ ایک جیسی ہے ۔ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے بذات خود تسلیم کیا ہے کہ گوجرہ میں واٹر سپلائی کی سکیم کے لئے چار لاکھ روپیہ کی گنجائش سال روان کے بجٹ میں رکھی گئی ہے ۔ آپ کو اچھی طرح علم ہے کہ چھ ماہ گذر گئے ہیں اور ابھی تک پراونشل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی نے اس کی منظوری نہیں دی ۔ اس کے پیش نظر آپ کو یقین ہے کہ یہ چار لاکھ کی رقم سال روان کے دوران ہی خرچ کر دی جائے گی ؟

Parliamentary Secretary : This scheme was sponsored at a very late date and it was included in this year's budget as a special favour to that area, and as such the plans and estimates could not be prepared in time. Now we hope to get the clearance of the Provincial Working Party very soon.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میرے سوال کا تو جواب نہیں دیا لیکن یہ آپ کی پہلی مہربانی ہے اور اس کے لئے ہم آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں ۔ کیا چار لاکھ کی رقم اسی سال خرچ کر سکیں گے ؟ آپ ہی رحم کریں تا کہ یہ رقم اسی سال کے دوران خرچ کی جا سکے ۔

Parliamentary Secretary : After the clearance from the Provincial Working Party, we will certainly endeavour to spend this amount in the same year.

مسٹر عبدالرازق خاں ۔ جناب والا ۔ کیا میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کی توجہ اس طرف دلا سکتا ہوں کہ پروانشل ورکنگ پارٹی کی طرف سے یہاں کسی ایک مسئلہ کے متعلق آج تک سیدھی سی بات بھی نہیں کی گئی ۔ یہاں ورکنگ پارٹی منظوری کے کام کسی طرح بھی جلدی سے نہیں کرتی ۔ اور آج تک ہمیشہ یہ شکایت رہی ہے ۔ کیا اس کے متعلق ہمیں بتائیں گے ۔

Parliamentary Secretary : This does not concern the Health Department and the member should enquire from the Planning Division.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ جناب والا ۔ اصل سوال یہ ہے کہ پروانشل ورکنگ پارٹی یہاں چھ چھ مہینے تک کاموں کی منظوری نہیں دیتی ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بجٹ میں منظور شدہ رقم laps ہو جاتی ہے ۔ کیا ان سے پوچھنے والا کوئی نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ سوال غالباً پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کا ہے ۔

The member may give a fresh notice for that.

مسٹر حمزہ ۔ کیا محکمہ صحت کی ذمہ داری نہیں ہے کہ ان سے پوچھے ؟

Parliamentary Secretary : As far as the Health Department is concenned, we have got no concern with the practical working of that department.

مسٹر عبدالرازق خاں ۔ جناب والا ۔ جہاں تک پروانشل ورکنگ پارٹی سے منظوری کے مسئلہ کا تعلق ہے اس کا تعلق ہر محکمہ سے ہے ۔ اس لئے نہایت ضروری ہے کہ اگر ہم وزیر قانون صاحب سے از راہ کرم سوال کریں تو وہ اس کا صحیح جواب دے سکتے ہیں ۔ آپ مجھے ان سے اپیل کرنے کی اجازت دیں کہ پروانشل ورکنگ پارٹی میں تمام ڈیپارٹمنٹس کی سکیموں پر جو پیسوں کی منظوری کا مسئلہ ہے آپ اس کو کس طرح اور صحیح طریق سے کرتے ہیں ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) ۔ جناب والا ۔ جھے اپیل کی گئی ہے اور میں عبدالرازق صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ جو آج اس موضوع پر debate چلی ہے اس کو میں پلننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سے اچھی طرح پوچھ کر ہاؤس کے سامنے رکھوں گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا یہ مسئلہ کبھی اس سے پہلے کونسل آف منسٹرز کے سامنے پیش نہیں ہوا ۔ یہ بار بار اس ایوان میں آتا ہے کیا اس پر کبھی بحث نہیں ہوئی ؟

وزیر قانون ۔ جناب والا ۔ کونسل آف دی منسٹرز کے سامنے کیا کیا باتیں آتیں ہیں ۔ یہ confidential باتیں ہیں اور میں انہیں نہیں بتا سکتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس کے بارے میں بتا دیں یہ خفیہ بات نہیں ہے ۔

DISPENSARIES, HOSPITALS AND MATERNITY-HOMES TO BE OPENED IN QUETTA AND KALAT DIVISION

*8117. **Mir Nabi Bakhsh Khan Zahri** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the year-wise number of Dispensaries, Hospitals and Maternity homes opened by Government during 1962 and 1963 in the Province ;

(*b*) the number of new Dispensaries, Hospitals and Maternity homes proposed to be opened in Quetta and Kalat Divisions during the current year along with the budget allocation made for the purpose ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خاں) ۔ (الف) سال ۱۹۶۲ء اور ۱۹۶۳ء کے دوران حکومت نے

صوبے میں جو ڈسپنسریاں ہسپتال اور زچا خانے قائم کئے ان کی تعداد حسب ذیل ہے :—

سال	ہسپتال	ڈسپنسریاں	زچا خانے
(ا) ۱۹۶۲ء	ایک	۶	صفر
۱۹۶۳ء	. .	۲۳	صفر
(ب)		۱۹۶۵-۶۴ء	بجٹ
ڈسپنسریاں . .		صفر	صفر
ہسپتال . .		صفر	صفر
زچا خانے . .		صفر	صفر

میر نبی بخش خاں زہری - کیا جناب وزیر متعلقہ یہ وضاحت فرمائیں گی کہ ۱۹۶۵-۶۴ء میں ہر جگہ ڈسپنسریاں *Nil* ہسپتال *Nil* زچہ خانے *Nil* لکھا ہے - کیا کوئٹہ قلات ڈویژن کے لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے اور کیا یہ سلوک روا رکھنا مناسب ہے -

Parliamentary Secretary : In the whole of West Pakistan 15 Rural Health Centres with 45 Sub-Centres were opened in 1962 and 17 Rural Health Centres with 51 Sub-Centres were opened in 1963. 2 Maternity Child Health Centres in 1962 and two in 1963 were opened. One Hospital, 6 Dispensaries were opened in 1962 and 23 dispensaries in 1963.

In Quetta/Kalat Region one hospital and 3 dispensaries were opened in 1962.

میر نبی بخش خاں زہری - میں ۱۹۶۵-۶۴ء کے متعلق یہ تفصیل جاننا چاہتا ہوں -

Parliamentary Secretary : I am coming to that. In Quetta/Kalat Region one hospital and 3 dispensaries were opened in 1962 and two T. D. Vans (Travelling Dispensaries) were opened in 1963. 3 Rural Health Centres with 9 Sub-Centres were opened in 1962 and two Rural Health Centres with 6 Sub-Centres were opened in 1963. In 1964 and 1965 one Rural Health Centre has been opened in Quetta/Kalat Region

with budget allotment of Rs. 85,131 while two Maternity Child Health Centres were proposed to be opened with a budget allotment of Rs. 7,250. In all 13 Rural Health Centres have been sanctioned for Quetta/Kalat Region in Second Plan out of the 71 sanctioned for whole of the West Pakistan. 6 have already started working and rest will start functioning in the next financial year.

OPENING OF A MEDICAL COLLEGE AT QUETTA

*8121. **Mir Nabi Bakhsh Khan Zahri** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the full particulars of the students belonging to Quetta and Kalat Divisions studying in different Medical Schools and Colleges in the Province along with the names of such institutions ;

(*b*) whether Government are aware of the fact that students of the above-said Divisions are facing great hardship in attending medical schools and colleges situated at far of places ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to open a Medical College at Quetta ; if so, when ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) - (الف) ایک کیفیت نامہ منسلک ہے -*

(ب) کوئی خاص دشواری در پیش نہیں -

(ج) تیسرے پنجسالہ منصوبے کے دوران میں نہیں -

میر نبی بخش خاں زہری - جناب والا - کیا جناب وزیر صحت صاحبہ فرما سکتی ہیں کہ اس سوال کے حصہ (ب) کے جواب میں یہ جو بتایا گیا ہے کہ کوئٹہ قلات ڈویژن کے طلبا کو کوئی خاص دشواری نہیں ہے - کیا اس سے ظاہر ہے کہ وہ تسلیم کر چکے ہیں کہ گو کوئی خاص تکلیف نہیں بہر حال کچھ تکلیف ضرور ہے - تو کیا باقی ماندہ تکلیف کو رفع کرنے کے لئے حکومت کوئی انتظامات کرنے کی کوشش کر رہی ہے ؟

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خاں) - جناب والا - تکلیف کے متعلق میں صرف یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ تعلیم کے لئے بچوں کو جگہ - ہر ضلع اور ہر شہر سے ایک سے دوسری جگہ جانا پڑتا ہے - یہاں میں اپنے محترم ممبر کو یہ بتانا ضروری سمجھتی ہوں کہ کوئٹہ قلات ڈویژن میں طالب علموں کو جو تکلیف یہ بتا رہے ہیں وہ

---

*Please see Appendix V at the end.

درست نہیں ۔ کیونکہ وہاں طلبا کو وظائف مل رہے ہیں ۔ اس لئے وہاں ان کو کوئی مالی تکلیف نہیں ۔ وہ بورڈنگ میں جہاں بھی جائیں ۔ داخل ہو سکتے ہیں ۔ کراچی جیسے شہروں میں بھی وہ داخل ہو رہے ہیں ۔ اور جہاں خرچ زیادہ ہے ۔ وہاں ان کو حکومت خرچ کی سہولتیں بھی دے رہی ہے ۔ اس لئے میں سمجھتی ہوں کہ ان کو کوئی خاص دشواری نہیں ۔ چنانچہ لاہور سے ۔ فرنٹیر سے اور سندھ سے۔ غرض ہر جگہ سے طلبا تعلیم کے لئے جاتے ہیں ۔ لہٰذا میں نہیں سمجھتی کہ اس سلسلے میں ان کو کوئی خاص دشواری پیش آ رہی ہے۔

میر نبی بخش خاں زہری ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ سب سے پہلی تکلیف یہ ہے کہ جو وظائف طلبا کو مل رہے تھے اب ان کا نصف دیا جا رہا ہے ۔ کیا حکومت اپنے پہلے فیصلوں کو بحال کرنے کے لئے کوئی انتظامات کر رہی ہے ؟

وزیر صحت ۔ جناب والا ۔ جہاں تک وظائف کو نصف کرنے کا تعلق ہے ۔ عرض یہ ہے کہ پہلے اس کی طرف بہت کم طلبا کا رجحان تھا ۔ لیکن اب بہت زیادہ بچوں کو وظائف مل رہے ہیں ۔ جس کی وجہ سے اب پہلے کی نسبت زیادہ بچے ان سے فائدہ اٹھا رہے ہیں ۔

میر عبدالباقی بلوچ ۔ جناب والا ۔ جناب وزیر صاحبہ فرما رہی ہیں کہ انہوں نے وظائف زیادہ کر دئے ہیں ۔ یعنی انہوں نے تعداد زیادہ کر دی ہے اور رقم کم کر دی ہے اصل مسئلہ یہ ہے کہ آیا اس رقم سے وہ لڑکے ان کالجوں میں تعلیم حاصل بھی کر سکتے ہیں یا نہیں ۔

علاوہ ازیں حکومت پر ایک دستوری فرض بھی عائد ہوتا ہے ۔ وہ یہ کہ وہ پسماندہ علاقوں کو صوبے کے دوسرے علاقوں کے برابر بھی لے آئے ۔ آپ فرما رہی ہیں کہ دوسرے علاقوں کی طرح وہ بھی بہتر ہو رہے ہیں ۔ آخر یہ کہاں تک جائز اور منصفانہ ہے ۔ یا تو آپ ان لوگوں کے مسائل کو حل کیجئے ۔ یا آپ صاف طور پر کہہ دیں کہ آپ سے یہ ہو نہیں سکا ۔ یہ تو ایک سیدھی سی بات ہے ۔ اگر وظائف کی رقم کم کرنا تھی اور ان کی تعداد بڑھانا تھی ۔ تو پھر ادھر ادھر کی باتیں کرنے سے کیا فائدہ ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - جیسا کہ بیگم صاحبہ نے وضاحت فرمائی ہے کہ کوئٹہ قلات ڈویژن کے طالب علموں کے ساتھ ترجیحی سلوک اس لئے کیا جا رہا ہے کہ ان کو دیگر علاقوں کے برابر لایا جا سکے - چنانچہ وظائف کے علاوہ کوئٹہ قلات ڈویژن کے طلبا کے لئے ۳۸ نشستیں میڈیکل کالجوں میں مخصوص کی گئی ہیں - خواہ وہ طلبا تھرڈ ڈویژن میں ہی کیوں نہ پاس ہوئے ہوں - اس طرح پنجاب اور صوبے کے دوسرے حصوں کے فرسٹ ڈویژن کے طلبا کو بھی داخلہ بمشکل ہی ملتا ہے -

اس کے علاوہ General Merit کے جتنے لڑکے بھی آ جائیں - وہ بھی لے لئے جاتے ہیں - اور یہ سب کچھ اس لئے کیا جا رہا ہے - تا کہ اس علاقے کو ترجیحی شکل دی جا سکے - اور وہاں کے طلبا کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں مہیا کی جائیں -

---

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

Enquiry against Doctor Umar Din Sidhu

***8146. Allama Rehmat Ullah Arshad** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Doctor Umar Din Sidhu of Health Department was on deputation to the Department of Eradication of Malaria ;

(*b*) whether it is a fact that due to certain irregularities committed by the said Doctor he was relieved of his duties in the Department of Eradication of Malaria, and the Secretary to Government of West Pakistan, Health Department was moved by the said Department to hold an enquiry against the said Doctor and to take appropriate action against him ;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government are prepared to place a copy of the list of the allegations made against the said Doctor on the Table of the House ?

Minister of Health (Begum Mahmooda Salim Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. The doctor was withdrawn from the Malaria Eradication Organization due to differences of opinion between him and the Chief of Organization. The allegations against him, however, are being looked into by the Central Board at Karachi.

(*c*) A list of the allegations made against the doctor is placed on the table.

STATEMENT OF ALLEGATIONS AGAINST DR. UMAR-UD-DIN SIDHU

(1) He being a staunch member of the Qadiani sect, committed corruption in doing undue favour and going out of way in the matters of appointments, promotion and other facilities to the members of Qadiani sect.

(2) Hoarding malicied and biased temprament about the staff other than Qadiani sect.

(3) He made his office and official position as propaganda and propagation Centre of Qadiani sect.

(4) He created dissatisfaction among the staff relating to non-qadiani sect.

(5) He recommended and forwarded the application of Mr. Mahmood A. Nusrat, Ex-Administrative Officer of this Organization to the Central Public Service Commission for the post of Deputy Assistant Director, Intelligence Bureau, Cabinet Division, where as the services of this officer were terminated on inefficiency grounds.

PERSONS DISCHARGED, APPOINTED AND RECOMMENDED BY DOCTOR UMAR DIN SIDHU, DEPUTY MEDICAL SUPERINTENDENT, MAYO HOSPITAL, LAHORE

*8148. **Allama Rehmat Ullah Arshad :** Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the date since which Doctor Umar Din Sidhu is serving as Deputy Medical Superintendent in the Mayo Hospital, Lahore ;

(*b*) (*i*) the names of employees of the said hospital discharged from service by the said Doctor under his own authority during the tenure of his office and (*ii*) the names of persons appointed in their places ;

(*c*) the period of service rendered by each of the discharged employees referred to in (*b*) (*i*) above ;

(*d*) whether it is a fact that the persons appointed or recommended for appointment by the said Doctor in place of persons referred to in (*b*) (*i*) above belong to one particular sector ;

(*e*) if answer to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, whether Government intend to look into the matter ?

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خان) - (الف) ۳۰ جون ۱۹۶۴ء بعد دوپہر سے -

(ب) (۱) ۱- تاج دین بیرا -

۲- عارف بیرا -

۳- ہیرا خاکروب -

۴- یوسف خاکروب -

(٦) ابھی کسی کا تقرر نہیں ہوا

(ج) ١- تاج دین بیرا . . ایک سال اور دس ماہ -

٢- عارف بیرا . . ٣/٩ ماہ -

٣- ھیرا خاکہ روب . . ایک سال اور دو ماہ -

٤- یوسف خاکہ روب . . صرف گیارہ ماہ -

(د) سوال پیدا نہیں ہوتا -

(ھ) سوال پیدا نہیں ہوتا -

APPOINTMENTS TO CLASS I AND CLASS II POSTS IN HEALTH DEPARTMENT ON AD HOC BASIS

*8150. **Allama Rehmat Ullah Arshad** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Health Department has decided not to make appointments to Class I and Class II post in the said Department throughout the Province on *Ad hoc* basis ;

(*b*) whether it is also a fact that a number of Doctors have been appointed recently by the said Department in Lahore Region on *Ad hoc* basis in contravention of the decision mentioned in (*a*) above ;

(*c*) whether it is also a fact that the Doctors recommended by the West Pakistad Public Service Commission for appointment in the Health Department have been ignored while making appointments mentioned in (*b*) above ; if so, reasons therefor ?

Minister of Health (Begum Mahmooda Salim Khan) : (*a*) Yes for Class I only ; no for Class II.

(*b*) No.

(*c*) No. Offiers of appointment to all the candidates recomended by the West Pakistan Public Service Commission has since been issued.

POSTING OF A DOCTOR IN GOVERMENT DISPENSARY AT NUTKANI, DISTRICT D. G. KHAN

*8182. **Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Health please refer to part (*b*) of the answer to my starred question No. 663 given on the floor of the House on 2nd December, 1962 and state whether it is a fact that the Medical Officer posted in Government Dispensary at Nutkani, District Dera Ghazi Khan has since been transferred and the Dispensary is again without a Doctor ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the probable date by which a Doctor will be posted in the said Dispensary ?

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خاں) ۔ (الف) جی ہاں ۔ فٹ کانی ڈیرہ غازی خاں کے مقام پر میڈیکل افسر کی آسامی میڈیکل افسران کی قلت کی بنا پر جولائی ۱۹۶۴ء سے خالی پڑی ہے ۔

(ب) تا ہم وہاں ایک ڈاکٹر کا تعین کیا جا رہا ہے ۔

ESTABLISHMENT OF A RURAL HEALTH CENTRE IN NUTKANI, D. G. KHAN DISTRICT

*8183. **Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the establishment of Rural Health Centre Nutkani in D. G. Khan District has been included in Third-Five Year Plan ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the said centre is likely to be established during 1965-66 ?

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خاں) ۔ (الف) جی ہاں ۔ عارضی طور پر موجودہ ڈسپنسری میں ردو بدل کر کے ۔

(ب) اس مرحلے پر یقینی طور پر نہیں کیا جا سکتا ۔ اس مرکز کے قائم کئے جانے کے سال کا تعین ضلع اور ڈویژنل کونسلوں کی طرف سے اولیت دی جانے اور تیسرے منصوبہ کی تکمیل کے بعد ہی کیا جا سکے گا ۔

CREATION OF POST OF A WOMAN MEDICAL OFFICER IN CIVIL HOSPITAL AT LYALLPUR

*8193. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Health be pleased to state whether it is a fact that an extra post of Woman Medical Officer was created in Civil Hospital at Lyallpur during the year 1964 ; if so, its duration and the circumstances necessitating the creation thereof ?

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خاں) ۔ جی ہاں ۔ ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز سرگودھا ریجن نے قواعد مالیات اور قواعد اختیارات تبدیلی مد ۱۹۶۲ء کے تحت تفویض اختیارات مغربی پاکستان کے مطابق تفویض شدہ اختیارات سے کام لیتے ہوئے عارضی طور پر خاتون میڈیکل افسر کی ایک آسامی ۶ جون ۱۹۶۴ء تا ۳۱ مئی ۱۹۶۵ء کی مدت کے لئے وضع کی تھی تا کہ بڑھے ہوئے کام سے عہدہ برا ہوا جا سکے اور ہسپتال میں ہنگامی کیسوں پر توجہ دی جا سکے ۔

OPENING OF A RURAL HEALTH CENTRE AT JALALPUR PIRWALA

*8204. **Syed Diwan Ghulam Abbas Bokhari** : Will the Minister of Health, please refer to the answer to my starred question No. 4797 given by him on the floor of the House on 5th December 1963 and state :—

(*a*) whether it is a fact that on the persistent demands of the residents of Jalalpur Pirwala, the District Council, Multan, formulated a scheme for the opening of a Rural Health Centre in addition to a 12 bedded hospital and a Maternity Health Centre at Jalalpur Pirwala and forwarded the same to the Divisional Council, Multan ;

(*b*) whether it is a fact that the Divisional Council, Multan, at its meeting held on 2nd May, 1964 recommended the opening of a Rural Health Centre at Jalalpur Pirwala and transmitted the scheme mentioned in (*a*) above to Government for approval ;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative whether the said scheme has, since, been approved by Government; if so, the present stage of the said scheme and the time by which the same is expected to be implemented ?

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خاں) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) جز اول کا جواب مثبت میں ہے تا ہم حکومت کو ابھی ڈویژنل کونسل کی سفارشات موصول نہیں ہوئیں ۔

(ج) جی نہیں ۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ضلع کونسل کی طرف سے جلالپور پیر والہ کے لئے ۱۲ بستروں کے ہسپتال اور ایک مرکز صحت برائے زچہ و بچہ پہلے ہی منظور کیا جا چکا ہے ۔

EXTENSION OF T. B. WARD OF LADY READING HOSPITAL, PESHAWAR

*8219. **Major Abdul Majid Khan** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that hundreds of patient die of T. B. in Peshawar District every year ;

(*b*) whether it is a fact that a patient has to wait for two years for getting admission in the T. B. Ward of Lady Reading Hospital, Peshawar ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to extend the said T. B. Ward ?

Minister of Health (Begum Mahmooda Salim Khan) : (*a*) Considerable number must be dying in Peshawar as in all other districts. Exact figures are not available.

(*b*) Patient have to wait for varying periods of time.

(*c*) Not at present.

UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS

RESERVATION OF CERTAIN SEATS IN LIAQUAT MEDICAL COLLEGE, JAMSHERO FOR THE STUDENTS BELONGING TO RURAL AREAS

205. Mir Haji Muhammad Bux Talpur : Will the Minister of **Health** be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that last year Government issued orders for the reservation of certain number of seats in Liaquat Medical College, Jamshero for the students belonging to rural areas ; if so, the number and date of the said order and the date on which the said order was received in the office of said College ;

(*b*) (*i*) the last date fixed for the receipt of applications for admission in the said College last year, (*ii*) the names of students from rural areas admitted, and (*iii*) in case no student from rural areas was admitted, reasons thereof ?

Minister of Health (Begum Mahmooda Salim Khan) (*a*) Yes. The Government Letter Number issued in this respect was S. O. (M. E.-I.) 10—2/63, dated 29th August, 1963. This order was received in Liaquat Medical College, Hyderabad on 31st August, 1963.

(*b*) (*i*) Originally 15th August, 1963 was fixed as the last date for receipt of applications in Liaqat Medical College, Hyderabad but the date was then extended by ten days.

(*ii*) As per statement added as Appendix 'A'.

(*iii*) Does not arise.

APPENDIX 'A'

STATEMENT SHOWING THE DETAILS OF STUDENTS ADMITTED IN LIAQUAT MEDICAL COLLEGE, JAMSHORO AGAINST RURAL SEATS DURING THE SESSION 1963-64

Serial No.	Names	Father's Name	Permanent Address
1	Mr. Abdul Naeem Khan ..	Abdul Rashid Khan ..	Abdul Rasheed Khan Postmaster, Ranchore Line, Karachi.
2	Mr. Qureshi Abdul Fatah ..	Qureshi Shafi Muhammad ..	C/o Noor Muhammad Qureshi, Quarter No. C. 2 Left Bank Barrage Colony, Hyderabad.
3	Mr. Abdul Rareed Kazi ...	A. R. Kazi ..	Sukkur (Ghotiki).
4	Mr. Ghulam Nabi ..	Lal Din ..	C/o Ghulam Muhammad Tailor-Master, Hindu Bagh, Division Quetta.
5	Muhammad Juamarh ..	Ali Muhammad ...	C/o Bacho, son of Allah Bachoyo, Shahi Bazar, Sujwal, District Thatta.
6	Mr. Mazhar Asad Hamidi ..	Muhammad Hamid Khan ..	Muhammad Hamid Khan Head Master, Municipal High School, Tando Allahyar.
7	Mr. Abdul Ghafoor ..	Fateh Muhammad Arain ..	C/o. Master Sanaullah Barbarship, Chota Gate, Airport, Karachi—II.
8	Mr. Abdul Sattar Baloch ..	Nazar Muhammad Khan ..	C/o. Muhammad General Marchent Digri, District Tharparkar
9	Mr. Farooq Ahmad ..	Muhammad Ismail ..	House No. F/34-194/25, Lajpat Road, Hyderabad.
10	Mr. Nanikram ...	Rajal Das ..	P. O. Kamber, District Larkana.
11	Mr. Yar Muhammad ..	Hadi Bakhsh Sheikh ..	P. O. Dehar Mehar Shah, *Via* Pirkatpar, District Khairpur.
12	Miss Mahushera Nasim ..	Syed Zahoor Ahmad ..	4/11 Raja Mansion, Yaqoob Khan Road, Karachi.
13	Miss Fahmida ...	Zamiruddin Junejo ..	Assistant Director Industries, Hyderabad.
14	Miss Kulsm Sheikh ..	Dilawar Hussain ..	House No. 85, Soldier Bazar Saddar, Hyderabad.
15	Mr. Ghulam Jilani ..	M. Shakur ..	Khatib Jamia Masjid, Quetta.
16	Mr. Abdul Majid ..	Dr. Abdul Aziz ..	House No. 5-9/1, Shawak Shah Road, Quetta.
17	Miss Shasba Nasreen ..	Ch. Muhammad Shafi Niaz ..	113-B/Railway Hospital, Quetta.

SEATS RESERVED FOR GIRL CANDIDATES IN LIAQAT MEDICAL COLLEGE, JAMSHERO

207. Mir Haji Mnhammad Bux Talpur : Will the Minister of Health be pleased to state the yearwise number of seats reserved for girl candidates in Liaqat Medical College, Jamshero, since the establishment of the saiti College and the number of girls admitted yearwise during the said period ?

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خاں) ۔ مطلوبہ معلومات مندرج ذیل ہیں :—

سال	طالبات کیلئے محفوظ نشستیں	داخل کردہ طالبات کی تعداد
۱۹۵۱-۵۲ء	۹	۹
۱۹۵۲-۵۳ء	۹	۴
۱۹۵۳-۵۴ء	۹	۶
۱۹۵۴-۵۵ء	۱۲	۱۲
۱۹۵۵-۵۶ء	۱۲	۱۸
۱۹۵۶-۵۷ء	۱۲	۱۲
۱۹۵۷-۵۸ء	۱۷	۱۷
۱۹۵۸-۵۹ء	۱۸	۱۸
۱۹۵۹-۶۰ء	۱۷	۱۷
۱۹۶۰-۶۱ء	۱۲	۱۲
۱۹۶۱-۶۲ء	۱۳	۱۳
۱۹۶۲-۶۳ء	۱۳	۱۳
۱۹۶۳-۶۴ء	۱۸	۱۸
۱۹۶۴-۶۵ء	۲۳	۲۰

COMPLAINTS MADE BY PUBLIC AGAINST DR. SALEH MEMON OF LIAQAT MEDICAL COLLEGE, HYDERABAD

220. Mir Haji Muhammad Bux Talpur : Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that during the past few years numberless complaints have been made by the people of Hyderabad against Dr. Saleh Memon, Professor of Medicine, Liaqat Medical College, Hyderabad, to the Health Department ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether any enquiries have been held against him ; if so, the number of enquiries held and the result thereof ?

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خاں) ۔ (الف) محکمہ ھذا کے علم میں نہیں کہ گذشتہ چند سال کے دوران میں حیدرآباد کے لوگوں نے لیاقت میڈیکل کالج کے شعبہ ادویہ کے پروفیسر ڈاکٹر صالح میمن کے خلاف لا تعداد شکایات داخل کی ھیں ۔

(ب) یہ سوال پیدا نہیں ھوتا ۔

Mr. Speaker : The Question Hour is over.

I want to bring to the notice of the Ministers and the Parliamentary Secretaries that if answer to any question has not been placed on the Table, that question will be included in the next list. They should make a point to place the answers, which have not been given on the Floor of the House, on the Table of the House.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ جناب والا ۔ یہ سوالات جو ان کے بعد تھے ۔ کیا ان کے جوابات اگلی دفعہ دئے جائیں گے ۔ میرے کچھ سوالات تھے جن کا کوئی جواب نہیں دیا گیا ۔ کیا ان کے جوابات اگلی دفعہ دئے جائیں گے ؟

مسٹر سپیکر ۔ اگر ان کے جوابات ایوان کے میز پر رکھ دئے گئے ھیں ۔ تو آپ انہیں ملاحظہ فرما سکتے ھیں ۔ لیکن جن سوالوں کے جواب نہیں آئے ۔ ان کو آئندہ Turn پر پیش کیا جائے گا ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ لیکن جناب جو جوابات آئے ھیں اور وہ نہ مکمل ھیں ۔ ان کے متعلق میں نے ضمنی سوالات کرنا تھے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر ایوان کے میز پر جوابات آ چکے ھیں ۔ اور آپ ان کے متعلق مزید سوالات کرنا چاھتے ھیں ۔ تو آپ ان جوابات کی روشنی میں نئے سوالات کر سکتے ھیں ۔

ANNOUNCEMENTS

PANEL OF CHAIRMEN

Mr. Speaker : Now, there are two announcements.

Secretary Assembly : 1. As required by Rule 5 of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan, Mr. Speaker has been pleased to nominate the following four Members to form the panel of Chairmen in the order of priority for the current Winter Session of the Assembly :—

1. Mr. S. M. Sohail.
2. Kazi Muhammad Azam Abbassi.
3. Mian Abdul Latif.
4. Major Abdul Majid Khan.

HOURS OF SITTING OF THE ASSEMBLY

Secretary Assembly : In pursuance of Rule 18 of the Rules of Procedure of the National Assembly of Pakistan as adopted for regulating the procedure of Provincial Assembly of West Pakistan, Mr. Speaker has been pleased to appoint the following hours of sittings of the Assembly for the Winter Session commencing from 21st December, 1964 :—

Hour at which the sitting of the Assembly shall commence.	9·00 A. M.
Hour at which the sitting of the Assembly shall ordinarily conclude on days other than Fridays.	1·30 P. M.
Hour at which the sitting of the Assembly shall ordinarily conclude on Fridays.	12·30 P. M.

DETENTION OF MAJOR SULTAN AHMAD KHAN M. P. A. BY THE SUPERINTENDENT OF POLICE, HAZARA

Mr. Speaker : I have received an intimation under rules 184 and 185 of the Rules of Procedure from the District Magistrate, Hazara, which I will read out :

"On 12th December, 1964 the C. O. P. had decided to hold a public meeting at Haripur (District Hazara) at 13-30 hrs. As a repercussion to this the supporters of P. M. L. also started collecting at Haripur with Black Flags and their number swelled to about 5000 by 12·00 hrs. They marched in a procession to the Committee Garden the venu of the C. O. P. meeting. Feelings ran high and sharp on both sides. The Superintendent of Police, Hazara, had reached Haripur with sufficient police force in the morning. At 1445 hours (more than 1 hour after the time announced by them originally for holding a meeting) Mufti Muhammad Idris, Advocate, Abbottabad, and Major Sultan Ahmad Khan, M. P. A. alongwith 10 or 15 other persons assembled in the Bar Room and decided to go to the venue of the meeting. The Superintendent of Police advised both of them to take a few members of the Police force with them to the place of the meeting. This request was turned down. The tempo of the crowd against the C. O. P. workers grew fierce and the.....".

مولانا غلام غوث ۔ جناب سپیکر ۔ ہمیں اردو میں بتایا جائے ۔

".....Superintendent of Police realising the seriousness of the situation advised them not to proceed to the place of meeting unescorted; because they were wearing the badges of 'Lamp' on their persons. They, however, insisted to take the risk but the Superintendent of Police with a view to prevent harm to their life detained Mufti Muhammad Idris, Advocate, Major Sultan Ahmad Khan, M. P. A., and seven other workers of the C. O. P. at Haripur Police Station at about 1530 hours.

مولانا غلام غوث ۔ جناب سپیکر ۔ اس کا اردو میں مطلب سمجھا دیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ مولانا صاحب آپ کیا فرما رہے ہیں ؟

مولانا غلام غوث ۔ جناب ۔ عرض یہ ہے کہ اس کا اردو میں مطلب سمجھا دیا جائے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان ملنگ خان) ۔ مطلب یہ ہے کہ میجر سلطان احمد خان کو ایک گھنٹے کے لئے حراست میں رکھا گیا تھا ۔

Voices : Shame, Shame.

Mr. Speaker : Order please, order.

"The P. M. L. supporters and workers were asked to disperse which they did by 1700 hours. The situation was immediately brought to the notice of the District Magistrate, Hazara, and in consultation with the Superintendent of Police, Hazara, all the nine workers of the Combined Opposition Party including Major Sultan Ahmad Khan, M. P. A., were released at about 18·45 hours."

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : On a point of order.

Sir, I remember correctly, you have already ruled that the expression of 'shame, shame' in this House is unparliamentary. May I request the Chair.....

Khawaja Muhammad Safdar : It is not unparliamentary.

Mr. Speaker : I have already held that the word 'shame' should not be used in the House.

ADJOURNMENT MOTIONS

Mr. Speaker : The first adjournment motion is from Mr. Jatoi. He is not present. The next motion is from Rao Khurshid Ali Khan..

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, in this connection I would like to make a respectful submission. Notices of adjournment motions Nos. 2 till the last have been received

by me only last night. I have to contact the relevant department and as the adjournment motions themselves show the information has to be collected from the whole of the province of West Pakistan because they are embarrassing and till this minute, I have not been able to collect necessary details to be in a position to answer the adjournment motions. I had made a request to the Leader of the Opposition that under these circumstances I would request that these adjournment motions may stand over when the Assembly again meets. I will make this commitment that I will raise no objection on the ground of urgency.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا۔ اپنی اپنی جیسا کہ محترم وزیر قانون صاحب نے ارشاد فرمایا ہے - یہ بات انہوں نے مجھ سے کہی تھی - لیکن مجھے افسوس ہے کہ قانونی اور پارلیمانی روایات مجھے اس بات کی آجازت نہیں دیتی ہیں کہ میں وزیر قانون صاحب کے اس مطالبہ کو قبول کروں - مجھے خوشی ہوتی کہ جو کچھ انہوں نے ارشاد فرمایا ہے میں ان کے حکم کی تعمیل کر سکتا - لیکن میں نے دیکھا ہے کہ رولز اور ضابطہ ایسا ہے اور پارلیمانی روایات اس قسم کی ہیں کہ وہ ہمیں اجازت نہیں دیتیں کہ ہم بغیر کسی وجہ کے اپنی ساری کی ساری تحریکات التوا کو ملتوی کر دیں - جہاں تک ان کا یہ ارشاد ہے کہ ان کو رات کے ۱۱ بجے نوٹس ملے ہیں تو میں عرض کروں گا کہ رولز کے مطابق ۸ بجے صبح تک اگر ایک ممبر کوائی تحریک التوا اسمبلی کے دفتر میں پہنچا دے تو دس بجے وقفہ سوالات کے بعد وہ تحریک التوا اسمبلی میں پیش ہو سکتی ہے - اور اس پر کسی قسم کا اعتراض نہیں ہو سکتا - جہاں تک ان کے اس مطالبہ کا تعلق ہے مجھے افسوس ہے یہ قابل تسلیم نہیں ہو سکتا - میں نے کئی ایسی مثالیں دیکھی ہیں - ان میں سے شاید دو ایک مثالیں ایسی ہوں جن پر بحث کسی خاص ضرورت کے تحت ملتوی کر دی گئی - لیکن یہ ایک قاعدہ نہیں بنایا جا سکتا کہ کسی ایسی حالت میں تمام تحریکات التوا پر بحث کو ملتوی کر دیا جائے - ان کا یہ مطالبہ تسلیم نہیں کیا جا سکتا - کیونکہ یہ مطالبہ جائز نہیں ہے - اس سلسلہ میں میں آپ کی خدمت میں Decisions of the Chair میں سے دو تین رولنگ کا حوالہ دیتا ہوں - ۱۹۲۱ء سے ۱۹۴۰ء تک کی volume کے صفحہ ۷ پر ہے -

اگر کسی حالت میں جس کی بنا پر یہ قدم اٹھایا گیا ہے -
سپیکر صاحب نے اجازت دے دی کہ تحریک التوا پر

بحث کو ملتوی کر دیا جائے تو انہوں نے اس بات کو اپنے ذمہ لے لیا کہ اس کی Urgency کو Waive کر دیں گے -

اسی طرح اس کی دوسری جلد میں Postponement کے Head کے نیچے ایک تحریک التوا کے متعلق کہا گیا ہے کہ اس پر بحث فوری طور پر نہ کی جائے کیونکہ اس کے لئے دور و دراز علاقہ سے اطلاعات منگوانی ہیں اور حکومت انہیں فوری طور پر فراہم نہیں کرسکی - ان حالات میں میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ یہ تحریکات التوا پیش ہونے دی جائیں اس کے بعد اگر کسی تحریک التوا کے متعلق کوئی دقت پیش آئی تو ہم سوچ لیں گے کہ اس پر بحث ملتوی کرنی چاہئے یا نہیں - ایوان کی مرضی کے بعد ہی اس کا فیصلہ ہو سکے گا - میں اس طرح تھوک طریقہ پر ان تحریکات التو کو ملتوی کر دینے کے حق میں نہیں ہوں - میں اور میرے ساتھی اس کے لئے پارٹی نہیں بن سکتے -

میر عبدالباقی بلوچ (مکران - ۱) - جناب والا - محترم میمن صاحب نے اٹھ کر جو یہ تجویز پیش کر دی ہے کہ تحریک التوا نمبر ۲ سے ۹۶ تک سب کو یہ یک جنبش قلم ملتوی کر دیا جائے کیونکہ انہیں ان تحریکات التوا کا نوٹس رات کے ۱۱ بجے ملا ہے اور اس تھوڑے سے وقت میں وہ انفارمیشن حاصل نہیں کر سکے - یہ حقیقت ہے کہ یہ کہہ کر کہ انہیں کوئی انفارمیشن حاصل نہیں انہوں نے اپنی اور اپنی حکومت کی in-efficiency کا اعتراف کیا ہے - ان کو معلوم ہے کہ رولز کے مطابق کوئی تحریک التوا اسمبلی کے اجلاس سے صرف ایک گھنٹہ پہلے پیش کی جا سکتی ہے - تو جہاں انہوں نے قواعد اور رولز میں اتنی تبدیلیاں کی ہیں وہ ایک اور ترمیم بھی لا سکتے تھے - رولز ان کے اپنے ہیں - لا منسٹری ان کے اپنے پاس ہے وہ ترمیم کر سکتے تھے - اس وقت ان تحریکات التوا کو ملتوی کرنے کا تو انہوں نے ایک بہانہ تلاش کر لیا ہے اس عرصہ میں جو اتنی غلط کاریاں کی گئی ہیں ان کو چھپانے کے لئے ان تحریکات کو ملتوی کیا جا رہا ہے -

میری گزارش ہے کہ تحریک التوا نہایت اہم چیز ہوتی ہے - مگر میمن صاحب اسے بڑا lightly لے رہے ہیں - یہ بالکل ناجائز بات

ہے ۔ ان میں ہر ایک تحریک کسی خاص اہمیت کے مطابق پیش ہوئی ہے ۔ اگر انہیں کسی بات کی انفارمیشن نہیں تو انہیں اپنی شکست کا اعتراف کر لینا چاہئے اس کے بعد ہم سوچیں گے کہ ان تحریکات التوا کو ملتوی کر دیا جائے یا نہ کیا جائے ۔

مسٹر عبدالرازق خاں (سردان - ۳) ۔ جناب والا ۔ لیڈر آف دی آپوزیشن نے اس بارے میں جو اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے میں نے وہ سنے ہیں ۔ اور مجھے تعجب ہوا ہے کہ تحریک التوا کے پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ کسی فوری مسئلہ کو ایوان کے سامنے پیش کیا جائے اگر کہیں بے انصافی ہوئی ہو یا اس کا ازالہ ہونا چاہئے تو غور کرنے کے بعد اس پر فیصلہ کیا جائے ۔ اس وقت جناب وزیر قانون نے نہایت شائستہ طریقہ سے یہ اعتراف کر لیا ہے کہ ان تحریکات التوا کی جن پر آج بحث ہو رہی ہے تعداد ۹۶ ہے ۔ ان کی اطلاع انہیں صرف کل رات ملی ہے ۔ اس لئے وہ فوری طور پر اس ہاؤس میں کوئی انفارمیشن پیش نہیں کر سکتے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان حالات میں جب کسی تحریک التوا پر بحث کی جائے گی تو اس کے لئے کوئی مقصد حاصل نہیں ہو سکتا ۔ اور ایوان سے اس سلسلے میں کوئی مدد حاصل نہیں ہو سکتی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس بات کو چند دنوں کے بعد جب دوبارہ اسمبلی کا اجلاس ہو تو زیر غور لایا جا سکے ۔ تو زیادہ صحیح ہوگا اس وقت ان تحریکات التوا پر زیادہ تفصیل سے بحث کی جا سکے گی ۔ جہاں تک اس کی Urgency کا تعلق ہے انہوں نے صاف طور پر کھول کر فرما دیا ہے کہ مجھے کبھی، اعتراض نہیں ہوگا اور آپ سے التجا کی ہے کہ آپ یہ فیصلہ کر دیں کہ Urgency کے سلسلہ میں کوئی اعتراض نہیں کیا جائے گا ۔ اور دوبارہ سیشن شروع ہونے پر ان تحریکات التوا پر غور کیا جائے گا ۔ اس وقت ان کے پیش کرنے سے کوئی مقصد حاصل نہیں ہوگا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ محض پراپیگنڈا کے طور پر اپوزیشن کر رہی ہے تاکہ عوام کو اپنے حق میں کر سکے ۔ اس کے علاوہ اور کوئی فائدہ نہیں اور نہ ہی اس سے کوئی مقصد حاصل ہوسکے گا ۔

مسٹر افتخار احمد خاں (جھنگ - ۱) صدر محترم ۔ میں قائد حزب اختلاف کے دلائل کی تائید کرتا ہوں جو انہوں نے تحریکات

کے سلسلے میں ارشاد فرمائے ھیں ۔ یہ مسئلہ ایسا ھے جس کے دو پہلو ھیں ۔ ایک تو قانونی آئینی اور عملی ھے اور Convention پر مبنی ھے اسے اس طریقہ سے دیکھنا چاھئے ۔ کیونکہ میں سمجھتا ھوں کہ اس معاملہ کو ملتوی کرنے سے ھم اس نتیجہ پر پہنچتے ھیں کہ یہ نہ صرف خلاف قانون اور خلاف روایات ھے بلکہ پارلیمانی پریکٹس کے بھی خلاف ھے ۔ دوسرا پہلو یہ ھے کہ ایسا کرنے سے تحریک التوا کا مقصد فوت ھو جاتا ھے ۔ اگر آپ ملتوی کر دیں تو اس کے پیش کرنے کا اصل مقصد باقی نہیں رھتا ۔ کیونکہ ایسا مسئلہ کسی بڑی اھمیت کا حامل ھوتا ھے اور اسی لئے ایوان کی کارروائی کو ملتوی کر کے اس اھم مسئلہ پر غور کیا جاتا ھے ۔

صدر محترم ۔ اگر پچھلے چھ ماہ سے جب سے یہ ایوان رخصت ھوا اس وقت سے لیکر آج تک جو لاقانونیت اور جو دھاندلی روا رکھی گئی ھے اور قانون کی جس طرح سے مٹی پلید کی گئی ھے اس کی مثال کہیں نہیں ملتی ۔

Minister of Law : Sir, it is a r gu'ar debat that we are going to have ?

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) — جناب والا ! مجھے اس امر سے پورے طور پر اتفاق نہیں ہے کہ تمام کے تمام ایڈجرنمنٹ موشنز گل پر ڈال دیئے جائیں اگرچہ مجھے اس امر کا پورا احساس ہے کہ آج ضمنی بجٹ پر عام بحث کا آخری بلکہ ایک دن ہے اور ایوان کے دونوں جانب سے اس معزز ایوان کے معزز اراکین نے اس بحث میں حصہ لینا ہو گا - جناب وزیر قانون نے جس امر کی طرف آپ کی توجہ دلائی ہے وہ یہ ہے کہ ضمنی بجٹ پر بحث کرتے ہوئے تقریباً ہر مسئلہ پر بحث کی جاسکتی ہے بلکہ انہوں نے تقریباً کا ہم معنی لفظ بھی استعمال نہیں کیا - مجھے ان سے ان کی اس بات سے اختلاف ہے - میری رائے میں ضمنی بجٹ پر بحث محدود ہوتی ہے اور اس کی حدود و قیود ان مطالبات زر پر جو کہ ضمنی بجٹ کے اندر شامل ہوتے ہیں مبنی ہوتی ہیں اس کے باہر ضمنی بجٹ پر بحث نہیں کی جا سکتی ہے - مجھے خیال تھا اور مجھے یہ شک تھا کہ کہیں وہ مطالبہ نہ کر بیٹھیں کہ ہم ایڈجرنمنٹ موشنز پر بحث ہی نہیں کر سکتے لیکن کسی حد تک انہوں نے اپنے اس مطالبہ کو دوسرے الفاظ میں پیش کر دیا ہے اس لئے مجھے ان سے اتفاق نہیں ہے - کیونکہ ضمنی بجٹ پر بحث میرے نقطہ نظر سے محدود ہوگی لا محدود نہیں ہو گی اور اس وجہ سے دنیا بھر کی قانون ساز اسمبلیوں میں ضمنی بجٹ کے دوران تحریک التوا کی اجازت دی جاتی ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ بحث مخصوص مطالبات زر پر ہو جو کہ ضمنی بجٹ میں موجود ہوں ان کے علاوہ انتظامیہ کی جانب سے ایسے واقعات صوبہ یا ملک میں ظہور پذیر ہوئے ہوں جس پر اس معزز ایوان کے معزز اراکین بحث کرنا چاہتے ہوں اس لئے یہ بات بھی واضح طور پر ہمارے قواعد میں rule of anticipation کی شکل میں یا دوسرے ملکوں کی اسمبلیوں اور پارلیمنٹ کے قواعد و ضوابط میں بھی واضح طور پر درج ہے کہ اگر کوئی امر مانع ہے تو وہ rule of anticipation ہے اور کیونکہ rule of anticipation یہاں apply نہیں کرتا مطالبات زر محدود ہوتے ہیں اس لئے ہمیں تحریک التوا پیش کرنے کی اجازت ہوتی ہے - شاید وزیر قانون صاحب کو یہ یاد نہ ہو کہ ۲۰ تاریخ کو جب اس ایوان کا پہلا اجلاس

ہوا تھا اس روز تحریک التوا کے متعلق گفتگو ہوئی تھی تو انھوں نے اس اسم کا کوئی اور اعتراض اٹھانا مناسب نہیں سمجھا تھا انہوں نے آپ سے محض یہ درخواست کی تھی کہ ان کو ملتوی کر دیا جائے جو آپ نے منظور فرما لی تھی اب میرا خیال ہے کہ کم و بیش ایک گھنٹہ کے لئے آپ تحریک التوا جیسا کہ آپ کا پہلے طریقہ ہے اس ایوان میں پیش کرتے رہیں جو حسب قاعدہ ہونگی ان پر بحث ہوگی جو قاعدہ کے خلاف ہوں وہ آپ نامنظور کر دیں —

مسٹر سپیکر — خواجہ صاحب جنرل ڈسکشن کے روز اس پارلیمنٹ کا یہ طریقہ چلا آیا ہے کہ ایڈجرنمنٹ موشنز نہیں آیا کرتیں ۔

خواجہ محمد صفدر — آپ کو یہ suggest کر دیا ہے کہ آپ اپنے چیمبر میں بیٹھ کر guillotine کر دیں — مجھے ان سے اتفاق نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : That is not the position.

Minister of Law : I never said that.

Mr. Speaker : We will take up the adjournment motions to-morrow.

SUPPLEMENTARY BUDGET STATEMENT 1964-65

DISCUSSION ON THE SUPPLEMENTARY BUDGET STATEMENT 1964-65 AS A WHOLE

Mr. Speaker : Now, we will have discussion on the Supplementary Budget Statement 1964-65 as a whole.

Yes, Rao Khurshid Ali Khan.

راؤ خورشید علی خان (منٹگمری-۳) — جناب سپیکر اس ضمنی بجٹ پر جنرل ڈسکشن ایک ایسی مہم کے بعد ہو رہی ہے کہ جس مہم میں اس ملک کے عوام نے بھی بڑے جوش و خروش کا مظاہرہ کیا اور یہ بات بڑی ہی خوشی عیاں تھی کہ ایک ایسا ملک جہاں چند ہفتے پہلے مردنی چھائی ہوئی تھی ۔ مایوسی طاری تھی ۔ قبرستان کا سا سماں تھا ۔

وزیر زراعت — قبرستان کیوں کہتے ہو ۔

راؤ خورشید علی خان — وہ آپ کے علاقے کا ذکر ہے ۔ تو جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جس ملک میں چند ہفتے پہلے جمہوریت کا نام و نشان نہیں پایا جاتا تھا ۔ بنیادی حقوق اور شہری حقوق کو ختم کر کے رکھ دیا گیا تھا ۔ تحریر و تقریر پر پابندیاں عائد کر دی گئیں تھیں ۔ اخبارات کا گلا گھونٹ کر رکھ دیا گیا تھا اور جنگل کا قانون نافذ تھا ۔ لوگوں کے لئے بولنا اور لکھنا موت کی قیود و بند کو دعوت دینے کے مترادف تھا ۔

وزیر خزانہ — کھسیانی بلی کھمبا نوچے -

راؤ خورشید علی خان — صبر سے سنئے - فتح کے نشے کے اندر مدہوش ہونے کی کوشش نہ فرمائیں - ذرا آنکھ کھول کر حالات کو دیکھیں - اور صبر و سکون کے ساتھ سننے کی کوشش کریں -

جناب والا! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایسے ماحول میں اس ملک میں بالکل معجزانہ طور پر مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح قضا کے تیر کی طرح سے دوسرے امیدوار صدارت کے سامنے آئیں اور ان کی اور ان کے حواریوں کی رات کی نیند اور دن کا آرام حرام ہو گیا (قطع کلامی) -

شکست و فتح تو قسمت سے ہے ولے اے امیر
مقابلہ تو دل ناتواں نے خوب کیا

مقابلہ پارٹیوں کا تھا - ایک طرف گورنمنٹ تھی دوسری طرف عوام تھے - ایک طرف مسلح لوگ تھے دوسری طرف نہتے لوگ تھے - ایک طرف تمام حکومت کی انتظامیہ تھی دوسری طرف عوام کی کوشش کے سوا اور کوئی چیز نہیں تھی - ایسے حالات میں آپ لوگ اگر اس چیز کا کریڈٹ لینا چاہیں تو یہ خوش فہمی کے سوا اور کچھ نہیں - (قطع کلامی) آپ مجھے بات کرنے نہیں دیتے ہیں اب سوال و جواب شروع ہو گئے ہیں - Confrontation Meeting میں تو عوام کو اجازت نہیں دی -

Mr. Speaker : This is not a Projection meeting.

راؤ خورشید علی خان — جناب والا! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس ملک میں بھی ایک معجزہ ہوا کہ جس ملک کے اندر بالکل خاموشی طاری تھی وہاں یکایک گونگے لوگوں کو زبانیں مل گئیں - اخبارات نسبتاً کھل کر لکھنے لگ گئے یہ سب کو توفیق تو حاصل نہیں ہوئی - اس معاملے میں گو مجھے پارلیمنٹری روایات تو شاید اجازت نہ دیں - ''ناہم نوائے وقت'' نے جو مجاہدانہ کردار ادا کیا ہے - میں اسے Tribute pay کرنا چاہتا ہوں - (تالیاں)

تو بہرحال اخبارات پہلے سے نسبتاً زیادہ آزاد تھے - اور زیادہ آزادی سے لکھنے لگے تھے - اور اس کے ساتھ ہی Political Workers نے بھی کھلی تنقید کی جو میرے نزدیک Presidential Elections کی مرہون منت ہے - (قطع کلامیاں اور شور) اب ہمیں نظر آ رہا ہے کہ آئندہ کیا ہونے والا ہے - آپ اس بات کا اندازہ اس امر سے لگائیں کہ کراچی

میں کیا ہوا ہے ۔ اور مشرقی پاکستان میں کیا ہو رہا ہے ۔ وہاں مولانا اظہر علی جیسے جید عالم دین کو ذلیل سا الزام لگا کر پکڑ لیا گیا وہ اس لئے کہ انہوں نے کہا تھا کہ ایوب صاحب کو ووٹ دینا حرام ہے ۔ محض اس جرم میں ان پر یہ الزام لگا ہے ۔ اور اس کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ ان کا جو امدادیہ مدرسہ ہے ۔ اس کے حالات میں انہوں نے گڑ بڑ کی ہے ۔ بھئی کھلے بندوں آؤ۔۔اگر کوئی Political Worker ہے ۔

Minister of Food & Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : That matter is sub-judice.

Mr. Speaker : The Member should not talk about a matter which is sub-judice (Interruptions).

راؤ خورشید علی خان — جناب میں تو جواب عرض کر رہا ہوں ۔ اگر Interruption نہ ہوں تو پھر ہم بھی حدود کے اندر رہ کر ہی عرض کریں گے ۔

Mr. Speaker : No interruptions please.

راؤ خورشید علی خان —بہر حال جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جس ملک میں چاروں طرف خاموشی کا عالم تھا ۔ وہاں یہ خوشگوار بات دیکھنے میں آئی تھی کہ وہاں گونگے لوگوں کو زبانیں مل گئیں ۔

اخبارات نے کھل کر لکھنا شروع کیا ۔ اور سیاسی کارکنوں نے بھی آزادانہ طور پر تنقید شروع کر دی حتیٰ کہ یوں محسوس ہونے لگا گویا یہ واقعی ایک آزاد باشندوں کا ملک ہے (قطع کلامیاں اور شور) ۔

وہ تو وقتی چیز تھی ۔ اور میں تو ابھی اظہار خیال کر رہا ہوں ۔ دوسری بات تو ابھی آگے آ رہی ہے ۔ (قطع کلامیاں) اس احساس سے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ خدا کرے اس قسم کی صورت حال بعد میں بھی قائم رہے ۔ اگر ایسا ہوتا تو پھر ہم آپکو اس امر کیلئے بھی آج tribute pay کرنے کیلئے تیار ہوتے کہ واقعی آپنے ایسی صورت حال کو قائم رکھا ہے ۔ لیکن چونکہ ایسا نہیں ہوا ۔ اس لئے میں مزید اس بات پر زور دینا نہیں چاہتا ۔ بس اسقدر عرض کر دینا ہی کافی سمجھتا ہوں کہ الیکشن کے دوران میں خوشگوار فضا پیدا ہوئی تھی ۔

جہانتک الیکشن کے نتیجے کا تعلق ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اسے زیادہ اہمیت نہیں ہوا کرتی اہمیت دراصل اس بات کو ہوا کرتی ہے کہ آیا کسی ملک کے عوام کو یہ حق حاصل ہے کہ ——

میر ذبی بخش خاں زہری ۔جناب والا ! آواز بہت کم آ رہی ہے ۔

راؤ خورشید علی خاں ۔وہ جس قسم کی حکومت بنانا چاہیں ۔ بنا سکیں اور جس قسم کے حکمران چاہیں ۔ منتخب کر سکیں اگر کسی ملک کے شہریوں کو ایسی آزادی حاصل ہے تو ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس ملک کے شہریوں کے بنیادی حقوق برقرار ہیں اور وہاں صحیح جمہوریت قائم ہے ۔ لیکن جناب سپیکر ہوا کیا ہے ۔ اس بات سے قطعی طور پر انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اگر اس ملک میں Direct Elections سسٹم ہوتا تو عوام اپنا فیصلہ صادر ملت کے حق میں دے چکے تھے (آوازیں یہ غلط ہے) لیکن ہماری بد قسمتی ہے کہ اس ملک میں الیکشن کا ایک ایسا طریقہ رائج ہو چکا ہے جس سے عوام اپنی خواہشات کے مطابق الیکشن کا نتیجہ پیدا نہیں کر سکتے ۔

Mr. Speaker: I think the Provincial Government is not concerned with the system of elections.

Mr. Abdul Baqi Baluch : This House is the creation of the system of electon, and we have a right to discuss.

میر ذبی بخش خان زہری — جناب یہ فاتحہ خوانی کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : So far as the system of election is concerned, I think it is the concern of the Central Government and not of the Provincial Government.

Mr. Abdul Baqi Baluch : Are we not the creation of this sytem of elections ? Why are we not allowed to discuss it ?

Mr . Speaker : We are not the creation of this system of election.

Mr . Abdul Baqi Baluch : We have heard that you have been instructed not to allow any a election to be discussed here.

Mr . Speaker : That is absolutely wrong.

Mr . Abdul Baqi Baluch : and you are now proving it.

Mr . Speaker : The member may please take his seat; I am conducting the debate according to the Rules of Procedure.

راؤ خورشید علی خان — جناب میں نے صفحہ ۳۸ پر نوٹ کیا تھا ۔

Grant of additional funds in Connection with the election work in West Pakistan.

مسٹر سپیکر — راؤ صاحب ۔ یہ کونسے صفحے پر ہے ۔

راؤ خورشید علی خان — جناب یہ صفحہ ۳۸ پر ہے ۔

Grant of additional funds in Connection with election work in West Pakistan.

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر محدود سسٹم .....

مسٹر سپیکر ۔ راؤ صاحب ۔ یہاں یہ بات clear نہیں کہ یہ Presidential Election کے متعلق ہے یا کسی اور چیز سے متعلق ہے ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ جناب ۔ یہ تو Presidential Election کے متعلق ہی ہے ۔ اگر یہ کسی اور الیکشن کے متعلق ہو سکتا ہے ۔ تو میرے دوست ہمیں بتائیں کہ یہ فلاں الیکشن کے متعلق ہے ۔ اس صورت میں ہم اسے چھوڑ دیتے ۔ اس سے زیادہ اور کیا اشارہ ہو ۔ یہ تو الیکشن کے متعلق ہے ۔ اور پھر اس میں Confrontation Meetings کے اخراجات بھی شامل ہیں ۔

تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر ہمارے ملک میں محدود Franchise نہ ہوتی تو قوم اپنا فیصلہ دے چکی تھی ۔

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Wattoo) : With your permission Sir, I have to make a submission.

یہ تو جناب پچھلے سال کے متعلق تھا ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ جناب پچھلے سال تو Confrontation Meetings نہیں تھیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ Schedule I دیکھئے ۔

وزیر تعلیم ۔ بات یہ ہے کہ یہی صفحہ ۳۷ سے شروع ہوتی ہے ۔

"Statement of expenditure from the Provincial Consolidated Fund under the authority of 'Contingency Item' for the year 1963-64 submitted to the Legislature under Article 45 (3) and (4) of the Constitution."

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میرے دوست کا حوالہ درست نہیں ۔ یہ صفحہ ۳۳ ہے یہاں Item نمبر ۱۱۵ دیکھئے ۔

"Grant of additional fund in connection with the meeting of Travelling Allowance Dearness Allowance expences of electoral College, attending the Confrontation Meetings at Lahore, Multan Hyderabad and Karachi:

Lahore	...	1,56,000.
Multan	..	2,00,000.
Hyderabad & Karachi..		1,70,000. "

مسٹر سپیکر ۔ یہ کونسے صفحے پر ہے ؟

Minister of Education : Item No ?

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ جناب صفحہ ۳۳ Item نمبر ۱۱۵ ہے ۔ اور اب appendix کے شروع میں دیکھئے ۔

"Statement of expenditure from the Provincial Consolidated Fund under the authority of the 'Contingency item' for the year 1964-65, submitted to the Legislature under Article 45 (3) and (4) of the Constitution."

اب تو کوئی اعتراض نہیں ۔ اگر ہو تو اسے بھی رفع کر لیں ۔

سردار عنایت الرحمن خاں عباسی ۔ یہ تو جناب اپنا بخار اتار رہے ہیں ۔

راؤ خورشید علی خاں ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر یہاں بلقسمتی سے Limited Franchise نہ ہوتی ۔ تو قوم

آزادانہ طور پر اس بات کا فیصلہ کر چکی تھی کہ وہ تمام کی تمام مادر ملت کے ساتھ ہے ۔

اب اگر Limited Franchise کی وجہ سے عوام کی خواہشات کو اس طرح روکنے کی کوشش کی گئی تو جناب سپیکر میں بڑے ادب سے عرض کروں گا ۔ پارٹی affiliation اور جذبات کے تحت نہیں بلکہ قوم اور ملت کے عظیم تر مفاد کے تحت عرض کروں گا کہ اگر کسی ملک میں ایسی صورت حال پیدا کر دی جائے کہ عوام کی امنگوں اور خواہشات کے راستہ میں رکاوٹ ڈال دی جائے تو خدانخواستہ وہ ملک تباہی اور بربادی سے دو چار ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا — اس لئے ہمیں اپنے دل و دماغ سے اس بات کا جائزہ لینا چاہئے کہ عوام کی امنگوں اور خواہشات کے راستہ میں رکاوٹ ڈالنے سے کیا حشر ہوگا — آپ کو معلوم ہوا ہے کہ ملک کے حکمرانوں اور رعایا کے درمیان خوشگوار تعلق نہیں رہا ۔ عوام تو برملا کہتے رہے ہیں کہ اس طریق انتخاب سے ایک حکمران طبقہ ہم پر مسلط ہو گیا ہے اور ہماری امنگوں اور خواہشوں کی پروا نہیں کی گئی بلکہ غلط راستہ سے اس طبقہ کو لایا گیا ہے ۔ جس طریقہ سے یہ الیکشن ہوئے ہیں وہ غلط ہے اس سے ہماری اس بات کو تقویت پہنچتی ہے — یہ ملک ہم نے اپنی قربانیوں سے حاصل کیا تھا — اس لئے وہ اس کو اپنی مرضی سے نہیں چلا سکتے ۔ ہر شخص جانتا ہے کہ اس الیکشن میں official pressure دھن ، دھونس اور دھاندلی حائل ہو گئے ، غنڈہ گردی حائل ہو گئی — پولیس اور دوسرے افسران انتظامیہ عوام کی امنگوں اور خواہشوں کے راستہ میں حائل ہو گئے اور عوام کی باتوں کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی ان کی حالت کو بہتر بنانے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی ۔ یہ ملک ایک فرد واحد کی میراث اور جائداد نہیں ہے ۔ یہ ملک یہاں کے تمام شہریوں کی ملکیت ہے ۔ اور اس ملک میں ایک شخص کی مرضی سے کام نہیں چلے گا ۔ بلکہ عوام کی مرضی سے حکومت کا انتظام چلے گا — عوام کی مرضی سے حکومت بدلے گی اور انہیں کی مرضی سے حکمران بدلیں گے ۔ آپ لوگوں کو اب اس بات کا تجربہ ہو گیا ہے اور آپ نے دیکھا ہے کہ عوام کی اصل خواہش کیا ہے ۔

اس وقت تک ہمارا مستقبل بالکل بھیانک اور تاریک ہے اور چاروں طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہے ۔ اس لئے اس کو دور

کرنے کے لئے ابھی سے انتظام کرنا چاہئے ورنہ پانی سر سے گزر جائے گا ۔ آپ اس کا ابھی سے جائزہ لیں ۔ اور دیکھیں تو آپ کے دل اور دماغ اس امر کی شہادت دیں گے عوام کی اصل خواہش کیا ہے ۔الیکشن کے دنوں میں عوام کے جلسوں اور جلوسوں سے جو مظاہرہ ہوا ہے اس کی روشنی میں جلد از جلد Limited Franchise کو بدل کر Direct Elections کے Basis پر انتخاب کا اہتمام کرنا چاہیئے اس میں سب کی خیریت ہے اور اسی میں سب کی بھلائی ہے۔

اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ الیکشن کے دوران میں بے شمار حالات اخباروں کے ذریعہ لوگوں تک پہنچے لیکن چند باتیں نمونہ کے طور پر میں یہاں بھی عرض کروں گا اور جن کے متعلق میں ایک حد تک یہ کہہ سکتا ہوں کہ میرا ذاتی تجربہ ہے اور جن کے اندر کوئی مبالغہ یا کسی غلط بیانی کا قطعاً کوئی شائبہ نہیں ہو سکتا ۔ وہ یہ ہیں کہ جب ہمارے ورکرز Canvassing کے لئے جاتے تھے ۔ تو اکثر مقامات پر ان کو پولیس کے ملازمین ملتے تھے ۔ جو لوگوں کو ہمنوا بنانے کی کوشش کرتے تھے ۔ ہمارے ورکرز نے ہمیں بتایا ہے کہ لوگ ہماری باتیں سنتے تھے اور ان پر کان دھرتے تھے ۔ لیکن یہ کہتے تھے کہ ہم کیا کریں ۔یہاں تو تحصیلدار صاحب اور تھانیدار صاحب نے ہمارا ناک میں دم کر رکھا ہے۔ وہ ہمیں دھمکیاں دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ صدر ایوب نہ تو ووٹ کے ذریعہ سے آئے ہیں اور نہ ہی ووٹ کے ذریعہ جائیں گے ۔اس لئے ضمیر کی بات کو چھوڑو اس کا ذکر فضول ہے۔ جب اس قسم کی دھمکیاں دی جاتی ہوں تو ہم مجبور ہیں ہم ان کی ناراضگی مول لینا نہیں چاہتے کیونکہ اس طرح ہماری عزت ، جان و مال اور کوئی چیز محفوظ نہیں ۔ اور ایسی حالت میں ہم کچھ نہیں کر سکتے ۔ ہمارے ورکرز اپیل کرتے تھے کہ آپ ہمت نہ ہاریں ڈرنے کی کوئی بات نہیں ۔ یہ ووٹ ایک مقدس امانت ہے ۔ اگر اس کو کسی لالچ یا ڈر کی وجہ سے استعمال کیا گیا تو یاد رکھو کہ اسی کے نتائج تم لوگوں کو بھگتنے پڑیں گے ۔ لیکن ان بیچاروں کو اس بات سے ڈرایا گیا ۔ کہ اگر ان کی خواہش کے

مطابق ووٹ نہ دیا تو ہر وقت جوتا چلے گا ۔ بعض کو تو یہ کہا گیا ہے کہ تمہارے گھوڑی پال سربمہر اور بکری پال اور گائے پال سربمہر ضبط ہو جائیں گے ۔ یا فلاں الاٹ مینٹ ختم کر دی جائے گی مگر وہ بیچارے تو کہتے تھے کہ ہم مجبور ہیں کمزور ہیں ہمارا کوئی Status نہیں کہ ہم پولیس کے حکام کے دباؤ کو خاطر میں نہ لائیں ۔ واقعہ یہ ہے کہ اور قسم کے حالات پیدا کر دئیے گئے تھے کہ وہ بیچارے مجبور ہو گئے ۔ آخری دو دنوں کے متعلق ہمارے ورکرز نے بتایا کہ جب وہ Canvassing کے لئے گئے تو ان کے پاس ٹرانسپورٹ کا کوئی انتظام نہیں تھا اس لئے وہ چاہتے تھے کہ کچھ گاڑیاں ان کو بھیج دی جائیں مگر ان کو ٹرانسپورٹ کی سہولت نہ مل سکی ۔ دوسری طرف انہوں نے دیکھا کہ پولیس کی گاڑیاں موجود تھیں اور وہ لوگوں کو لے جا رہے تھے ۔

جناب سپیکر ۔ جہاں ملک میں اس قسم کے حالات ہوں اور صدارتی انتخاب کا فیصلہ کر دیا جائے تو ظاہر بات ہے کہ فیصلہ حق پر مبنی نہیں ہو گا ۔ اور اس سے عوام کو جائز حقوق سے محروم رکھا جائے گا ۔

اب میں اپنے دوستوں کے ذہن میں ایک اور بات لانا چاہتا ہوں کہ ملک کے عوام ابھی تک سیاسی باتوں کے لئے آئینی ذرائع پر اعتماد کرتے رہے ہیں ان کی ہمیشہ یہی خواہش رہی ہے کہ ملک کے لئے قیادت قطعاً آئینی اور قانونی ذرائع سے منتقل کی جائے ۔ اب جناب سپیکر جب ملک میں ایسے حالات پیدا کر دئیے جائیں اور تو آئینی اور قانونی ذرائع سے ملک میں کس طرح انتخاب ہو سکتا ہے ۔ اس طرح ملک کی حکومت نہیں بدلی جا سکتی ۔ اور نہ ہی حکام کو بدلا جا سکتا ہے ۔ سپیکر صاحب پھر آپ ہی مجھے بتائیں کہ جب اس طرح کوئی حکومت عوام پر مسلط ہو جائے تو لوگ کس طرح اس حکومت کو تبدیل کریں ۔ پھر اگر حکومت میں تبدیلی لانا چاہیں گے تو آخری بات مار دھاڑ ' اکھاڑ پھینک خوف ڈر اور فتنہ فساد ہوگا ۔ لوگ مجبور ہو جائیں گے ۔

وزیر زراعت (ملک قادر بخش) — ایسی تلقین آپ ہی کی طرف سے ہوتی رہی ہے ۔ پریس میں موجود ہے ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ ہماری طرف سے کبھی فتنہ فساد نہیں ہوا ۔ کیا آپ یہ بات ثابت کر سکتے ہیں ۔ میں چیلنج کرتا ہوں آپ کسی ایک بات کا ثبوت لائیں ۔ آپ تو محض خود ذلیل ہو کر اس قسم کے الزامات لگاتے ہیں ۔ البتہ میں یہ بات ثابت کرنے کو تیار ہوں کہ موجود قیادت مسلط کرنے کے لئے کیا کچھ کیا گیا ۔ جس سے آپ کو شرم آنی چاہئے تھی ۔ ذلیل مقاصد کے لئے بڑے بڑے جھوٹ سے گریز نہیں کیا گیا ۔ ہم نہیں چاہتے کہ اب ملک میں اس قسم کا کھیل کھیلا جائے ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس قسم کی باتوں سے حق کے قافلے کو مخالفوں کے وسائل نہیں روک سکتے ۔

مسٹر احمد میاں سمرو ۔ جناب شرم نہیں آئی، یہ unparliamentary الفاظ ہیں ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ جناب سپیکر میں یہ عرض کر رہا تھا خدانخواستہ اگر لوگوں کے ذہنوں میں یہ بات پید ہونے لگی کہ اس ملک میں آئینی قانونی ذرائع سے اور جمہوری طریقے سے اور لوگوں کی آزاد رائے سے انقلاب نہیں لایا جا سکتا اور غلط حکمرانوں کو نہیں بدلا جا سکتا تو میں یہ کہتا ہوں کہ یہ چیز ملک کی تاریخ میں سیاہ ترین باب کا آغاز کریگی ۔ عراق کے اندر مصر کے اندر شام کے اندر جو آئے دن خونی انقلاب آتے ہیں وہاں کسی کی عزت جان و مال اور کوئی چیز محفوظ نہیں ہے ۔ حکمرانوں کا خون بہا دیا جاتا ہے ۔ ان کے سر اتار لئے جاتے ہیں ۔ میں پوری سنجیدگی اور ٹھنڈے دل و دماغ کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ خدا ہمارے ملک کو اس صورت حال سے بچائے لیکن ظاہر بات ہے کہ محض دعاوں سے کام نہیں چلتا جب تک کہ صحیح سمت اپنے عمل کا رخ نہ موڑیں تو میں اپنے حکمرانوں سے درخواست کرنا چاہتا ہوں کہ یہ حکمرانی کے نشے میں مخمور ہو کر ملک کے مستقبل کے متعلق اپنی آنکھیں بند نہ کریں اسکا خمیازہ ملک ہی کو نہیں بلکہ آپ کو بھی بھگتنا پڑیگا ۔ چونکہ آپ پہلے ذمہ دار ہیں اسلئے ہو سکتا ہے کہ خدا نخواستہ آپ کو ہی بھگتنا پڑے ۔ میں آپ سے آپ کی خیر خواہی کے جذبے کے تحت آپ کے اپنے نفع اور بھلائی کیلئے یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ آپ حالات سے سبق سیکھیں پیشتر اسکے کہ پانی سر سے گزر جائے ہمیں اپنے عمل کا تجزیہ کرنا چاہیے اور غلط طرز عمل کو ختم کرنا چاہئے ۔

مسٹر اچون خان جدون ۔ جناب چونکہ بجٹ پر بولنے کیلئے ایک ہی دن ہے ۔ آپ ٹائم مقرر کر دیں ۔ اور لوگ بھی بولنا چاہتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ صورت یہ ہے کہ اس مسئلہ پر میں نے لیڈر آف دی آپوزیشن سے دریافت کیا تھا وہ یہ چاہتے ہیں کہ ہمیں دو گھنٹے دے دئے جائیں جتنے انکے بولنے والے ہوں گے وہ اس دو گھنٹے میں بول لیں گے اور پھر ڈھائی گھنٹے آپ کی پارٹی کو دے دئے جائیں گے ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ جناب میں آخر میں یہ بھی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ایک مسلمان کی حیثیت سے میرا خیال یہ ہے ۔ کہ ان دنیاوی اسباب سے بالا تر بھی ایک طاقت ہے ۔ لیکن یہ ہو سکتا ہے کہ ایک گروہ مادی وسائل اور ذرائع کو جمع کر سکتا ہے اور اس قسم کے وہ حربے استعمال کر سکتا ہے اور وہ اپنے مقصد کو پورا کرنے کیلئے جائز اور ناجائز قوتیں استعمال کر سکتا ہے اور رستے میں رکاوٹیں ڈال سکتا ہے اور اپنا ناجائز تسلط برقرار رکھ سکتا ہے لیکن تنگ آمد بجنگ آمد کے مصداق مادی اسباب کا نتیجہ اچھا نظر نہیں آتا ہے ۔ اب میں ان کو ایک اور چیز کی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں ۔ ایک مسلمان کی حیثیت سے ہمیں یہ بھی جائزہ لینا چاہیے کہ اگر قوم اور ملک کے راستے میں کوئی رکاوٹیں ڈال رہا ہے اور شاید متحدہ حزب اختلاف کے وسائل اور ذرائع اس کے مقابلے میں اتنے زیادہ نہ ہوں تو میں ان کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ کم سے کم ایک مسلمان کو یہ خیال رکھنا چاہیے ایک بالا قوت اور طاقت سے اسے ڈرنا چاہیے اور وہ اللہ کی طاقت ہے جسنے یہ مخلوق پیدا کی ہے ۔ جناب سپیکر وہ اس مخلوق کے اندر ایک ہی حد تک بگاڑ کو گوارا کرتا ہے لیکن جب بگاڑ حد سے زیادہ بڑھنے لگے تو وہ بالا طاقت اور قوت پھر حرکت میں آتی ہے اور پھر وہ ایسا کرے گی کہ ایسے لوگوں کو خس و خاشاک کی طرح بہا دے گی لہذا ان کو اصلاح احوال کی کوشش کرنی چاہیے ۔

اس کے بعد جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس Presidential الیکشن کے نتیجے کے بعد کراچی میں جشن منایا گیا حد کے اندر جشن منایا جائے تو ہم اس پر اعتراض نہیں کریں گے ایک مسلمان کی حیثیت سے جب مسلمان قوم کو فتح حاصل ہوتی ہے تو وہ اللہ کے سامنے گڑگڑاتی ہے اپنے گناہوں کی معافی مانگتی ہے

اور کمزوریوں سے بچنے کی توفیق مانگتی اور آئندہ بہتر کردار پیش کرنے کا عہد کرتی ہے لیکن ہمارے یہاں کیا ہوا کراچی میں جب Presidential الیکشن میں فتح کے نتیجہ میں جشن منایا گیا تو وہاں غنڈوں اور بدقماش لوگوں اور بدمعاشوں اور تمام معاشرے کے برے عنصر کو کھلی چھٹی دے دی گئی تا کہ وہ لوگ جنہوں نے مادر ملت کو سپورٹ کیا ہے انکی گردنیں توڑ دیجائیں انکا خون بہا دیا جائے انکو تباہ برباد کردیا جائے اور ایسے لوگون کو اس ملک مین زندہ رہنے کا کوئی حق نہیں ہے ۔

Mr. Speaker: Rao Sahib may please finish his speech within one minute.

راؤ خورشید علی خان— بہرحال میں یہ گزارش کررہا تھا کہ ایسے لوگ اخلاقی قدرون کو دیں پامال کر دیں گے اور ایسا کرنا خدا کے غضبکو دعوت دینے کے مترادف ہے ۔ مین آپ کی خیر خواہی کیلئے عرض کرتا ہون کہ آپ اصلاح احوال کی کوشش کریں ۔

وآخر دعوناعن الحمد للہ رب العالمین

سردار عنایت الرحمن خان عباسی (ہزارہ - ۱) — صدر گرامی اس ضمنی بجٹ پر ہمارے واجب الاحترام ادھر کے ساتھی کئی روز سے پریشان ہیں اور جناب ہم اس تاڑ میں تھے کہ ان کے ارشاد گرامی کو سننے کے بعد ہم بھی کچھ کہہ سکیں گے لیکن اپنے واجب‌الاحترام دوست راؤ صاحب کے ارشادات اور صوفیانہ کلام جو انہوں نے اس ہاؤس کے اندر ارشاد فرمایا اس کے سننے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ دراصل ضمنی بجٹ کا تو نام ہی تھا اس پر کسے ڈسکس کرنا تھا اپنی کانسٹی چوایئنسی کے عوآم کی نمائندگی کسے کرنا تھی اور کسے فائدہ پہنچانا تھا ۔ اس بجٹ کے ذریعہ وہ دل کا بخار اتارنا چاہتے تھے ۔ اور الیکشن کو discuss کرنا چاہتے تھے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ وہ اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر کہیں کہ یہ اسمبلی ایڈجرن ہونے سے پہلے بھی یہاں ملی تھی انہوں نے کتنے بڑے بڑے دعوے ان بنچوں پر بیٹھ کر کئے تھے کیا وہ سارے بھول گئے ہو ۔ کیا وہ یاد نہیں ۔ وہ کہہ چکے تھے اور اس حد تک مظاہرہ تھا کہ دو تاریخ کے بعد ہم سے پوچھ رہے تھے کہ آپ لوگ کہاں ہونگے ۔ آپکا وجود نہیں ہوگا ۔ وزراکرام کی طرف اشارے کر کرکے وہ یہ کہہ رہے تھے کہ آپ دو تاریخ کے بعد اپنے لئے کوئی دوسرا مقام تلاش کریں ۔ میں انکی خدمت میں یہ عرض کردوں ۔ اور کیلئے الفاظ

میں کہ اگر وہ اس ملک کے لئے جمہوریت چاہتے ہیں تو انہیں اپنے ذہنوں کو بھی جمہوری رکھنا چاہئیے ۔ انکو اکثریت کے فیصلے کے سامنے سرتسلیم خم کرنا چاہئے ۔ میرے پاس اس امر کا ثبوت موجود ہے اور میں اس امر کو On the floor of the House چیلنج کرتا ہوں کہ محترمہ فاطمہ جناح کے پولنگ ایجنٹ نے جو کہ میرے پاس بیٹھا ہوا تھا اس نے تحریری لکھ کر اس امر کی تصدیق کی کہ اس ملک کی تاریخ میں پہلی بار غیر جانبدارانہ الیکشنز ہوئے ہیں ۔ (آوازیں ہیئر ہیئر) اور مجھے یہ یقین تھا کہ وہ اپنے اس اصول کی پیروی کرتے رہتے ہیں اور جمہوریت جسے وہ کہتے ہیں بہتر یہی تھا کہ وہ اس جنگ کو جمہوری طریقہ سے جاری رکھتے اور اس امر کا اعتراف کرتے کہ صدر ایوب نے باوجود اس امر کے کہ پاکستان کا اقتدار اس کے ہاتھ میں تھا انہوں نے جس قدر ہو سکا ان انتخابات کو غیر جانبدارانہ بنانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا ۔

Khwaja Muhammad Safdar : Question—

سردار عنایت الرحمن خاں عباسی — محترمہ فاطمہ جناح کے پولنگ ایجنٹ کی تحریر میرے پاس ہے میں نے چیلنج کیا ہے اور میں وہ تحریر آپکی خدمت میں پیش کر سکتا ہوں اس سے بڑا ثبوت میں اور کیا دے سکتا ہوں ۔ ہم گھبراہٹ میں نہیں ہیں ۔ آپکو ان باتوں پر غور کرنا چاہئیے ۔ آپ جس جمہوریت کی دعوے داری کر رہے ہیں اور جس طرح کی جمہوریت کا واسطہ آپ ہمیں اور قوم کو دے رہے ہیں وہ آپکو ہی مبارک ہو اپنی گزشتہ زندگی پر نظر کیجئیے ۔ وہ کونسی جمہوری حکومت تھی وہ کونسا جمہوری طریقہ کار تھا جس میں چودھری محمد علی اس ملک کے وزیر اعظم بنے تھے کیا آپ بھول گئے ہیں ۔ کیا آپکو ایسی باتیں یاد نہیں ہیں ۔ کہ کس ادارے نے انکو منتخب کیا تھا ۔ آپ اس پر بھی غور کیجئیے کہ خواجہ ناظم الدین مرحوم کس طرح اس ملک کے وزیراعظم بنے تھے ۔ مجھے تو آج تک وہ الفاظ یاد ہیں ۔ خواجہ ناظم الدین صاحب مرحوم اس ملک کے گورنر جنرل تھے ۔ میں انکا زیادہ ذکر کرنا مناسب خیال نہیں کرتا اور نہ کرنا چاہتا ہوں ۔ میں کیا کہوں اور کیا کروں یہ باتیں ایسی ہیں کہ آج ہمیں مجبور کر دیتی ہیں کہ ہم یہ باتیں کہیں اور آپکے کانوں تک اور آپکے دماغوں تک میں یہ باتیں داخل کر دوں ۔ کہ لوگوں کو جمہوریت کی آڑ میں بیوقوف بنایا جا رہا ہے ۔ کیا آپ وہ دن بھول گئے ہیں کہ خواجہ ناظم الدین مرحوم اس ملک کے

گورنر جنرل تھے - چار آدمی ایک جگہ بیٹھ گئے اپنے قلم سے خود تحریر فرماتے ہیں کہ میں خواجہ ناظم الدین تم خواجہ ناظم‌الدین کو حکم دیتا ہوں - وہ تھے وزیر اعظم پاکستان کے - کیا یہی جمہوریت آپ چاہتے ہیں اس ملک کے لئے ؟ اس جمہوریت میں آپ نے کتنی بار انتخابات کرائے آپ ایک انتخاب کی مثال دے دیں - صدر ایوب نے تو اپکے لئے انتخابات کا ایک محکمہ فراہم کر دیا ہے۔ آپ جمہوریت کی آڑ میں لوگوں کو بیوقوف بناتے ہیں - آپ نے جمہوریت کی آڑ میں جو کچھ بھی اس ملک کی خدمت کی وہ آج بھی ہم جانتے ہیں - ہمارے طالب علم بچے جنہوں نے کل اس ملک کی ہر چیز کی قیادت کرنی ہے اس ملک کی رہنمائی کرنی ہے آپکی وجہ سے اور آپکی بدولت آپکی طفیل آج انکے کیسے حالات ہو چکے ہیں - ان طالبعلموں کی نسبت کبھی آپ نے اس بات پر بھی غور کیا ؟ ان بدنام سیاست دانوں نے ان بچوں کو باہر گھسیٹا اور انکی تعلیم discontinue ہو گئی آپ نے کیا کبھی اس بات پر غور کیا ہے یہ طلبا جو ان کالجوں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں انہوں نے مظاہرے کئے اور ان میں سے ۸۰ فیصدی طالبعلم ایسے ہیں جنکے ماں باپ ننگے اور بھوکے رہتے ہیں - مگر وہ اپنے بچوں کو کالجوں میں تعلیم دلوا رہے ہیں - آپ اس بات پر غور کیجئیے کہ کیا اس طریق سے انکی تعلیم ضائع نہیں ہوئی - میں عرض کرتا ہوں کہ انکے لئے ذرائع مہیا کئے جائیں انکے لئے ذرائع تلاش کئے جائیں اس کا یہ مقصد نہیں ہے کہ آپ اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لئے جو ذریعہ آپکے دل میں آئے وہ آپ استعمال کریں - حتے کہ اگر کسی وقت اپنی ماں کو بھی قربان کرنا پڑے تو اسکو بھی قربان کر دیا جائے میں ایسی جمہوریت کا ہمنوا نہیں ہوں - اور نہ میں ایسی جمہوریت کا خواہاں ہوں - اور نہ میں چاہتا ہوں کہ کبھی ایسی جمہوریت اس ملک میں رائج ہو - خدا کے لئے غور کریں کیونکہ یہ غور ہی کا مقام ہے اور میں آپکو واضح کر دوں - کہ آج آپکا ملک جن باتوں سے دو چار ہے آپکے دشمن ملک کے اندر اور ملک کے باہر منہہ کھولے آپکے ملک کیطرف دیکھ رہے ہیں - بیٹھ کر صلاح مشورہ کیجئیے اور اس ملک کی بہتری اور بھلائی کے لئے کوئی فکر کیجئیے یہ طریقہ کار درست نہیں کہ جتنی برائی کے ذرائع ہو سکیں آپ انکو تلاش کرنے کی کوشش کریں اور الزام تراشی کر کر کے ایسی جمہوریت کا راگ الاپیں - ہم بھی دیکھ چکے ہیں اور ہمارے عوام بھی دیکھ چکے ہیں کہ جمہوریت کس کو کہتے ہیں - میں آپ سے

پوچھتا ہوں کہ کل ہی تو حق بالغ رائے دہی کے اصول پر جمہوریت کے انتخابات ہوئے ۔ کسی نے کسی پر جبر کیا ایسے لوگوں کو ووٹ دیکر انکے نمائندے منتخب کئے میں آپ سے پوچھتا ہوں اور مجھے یہ فخر حاصل ہے کہ میں ایک عوام کی Constituency سے منتخب ہو کر آیا ہوں میں نے عوام سے ووٹ حاصل کئے ہیں ۔ آپ میں سے کتنے ہیں جنہوں نے جمہوریت کا الیکشن لڑا یا آپ بالغ رائے دہی کے اصول کے خواہان ہیں کتنے ہیں آپ میں سے جنہوں نے اپنا بکس بی ڈی کے ووٹ کے لئے رکھا یا آپ نے الیکشن لڑی ۔ یہ چکنی چپڑی باتیں ہیں جو کبھی آپ انہیں سناتے ہیں کبھی عوام کو سناتے ہیں ۔ میں انسانیت کے نام اور ملک کی عظمت کے نام پر اپیل کرتا ہوں کہ اس کی بھلائی کے لئے جمہوری طریقہ کار استعمال کیجئیے وہی بہتر ہو گا ۔

مسٹر مبین الحق صدیقی (کراچی ۔ ۷) — جناب سپیکر ۔ آج اس میزانیہ پر وزیر خزانہ کو مبارکباد جب میں پیش کرتا ہوں تو ساتھ ہی ساتھ دوسری طرف کراچی میں جو فسادات ہوئے ہیں ۔ جس طرح بھائی نے بھائی کا قتل کیا ہے جس طرح جھگیاں جلائی گئی ہیں جس طرح دوکانیں لوٹی گئی ہیں اور جس طرح فرقہ وارانہ عنصر کو ہوا دی گئی ہے اور جس طرح کہ اس کو سیاسی رنگ دیکر بھائی کو بھائی سے لڑایا گیا ہے اور اس میں ایک فرقہ وارانہ شکل پیدا کی گئی ہے ۔ جب میں ان واقعات کو دیکھتا ہوں سوچتا ہوں تو دل گہرے رنج میں ڈوب جاتا ہے ۔ جہاں تک ان فسادات کا سوال ہے کہ ان میں کون شرپسند عنصر ہے جس نے زیادتی کی ۔ کسطرفسے ہوا دی گئی اور ان فسادات کی ذمہ داری کن پر ہے تو اس سلسلے میں قبل از وقت کچھ زیادہ کہنا اس لئے مناسب نہیں سمجھتا کیونکہ انکوائری کمیٹی اس سلسلہ میں تحقیقات کے لئے بیٹھ گئی ہے ہم نے مطالبہ کیا تھا کہ جوڈیشل انکوائری کی جائے اور ہائی کورٹ کے ایک جج کا تعین کیا جائے ۔ بہر حال انکوائری کمیٹی جو پراونشل گورنمنٹ نے اس سلسلے میں بٹھائی ہے مجھے امید ہے کہ وہ تمام واقعات کو دیکھے گی اور میں عوام سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ وہ تمام واقعات اس کمیٹی کو بتائیں ۔ گواہیاں

پیش کریں اور میں یقین رکھتا ہوں کہ جن حضرات نے ان فسادات کو ہوا دی ہے اور جنہوں نے انسانیت سوز مظالم ڈھائے ہیں خواہ وہ کسی پارٹی سے تعلق رکھتے ہوں ان کو سخت سزائیں دی جائیں گی اور شرپسند عناصر کا سر کچل دیا جائے گا۔

جناب والا اس مسئلہ کا حل یہ قطعاً نہیں ہو سکتا۔ میں اس علاقہ سے تعلق رکھتا ہوں اور میں نے وہ سب کچھ اپنی آنکھوں کے سامنے ہوتے دیکھا ہے جو کچھ ہوا۔ کس طرح خانماں برباد لوگ پڑے ہیں۔ جن کے پاس نہ کھانے کے لئے کچھ ہے۔ نہ پہننے کے لئے کپڑا ہے۔ بہت سی مائیں بیوہ ہو گئی ہیں۔ بہت سے بچے یتیم ہو گئے ہیں۔ بہت سے لوگ زخمی پڑے ہوئے ہیں حالات بہت خراب ہیں۔ میں صوبائی حکومت سے اپیل کرتا ہوں کہ کم از کم ۳۰ لاکھ روپے کی رقم ان لوگوں کے لئے مختص کر دی جائے تاکہ ان کے جانی اور مالی نقصان کی کچھ تلافی ہو سکے۔ مجھے امید ہے کہ ہمارے وزیر خزانہ جو ہمیشہ ایسے واقعات اور معاملات میں دلچسپی لیتے ہیں اور عوام سے ہمدردی رکھتے ہیں وہ کراچی شہر کے اس مسئلہ پر ضرور توجہ فرمائیں گے۔ اس خصوصی رقم کے سلسلہ میں ہدایت دی جائے کہ جو جانیں ضائع ہوئی ہیں۔ جن لوگوں کا جانی اور مالی نقصان ہوا ہے ان کے لئے یہ رقم مختص کر دی جائے۔

اس کے بعد میں دوسرے مسئلہ پر سٹوڈنٹس کے مسئلہ پر کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ ہمارے ملک میں آئے دن طلبہ کی طرف سے ایجی ٹیشن جاری رہتی ہے۔ طلبہ کے مسئلہ کے اوپر ملک کے مختلف حصوں کے مطالبات پیش کئے جاتے ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ سب مطالبات درست ہوتے ہیں۔ جہاں ایک طرف طلبہ کا یہ فرض ہے کہ وہ سیاست میں حصہ نہ لیں اور ان کو جس طرح سیاسی طور پر استعمال کیا جاتا ہے میں اس کی مذمت کرتا ہوں وہاں دوسری طرف میں یہ بھی کہوں گا کہ ہماری حکومت کو طلبہ کے مطالبات پر ہمدردی سے غور کرنا چاہئے۔ آخر یہ کیا بات ہے کہ

مختلف یونیورسٹیوں کے بچے اور مختلف کالجوں کے طلبہ ایک ہی قسم کے مطالبات پیش کرتے ہیں - ایک ہی قسم کی demands پیش کرتے ہیں - ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم دیکھیں کہ ان کے مطالبات کہاں تک جائز ہیں - اور ہمیں ان کو منانے کے لئے کیا کرنا چاہیے - مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ حکومت نے اس سلسلہ میں ایک کمیشن بٹھایا ہے - مجھے امید ہے کہ وہ تمام واقعات کی روشنی میں طلبہ کے مطالبات پر غور کریں گے اور اس طرح جلد از جلد اس مسئلہ کا حل تلاش کیا جاسکے گا -

تیسرے ایک طبقہ اس ملک میں اساتذہ حضرات کا ہے - وہ بھی آئے دن سٹرائیک کے نوٹس دیتے رہتے ہیں - و بھی آئے دن کہتے ہیں کہ صاحب ہم سٹرائیک کرنے والے ہیں - ہمارے مطالبات تسلیم کیجئے - ہر ایک کی تنخواہ بڑھ گئی ہے آخر اساتذہ بھی اس ملک کا ایک طبقہ ہے جو خلوص نیت اور فرض شناسی کے ساتھ ملک کی اہم خدمت سر انجام دے رہے ہیں - ان کی تنخواہوں میں اضافہ کرنے کے لئے جلد از جلد اقدامات کرنے چاہئیں - اس سلسلہ میں میری ایک تجویز تھی جو میں پیش کرنا چاہتا ہوں - باقی تو یہ معاملہ Calculations کا ہے - جو وزیر خزانہ یا وزیر تعلیم صاحب بیٹھ کہ اعداد و شمار سے کریں گے - اس کے بغیر کچھ نہیں بتایا جا سکتا - میری تجویز یہ ہے کہ جیسے ریلوے کے ملازمین کو یہ سہولت حاصل ہے کہ ان کے بچے ریلوے میں ان کی فیملی کے ساتھ مفت سفر کر سکتے ہیں - اسی طرح اساتذہ کا جو طبقہ ہے - خواہ وہ پروفیسر ہوں یا لیکچرر یا ٹیچر ان کے بچے خواہ کسی ادارہ میں پڑھیں - ان سے کوئی فیس نہ لی جائے - اس سے انہیں کچھ تو تسکین قلب ہوگی - ورنہ آجکل تو لوگ یہ پیشہ اختیار کرتے ہوئے ڈرتے ہیں کہ اس قدر کم تنخواہ میں کیسے گزارہ ہوگا - بچے روٹی کہاں سے کھائیں گے - پہلے لوگ اس پیشہ کو قابل فخر سمجھتے تھے - قوم کی خدمت سمجھتے تھے - اب وہ اس پیشہ سے کنارہ کشی کرتے ہیں - کیونکہ تنخواہیں کم ہیں - گزارہ نہیں ہو سکتا اس لئے کم از کم انہیں یہ سہولت تو دے دی جائے ان کی سٹرائک کے بارہ میں جو اخبارات میں پڑھتے ہیں ان کے مطالبات کا بھی کچھ نہ کچھ حل نکالنا ہی پڑے گا -

چوتھی بات میں اس موقع پر اردو زبان کے بارہ میں کہنا مناسب سمجھتا ہوں - پہلے بھی بار بار کہہ چکا ہوں - کیونکہ اب نئی اسمبلیاں بنیں گی اس لئے پھر یہ کہنا مناسب سمجھتا ہوں کہ ہمیں اپنی زبان کو جلد از جلد سرکاری زبان بنانے کی کوشش کرنی چاہئے - اردو زبان سے سوتیلی ماں کا سا سلوک یہ مناسب نہیں - جب تک ہم اپنی قومی زبان کو نہیں اپنائیں گے - سرکاری زبان نہیں بنائیں گے - یاد رکھیں ہم آزادی کا مقصد حاصل نہیں کر پائیں گے - دنیا کی کوئی قوم اپنی ثقافت اور رسم و رواج کو نہیں بچا سکی ، جب تک اس نے اپنی زبان کی قدر نہ کی - اگر اس میں انہوں نے کوتاہی کی یا ان سے کمی ہوئی تو انہوں نے اپنے ملک کی ثقافت اور روایات کا پرچار کرنے میں کوتاہی کی - اس لئے ضروری ہے کہ ہم اپنی قومی زبان کی ترقی کے لئے کوشش کریں - اور جلد از جلد اردو کو سرکاری زبان بنا دیں -

اس کے علاوہ میں یہاں ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے متعلق بھی کئی بار کہہ چکا ہوں - کہ مغربی پاکستان میں طلبہ کے لئے سکالرز کے لئے رائٹرز کے لئے علماء کے لیے غرضیکہ یہاں کے تعلیمی مسئلہ کے حل کے لئے ویسٹ پاکستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن قائم کی جائے بہر حال یہ مسئلہ بڑا لمبا چوڑا ہے - میں اس سلسلہ میں آپ سے ایک تجویز پیش کرتا ہوں - جس پر جلد از جلد اور فوری طور سے غور ہو سکتا ہے - وہ یہ ہے کہ پانچ کروڑ کی رقم قرض حسنہ کے طور پر مختص کی جائے اور اس سے ایک ایجوکیشن فنڈ قائم کیا جائے - یہ رقم ان نادار طلبہ کو دی جائے - جو Talent رکھتے ہیں - اچھی ڈویژن حاصل کرتے ہیں - یا وہ طلبہ جو اپنے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے - جن کے والدین غریب ہیں - ایسی کیٹیگری مقرر کی جائے - مثلاً سو روپیہ تنخواہ پانے والے ملازمین اپنے بچوں کی تعلیم کا خرچ برداشت نہیں کر سکتے - ایسی سکیم بنائی جائے کہ اس پانچ کروڑ سے قرضہ حسنہ کے طور پر دیا جائے اور اس کے لئے باضابطہ ایکٹ بنانا چاہئے - تین چار سال میں جب

وہ بچہ بی - اے یا ایم - اے کر کے ملازمت اختیار کر لے تو اس سے وہ رقم مالیہ کی طرح وصول کی جائے - ہر ماہ اس کی تنخواہ سے مقرر رقم کاٹ لی جائے - اگر وہ نہ دے تو اس کی تنخواہ قرق کی جا سکے - اس کی جائداد قرق کی جا سکے - اس سے غریب طلبہ کو تعلیمی سہولت مل سکے گی -

چوتھے میں کراچی کے متعلق کہوں گا کہ وہاں ریفوجی کالونیز مثلاً لیاقت آباد ، لانڈی ، ڈرگ روڈ ، گولی مار بنا تو دی گئی ہیں لیکن ان میں کوئی سہولتیں نہیں دی گئیں مثال کے طور پر نیو کراچی میں ۳۰۰۰ هزار نفوس کی آبادکاری کے سلسلہ میں ایک منصوبہ بنایا گیا ہے - مگر وہاں کوئی طبی سہولت نہیں دی گئی - آج تک وہاں کوئی سکول نہیں - نہ پرائمری - نہ ہائی سکول -اور پچاس ساٹھ ہزار کی آبادی بنا دی ہے - آباد کر دی ہے - اسی طرح کے - ڈی - اے - نے لیاقت آباد کو ماڈل ٹاؤن بنانے کا ایک منصوبہ بنایا - کہ وہاں سڑکوں کو درست کیا جائے گا - اور دوسری سہولتیں بہم پہنچائی جائینگی - اور وہ ایسے ایک مثالی ٹاؤن بنائیں گے - لیکن وہ سکیم بھی آج تک رو بہ عمل نہ آ سکی - اسی طرح گولی مار میں سہ منزلہ عمارات بنانے کا منصوبہ بنایا - لیکن وہ سکیم بھی آج تک رو بہ عمل نہ آ سکی - ان لوگوں کی اس کالونی میں چھوٹی چھوٹی شکایات ہیں - جو کہ کوئی خاص شکایات نہیں ہیں - وہ شکایات کیا ہیں - وہ یہ ہیں - کہ ہمیں یہاں پر شفاخانے بنا دیں ہمیں تعلیم کی سہولتیں دیں - وہاں بجلی نہیں ہے - ہمیں بجلی دی جائے - پانی نہیں ہے - ہمیں پانی فراہم کر دیں - تو اسی قسم کے مطالبات ہیں - اگر آپ نے آبادیاں بنائی ہیں - تو ان کی ترقی کی طرف بھی توجہ دیں - اور اس قسم کی مراعات جو کہ ضروریات زندگی میں سے ہیں - ان کو مہیا کرنا ضروری ہے - اسی طرح لیاقت آباد میں ایک کالج کا قیام انتہائی ضروری ہے -

مسٹر حمزہ — پرائنٹ آف آرڈر - جناب مبین الحق صدیقی صاحب نے گولی مار کا ذکر کیا ہے - ہماری حکومت نے چار

اور پانچ تاریخ کو وہاں کے عوام پر کافی عنایات کی ہیں۔ اور ان عنایات کی موجودگی میں اب زیادہ عنایات و مراعات طلب کرنا ان پر زیادتی ہو گی۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

مسٹر مبین الحق صدیقی — حمزہ صاحب۔ میں جناب سپیکر کی وساطت سے عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ بد قسمتی سے ہمارے ہاں شالیمار نہیں ہے۔ اور ہر وزن شالیمار صرف گولی مار ہی ہے۔ اس لیے میں عرض کرتا ہوں۔ کہ ان غریب طبقات پر بحر خدا کچھ توجہ دیں۔ پیر الٰہی بخش کالونی میں ایک کالج کے قیام کی ضرورت ہے۔ اسی طرح پیر الٰہی بخش کالونی میں مارٹن روڈ ہے۔ وہاں کوئی ڈسپنسری نہیں ہے۔ لہذا وہاں ڈسپنسری قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح کورنگی ٹاؤن، لانڈھی اور دوسرے علاقوں میں بھی اسی قسم کی مراعات کی ضرورت ہے۔ اسی طرح جو رفیوجیز کانونیز کہلاتی ہیں۔ اگر آپ صحیح معنوں میں ان کو مراعات دیں۔ اور وہاں ڈیلوپمنٹ کر دیں۔ صحیح معنوں میں ڈسپنسریاں کھول دیں۔ نئے پرائمری سکول قائم کر دیں۔ نئے کالج کھول دیں۔ اور انہیں ضروریات زندگی مہیا کر دیں۔ تو کوئی وجہ نہیں ہے۔ کہ وہاں کسی کو اس قسم کی کوئی شکایت ہو اسی طرح لیاری کے باشندے ہیں۔ ان کے Lease کے مسائل ہیں۔ اور اس کے ساتھ ہی ساتھ ان کی ترقی کے ضمن میں دیگر مسائل بھی ہیں۔ ان کی طرف بھی توجہ دیں۔ آخری بات اس سلسلہ میں میں Hubb River Project کے متعلق کہونگا۔ میں وزیر خزانہ کا اس بات پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔ کہ پچھلے بجٹ میں انہوں نے Hubb River Project کے لئے ایک کروڑ روپے کی رقم مختص کی تھی۔ مجھے امید ہے۔ کہ آئندہ بھی اس کے لیے بڑی سے بڑی رقم مختص کی جائے گی۔ تاکہ اسی ہزار ایکڑ رقبہ زمین پر آبادکاری کا منصوبہ روبعمل آ سکے۔ اور عوامی مطالبات جلد از جلد پورے ہو سکیں۔ میں آخر میں یہ بھی عرض کرونگا۔ کہ کراچی میں ایک میڈیکل کالج کے قیام کی انتہائی ضرورت ہے۔ آپ جہاں دوسری جگہوں کے متعلق سوچ رہے ہیں۔ بہر خدا ہمارے شہر کو بھی ایک میڈیکل کالج اور ایک انجینئرنگ کالج دیں۔ آئندہ پنجسالہ منصوبے

میں کراچی شہر کو بھی مذکورہ ہر دو کالج دیدیں - یہاں کی ضروریات کو آپ بہر صورت پورا کریں - کیونکہ یہ بھی ایک بین الاقوامی شہر کی حیثیت رکھتا ہے - اس لئے یہاں کے مطالبات پر ہمدردی سے غور فرمائیں -

نوابزادہ افتخار احمد خاں (جھنگ — ۱) — صدر محترم پچھلے چھ ماہ میں ہمارے پاکستان کے مغربی صوبے میں جو تلخ اور ہولناک مناظر انسانی آنکھوں نے دیکھے ہیں - ان کو بیان کرنا جہاں مجھ پر فرض ہے - جہاں میرا یہ ایمان ہے - کہ انکو بیان کرنا ضروری ہے - وہاں آج مجھے یہ بھی احساس ہے - کہ اس بحث وتمحیص میں اور اس ایوان کے آخری ایام اور آخری دور میں ہمیں تلخی نہیں پیدا کرنا چاہیئے - میں اس بات کی کوشش کرونگا - کہ اپنی معروضات میں تلخی نہ آنے دوں - سختی نہ آنے دوں - اور کوئی بات ایسی نہ کروں - کہ جس سے کسی بھی معزز رکن کے کسی بھی معزز پارٹی کے جذبات و احساسات کو تکلیف پہنچے - اور اسے کوئی شکایت ہو - لیکن صدر محترم وہ واقعات ایسے ہیں - اور مجھے احساس ذمہ داری بھی ہے - کہ ان تمام واقعات کو ببانگ دہل کہا جائے - علی الاعلان کہا جائے - جو اس انتخابی مہم کے بعد آج ایک ہفتہ ہوا - ختم ہوئے ہیں - حکومت کی یہ مسلسل کوشش رہی ہے - اور یہ مسلسل جد و جہد رہی ہے - کہ جو دھاندلیاں جو بددیانتیاں اور جو زیادتیاں اس الیکشن کے دوران روا رکھی گئی ہیں ان پر پردہ ڈالا جائے - یہ ایک منظم کوشش ہے - یہ ایک منظم سازش ہے - کہ عوام کی نظروں سے ان تمام واقعات کو چھپانے کی کوشش کی جائے - جو اس الیکشن کے سلسلے میں روا رکھی گئی ہیں - لیکن صدر محترم مین نے غلط لفظ کا استعمال کیا ہے - میں نے اس انتخابی مہم کو جسے یہ لوگ الیکشن کی مہم کہتے ہیں - اور الیکشن کہتے ہیں - یہ الیکشن نہیں تھا - یہ صرف پولیس ایکشن تھا - میں بلا خوف تردید کہتا ہوں -

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) — Question — جناب والا ! کیا یہ بجٹ پر عام بحث کر رہے ہیں - وہ یہ سب کچھ الیکشن کمیشن کے لئے کہہ رہے ہیں - کہ بد دیانتی سے کیا گیا - اور پولیس ایکشن تھا - یہ سب کچھ انہیں کہہ رہے ہیں - یا ہمیں کہہ رہے - کچھ تو خدا کا خوف کریں - آپ انہیں گالیاں دے رہے ہیں - چیف الیکشن کمشنر تو سپریم کورٹ کے جج کے Status کا آدمی ہے - آپ انکو بددیانت کہہ رہے ہیں -

ذوالفقار احمد خان — جناب والا ! وہ سمجھتے ہی نہیں ہیں - کہ کیا بات ہوئی ہے -

وزیر خزانہ — میں سمجھ گیا ہوں - وہ کہتے ہیں - کہ یہ الیکشن بددیانتی سے ہوا ہے - پولیس ایکشن سے ہوا ہے - حالانکہ ان انتخابات کے بارے میں چیف الیکشن کمشنر کے یہ الفاظ ہیں - کہ It was the fairest election. اور آپ کہتے ہیں کہ بددیانتی سے ہوا ہے - اور آپ اسکو attack کرنا چاہتے ہیں I protest sir.

Mr. Speaker : The member can criticise the Provincial Government only.

ذوالفقار احمد خان (جھنگ) — صدر محترم - بلاوجہ میرے بزرگ قائدایوان ناراض ہو گئے - لیکن میں سمجھتا ہوں - کہ ان کی برہمی سے مجھے انگریزی کا وہ مقولہ یاد آتا ہے - کہ The lady protests too much

وزیر خزانہ — جناب والا - لیڈی والے تو وہ ہیں وہ غلط بیانی کر رہے ہیں - ہم تو مرد والے ہیں -

وزیر تعلیم — خود آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا -

وزیر خزانہ — Protest تو وہ خود کر رہے ہیں میں تو نہیں کر رہا ہوں -

ذوالفقار احمد خان — صدر محترم - شائد ان کو یہ احساس ہو گیا ہے - کہ اس تمام دھاندلی میں صدر محترم - میں سمجھتا ہوں کہ اخباری دنیا کو اور صحافت کی دنیا کو دھن ، دھونس ، دھاندلی اور خوف کے لئے کوئی اور الفاظ تلاش کرنا چاہیں - یہ الفاظ موجودہ الیکشن کو دھرانے کے لئے ، موجودہ الیکشن میں کی ہوئی کارگزاریوں کے لئے ، موجودہ الیکشن میں کی ہوئی سیاہ کاریوں کے لئے یہ دھن دھونس اور دھاندلی کے الفاظ لا یعنی اور کم معنی ہیں - میں اردو زبان دانوں سے اپیل کروں گا - کہ خدا کے لئے اس کو بیان کرنے کے لئے کوئی الفاظ تلاش کریں - کوئی نئے الفاظ بنائیں - دھن دھونس اور دھاندلی سے اس کی تشریح اور توصیف نہیں ہو سکتی - ان کی خوبیاں بیان نہیں ہو سکتیں - جو کچھ انہوں نے ان دنوں میں کیا ہے - لیکن صدر محترم مجھے اپنے دوستوں سے ہمدردی ہے مجھے اس شکست خوردہ پارٹی سے ہمدردی ہے - (قطع کلامیاں) -

وزیر خزانہ — شکست خوردہ اپنے آپ کو کہتے ہیں کسے کہتے ہیں - میں سمجھا نہیں ہوں (قطع کلامیاں) -

مسٹر سپیکر — آرڈر - آرڈر -

وزیر خزانہ — میں تمہاری ضمانتیں ضبط کرا دوں گا -

میر عبد الباقی بلوچ — پانچ لاکھ آپ بھی کھا گئے ہیں -

Mr. Speaker: The member may please take his s at.

نوابزادہ افتخار احمد خان — میں نے شکست خوردہ کا لفظ بغیر سوچے اور سمجھے ادا نہیں کیا - اگر الیکشن کی کامرانی - الیکشن کا نتیجہ آپ نے اس چیز سے اخذ کرنا ہے - کہ صوبہ اور ملک میں رہنے والے باشندے کس کے ساتھ ہیں تو فتح ہماری ہے -

وزیر خزانہ — ہندوستان کے رہنے والے ہندوستانی ان کے ساتھ ہیں - فتح انہیں کی ہے -

نوابزادہ افتخار احمد خان — اگر اس الیکشن سے مغربی پاکستان کے مغربی کونے سے مشرقی پاکستان کے مشرقی کونے تک کوئی چیز عیاں ہوئی ہے - اگر کوئی واضح فیصلہ ہوا ہے تو وہ یہ ہے کہ اس حکومت پر - اس آئین پر - اس آئین کے بنانے والوں پر عوام کو اعتبار نہیں ہے اس میں کوئی شبہ نہیں ہے - عوام کے فیصلے میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ جہاں بھی مادر ملت گئیں لاکھوں انسانوں کے ٹھاٹھیں مارتے سمندر اکٹھے ہوئے - جہاں وہ گئیں لوگوں نے ان کی آواز پر لبیک کہا - جہاں تک ووٹوں کا سوال ہے (قطع کلامی) سنئے میں ووٹوں کے متعلق بھی بتاتا ہوں - میں یہ بھی دعویٰ کے ساتھ کہتا ہوں اگر آپ منصفانہ اور آزادانہ انتخاب اسی بنیاد پر کرتے اپنے رولز کے مطابق - اپنے طریقے سے اگر آپ منصفانہ انتخابات کرتے تو میں دعویٰ کے ساتھ کہتا ہوں کہ آپکو عبرتناک شکست ہوتی -

وزیر خزانہ — Question میرا خیال ہے یہ بجٹ سیشن ہے - انہوں نے Swan song شروع کر دیا ہے - Let us discuss the budget آپ نے سب کچھ کہنا شروع کر دیا ہے - الیکشن کمشن اس کا انچارج تھا -

And we are discussing those things which are not within our purview to discuss.

مسٹر سپیکر - غالباً آپ اس وقت تشریف نہیں رکھتے تھے - آپکی کنٹنجینسیز آئٹم نمبر ۱۱۵ جو ہے اس میں یہ لکھا ہوا ہے -

Item No. 115 is-

Grant of additional funds in connection with the meeting of Travelling Allowance/ Dearness Allowance expenses of Electoral College attending the Presidential Confrontation Meetings at Lahore, Multan, Hyderabad and Karachi."

وزیر خزانہ — پریزیڈنٹ کے متعلق کچھ کہیں - وہ تو الیکشن کمشن کو رگڑ رہے ہیں -

نوابزادہ افتخار احمد خان — صدر گرامی میں پھر دھراتا ہوں اور نہایت ایمانداری کے ساتھ دھراتا ہوں کہ اگر الیکشن سے مراد اگر الیکشن سے مقصد یہ ہوتا ہے کہ عوام کا اعتماد دیکھا جائے کہ کس پر ہے تو عوام نے فیصلہ دے دیا ہے - اور اگر اسکے باوجود بھی یہ کہتے ہیں کہ ۸۰ ہزار کا اعتماد کس کو حاصل ہے تو میں یہ بھی آپ کو بتاتا ہوں - میں اس سے بھی پردہ اٹھاتا ہوں اور بتاتا ہوں کہ آپ کو ۸۰ ہزار کا بھی اعتماد حاصل نہیں ہے - جس طریقے سے آپ نے ووٹ حاصل کئے ہیں - جس طریقے سے آپ نے لوگوں کو ووٹ دینے اور پرچیاں ڈالنے کے لئے مجبور کیا ہے وہ کوئی چھپی ہوئی بات نہیں ہے - آپ کے چھپانے سے واقعات نہیں چھپتے - لوگوں کی زبانیں بند کرنے سے زبانیں بند نہیں ہونگی - اس صوبہ کے رہنے والے - ہر ضلع کے رہنے والے - دیہات کے رہنے والے - شہر کے رہنے والے سبھی جانتے ہیں کہ آپ نے اس الیکشن میں کیا کیا ہے - آپ سمجھتے ہیں کہ آپ میری آواز کو دبا کر یا اخبارات کا گلہ گھونٹ کر اس تلخ بات کو - اس کھلی اور ننگی حقیقت کو چھپا سکیں گے - آپ اس بنیاد پر بھی الیکشن ہار چکے ہیں - اور بری طرح ہار چکے ہیں - آپ نے الیکشن کرائے - آپ کتنے بہادر تھے آپ کو اپنی قوم پر کتنا اعتماد تھا - آپ کو ان بنیادی جمہوریتوں کے ممبران پر کتنا اعتماد تھا ہم کہتے ہیں کہ ہم بنیادی جمہوریتوں کے ممبران پر اعتماد نہیں رکھتے - ہم تو سچ کہتے ہیں کہ ہمیں ۱۰ کروڑ انسانوں پر اعتماد ہے - ہم ۱۰ کروڑ انسانوں کیلئے کہتے ہیں وہ اس ملک کے مالک - ہیں اور یہ ۸۰ ہزار اس بات کے اہل نہیں ہیں کہ وہ فیصلہ کریں - لیکن آپ نے ان پر اعتماد کیا - آپ نے ان کو پولیس سے ڈنڈے لگوائے - آپ نے ان کو پولیس سے پٹوایا - آپ نے ان کو خفیہ طور پر ووٹ دینے کے حق سے محروم کیا - پھر آپ کہتے ہیں کہ آپ کو ان کا اعتماد ہے - آپ نے تو ان پر بھی اعتماد نہیں کیا ہے (مداخلت) عباسی صاحب میں آپ کو بتاتا ہوں - آئیے میں ضلع جھنگ کی طرف آپ کو لے چلتا ہوں - جہاں پر الیکشن کا ڈرامہ کھیلا گیا - اس سے

پہلے جس طرح آپ نے حلقے بنائے ۔ کہیں ایک ہزار کی آبادی کا ایک حلقہ ہے کہیں دو سو کی آبادی کا ایک حلقہ ہے ۔ یہ تو آپ کی بنیاد اس الیکشن کی تھی جو آپ نے رکھی ۔ آپ نے حلقے بد دیانتی سے بنائے پھر ووٹ لکھنے کے وقت آپ نے بد دیانتی کا مظاہرہ کیا ۔ جہاں پانچ سو ووٹ تھے آپ نے پندرہ سو ووٹ ہوگس ڈلوائے ۔ یہ بد دیانتی آپ نے پورے صوبہ اور پورے ملک میں پھیلائی ۔ آپ کے حلقے غلط ۔ آپ کی فہرست رائے دھندگان غلط ۔ اسکے بعد الیکشن میں کیا ہوا ۔ الیکشن میں وہ سسٹم تھا کہ محلے کا اعتماد کسی کو حاصل ہے الیکشن میں کامیاب ہو کر کوئی اور نکلا ۔ کھلی پرچیاں بکیں اور کھلی پرچیاں باہر آئیں ۔ پولیس نے موقع پر جس کو چاہا کامیاب کرا دیا ۔ جس کو چاہا ناکام کرا دیا ۔ یہ ہے آپ کی جنرل ایڈمنسٹریشن ۔ وہ واقعات ابھی بھولئے نہیں بلکہ آپ اپنی یادداشت کو تازہ کیجئے کہ آپ نے ایک پارٹی کو ۔ اپنی حزب اختلاف کو جہاں بھی اس نے الیکشن لڑنے کی کوشش کی آپ نے پولیس کے ذریعہ سے دبایا ۔ ان پر لاٹھی چارج کیا ۔ آپ کے پریذائیڈنگ آفیسر کو یہ احکامات تھے کہ وہ صرف نام نہاد مسلم لیگ کو کامیاب کرائیں ۔ مسلم لیگ کا نام جب میرے منہہ پر آتا ہے تو مجھے شرم آتی ہے ۔ خدا کی قسم مجھے یہ کہتے ہوئے کہ یہ بھی مسلم لیگی ہے اور ملک قادر بخش بھی مسلم لیگی ہو سکتا ہے ۔ لیکن میں کیا کروں یہ تو آپ کے بنیادی انتخابات ہیں اور بنیادی حلقوں کے انتخابات آپ نے اس طرح سے جیتے ہیں پھر کہتے ہیں کہ یہ فیئر الیکشن ہوا ہے ۔ اب دوسری طرف آئیے اسکے بعد تحریص کا سلسلہ جاری ہوا ۔ وہ کون سا ضلع ہے جہاں ہزاروں اکی تعداد میں آپ نے پستولوں اور ریوالوروں کے لائسنس نہیں دئیے ۔ میں اس حکومت کو چیلنج کرتا ہوں ۔ . . . . (قطع کلامی)

وزیر زراعت — ضلع مظفر گڑھ ۔

نوابزادہ افتخار احمد خان — یہ بھی غلط ہوگا ۔ میں اسکو بھی ثابت کرتا ہوں ۔ آپ مظفر گڑھ کو لے لیجئے ۔ آپ نے ریوالور کے لائسنس ۔ آپ نے بندوقوں کے لائسنس نہ صرف بغیر درخواستوں کے دیئے ہیں بلکہ لوگوں کو پستولوں کے لائسنس بنا کر ان کے گھروں پر پہنچایا ہے ۔ اور ساتھ پستول بھی پہنچایا ہے ۔ یہ پہلا دور آپ نے تحریص کا شروع کیا ہے ۔ آپ نے بنیادی جمہوریتوں کے ممبران کو بد دیانت کیا ۔ قوم سے غداری کرنے کے لئے تحریص دینے کا دور شروع

کیا ۔ لیکن ہمیں یقین تھا کہ ہم اس کے باوجود کامیاب ہونگے ۔ ہمیں یقین تھا کہ اس کے باوجود قوم ہمارے ساتھ ہے اور ان کو بھی ہمارے ساتھ آنا پڑے گا ۔ جب آپ اس تحریص میں فیل ہوئے ۔ اس تحریص کے دور کو کون چھپا سکتا ہے ۔ آپ نے کارخانہ داروں سے چار کروڑ روپیہ جمع کیا ہے ۔

ایک آواز—غلط ۔

نوابزادہ افتخار احمد خان ۔ آپ نے کارخانہ داروں سے ۔ آپ نے ہر سپنڈل والے سے ۔ آپ نے ہر سرمایہ دار سے بے پناہ رقمیں مجبور کر کے اور زبردستی لی ہیں ۔ چار کروڑ یا دو کروڑ روپیہ آپ نے رشوت کے طور پر بنیادی جمہوریتوں میں تقسیم کیا ہے ۔ اور اس سرمایہ کا بھی الزام لگاتا ہوں کہ الیکشن لڑنے کیلئے ہندوستانی پیسہ بھی شامل تھا ۔ اس حکومت نے ہندوستان سے پیسہ بھی وصول کیا ہے ۔

میں نے ہندوستان کا لفظ ناجائز طور پر استعمال نہیں کیا ہندوستان کے ہمارے ہاں پاکستان میں کئی کارخانے ہیں ۔ یہ چندہ ان Cotton Mills سے اسی نسبت سے لیا گیا ہے ۔ اور برلا اور ٹاٹا کا روپیہ ان حضرات نے اپنی قوم کو تحریص دینے کے لئے استعمال کیا ہے ۔ اس لئے صدر محترم ۔ اس تحریص کے باوجود بھی آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کا موقف کمزور ہے ۔ اب آپنے اپنا آخری پروگرام بنایا ۔ وہ اس دن کا پروگرام تھا جس دن الیکشن ہونے والا تھا ۔ چنانچہ اس کے تحت آپ اپنی پولیس کو action میں لائے ۔ آپ اپنی انتظامیہ کو بھی action میں لائے ۔ اسی لئے تو میں نے کہا تھا کہ یہ الیکشن نہ تھا ۔ یہ مغربی پاکستان کے اندر کم از کم سندھ اور پنجاب میں سوائے پولیس action کے اور کچھ نہ تھا ۔ اس الیکشن نے صرف یہ ثابت کیا ہے کہ ہماری پولیس کس طریقے سے ووٹوں کو قبضے میں لے سکتی ہے ۔ چنانچہ میں آپ کو بتا رہا ہوں ۔ اور یہ ایک کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ مجھے پنجاب کے تمام اضلاع کی معلومات ہیں ۔ اور میں وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ ۳۰ دسمبر کو ۔ وقت آگے پیچھے ہو سکتا ہے ۔ کہیں صبح ہو سکتی ہے اور کہیں شام ہو سکتی ہے ۔ سرگودھا ڈویژن کے کم و بیش تمام ضلعوں کے بنیادی جمہوریتوں کے ووٹروں کو گورنمنٹ کی جیپوں اور pick ups نیز ملیریا ڈیپارٹمنٹ والوں کی pick ups میں اکٹھا کیا گیا ۔ اور پھر ان کو تھانوں میں جمع کیا گیا ۔ میں ان سے کہتا ہوں ۔ کچھ تو شرم کرو ۔ جھوٹ تو نہ بولو ۔

Mr. Speaker : Order please.

نواب زادہ افتخار احمد خان۔اس سب کچھ کرنے کے باوجود بھی صدر محترم ۔ ان کو اعتبار نہ تھا ۔ ان کو تھانوں میں بلایا گیا ان کو لائسنس دئے گئے ۔ ان کو ڈرایا دھمکایا گیا ، خوف اور تحریص کے تمام حربے اختیار کرنے کے باجود بھی انہیں معلوم تھا کہ ہم کامیاب نہ ہوں گے ۔ یہ ایک ایسی چیز تھی جس کا انہیں علم تھا اور انہیں یہ بھی معلوم تھا کہ اس کا رد عمل ان کے خلاف ہے ۔ اور لوگ بھی ان کے خلاف ہیں ۔

صدر محترم ۔ ہمیں یہ خیال تھا کہ کم از کم Secrecy of Ballot کے راز اور Secrecy of Ballot کے اصول کی یہ لوگ violation نہ کرینگے ۔ لیکن اگر یہ لوگ ذرا غیرتمند ہوں تو شرم کے مارے ان کی گردن جھک جانی چاہئے ۔ بالخصوص اس وقت جب کہ میں ان کو یہ بتاؤں کہ آپنے اس اصول کو بھی اپنے پیرں تلے روندا ہے ۔

میں ضلع جھنگ کے متعلق علی الاعلان اور بلا خوف تردید کرتا ہوں کہ وہاں کی ہر ایک پرچی پرچی والے سے خواہ وہ ان کا اچھا supporter ہو یا کمزور supporter ہو ۔ خواہ وہ دل سے ان کے ساتھ تھا یا ان کے خلاف تھا ۔ اسے مار پیٹ کر یہ حکم دیا جاتا تھا کہ اپنی پرچی باہر آ کر الیکشن ایجنٹ کو دکھاؤ ۔ اور جب وہ ہاں کہ دے تو پھر اسے چھوڑو ۔

صدر محترم polling booth کے اندر کا نقشہ ملاحظہ ہو ۔ وہاں کیا تھا ۔ ایک ڈی ۔ ایس ۔ پی ایک Prosecuting Inspector اور دو تھانے دار تھے ۔ نیز وہاں ہر علاقے کا تھانے دار اپنے مرغوں کو پکڑ کر اور زبر دستی زیر حراست لے کر موجود تھا ۔ چنانچہ پہلے دو ووٹروں کو بھیجتا تھا اور ان سے کہتا تھا کہ دیکھو ۔ اس طرح پرچی ڈالنا ہے ۔ اس پرچی کا نشان دکھانا اور واپس آنا ہے ۔ ہمیں وہاں بڑا لطف آتا تھا ۔ بالخصوص اس وقت جب ہمارے کنونشن لیگ کے لیڈر جو وہاں چودھری کہلاتے تھے ۔ صبح ہی مانگ پٹی کر کے ۔ اچھے اچھے کپڑے پہن کر آ جاتے ، نہ تو ان کے کپڑوں پر گرد ہوتی اور نہ ان کے چہروں پر تکان کے آثار ۔ پوچھا کہ ووٹروں کے لئے گئے کیوں نہیں ۔ تو بولے ۔ ہمارے ورکر کام کر رہے ہیں ۔ تھانے دار صاحب ہمارے ورکر ہیں ۔ کیا وہ کام نہیں کر رہے خود وہ کہیں نہ گئے بلکہ وہ اپنے صدر مقام پر ہی جمے رہے یہ حالت تھی کنونشن لیگ

کے چودھریوں کی ۔ اور یہ صرف جھنگ کے متعلق ھی نہیں ۔ بلکہ سب جگہ یہی قصہ تھا ۔ ان کے ورکر کسی جگہ بھی نہ گئے ۔ اور جاتے بھی کیوں ۔ تھانے دار ان کے ورکر تھے ۔ انسپکٹر ان کے ورکر تھے ۔ اور ان کے بڑے ورکر ایس ۔ پی ۔ اور ڈپٹی کمشنر تھے ۔ ان کے علاوہ Presiding Officers بھی ان کے ورکر تھے ۔ غرض چھوٹے اھلکار سے لے کر بڑے افسر تک سب ان کے ورکر تھے ۔ اسی لئے تو یہ ان پر فخر کرتے ھیں کہ ھم جیت گئے ۔ ھائے ۔ ھائے کس قدر افسوس کا مقام ھے ۔ مجھے رنج آتا ھے ان کی اس کج فہمی اور ڈھٹائی پر ۔ اس کو کج فہمی کہوں یا کچھ اور کہوں ۔ میرے پاس الفاظ نہیں ۔ اور میری سمجھ میں نہیں آ رھا کہ انہیں کیا کہوں در اصل یہ اس فتح پر مبارکباد لینا چاھتے ھیں ۔ آخر اس کی وجہ کیا ھے ۔

صدر محترم—اب یہ ثابت ھو چکا ھے کہ یہ جو شادیانے بج رھے ھیں ۔ یہ جو چراغاں کیا جا رھا ھے ۔ یہ دراصل یہ حلوائی کی دوکان پر نانا جی کی فاتحہ کرائی جا رھی ھے ۔ سرکاری روپیہ ۔ اور عوام کے گاڑھے پسینے کی کمائی کا روپیہ اب چراغاں کے لئے ھر ضلع میں تقسیم کیا جا رھا ھے ۔ اور بارہ بارہ ھزار روپیہ فی ضلع بھیجا جا رھا ھے ۔ میں پوچھتا ھوں ۔ آخر اس کا جواز کیا ھے ۔ اس روپے کو چراغاں پر خرچ کرنے کا آپ کے پاس کیا جواز ھے ۔ ایک شخص صدر ھوتا ھے ۔ یا دوسرا شخص صدر بنتا ھے ۔ یا کوئی تیسرا شخص صدر ھوتا ھے ۔ تو اس سے State کو کیا واسطہ ؟ اگر آپ کے پاس کراڑوں کی ۔ سھگاوں یا وکیلوں کی کمائی ھوئی دولت ھے ۔ تو اس کو بھیجتے اور خرچ کرتے ۔ لیکن آپ تو نوگوں کی گاڑھے پسینے سے کمائی ھوئی دولت اب اپنی جیبوں میں ڈال رھے ھیں ۔ وہ تو آپ کی اپنی جیبوں میں گئی ھے ۔ اور پھر اس پر طرہ یہ کہ کوئی Secrecy of Ballot اس الیکشن میں دیکھنے میں نہیں آئی ۔

صدر محترم—میں حیران ھوں ۔ پہلے میرا خیال اور تصور یہ تھا کہ اس الیکشن میں افسران کے تین طبقے ھوں گے ۔ ایک طبقہ تو وہ ھو گا جو حقیقت میں دیانتدار رھے گا ۔ اور غیر جانب دار ھوگا ۔

دوسرا طبقہ وہ ھوگا جو corrupt ھوگا ۔ جو افسران بد دیانت تھے ۔ وہ اس حکومت کا بھی ساتھ دیں گے ۔ اور تیسرا وہ طبقہ ، ھوگا جو بظاھر دیانتداری سے کام لے گا ۔ اور حکم کی تعمیل کرتا نظر آئے گا ۔ لیکن اندر سے جانبدار ھوگا ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ھے کہ ھماری سرکاری مشینری اور اس کے ملازمین نے الیکشن میں مداخلت کی ھے ۔

اور اس ڈھٹائی سے کی ہے کہ اس سے یوں معلوم ہوتا تھا جیسے وہ اپنا کوئی فرض منصبی ادا کر رہے تھے ۔ جیسے وہ کسی مقدمے کا فیصلہ کر رہے تھے ۔ میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جھنگ کے کپتان پولیس نے ہر تھانے میں میٹنگ کی ۔ اور ہر تھانے میں یہ کہا کہ صدر ایوب نہ ووٹوں سے آئے تھے اور نہ ہی ووٹوں سے جائینگے ۔ میں نے اب تک نرمی سے ووٹ نہیں مانگے ۔ کیوں کہ میں ڈنڈے سے ووٹ مانگوں گا ۔ یہ تھے اس کے لیکچر ۔ آپ کو شرم آنی چاہئے ۔ آپ اس الیکشن پر مبارکباد لینا چاہتے ہیں اور یہ مبارکباد اس لئے چاہتے ہیں کیونکہ ان کی جڑیں اب زمیں سے نکل کر باہر آ چکی ہیں ۔ یہ محسوس کر چکے ہیں کہ عوام ان کے ساتھ نہیں ہیں ۔ یہ دیکھ چکے ہیں کہ قوم اب ان کے ساتھ نہیں ہے ۔ یہ تو اب مداری کی طرح کٹ پتلیوں کا کھیل کر رہے ہیں ۔ یہ چراغاں کر کے ۔ نعرے لگا کر اور شہنائیاں بجا کر یہ باور کرنے کی کوشش کرنا چاہتے ہیں کہ ہمارا Morale بہت اونچا ہے ۔ آپ کا Morale ہم بخوبی جانتے ہیں آپ گاف کھیلنے یا شکار کے لئے جانے سے اس ملک پر قابض نہیں ہو سکتے ۔ آپ کا Morale ختم ہو چکا ہے ۔ قوم آپ کو چھوڑ چکی ہے ۔ کیونکہ وہ آپ کے خلاف ہے اور عوام نے آپ کے خلاف فیصلہ دے دیا ہے ۔ اب اگر آپ گاف کھیلنے سے یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ آپ لیڈر ہو گئے ہیں ۔ تو یہ سراسر غلط بات ہے ۔

صدر محترم ۔ یہ تھی الیکشن اور Police Action کی کہانی ۔ اب میں اپنے آخری Point پر آتا ہوں ۔ جو کراچی کے المیہ کے متعلق ہے ۔

صدر محترم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔*

وزیر تعلیم — جناب والا ! اس ملک میں کوئی ولیعہد سلطنت نہیں ہے ۔ I object to this ۔

سردار عنایت الرحمان خاں عباسی — جناب والا ! معزز ممبر سب کچھ تو کہہ چکے ہیں ۔ میرے خیال میں اب معزز ممبر کو اس امر کی بھی اجازت دی جائے کہ وہ ماں بہن کی گالی بھی دے لیں ۔ تا کہ وہ بھی باقی نہ رہے ۔

Mr. Speaker: This remark of the Member is expunged from the proceedings of the Assembly.

Pir Safiud-din: Mr. Speaker, I congratulate you that you have expunged those words.

*Expunged as ordered by the Speaker.

نوابزادہ افتخار احمدخان — صدر محترم کس قدر افسوس ناک مناظر تھے جو چار اور پانچ تاریخ کو شہر کراچی نے دیکھے ہیں - وہاں نا حق مسلمانوں کا خون بہایا گیا - ان کی جھگیوں کو آگ لگائی گئی - قوم کی کئی بہو بیٹیاں اغوا کی گئیں - یہ کتنی شرمناک فتح و کامرانی کی بات ہے - جیسے کراچی کے لوگ محکوم تھے - یا کراچی کے شہر کو فتح کیا گیا ہے - ارے کشمیر تو آپ آج تک فتح نہ کر سکے - اور ہندوستان کی ایک چوکی تک تو آپنے فتح نہ کی -

Minister of Education : Sir; the matter is sub-judice and therefore, the Member should not be permitted to discuss this.

Mr. Speaker : Is it in a Court of Law ?

Minister of Education : Sir, the case has been registered and it is sub-judice.

A Member : It is not sub-judice.

خواجہ محمد صفدر — وہ کسی Particular case کا ذکر نہیں کر رہے ہیں -

Mr. Speaker : So far as the appointment of a high-powered Commission is concerned I think that is not a judicial body.

Minister for Education : So far as the allegations made by my friend are concerned that houses were burnt and people were killed these matters are sub-judice.

Mr. Speaker : Are all matters sub-judice ?

Minister of Education : Yes Sir. (Voices—No sir.) (Interruptions اس کے متعلق عرض کرونگا کہ

if some judgement is passed now by a Member in this House the proceedings of the Committee as well as the judicial proceedings are bound to be affected. So, I submit that this matter should not be discussed here.

Syed Safi-ud-Din : The matter is not sub-judice, either at a lower level or a higher level, because only the cases have been registered.

Minister of Education : The moment a case is registered, it is sub-judice.

Mr. Speaker : If the case is registered, then the matter is sub-judice.

Syed Safi-ud-Din : Sir, what cases have been registered; may be, cases have not been registered. Can he name any case, which has been registered ?

Minister of Education : All the cases have been registered.

MirAbdul Baqi Baluch : Sir, I have been there. I am coming from Karachi. Everybody told me that nobody is even registering their cases the police does not listen to these people and this Minister is saying here that all the cases have been registered. The police is with them; the police is also indulging in the same crime.

Mr. Speaker : But his information must be authentic.

Mir Abdul Baqi Baluch : I am a Member of this Assembly.

Syed Safi-ud-Din : Sir how can he lend authenticity to his statement ?

Mr. Speaker : That is a statement from the Government.

Syed Safi-ud-Din : It is authentic only when any document is produced.

علامہ رحمت اللہ ارشد — صدر محترم - میرے خیال میں یہ معاملہ Subjudice اس وقت ہوگا جب کسی ایک خاص مقدمہ میں کسی

مستغیث کسی ملازم کا نام لیکر تنقیح کی جائے - نواب صاحب کراچی میں ہونے والے ہنگامہ کے متعلق - بد امنی کے متعلق ان تمام چیزوں کے متعلق جس نے اس شہر کے امن کو برباد کر دیا ہے اس کے متعلق اپنے ارشادات پیش کر رہے ہیں اس لئے میرے خیال میں یہ معاملہ Subjudice نہیں ہونا چاہئے -

نوابزادہ افتخار احمد خان — صدر گرامی - کراچی وہ متبرک شہر ہے جس میں حضرت قائد اعظم کی ولادت ہوئی - کراچی وہ شہر ہے جس کو سب سے بڑی اسلامی مملکت کا پہلا دارالسلطنت ہونے کا شرف حاصل ہے - کراچی وہ شہر ہے جس میں پاکستان کے تمام حصوں کے لوگ رہتے ہیں اور ہمیشہ خوشی سے رہتے ہیں - وہاں بنگالی بھی ہیں اور پنجابی بھی ہیں - وہاں یوپی سے آئے ہوئے بے خانماں برباد بھی ہیں - وہ ایسا شہر ہے کہ وہاں نہ صرف پاکستانی ہی رہتے ہیں بلکہ دوسرے ممالک کے لوگ بھی کثیر تعداد میں رہتے ہیں - کراچی میں لوگ امن و امان سے رہتے ہیں ان کے آپس میں تعلقات ہیں - اور اچھے مراسم ہیں - یہ امر باعث فخر ہے اور باعث عزت ہے لیکن افسوس کا مقام ہے اور بے حد رنج کا مقام ہے کہ وہ شہر جو انٹرنیشنل ایئرپورٹ ہے جو بین الاقوامی راستہ ہے اس میں پاکستانیوں نے پاکستانیوں کے گلے کاٹے ہیں - پاکستانیوں کی بیٹیوں اور بہوؤں کو اغوا کیا ہے - مسلمانوں نے مسلمانوں کا خون بہایا ہے - اس لئے ہماری گردنیں شرم کے مارے جھک جانی چاہئیں - حکومت کو وہاں ایسے اقدامات کرنے چاہئیں تھے کہ پھر کبھی کوئی دوبارہ شرارت کی جرات نہ کر سکتا - لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ نہ تو وہاں پڑے گئے اور نہ ہی چھوڑے گئے - البتہ ایک بے اختیار سی انکوائری کمیٹی بنا دی گئی ہے - اس سے ہماری گردنیں شرم سے جھک جانی چاہئیں - میں کہتا ہوں کہ وہاں اگر کسی پٹھان بھائی نے نفرت پھیلائی ہے تو وہ پاکستان کا بڑا دشمن ہے وہ اتنا ہی دشمن ہے جتنا کہ ہندو ہے -

صدر گرامی — کراچی اس ملک کے باشندوں کا مشترکہ شہر ہے - اس میں پٹھان بھی ہیں - سندھی بھی ہیں پنجابی بھی ہیں مہاجر بھی ہیں بنگالی بھی ہیں لیکن ان میں سے اگر کسی نے بھی کوئی غلطی کی ہو تو وہ غلط ہے - ان میں سے کسی ایک نے غلطی کی تب بھی غلط ہے اور کسی دوسرے نے کی تب بھی غلط ہے - پھر جس نے کوئی خطا کی ہو اس کو سزا دینی چاہیے - میں سمجھتا

ہوں وہاں کے باشندوں کی خطا صرف یہ تھی کہ ان کی اکثریت نے مادر ملت کے حق میں ووٹ دیئے ہیں اور یہ کہ ممبران بنیادی جمہوریت مادر ملت کے حق میں تھے - بس ان کا یہی جرم تھا اور جو کالونیز جلائی گئی ہیں وہاں کے رہنے والے متفقہ طور پر مادر ملت کے حق میں تھے - اور ان کے ساتھ تھے - ان کے گھروں کو جلانے کے لئے باہر سے غنڈے امپورٹ کیے گئے - دوسرے شہروں سے بدمعاش بلائے گئے مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہاں ایک سپیشل ٹرین بھیجی گئی - اور بے شمار غنڈے بھیجے گئے - پھر وہاں جلوس نکالا گیا - ہم نہیں سمجھ سکے کہ اس جلوس کی کیا ضرورت تھی اور اس کی کیا افادیت تھی کراچی کی انتظامیہ کو مر جانا چاہیے - کیا انہیں اس بات کا اندازہ نہیں تھا ان کو یہ بنیادی بات سمجھ لینا چاہیے تھی - کہ جلوس سے فساد ہوگا اس سے بڑھ کر اور کیا بد دیانتی اور بد انتظامی ہو سکتی ہے -

Minister of Education: "Bad-diyanti" is unparliamentary, and he should withdraw it ; he is abusing the 'Intizamia'.

مسٹر سپیکر -- بد دیانتی کا لفظ غیر پارلیمانی ہے اسے واپس لیں -

نوابزادہ افتخار احمد خان -- میں واپس لیتا ہوں -

صدر گرامی -- یہ فتح و کامرانی حکام کی ہے - یہ فتح افسران کی ہے - در اصل یہ الیکشن انہوں نے جیتا ہے - حقیقت بھی یہی ہے کہ انہوں نے ہی الیکشن لڑا ہے اور انہوں نے ہی جیتا ہے اس میں کوئی یہ غلط بات نہیں یہ بالکل صحیح ہے - جھنگ کی بات تو نہیں ہے - وہاں افسران نے الیکشن لڑا ہے اور افسران نے جیتا ہے - اس لئے صدر محترم میں آخر میں کراچی کے سلسلہ میں صرف اتنی گذارش کروں گا - وہ یہ ہے کہ کراچی کے عوام نے جو انکوائری کمیٹی کے بائیکاٹ کا مطالبہ کیا ہے آپ اسے تسلیم کر لیں اور وہاں ایک جوڈیشل انکوائری کرائی جائے - ہائی کورٹ کے ایک جج صاحب کی خدمات حاصل کی جائیں - ایک فنانشیل کمشنر کام نہیں کر سکے گا - ایک بات کی میں تعریف کروں گا کہ اس وقت پرانے سیاستدانوں کو بڑے چکر دیے گئے ہیں - اور افسران اور نوکر شاہی نے شرافت سے فائدہ اٹھایا ہے - اب وہ راجہ حسن اختر ہوں یا خواجہ رحیم ہوں - بڑے بڑے سیاست دانوں کو چکر میں ڈالا ہے - ہم یہ ماننے کو تیار

ہیں کہ جھوٹ کے لئے ایک نے دوسرے سے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے پاکستان کی تاریخ میں یقیناً یہ پہلا موقع ہے کہ غیر سرکاری Publicman کے سامنے ان افسران کو جھکنا پڑا ہے ۔ اب تو خواب میں ہیں جب گورنر صاحب ان کو دکھائی دیتے ہیں ۔ دفتر میں ہوں جب گورنر صاحب نظر آتے ہیں ۔ میں تو اس کا کریڈٹ گورنر صاحب کو دوں گا ۔ اور تعریف کروں گا کہ انہوں نے ان لوگوں کو اس طریقہ سے خوب۔۔۔۔۔۔۔۔*

سردار عنایت الرحمن خان عباسی۔ جناب صدر ۔ میرے خیال میں معزز ممبر کو اجازت ملنی چاہئے کہ وہ گالیاں بھی دے دیں ۔

Mr. Speaker : This remark of the member is expunged.

Mr. Mobin-ul-Haq Siddiqi : Sir, the Governor should not come under personal discussion.

Mr. Speaker: Nawadzada Sahib's time is over. He should take his seat now, Mr. Abdul Raziq Khan.

مسٹر عبدالرازق خان (مردان ۔ ۳) ۔ جناب والا ! میں اس ضمنی بجٹ پر اپنے خیالات کے اظہار کے لئے کھڑا ہوا ہوں اور کوشش کروں گا کہ اس ضمنی بجٹ کے اخراجات کے سلسلہ میں اپنے خیالات کا اظہار کروں ۔ لیکن پہلے محترم راؤ خورشید علی خان صاحب کے بارے میں عرض کروں گا جن کا تعلق جماعت اسلامی سے ہے ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ جس کا بھوت آپ کے سر پر سوار ہے ۔

مسٹر عبدالرازق خان ۔ اور جن کا دعویٰ ہے کہ وہ ملک میں ایک صالح قیادت لانا چاہتے ہیں ۔ اور سیاست سے دروغ گوئی اور افترا پردازی کو نکالنا چاہتے ہیں ۔ جن کا دعویٰ یہ ہے کہ وہ ملک میں ایک ایسا نظام ایک ایسا معاشرہ قائم کرنا چاہتے ہیں جو صداقت پر مبنی ہو ۔ لیکن جب میں نے ان کے خیالات صدارتی الیکشن کے متعلق سنے تو مجھے تعجب ہوا اور افسوس بھی ۔ میرا تو یہ خیال تھا کہ اپوزیشن کے معزز اراکین نہایت شرافت کیساتھ اور نہایت جوانمردی کے ساتھ آج اس ایوان میں اعلان کریں گے کہ پاکستان کے قیام کے بعد اگر کوئی صحیح اور غیر جانبدارانہ انتخابات ہوئے ہیں تو وہ یہ صدارتی انتخاب تھا

*Expunged as ordered by the Speaker.

اور وہ علی الاعلان یہ مان لیں گے کہ واقعی قوم نے ہمارے خلاف فیصلہ دیا ہم ہار گئے ہمیں اعتراف ہے اور ہم شکست کھا گئے ۔ شکست کا اعتراف کوئی بری بات نہیں ہے ۔ میں تو جناب سپیکر یہ عرض کروں گا کہ اگر ہمارے اپوزیشن کے معزز اراکین یہ چاہتے ہیں کہ یہ ملک خوب پھولے پھلے اور یہاں جمہوری راج ہو تو انکو بھی اپنے خیالات اور اپنے ذہن کو جمہوری طریقوں پر ڈالنا پڑیگا ۔ اگر ان کے طور طریقے یہ رہے کہ یہاں ان کی اکثریت ہے اور کسی اخبار نے ان کے خلاف لکھ دیا تو اس کے خلاف حملہ کر دیا اگر کسی نے اپنا انتخابی نشان پھول لگا لیا تو اس کے پیچھے پڑ گئے اگر کسی نے کراچی میں جیپ پر پھول کا نشان لگایا اور صدر ایوب کے حق میں نعرے لگائے تو وہاں انکی اکثریت نے ان سب چیزوں کو جلا دیا لیکن جب یہ شکست کھا گئے تو اس کے بعد بہانے تراشنے شروع کر دیے کہ پولیس کا تھانے دار آیا تھا ۔ ڈی ۔ ایس ۔ پی آیا تھا ۔ Secrecy آف بیلٹ نہیں رہی تو میں ان سے یہ مودبانہ گذارش کرونگا کہ بہانے تراشنے اور اس قسم کی باتیں کرنے سے انکو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا اگر وہ شکست کھا گئے ہیں تو مان لیں کہ ہم شکست کھا گئے اور اپنا پروگرام قوم کے سامنے صحیح طریقہ سے پیش کریں میں جناب والا اسبات کا قائل ہوں کہ ملک میں ایک مضبوط جمہوری طرز حکومت تب ہی قائم ہو سکتی ہے جبکہ ملک میں مضبوط اپوزیشن ہو لیکن وہ آپوزیشن ایسی نہ ہو جو اس ایوان میں بیٹھی ہوئی ہے وہ آپوزیشن ایسی ہو جسکی نکتہ چینی تعمیری ہو جو حق کو حق کہہ سکے ۔ جناب والا ! میں اپنے معزز اراکین کو مشورہ دونگا کہ اگر وہ چاہتے ہیں کہ آئندہ قوم انکے ساتھ اتفاق کرے تو یہ ہو سکتا ہے اگر ہم اس چیز پر عقیدہ رکھتے ہیں کہ اس ملک کی Stability کیلئے ترقی کے لئے بیرونی ممالک میں اسکے وقار کے لئے صدارتی طرز حکومت اچھا ہے اور اگر ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ بنیادی جمہوریتوں کا نظام نہ ہونا چاہیے جمہوری نظام ہونا چاہئے تو آپ بجا طور پر اپنے نظریات رکھ سکتے ہیں اور یہ بھی کہہ سکتے ہیں ۔ کہ اس ملک کیلئے پارلیمانی طرز حکومت اچھا ہے اس ملک میں Adult franchise ہونا چاہئے اور آپ اپنا نظام قوم کے سامنے پیش کر سکتے ہیں ۔ لیکن اگر قوم نہیں مانتی تو آپ کو بہانہ

نہ تراشنا چاہئے ۔ اگر صحیح طریقہ سے قوم کا کام کرنا ہے تو صحیح طریقہ سے کام کر کے کامیابی حاصل کریں اور اور اس طرح ملک اور قوم کو فائدہ پہنچ سکتا ہے ۔

جناب والا ! اب میں انکے اکابر کے دور حکومت کے الیکشن کیطرف توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ سب سے پہلے میں یہ عرض کرونگا کہ مادر ملت کیساتھ سابق صوبہ سرحد کے دورے میں مادر سرحد بھی تقریر کر رہی تھیں ۔ مادر سرحد کون تھیں یہ خان عبد القیوم خان صاحب کی بیگم صاحبہ تھیں ۔ میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ خان قیوم خان کے دور حکومت میں جو آزاد اور غیر جانبدار الیکشن ہوا تھا کیا اسکی یاد تازہ کر کے آپ کے سر شرم کے مارے جھک نہیں جاتے ۔ کیا یہ حقیقت ہے کہ انکے دور حکومت میں تمام انتظامیہ کو مجبور کیا گیا تھا کہ وہ ان امیدواروں کے خلاف کیس رجسٹر کریں اور انکو جیلوں میں ڈالدیں اور ان کی بے حرمتی کریں جو انکے خلاف الیکشن لڑنا چاہتے ہیں کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ دن دھاڑے جہاں چھ سو ووٹ پڑے ہوں وہاں گورنمنٹ پارٹی کے بکسوں سے ۱۲—سو ووٹ نکلے ۔ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ انکے دور حکومت میں جو امید وار خان قیوم کے خلاف نامنیشن داخل کرنا چاہتا تھا اسکو پولیس کے ذریعہ بھگا دیا گیا تھا جن صاحب کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آیا تھا وہ خود ہی یہاں بیان فرمائیں گے ۔ اسکے بعد جناب میاں ممتاز محمد خان دولتانہ جو کہ متحدہ محاذ کے سب سے بڑے لیڈر ہیں انکے دور حکومت میں جب وہ وزیر اعظم بنے تھے کسطرح انتخابات ہوئے تھے ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ انکی کیا ذمہ داری تھی ۔

مسٹر عبد الرازق خان ۔ میں اس انتخاب کی یاد تازہ کرتے ہوئے دوبارہ کہتا ہوں کہ شرم نہیں آتی ۔ اسکے بعد جناب ایوب کھڑو جو کہ سندھ میں دندنا رہے تھے انہوں نے میر غلام علی تالپور کے ساتھ الیکشن کے سلسلے میں کسقدر شرمناک سلوک کیا عام طور سے کہا جاتا ہے

کہ سندھ میں تین لیڈر ہیں ان میں سے ایک میر غلام علی تالپور بھی تھے ۔

مسٹر افتخار احمد خان — وہ تو ایڈوڈ تھے ۔

مسٹر عبدالرازق خان ۔ نور الامین صاحب جو بنگال میں بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے تو یہاں تک کہہ دیا تھا کہ ۸۰—فیصدی سیٹیں جیتیں گے اور ۵—فیصدی جیتیں گیا انہوں نے اپنے دور حکومت میں جو انتخابات کرائے تھے ۔ اسمیں جو دھاندلیاں ہوئی تھیں انکو کوئی تصور میں بھی لا سکتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جن لوگوں کا یہ ریکارڈ ہو جو کہ میں نے ابھی بیان کیا ہے ۔ وہ کس طرح دوسروں پر انگلیاں اٹھا سکتے ہیں کہ یہ انتخاب صحیح نہیں ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Speaker : No interruptions.

مسٹر عبدالرازق خان ۔ صدارتی انتخاب کے متعلق راؤ خورشید صاحب نے خود اعتراف کیا ہے کہ یہ نہایت غیر جانبدارانہ تھا ۔ ان میں ہمیں مکمل آزادی تھی ۔

راؤ خورشید علیخان — یہ بالکل غلط بیانی ہے ۔

مسٹر عبدالرازق خان — جناب سپیکر انہوں نے اعتراض کیا تھا اپنی تقریر میں اور یہ فرمایا تھا کہ پچھلے چند ہفتوں میں ہمنے یہ محسوس کیا تھا کہ ہم مکمل آزاد ہیں ورکرز کی زبانیں کھل گئی ہیں ۔ اخبارات نے کھل کر لکھنا شروع کر دیا تھا اور محترمہ فاطمہ جناح کے جلسوں میں لوگ لاکھوں کی تعداد میں جمع ہوتے تھے تو کیا یہ اس امر کا ثبوت نہیں ہے کہ لوگوں کو جلسے کرنے کی بالکل آزادی تھی اگر جلسے نہ کرنے دئے جاتے تو انکی باتیں کوئی کیسے سنتا انکا وقار تو صرف محترمہ فاطمہ جناح کے لانے کے باعث ہوا ہے اور جب وہ آ گئیں تو انہوں نے تقریریں کیں اور اسطرح انکو صدر ایوب کے دور حکومت میں مکمل آزادی تھی ۔

مسٹر افتخار احمد خان — پائنٹ آف آرڈر ۔ میں اپنے فاضل بھائی سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا وہ باتیں جواز ہیں موجودہ باتوں کا ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

مسٹر عبدالرازق — جناب سپیکر - نوابزادہ صاحب جب تقریر فرما رہے تھے تو میں نے ان کی بہت سی باتیں سنیں اور میں نے ہرگز ان کی تقریر میں مداخلت نہیں کی - مگر میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر سچی بات کہی جائے تو وہ بری لگتی ہے - تو جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس الیکشن میں اپوزیشن کو وہ تمام مراعات اور تمام سہولتیں اور وہ مکمل آزادی جو کہ ایک جمہوری ملک میں انتخابات کے وقت دی جا سکتی تھی وہ دی گئی تھی - میں سارے پاکستان کے متعلق تو اپنی رائے نہیں رکھتا ہوں کیونکہ میں پھرا نہیں ہوں لیکن سابق صوبہ سرحد کے متعلق خصوصاً چھ ضلعوں کے متعلق کہہ سکتا ہوں - میدان میں کسی وزیر نے دورہ بھی نہیں کیا -

خواجہ محمد صفدر — ہم تو کہتے ہیں کہ کسی نے دورہ نہیں کیا -

مسٹر عبدالرازق خان - وہاں سابق صوبہ سرحد میں دو پارٹیوں میں جنگ تھی - وہاں متحدہ محاذ کے سرخ پوش تھے اور کسی جماعت کا نام و نشان بھی نہ تھا - مسلم لیگ اور کانگرس میں جنگ تھی - ان لوگوں کے درمیان جنگ تھی جو پاکستان کو مضبوط بنانا چاہتے تھے اور جو پاکستان کی ترقی اور خوشی حالی چاہتے تھے اور ان لوگوں کے درمیان جو پاکستان کو تباہ کرنا چاہتے تھے جن کے لیڈر اس وقت کابل میں بیٹھے ہوئے ہیں -

علامہ رحمت اللہ ارشد — کیا کابل آپ کا دشمن ملک ہے -

مسٹر عبدالرازق خان — یہ وہی لوگ ہیں جو پاکستان کو تباہ کرنا چاہتے تھے وہ شکست کھا گئے - جو مضبوط کرنا چاہتے تھے وہ فتح یاب ہوئے - اب میں اپوزیشن سے ملک کی خاطر قوم کی خاطر اور اس ملک کی خاطر یہ اپیل کرونگا کہ وہ اپنی شکست کو تسلیم کریں اور اپنی خامیوں پر غور کریں اور ایسا پروگرام بنائیں جو قوم کے لئے قابل قبول ہو - یہ ہو سکتا ہے - اور آئندہ کامیابی آپ کو حاصل ہو اگر ایسا نہیں کیا گیا تو اچھا نہ ہوگا -

صرف تقریروں سے اور غلط باتوں سے اگر آپ قوم کو پھسلانے کی کوشش کریں گے تو اب یہ قوم آپ کے دھوکے میں آنے کی نہیں - اور آئندہ صوبائی یعنی پراونشل اسمبلی مشرقی اور مغربی پاکستان اور نیشنل اسمبلی کے انتخابات میں آپ اس سے بھی زیادہ عبرت ناک شکست سے دو چار ہونگے -

خواجہ محمد صفدر — پولیس کے ذریعے -

مسٹر عبدالرازق خان — اب میں ضمنی بجٹ میں جو اخراجات دکھائے گئے ہیں ان کے متعلق بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - حیدر آباد ڈویژن کے لئے وہاں جو سیلاب آئے تھے اور جس طرح سے ان لوگوں کو بے پناہ نقصان پہنچا ان کے لئے ۵۳ لاکھ اور ۲۷ ہزار سات سو چالیس روپے کی رقم رکھی گئی ہے - یہ نہایت نیک اقدام کیا گیا ہے اور میں درخواست کروں گا کہ اس رقم میں اور بھی اضافہ کیا جائے اور وہاں کے عوام جو غریب لوگ ہیں اور جن کو سیلاب سے اور ناگہانی مصیبت سے بہت زیادہ نقصان پہنچا ہے ان کو فائدہ پہنچے اور سہولت میسر ہو - جناب والا اس میں مشرقی پاکستان کے بھائیوں کو ریلیف دی گئی ہے امداد دی گئی ہے ایک لاکھ روپیہ کی تو وہ بھی قابل ستائش ہے — جناب والا ایک نہایت اہم مقصد کے لئے یعنی وہ زمین جو لینڈلارڈز سے لی گئی تھی اور جس کا خریدار اس وجہ سے کوئی نہیں کہ وہ قابل کاشت نہیں ہے تو اس کے لئے حکومت نے ایک کروڑ روپیہ دیا ہے اور میں سمجھتا ہوں - کہ یہ بہت اچھا کام ہے اور جب اراضی قابل کاشت ہو جائے اور پانی کا انتظام ہو جائے اور جب وہ سیراب ہو جائے تو وہ چھوٹے چھوٹے کاشتکاروں میں تقسیم کی جائے اور میں درخواست کروں گا کہ بلا معاوضہ دیجائے اور اگر ان سے رقم لینی ہے تو اقساط بہت کم ہوں اور وہ بہت لمبی معیاد کی ہوں - جناب والا - مردان ڈسٹرکٹ میں جلایہ ڈسٹری بیوٹری ہے جس کے ذریعے ملوں میں گنے کے لانے کے لئے وہ سڑک استعمال ہوتی تھی اس کو پختہ کرنے کے لئے دو لاکھ پچاس ہزار روپیہ کی رقم رکھی گئی ہے اور یہ ایک نہایت نیک اقدام ہے اس کے متعلق اس وقت ہمارے معزز لیڈر جناب وزیر خزانہ موجود نہیں ہیں لیکن میں آنکی توجہ اس طرف دلاتا ہوں کہ پچھلے سیشن میں ہم نے شوگر کین پر ترقیاتی ٹیکس لگانے کا فیصلہ کیا تھا

اور وہ یہ تھا کہ ایک آنہ من زمینداروں سے وصول کیا جائے گا اور ایک آنہ من مل والے دیں گے لیکن ہم سے اس وقت بھی سابق صوبہ سرحد کے دوستوں نے گذارش کی تھی کہ اس ٹیکس کو اسی جگہ پر خرچ کیا جائے جہاں سے یہ وصول کیا جاتا ہے ۔ ہمیں اس سلسلہ میں وزیر خزانہ نے تسلی دلائی تھی کہ جس ایریا سے یہ ٹیکس وصول کیا جائے گا وہیں اس کو خرچ کیا جائے گا اور کوئی مناسب بندوبست کیا جائے گا کوئی کمیٹی بنائی جائے گی اور جب حکومت رولز بنائے گی تو ان میں اس چیز کا واضح ذکر ہوگا لیکن ہمیں شک ہے کیونکہ آج تک کوئی قدم ایسا نہیں اٹھایا گیا اور ایسا نہیں کیا گیا تو ہمیں اس سے بڑی مایوسی ہوئی اور اگر ایسا کیا گیا ہے جس کا وعدہ کیا گیا تھا تو مجھے یقین ہے کہ ہماری تمام کچی سڑکیں جن سے اس وقت زمینداروں کو بڑی تکلیف ہوتی ہے اور جو گنا ملوں میں لاتے ہیں اس کا دو آنے اور آٹھ آنے من کرایہ لیتے ہیں تو وہ سہولت ہوگی ۔ اور عوام کی تکلیف کو رفع کرنے کے لئے یہ ایک نیک اقدام ہوگا ۔ جناب والا تقاوی قرضے ۶۰ لاکھ کے رکھے گئے ہیں ۔ گو یہ اچھی بات ہے لیکن تقاوی قرضوں کی بہت سخت ضرورت ہے ۔ غریب زمیندار نہ بنکوں سے قرضہ وصول کر سکتے ہیں اور نہ ان کو procedure کا پتہ ہوتا ہے وہ اسے سمجھتے ہی نہیں اور اگر وہ شہروں میں جائیں تو انہیں بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو غریب زمینداروں کی امداد کے لئے زیادہ سے زیادہ تقاوی قرضے دینے کے لئے بندوبست کرنا چاہیئے ۔ جناب والا ہمارے معزز وزیر تعلیم نے ان سکولوں کو جو کہ اس وقت گورنمنٹ کے کنٹرول میں نہیں ہیں اور جن کو ڈسٹرکٹ کونسلیں یا ٹاؤن کمیٹیاں چلا رہی ہیں اور جن کی تعداد ۳۴۶ ہے ان کو اپنی تحویل میں لینے کا فیصلہ کیا ہے اور ان کے لئے تین سالہ پروگرام بنایا گیا ہے اور اس ضمنی بجٹ میں ۳۰ لاکھ روپیہ کی رقم ان کے لئے رکھی گئی ہے یہ بھی ایک ضروری بات تھی اور میں سمجھتا ہوں کہ اس حکومت کے وزیر تعلیم صاحب کا یہ ایک کارنامہ ہوگا اور یہ رقم ۳۰ لاکھ روپیہ کی رکھی گئی ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ اگر اس میں ممکن ہو سکے تو اور بھی اضافہ کیا جائے اور تین سالہ پروگرام کی بجائے دو سال کا پروگرام رکھا جائے اور اس چیز کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے ۔ جناب والا ضمنی بجٹ میں جو رقومات جن مدوں پر خرچ کی گئی ہیں میں سمجھتا ہوں وہ نہایت مناسب

اور ہمیں جو موقع دیا گیا ہے اپنے خیالات اور اپنی رائے کے اظہار کا تو میں اس کے لئے جناب وزیر خزانہ صاحب کا شکر گزار ہوں اور ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ، مسٹر محمد اسحاق خاں کنڈی کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

ماسٹر خان گل (کوہاٹ ۔ ۲) — جناب صدر یہاں ضمنی بجٹ کے سلسلہ میں اپوزیشن کی طرف سے کچھ دوستوں نے تقریریں کیں مجھے ان سے اپنے ملک کے مستقبل کے متعلق بہت سخت مایوسی ہوئی ہمت والے لوگ بہادر لوگ ہمت کرتے ہیں محنت کرتے ہیں کوشش کرتے ہیں اگر نتیجہ ان کے حق میں نہیں ہوتا تو پھر وہ ملامتوں اور برے الفاظ پر نہیں اترتے ۔ یہاں تو بالکل صاف چیز ہے کہ الیکشن میں ووٹروں کو یہ سہولت حاصل تھی کہ وہ اپنے حق کا صحیح استعمال کریں ۔ اس لئے الیکشن میں جو سب سے بڑی خوبی ہے وہ یہ ہے کہ ووٹر کو اپنے ووٹ پر نشان لگاتے وقت الگ جگہ دیجاتی تھی اور پھر وہ اگر سب کے سامنے اپنا ووٹ بکس میں ڈال دیتا تھا کسی شخص کی طاقت نہیں تھی کہ کسی ووٹر کو متاثر کر سکے کہ وہ اپنا ووٹ کسی خاص آدمی کے حق میں ڈالے ۔ ہم نے ۱۹۵۱ء میں الیکشن کا دور دیکھا تھا وہ یہ کہ سالم کا سالم آدمی غائب ہو جاتا تھا سالم کے سالم بکسے پرچیوں کے غائب ہو جاتے تھے یہ لوگ کہتے ہیں کہ وہ جو گناہ ہے اس کی دلیل ہے ۔ اگر گناہ ہے تو یقیناً اس کو گناہ کہیں گے لیکن اگر گناہ نہیں ہے تو اس کو کیوں چھپایا جائے ۔ پچھلے دنوں میں نے صدر ایوب کا اچھے الفاظ میں ذکر کیا ۔ ان تمام کے مقابلے میں کوئی ایسا شخص نہیں ہے جو تمام طاقت کے ہوتے ہوئے اس ملک میں منصفانہ اور آزادانہ انتخابات کرائے تو یہ ایک ایسی چیز ہے کہ اس جمہوریت پر ان کا سب سے بڑا عظیم احسان ہے ۔ اور میں اس پر اسے سلام دیتا ہوں کہ اس نے ملک کو صحیح طریقہ سے انتخاب کا موقع دیا ۔ (تالیاں) ۔ آپ عوام میں آئے ۔ آپ نے بڑے جلوس نکالے ۔ بڑے جلسے کئے ۔ مقابلہ کیا ۔ مگر قوم نے آپ کو ووٹ نہیں دیا ۔ صدر ایوب نے قوم کی خدمت کی ۔ قوم نے اس پر اعتماد کیا اور اسے ووٹ دیا ۔ بات صاف ہے ۔ آپ کو آسانی سے سمجھ جانی چاہیئے تھی (تالیاں) آپ نے اس ملک کی بڑی خدمت کی ہے ۔ جمہوریت کی بڑی خدمت کی ہے ۔ اب اسے صحیح لائنوں پر چلانا چاہیئے ۔ اگر کوئی شخص جمہوریت چاہتا ہے ۔ مستحکم حکومت

چاهتا ہے - تو اپوزیشن کا ہونا لازمی ہے - مگر اپوزیشن کو جھوٹ فریب دشنام اور گالی گلوچ سے بچنا چاهیئے - همیں معلوم ہے که بعض افسروں نے صدر ایوب کے خلاف کام کیا ہے - هم جانتے هیں مگر وہ آرام سے بیٹھے هیں - جو کچھ هونا تھا هو گیا - قوم نے اپنا فیصله دے دیا - اگر ووٹر کو کوئی شخص ، پولیس سمجھ لیجئے ، موقع پر ہے آئی ، تو کیا نشان لگاتے وقت جبر سے نشان لگوایا گیا ؟ میں الیکشن کمیشن کو مبارکباد کا مستحق سمجھتا هوں که اس نے آزادانه انتخابات کرائے - اپوزیشن نے جو تجاویز پیش کیں انهیں تسلیم کیا - اب آپ کو چاهیئے که آپ قوم کے سامنے کوئی پروگرام لائیں - اب آپ ایسی باتیں چھوڑ دیں که ایوب خاں چلا گیا ہے - جا رہا ہے - بھاگ رہا ہے - بچوں کو یہاں سے لے گیا ہے - ۲۱ تاریخ کو کہا گیا که وٹو صاحب کی جگه حمزه صاحب لیں گے - ایسی باتوں سے قوم کے اندر کوئی نتیجه نہیں نکلے گا - اگر آپ نتیجه چاهتے هیں تو عمل کریں - حکومت غلطیاں بھی کرتی ہے - اس میں برائیاں بھی هیں - آپ کو چاهیئے که انهیں صحیح طریق سے قوم کے سامنے پیش کریں - قوم کے سامنے لائحه عمل لائیں -

کراچی میں زیادتی هوئی ہے - جس کی غلطی ہے حکومت اسے پکڑے گی - ان کو آباد کرنے کے لئے کافی رقم دینی چاهیئے - لیکن جمہوریت کا طریقه یه نہیں که غیر ضروری طور پر حکومت کو بدنام کیا جائے - ان کے اپنے سابقه لیڈروں کا اعمالنامه قوم کے سامنے ہے - میر غلام علی تالپور جیسا آدمی سندھ کے ریگستانوں میں غائب هو گیا - میرے اپنے ایک آدمی کو لے گئے - دوسرے کو آنے نه دیا - اس ملک کے اندر کبھی جمہوریت کو دیکھا نہیں گیا تھا - صدر ایوب نے یہاں الیکشن کرائے هیں - اسے برا کہا گیا - سو قسم کی برائی اس کے ذمه لگائی گئی مگر اس نے جس حوصله اور جس تدبر کے ساتھ اس کا مقابله کیا وہ قابل داد ہے - کامیابی کے بعد اس نے قوم سے کہا خدا کا شکر بجا لاؤ - ملک کی سلامتی اور استحکام کے لئے دعا کرو - کوئی مستی نہیں کی - بلکه کہا میرے دل میں کسی کے خلاف بغض نہیں - کسی کے خلاف نفرت نہیں برائی نہیں - مناسب تھا که اپوزیشن والے بھی حوصله کے ساتھ اس کا جواب دیتے - کہتے قوم نے آپ کے حق میں فیصله دے دیا - هم بھی آپ کو مبارک باد دیتے هیں

یہ زندہ قوموں کا طریقہ ہے ۔ میں ان سے پھر کہوں گا کہ وہ اس ملک کی بہتری کے لئے کوئی لائحہ عمل بنائیں ۔ اس وقت گالیاں دینے کا کوئی فائدہ نہیں ۔ اب پانچ سال بعد پھر الیکشن ہوں گے ۔ اگر قوم اس حکومت سے ناراض ہوئی تو اسے ووٹ نہیں دے گی ۔

اس لئے انہیں چاہئے کہ وہ اپنے پروگرام سوچیں انہیں ہمت کے ساتھ آگے آنا چاہیے ۔ یہ جو مختلف نظام اور نظریات کی پانچ جماعتیں ہیں یہ ملک کے لئے اطمینان کا باعث نہیں ہیں ۔

آخر میں میں ملک قادر بخش صاحب سے یہ عرض کروں گا گزشتہ دو سال میں کوہاٹ کے غریب اور پس ماندہ لوگوں کو کوئی چیز نہیں دی گئی ۔ ملک صاحب کے پاس جنگلات ہیں ۔ نباتات ۔ ہیں برقیات ہیں ۔ عمارات ہیں آبیات ہیں گزشتہ دو سال میں میری فریاد ان تک نہیں پہنچ سکی ۔ میں ان سے عرض کروں گا کہ آئندہ پانچ سال کے لئے ضلع کوہاٹ میں آبپاشی کے لئے ذریعوں کے لئے دو کروڑ روپے مخصوص کر دیئے جائیں ۔ میں نے دیکھا ہے کہ کسی ضلع میں ٹیوب ویلوں کے لئے دوکروڑ روپے دیئے گئے ہیں ہم احسان فراموش نہیں ۔ اس وقت ہم نے اپنی آبادی کے ۸۵ فیصد ووٹ آپ کو دیئے ہیں ۔

اس وقت تک جو کچھ کیا گیا ہے وہ ہمارے پس ماندہ اور غریب ملک کے لئے ناکافی ہے ۔ ہمیں آبپاشی اور چھوٹے بندوں کے لئے کم از کم پانچ کروڑ روپے کی آئندہ پانچ سال میں ضرورت ہے ۔

اس کے علاوہ کراچی میں جو لوگ فسادات کا شکار ہوئے ہیں انہیں امداد دینی چاہیے ۔ سندھ میں امداد دینی چاہیے ۔ جہاں تک اساتذہ کے مسئلہ کا تعلق ہے وزیر تعلیم نے بڑی ہمدردی سے اس کا حل کیا ہے ۔ اگر وہ ان پر اور زیادہ مہربانی کر سکیں تو یہ ان اساتذہ پر احسان ہوگا ۔ بہر حال ہماری درخواست ہے کہ اساتذہ قوم کی خدمت کرتے ہیں ، ان کے لئے وہ جو کچھ کریں گے یہ ان کی نیک نامی میں اضافہ ہوگا ۔

میر عبد الباقی بلوچ (مکران - ۱)—جناب ڈپٹی سپیکر - بقول ان کے جیتی ہوئی بازی ہے اور وہ بڑی باتیں کر رہے ہیں - لیکن اس موقعہ پر مجھے ایک شعر یاد آ رہا ہے ، جو غالباً وہ بھی پسند فرمائیں گے -

ہے راہبری بھی اپنی جگہ معرکے کی چیز
جو اس میں کامیاب ہوا راہنما ہوا

تو یہ آج کی بات نہیں ہے -

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) — آپ بھی آپوزیشن کے راہنماؤں میں سے تھے -

میر عبدالباقی بلوچ — ۱۹۵۸ء میں بھی اسی طرح عوام کے حقوق پر فیصلہ کیا گیا - اور اس کا نام ہوا Revolution - آج ۱۹۶۰ء میں بھی اسی طرح عوام کے حقوق پر دوبارہ قبضہ رکھا - اور اس کا نام ہوا الیکشن - دونوں صورتوں میں صدرات برقرار رہی فریب - دھاندلی تو اگر ایک اور شعر آپ کو سنا دوں -

دھاندلی - دھونس - دھن سے جیت گئے
ظلم اور مکر و فن سے جیت گئے

تو زیادہ صحیح بات ہو گی

جناب ڈپٹی سپیکر — حکمران طبقہ وہ طبقہ ہے - کہ جو تاریخ سے کبھی سبق نہیں لیتا - ابھی انہی گزشتہ چند سالوں کی بات ہے - کہ ان کم ترقی یافتہ ممالک کی تاریخ نے انہیں سبق دینے کے لئے کافی کچھ پیش کیا لیکن حکمران طبقہ تاریخ سے سبق نہیں لیا کرتا - کم ترقی یافتہ ممالک میں کوریا کی مثال ہمارے سامنے ہے - سنگمن ری اسی طرح کوریا میں ایک بڑے فاتح اور عوام کے دلدادہ راہنما بنے ہوئے تھے - الیکشن اس نے بھی اسی طرح کیا خوشیاں منائیں - لیکن اس کے بعد اس فاتح کا کیا حشر ہوا - یہ بھی آپ کو معلوم ہے - جنوبی ویت نام دوسری جگہ ہے - نگوڈین ڈائم کی مثال بھی آپ کے سامنے موجود ہے - وہ بھی الیکشن جیتا تھا - اور اسی طرح جیتا تھا - اور بقول اس کے اسے عوام کا اعتماد حاصل تھا - لیکن اس فاتح کا الیکشن کی فتوحات کے بعد کیا حشر ہوا - یہ باتیں بھی آپ کے سامنے ہیں - سوڈان میں عبود کے ساتھ کیا ہوا - ان مثالوں کے باوجود آپ سمجھتے ہیں - کہ عوام

کا اعتماد کھو کر ظلم ، تشدد ، جبر اور انتظامیہ کے پل
بوتے پر الیکشن جیت کر آپ اس ملک پر حکومت کر
سکیں گے ۔ مجھے آپ سے ہمدردی ہے ۔ آپ کو خدا نے یہ
موقع دیا تھا ۔ کہ آپ تاریخ کا دھارا بدل دیں ۔ اور ہمیں
بھی اس کا علم تھا ۔ جس طرح آپ کی انتظامیہ جو یہ
کہتی پھرتی ہے ۔ کہ صدر ایوب ووٹ کے ذریعے نہیں آئے
تھے ۔ اور ووٹ کے ذریعے نہیں جائیں گے ۔ اس کا علم
ہمیں بھی تھا ۔ لیکن مادرملت کی شخصیت اور کا وہ
احترام جو اس ملک کے عوام کے دلوں میں ہے ۔ اس کے
پیش نظر ہم نے آپ کو اور اس قوم کو موقع دیا کہ
شاید وہ تلخ حقیقت کہ جو شخص ووٹ سے نہیں آیا
وہ ووٹ سے نہیں جائے گا ۔ بدل جائے ۔ ایک سوہوم سی
امید تھی ۔ کہ ممکن ہے ۔ دنیا کی تاریخ اس شخصیت کی
وجہ سے بدل جائے اور بزور بازو آئی ہوئی شخصیت ووٹ کے
ذریعے سے نکل جائے ۔ لیکن آپ کی خود غرضوں نے آپ
کی بدبختی نے اور آپ کی بدقسمتی نے آپ کے ہاتھ سے یہ
موقع بھی چھین لیا ۔ اور غالباً آپ بھی ان تین ممالک کے
نقش قدم پر چلیں گے ۔ جن کا ذکر میں نے ابھی ابھی کیا
ہے ۔ اور وہ افسوس ناک بات ہو گی ۔ جناب ڈپٹی سپیکر ۔
گزشتہ کئی سالوں کی بات چھوڑئیے ۔ گزشتہ چند مہینوں
سے جو الیکشن کی باتیں چلتی رہی ہیں ۔ اور پہلے پہل جب
صدارت تاب یہ خواب دیکھتے رہے ۔ کہ وہ بلا مقابلہ منتخب
ہوں گے ۔ تو اس ملک میں لاءاینڈ آرڈر کی حالت اس قدر
ابتر نہیں تھی ۔ جو اس وقت ہوئی ۔ جب صدارت تاب کو
یہ علم ہوا ۔ کہ ان کے مقابلے میں محترمہ فاطمہ جناح
انتخاب لڑیں گے ۔ پہلے تو وہ یہ سمجھے تھے ۔ کہ جس
طرح چھ سال سے عوام کو غلط باتیں بتا کر وہ عوام
کی گردنوں پر پیر تسمہ پار کی طرح مسلط تھے ۔ اسی طرح وہ
اب بھی عوام کو غلط باتیں بتا کر بلا مقابلہ منتخب ہو
جائیں گے ۔ لیکن جب قائداعظم کی ہمشیرہ میدان میں آئیں
اور ان کا وہ خواب گراں ٹوٹا ۔ اور انہوں نے یہ انتہائی
کوشش کرائی ۔ پولیس کے ذریعے ، ڈپٹی کمشنروں کے ذریعے
کمشنروں کے ذریعے ، ہر اس سرکاری ملازم کے ذریعے جن پر اس

کا اثر تھا ۔ جو ان کی حکومت کے تابع تھا ۔ کہ ملک کے گوشے گوشے میں انتشار ، قتل و غارت اور فسادات برپا کئے جائیں ۔ تاکہ اگر انتخابات میں ان کے جیتنے کی کوئی صورت باقی نہ رہی ۔ تو دوبارہ ایمرجنسی لگا دی جائے ۔ اس کے لئے مجھے نہایت افسوس کے ساتھ طلباء کا حوالہ دینا پڑتا ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ طلباء کو آپ ہی لوگوں نے اکسایا تھا ۔

میر عبدالباقی بلوچ ۔ ہو سکتا ہے ۔ لیکن یہ میں آپ کو بتاؤنگا ۔ کہ طلباء کو کس نے اکسایا تھا جناب صدر کراچی میں طلباء نے کچھ مطالبات کئے تھے چھ سال سے وہ مطالبات چلے آ رہے تھے ۔ اور کسی نے ان کے مطالبات کی طرف توجہ نہیں دی اور وزراء اور حکومت یہ کہتی رہی ۔ کہ طلباء کو سیاستدان exploit کر رہے ہیں ۔ طلبا کو سیاستدان استعمال کر رہے ہیں ۔ یہ ان کے مطالبات ہیں ۔ جو کراچی کے طلباء کی انجمنوں نے متفقہ طور پر پاس کیا ہے ۔ اور حکومت سے ان کو منوانے کی اپیل کی ہے ۔ ان میں کوئی ایک مطالبہ مجھے بتا دیں جو سیاسی مطالبہ ہو اور تعلیمی نہ ہو ۔ میں وہ مطالبات اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں :۔

(۱) تعلیمی فیس میں پچاس فیصد کمی ۔

(۲) امتحانات کی مارک شیٹ میں پچاس فی صد کمی ۔

(۳) ضمنی امتحانات کی فیس بلحاظ مضامین مقرر کی جائے ۔

(۴) تعلیمی نظام از سر نو اسلامی اور قومی ضروریات کے مطابق مرتب کیا جائے ۔

(۵) قومی بجٹ میں تعلیم کی مد میں خاطر خواہ اضافہ کیا جائے ۔

(۶) یونیورسٹی کی جانب سے کتابوں کی Fair Price Shop کھولی جائے اور تعلیمی سال کی ابتدا کے بعد ایک ماہ تک ارزاں قیمت پر کتابیں مہیا کی جائیں ۔

(۷) تمام فیل شدہ طلباء کے لئے غیر مشروط ضمنی امتحانات ۔

(۸) انٹر کالجیٹ باڈی کو سرکاری طور پر منظور کیا جائے ۔

(۹) طلباء کے لئے مزید ہوسٹل تعمیر کئے جائیں ۔

(۱۰) طالبات کے لئے علیحدہ ہوسٹل تعمیر کئے جائیں ۔

(۱۱) مزید میڈیکل ، انجینئرنگ اور دیگر کالج کھولے جائیں اور کوٹہ سسٹم ختم کیا جائے۔

(۱۲) کھیل کی سہولتیں فراہم کی جائیں اور مزید کھول کے میدانوں کا انتظام کیا جائے ۔

(۱۳) مزید سکول اور کالج کھولے جائیں خصوصاً طالبات کیلئے ۔

(۱۴) U. O. T. C. کا احیاء کیا جائے اور طلباء کا مفت طبی معائنہ کیا جائے ۔

(۱۵) ملازمت پیشہ طلبا پر سے پابندیاں ہٹائی جائیں اور شبینہ کالج کھولے جائیں ۔

(۱۶) L. L. M. اور M. Ed. کی کلاسیں کھولی جائیں اور ایم ۔ کام کو ختم کرنے کی تجویز واپس لی جائے ۔

(۱۷) طلباء کے لئے مفت طبی امداد اور تمام ہسپتالوں میں طلباء کا وارڈ قائم کیا جائے نیز یونیورسٹی ہیلتھ سروس قائم کیا جائے ۔

(۱۸) ان طلباء کو ایک سال میں ایم ۔ اے کرنے کی اجازت دی جائے جو قبل ازیں کسی مضمون میں ایم ۔ اے کر چکے ہوں ۔

(۱۹) External Course کی مدت بھی دو سال مقرر کی جائے ۔

(۲۰) طلباء کے لئے ہال تعمیر کیا جائے ۔

(۲۱) بسوں ، ریلوں اور سینماؤں میں رعائت دی جائے اور تمام مخرب الاخلاق فلموں کی نمائش ممنوع قرار دی جائے ۔

(۲۲) ۸ جنوری کو عام تعطیل قرار دیا جائے

(۲۳) شہدا جنوری کی یادگار تعمیر کی جائے ۔

(۲۴) شہدا کے پسماندگان کو معاوضہ دیا جائے -

(۲۵) قومی زبانیں ذریعہ تعلیم بنائی جائیں -

جناب والا یہ ہیں وہ طلبا کے مطالبات جن پر یہ کہتے ہیں کہ سیاست دانوں نے انہیں exploit کیا ہے اور سیاستدان انہیں استعمال کرنا چاہتے ہیں- انہیں مطالبات کیلئے کراچی میں جو طلبا ہیں انہوں نے پر سکون مظاہرے شروع کئے- جناب محمد یاسین وٹو صاحب وزیر تعلیم مغربی پاکستان بنفس نفیس کراچی تشریف لے گئے اور طلبا سے گفت و شنید کا سلسلہ جاری کیا- گویا ان کے نزدیک یہ مسئلہ کتنا اہم تھا کہ انہیں خود وہاں جانا پڑا- وزیر صاحب کے نچلے درجہ کے لوگ اس مسئلہ کو حل نہیں کرنا چاہتے تھے- یہ خود بنفس نفیس حل کرنا چاہتے تھے اور ان ۲۵ مطالبات میں سے ایک مطالبہ بھی تسلیم کئے بغیر وہاں سے واپس تشریف لے آئے ہیں-

وزیر تعلیم- پوائنٹ آف آرڈر- جناب والا میں ان کی اطلاع کیلئے عرض کردوں کہ جو مطالبات ابھی انہوں نے لسٹ میں گنوائے ہیں ان میں جو اہم چیزیں ہیں ان کا ذکر نہیں فرمایا ہے -

میر عبدالباقی بلوچ- آپ ایک تو مان لیتے- اسی وجہ سے تشریف لے آئے کہ طلبا مشتعل ہوں اور انتشار پھیلے اور تمام کراچی میں بلکہ کراچی میں ہی نہیں پورے مغربی پاکستان میں انتشار پیدا کریں- طلبا نے پر سکون طریقے پر مظاہرہ شروع کیا- انہوں نے قائد اعظم بابائے قوم کے مزار پر طلبا پر گولیاں برسائیں- اس دن میں خود وہیں موجود تھا- میں نے خود گولیوں کی آوازیں سنیں اور تھوڑی دیر کے بعد وہاں سے گزرا پولس اپنی بندوقوں کے ساتھ اسی طرح کھڑی رہی- چار طلبا وہیں فوت ہوئے لیکن انہوں نے ایک بتایا- ۴۰ طلبا وہیں زخمی ہوئے لیکن انہوں نے اس کی کوئی اطلاع نہیں دی-

وزیر تعلیم- یہ ساری باتیں غلط بتا رہے ہیں طلبا کے بارے میں-

میر عبدالباقی بلوچ- آپکے پریس میں ایک چھپا ہے - آپ میرے ساتھ کراچی میں چلیں- وہاں چار مرے ہیں- (مداخلت) تو جناب والا انہوں نے طلبا کو مشتعل کیا - غنڈوں کے ذریعہ بسوں میں آگ لگائی اور ڈویژنل کونسل مسلم لیگ کے دفتر میں جو اکونٹس کی الماری تھی اسکو آگ لگا دی اور نام طلبا کا ہوا -

جناب والا یہ ہے طلبا کا کردار۔ جس انداز سے طلبا سوچ رہے ہیں وہ یہ ہے کہ ویسٹ پاکستان سٹوڈنٹس لیگ کی طرف سے ان ہنگاموں کے دوران یہ بات شائع ہوئی وہ یہ کہتے ہیں کہ طلبا انتشار پھیلانا چاہتے ہیں۔

"آج ہماری تحریک پندرھویں دن میں داخل ہو چکی ہے یہ موڑ ہمارے لئے نہایت ہی سوچ و فکر چاہتا ہے۔ اب منزل تک پہنچنے کے لئے ہمیں حالات اور ماحول پر گہری نظر رکھنا ہے۔ آج ہر طالب علم یہ سوچ رہا ہے کہ:

طلبا کی پر امن تحریک کن ذرائع اور وسائل کے ذریعہ اشتعال انگریزی اور ہنگامہ آرائی کی طرف موڑ دی گئی ہے؟

مقدس درسگاہوں اور متبرک عبادت گاہوں کی بے حرمتی کس لئے کرائی گئی؟ قابل احترام اساتذہ کا وقار کیوں مجروح کیا گیا؟

طلبا کی اندھا دھند گرفتاریوں کا کیا سبب ہے۔ کرائے کے غنڈوں سے بسوں کو جلوانے کا کیا مقصد تھا۔ امن اتحاد اور جمہوریت کے علمبردار طالب علموں کو تحریک کے آغاز ہی میں جیل کی آہنی دیواروں میں قید کر دینے اور ضمانت پر رہا نہ کیا جانا کس بات کی دلیل ہے؟

تشدد اور ہنگاموں کی حوصلہ افزائی کرنے والے عناصر آج تک آزاد ہیں۔ کیوں؟ کیا یہ سب اس لئے نہیں کہ طلبہ اور عوام کو زیادہ سے زیادہ مشتعل کرکے مظاہروں اور قانون شکنی پر ابھارا جائے؟

پاکستانی عوام اور بیرونی ممالک کو یہ تاثر کون دینا چاہتا ہے کہ ملک میں ہنگامی حالات پیدا ہو گئے ہیں۔"

جناب والا یہ ویسٹ پاکستان سٹوڈنٹس ایک کراچی طلبا سے اپیل کرتی ہے۔

"آج پر امن طلبا اور عوام کی آواز کو انتشار پسندوں کے ذریعہ دبانے کی مسلسل کوشش کی جا رہی ہے اور

احساسات و جذبات کے اظہار پر چاقو چھریوں اور لاٹھیوں سے مسلح غنڈہ عناصر کو آزادانہ استعمال کیا جا رہا ہے تاکہ طالب علم اور پر امن شہری مشتعل ہوکر ملک میں ہنگامہ آرائی کے لئے بڑھیں اور استحکام۔ استقلال اتحاد اور یقین محکم کے دامن کو ہاتھ سے چھوڑ دیں۔

آج ہمارے صبر کا پیمانہ لبریز ضرور ہے مگر ہمیں ابھی اپنے صبر و استقلال کا مظاہرہ کرنا ہے تاکہ ہم یہ ثابت کر سکیں کہ ہم محب وطن اور جمہوریت پسند ہیں۔

جناب والا اس پمفلٹ کے ذریعہ طلبا نے خود طلبا سے اپیل کی ہے کہ وہ تشدد کا مقابلہ صبر سے کریں۔ تحمل سے کریں۔ تو کیا طلبا یہ چاہتے کہ اپنے وہ مطالبات خون ریزی سے حاصل کریں یا پر امن مظاہرے سے حاصل کریں۔ جناب یاسین وٹو صاحب وہاں تشریف لے گئے۔ ایک طرف ان کا ایک مطالبہ مانے بغیر لاہور بھاگ آئے۔ دوسری طرف سے حکم دے آئے کہ تمام یونیورسٹی۔ کالج اور سکولز بند رکھو تاکہ جو طلبا پڑھنا بھی چاہیں وہ بھی نہ پڑھ سکیں۔ جو طلبا مظاہرہ میں حصہ نہ لینا چاہیں وہ بھی ضرور حصہ لیں۔ یہ ایک سوچی سمجھی سازش تھی اور وہ سازش ناکام ہوئی۔ اور طلبا پر امن رہے۔ جناب والا یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ان دنوں ۶۰ کے قریب طالب علم انہوں نے گرفتار کئے۔ علی مختار رضوی کے ساتھ جو سلوک انہوں نے کورٹ میں کرایا وہ قابل صد افسوس ہے۔ شاہ حسن حسین کو پکڑ کر ابھی تک جیل میں رکھا ہوا ہے۔ سعید حسن کو بلا وجہ پکڑ کر جیل میں ٹھونسا ہوا ہے۔ یہ سب طالب علم راہنما ہیں۔ اور یہ فرماتے ہیں کہ ہم طلبا کے مائی باپ ہیں۔ یہ حکومت ایک طرف سے گوہر ایوب اور اختر ایوب کیلئے گندھارا دیتی ہے اور دوسری طرف ہمارے بچوں کیلئے لاٹھیاں اور گولیاں اور ٹیئر گیس ہے۔ اور اس پر یہ دعوے کہ ہم مائی باپ ہیں۔ (مداخلت)

جناب والا انتخابات سے قبل اور انتخابات کے بعد میں کراچی میں تھا۔ کراچی میں مسلح غنڈوں کے ذریعہ پولیس اور کنونشن لیگ نے اور کراچی کی ایڈمنسٹریشن نے جس طرح مختلف علاقوں میں خوف و ہراس پھیلایا۔ غنڈہ گردی پھیلائی اس کی مثال شائد کہیں نہیں ملے گی۔ پہلے ہم یہ سنتے آئے تھے کہ پولیس اور انتظامیہ

لوگوں کی جان و مال کی محافظ ہے۔ دنیا میں یہ انتظامیہ تصور اور پولیس کے متعلق تھا لیکن کراچی کے حادثات کے بعد مجھے یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ مغربی پاکستان میں پولیس اور انتظامیہ کا کام غنڈہ گردی کرنا، دہشت پھیلانا اور قتل و غارت کرنا ہے لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کرنا نہیں ہے۔ میں خود اس دوران میں وہاں موجود تھا۔ ڈرگ کالونی کے مہاجر ہمارے پاس آئے وہاں انہوں نے بتایا کہ کس طرح پاس کی بستی کے لوگوں کو گوہر ایوب صاحب نے بھڑکایا ہے کہ تم ان لوگوں کو قتل کرو۔ تمہاری جھگیاں ہیں ان کے مکانات ہیں۔ وہ جھگیاں تم چھوڑ دو اور یہ مکانات تمہیں الاٹ کروا دینگے۔ وہاں مسلح حملے ان پر ہوتے رہے۔ میں خود وہاں گیا دیکھا کہ مسلح لوگ آرہے ہیں اور پولیس کھڑی تماشا دیکھ رہی ہے۔ پوری سی۔ او۔ پی کمشنر کو ٹیلیفون کرتی ہے۔ ڈی آئی۔ جی۔ پولیس کو ٹیلیفون کئے۔ تھانے داروں کو ٹیلیفون کئے لیکن کوئی وہاں نہیں پہنچتا۔ کوئی نہیں جاتا۔ کورنگی میں آٹھ ٹرک غنڈوں کے بھرے ہوئے دن دھاڑے وہاں پھرتے ہیں۔ نعرے مارتے ہیں اور لوگوں کو قتل و غارت کرنے کی دھمکیاں دیتے ہیں۔ پولیس کو ہم ٹیلیفون کرتے ہیں سی۔او۔پی کی سنٹرل کمیٹی ٹیلیفون کرتی ہے۔ لکھم ہاؤس سے ٹیلیفون ہوتا ہے مگر پولیس کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ آخر کار غنڈوں نے لوگوں کے گھروں میں گھس گھس کر انہیں مارنا شروع کر دیا جس کی وجہ سے ایک بڑھیا جان بحق ہوئی۔

جناب والا ۔ الیکشن کے بعد یہ غنڈہ گردی انتہا کو پہنچتی ہے۔ چنانچہ گوہر ایوب صاحب غنڈوں سے بھری ہوئی دو ٹرینیں وہاں لے آئے۔ اور ان کو گندھارا انڈسٹریز کے compound میں رکھا گیا۔ پلان یہ تھا کہ اگر ۲ جنوری کو حزب مخالف جیت گئی تو شہر بھر میں غنڈہ گردی شروع کرائی جائے۔ تاکہ مارشل لا declare ہو جائے لیکن افسوس کہ انہوں نے جیت کر اور دفعہ ۱۴۴ کے باوجود بھی کراچی کے شہر میں جلوس نکالے اور نعرے لگائے۔ اس وقت ان غنڈوں کا عالم یہ تھا کہ پستول ان کے ہاتھ میں تھے اور بندوقیں ان کے کندھوں پر تھیں۔ اور ایک عینی شاہد کی اطلاع کے مطابق جو وہاں خود موجود تھا۔ گوہر ایوب صاحب نے خود پستول سے لوگوں کو shoot کیا ہے۔

وزیر تعلیم - جناب والا - یہ بالکل غلط ہے -

میر عبدالباقی بلوچ - جناب والا - یہ میری بات تو سنیں - پریس کی ایک اطلاع کے مطابق وہاں ۲ آدمی ہلاک ہوئے ہیں -

وزیر تعلیم - جناب والا - معزز ممبر کی ایسی باتوں سے سارے ملک کی توہین ہے - اور ساتھ ہی عوام کی بھی توہین ہے - ایک شخص جو عوام کے انتخاب سے ملک کا صدر بنا ہے - یہ اس پر بھی aspersion ہے اور عوام پر بھی -

Mr. Senior Deputy Speaker: Order, Order.

وزیر تعلیم - کاش ہم میں یہ حوصلہ ہوتا کہ ہم عوام کے فیصلوں کو تسلیم کر لیتے - یہ جمہوریت کی بنیادی بات ہے -

میر عبدالباقی بلوچ - جناب والا - یہ عوام کا فیصلہ نہیں ہے -

وزیر تعلیم - جناب والا - میری گزارش یہ ہے کہ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ فاضل ممبر حضرات قانون کی حدود سے تجاوز کرنے نہ پائیں - کیونکہ ایسی باتیں کرنے سے معزز ممبر قانون کی حدود سے تجاوز کر رہے ہیں -

میر عبدالباقی بلوچ - جناب - قانون کی حدود سے تو یہ تجاوز کر چکے ہیں - کاش آپ قانون کی حدود جانتے ہوتے -

وزیر تعلیم - جناب والا - قانون کی حدود .....

Mr. Senior Deputy Speaker: You have denied that allegation. That's all. Please take your seat. Order ; Order. Mir Sahib, you have only eight minutes left.

میر عبدالباقی بلوچ - جناب سپیکر - وہاں اسی طرح گوہر ایوب صاحب نے کوئی اسی کے قریب قتل کرائے -

Mr. Senior Deputy Speaker: I expect that the member is making all these statements with full sense of responsibility.

Mir Abdul Baqi Baloch: Yes, Sir I was there and I was told each and every thing.

On a Point of Order Sir. - مسٹر سلطان محمد اخوان

جناب سپیکر - میں سمجھتا ہوں کہ کراچی کی گڑبڑ کے متعلق ایک انکوائری کمیٹی بٹھا دی گئی ہے -

Mr. Senior Deputy Speaker: That is not a Point of Order. He should please take his seat.

مسٹر سلطان محمد اعوان — جناب یہ غلط الزام لگا رہے ہیں ۔

.....

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ معزز ممبر جس چیز کے متعلق ارشاد فرما رہے ہیں اور اتنی assertive allegations لگا رہے ہیں ۔ اس معاملے کے متعلق عدالتوں نے فیصلہ کرنا ہے ۔ لہذا اس طرح وہ غلط طریق پر اس ساری چیز کو پیش کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ابھی ابھی اس ایوان میں ایک لفظ استعمال ہوتا ہے جو غالباً آپنے نہیں سنا ۔ میں نے سنا ہے ۔ وہ لفظ غیر پارلیمانی ہے میرے دوست سلطان محمد اعوان صاحب نے .....* کا لفظ استعمال کیا ہے ۔ لہذا میں آپ کی وساطت سے ان سے درخواست کرونگا کہ وہ اسے واپس لے لیں ۔

مسٹر سلطان محمد اعوان — بہت اچھا جناب میں اسے واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: And this should be expunged from the record. Mr. Baqi should please continue his speech and wind it up.

میر عبدالباقی بلوچ ۔ جناب والا ۔ گجر نالہ میں انہوں نے ۳۶۰ گھر جلائے ۔ فردوس کالونی میں ۲۵ گھر جلائے ۔ اور لیاقت آباد میں ۱۵ گھر جلائے ۔ اس کے علاوہ لانڈھی میں بھی انہوں نے کئی گھر جلائے ۔ جو میں خود اپنی آنکھوں سے دیکھکر آیا ہوں ۔ اور اب وہاں لوگوں کی حالت یہ ہے کہ یہ جیتے ہوئے لوگ جو کنونشن لیگ سے تعلق رکھتے جب یہ ان کیلئے کھانا لیکر جاتے ہیں ۔ تو وہاں کے لوگ پکا پکایا کھانا واپس کر دیتے ہیں ۔ گجر نالہ میں میں بھی گیا ہوا تھا ۔ یہ جیتے ہوئے لوگ ان کیلئے پکا ہو کھانا لے کر گئے ۔ لیکن ان مصیبت زدہ لوگوں کی فطرت کا یہ عالم ہے کہ انہوں نے اسے کھانے کی بجائے یہ کہہ کر واپس کر دیا کہ ہم کنونشن لیگ کا کھانا نہیں کھائیگے ۔ بھوکے مرینگے لیکن تمہارا کھانا نہیں کھائینگے ۔ اگر مادر ملت کا کھانا آئیگا تو وہ کھائینگے ۔

*Expunged as ordered by Mr. Senior Deputy Speaker.

جناب والا ! انہوں نے ملک بھر میں جو غنڈہ گردی مچا رکھی ہے - اور ہر جگہ لوگوں میں جو نفرت کے جذبات پھیلا رکھے ہیں - ان کا ضرور کوئی نتیجہ برآمد ہو گا - آپنے کراچی اور ملک کے دوسرے حصوں میں لوگوں کا ناحق خون بہایا ہے میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ یہ خون ضائع نہیں کیا جائے گا - اس خون کا بدلا South Vietnam کی صورت میں ضرور نکلے گا -

Minister of Education : It is not a treasonable statement ? According to the Rules a member shall not make any statement which amounts to treason,

جناب والا ! یہ ویٹ نام کی بات بار بار دھرانا اور قوم کو اکسانا درست نہیں -

Mr. Senior Deputy Speaker : He is giving a reference to a historical incidence only.

(Interruptions)

میر عبدالباقی بلوچ — جناب والا - میں ان کو آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ آپ اس فتح پر اس قدر شادان نہ ہوں - آپ اپنے دل سے پوچھیں کہ کیا آپ واقعی فاتح ہیں - ذرہ ایک لمحے کیلئے ان حالات سے الگ ہو کر اپنے ضمیر کی آواز کو سننے کی کوشش کریں - اور پھر ہمیں بتائیں کہ واقعی آپ فاتح ہیں یا نہیں ایک آواز — ان کی ضمیر تو ہے ہی نہیں) (قہقہہ آپ یقیناً فاتح نہیں ہیں - کیونکہ آپ عوام کا اعتماد کھو چکے ہیں - لیکن اس کے باوجود آپ یہاں حکومت کی گدی پر بیٹھے ہیں - آپ جانتے ہیں کہ جو حکومت عوام کا اعتماد کھو کر ڈنڈے کے زور پر چلائی جاتی ہے - اس کا حشر کیا ہوتا ہے اور آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ جو لوگ الیکشن سے حکومت نہ بدل سکیں - وہ کن ذرائع سے حکومت بدلا کرتے ہیں -

Mr. Ahmad Mian Soomro (Jacobabad) I) : Sir, today we are really meeting for the first time after a very decisive moment regarding the result of the Presidential election held on the 2nd January. We know, Sir, when we met here on the 21st December, 1964, my friends on my right here were so confident that they did not want even the adjournment motions to be postponed on that day giving the excuse that we were not prepared to reply for the misdeeds of this Government. They were so confident because they knew that the elections that were going on were to be held in a very fair manner. They knew that and they were confident because of the manner in which the elections were being conducted. But they did not realise that the people were not behind them. Still they were sure that after the 2nd January they would achieve their object which was nothing but the cult of power; they were confident and therefore they did not want that

even the adjournment motions should be postponed. But, Sir, seeing and realising the manner in which the elections were held, they realised—and while pollings were going on at various places their agents admitted that this was the fairest polling held since the creation of Pakistan. They were anxious to know the result, feeling confident that they would win. But, Sir, when after this very fair election the fairest even held in Pakistan so far as the polling is concerned—the result showed our victory by not only a small margin but by almost a majority of 22 thousands out of 80 thous nds. They should have taken this defeat with grace and swallowed this bitter pill after seeing the manner in which the election was conducted. Sir, the result of this election has proved that it is the Muslim League behind whom the masses are. The result has proved that the policy and the programme of President Ayub is desired by the people.

Khawaja Muhammad Safdar : Question.

Mr. Ahmed Mian Soomroo : The result is that we *de facto* have *de jure* democracy today, whereas formerly we *de facto* had anything but democracy. It was merely on paper. We cannot forget the elections which some of these C.O.P leaders held in their days. Sir, we still remember the elections when Mr. Khuhro, at that time Chief Minister of Sind, had to face a bye-election in which he himself was a candidate from Shehdadpur. What happened on that day was that D.I.G. Police was posted there at the compound and no candidate was allowed to come within a furlong of the area where the candidates had to file their nomination papers. One prospective candidate, an advocate named Faiz Muhammad, came there with the idea of filing a nomination paper and contesting the election. Now, if he had been allowed to come in he would have filed his nomination paper and there would have been elections which Mr. Khuhro and these champions of democracy wanted to avoid. So, he was bodily lifted, put into a bus and taken to a place twenty-five miles away in the jungle so that he could not come back. Is it not shameless ? Are these persons really proud of it ? Is that the type of democracy with which they want to mislead the people to day ? Sir, we Pakistanis have proved that we are not prepared to be misled and we have had sufficient of you. We want a system where we can really feel some progress where we can really feel some development, and this present Election Commission has proved and created a confidence in the people that they are capable of holding free and fair elections. Sir, the manner of elections and the rules they prescribed almost complied with the demands of the C.O.P. and in spite of that this is the result. I would appeal to them, take the decision of the people, take the decision of the people and respect it. Get ready for the next election after five years. Take the decision of the people now atleast. This is as far as election results are concerned. I am sure they will admit in their hearts of heart that during the elections there was complete freedom of speech and freedom of the press. They were, at the top of their voice, criticising and levelling undesirable language at the President. Let them at least give some credit to his patience that he tolerated all this. They do not realise that this Party has so much majority in the legislatures that if it desired it would have put another candidate and resorted to screening. But the President said 'No', let the people be given an opportunity, let them have the right and let them exercise that right in a free and fair manner to elect the Head of State as provided by the Constitution. And he has fulfilled his promise and faced the electorate who have once again reposed confidence in him.

Now, Sir, as far as the Supplementary Budget is concerned I would like to say a few things about that. The Supplementary Budget shows the efforts of the Government in the sphere of development. We have in this Budget a provision whereby it is proposed to have an Intermediate College in Miranshah and some backward areas. It shows the interest of the Government to cater for the educational needs of the backward areas. I feel it would not be out of place here if I brought it to the notice of the Education Minister that there is a demand for a College building in Jaccobabad district and he would kindly see that this legitimate demand of that area is fulfilled so that they may also join in th pace of development.

Sir, I must thank the Government for having provided in this Supplementary Budget a suitable amount for the rain and storm havoc in Hyderabad Division. They have provided Rs. 53,27,740 for that. In addition they have also made a provision for about a crore and a half for taccavi loan and about fifty lakhs for the improvement and repairs to roads in that area. Sir, this is really a commendable step.

In the sphere of development again they have made a provision for the construction of Kach Dam in Quetta. No doubt, the water-supply in Quetta is anything but satisfactory and this will be a well-spent amount.

As far as the Education Demand No. 6, is concerned we find an amount of twelve lakhs provided for the purpose of research. Sir, this is really a very welcome step through there is a bit of ambiguity which needs clarification from the Education Minister. It is supposed to be a non-recurring expenditure whereas on page '9' it says—

> "Owing to commitments of the AID for financing the Indus Basin Works, they have requested the Provincial Government to finance the recurring cost from this year. The Provincial Govrenment has, therefore, assumed responsibility and sanctioned a grant-in-aid of Rs. 12,00,000/-"

From this it appears that it is going to be a recurring cost from year to year but in the Demand it appears as a non-recurring item. I hope that the Education Minister would kindly clarify this.

In the field of development we find that they have provided for the establishment of an institute for Testing and Guidance. The Institute will judge the aptitude of students and find what out they are capable of. This is a step in the right direction. Another commendable step, of course, is the provincialisation of secondary education. This was along felt necessity and at least the Government has risen to the occasion and has provided for that.

Sir, as far as the Budget is concerned we find that the main item costing more than thirty two crores relates to State Trading. The Government propose the purchase the basic necessities of life to meet the demand of the public to bring down the prices of these items of necessities. It is really a commendabe step and I would congratulate the Food Minister for waking up in time and looking to this need. So far as State Trading in principle is concerned some defects are found in its working. As far as the rice policy is concerned I would bring it to the notice of the Government that in the rice procurement scheme which is a monopoly scheme in fact, it is only the Government which can purchase the Kangni and Joshi rice whereas in the former Sind they had in their monopoly scheme prohibited the transport of paddy by mechanised means.

Sir, this does not appear to have any sense in this age. I know of my district of Jacobabad, where areas are twenty and thirty miles away from the Mandis, and recently a number of trucks, bringing paddy from those far off places in order to reach the Mandis early rather than bring it by bullock carts, were held up at Jhatpat. The trucks were detained for a number of days. There are cases registered against the drivers and the goods at present stand confiscated. This demand was brought to the notice of the Food Department. The Deputy Commissioner, Jacobabad, has also moved, but there is no amendment yet in this. How ridiculous it is that people should be asked to bring their paddy from twenty and thirty miles by bullock carts and not by mechanized means. I hope Sir, the Food Minister would give his immediate attention to this.

The Food Minister should give his immediate attention to another factor also, which they have already. I understand, consulted the Central Government about, but still no decision has come in, namely, under their Monopoly Procurement Scheme, none of the rice mills are allowed to husk any paddy other than the type of kangni or joshi. Sir, the Government have, on the one hand, encouraged through its various schemes people to grow better type of paddy; for example Sir, a type of paddy known as Hansraj, and also called in our area as 'Sathri'

meaning sixty because it takes only sixty days to ripe. No Sir, that type of paddy agriculturists have been encouraged to grow, but this Monopoly Procurement Scheme prevents them from taking them for husking. What are the agriculturists to do unless they husk the paddy into rice. How can they get a market. The Monopoly Procurement Scheme prevents the millers from husking that paddy without the permission. Now this is very difficult and since about a month back I had brought this to the notice of the Food Department, who have in turn consulted the Centre because this scheme are lates to Centre, but Sir, it is going to take bit too long. The agriculturists had been permitted to grow the improved variety. When they are asked to produce, they produce it and end up in fiasco. I would, therefore, request the Food Minister to please give this his immediate attention and depute a responsible officer to go there personally and see that within the next few days some decision is taken about this matter, which has created so much of uneasiness in that area.

Then comes the Co-operative Department Sir. Sir, there is no doubt that Government is putting in its effort as far as improving the co-operative movement is concerned. The Development Board is there, but Sir, there is one aspect, which requires a little more attention to e given and that is Sir, recovery of co-operative banks. Sir, the position of recoveries of the most important co-operative bank of Sind, the Sind Regional Co-operative Bank, is this that decrees of over about five crores of rupees are pending execution, since years, but they are not being executed. Recoveries are being postponed on one pretext or the other of course, I must say that they have realised this and brought about a change in the local administration of the co-operative department in that region, and I hope Sir, they will effect some method whereby an effective check is exercised to see that these amounts are recovered within the shortest possible time. This bank Sir, is in difficulty because of the slackness. They have asked the Government for a temporary loan of fifty lakhs of rupees, as was granted to them sometime ago by the Sind Government. I hope Sir, the Government would come to the rescue this area because this is the main bank financing the agriculture there, and advance this loan to them even for a short period of six months, so that they can really meet the needs of the agriculturists of that area. And this bank does need the special attention of the Government because it is functioning merely to finance the various co-operative societies in that area and not for individuals, who in turn must be helped if the economy of this country is to be stabilized when agriculture is the backbone of that area Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker: The member has taken more than twenty minutes.

Mr. Ahmed Mian Soomro: will take only three minutes more Sir.

Another situation, which is very alarming at present in that area, is Sir, the decision of the Government whereby they have imposed rice restriction within half a mile on each side of the so-called black top roads; black top roads whether cement or concrete this is something wild; but I presume Sir, the Government by that means all pucca roads. Now Sir, leaving half a mile on each side one square mile 640 acres will be going out of cultivation for every one mile of pucca road, because nothing else can grow. And there is non-perennial system of agriculture; there is waterlogging also in the areas, and this is the remedy for waterlogging. The remedy is worse than the malady. The result is that the people of such lakhs and lakhs of acres will have no source of livelihood, the Government will be losing in assesment and there would be shortage of food on the other hand. This is an aspect, Sir, which requires the immediate attention of Government, and this order should be immediately withdrawn or revised to the minimum area. On account of this order, the result is that people do not want pucca roads near their lands because they would be completely deprived of their livelihood. Sir this fact should be given immediate attention by the Government and the people of the former Sind, where rice is grown, must be saved from this great difficulty.

Haji Gul Hassan Mangi: (Sukkur I): Mr. Speaker, first of all I say something about the Presidential election, but I am sorry that the Members of the

Opposition are not here in the House. Before this election, whatever elections were held whether of President, Governor or the Prime Minister all were being fought in the palace. This is the first election in which 80,000 B. D. members have taken part, representing ten crores of people and I think this is the first time in the history of Pakistan that this election has been taken place in a fair condition and without an interference.

Now Sir, the Opposition candidates, especially of the COP, were given full opportunities to make propaganda, to take all the methods to get their candidate successful but they did not work sincerely and actively. What they did was that they first instigated the students and they thought that by doing this, they will succeed in the election. The other thing they did was that they came on the platform and openly abused the Muslim Leage leaders I have taken their names and I will tell the House; Mir Jafer Khan Jamali, who is the Chairman of the Council League for the Sind area, attended the meeting at Sukkur and openly abused us because we had held the support and were working for the President. Same was the case there in the Jacobabad District. By doing this, they let down Miss Fatima Jinnah. Those members, who were in her favour, went against her. If they want to take back the power, they can't take it by force.

They work and convince the people and get a majority of B. D. members with themselves and with all the public. Election was fair in the history of Pakistan. At the same time most of the officers work openly with them and none of the officers worked with us. I think, from this, they can be judged as to who is popular—Ayub is popular or they are popular.

Much has been said about the students. I say the demands of the students, if they are genuine, are being looked into by the Government. I would request the Education Minister to look into it and remove these grievances so that they may not get a chance for instigating the students.

Now, come to the Supplementary Budget. It is a good budget and provides something for the betterment of the people.

I specially speak of the Medical Department in the Khairpur Division. There are no medical facilities in Khairpur Division and these difficulties cannot be removed unless and until there are doctors. How can we provide doctors? This cannot be done unless and until you open more Medical Colleges. There has been a proposal that one Medical College should be opened at Sukkur. It will help not only the people of Kahirpur Division but also Quetta Kalat and Bahawalpur. I have seen in papers that this college is being shifted to Bhawalpur and it is painful to us because at Multan there is already a Medical College which is only sixty miles away from Bahawalpur. This college is sufficient for these people and there is no college for the people of Kahirpur, Quetta and Kalat. I would request the Minister, specially my friend Mr. Ghulam Nabi Memon, that this Medical College should be opened at Sukkur instead of Bahawalpur because before this, in the days of Mr. Sanjrani, a site was selected.

I support Mr. Soomro regarding putting rice restrictions on half a mile radius pucca road in Sind. This is the only area where this restriction has been imposed and there is no such restriction in other parts of West Pakistan. The Government will not gain anything but lose crores of rupees as land revenue because this tract is such that there will be no other cultivation except the rice cultivation. I will say that Government should take immediate effect to remove this Ordinance.

Now, Sir, another thing I would like to bring to your notice and to the notice of the Railway Minister, who is not present here, is the Railway Department. This department is not functioning properly. Up to this time the Railway Department has not made any proper arrangement for the drainage of water at Rohri Station. It is being collected on low level near the national highway from Karachi to Lahore and in a few days time this road will come under water and the passage will be blocked and there will be absolutely no passage for the people to travel on this highway road from Karachi to Lahore and *vice versa* and other

parts of West Pakistan. I would request the Minister sitting here to convey this message to the Minister-in Charge to take immediate action other-wise there will be no way to go to Karachi.

Third thing. I said in my speech about the Education Department. There is much corruption in the Education Department. The root cause of this corruption is the Director of Education, Hyderabad Region. I have received so many complaints and applications and I have forwarded them to the Minister of Education, Mr. Muhammad Yasin Khan Wattoo. The Director does not recommend any grant to any college or school unless and until something is paid to him. Such complaints and applications I have forwarded to Mr. Wattoo for information and necessary action in the matter. I would request him to take immediate action and shift this gentleman from Hyderabad in order to purify the Education Department in Hyderabad Division.

Registration Department. Generally, the documents are written in Sindhi and are presented to the Sub-Registrars for registration but they are not being returned to the parties within one or two years with the result that the parties are very much worried. When they approach the office, they say that they have got no staff. I had written one D. O. to Mr. Habib Ullah Khushak, Inspector-General of Registration and Director of Settlement. He replied that he made a reference to the Government for additional staff of about 17 clerks and inspite of the fact that two years have passed, they have not given any sanction. I would request the Finance Minister to take immediate action and supply staff to him otherwise people are very much troubled and worried. They are going daily, twice a week at least, to the Sub-Registrars. It is said that about 53 lacs of rupees have been given to the flood affected people in the Hyderabad area. This amount is very meagre and their loss extends to about 5 or 6 crores of rupees. So, I say, the Government should give at least 2 crores of rupees to those people.

Now, I come to another important thing. The people of Sind are crying that private public should be allowed to ply their buses on the nationalised route alongwith the Government buses. On the contrary, the Government have not heard them. They have allowed their own buses to ply on the one road on which public buses are plying from Shikarpur to Guddu.

They should allow the public to ply their buses on the nationalised routes alongwith the Government buses since this is being one in Punjab and other parts of West Pakistan. On the one hand they say that they are unifying the laws and on the other they are not doing this thing. They should make a uniform policy for West Pakistan and allow the public to ply their buses on the nationalised routes. I would request the Minister to keep this thing in view.

امیر حبیب اللہ خان سعدی (لائلپور۔) صاحب صدر۔ حکومتوں کی طرف سے میزانیہ پیش کرنا محض رسم کی حیثیت نہیں ہوتی کہ چند اعداد و شمار اور ان کی فہرستیں چھاپ دی جائیں بلکہ جس مطلب کے تحت مصارف کئے جاتے ہیں وہ بھی زیر بحث ہوتا ہے تاکہ ہر وہ مجلس جو میزانیہ کے معاملے میں پورے اختیارات رکھتی ہو وہ ان پر اپنی رائے کا اظہار کرے انکو رد کرے یا قبول کرے۔ لیکن ہم اس عجائب روزگار آئین کے تحت کام کر رہے ہیں، جس میں سارا نظام ابلہ فریبی سے چلایا جا رہا ہے۔ ان دو اسباب نے مل کر ہمارے میزانیوں کو محض تکلفات بنا دیا ہے اور انہیں عوام اور ایوان ہر دو کے احتساب سے آزاد کر دیا ہے۔ مجھے حیرت ہوتی ہے کہ یہاں ہمارے بڑے بڑے ذمہ دار دوست جب

اپنے ممدوح کی تعریف کرنے پر آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ سب ٹھیک ہے ۔ آئین اتنا اچھا ہے منصفانہ انتخابات کا ذکر کیا جا رہا ہے ۔ لیکن اس بات کا ذکر نہیں کیا جاتا کہ اس آئین کی رو سے میزانیہ پر بات کرنے کی کتنی اجازت ہے ۔ اس ایوان کے صوبہ کے اخراجات اور محاصل پر کیا اختیارات ہیں ۔ اور پھر جس طرح برسر اقتدار پارٹی اپنے اندر حق کی آواز کو دبانے کی کوشش کرتی ہے اس سے یہ سب کچھ مذاق بن کر رہ جاتا ہے ۔

صاحب صدر ۔ اس دور میں پراپیگنڈہ کی ان روایات پر عمل کیا جا رہا ہے جو ہٹلر کے دور میں گوئبلز نے قائم کی تھیں ۔ یعنی یہ کہ جھوٹ بولو ۔ بار بار بولو ۔ اور اتنے زور سے بولو کہ لوگ اسے سچ سمجھنے لگیں ۔ تو ہمارے واجب الاحترام ملک قادر بخش صاحب اس مسلک میں اس ایوان کے امام ہیں ۔ وہ ہر سفید کو سیاہ سیاہ کو سفید بنا دیتے ہیں ۔ مجھے ان سے انتہائی محبت بھی ہے اور ان سے ہمدردی بھی ہے ۔ وہ قبر کے کنارے پر پہنچ گئے ہیں ، مگر یہ نہیں سوچتے کہ وہ عامۃالناس کی کمائی کس بے دردی اور کس دھڑلے سے صرف کئے جا رہے ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ وہ اس معاملہ میں ضرور میری تائید کریں گے کہ اس تمام طریق کار پر یہ مثل صادق آتی ہے کہ چہ دلاوراست دزدے کہ بکف چراغ دارد ۔

ہمارا یہ میزانیہ جو اتنے تکلف سے پیش کیا جا رہا ، ہم تو اس سے یہی سمجھتے ہیں کہ وزیر خزانہ صاحب ۳۲۰ ، ۵۹ ، ۱۸ ، ۳۸ روپے کی رقم مزید خرچ کرنی ہے ۔ یہ میں نہیں کہہ سکتا کہ آخر میں یہ ۳۲۰ کا عدد کیوں خواہ مخواہ لکھا گیا ہے ۔ اس سے کم کر دیتا یا زیادہ کر دیتے اور پھر یہ بھی محض تکلف ہے کہ ایوان رائے بھی دے ۔ حالانکہ گذشتہ تین سال سے وزراء کا عمل یہ رہا ہے کہ جب بھی ہم نے میزانیہ پر تعمیر کے نقطہ نظر سے تنقید کی ، وزیر صاحبان نے کہا یہ ہمیں گالی دے رہے ہیں ۔ اصل بات صرف یہ ہے کہ وزرائے کرام اپنی بے اختیاری کو چھپانے کے لئے یہ تمام بہانے تراشتے رہے ہیں ۔ اس سے پہلے بھی اسلام کی تاریخ میں ایک ایسا دور گزر چکا ہے ۔ علامہ اقبالرح نے کسی جگہ کہا ہے ۔

چنیں دور کم آسماں دیدہ باشد
کہ مومن پرستد کافر و تراشد

امیر معاویہ کے دور میں احتساب کرنے والے ابوذر غفاری رض کو انتشار پسند کہا گیا اور نظر بند کر دیا گیا اور وہ مرتے دم تک وہیں رہے - پھر معاویہ کے بعد یزید حکمران ہوا اور اسلام پر وہ ابتلا کا دور آیا کہ آج تک ہم اس کے اثرات سے نکل نہیں سکے - تمام تاریخ اس بات پر نوحہ کناں ہے کہ حق بات پر پہرہ بٹھایا گیا اور پراپیگنڈہ کے ذریعہ شرانگیزی کو زیادہ کیا گیا - نتیجہ یہ ہوا کہ اسلام کا ایک ننگا دور شروع ہو گیا -

میں وزیر صاحبان کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا کہ فضول خرچی کو فضول خرچی کہنا ، یا اسراف کو اسراف کہنا ، یا عوامی روپیہ ضائع کرنے پر آپ کی خدمت میں کچھ گذارشات پیش کرنا گالی نہیں ہوتا - بہر حال ہم نے اپنا فرض ادا کرنا ہے - کرتے رہیں ہیں اور کرتے رہیں گے - اگر کوئی میزانیہ عوام کی مشکلات سے بے نیاز ہو کر بنایا جائے ، تو وہ حکمران اپنی مرضی تو پوری کر لیں گے ، مگر عوام کو اطمینان نہیں ہو سکے گا - سب سے بڑی تکلیف دہ بات میزانیہ کے امور میں یہ رہی ہے کہ وزیر صاحبان وعدہ کرتے رہے ہیں اور وعدہ کرتے وقت بھی انہیں معلوم ہوتا تھا کہ ٹرخا رہے ہیں - ان کا منشا اپنے کسی وعدہ کو پورا کرنا نہیں ہوتا تھا - میں انہیں یاد دلاؤں گا کہ پہلے اجلاس میں میزانیہ پیش کرتے وقت جب انہوں نے ٹیکس میں اضافہ کیا تھا ، تو ہم نے یہ گذارش کی تھی کہ جو چھوٹے مالکان ہیں ، جو کم لگان دیتے ہیں ، ان کے لگان میں اضافہ نہ کیا جائے - اس وقت ایوان میں ملک قادر بخش صاحب اور خان پیر محمد صاحب نے وعدہ کیا تھا کہ وہ ایسے لوگوں کے لگان میں اضافہ نہیں کریں گے - مگر چھ ماہ بعد جب ان غریبوں کے لگان کی وصولی کے لئے کاغذات آئے اور انہیں تنگ کیا گیا تو وزیر صاحبان نے کہا کہ اس وقت ہم نے حساب غلط لگایا تھا - حالانکہ کسی بھی باعزت اور خود دار حکومت میں یہ بات دیکھنے میں نہیں آئی کہ وعدہ پورا نہ کیا جائے اور اس قدر غیر ذمہ داری کے ساتھ ٹرخا دیا جائے - چھوٹے ملازمین کی تنخواہیں بڑھانے کے لئے کہا گیا - گرانی کو دور کرنے کے لئے کہا گیا - وہ ہر روز اخبارات میں دیکھتے ہیں - ہر ایک کو معلوم ہے کہ بازار میں کیا بھاؤ چیزیں ملتی ہیں - مگر لطف کی بات یہ ہے کہ جو لوگ ملک کی حکومت پر چھاپہ مار کر بیٹھ گئے ہیں ، وہ کہتے ہیں یہاں گرانی نہیں ہے - یہاں دوسرے

ملکوں سے چیزیں زیادہ سستی ہیں - میں ایسے حضرات کے متعلق یہی کہہ سکتا ہوں کہ وہ احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں - اگر دوسرے ملکوں میں مہنگائی ہے تو ان کا آمدنی کا معیار بھی بہت اچھا ہے - یہ دوسرے ملکوں کا حوالہ دے کر ہمارا منہ بند کرنا چاہتے ہیں - حالانکہ وہاں بے روزگار کے مصارف کی حکومت ذمہ دار ہے - مگر یہاں حکومت ان کی ذمہ دار نہیں -

اور بڑھاپے کی پنشن - لیکن یہاں تو کچھ اور ہی طریقوں سے سرمایہ اکٹھا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے - لیکن وہ بھی چند خاندانوں کے لئے ہیں - باقی عام آبادی اسی فیصد یا پچاسی فیصد——قطع کلامی——

میں میزانیے کی بات کرتا ہوں - ملک صاحب یہ آپکی سمجھ سے باہر ہے - مجھے تکلیف کے ساتھ کہنا پڑتا ہے - کہ آپ چھانگا مانگا کے قوالوں کے انداز نہیں بھولے - اور اسی طرح ہاتھ ہلا رہے ہیں -

صاحب صدر - میں گذارش کر رہا تھا - کہ یہاں الفاظ اور وعدوں اور پراپیگنڈوں کے ذریعے سے سبزباغ دکھائے جاتے ہیں - لیکن عوام کی مشکلات کا کوئی حل تلاش نہیں کیا جاتا - گرانی کو دور کرنے کے لئے اور چھوٹے ملازمین کی تنخواہیں بڑھانے کے لئے عملاً کچھ نہیں کیا جاتا - اگر ان لوگوں کا پیٹ سبز باغوں سے نہ بھرے - اور پریشانیاں زیادہ پیدا ہوں - تو پھر ہمیں کالے باغ دکھائے جاتے ہیں - یا پھر یہ ہوتا ہے - کہ بڑی بڑی کتابیں چھاپ کر اس ایوان کے سر پر مار دی جاتی ہیں - اور کہا جاتا ہے - کہ آپ نے جو کچھ کرنا ہے - کر لیں - ہم نے جو کچھ کرنا تھا - وہ کر دیا ہے - میں یہ عرض کرونگا - کہ گرانی سے بے اطمینانی پیدا ہوتی ہے - اور معاشرے میں اس قدر عدم توازن پیدا ہوتا ہے - لیکن آپ لوگوں پر اس کا اثر نہیں ہوتا - آپ لوگ جو کہ فارغ البال ہیں - حکومت پر قابض ہیں - آپکو وہ معاملات در پیش نہیں آتے - آپ اس کا اندازہ صحیح طور پر نہیں کرسکتے - گرانی سے بے اطمینانی ، بدعنوانی اور رشوت کا اتنا لامدور چکر چلتا ہے - جو ہم اپنی آنکھوں کے سامنے روزانہ دیکھتے ہیں - لیکن میرے محترم وزیر خانہ تو بھی کہیں

گے ۔ کہ ''یہاں تو سب اچھا ہے'' کیونکہ ان کو سب کچھ ملتا ہے ۔ کیونکہ یہ تو مزے سے کھاتے پیتے ہیں ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ میں تو اتنا کم کھاتا ہوں اگر آپ اتنا کم کھائیں ۔ تو مر جائیں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ اس لئے کہ زیادہ کھانے کی وجہ سے آپ کو بد ھضمی ہو جاتی ہے ۔ تو میں یہ گذارش کر رہا ہوں ۔ کہ جن عوام کا نام یہ بدنام کرتے ہیں ۔ حالانکہ عوام انکے ساتھ نہیں ہیں ۔ وہ تو اسی پچاسی فیصد ہیں ۔ اسی پچاسی ہزار نہیں ہیں ۔ وہ آپکے ساتھ نہیں ہیں ۔ کیونکہ آپ ان کے ساتھ نہیں ہیں ۔ کیونکہ آپ نے آج تک ان کی مشکلات کو حل کرنے کی کوشش نہیں کی ۔ یہ ٹھیک ہے ۔ کہ چمک دمک دکھانے کے لئے آپ نے چند عمارتیں کھڑی کردی ہیں ۔ وہ بھی صرف نشانیاں دکھانے کے لئے ۔ حالانکہ وہ تو ہمارے سب کے لئے عذاب ہیں ۔ قصہ مختصر یہ ہے ۔ ہم نے اس ایوان میں ابتدا ہی میں یہ عہد کیا تھا ۔ کہ ہم اس آئین کی حفاظت کریں گے ۔ اس میں ہم صاف تھے ۔ کہ آئین میں جو اچھی باتیں ہیں ۔ انکی تکمیل کی حمایت کریں گے ۔ اور جو غلط باتیں ہوں ۔ ان کی اصلاح کی کوشش کریں گے ۔ اور ان کا تنقیہ کریں گے ۔ تاکہ ان کی خامیاں دور ہوں ۔ لیکن یہ حقیقت ہے ۔ کہ یہ ایوان ان دونوں باتوں میں بری طرح ناکام رہا ہے ۔ اس ایوان کے قانون سازی کے اختیارات کو آرڈیننس سازی نے شل کردیا ہے ۔ اور یہ ایوان کچھ نہیں کرسکا ۔ اور میزانیوں کے معاملے میں آئین کی خامیوں نے ہی اس ایوان کو دس بارہ فیصد میزانیہ پر اظہار رائے کا موقع دیا ۔ گویا یہ کہا گیا ۔ کہ یہ ایوان دراصل ساری آبادی کا نمائیدہ نہیں ہے ۔ بلکہ صرف دس بارہ فیصد کا نمائندہ ہے ۔ تو ہم اس خامی کا بھی کوئی تدارک نہیں کرسکے ۔ ہم نہیں سمجھتے ۔ کہ اس ایوان نے ان دونوں معاملات میں اس صوبے کی کونسی خدمت کی ہے ۔ یہی قانون سازی اور میزانیے کی تعین دو اہم امور تھے ۔ ان میں ہم نے اپنا جو کچھ بھی کردار ادا کیا ہے ۔ وہ صرف یہ ہے ۔ کہ ایک فرد واحد کے آمرانہ اختیارات کا

کہلونا تو اس ایوان کو بنادیا ۔ لیکن ہم نے اپنے فرض کو قطعاً نہیں پہچانا ۔ اس صورت میں اس موجودہ میزانیے پر عرض کرتے وقت مجھے سمجھ نہیں آتی ۔ کہ اس معزز ایوان اور اراکین کو کس طرح دعوت فکر دوں ۔ کہ وہ اپنے ضمیروں میں جھانک کر دیکھیں ۔ اور یہ اندازہ کریں ۔ کہ مستقبل کا مورخ ان کے عمل کو اور ان کے کردار کو کن الفاظ میں لکھے گا ۔ صاحب صدر میزانیہ کی تقریر میں محترم وزیر خزانہ نے ایک فقرہ لکھا ہے ۔ کہ ''جیسا کہ ایوان کو علم ہے ۔ کہ صوبے کے بعض علاقوں میں طوفان باد و باراں اور شدید بارشوں کی وجہ سے بے پناہ نقصان پہنچا ہے'' ۔ لیکن میں ان سے گذارش کرونگا ۔ کہ تیس، اکتیس دسمبر ۶۴ء اور یکم جنوری ۶۵ء کو جو سیلاب اس تمام صوبے میں آیا ۔ اسکا انہوں نے ذکر نہیں کیا ۔ وہ سیلاب کیا تھا ۔ وہ تمام سچائیوں کو بہا کر لے گیا ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ تمام برائیوں کو ۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی ۔ اگر برائیوں کو بہا لے جاتا ۔ تو یہاں کوئی بھی نظر نہ آتا ۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی ۔ اسی لئے تو آج تھوڑے نظر آرہے ہیں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ صدر محترم ۔ صدارتی انتخاب اگرچہ اصطلاحاً اور قانوناً اس صوبے کی ذمہ داری نہ تھی ۔ اور وہ حکومت کے مقرر کردہ کمیشن کی ذمہ داری تھی ۔ لیکن ہماری صوبائی حکومت نے ایک فریق کی امداد کے لئے صوبائی خزانے کا جو روپیہ ضائع کیا ہے ۔ اس کا اس ہنگامی مد کے مصارف میں بھی کوئی حساب نہیں ۔ شاید وزیر خزانہ صاحب میری بات نہیں سمجھے ۔ میں ان سے آپ کی وساطت سے دریافت کرتا ہوں ۔ کہ دو مہینے انتظامیہ صوبائی خزانے سے جو تنخواہ لیکر ایک فریق کی امداد میں لگے رہے ۔ وہ روپیہ کس کے کھاتے میں ڈالا ہے ۔ یا آپ قوم کا غبن کر چکے ہیں ۔ یا وہ انتظامیہ کر چکی ہے ۔ میں اس کو Misappropriation of public fund کہتا ہوں ۔ اور میں الزام لگاتا ہوں ۔ کہ یہ تمام روپیہ جو فرد واحد کے مفاد پر خرچ کیا گیا ہے ۔ وہ قوم کے خزانے میں خیانت ہے ۔

وزیر تعلیم- آپ بہت سی نا درست باتیں فرما رہے ہیں -

وزیر خزانہ - وہ تو اکثر نا درست باتیں کہتے رہتے ہیں -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جہاں تک انتخابات کا تعلق ہے - سرکاری پارٹی کے بہت سے اصحاب نے بھی اس بات کو تسلیم کیا ہے - کہ بی - ڈی کے پہلے جو انتخابات ہوئے ہیں وہ بھی انتخابات کا منہ چڑانے والی بات تھی - لیکن ہمارے ملک کےصدر صاحب کہتے ہیں - کہ خلفائے راشدین کے عہد میں بھی ایسے شاندار انتخابات نہیں ہوئے صاحب صدر - میں آپ کو یقین دلاتا ہوں - کہ اگر یہاں اسلام کی حکومت قائم ہوتی - تو اس شخص کو یقیناً سزا دی جاتی - جو اتنا بڑا جھوٹ بولتا ہے ::: قطع کلامی::: میں اپنے اعمال کی سزا بھگتوں گا - اور وہ اپنے اعمال کی - ایسا نہیں ہے - کہ جو قوم کی چھاتی پر مونگ دلتا رہے - اور پھر بھی دندناتا پھرے - میں محترم عباسی صاحب کی تقریر کو دلچسپی سے سنتا رہا ہوں - میں نے کوشش کی - کہ اس میں سے سچائی کا کوئی حرف تلاش کروں - لیکن مجھے افسوس ہے - کہ مجھے اس میں سخت ناکامی ہوئی - کیونکہ وہ یہ نہ بتاسکے - اور وہ دوسروں کا حوالہ تو دیتے رہے - لیکن وہ ہمیں یہ نہ بتا سکے - کہ آٹھ اکتوبر ۵۸ء کو مسٹر ایوب خان صاحب اپنے کس جمہوری طریقے سے پاکستان پر قابض ہوئے - وہ کونسا جمہوری طریقہ تھا - آیا یہ امانت میں خیانت نہیں ہے - کہ وہ جس کام پر مقرر کیا گیا تھا - وہ اسے چھوڑ کر ملک پر قابض ہوگیا -

صاحب صدر - تاریخ اس بات کو ریکارڈ کریگی کہ سابق گورنر جنرل مسٹر غلام محمد مرحوم کے وقت جو سازش پختہ کی جا رہی تھی - وہ ۱۹۵۸ء کی اکتوبر میں پوری کی گئی - آپکی جمہوریت یہ ہے جس پر آپ فخر کرتے ہیں - صاحب صدر جو منافقت اور گندم نما جو فروش کا مطلب اس ملک میں نوک سنگین سے اور قومی خزانہ لٹانے سے اور دھونس سے اور دھاندلی سے یہاں جو منافقت کا مسلک قائم کیا گیا ہے اور طرہ ڈالی گئی ہے میں سمجھتا ہوں کہ علامہ اقبال نے شاید ایسی صورت حال کے متعلق کہا تھا -

یاد کر اوم کہ از ابلیس باشد:::
یاد گر ابلیس بہر امتحان عقل و دین

لیکن میں آپ کو ایک دیہاتی کی بات بتا دیتا ہوں کہ ہمارے ہاں ایک انتخابی ادارے کے دیہاتی رکن نے جب گرد و پیش کے حالات دیکھے - فوج اور پولیس کی سرگرمیاں ملاحظہ کیں تو اس نے کہا "اے الیکشن تے نہیں - ایہہ تے ڈاکہ اے" یہ عوام کا تاثر ہے جس پر آپ فخر کرتے ہیں - میرے ایک دوست نے بہت عمدہ - کی ہے - میں ان کا اسم گرامی عمداً نہیں لیتا لیکن مجھے ان کی بات سے اسلامی تاریخ کا ایک واقع یاد آ گیا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بھائی جو امیر معاویہ کے ساتھ مل گئے تھے اس سے لوگوں نے پوچھا کہ آپ کیا کرتے ہیں تو آپ کہتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ بڑے نیک ہیں - بہادر ہیں - اور زیادہ بہتر ہیں اور نماز کا لطف بھی ان کے پیچھے آتا ہے لیکن کھانے کا لطف امیر معاویہ کے دستر خوان پر ہی آتا ہے - (تالیاں)

مسٹر اچون خان جدون (سردان ۴) — جناب سپیکر - پاکستان بننے کے بعد تاریخ اس بات کو ریکارڈ کرے گی کہ ۱۹۵۸ء تک اس ملک میں جس طریقے سے پارلیمانی نظام رائج رہا ہے - جس طریقے سے انتخابات ہوئے یا انتخابات کی صرف تیاریاں کرتے کرتے سال ہا سال گزر گئے تھے - اور اس بات کی بھی تاریخ شہادت دے گی کہ ۱۹۵۸ء میں جب صدر ایوب نے فوجی انقلاب لایا اور حکومت پر قبضہ کیا اسکے بعد پہلی دفعہ جب ۱۹۶۰ء میں آئین کو نافذ کیا اور ان اسمبلیوں کے انتخابات ہوئے اس وقت لوگوں کو احساس ہوا کہ یہ انتخابات غیر جانبدارنہ اور صحیح طریقے پر ہوئے ہیں - میرا خیال ہے کہ اس سے آپوزیشن کا ایک بھی ممبر انکار نہیں کر سکے گا کیونکہ یہ خود بھی منتخب ہو کر آئے ہیں -

اسکے بعد جناب سپیکر جب موجودہ صدارتی انتخاب کا سلسلہ شروع ہوا تو آپوزیشن کو پورا موقع فراہم کیا گیا کہ وہ عوام کے سامنے اپنے پروگرام پیش کریں اور اپنے نظریئے پیش کریں اور انتخاب لڑیں - چنانچہ انہوں نے ایسے ہی کیا اور عوام نے فیصلہ ان کے خلاف دیا - اب میں بڑا حیران ہوں اور آج راؤ خورشید صاحب عبدالباقی بلوچ صاحب اور دیگر آپوزیشن کے ممبران کی زبانی تقریریں سنیں - مجھے سن کر بڑا دکھ ہوا کہ اتنے اتنے سفید جھوٹ بول گئے ہیں - میں سن کر حیران ہوا کہ یہ مولانا غلام غوث صاحب کی داڑھی سے بھی زیادہ سفید جھوٹ ہے ::::::

مسٹر سپینکر ڈپٹی سپیکر—جھوٹ غیر پارلیمانی لفظ ہے آپ اور لفظ تلاش کریں ۔

وزیر خزانہ—ان کا مطلب ''غلط بیانی'' ہے—جھوٹ غلطی سے کہدیا ہے ۔

امیر حبیب اللہ خان ہوتی— صاحب صدر میں احتجاج کرتا ہوں کہ مولانا کی داڑھی کو انہوں نے جھوٹ کہا ہے ۔

مولانا غلام غوث—یہ مجھے زیر بحث لانا چاہتے ہیں ۔ (ہیئر - ہیئر)

خان اجون خان جدون — جناب سپیکر میں حیران ہوں کہ جب پریذیڈنٹ الیکشن ہو رہا تھا ۔ میں خود بھی ایک نظریئے سے تعلق رکھتا ہوں ۔ میں خود بھی کام کرتا رہا ہوں بالکل جھوٹی افواہیں اٹھتی تھیں ۔ میں حیران تھا کہ یہ کدھر سے آتی ہیں ۔ کبھی افواہ پھیلتی کہ پریذیڈنٹ صاحب نے کروڑوں روپیہ ووٹروں میں تقسیم کر دیا ہے ۔ ہم جب کسی ووٹر کے پاس جاتے تھے ۔ بعض کمزور دل کے ووٹر بھی ہوتے تھے وہ کہتے کہ فلاں لوگ آئے تھے کیا روپیہ تو تقسیم نہیں ہوا ۔ ہم نے کہا بھائی روپیہ کا تو سوال نہیں یہ تو نظریہ کا سوال ہے ۔ اسی طرح کبھی کہتے کہ پریذیڈنٹ صاحب بھاگ گئے ہیں انکے بیٹے بھاگ گئے ہیں اس قسم کی غلط افوائیں پھیلانا اپوزیشن کی عادت تھی ۔ اب بھی جبکہ وہ الیکشن ہار گئے ہیں وہ جھوٹے الزام لگا رہے ہیں یعنی غلط الزام لگا رہے ہیں ۔ کراچی کے فسادات کے متعلق وہ کہتے ہیں کہ گوہر ایوب نے یہ کیا ہے ۔ گوہر ایوب نے وہ کیا ہے یہ تو صرف دو نظریوں میں اختلاف تھا ۔ الیکشن دو آدمیوں کے درمیان نہیں تھا ۔ کچھ لوگ اس بات کے حامی تھے ۔ آپ لوگوں کے پراپیگنڈے سے ۔ آپ لوگوں کی کوششوں سے ۔ آپ لوگوں کے جلسے جلسوں سے کہ ملک میں پارلیمانی نظام ہونا چاہئے ۔ کچھ لوگ اس بات کے حامی تھے کہ ملک میں صدارتی نظام اس لئے ہونا چاہئے کہ پچھلے ۶ سال سے یہ نظام چل رہا ہے ۔ اسکے نتائج برآمد ہو چکے ہیں ۔ صرف ان دو نظریوں پر اختلاف تھا ۔

اس کو ہوا دینا ٹھیک نہیں ہے - اور جب الیکشن ہو چکے ہیں اور عوام نے فیصلہ دے دیا ہے جبکہ ۲۸ ہزار ووٹ آپ حاصل کر چکے ہیں اگر حکومت کی ساری مشینری جسطرح آپ کہتے ہیں کام کرتی تو آپ کیا ۲۸ ہزار ووٹ حاصل کر لیتے ؟ تحصیل صوابی اور ضلع مردان ان کوششوں کا گڑھ تھا وہاں پر ہم نے کام کیا ہے - جس طریقے سے ہم نے کام کیا ہے اور جس طریقے سے لوگوں کو سمجھایا ہے اور جس طرح رات دن بھاگتے رہے ہیں اس کے متعلق ہم اچھی طرح جانتے ہیں - میں بڑا حیران ہوں کہ یہ کہتے ہیں کہ افسران نے یہ سب کچھ کیا ہے ہم نے کچھ نہیں نہیں کیا ہے - یہ ہم نے کیا ہے - لوگوں نے کیا ہے جو اس نظریہ سے اتفاق کرتے تھے انہوں نے عوام کو سمجھایا ہے ووٹروں کو سمجھایا ہے الیکشن سے پہلے بھی سمجھایا ہے کہ آپ ایسے لوگوں کو ووٹ دیں جو اس نظریہ کے حمایت کرتے ہیں - میں حیران ہوں کہ اتنی سفید غلط بیانی - جھوٹ نہیں کہتا کیونکہ سپیکر صاحب نے اسے غیر پارلیمانی قرار دے دیا ہے -

جناب سپیکر ! میں ایک اہم بات کی طرف آپکی توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جوش خطابت میں ہمارے بعض ممبر صاحبان نے عوام کو اکسانے کی ایک اور تحریک نکلی جیسے کبھی لبنان کا حوالہ دیتے ہیں - کبھی جنرل عبود کا حوالہ دیتے ہیں - میں حیران ہوں وہاں کے واقعات اور حالات اور ہیں اور یہاں کے واقعات اور حالات اور ہیں - وہاں الیکشن نہیں ہوئے تھے - وہاں یہ چیز نہیں ہوئی تھی - یہاں پریذیڈنٹ صاحب اگر ڈکٹیٹر شپ کرنا چاہتے تو ان کو کیا ضرورت تھی کہ الیکشن کراتے - لیکن الیکشن کرنے کرانے کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ وہ ضرور ہار ہی جائیں - اگر عوام مخالف کے حق میں فیصلہ دیں اور وہ جیت جائے - تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ آپ بغاوت کی باتیں کرنا شروع کر دیں - اس وقت حزب اختلاف کے لوگ بغاوت کی باتیں کر رہے ہیں - جو میرے نزدیک ملک کی کوئی خدمت انجام نہیں دے رہے -

جہاں تک Strong Opposition کی ضرورت کا تعلق ہے - میں سمجھتا ہوں یہ کسی جمہوری ملک میں نہایت ضروری ہوتی ہے -

آپ اپنے خیالات عوام کے سامنے پیش کریں ۔ اگر اس دفعہ نہیں جیتے ۔ تو ممکن ہے اگلی دفعہ جیت جائیں ۔ اور ممکن ہے عوام بھی آپ کا ساتھ دیں ۔ لیکن اس قسم کی باتیں کرنا کہ جناب یہ ہو جائیگا ۔ ملک میں بغاوت ہو جائیگی ۔ فلانا یہ ہو جائیگا اور ڈھمکانا وہ ہو جائیگا ۔ میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ اس طرح حزب مخالف والے ملک کی کوئی خدمت نہیں کر رہے ۔ اس لئے میں ان سے پر زور اپیل کرتا ہوں کہ وہ عوام کی صحیح خدمت کرنے کی کوشش کریں ۔ عوام کو صحیح راستے پر ہی رہنے دیں ۔ ان کو غلط راستے پر ڈالنے کی کوشش نہ کریں ۔ الیکشن تو وہ بہر حال ہار چکے ہیں ۔ چنانچہ اب انہیں اپنی شکست تسلیم کرنا چاہئے ۔ اور عوام کا رجحان بغاوت کی طرف نہ موڑنا چاہئے ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں ضمنی بجٹ کے متعلق اپنی معروضات مختصراً پیش کرونگا ۔ یہ ضمنی بجٹ جو جناب وزیر خزانہ نے پیش کیا ہے ۔ یہ ہمارے ملک کے ذرائع اور ضروریات کے پیش نظر ایک بہت ہی اچھا بجٹ ہے ۔ اس میں حیدرآباد کے مصیبت زدہ اور طوفان زدہ لوگوں کی امداد کے لئے جو رقم رکھی گئی ہے ۔ وہ قابل ستائش ہے

جناب سپیکر ۔ ہمارا ملک ایک Developing ملک ہے ۔ اس میں تعلیم کی ترقی کی طرف توجہ دے کر جو اقدامات کئے گئے ہیں وہ نہایت موزوں ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ حکومت نے ڈسٹرکٹ کونسل ہائی سکولوں کو اپنی تحویل میں لینے کا جو فیصلہ کیا ہے ۔ میں اس کے متعلق ایک گذارش کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔ وہ دیہات میں بعض ایسے پرائیویٹ ہائی سکول چل رہے ہیں جو ڈسٹرکٹ کونسلیں نہیں چلا رہیں۔ بلکہ انہیں وہاں کے لوگ چلا رہے ہیں۔ حکومت کو ان کی طرف توجہ دیکر انہیں بھی اپنی تحویل میں لینا چاہئے۔ کیونکہ اکثر یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل والے تو اپنے فنڈز میں سے کچھ نہ کچھ دے سکتے ہیں۔ لیکن بیچارے غریب اسی طرح afford نہیں کر سکتے۔ اس ضمن میں میں تحصیل صوابی کے موضع لاہور کی مثال پیش کرتا ہوں جہاں ایک ہائی سکول پرائیویٹ طور پر چل رہا ہے ۔ اسے کامیابی سے چلانے کیلئے ضروری ہے کہ حکومت اسے اپنی تحویل میں لے لے۔ آپکو یاد ہوگا کہ پچھلی دفعہ اسی اسمبلی میں اس پر بحث بھی ہوئی تھی ۔

جناب سپیکر — دوسری گذارش میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ تحصیل صوابی کے پہاڑ کے دامن میں جو علاقے وہاں Irrigation Survey آج تک ٹھیک طور پر نہیں ہوا۔ اور نہ ہی وہاں آبپاشی کی کوئی سکیم مرتب کی گئی ہے۔ اسمبلی میں میں جب بھی سوال کرتا ہوں تو مجھے اکثر اس کا غلط جواب ملتا ہے۔ حالانکہ وہاں Primary Survey ہو چکا ہے۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ وہاں شنائی کے مقام پر Shanai Dam تعمیر کیا جا رہا ہے۔ لیکن مجھے جواب ہمیشہ یہی دیا گیا ہے کہ وہاں کوئی سروے نہیں ہوا۔ البتہ ایک دفعہ جواب میں یہ بھی کہا گیا کہ سروے ہو رہا ہے۔ یہ واپڈا بھی جناب ایک عجیب محکمہ ہے۔ وہاں کے اہل کاروں کو اپنے کاغذات کا بھی پوری طرح علم نہیں کہ کونسے کاغذات کس چیز سے متعلق ہیں۔

جناب سپیکر۔ آبپاشی ہماری بنیادی ضرورت ہے۔ کیونکہ اکثر علاقے ایسے ہیں جہاں اب لوگ افیون کی کاشت کرتے ہیں۔ مگر اب اس پر بھی پابندی لگائی جا رہی ہے۔ میں یہ واضح طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر وہاں آبپاشی نہ ہوگی تو وہاں کے لوگ کونسی Cash Crop پیدا کر سکیں گے۔ لہذا میری گذارش ہے کہ اس معاملے پر خصوصی توجہ دی جائے۔ اور وہاں ایک سروے ٹیم بھیجی جائے تاکہ تحصیل صوابی کے پہاڑی علاقوں اور ان کے آس پاس میدانوں میں جو غیر آباد رقبہ ہے اس کی طرف توجہ دی جا سکے۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) — جناب والا! میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں۔

Sir, I want to extend the time.

جناب عرض یہ ہے کہ ابھی بہت ممبران نے تقاریر کرنا ہیں عام طور پر اس ہاؤس کا اجلاس ڈیڑھ بجے ختم ہو جاتا ہے۔ لیکن میں چاہتا ہوں کہ ہم اڑھائی بجے تک کام کریں۔ یعنی میں ارکان کار کو ایک گھنٹہ extend کرانا چاہتا ہوں۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا! چونکہ میرے محترم دوست نے ایک جگہ جانا ہے۔ جہاں ان کی Commitment ہے۔ اس لئے مجھے اعتراض نہیں کرنا چاہئے۔ در اصل انہوں نے شاہی مسجد جانا ہے۔ اور یہی ان کی مجبوری ہے۔

وزیر خزانہ — خواجہ صاحب آپ کو خواہ مخواہ کیوں شک ہو رہا ہے کیا میں شاہی مسجد نہیں جا سکتا۔ میں تو چاہتا ہوں کہ اگر آپ بھی میرے ساتھ چلیں تو اور بھی اچھا ہو۔

خواجہ محمد صفدر — بڑی مہربانی - بہر حال جناب اڑھائی بجے تک ٹھیک ہے -

مولانا غلام غوث — جناب سپیکر - درمیان میں نماز کا وقت آ رہا ہے - اس کا خیال رکھ لیا جائے -

Mr. Senior Deputy Speaker : Is there any objection to the extension of time.

Voices :- No). There is no objection. Time is extended up to 2.30 p. m.

راجہ غلام سرور (راولپنڈی - ۲) — جناب سپیکر - میں آپکی وساطت سے اس معزز ایوان میں حالیہ پیش کردہ بجٹ اور صدارتی انتخاب کے متعلق چند گذارشات پیش کرونگا -

جناب والا ! میرے بہت سے دوستوں نے اس معزز ایوان کے ہر دو جانب سے صدارتی انتخاب کے متعلق خیالات کا اظہار فرمایا ہے - میرے خیال میں اگر معزز ممبران اپنے اپنے علاقے کے حالات پیش کرتے تو زیادہ اچھا ہوتا - کیونکہ اس طرح ایک دوسرے سے اصل حقیقت کا پتہ چل سکتا تھا- میرے خیال میں اپنے علاقے کے حالات کو میں ہی اچھی طرح جانتا ہوں- اور میں ہی انہیں اس معزز ایوان میں بہتر طور پر پیش بھی کر سکتا ہوں- کیونکہ ان کی حقیقت سے میں اچھی طرح واقف ہوں -

جناب صدر- ہماری Opposition side کے دوستوں کا در اصل کوئی قصور نہیں بلکہ یہ سارا قصور ان کے رپورٹروں کا تھا جو اپنی رپورٹوں میں انتہائی غلط بیانی سے کام لیتے رہے ہیں- مثلاً ہمارے مری اور کہوٹہ کے علاقے میں C O P والوں نے ایک موقع پر یہ اعلان کیا کہ نوے فیصد لوگ ہمارے حق میں ہیں- جس کی میں بار بار تردید کرتا رہا - اور جناب- ہمارے ہاں راولپنڈی میں متحدہ محاذ کے اعلیٰ رکن جناب منٹو صاحب تھے- جنہوں نے یہ فیصلہ کر رکھا تھا کہ متحدہ محاذ کی کامیابی کی صورت میں وہ وزیر اعلیٰ کا عہدہ سنبھالیں گے- تو جناب ان کے پاس ان رپورٹروں کی جو رپورٹ بھی آتی وہ سراسر غلط ہوتی- چنانچہ یوم انقلاب کے موقع پر عوام سے ایک اپیل کی گئی- اس وقت ابھی ہماری بنیادی جمہورتوں کے انتخابات نہیں ہوئے تھے تو عوام نے بیک آواز اعلان کیا کہ ہم پسماندہ لوگ اس حکومت کے ساتھ تعاون کرینگے- کیونکہ انقلابی حکومت سے پہلے ہمیں ان لوگوں- ان پرانے سیاہ کاروں سیاستدانوں نے کبھی پاکستان کا حصہ ہی تصور نہ کیا تھا- لیکن اس انقلابی

حکومت نے پچھلے عرصہ چھ سال میں ہمارے لئے جو کچھ کیا ہے وہ پاکستان کی ساری عمر میں کسی نہ نے کیا تھا۔

جناب صدر— میں نے اسمبلی کے ابتدائی اجلاس میں میں نے اپنی مورخہ ۲۲ جون ۱۹۶۲ء کی تقریر میں جناب فیلڈ مارشل محمد ایوب خان اور نواب کالا باغ ملک امیر محمد خان۔ گورنر مغربی پاکستان کا شکریہ ادا کیا تھا کہ انہوں نے اپنے عہدوں کا چارج سنبھالتے ہی فوری طور پر پسماندہ علاقوں کے حقوق کے تحفظ کی طرف قدم بڑھایا۔ اس سے قبل جو حکومتیں بھی آئیں۔ میں خاص طور سے اپنے علاقے کے حالات بیان کر رہا ہوں۔ ان کو مال روڈ کے سوا اور کسی جگہ کا علم ہی نہ تھا ۔ چنانچہ ان مہربانیوں کے پیش نظر مورخہ ۲۷ اکتوبر کے اعلان کے مطابق عوام نے اپنے نمائندے اور ممبران صرف اس وعدے پر چنے تھے کہ ہم موجودہ حکومت کے ساتھ تعاون کرینگے۔ جس کا ثبوت بفضل ربی مورخہ ۲ جنوری کو بھی عوام کے سامنے آیا۔ اور COP کے ہمارے وہ دوست جو اکثر غلط بیانیاں کیا کرتے تھے۔ خود ہی تسلیم کرنے پر مجبور ہو گئے کہ واقعی وہ غلطی پر تھے۔ چنانچہ اب وہ سب اپنی غلط بیانیوں پر شرمندہ ہیں ۔

جناب صدر— ہمارے ہاں صدر کے انتخابات میں کہوٹہ تحصیل میں ۹۵ فیصد اور مری میں ۹۰ فیصد ووٹ صدر کے حق میں ڈالے گئے۔ (تالیاں) ۔

مری کا result کہوٹہ سے اس لئے کم نکلا کہ مال روڈ کے زیادہ تر لوگ شہر سے تعلق رکھتے تھے۔ اس لئے انہوں نے ہمارے ساتھ اتفاق نہ کیا۔ ورنہ ہمارا result تو cent per cent رہتا۔ لیکن اگر خدا نخواستہ صدر کے انتخابات کا نتیجہ متحدہ محاذ کے اعلانوں کے مطابق ہوتا تو ہم مورخہ ۲ جنوری کے بعد یہاں بیٹھنے کی بجائے کسی اور جگہ پہنچے ہوتے۔ اس لئے میں اپنے دوستوں سے کہونگا کہ اگر ان کے اپنے اپنے علاقوں کے کوئی مخصوص حالات ہیں تو وہ ضرور یہاں بیان کریں لیکن سب کو جھوٹا نہ کہیں۔ اور نہ ہی سب کو بدنام کریں ۔ یہ حقیقت ہے کہ موجودہ حکومت نے پسماندہ علاقوں کے حقوق کا کافی تحفظ کیا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اس حکومت نے ہم پس ماندہ علاقوں کے لوگوں کو خرید لیا ہے ۔ جس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ ہم انشا اللہ تازیست ان کے ساتھ تعاون کرینگے ۔

کیونکہ ہمارے ہاں نہ تو طبی سہولتوں کا انتظام تھا ۔ نہ تعلیم کا بندوبست تھا ۔ اور نہ ہی ذرائے آمدورفت کا کوئی مکمل بندوبست تھا ۔ اب رفتہ رفتہ تمام انتظامات اچھے طریقہ پر ہو رہے ہیں ۔ ہم یہ تو نہیں کہتے کہ ہمارے علاقہ کو کراچی کی طرح بنا دیا گیا ہے ۔ البتہ یہ ضرور ہوا ہے ۔ کہ ہماری بساط کے مطابق اعلے انتظام کیا جا رہا ہے ۔ اور ہر مقام پر ایسا ہی ہو رہا ہے ۔ مخالفین نے محض بدنام کرنے کے لئے غلط باتیں پھیلائی ہیں ۔ یہ لوگ کہتے تھے ۔ کہ اخبارات پر پابندی ہے ۔ نوائے وقت ایک ایسا اخبار ہے جس پر کوئی پابندی نہیں رہی C. O. P. کے لمبے چوڑے مضامین اس میں شائع کئے گئے ۔ جو کچھ کسی کے ذہن میں آیا ۔ اس میں لکھ دیا ۔ کسی نے کچھ نہیں کہا اب جو نتیجہ آپ کے سامنے آیا ہے ۔ دیکھ کر آپ کو یقین ہو گیا ہوگا کہ حقیقت کیا ہے ۔ تمام مغربی پاکستان میں کوئی ایک بھی نہ خشگوار واقعہ پیش نہیں آیا ۔ چنانچہ عباسی صاحب کی طرح میں بھی چیلنج کرتا ہوں C.O.P. کے ایک ایجنٹ نے تو یہ تحریری طور پر لکھ کر دیا ہے ۔ کہ ہمارے علاقہ مری کہوٹہ میں جس طرح الیکشن ہوا ہے ۔ پاکستان تو پاکستان دنیا بھر میں کسی جگہ اب الیکشن ممکن نہیں جیسا کہ ہمارے علاقہ میں ہوا ہے ۔ جناب والا ! میں زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا صرف اپنے دوستوں سے اتنا عرض کروں گا ۔ کہ ہمارے علاقہ کے متعلق یہ بات صحیح ہے ۔ اور اس میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہیں ۔ مجھے متحدہ محاذ والوں نے کہا تھا تم دو تاریخ کے بعد کہاں جاؤ گے تو میں نے کہا تھا کہ میں گھوڑا گلی کا رہنے والا ہوں ۔ اور انشاء اللہ یہیں رہوں گا ۔ اپنے علاقہ میں میں نے صدر صاحب کے الیکشن کے لئے جتنا چیلنج کیا تھا ۔ اس سے ۵ فیصدی زیادہ ہی ووٹ ملے ہیں ۔ یہ حقیقت ہے کہ موجودہ حکومت نے عوام کو اختیار دے دیا ہے ۔ اور اب وہ اس قدر بیدار ہو چکے ہیں کہ انہیں کوئی غلط راستہ پر نہیں لگا سکتا ۔ وہ زمانہ چلا گیا ۔ جب کہ اس علاقہ میں بڑے بڑے لوگ کروڑھا روپیہ خرچ کرکے لوگوں کو بھیڑ بکری کی طرح استعمال کرتے تھے اور ان کے ووٹ لیتے

تھے ۔ اب بنیادی جمہوریت کے تحت عوام کو جو اختیارات ملے ہیں ۔ ان کے تحت اسی ۸۰ ہزار نمائندوں کو اختیار دیا گیا ہے ۔ کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار کریں ۔

کراچی ۔ لاہور اور ایسے ہی دوسرے بڑے شہروں میں تو اس قسم کے اختلافات ہوتے رہتے ہیں ۔ کیا مری کے متعلق بھی آپ نے کبھی کچھ سنا ہے ۔ یا کوہاٹ یا گوجر خاں کے متعلق بھی کبھی کچھ سنا ہے کہ وہاں کوئی جھگڑا ہوا ہے ۔ وہاں لوگ قبیلوں میں رہتے ہیں وہ ایک دوسرے کی عزت کرتے ہیں ۔ اور دوسرے شہروں سے آنے والوں کو خوش آمدید کہتے ہیں ۔ میں ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ! ہمارے علاقہ کے ایک صاحب بڑا عہدہ حاصل کرنے والے تھے ۔ لیکن موجودہ الیکشن کے نتائج سے ان کو تازیست یہ صدمہ رہے گا ۔ کہ ان کا خواب پورا نہ ہو سکا ۔ اور کبھی صدر نہیں بن سکیں گے ۔ یہ منٹو صاحب جو جگتو فرنٹ کی طرف سے ، وہاں کام کر رہے تھے ۔ اور مری کہوٹہ میں اپنا تسلط جمائے ہوئے تھے ۔ اب انہیں معلوم ہوگیا ہے ۔ کہ عوام بیدار ہو گئے ہیں ۔ ان کو اس حکومت نے ہی بیدار کیا ہے ۔

جناب والا ! اس کے بعد اب میں ضمنی بجٹ کے متعلق اپنی گذارشات پیش کروں گا ۱۹۶۲-۶-۲۲ کو میں نے اپنی معلومات کے مطابق جو گذارشات پیش کی تھیں اور جو مطالبات پیش کئے تھے ۔ اب وہی باتیں جگتو فرنٹ نے وہاں پیش کی ہیں ۔ بفضل الٰہی مباحثات کی کتاب میں میرے وہ تمام مطالبات درج ہیں ۔ اس سے پتہ چلتا ہے ۔ کہ جو کچھ وہ اب کہنا چاہتے ہیں حکومت اس سے پہلے ان تمام باتوں پر غور کر چکی ہے ۔ اس بات کے لئے میں حکومت کا شکریہ ادا کروں گا ۔ کہ ہمارے علاقہ میں موجودہ حکومت نے بہت کچھ کیا ہے ۔ جناب وٹو صاحب نے وعدہ کیا تھا ۔ ان کو میں پھر وہ وعدہ یاد دلاؤں گا ۔ کہ مری کالج کو ڈگری کالج کا درجہ دیا جائے ۔ وہاں کے لوگ بڑے غریب ہیں ۔ وہ پنڈی کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے ۔ وہ دیہاتی لوگ ہیں ۔ شہروں میں نہیں رہ سکتے ۔ ان کے حالات شہر والوں سے مختلف ہوتے ہیں ۔ اس لئے میں جناب وزیر خزانہ اور دوسرے متعلقہ افسران کی خدمت میں گذارش کروں گا ۔ کہ ہمارے دیہاتی بھائی جو شہر کی فضا سے

دور رہنا چاہتے ہیں ۔ ان کے لئے اس علاقہ میں ڈگری کالج بنا دیں ۔ بچے اپنے ماں باپ کے پاس رہ کر اپنے ماحول کی تربیت حاصل کر سکیں گے ۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان) — تسیں ان پڑھ ای چنگے او ۔

راجہ غلام سرور — بہت اچھا جی ۔ محترمی جناب ملک (قادر بخش) صاحب نے ہم پر انتہائی مہربانی فرما کر ایک حکم صادر کیا تھا ۔ کہ ہمارے جلانے کے لئے ایندھن مہیا کیا جائے ۔ ان کی اس مہربانی کے لئے ہم بہت مشکور ہیں ۔ لیکن میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔ کہ مقامی افسران نے ہمیں ایندھن مہیا نہیں کیا ۔ اور ہماری تکلیف رفع نہ ہو سکی ۔ میں جانتا ہوں ۔ کہ سب افسران ایک ہی خیال کے نہیں ہوتے ۔ ان میں سے بعض C. O. P. سے متفق تھے ۔ لیکن بعض ایسے تھے جن پر ہم فخر کر سکتے ہیں ۔ انہوں نے نہ تو ہمیں غلط راستے پر جانے دیا ۔ اور نہ ہی دباؤ سے کام لیا ۔ اسی لئے وہ مبارک باد کے مستحق ہیں ۔ کیونکہ انہوں نے کسی سلسلہ میں کوئی مداخلت نہیں کی ۔

جناب والا ! ۲۲-۶-۱۹۶۲ کو میں نے درخواست کی تھی ۔ کہ ہمارے پس ماندہ علاقہ میں لوگ عام طور پر مزدوری کرتے ہیں ۔ ان کے لئے کوئی ذریعہ معاش نہیں ۔ اس لئے اس علاقہ میں کوئی فیکٹری ہونی چاہئے ۔ جس طرح کہ جلو فیکٹری ہے ۔ موجودہ منصوبہ بندی میں اس بات کا خیال رکھا جائے کہ جب ہر جگہ ترقی ہو رہی ہے ۔ ہمارے علاقہ میں بھی ترقی ہونی چاہئے ۔ وہاں برف کی وجہ سے بڑی مشکلات پیدا ہو جاتی ہیں ۔

جناب والا ! آباؤ اجداد سے ہم کوہستانی ہیں ۔ اور اللہ اللہ کرنے والے ہیں ۔ ۹۰ فیصد لوگ نماز اور روزہ کے پابند ہیں ۔ وہ شہروں میں نہیں آنا چاہتے ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا ۔ کہ ان کے لئے اسی علاقہ میں ترقی کی جائے ۔ اور آئندہ ترقی کے منصوبوں میں اس بات کو خاص طور پر ملحوظ خاطر رکھا جائے ۔ نیز ۲۲-۶-۱۹۶۲ کو جو میں نے درخواست

کی تھی اس پر دوبارہ غور کیا جائے اور ایک High Power Commission کی رپورٹ کے مطابق ہمارے علاقہ کی ترقی کے لئے سوچا جائے ۔

سردار محمد حسین (لاہور ۔ ۲)—جناب والا ! اس ضمنی بجٹ کی بحث کے دوران میں ہمارے اپوزیشن لیڈر صاحبان نے یہ الزام لگایا ہے کہ صدارتی انتخاب میں بڑا تشدد ہوا ہے بڑی سختی کی گئی ہے اور اسی وجہ سے صدر ایوب کو کامیابی ہوئی ہے اور دوسری پارٹی کو شکست ہوئی ہے لیکن حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے ۔ میں لاہور ڈسٹرکٹ مسلم لیگ کا پریزیڈنٹ ہوں ۔ ہم نے صدر ایوب کو اپنی یہ آواز پہنچائی تھی کہ بی ڈیز کے انتخابات میں لیگ کے ٹکٹ دئے جائیں تو انہوں نے اسے تسلیم نہیں کیا اور انہوں نے یہ فرمایا کہ اس میں لیگ دخل نہیں دے سکتی اگر لیگ اس میں دخل دیگی تو شاید اس میں نقص پڑجائے ۔ اس الیکشن میں عام کو فیصلہ کرنا چاہئے اسکے بعد جب انتخاب ہوئے اپوزیشن پارٹی نے مطالبہ کیا کہ ووٹنگ خفیہ رائے شماری کے ذریعہ ہو ۔ صدر صاحب نے اس کو منظور کر لیا اور حقیقت یہ ہے کہ جب الیکشن ہوئے تو خفیہ رائے شماری ہوئی اور وہاں کس قسم کی کوئی بدعنوانی نہیں ہوئی ۔ میں یہاں لاہور میں ایجنٹ تھا ۔ جسٹس اقبال نے جو الیکشن کمیشن کے ممبر تھے ہم سے پوچھا اور انہوں نے ہماری اپوزیشن پارٹی کے ایجنٹ سے خاص طور پر پوچھا کہ یہاں کیا بدعنوانیاں بے ضابطگیاں اور سختیاں ہوئی ہیں تو انہوں نے کہا کہ یہاں بہت منصفانہ الیکشن ہوا ہے کسی قسم کی کوئی بات نہیں ہے لہذا ہمارے اپوزیشن پارٹی کے بھائی صاحبان جو کچھ کہہ رہے ہیں کہ الیکشن میں بدعنوانیاں ہوئی ہیں صحیح نہیں ہے ۔ ہمارے اپوزیشن کے بھائیوں کو معلوم ہونا چاہئے کہ عوام پاکستان کے جگتو فرنٹ سے بیزار تھے وہ یہ نہیں چاہتے تھے کہ غلط لیڈر چنیں ۔ خدا کا شکر ہے کہ خدا نے پاکستان کو صدر ایوب کا ایسا مخلص لیڈر دیا اور پاکستان میں کیا دنیا میں اس کی تعریف ہو رہی ہے اور دنیا اس کی تعریف کرتی ہے ۔ وہ دنیا کے بہترین لیڈروں میں تصور کئے گئے ہیں اور ایشا کے بڑے فیڈر تصور کئے گئے ہیں ۔ پاکستان میں خدا کا شکر ہے کہ وہ ہر لحاظ سے بہترین ہیں ۔ ان کی فارن پالیسی کا دنیا

کے لوگوں کے دل میں پاس و ادب ہے ان کی فارن پالیسی صحیح ثابت ہوئی ہے اور میں تو یہ عرض کرتا ہوں کہ ہندوستان جو ہمارا سب سے بڑا دشمن ملک ہے اس سے پوچھیئے کہ صدر ایوب کے صدر منتخب ہونے سے ہندوستان میں رونا پڑ گیا ہے ماتم پڑ گیا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے بھائیوں کو اپنی شکست کا اعتراف کر لینا چاہئے اور انہیں بہادر بن کر اپنی شکست کا اعتراف کر لینا چاہئے اور یہ تسلیم کر لینا چاہئے کہ عوام کا جو فیصلہ ہے وہ صحیح فیصلہ ہے - اگر تھوڑے ووٹ ہوتے تو کوئی بات نہ تھی - صدر ایوب تو ۲۰-۲۱ ہزار ووٹ زیادہ حاصل کر کے کامیاب ہوئے ہیں - میں یہ عرض کرتا ہوں کہ عوام کے ذہن صحیح ہیں انہوں نے صحیح فیصلہ کیا ہے اور وہ جانتے ہیں کہ صحیح لیڈر کون ہے ۔۔ اور جناب والا - میں یہ بھی عرض کرونگا کہ صدر ایوب صورت اور سیرت ہر لحاظ سے بہترین لیڈر ہیں - انہوں نے بار بار کہا ہے کہ اسلامی قوانین بنیں میں دستخط کرنے کیلئے تیار ہوں اس سے زیادہ وہ اور کیا کہہ سکتے ہیں - خدا کا شکر ہے کہ اس موقع پر قوم نے یہ فیصلہ کیا جب کہ ہمارے یہاں لیڈروں کا فقدان ہے - یہ مسلمہ بات ہے کہ ۱۸ سال میں ہمیں کوئی لیڈر نہ مل سکا -

جناب صدر - وقت اب بہت تھوڑا ہے اور نماز کا بھی وقت آ گیا ہے - لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان بن چکا ہے - پاکستان میں سب سے پہلے ایسے قوانین بنائے جائیں جن سے معاشرہ کی اخلاقی حالت درست ہو سکے اور معاشرہ کی اخلاقی حالت تب ہی بہتر ہو سکتی ہے کہ جب اسلامی آئین بنوایا جائے اور جو جرائم اور بدکرداریاں ہو رہی ہیں ان کو ختم کیا جائے - یہ کام اچھا کیا کہ رنڈیاں یہاں سے اٹھادیں لیکن ساتھ ہی یہ بھی ہونا چاہئے کہ دوسری عورتوں کا جو مطالبہ صحیح ہے اس کو بھی منظور ہونا چاہئے کہ دوسری عورتوں کی بدکرداری کو بھی قانون کے ذریعہ روکا جائے -

سردار عنایت الرحمان خان عباسی — سردار صاحب وہ تو یہاں آ گئی ہیں -

سردار محمد حسین :- میں عرض کرتا ہوں کہ یہ بدکرداری مستقل طور پر بند کی جائے اور وہ اس طرح کہ سخت قوانین بنائے جائیں - اسلام میں بڑے سخت قوانین موجود ہیں اس پر عمل کرنے سے ملک کی حالت بہتر اور درست ہو سکتی ہے -

اسکے بعد جناب والا میں عرض کرونگا کہ ۸۰ فیصدی ہماری آبادی دیہاتی ہے - دیہاتوں کی حالت کو درست کرنے کیلئے ہمارے وزیر صاحبان بہت کوشش کر رہے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ بنیادی طور پر درست ہونا چاہئے - سابق پنجاب میں بھی ایسا ہے کہ لوگوں کا زمینداری پر انحصار ہے لیکن زمینیں نہیں ہیں - ایک ایک گھر میں آٹھ آٹھ دس دس آدمی ہیں اور ان کے پاس ۳ ، ۴ ، ۶ سے زیادہ گھماؤں نہیں ہوتے - اس طرح ان کو ذریعہ معاش کی بڑی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اگر انکو بیراجوں میں زمینیں دے دیجائیں تو بہتر ہے بیراجوں میں ایسی زمینیں ہیں جنہیں زمینداروں اور مزارعوں میں آسان قسطوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے اور اسطرح خوراک کا مسئلہ جلد حل ہو جائیگا - اگر یہ زمینیں نیلام کے ذریعہ دیجائیں گی تو نیلام میں بڑی بڑی قیمتوں پر یہ زمینیں جائیں گی اسطرح خوراک کا مسئلہ حل نہیں ہوگا -

اسکے بعد جناب والا میں اب اپنے علاقہ کی طرف آتا ہوں - جناب والا میرا حلقہ نیابت چونیاں ہے وہ علاقہ کا بہترین شہر ہے - اکبر بادشاہ کے زمانے کا یہ قدیم شہر ہے لیکن اب یہاں الو بول رہے ہیں وہاں کی حالت بہت ناگفتہ بہ ہے - میں نے کئی دفعہ اسکے متعلق آواز اٹھائی ہے کہ وہاں کے لوگ بہت غریب ہیں جب ہندوستان والے نہر کا پانی بند کر دیتے ہیں تو یہاں کے لوگ بیکار ہو جاتے ہیں - ہمارے علاقہ میں جلد سے جلد صنعتی مرکز قائم کئے جائیں - ملک صاحب کا بجلی کا محکمہ بہت شاندار کام انجام دے رہا ہے لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارے علاقے میں یعنی ضلع لاہور میں بجلی نہیں پہنچی ہے وہاں بہت بدعنوانیاں ہیں اگر کوئی رشوت دے دیتا ہے

تو اسکو بجلی ملجاتی ہے اور جو نہیں دیتا وہاں بجلی نہیں پہنچتی - خاص طور پر اٹھار کے علاقہ میں بجلی کا انتظام بہت ناگفتہ بہ ہے وہاں لوگ پیٹ پر پتھر باندھ کر گزارہ کرتے ہیں -

اسکے علاوہ زرعی قرضے ہیں اسکی Limit محدود ہے - جن کے پاس ۱۰۰ ایکڑ یا دو سو ایکڑ زمین تھی انکو قرضے دئے گئے ہیں تا کہ وہ ٹیوب ویل لگا سکیں - ہونا تو یہ چاہئے کہ جو چھوٹے زمیندار اور جو چھوٹے ٹکڑوں کے مالک ہیں اور چھوٹے مزارع ہیں انکو زرعی قرضے دئے جائیں تا کہ وہ ٹیوب ویل لگا سکیں اور ٹریکٹر لینا ہو تو خرید لیں -

اسکے بعد جناب والا میں یہ عرض کرونگا کہ ہمارے علاقہ میں تعلیمی حالت بہت ناگفتہ بہ ہے - ہمنے پتوکی میں ۱۲ جماعتیں اپنے خرچ پر کھولی ہیں - میں ایجوکیشن منسٹر صاحب سے عرض کرونگا کہ وہ مغربی پاکستان کے باقی علاقوں کیطرح ہمارے علاقہ میں بھی تعلیم کا اچھا انتظام کریں اس لئے یہاں پتوکی میں ایک کالج گورنمنٹ ایسا کھولے اور اس کو اپنی تحویل میں لے اور وہاں پڑھائی کا انتظام ہونا چاہئے - اس کے علاوہ تھڑڑ علاقہ میں جناب والا ایک گاؤں ہے جس کے پندرہ پندرہ بیس بیس میل تک کوئی ہائی سکول نہیں ہے وہاں لوگوں کے حالات بڑے ناقص ہیں تو میری گذارش ہے کہ وہاں ہائی سکول بڑی جلدی کھولا جائے اور ماجھے کے علاقے میں پڈھانہ میں بھی ایک ہائی سکول کھولا جائے - تو ان حالات کے تحت میں عرض کروں گا کہ ہمارے علاقے کے متعلق وزیر تعلیم صاحب کو خاص توجہ دینی چاہئیے اور اس کے بعد میں آخری عرض کرونگا کہ ہماری سڑکوں کی حالت بڑی ناگفتہ بہ ہے - ہمارے علاقے میں پختہ سڑکوں کی کمی ہے علاقہ ٹھاڑ میں سیم اور تھور کی بیماری ہے - کوئی دربائی علاقہ ہے کنگن پور سے فتح محمد تک اور ایسی بہت سی جگہیں ہیں اور سڑکیں کچی ہیں اور کئی سڑکیں ایسی ہیں جو بنانے والی ہیں - یہ پبلک کا مطالبہ ہے جسے جلدی تسلیم کیا جانا چاہئیے اور اس کو حل کیا جائے -

مولانا غلام غوث (ہزارہ ۴) — جناب سپیکر - اس ایوان کا شائد یہ آخری اجلاس ہو - اس اجلاس میں حاضرین کو ملکی مفاد کے لئے آخری طور سے سوچنا چاہیے تھا مجھے افسوس ہے کہ ملک میں انتخابی سختیوں کیوجہ سے اور انتخابی بدعنوانیوں کیوجہ سے یا تلخیوں کیوجہ سے جو فضا پیدا ہو گئی ہے اس فضا کو ٹھنڈا کرنے کی بجائے اسے یہاں کچھ دوبارہ ابھارا گیا ہے - جناب سپیکر - فریقین نے چست تقریریں فرمائی ہیں اور خاص کر اپوزیشن کی طرفسے - میں دونوں فریقین کو معذور سمجھتا ہوں - ایک فاتح ہے اور دوسرے شیرون کو گولی لگ گئی ہے - اور دوسرا غصہ - شیر گولی کھا کر زیادہ تیز ہو جاتا ہے اب بات یہ ہے - میں ایک طرف نہیں رہوں گا - میں حق کے ساتھ رہوں گا - مجھے نہ تو آپ تنخواہ دیتے ہیں اور نہ وہ تنخواہ دیتے ہیں - جناب صدر - حقیقت یہ ہے کہ دو مواقع آئے ہیں اس انتخابات میں - ایک تو بنیادی جمہوریتوں کے انتخابات اور ان کے بعد صدر صاحب کا انتخاب ہوا ہے - بی ڈی کے انتخابات میں جتنی دھاندلیاں ہوئی ہیں اور جتنا انکے متعلق کہا جائے وہ صحیح ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ بعض جگہوں پر نہیں ہوئی ہونگی جیسا کہ میں کہہ سکتا ہوں کہ ضلع ہزارہ میں برائے نام ہی ہوئی ہونگی - وہاں کے لوگوں کو دھاندلیوں کا علم نہیں ہو سکا گو ممکن ہے کہ آئندہ وہ یہ علم سیکھ جائیں - جو دھاندلیاں ہوئیں یعنی پستولوں سے انتخابات لڑے گئے - غنڈا گردی سے لڑے گئے اور جعلی ووٹوں سے لڑے گئے - الیکشنوں کا مسلہ کچھ ایسا ہی تھا بعض بیگمات بیٹھی تھیں اور کہتی تھیں کہ لاؤ دس روپے فی ووٹ - پرچیاں کاٹ دی گیئں تھیں - اس کا ثبوت میرے پاس ہے - بڑی دھاندلیاں ہوئیں ان انتخابات میں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ مغربی پاکستان کے ماتھے پر یہ کلنک کا ٹیکہ ہے - اور میں اس سلسلے میں یہ عرض کروں اور مجھے یہ عرض کرنا چاہیے کہ محترم وزیر پیر محمد خان صاحب جب وہاں تشریف لے جا رہے تھے تو ان کے ساتھ محترم حبیب اللہ خان مرکزی وزیر بھی تھے - میں وہاں موجود نہ تھا - وہاں ایک مکان پر ہمارے ایک دوست کا قبضہ ہے - ان کے نام وہ مکان الاٹ ہے - اس پر کنونشن لیگ کے مقامی کارکنوں نے جہاں کے مقامی اپوزیشن

بیچاروں کی بہت کمزور ہے انہوں نے اس فریق کی شرافت سے فائدہ اٹھایا ۔ تیاریاں کیں پولیس کو اطلاع دے دی گئی کہ کوئی غلطی نہ ہو ورنہ ان کو روکا نہیں ۔ انہوں نے جھنڈیاں بنائیں اور پھر جلسہ ہوا ۔ ان کی موجودگی میں جھنڈا لہرایا گیا بورڈ لگا دیا ''کنونشن مسلم لیگ'' اب دونوں کے نام ایک مکان الاٹ ہے ۔ اس پر قبضہ کر لینا ۔ اس پر بورڈ لگا دینا اور جھنڈا لگا دینا ۔ تو دوسرے دن جب اس نے اپنا تالا لگایا کیونکہ مکان اس نام الاٹ تھا میں نے ڈپٹی کمشنر کا حکم پڑھا جو ۱۰ دن کے بعد گیا یعنی یہ کہ جس نام کی الاٹمنٹ ہوئی ہے وہ منسوخ کی جاتی ہے ۔ پھر ان پر مقدمہ چلا اور اب بھی ان پر مقدمہ چل رہا ہے کہ تم نے مسلم لیگ کا جھنڈا پھاڑا ۔ میں نے قائد ایوان کو خود راولپنڈی میں کہا تھا کہ یہ واقعہ جھوٹا ہے اور میں نے ان کی خدمت میں عرض کی تھی کہ وہ مداخلت کریں ۔ میں نے کہا کہ میں نواب صاحب سے پوچھتا ہوں ۔ پھر پتہ نہیں لگا اور سب کچھ ہوا جو وہاں کے مقامی لوگ کرنا چاہتے تھے وہ سب کچھ ہوا مقامی پولیس کی رپورٹ بھی صحیح ہے کہ اوپر کے افسروں نے زیادتی کی لیکن واقعہ یہ ہے جو میں نے عرض کیا ہے ۔ پھر میں ڈپٹی کمشنر سے ملا ۔ انہوں نے کہا کہ یہ مکان نہ فلاں کے پاس رہنے دونگا نہ مسلم لیگ کے پاس وہ بات بھی غلط ہوئی اب تک قبضے کے متعلق جھگڑا چل رہا ہے ۔ ان انتخابات میں دھاندلیاں ہوئی ہیں اور یہ نہایت افسوس ناک تھیں ۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ کس فریق نے کیں ۔ جس کا جیسا بس چلا اس نے دھاندلی کی ۔ اس کے بعد صدارتی انتخاب آیا ۔ یہ حقیقت ہمیں مان لینی چاہیے کہ صدارتی انتخاب میں بلکہ بی ڈی کے الیکشن میں انکے سامنے نعرہ تھا کہ مادر ملت کو کون ووٹ دیگا اور صدر ایوب کو کون ووٹ دیگا ۔ ان ناموں پر الیکشن لڑا گیا ۔ قران دیئے گئے ۔ مسجدوں میں غسل دیئے گئے اور وعدے لئے گئے کہ کس کو ووٹ دیں گے ۔ ملک بھر میں الیکشن ان دو ناموں سے لڑا گیا بی ڈی کا ۔ میں مشرقی پاکستان بھی گیا میں دباؤ کی بات عرض کرتا ہوں اور اپوزیشن

کا کمال سمجھتا ہوں کہ انہوں نے رائے عامہ پر کتنا اثر ڈالا ۔ یعنی حکومت کے خلاف اقتدار کے خلاف تقریر کرنا آسان تھا ۔ آدمی مجاہد بنتا تھا مگر اپوزیشن کے خلاف تقریر کرنے سے آدمی غدار کہلاتا تھا یعنی یہ فضا پر اثر ڈال دیا گیا تھا لیکن میں اس کو فضا نہیں کہتا جیسا کہ امریکہ کے اخباروں نے کہا کہ فضا ایسی ہے لیکن ووٹ ساٹھ فیصدی سے ملے گا ۔ فضا وہ نہیں ہوتی جو کسی دباؤ کے تحت پیدا ہو ۔ ایک طرف عوامی دباؤ دوسری طرف سرکاری دباؤ ہو سکتا ہے اسی لئے ہم اس کو صحیح الیکشن نہیں کہتے ۔ شرعی نقطہ نگاہ سے شریعت کی رو سے جو ممبروں کے لئے ہونا چاہئیے وہ نہیں ہے ۔ ہم نے آئینی سوالنامہ کے جواب میں حکومت کو بتایا تھا کہ بی ۔ ڈی کے ممبروں کے لیے تعلیم ، عمل ، دیانت ، امانت اور تجربہ کی شرائط ہوں یہ تھوڑی بہت ضرور ہونی چاہئیں پھر اسمبلی کے ممبروں کے لئے بھی ۔ صدر کے لیے بھی کچھ شرائط ہوں مگر یہ شرائط کسی جگہ نہیں رکھی گئیں اور لوگ رشوتوں کے ذریعے اور عورتوں کے ذریعے بلکہ میں کہہ سکتا ہوں کہ بعض ممبر چکلے کھول کر کامیاب ہوئے ۔ بہر حال کوئی شرط اس میں نہیں لگائی گئی ۔ دھاندلیوں کے سلسلے میں ۔ صدارتی الیکشن کی میں بات کر رہا ہوں ۔ افواہیں دھاندلیوں کی تو یہاں تک پہنچ چکی تھیں اس معزز ایوان کے ایک ممبر نے جن کا میں نام نہیں بتاتا اور میں ان کا نام نہیں لونگا مجھ سے کہا کہ صدر ایوب کا نام ان ۳۰ آدمیوں میں درج ہو چکا ہے جن کے لئے قتل کا فیصلہ ہوا ہے ۔ تو یہ حالات تھے ملک کے ۔ یہ ملک کے لئے درست نہ تھا ۔ مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ یہ ملک کے ساتھ دوستی نہیں تھی ۔ اس وقت ہم ایک آتش فشاں پہاڑ پر بیٹھے ہوئے ہیں ۔ آج پچاس ہزار فوج برطانیہ کی ملائیشیا میں پہنچ گئی ہے ۔ دنیا میں چاروں طرف جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں ۔ ہماری سرحدوں پر روزانہ جھگڑے ہوتے ہیں ۔ آٹھ دس دفعہ روزانہ سرحدی قوانین کی خلاف ورزی کی جاتی ہے اور ہمارا دشمن بے پناہ فوجی طاقت رکھتا ہے ۔ باوجود اس کے میں اس بات کے حق میں نہیں ہوں کہ ایسا کہا جائے کہ ہم فلاں چوٹی

نہیں لے سکے یا ہم کشمیر نہیں لے سکے - جب ہم کشمیر میں جا رہے تھے تو دس دنوں میں سری نگر کو جا لیا تھا اور سری نگر کے ہوائی اڈے پر ہمارے آدمی پہنچ گئے تھے تو میں اس چیز کے کہنے کے حق میں نہیں ہوں کہ ہم نہیں لے سکتے - ہمیں تو اقوام متحدہ نے مارا ہے ورنہ ہمارا مسلمان تو موت سے پیار کرتا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ مسلمان کے مرنے کے بعد بھی اس کا مستقبل ہوتا ہے اور غیر مسلموں کے سامنے وہ مستقبل نہیں ہوتا - اس لئے مسلمان خوشی خوشی سے جان دیا کرتا ہے - اس لئے وہ شہید نہیں کہلاتا۔ میں اس بات کو تسلیم نہیں کرتا کہ دشمن دس گنا ہو تو وہ ہم سے جیت سکتا ہے - تا ہم میں یہ کہتا ہوں کہ احتیاط کا تقاضا ہے کہ حالات سے چشم پوشی نہ کی جائے۔ جو فیصلہ ہونا تھا ہو گیا۔ اگرچہ وہ ان کے موافق نہیں تا ہم وہ عوام کا فیصلہ ہے - خواص کا فیصلہ بھی یہی ہے - اپوزیشن کو اس رائے سے اختلاف ہو سکتا ہے کہ انتخابات بالواسطہ ہوں یا بلاواسطہ یہ دو نظریوں کا اختلاف ہے -

لیکن جہاں تک اس انتخاب کا تعلق ہے چودھری محمد علی صاحب نے الیکشن سے پہلے بیان دیا تھا کہ الیکشن کے قواعد سے ان کی تسلی اور اطمینان ہو گیا ہے - انہیں کوئی بے اطمینانی نہیں -

(ایک آواز۔ ووٹروں کو پولیس لے جاتی رہی ہے)

جہاں جا کر وہ ووٹ ڈالتا تھا، وہاں خدا کے سوا کوئی نہیں ہوتا تھا۔ (تالیاں) (قطع کلامیاں)

آٹھ دس جگہ ایسا ہو سکتا ہے - آٹھ دس ممبروں میں ایسا ہو سکتا ہے - لیکن ۸۰ ہزار ممبروں پر یہ دیانتی کا الزام نہیں لگایا جا سکتا - (تالیاں اور شور) اگر اپوزیشن کامیاب ہو جاتی، تو کراچی کا کیا حال ہوتا ؟ (تالیاں) ہر سچے مسلمان اور سچے پاکستانی کا فرض ہے کہ وہ تخریبی باتوں سے بچے - میں یہ بات درد سے کہتا ہوں۔ مجھے اپوزیشن کی نیت پر کوئی اعتراض نہیں۔ انہیں ملک کی بہتری کا خیال ہے - وہ جس طرح لڑے ہیں۔ انہوں نے جس طرح کام کیا ہے - جس طرح متضاد عناصر کو اکٹھا رکھا ہے - یہ ان کا کمال ہے - (تالیاں) اب انہیں بیٹھ کر ایسی فکر کرنی چاہئے کہ ایوان کے اندر مضبوط اپوزیشن آئے۔ یہاں ان کی نکتہ چینی تعمیری ہونی چاہئے۔ ایسی

تقریروں کی ضرورت نہیں کہ یہاں آئینی انقلاب نہ آیا تو پھر پبلک غیر آئینی انقلاب لانے کے لئے مجبور ہوگی۔ یہ ایک قسم کی اکسائٹ اور تخریبی کام ہے۔ اور بہت ہی آسان کام ہے۔ یہ تمام طریقے تخریبی کارروائی کے ہیں۔ قوم کو یہ تصور نہ دیجے (قطع کلامی)

ہم عائلی قوانین کے خلاف لڑیں گے۔ چکلوں کے خلاف لڑینگے غیر اسلامی شعائر کے خلاف لڑیں گے۔ بے حیائی کے خلاف لڑیں گے۔ سود کے خلاف لڑیں گے۔ شر کے خلاف لڑیں گے۔ سول نافرمانی کریں گے جیلوں میں جائیں گے۔ مگر بغاوت نہیں کرینگے۔ تخریب نہیں کرینگے

(ایک آواز۔ صدر صاحب کے خلاف نہیں لڑینگے)

حکومت کے خلاف جو اقدام ہوگا، وہ صدر صاحب کے خلاف ہوگا۔ گورنر کے خلاف ہوگا۔ قائد ایوان کے خلاف ہوگا۔ لیکن لڑیں گے ملک کے اندر۔ ملک کے خیر خواہ ہوتے ہوئے لڑیں گے۔ ہم یہ نہیں چاہتے کہ ملک میں غیر آئینی لڑائی شروع ہو جائے۔ میں نے خود سنا ہے۔ کہا جاتا تھا کہ تین ہوائی جہاز تیار کھڑے ہیں۔ جن میں بیٹھ کر صدر صاحب اور ان کے گھر والوں نے ملک سے بھاگ جانا ہے۔ پھر یہ بھی سنا اور اس ایوان کے ایک ممبر نے کہا۔ میں ان کا نام نہیں بتاؤں گا۔ کہ تیس آدمی ہیں جن میں صدر صاحب کا نام بھی ہے جن کو قتل کیا جائے گا۔ (شیم شیم کی آوازیں)

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر — آپ کا ٹائم ختم ہو گیا ہے۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) — انہیں میرے وقت میں سے پانچ منٹ دے دئے جائیں۔

مولانا غلام غوث — میں آپ کی اس رشوت کو قبول نہیں کرتا۔ (شور اور قطع کلامیاں) آپ اعتراض کرتے ہیں کہ آپ کو آپ کا حق ملنا چاہیے۔ دوسروں کو بھی ان کا حق دیجئے۔ ضلع ہزارہ کے بی ڈی ممبروں نے جب وہ پشاور گئے تھے خود سنا کہ بالشی اور مالشی کے نعرے لگ رہے تھے۔ کراچی بار میں بھی یہ نعرے لگائے گئے۔ (قطع کلامیاں)۔ میں جلسوں کا نہیں کہہ رہا۔ مگر جلسوں کے باہر عام طور سے یہ نعرے سنے گئے۔ (قطع کلامیاں) بات صحیح کہنے کا

وقت ہے ۔ صحیح بات کہنی چاہیے ۔ ہزارہ میں اپوزیشن کے ایک لیڈر نے تقریر کرتے ہوئے یہاں تک کہا کہ ہم اسے جوتے لگائیں گے ۔ یہ ہزارہ کی ناک ہے ۔ ہم یہ ناک کاٹنے کے لئے آئے ہیں ۔ مجھ سے یہ بات سمجھدار لوگوں نے نقل کی ۔ انہوں نے کہا ہمیں گالی دی گئی ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ نچلے طبقے کو لیڈروں نے غلط نعرے دیئے اور پھر انہیں قابو میں نہ رکھ سکے ۔ اگر وہ انہیں قابو میں نہیں رکھ سکتے تو انہیں اشتعال نہ دیں ۔ اور اگر اشتعال دیتے ہیں تو انہیں قابو میں رکھیں ۔ تاہم کراچی میں جو کچھ ہوا ہے کوئی مسلمان اس پر افسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔

(ایک آواز ۔ آپ تو اس پر خوش ہیں) ۔

میں ان پر لعنت بھیجتا ہوں جو اس پر خوش ہیں یا جو ایسے مظاہرے کراتے ہیں ۔ (تالیاں اور شور) جو اپنے بچوں کو بھڑکاتے ہیں ۔ یا انہیں گالی سکھاتے ہیں ۔ وہ ہمارے بچے ہیں ۔ ہمیں ان کی دروگزاشتیں نظر انداز کرنی چاہیں اور ان کی باتوں کو تسلیم کر لینا چاہیے ۔ لیکن میں اس خیال کا نہیں ہوں کہ تمام طلبا کو کالجوں سے نکال کر باہر لے آئیں ۔ اور قوم کے بچوں کو قوم سے ٹکڑا دیں ۔ ور وہ نعرے لگاتے ہوئے دیہات میں پھیل جائیں ۔ وہ ضرور سیاست سیکھیں ۔ مگر یہ بھی ضروری ہے کہ وہ مناسب طریقہ سے رہیں ۔

میں ہزارہ کی بات کرنا چاہتا تھا ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس بجٹ میں ہزارہ کی ضروریات کو نظر انداز کیا گیا ہے ۔ کاغان بھی ملک کا حصہ ہے میں نے ملک صاحب کو توجہ دلائی تھی کہ وہاں ۲۲ کروڑ روپے کے فنڈ سے لکڑی کا کارخانہ قائم کیا جائے ۔ مگر وہ آج تک قائم نہیں کیا گیا ۔ اس کے علاوہ تناول میں ۶۰ ہزار تناولیوں پر ایک نواب کی خاطر زیادتی کی گئی ہے ۔ یہی حال اگرول کا ہے ۔ وہاں بھی ایک شخص کی خاطر ایک سو کو تکلیف دی گئی ہے ۔

چوہدری محمد ابراہیم (سیالکوٹ - ۳) - صاحب صدر جہاں تک اس اجلاس کا تعلق ہے - یہاں موضوع سے بہت ہٹ کر باتیں کی گئی ہیں - کچھ لوگ ایسے تھے جنہیں اس بات کی ضرورت تھی کہ آئندہ جو الیکشن آ رہے ہیں اس کے لئے وہ اپنی سیٹیں ریزرو کریں - اپنے لئے ٹکٹ حاصل کریں - اس لئے وہ صدر صاحب کے لئے پھولوں کے ہار لے کر آئے تھے - اپوزیشن کو کچھ شکایات تھیں - ان کا ذکر بھی یہاں ضروری تھا - میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں - کہ موجودہ حکومت اگر کوئی اپنا کریڈٹ رکھتی ہے اگر اس نے ملک کی زندگی میں کوئی ایک بہتری پیدا کی ہے - تو اس کی نشان دہی کرے - اگر اس نے اس ملک اور اس کے معاشرہ میں کوئی خوبی پیدا کی ہے تو اس کی نشان دہی کرے -

میں سمجھتا ہوں - کہ موجودہ حکومت کی وجہ سے اس ایوان کے وقار کو بہت سخت ٹھیس لگی ہے - موجودہ حکومت نے کسی معاملے میں بھی اس ایوان کے وقار کو مد نظر نہیں رکھا - اور میں اس بارے میں چند ایک مثالیں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں - مثال کے طور پر اس ایوان کا جو سب سے بڑا کام ہے - وہ ہے قانون سازی اور وہ یہاں پر اوپر سے آرڈیننس کی شکل میں نازل ہو رہا ہے - اور اکثریتی پارٹی کا یہ کام رہا ہے - کہ وہ بزور اس پر انگوٹھے ثبت کرا لیں - درحقیقت یہ قانون سازی کا کوئی طریقہ نہیں ہے - چاہیے تو یہ تھا - کہ جو قانون عوام پر یہاں نافذ کرنے کی ضرورت ہو - وہ بل کی شکل میں لایا جاتا - لیکن افسوس یہ ہے کہ نہ تو سرکاری پارٹی کی طرف سے کسی بل کی نشان دہی کی جا سکتی ہے - جسے یہاں پر پورے طور پر متفق ہو کر پیش کیا گیا ہے - یا جس پر غور کیا گیا ہے - اور حزب اختلاف کو تو سرے سے کسی بات کے اہل ہی نہیں سمجھا گیا - ایک دو بل جو اس طرف سے آئے ہیں - ان پر صرف غور کیا گیا ہے - جناب والا میں قانون سازی کی دو ایک مثالیں دیتا ہوں - کہ کس طرح چھوٹی چھوٹی حقیر باتوں کے لئے قانون آرڈیننس کی شکل میں آتے رہے ہیں - ہمارے ایک معزز ممبر ہیں قاضی محمد اعظم صاحب - انکی

الیکشن پٹیشن کے سلسلے میں خاص طور پر آرڈیننس لایا گیا ۔ ایسی طرح کسی آدمی کو مکان پر قبضہ کرنا تھا ۔ اس کے لئے بھی آرڈیننس آیا ۔ قلات میں کسی مخصوص عزائم اور مخصوص مقاصد کے ساتھ قلات پر انہوں نے نظر کرم کیا تھا اور وہاں Revival of Civil Laws کے نام سے وہ ایک قانون لایا گیا ۔ کہ جس کی کوئی بات بھی یہاں لکھنے پڑھنے میں موجود نہ تھی ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ساری کی ساری باتیں اس ایوان کے وقار کے خلاف کی گئی ہوں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں ۔ ان باتوں کی تمام تر ذمہ داری اکثریتی پارٹی پر عائد ہوتی ہے ۔ دو ایک مثالیں میں اور بھی عرض کئے دیتا ہوں ۔ اور وہ یہ کہ یہاں سے متفقہ طور پر ایک ریزولیوشن عائلی قوانین کی تنسیخ کے سلسلے میں منظور ہوا ۔ لیکن افسوس یہ ہے ۔ کہ یہاں اس ایوان کو چونکہ کسی بات کا اہل نہیں سمجھا گیا ۔ اور اس متفقہ طور پر منظور شدہ قرار داد کو دری کی ٹوکری میں ڈال دیا گیا ۔ قرار دادیں ہوں ۔ قانون سازی ہو ۔ یا کوئی اور تحریک ہو ۔ ان سب کا ایک ہی حشر ہوتا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں تو حکومتی پارٹی نے بالکل ایک ناکارہ کردار ادا کیا ہے ۔ اور پھر موجودہ حکومت کا سب سے نمایاں وصف ہے ۔ فضول خرچی اور نااہلی ۔ فضولخرچی کی مثالیں کچھ کم نہیں ہیں ۔ جہاں اس بجٹ میں تیس لاکھ کی حقیر سی رقم ایک بہت ہی وسیع طبقے کیلئے مخصوص کی گئی ہے ۔ یعنی ان اساتذہ کیلئے جو نیم سرکاری اداروں میں کام کرتے ہیں ۔ اور اسکے برعکس ایسا پبلک سکول کھولے گئے ہیں ۔ مثال کے طور پر یہاں لاہور ہی میں ایسے پبلک سکول کھولا جا رہا ہے ۔ جس پر پچاس لاکھ روپیہ صرف کیا جائیگا ۔ اور اس پچاس لاکھ روپے کے ساتھ ساتھ لاکھوں روپے کی ایک سو پچاس کنال زمین بھی اس مقصد کے لئے دیدی گئی ہے ۔ ایک طرف تو یہ دریا دلی ہے ۔ اور اس کے ساتھ ساتھ چیف کالج پر پینسٹھ لاکھ روپیہ صرف اسکی مرمت پر خرچ ہو رہا ہے ۔ ایک طرف تو ایک بڑا وسیع طبقہ ہے ۔ جسکو فائدہ پہنچ رہا ہے ۔ اور دوسری طرف ان پبلک سکولوں میں چند مخصوص لوگ ہیں ۔ چیف کالج میں ایک چھوٹا سا معذور طبقہ ہے ۔ جس پر روپیہ بے دریغ طور پر خرچ ہو رہا ہے ۔ اور صاحب صدر نااہلی کا رونا یہاں اکثر رویا جاتا ہے ۔ لیکن آج ہی کے سوالات کی جانب آپکی توجہ منعطف کراتا ہوں ۔ ایک سوال میں نے تقریباً دو سال ہوئے یہاں محکمہ عام نظم و نسق کے پارلیمانی سیکرٹری صاحب کی خدمت میں پیش

کیا تھا ۔ اور دو افسروں کے خلاف محکمہ انسداد رشوت ستانی پورے ثبوت مہیا کر دیتا ہے ۔ کہ واقعی ان لوگوں نے بڑی بے ضابطگیاں کی ہیں ۔ ایک تحصیلدار اعجاز حسین نارووال تحصیل میں اور ایک افسر مال سیالکوٹ میں ۔ اور انکے خلاف ثبوت بہم پہنچانے کے دو سال بعد تک بھی انکے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی ہے ۔ جب سوال بھیجا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے ۔ کہ ابھی تک لا ڈیپارٹمنٹ اسے روکے ہوئے بیٹھا ہے ۔ اور اس نے ابھی تک اپنی Opinion نہیں دی ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا یہی کارکردگی اور اہلیت ہے ۔ کہ جو آدمی کام نہ کر رہا ہو آپ نے انسداد رشوت ستانی کا ایک محکمہ قائم کیا ہوا ہے ۔ اس محکمے نے کافی وقت صرف کر کے ان دو آدمیوں کے خلاف ثبوت مہیا کیا ہے اور آپ اسے کسی عدالت میں پیش نہیں کر رہے ۔ صاحب صدر مجھے ایک اور جو سب سے بڑی شکایت ہے وہ یہ ہے کہ میں محسوس کرتا ہوں ۔ کہ دانستہ اور ایک پلان کے تحت اس قوم کے مورال کو گرایا جا رہا ہے ۔ میرے محترم دوست امیر حبیب اللہ خان سعدی صاحب نے بھی ایک سوال کے ذریعے جو کہ صفحہ بیس پر ہے ۔ راگ رنگ کی ایک محفل جو کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں منعقد کی گئی تھی کچھ اطلاعات بہم پہنچائی ہیں آپ ذرا اس پر غور کیجئے ایک رات کیلئے ایک ناچنے گانے والی کو جسکا نام فریدہ خانم ہے دو ہزار دو سو پچیس روپے دئیے گئے ہیں اس طرح ایک اور ہیں جسکا نام اقبال بانو ہے اسے چودہ سو روپے ۔ زاہدہ پروین کو ایک ہزار پچاس روپے دئیے گئے تھے ۔ تو میں پوچھتا ہوں کہ آخر ہماری کوئی منزل ہے ہمارا کوئی راستہ ہے ۔ ہماری کوئی پالیسی ہے ۔ ہمارا کوئی دین ہے ۔ جس کے مطابق ہم چلنا چاہتے ہیں ۔ یا ہر شخص اپنے لئے ایک الگ ریاست بنائے بیٹھا ہے ۔ اور جو اس کا جی چاہتا ہے وہ کرتا ہے ۔ پبلک سے یہ آنتیس ہزار روپے وصول کئے گئے ہیں اور اس طرح اسے پھونکوں میں اڑا دیا گیا ہے ۔

صاحب صدر میں ایک اور معاملے کی طرف آپکی توجہ دلا کر تقریر ختم کرتا ہوں ۔ اس ایوان کا وقار کیا ہے ۔ تیس جون ۶۲ء کو میرے پاس اسمبلی کی کاروائی کی یہ کاپی ہے یہ ذرا دیکھئے اس میں ملک قادر بخش صاحب نے ایک بڑا

Solemn pledge دیا ہے ۔ یہ انکے الفاظ چھپے ہوئے ہیں ۔ میں نے ان سے ایک درخواست کی تھی ۔ کہ بیس روپے مالیہ دینے والوں کی پچیس فیصد اضافے سے مستثنے قرار دیں ۔ یہ انکے الفاظ ہیں دیکھئے ۔ ''میں یقین دلاتا ہوں کہ بیس روپے مالیہ دینے والوں کو یہ سرچارج معاف کر دیا جائیگا،، ۔ یہ ایک بڑا Solemn pledge ہے ۔ جو ساری دنیا کے سامنے دیا گیا ۔ صرف یہی نہیں ۔ کہ وہ پچیس فیصد مزید سیس ان پر لگایا گیا ۔ بلکہ اگلے سال اس میں بھی اضافہ کر دیا گیا میں پوچھتا ہوں ۔ کہ آخر انکی زبانیں کیا ہیں ۔ انکے وعدے کیا ہیں ۔ انکی یقین دہانیاں کیا ہیں اور اس طرح سے حکومت اپنے وقار میں یا اس ایوان کے وقار میں آخر کیا اضافہ کر رہی ہے ؟

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ٦) جناب سپیکر آج کے اجلاس میں حالیہ انتخابات کے سلسلہ میں دونوں طرفوں سے بہت کچھ کہا جا رہا ہے ۔ اور جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے یہ قطعاً خلاف توقع نہیں کہ ہمارا موجودہ آئین ایک شخص کے ذہن کی تخلیق ہے اور اس کا مقصد محض ایک تھا کہ وہ اپنی مسند اقتدار کو زیادہ دیر تک قائم رکھے اور عام آبادی کو ذہنی اور مادی زنجیر میں جکڑ دے ۔ اسکے ساتھ ساتھ بر سر اقتدار پارٹی کے چند نام نہاد لیڈروں اور سرمایہ داروں کو اوٹ کسوٹ کا کام دے کر بلکہ دوسرے لفظوں میں اسکو ترقی دیتا رہے ۔

ایک آواز ۔ یہ پڑھ رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ہمارے ملک میں جب سے مارشل لا لگایا گیا اور جب سے اٹھایا گیا اس حکومت کی تمام تر پالیسی اس چیز پر منتج رہی کہ روز بروز انتظامیہ کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دیئے جائیں اور عدلیہ کو کمزور کیا جائے ۔ اور موجودہ انتخابات میں جو کچھ بھی ہوا ۔ ہماری حکومت نے اپنی سابقہ پالیسی سے جو کچھ بھی سرمایہ کاری کی ۔ اور جو کچھ بھی انوسٹمنٹ کی ۔ انتظامیہ کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دیئے اسکا پھل انہوں نے اب کاٹا ۔ جہاں تک میرے احباب اور بزرگوں کا تعلق ہے ۔ جو کہ آج اس ایوان میں آ کر بغلیں بجاتے ہیں اور شادیانے بجاتے ہیں اور

اس بات پر فخر کرتے ہیں کہ عوام الناس نے ان کا ساتھ دیا ہے ۔ حقیقتاً الیکشن کی جیت سے عوام الناس کا کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی ان کنونشن لیگوں کا تعلق تھا ۔ اگر الیکشن جیتا گیا ہے تو یہ اس طاقتور بیوروکریسی اور اس نوکر شاہی کے زور اور بل بوتے پر جیتا گیا ہے جس کو یہ زیادہ اختیارات دیتے رہے ہیں ۔

A Member : Question,

مسٹر حمزہ ۔ اگر کوئی اس ملک میں آج اس الیکشن کی جیت پر فخر کر سکتا ہے تو وہ ہمارے ملک کی نوکر شاہی ہے ۔ اسی ایوان میں حزب اقتدار کی طرف سے اکثر اوقات یہ شکایت پیش کی جاتی رہی ہے کہ اس ملک کی نوکر شاہی ان کے اپنے بس میں نہیں ہے ۔ اور وہ پالیسی جن کو میں سمجھتا ہوں کہ اس کو پالیسی نہیں کہا جا سکتا ہے جن کا وقتاً فوقتاً اس ایوان میں اعلان کیا جاتا رہا ہے اور اس پر ہماری نوکر شاہی قطعاً عمل نہیں کرتی رہی ہے اور اس کی شکایت عام ممبران کرتے رہے ہیں ۔ میں آج ان ممبران کو یاد کراتا ہوں کہ اسی نوکر شاہی کو آپ نے یہ شرف بخشا ہے اور یہ مواقع مہیا کئے ہیں ۔ کہ آج وہ اپنے آپ کو صدر گر کہہ سکتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ہمارے ملک کے سامنے جو سب سے شدید مسئلہ پیش ہے وہ یہ ہے کہ اس طاقتور اور اس صدر گر بیوروکریسی کو ہم آئندہ کس طرح کنٹرول کریں گے ۔ اور وہ لوگ جو آج اس ایوان میں اس جانب سے غیر جانبدارانہ انتخابات کا ڈھول بجاتے ہیں میں ان کی خدمت میں ایک واقعہ بیان کرتا ہوں ۔ مجھے بذات خود کنونشن لیگ کے ایک بہت اہم عہدے دار جو ضلع شیخوپورہ سے تعلق رکھتے ہیں اسی اسمبلی بلڈنگ کے قریب فرمایا تھا کہ ہمارے ایس ۔ پی ہمارے علاقے میں پولیس کے کنسٹیبل کے ذریعہ ممبران بنیادی جمہوریت کو اس بات پر مجبور کرتے رہے ہیں کہ وہ عہد ناموں پر دستخط کریں ۔ ۔ ۔

وزیر خزانہ — وہ یہاں موجود نہیں ہیں ۔ یہ غلط بیانی کر رہے ہیں ۔ غلط الزام لگا رہے ہیں اور جو شخص یہاں موجود نہیں ہے ۔ وہ جواب نہیں دے سکتا ہے ۔

Sir, he has made specific allegations against the S. P. Sheikhupura. I very much protest. He cannot name a person who is not here and who cannot answer these allegations.

مسٹر حمزہ — میں پورے وثوق کے ساتھ کہتا ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : It is a courtesy of debate that if the member is making a charge against a person he must see that he is present here to answer it.

مسٹر حمزہ —آپکی مہربانی ہے ۔ آئندہ احتیاط کروں گا ۔ جناب والا پولیس کنسٹیبل بنیادی جمہوریت کے ممبر کے پاس جاتا ہے اور اس سے دستخط کرواتا ہے ۔ ان کا کردار یہ ہے کہ وہ ان سے پانچ روپیہ خود وصول کرتا ہے اور پانچ روپیہ ٹانگے والے کو دلواتا ہے ۔ یہ عمال اس بیوروکریسی کے ہیں ۔ اس کے ساتھ ساتھ جو خطرہ در پیش ہے وہ یہ ہے اور میں off-hand یہ بات کہنے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ تمام کے تمام افسران نے اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے ۔ لیکن یہ بات یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ آفیسر جتنا زیادہ بدیانت تھا اتنی ہی زیادہ اس نے جناب صدر کے الیکشن میں حمایت کی ۔

Minister of Finance : Question—

مسٹر حمزہ— آج اس قوم کے سامنے ایک question mark ہے کہ وہ بد دیانت افسران جن کو آپ نے سیاسی اغراض کیلئے استعمال کیا ہے کل کو وہ جب دن دنا کو رشوت ستانی کریں گے اور اس ملک میں بد امنی پھیلائیں گے تو ان کے خلاف ایکشن لینے والی گورنمنٹ کہاں سے آئے گی ۔ ہماری بیوروکریسی جس کی بدنامی انتہا کو پہنچ چکی ہے آج اس کے بدنام ترین افسران جن کو اس چیز کا کریڈٹ حاصل ہے بلکہ میں سمجھتا ہوں جاگیریں ۔ اور انعامات محض اسی بنا پر دیئے جائیں گے اور ان میں وہ بدقسمت لوگ جو تمام اس دھاندلی میں خاموشی سے بیٹھے رہے ان کو لازماً نقصان اٹھانا پڑے گا ۔ اب حالت یہ ہے کہ ایک طرف تو اس ملت کو فتح کیا ہے اور دوسری طرف ہمارے افسران جو دیانت دار لوگ ہیں ان کے حقوق کو آپ پائمال کریں گے اور وہ بد دیانت جن کو بد دیانتی کی وجہ سے آپ نے ناجائز اغراض کیلئے استعمال کیا ہے ان کی کھلی حوصلہ افزائی کریں گے ۔ جناب والا اس ملک کی انتظامیہ کا نقشہ کیا ہوگا ۔ میں اس سر ہلانے والے وزیر سے پوچھتا ہوں کہ مجھے وہ بتا سکتے ہیں کہ لائل پور کے ضلع میں جب جاتے ہیں یا انتخابی دورے کے سلسلے میں جاتے رہے ہیں یا پچھلے دو تین ماہ کے عرصہ میں محض ووٹ خریدنے کے لئے گئے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Address the Chair please.

وزیر خزانہ— ان سے پوچھیں ان کے پاس کوئی سپاہی گیا تھا ۔

مسٹر حمزہ—کیا آپ نے ہمارے افسران کو اس بات پر مجبور نہیں کیا کہ وہ بنیادی جمہوریت کے ممبران کو بندوق اور پستول کا لائسنس جاری کریں—

وزیر خزانہ— اگر فرنٹیر پروِنس کا بچہ بچہ بغیر لائسنس کے رکھ سکتا ہے تو ہمارے بیس ہزار ہی ڈیز بلکہ چالیس ہزار ہی ڈیز بھی رکھیں گے ۔ آپ جیسے آدمی کو بچانے کی خاطر ۔ ہم ہر شریف آدمی کو ضرور لائسنس دیں گے ۔ میں ہاؤس میں admit کرتا ہوں

مسٹر حمزہ —جناب سپیکر بڑی خوشی کا مقام ہے کہ انہوں نے تسلیم کر لیا ہے ۔ انہوں نے حال ہی میں انتظامیہ کو اس بات پر مجبور کیا ہے ....

Minisnter of Finance : I have not forced them. I have the power to order them.

مسٹر حمزہ ۔کیا ضلع لائل پور کے ہر بنیادی جمہوریت کے ممبران کے سامنے درخواست پیش کرتے ہیں کہ ان کو ریوالور اور پسٹل کا لائسنس دیا جائے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ اس سے پہلے بنیادی جمہوریت کے ممبران موجود نہیں تھے ۔

جب ممبران اس سے پہلے بھی موجود تھے ۔ تو کیا وہ شریف نہ تھے ۔ کیا وہ قابل اعتماد نہ تھے ۔ کیا وہ قابل اعتماد محض ان دنوں میں ہوئے جب صدر کا الیکشن ہونے والا تھا ۔ اس سے زیادہ ننگی دھاندلی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کی مثال اور کیا ہو سکتی ہے ۔ مجھے انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ان کی ڈھٹائی کا یہ عالم ہے کہ — — —

Minister of Finance: Sir he must be asked to withdraw that word.
Mr.Senior Deputy Speaker : Mr. Hamza's time is up.
Minister of Education : Sir that word should be withdrawn.
Minister of Finance : Sir what does he mean by "ghattya".

وہ بھی آپ کی ڈھٹائی ہے ۔ ہماری تو بڑائی ہے ۔ کیونکہ ہم نے ملک کو بچایا ہے ۔ آپ نے تو ملک تباہ کرنے کی کوشش کی تھی ۔ اس میں ہماری بڑائی ہے ۔

راؤ خورشید علی خاں ۔ شیخ صاحب آپ ایک معزز ممبر کو Censure کیوں کر رہے ہیں ۔ انہوں نے ڈھٹائی کہا ہے ۔ گھٹیا تو نہیں کہا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Rao Sahib, please take your seat.

وزیر خزانہ — یہ تو ان کی اپنی ڈھٹائی ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Hamza Sahib may please take his seat his time is over. I have given him two minutes more.

وزیر خزانہ — (شیخ مسعود صادق) جناب والا ۔ میں نے کہنا تو بہت کچھ تھا ۔ لیکن وقت کی قلت کے باعث جو کچھ بھی ممکن ہو سکے جلد از جلد عرض کرنے کی کوشش کرونگا ۔

مسٹر افتخار احمد خاں ۔ On a point of Order Sir جناب والا ۔ رمضان کا مہینہ ہے اور اب دو بج چکے ہیں ۔ اس طرح نماز کا وقت جا رہا ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : It has already been decided to extend the time.

Mr. Iftikhar Ahmad Khan : You cannot extend the "Zuhr" time.

Mr. Senior Deputy Speaker : I have extended that.

وزیر خزانہ — جناب والا ۔ جیسا کہ اس معزز ایوان کو علم ہے ۔ یہ ضمنی میزانئے کا موقع ہے ۔ ہمیں توقع تھی کہ بحث کے دوران میزانئے تک ہی بحث کو محدود کیا جائیگا ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ میزانئے پر بہت کم بحث کی گئی ہے ۔ اس کے برعکس تمام بحث کا مرکز صدارتی انتخاب ہی بنا رہا ہے ۔ چنانچہ اس کے پیش نظر اب مجھ پر بھی یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ میں بھی صحیح حالات اس معزز ایوان کے سامنے پیش کروں ۔ بعد ازاں میں میزانئے کے متعلق بھی اپنی معروضات پیش کروں گا ۔

جناب والا اس بات کی بہت دھوم تھی کہ یہ الیکشن بلاواسطہ ہو رہا ہے ۔ کیونکہ حزب مخالف والے اس کے خلاف تھے ۔ وہ بالواسطہ انتخاب چاہتے تھے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ یہ جو M. E. C. S. ہیں ۔ جنہیں ہم B. Ds. کہتے ہیں ۔

ان کے انتخابات بالغ رائے دھی کی بناء پر ہوئے تھے ۔ اور آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ اس الیکشن میں بالغوں نے ۸۵ سے ۹۵ فیصد تک ووٹ دئے تھے ۔ اور پھر یہ کوئی پہلی بار نہیں ۔ ہر منتخب ہونے والے B. D. کو اس بات کا علم تھا کہ اس نے صدر کے انتخاب میں حصہ لینا ہے ۔ اس نے نیشنل اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کا انتخاب کرانا ہے ۔ اس کے بعد اس نے اپنے چیئرمین کا انتخاب بھی کرانا ہے ۔ اور اگر کبھی اس ملک میں ریفرنڈم ہوئی تو اس میں بھی اسے ووٹ ڈالنا ہوگا ۔ لہذا انہیں اس بات کا علم تھا کہ یہ جو بالغ رائے دھی کی بناء پر ووٹنگ ہو رہی ہے ۔ یہی ممبران صدر کا انتخاب کرائینگے ۔ اس لئے یہ کہنا کہ یہ Direct Election نہ تھا ۔ غلط ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ یہ الیکشن نوے فیصد Direct تھا ۔ ہر ممبر کو علم تھا کہ اس نے صدر کے انتخاب میں حصہ لینا ہے ۔ اور آج تک جتنے انتخابات بھی ہوئے ۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ دنیا میں کہیں بھی ایسا نہیں ہوا ۔

جناب والا — اب جھنگ کے معزز ممبر اٹھ کر چل دئے ہیں ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ جھنگ میں باپ بیٹے کے درمیان الیکشن ہوا ۔ بھائی بھائی کا الیکشن ہوا ۔ ماموں بھانجے کا الیکشن ہوا ۔ اور میں اس ایوان کی اطلاع کے لئے یہ بھی عرض کر دوں کہ مجھے ایک دو ایسی جگہوں کا بھی علم ہے جہاں میاں بیوی کا الیکشن میں مقابلہ ہوا ۔ (تحسین و آفرین) اب آپ خود ہی اندازہ فرمائیں کہ جہاں یہ ہنگامہ ہوا ہو ۔ وہاں یہ کہنا کہ الیکشن درست نہیں ہوا ۔ کسی حد تک افسوسناک بات ہے ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ یہ الیکشن اتنے اچھے اور منصفانہ ہوئے ہیں جس کی دنیا میں کہیں مثال نہیں ملتی ۔ (تالیاں) (مداخلتیں اور شور) مجھے معلوم ہے کہ آپ حضرات ٹوکنے کے عادی ہیں ۔ تاہم مجھے کچھ تو کہنے دیجئے ۔ (ایک آواز ۔ بڑا اچھا اردو بول رہے ہیں) ۔ جی ہاں ۔ آپ سے تو اچھا اردو بولتا ہوں ۔ آپ تو پڑھکر آتے ہیں ۔ اور پڑھے ہوئے کو یہاں آکر پڑھ دیتے ہیں ۔ میں تو

بغیر پڑھے کے بول رہا ہوں ۔ آپ مہربانی کر کے میرا وقت ضائع نہ کیجیئے ۔

Sir, if he wants to listen, he should listen quietly.

Mr. Senior Deputy Speaker : No interruptions please.

وزیر خزانہ ۔ جناب ۔ یہ اپنے آپ کو بڑا اردو دان سمجھتے ہیں ۔ بہر حال عرض یہ ہے کہ ہمارے ہاں حال ہی میں جو صدارتی انتخاب ہوا ہے ۔ آپ نے خود دیکھا ہے ۔ اس میں ۹۹٫۲ فیصدی ووٹ ڈالے گئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ دنیا میں اپنی مثال آپ ہے ۔ اتنی کثیر تعداد میں کہیں بھی کسی جگہ ووٹ نہیں پڑے ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ امریکہ میں جب صدارتی انتخاب ہوا ۔ تو وہاں ۸۰ فی صد ووٹ ڈالے گئے ۔ ابھی حال ہی میں برطانیہ میں اتنا بڑا الیکشن ہوا ہے جس میں لیبر پارٹی جیتی ہے ۔ اس الیکشن میں صرف اسی فی صد ووٹ ڈالے گئے ۔ (ایک آواز :۔آپ کے صدر صاحب کا انتخاب تو پولیس نے جیتا ہے ۔)

Sir, I do not want any interruption.

Mr. Senior Deputy Speaker : No interruptions please.

وزیر خزانہ ۔ آپ کو تو بس پولیس کی بیماری پڑ گئی ہے ۔ کیونکہ وہ آپ کا محاسبہ کرتی ہے ۔ آپ کا اخلاق ہی ایسا ہے کہ آپ کو ہر جگہ پولیس ہی نظر آتی ہے ۔

You have got Police mania.

جناب والا ابھی حال ہی میں بھارت میں ایک بڑا بھاری انتخاب ہوا ہے ۔ اور یہ اس Seat کے لئے ہوا ہے ۔ جو پنڈت نہرو کی وفات سے خالی ہوئی تھی ۔ اس سیٹ کے لئے پنڈت نہرو کی بہن نے الیکشن لڑا ۔ چنانچہ اتنے بڑے الیکشن میں صرف ۴۰ فیصد ووٹ پڑے ۔ اگر ہمارے ہاں صدر کی الیکشن میں جان نہ ہوتی تو اتنے فیصد آبادی کیوں ووٹ دینے جاتی ۔ خدا کا شکر ہے ۔ ایک بات تو ہمارے اپوزیشن والے مانے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس وقت ہاؤس میں جماعت اسلامی کے دو ممبر بیٹھے ہوئے ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ بدر آباد میں مولانا مودودی صاحب نے خود فرمایا

تھا ۔ کہ تاریخ اسلام میں ۔ میں پاکستان کی بات نہیں کرتا ۔ تاریخ اسلام کی بات کرتا ہوں ۔ اتنا منصفانہ الیکشن کبھی نہیں ہوا ۔ یہ اس جماعت اسلامی کے نمائندے ہیں ۔ جو یہ کہتے ہیں ۔ کہ یہ الیکشن غلط ہوا ہے ۔ دراصل یہ لوگ ایسی بات کر کے اپنے قائد کی توہین کر رہے ہیں ۔ (ایک آواز :۔لاحول ولاقوۃ) لاحول اس پر پڑھو جس نے یہ الفاظ کہے ہیں ۔ میں نے نہیں کہے ۔

جناب والا ۔ یہ بھول جاتے ہیں ۔ اصل جنگ صدر محمد ایوب خاں اور محترمہ فاطمہ جناح کی نہ تھی ۔ بلکہ اصل جنگ موجودہ صدارتی نظام اور پارلیمانی نظام کے درمیان تھی ۔ (قطع کلامیاں) ۔

Sir, will you ask them to keep quiet.

جناب ۔ یہ کوئی نئی بات نہیں ہے ۔ ان کے جتنے جلسے ہوئے ہیں میں نے اپنی پاکستان مسلم لیگ کو ہدایت کی تھی کہ وہاں ایک شخص بھی گڑبڑ نہ کرنے پائے ۔ اور اس کے مقابلے میں ہمارے جتنے جلسے ہوئے ۔ ان میں ہر جگہ انہوں نے گڑبڑ پھیلانے کی کوشش کی ۔ جناب یہ حزب اختلاف کے ممبران بار بار گڑبڑ کر کے اس معزز ایوان کی توہین کر رہے ہیں یہ اپوزیشن والے یہاں بھی شکست کھا چکے ہیں ۔ آئندہ بھی شکست کھائینگے ۔ اور اس کے بعد بھی انشاء اللہ ناکام ہونگے ۔ کیونکہ وہ شکست خوردہ ہیں ۔ اس لئے ان کا کام ہی یہ ہے کہ ہلہ غلہ کریں ۔ یہ ہلڑ بازی اور شور شرابے میں ہی خوشی محسوس کرتے ہیں ۔ (ایک آواز :۔شیخ صاحب ۔ اب آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا) ۔ بھئی ۔ تم تو غلطی سے آ گئے تھے ۔ اب دوبارہ نہیں آؤ گے ۔ میں تو بیسیوں دفعہ آیا ہوں اور آئندہ بھی انشا اللہ آتا رہونگا

جناب والا ۔ انہوں نے کئی جھوٹی خبریں پھیلائیں ۔ جناب صدر مملکت تو بہت بڑے آدمی ہیں ۔ اور صاحب گورنر بھی بہت بڑے آدمی ہیں ۔ انہوں نے تو مجھ ناچیز پر بھی کئی حملے کئے ۔ آپ اپنی بات کریں ۔ ہم نے نہ کسی کو پہلے ستایا ہے اور نہ آئندہ کسی کو ستائیں گے ۔ دراصل ان کے ارادے ہی ناپاک تھے ۔ انہوں نے سب لیڈروں کی گردنوں کے ماپ پھانسی لگانے کی غرض سے لے رکھے

تھے ۔ (قہقہ) اگر ان کی نیت نیک ہوتی ۔ تو اللہ میاں بھی ان کے ساتھ نیک سلوک کرتا ۔ اور ان کے ساتھ انصاف کرتا ۔ چونکہ ان کی نیت ہی نیک نہ تھی ۔ اس لئے اللہ میاں نے آزمائش میں ڈال دیا ۔ اور آئندہ بھی مشکل میں مبتلا رہیں گے ۔

جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ انتخابات کرانا الیکشن کمیشن کا کام ہے ۔ اس سے ہماری مغربی پاکستان یا مرکزی حکومت کا کوئی تعلق ہی نہیں ۔ (ایک آواز ۔ شیخ صاحب ۔ کبھی تو سچ بولا کریں) ۔ بھئی ۔ تم تو ہارے ہوئے ہو ۔ کچھ تو شرم کرو ۔ ہار کر بھی بول رہے ہو ۔ آپکو معلوم ہے کہ الیکشن کمیشن چیف الیکشن کمشنر کے ماتحت ہے ۔ یہ بالکل علیحدہ ۔ آزاد اور خود مختار ادارہ ہے ۔ اور اس سے مرکزی حکومت اور حکومت مغربی پاکستان کو دور کا بھی تعلق نہیں ۔ اپوزیشن والے تو خود بھی کہتے تھے کہ الیکشن جلد از جلد ہونے چاہئیں ۔ یہ تو ان کی اپنی ہی خواہش تھی ۔ ورنہ ہم تو ہزاروں اعتراضات کر سکتے تھے ۔ لیکن ہم نے اسے Welcome کیا ۔ چنانچہ ۲ جنوری کی تاریخ مقرر ہو گئی ۔ اس کے بعد انہوں نے واویلا کرنا شروع کر دیا کہ اوہو اتنی جلدی ۔ اس کے بعد جب الیکشن کمیشن جلدی کرتا ہے تو ہم کوئی اعتراض نہیں کرتے ۔ بلکہ یہ خود ہی اعتراض کرتے ہیں ۔

جناب والا ۔ جب ان کے اپنے الیکشن ہوئے ۔ آپکو یاد ہو گا ۔ میں تو کبھی B.D. کا ممبر نہیں رہا ۔ اور نہ ہی کبھی بننے کا ارادہ ہے ۔ ان انتخابات میں امیدواروں کے مختلف رنگوں کے بکسے مثلاً لال ۔ سبز ۔ نیلے اور پیلے وغیرہ مقرر تھے ۔ انہوں نے کہا کہ شاید یہ ڈر جائینگے ۔ چنانچہ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایک ہی بکس ہونا چاہئیے ۔ ہم نے اس پر بھی کوئی اعتراض نہ کیا ۔ ورنہ اگر ہم چاہتے تو ہم اعتراض کر سکتے تھے ۔ الیکشن کمیشن نے بھی ان کی بات مان لی اور کہا کہ بالکل ایک ہی بکس ہوگا ۔ ان کو خود ہی اس بات کا ڈر تھا ۔ کہ مغربی پاکستان میں واضح اکثریت ان کے ساتھ نہیں ۔ اور مشرقی پاکستان میں اکثریت ان کے ساتھ ہے ۔ ان کا یہ خیال غلط تھا ۔

وہ چاہتے تھے ۔ کہ ایک ہی دن میں الیکشن ہو ۔ ہم نے اس پر کوئی Objection نہیں کیا ۔ پھر انہوں نے کہا ۔ کہ ہر امیدوار کا Polling Agent ہمارے Presiding Officer کے پاس بیٹھے ۔ ہم نے یہ بھی مان لیا ۔ جب انہوں نے کہا ۔ کہ مارکنگ صیغہ راز میں ہونی چاہئے ۔ تو یہ بات بھی مان لی ۔ جیسا کہ مولانا غلام غوث صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ وہاں اللہ تھا اور یہ تھے ۔ ان تمام باتوں کے مان لینے کے بعد بھی وہ شکست فاش کھا گئے ہیں ۔ اور اس الیکشن کو ایک ڈھونگ اور Police Action قرار دیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سیاسی بد دیانتی ہے ۔

میر عبدالباقی بلوچ ۔ نہیں یہ انتظامیہ کی بد دیانتی ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ جناب والا ۔ دنیا میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی ۔ کہ عوام میں سے ہیڈ آف دی سٹیٹ کے خلاف ایسی ایسی باتیں کہی جائیں ۔ جن کو زبان پر لانا زیب نہیں دیتا ۔ اور پھر کوئی ایکشن نہ لیا جائے ۔ اگر یہ امریکہ یا انگلینڈ میں ہوتے ۔ تو وہاں قید ہو جاتے ۔ مگر ہم نے ان کی رسی چھوڑ دی ۔ اس کے باوجود وہ شکست فاش کھا گئے ۔

میمن صاحب نے جو Allocation کی بات کی تھی ۔ معلوم ہوتا ہے ۔ کہ وہ اتنی غلط نہیں تھی ۔

ایک معزز ممبر ۔ ان کے ساتھ پہلے ۵ لاکھ روپیہ کے متعلق تو طے کر لیں ۔

وزیر خزانہ ۔ میں نے مسلم لیگ کے لئے ۴ جیپیں لی تھیں ۔ اور ان کو ۳۶ دی تھیں ۔ حالانکہ اپوزیشن صرف آٹے میں نمک کے برابر ہے ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ اور خود ۳۰۰ لے لیں ۔

وزیرخزانہ ۔ مسلم لیگ کو صرف ۴ جیپیں ملی تھیں ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ انہوں نے طالب علموں کو سیاست میں گھسیٹا ہے ۔ اس سے بڑا ظلم کیا ہوگا ۔ (Shame - Shame)

میں طالب علموں کو اپنی اولاد کے برابر سمجھتا ہوں ۔ میرے بچے بھی طالب علم ہیں ۔ میں ان کا ہر جائز

مطالبہ ماننے کو تیار ہوں - میں نے ایک کمیشن مقرر کیا تھا - لیکن اب صدر صاحب نے ایک کمیشن مقرر کر دیا ہے - جس میں سپریم کورٹ کے ایک جج صاحب ہیں - دو ہائی کورٹ کے جج صاحب ہیں - اور باقی دو ممبران پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین ہیں - اس سے بڑا کمیشن پاکستان کی تاریخ میں آج تک کبھی مقرر نہیں ہوا - پھر یہ کہا گیا ہے - کہ الیکشن میں وزیروں نے حصہ لیا ہے - کیا میں پوچھ سکتا ہوں - کہ الیکشن میں وزیر کیوں حصہ نہیں لے سکتے - جبکہ آئین اس کے لئے مانع نہیں - اگر برطانیہ میں وزیر اعظم سیاسی طور پر حصہ لے سکتے ہیں - تو ہم کیوں نہیں لے سکتے - پھر ہمیں سرکاری کام بھی کرنا ہوتا ہے - غالباً ان کو کوئی غلط فہمی ہو گئی ہے -

مسٹر حمزہ - آپ نے ڈپٹی کمشنروں کو اجازت دی تھی کہ وہ اسلحہ کے لائسنس دے دیں -

Minister of Finance : I order. I don't 'say' but I order.

وہ اس لئے کہ وہ لوگ آپ سے اپنی جان مال اور اپنی عزت بچا سکیں اور آپ سے نجات حاصل کر سکیں - وہ شخص جو ۱۱۰۰ آدمیوں کا نمائندہ بن کر آتا ہے - وہ ان کا امین ہوتا ہے - اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ صحیح معنوں میں کام کر سکے - آپ دیکھیں گے کہ میں ان کی فوج بناؤں گا - جو عوام کی حفاظت کے کام آئے گی -

ایک ممبر — آپ نے ۷۰۰۰ آدمیوں کو لائسنس جاری کر دیے ہیں -

وزیر خزانہ — میں باقی ۳۳,۰۰۰ کو بھی لائسنس دے دوں گا - تا کہ ۴۰,۰۰۰ ہو جائیں -

جناب والا - ان گذارشات کے بعد میں ضمنی میزانیہ کی طرف آتا ہوں - اور اپنی معروضات پیش کرتا ہوں -

Mr. Senior Deputy Speaker : The time is extended by five minutes more.

وزیر خزانہ — جناب والا اگر میں چاہتا - تو contingencies کی اس item کو میز پر رکھ سکتا تھا - مگر میں نے ایسا نہیں کیا اور voting کے لئے یہاں پیش کر دیا ہے - جب سے میں یہاں آیا ہوں - میں نے یہ اپنا اصول بنا لیا ہے - کہ ہر demand کو اس معزز

ایوان میں voting کے لئے پیش کروں ۔ تا کہ ساری رقوم پر voting ہو جائے (خوب خوب) ۔

یہ ضمنی بجٹ ظاہرا طور پر بڑا معلوم ہوتا ہے ۔ لیکن اتنا بڑا نہیں اس میں بتیس کروڑ کی رقم گندم کی خریدنے کے لئے مخصوص کی گئی ہے ۔ کیونکہ ہماری حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے ۔ کہ مغربی پاکستان کے کونے کونے میں درآمد شدہ گندم ۱۵ روپے ۱۲ پیسے فی من کے حساب سے اور آٹا ۱۵ روپے ۷۵ پیسے فی من کے حساب سے خواہ پہاڑ ہو ۔ میدان یا ساحل پر پہنچا دیں ۔ اور انشاءاللہ ہم ایسا ہی کریں گے ۔

مولانا غلام غوث ہزاروی — کیا کاغان کو بھی دیں گے ۔

وزیر خزانہ — کیوں نہیں ۔ وہ بھی مغربی پاکستان کا حصہ ہے آپ میرے پاس آئیں ۔ اور جتنی گندم چاہیے حاصل کر سکتے ہیں ۔ میں ملک قادر بخش صاحب سے کہوں گا وہ اس کا انتظام کر دیں گے ۔

وزیر خوراک (ملک قادر بخش) — میں آج ہی بھجوا سکتا ہوں ۔

وزیر خزانہ — اس کے علاوہ کچھ رقم حیدر آباد میں بارش کی وجہ سے جو نقصانات ہوئے ہیں ۔ وہاں کے باشندوں کی امداد کے لئے رکھی گئی ہے ۔ میرے دوست مبین الحق صاحب نے فرمایا تھا ۔ کہ کراچی میں جو حادثات ہوئے ہیں ان کے لئے بھی کچھ رقم رکھنی چاہیے ۔ میں ان کی تجویز کردہ رقم سے متفق نہیں ہوں ۔ لیکن اس بات سے متفق ہوں ۔ کہ ان لوگوں کی relief کے لئے حکومت مغربی پاکستان پوری کوشش کرے گی ۔

استادوں کے متعلق میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ ہم نے ان کی تنخواہیں بڑھا دیں ہیں ۔ پہلے کی نسبت خاطر خواہ اضافہ کیا ہے ۔ اب جو جھگڑا تھا ۔ وہ ۳۴۶ سکولوں کے متعلق تھا جن کو ہم نے اپنی تحویل میں لے لیا ہے ۔ یہ پہلے local bodies کے پاس تھے ۔ اس کے لئے وٹو صاحب نے بھی ابھی بتایا ہے ۔ کہ ایک High Power Committee بنائی ہے ۔ انشاءاللہ ہم کوشش کریں گے کہ یہ مسئلہ خوش اسلوبی سے حل ہو جائے اور ان کو کچھ فائدہ پہنچے چونکہ سکول بہت زیادہ تھے ۔ اس لیے ہم نے یہ سوچا ہے کہ تین سالوں میں

انہیں اپنی تحویل میں لے لیا جائے ۔ اس کے علاوہ یہ بھی فیصلہ کیا گیا ہے ۔ کہ جن استادوں کی تنخواہ ۲۰۰ روپے یا اس سے کم ہے ان بچوں کے لیے میٹرک تک کی تعلیم مفت ہوگی ۔

میرے خیال میں میرے دوست عبدالرزاق صاحب نے فرمایا تھا میری عرض یہ ہے کہ جس وعدہ پر ہم نے یہ cess (sugar cane) لگایا تھا ۔ حکومت سو فیصدی اس پر قائم ہے ۔ اس کے متعلق قواعد و ضوابط بن رہے ہیں ۔ جب وہ بن جائیں گے ۔ ان پر پورا پورا عمل درآمد ہو گا ۔ اور انشا اللہ تعالیٰ جن سڑکوں کے لیے یہ Cess اکٹھا کیا تھا ۔ وہ سڑکیں ضرور بنیں گی ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

Mr. Senior Deputy Speaker. The House now stands adjourned till 9-00 a. m. tomorrow.

(The Assembly then adjourned till 9:00 a. m. on Tuesday, the 12th January 1965).

3216 PJ A—600—19-6-65—S.M.P.P. Lahore.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

[redacted] SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY WEST PAKISTAN

[redacted]day, the 11th January, 1965

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9 a.m. of the clock Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Husnain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۝ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

(پ ۲۸ - س ۶۱ - رکوع ۱۰ - آیات ۱۰ تا ۱۳)

اے ایمان والو! کیا میں تم کو ایسی تجارت بتلاؤں جو تم کو ایک دردناک عذاب سے بچالے (یہ کہ) تم اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ۔ اور اللہ کے راستے میں اپنے مال وجان سے جہاد کرو اگر تم سمجھ رکھتے ہو تو یہ تمہارے لئے بہت ہی بہتر ہے۔ اسکے باعث وہ تمہارے گناہ معاف کردیگا۔ اور تم کو ایسے باغات میں داخل کریگا جنکے نیچے نہریں جاری ہونگی۔ اور اعلےٰ محلات میں داخل کریگا۔ جو جنات عدن میں واقع ہونگے۔ یہ بڑی زبردست کامیابی ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور چیز بھی ہے۔ جس کو تم خاص طور پر پسند کرتے ہو وہ ہے اللہ کی طرف سے مدد اور جلد فتح یابی۔ آپ مسلمانوں کو (اس بات کی) خوشخبری سنادیجئے۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

RE-ADJOURNMENT OF THE ASSEMBLY ON 7TH JANUARY

Mr. Ahmad Mian Soomro (Jaccobabad I): Sir, on the 7th January we adjourned for fifteen minutes and when you came back the bells were not rung. The result was that when we were sitting out we never knew that you had come back here. When you adjourn for fifteen minutes or half an hour and you come back again, the bells have to be rung and the members are supposed to come in while the bells are ringing. Otherwise how could we know that you have come back. This was not done on the 7th.

Mr. Speaker: The position is that when we had adjourned for fifteen minutes, there was no need of ringing the bells. The members who were present in the House knew it full well that we had adjourned for fifteen minutes only and after fifteen minutes we had to meet again.

Mr. Ahmad Mian Soomro: We also know that we have to meet at 9.00 a.m. but before that bells are supposed to be rung five minutes earlier. And when we adjourn even then they are supposed to be rung so that the members who are sitting in the lobbies should know that they have to come into the House.

Mr. Speaker: When the House is adjourned for fifteen minutes every member who is present in the lobbies or inside the House should remember that the House has been adjourned for fifteen minutes only.

Mr. Ahmad Mian Soomro: Then do we take it that whenever the House is adjourned for a particular time, the bells are not to be rung to inform the members sitting in the lobbies.

Mr. Speaker: When the House is adjourned for fifteen minutes, the members sitting inside the House and in the lobbies know it there is no need of ringing the bells.

Mr. Ahmad Mian Soomro: If you have adjourned it for an hour or two, do we take it also that you are not going to ring the bells ?

Mr. Speaker: Yes, that is the position.

SUSPENSION OF THE QUESTION HOUR

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - 1) - جناب والا ! وزراء صاحبان تشریف فرما ہیں - میں گذارش کروں گا کہ آج وقفہ سوالات ملتوی کر دیا جائے تا کہ ہم ضمنی بجٹ پر بحث کے لئے کچھ تھوڑا بہت وقت نکال سکیں -

MINISTER OF REVENUE
MINISTER OF FOOD AND AGRICULTURE } No objection.
MINISTER OF LAW

Mr. Speaker: I think this is the sense of the House and the Question Hour suspended.

QUESTION OF PRIVILEGE

re-non-supply of answer laid on the table to the Member concerned.

Mr. Speaker: There is one question of Privilege sought to be raised by Chaudhri Muhammad Ibrahim. The Member may ask for leave to raise it.

Chaudhry Muhammad Ibrahim (Sialkot-III): ask for leave to raise a question involving a breach of privilege of the House that my Starred Question No. 6235 was entered in the list ofquestions dated 12th March, 1964. Its answer was to be laid on the Table on the same date. I asked the Assembly, Secretariat to supply to me a copy of the answer laid on the Table of the House on 12th March, 1964. But I was informed by the Secretariat that the required

answer has not been received. In not giving the answer the Parliamentary Secretary, Auqaf, has committed a breach of Rule 36 of the Rules of Procedure and has withheld the supply of information from the House.

میرا سوال محکمہ اوقاف کے متعلق یہ تھا ۔

(a) the district-wise names of Auqaf properties taken over by the Auqaf Department from private management in the Lahore Division ;

(b) the year-wise income accrued from each of the said property since its take over.

(c) the year-wise expenditure from the said funds together with items of expenditure.

(d) the cadre-wise staff incharge of the said management in the said Division together with their scales of pay and rates of different allowances admissible to them.

صاحب صدر ۔ سوالات اسمبلی کی کارروائی کا ایک بڑا اہم حصہ ہیں ۔ لیکن جس طرح سے اسمبلی کی کارروائی کے دیگر اجزاء کی طرف ہماری وزارت بے توجہی برتتی ہے ۔ بلکہ اس اسمبلی کی کارروائی کے تمام اجزاء کو بازیچۂ اطفال بنا دیتی ہے ۔ یہاں تک کہ ہماری وزارت کسی معاملے پر بھی سنجیدہ نہیں رہتی ۔ بلکہ میں تو کہوں گا ۔ کہ یہ ایک بہت بڑا المیہ رہا ہے ۔ کہ اس ایوان کے وقار کو قائم کرنا اور اس کا تحفظ کرنا اس وزارت کی ذمہ داری تھی ۔ اور اس پر سر اقتدار گروہ کی ذمہ داری تھی ۔ لیکن ان کی جانب سے ہر معاملے میں ایسی حرکات ہوتی ہیں ۔ کہ جن کی وجہ سے ہم یہ سمجھتے ہیں ۔ کہ ان کی نظر میں کسی ممبر کا کوئی وقار اور کوئی استحقاق ہی نہیں ہے ۔ آپ دیکھتے ہیں ۔ کہ یہاں کورم کی کیا حالت ہوتی ہے ۔ اور یہاں جو قراردادیں منظور ہوتی ہیں ۔ ان کی کیا حالت ہوتی ہے ۔ اسی طرح سے جو Privileges ہیں ۔ ان کا اس ایوان میں جو کچھ حال ہو رہا ہے ۔ وہ بھی سب کی نظر میں ہے ۔ اور سوالات کے سلسلے میں تو یہ ہے ۔ کہ اول تو جب بعض سوالات سیکرٹریٹ میں آتے ہیں ان کا گلا وہاں پر ہی گھونٹ دیا جاتا ہے ۔ چنانچہ میرے بعض سوالات کا جواب یہ دیا گیا ہے ۔ کہ یہ پراونشل سبجیکٹ نہیں ہے ۔ اور اگر کوئی سوال اس ہفت خواں سے گذر بھی جائے ۔ تو پھر یہ کہا جاتا ہے ۔ کہ اطلاعات جمع کی جا رہی ہیں ۔ آج کی تحریک بھی میرے ایسے ہی سوال کے لئے ہے ۔ جس کے بارے میں یہ کہا گیا تھا ۔ کہ اطلاعات اکٹھی کی جا رہی ہیں ۔ لیکن جب یہ جواب دیا جائے ۔ تو پھر حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ سوال پوچھنے والے کی تسلی کرے ۔ اور سوال کنندہ کو بر وقت جواب دینا بھی ان کی ذمہ داری ہے ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ اس معاملہ

میں حکومت کی طرف سے بڑی لاپروائی دکھائی گئی ہے ۔ اور اس سے ہاؤس کی بریچ آف پرویلج ہوئی ہے ۔ اس لئے میں نے یہ تحریک پیش کی ہے ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Mahammad Varyal Memon) : Sir, assuring the members of this House and the august House on behalf of the Government, I have no hesitation in saying that the Government will never hesitate to maintain and uphold the rights of the members of this House as conceded by the Rules, by the Constitution, by conventions and precedents. Coming to the factual aspect of this particular question; true, it has been said in the privilege motion itself that this question was set down for 12th March, 1964, that is to say, during the last session. But on the date all these questions including the present one came up and it was not read because the time was short. The factual position was that the reply to the question was not yet available, the information had not yet been collected. So my respectful submission is this that even if the question had been called the position was that we would beg the House to give us time to collect the relevant information and then make an appropriate reply—

Mr. Speaker : Even then the reply should have been placed on the Table of the House.

Minister of Law : My respectful submission is that the reply given would have been that the information is being collected.

Mr. Speaker : Perhaps, he would have been satisfied with this answer.

Minister of Law : If that is the position, Sir, that even if it tantamounts to such replies, then it is only a question of error and I assure the member that far from it, there was no deliberate intention to abridge or curtail or in any way to impair the right of the member. The reply has now been supplied to the member and to day that is the position and I think the member and this august House would feel satisfied with that and condone this default on the part of the Department which wrongly understood that the reply to be placed on the table is that some tangible reply is to be given rather than to say only that the information is being collected which really amounts to no reply. I hope the member will consider the advisability and expediency to withdraw the privilege motion and I assure him that the default was not deliberate.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ! جس سپرٹ میں اس تحریک استحقاق کا جواب دیا گیا ہے ۔ میں اسے پوری طرح appreciate کرتا ہوں ۔ اور مجھے یقین ہے ۔ کہ میرے محترم دوست چودھری محمد ابراھیم صاحب اس سوال کا جواب لے لینگے ۔ اور اس تحریک استحقاق پر زیادہ زور نہیں دیں گے ۔ لیکن بیشتر اس کے کہ میں چودھری صاحب سے یہ درخواست کروں ۔ میں جناب وزیر قانون کی توجہ قاعدہ نمبر ۲۶ کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ شاید ان کے ذہن میں یہ بات نہیں ہے ۔ کیونکہ انہوں نے آپ کی توجہ دلانے کے باوجود بھی یہ سمجھا ہے ۔ کہ اس سلسلے میں ان پر کوئی قید نہیں ہے ۔ پوزیشن اس طرح سے ہے ۔

Rule 36:—

"Written answers to questions not replied orally—If any question placed on the list of questions for answer on any day is not called for answer within the time available for answering questions on that day, the Minister or the Parliamentary Secretary or the Member to whom the question is addressed shall forthwith lay upon the Table of the Assembly a written reply to the question and no oral reply shall be required....."

تو یہاں لفظ "shall" ہے جناب والا ! یہ لازمی ہے ۔ کہ تحریری طور پر جوابات یہاں ایوان کی میز پر رکھ دیئے جائیں تاکہ اگر ممبران اس سے استفادہ کرنا چاہیں ۔ تو کرلیں اس لئے بھول چوک میں ایسی باتیں ہو جاتی ہیں ۔ اس لئے ہمیں اس پر زیادہ زور نہیں دینا چاہیئے ۔ لیکن یہ ہمارے ضابطے میں درج ہے ۔ کہ اگر سوال کا جواب ایوان میں نہیں دیا جاتا ہے ۔ تو اس کا جواب ایوان کی میز پر تحریری طور پر رکھ دیا جاتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے علاوہ اس کا ایک اور نتیجہ بھی ہوتا ہے ۔ کہ وہ debate میں نہیں چھپ سکتا ۔ کیونکہ جب آپ سوالات کے جوابات ایوان کی میز پر نہیں رکھیں گے ۔ تو وہ debate میں نہیں چھپتے ۔ کیا اب بھی معزز ممبر اسے Press کرنا چاہتے ہیں (؟)

Chaudhri Muhammad Ibrahim : Sir, I do not press it.

Mr. Speaker : So the motion is not pressed.

ADJOURNMENT MOTIONS

Mr. Speaker : Now adjournment motions.

Minister of Law (Mr. Ghulam Muhammad Varyal Memon) : Sir, with regard to the adjournment motions, if the Chair is pleased to permit me I may make a submission.

Mr. Speaker : Yes.

Minister of Law : Sir, so far as the discussion of the adjournment motions is concerned, the position today is that two days out of three reserved for the general discussion have already been taken away from this House for reasons beyond the control of any individual. So much so is the urgency to devote as much time as possible to the general discussion of the budget that even the Leader of the Opposition very rightly thought it fit to move that even the question hour may be suspended. The fact now remains that we have only a few hours left for the general discussion and I am sure that most of the adjournment motions moved by the members are likely to be covered by the general discussion on the budget which will be open and not restricted to any individual department or to any individual subject or any individual Minister or any officer of the Government. It will be a general discussion. I would, therefore, very respectfully submit, and I have a very genuine hope that the Leader of the Opposition will join issue with me that we might have adjournment motions tomorrow and then the Speaker may determine which of these have been amply and adequately covered by the debate that will follow today and in case any sid mains behind it may be taken up after the decision by the Chair for further re-cussion and disposal of this House.

I think, I am not making a very unreasonable request and praying for a longer time for extension. It is only a question of one day and I assure the Leader of the Opposition and all Members of this House that it is far from our mind to delay or avoid these adjournment motions. It is in the interest of every one of the Members of this House to devote to give and to concede as much time as possible, under the circumstances for the general discussion and then, Sir, it will not be too late to take up the adjournment motions tomorrow one by one on their intrinsic worth and merit.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) — جناب والا ! مجھے اس امر سے پورے طور پر اتفاق نہیں ہے کہ تمام کے تمام ایڈجرنمنٹ موشنز کل پر ڈال دیئے جائیں اگرچہ مجھے اس امر کا پورا احساس ہے کہ آج ضمنی بجٹ پر عام بحث کا آخری بلکہ ایک دن ہے اور ایوان کے دونوں جانب سے اس معزز ایوان کے معزز اراکین نے اس بحث میں حصہ لینا ہوگا ۔ جناب وزیر قانون نے جس امر کی طرف آپ کی توجہ دلائی ہے وہ یہ ہے کہ ضمنی بجٹ پر بحث کرتے ہوئے تقریباً ہر مسئلہ پر بحث کی جاسکتی ہے بلکہ انہوں نے تقریباً کا ہم معنی لفظ بھی استعمال نہیں کیا ۔ مجھے ان سے ان کی اس بات سے اختلاف ہے ۔ میری رائے میں ضمنی بجٹ پر بحث محدود ہوتی ہے اور اس کی حدود و قیود ان مطالبات زر پر جو کہ ضمنی بجٹ کے اندر شامل ہوتے ہیں مبنی ہوتی ہیں اس کے باہر ضمنی بجٹ پر بحث نہیں کی جا سکتی ہے ۔ مجھے خیال تھا اور مجھے یہ شک تھا کہ کہیں وہ مطالبہ نہ کر بیٹھیں کہ ہم ایڈجرنمنٹ موشنز پر بحث ہی نہیں کر سکتے لیکن کسی حد تک انہوں نے اپنے اس مطالبہ کو دوسرے الفاظ میں پیش کر دیا ہے اس لئے مجھے ان سے اتفاق نہیں ہے ۔ کیونکہ ضمنی بجٹ پر بحث میرے نقطہ نظر سے محدود ہوگی لا محدود نہیں ہوگی اور اس وجہ سے دنیا بھر کی قانون ساز اسمبلیوں میں ضمنی بجٹ کے دوران تحریک التوا کی اجازت دی جاتی ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ بحث مخصوص مطالبات زر پر ہو جو کہ ضمنی بجٹ میں موجود ہوں ان کے علاوہ انتظامیہ کی جانب سے ایسے واقعات صوبہ یا ملک میں ظہور پذیر ہوئے ہوں جس پر اس معزز ایوان کے معزز اراکین بحث کرنا چاہتے ہوں اس لئے یہ بات بھی واضح طور پر ہمارے قواعد میں rule of anticipation کی شکل میں یا دوسرے ملکوں کی اسمبلیوں اور پارلیمنٹ کے قواعد و ضوابط میں بھی واضح طور پر درج ہے کہ اگر کوئی امر مانع ہے تو وہ rule of anticipation ہے اور کیونکہ rule of anticipation یہاں apply نہیں کرتا مطالبات زر محدود ہوتے ہیں اس لئے ہمیں تحریک التوا پیش کرنے کی اجازت ہوتی ہے ۔ شاید وزیر قانون صاحب کو یہ یاد نہ ہو کہ ۲۱ تاریخ کو جب اس ایوان کا پہلا اجلاس

ہوا تھا اس روز تحریک التوا کے متعلق گفتگو ہوئی تھی تو انہوں نے اس قسم کا کوئی اور اعتراض اٹھانا مناسب نہیں سمجھا تھا انہوں نے آپ سے محض یہ درخواست کی تھی کہ ان کو ملتوی کر دیا جائے جو آپ نے منظور فرما لی تھی اب میرا خیال ہے کہ کم و بیش ایک گھنٹہ کے لئے آپ تحریک التوا جیسا کہ آپ کا چلے طریقہ ہے اس ایوان میں پیش کرتے رہیں جو حسب قاعدہ ہونگی ان پر بحث ہوگی جو قاعدہ کے خلاف ہوں وہ آپ نامنظور کر دیں —

مسٹر سپیکر — خواجہ صاحب جنرل ڈسکشن کے روز اس پارلیمنٹ کا یہ طریقہ چلا آیا ہے کہ ایڈجرنمنٹ موشنز نہیں آیا کرتیں ۔

خواجہ محمد صفدر — آپ کو یہ suggest کر دیا ہے کہ آپ اپنے چیمبر میں بیٹھ کر guillotine کر دیں — مجھے ان سے اتفاق نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : That is not the position.

Minister of Law : I never said that.

Mr. Speaker : We will take up the adjournment motions to-morrow.

SUPPLEMENTARY BUDGET STATEMENT 1964-65

DISCUSSION ON THE SUPPLEMENTARY BUDGET STATEMENT 1964-65 AS A WHOLE

Mr. Speaker : Now, we will have discussion on the Supplementary Budget Statement 1964-65 as a whole.

Yes, Rao Khurshid Ali Khan.

راؤ خورشید علی خان (منٹگمری-۳) — جناب سپیکر اس ضمنی بجٹ پر جنرل ڈسکشن ایک ایسی مہم کے بعد ہو رہی ہے کہ جس مہم میں اس ملک کے عوام نے بھی بڑے جوش و خروش کا مظاہرہ کیا اور یہ بات بڑی ہی خوشی عیاں تھی کہ ایک ایسا ملک جہاں چند ہفتے پہلے مردنی چھائی ہوئی تھی ۔ مایوسی طاری تھی ۔ قبرستان کا سا سماں تھا ۔

وزیر زراعت — قبرستان کیوں کہتے ہو ۔

راؤ خورشید علی خان — وہ آپ کے علاقے کا ذکر ہے ۔ تو جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جس ملک میں چند ہفتے پہلے جمہوریت کا نام و نشان نہیں پایا جاتا تھا ۔ بنیادی حقوق اور شہری حقوق کو ختم کر کے رکھ دیا گیا تھا ۔ تحریر و تقریر پر پابندیاں عائد کر دی گیئں تھیں ۔ اخبارات کا گلا گھونٹ کر رکھ دیا گیا تھا اور جنگل کا قانون نافذ تھا ۔ لوگوں کے لئے بولنا اور لکھنا موت کی قیود و بند کو دعوت دینے کے مترادف تھا ۔

وزیر خزانہ ۔ کھسیانی بلی کھمبا نوچے ۔

راؤ خورشید علی خان — صبر سے سنئے ۔ فتح کے نشے کے اندر مدہوش ہونے کی کوشش نہ فرمائیں ۔ ذرا آنکھ کھول کر حالات کو دیکھیں ۔ اور صبر و سکون کے ساتھ سننے کی کوشش کریں ۔

جناب والا! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایسے ماحول میں اس ملک میں بالکل معجزانہ طور پر مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح قضا کے تیر کی طرح سے دوسرے امیدوار صدارت کے سامنے آئیں اور ان کی اور ان کے حواریوں کی رات کی نیند اور دن کا آرام حرام ہو گیا (قطع کلامی) ۔

شکست و فتح تو قسمت سے ہے ولے اے امیر
مقابلہ تو دل ناتواں نے خوب کیا

مقابلہ پارٹیوں کا تھا ۔ ایک طرف گورنمنٹ تھی دوسری طرف عوام تھے ۔ ایک طرف مسلح لوگ تھے دوسری طرف نہتے لوگ تھے ۔ ایک طرف تمام حکومت کی انتظامیہ تھی دوسری طرف عوام کی کوشش کے سوا اور کوئی چیز نہیں تھی ۔ ایسے حالات میں آپ لوگ اگر اس چیز کا کریڈٹ لینا چاہیں تو یہ خوش فہمی کے سوا اور کچھ نہیں ۔ (قطع کلامی) آپ مجھے بات کرنے نہیں دیتے ہیں اب سوال و جواب شروع ہو گئے ہیں ۔ Confrontation Meeting میں تو عوام کو اجازت نہیں دی ۔

Mr. Speaker : This is not a Projection meeting.

راؤ خورشید علی خان — جناب والا! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس ملک میں بھی ایک معجزہ ہوا کہ جس ملک کے اندر بالکل خاموشی طاری تھی وہاں یکایک گونگے لوگوں کو زبانیں مل گئیں ۔ اخبارات نسبتاً کھل کر لکھنے لگ گئے یہ سب کو توفیق تو حاصل نہیں ہوئی ۔ اس معاملے میں گو مجھے پارلیمنٹری روایات تو شاید اجازت نہ دیں ۔ ''ناہید نوائے وقت'' نے جو مجاہدانہ کردار ادا کیا ہے ۔ میں اسے Tribute pay کرنا چاہتا ہوں ۔ (تالیاں)

تو بہرحال اخبارات پہلے سے نسبتاً زیادہ آزاد تھے ۔ اور زیادہ آزادی سے لکھنے لگے تھے ۔ اور اس کے ساتھ ہی Political Workers نے بھی کھلی تنقید کی۔ جو میرے نزدیک Presidential Elections کی مرہون منت ہے ۔ (قطع کلامیاں اور شور) اب ہمیں نظر آ رہا ہے کہ آئندہ کیا ہونے والا ہے ۔ آپ اس بات کا اندازہ اس امر سے لگائیں کہ کراچی

میں کیا ہوا ہے ۔ اور مشرقی پاکستان میں کیا ہو رہا ہے ۔ وہاں مولانا اظہر علی جیسے جید عالم دین کو ذلیل سا الزام لگا کر پکڑ لیا گیا وہ اس لئے کہ انہوں نے کہا تھا کہ ایوب صاحب کو ووٹ دینا حرام ہے ۔ محض اس جرم میں ان پر یہ الزام لگا ہے ۔ اور اس کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ ان کا جو امدادیہ مدرسہ ہے ۔ اس کے حالات میں انہوں نے گڑ بڑ کی ہے ۔ بھئی کھلے بندوں آؤ ۔ اگر کوئی Political Worker ہے ۔

Minister of Food & Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : That matter is sub-judice.

Mr. Speaker : The Member should not talk about a matter which is sub-judice (Interruptions).

راؤ خورشید علی خان — جناب میں تو جواب عرض کر رہا ہوں ۔ اگر Interruption نہ ہوں تو پھر ہم بھی حدود کے اندر رہ کر ہی عرض کریں گے ۔

Mr. Speaker : No interruptions please.

راؤ خورشید علی خان — بہر حال جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جس ملک میں چاروں طرف خاموشی کا عالم تھا ۔ وہاں یہ خوشگوار بات دیکھنے میں آئی تھی کہ وہاں گونگے لوگوں کو زبانیں مل گئیں ۔

اخبارات نے کھل کر لکھنا شروع کیا ۔ اور سیاسی کارکنوں نے بھی آزادانہ طور پر تنقید شروع کر دی حتیٰ کہ یوں محسوس ہونے لگا گویا یہ واقعی ایک آزاد باشندوں کا ملک ہے (قطع کلامیاں اور شور) ۔

وہ تو وقتی چیز تھی ۔ اور میں تو ابھی اظہار خیال کر رہا ہوں ۔ دوسری بات تو ابھی آگے آ رہی ہے ۔ (قطع کلامیاں) اس احساس سے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ خدا کرے اس قسم کی صورت حال بعد میں بھی قائم رہے ۔ اگر ایسا ہوتا تو پھر ہم آپکو اس امر کیلئے بھی آج tribute pay کرنے کیلئے تیار ہوتے کہ واقعی آپنے ایسی صورت حال کو قائم رکھا ہے ۔ لیکن چونکہ ایسا نہیں ہوا ۔ اس لئے میں مزید اس بات پر زور دینا نہیں چاہتا ۔ بس اسقدر عرض کر دینا ہی کافی سمجھتا ہوں کہ الیکشن کے دوران میں خوشگوار فضا پیدا ہوئی تھی ۔

جہانتک الیکشن کے نتیجے کا تعلق ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اسے زیادہ اہمیت نہیں ہوا کرتی اہمیت دراصل اس بات کو ہوا کرتی ہے کہ آیا کسی ملک کے عوام کو یہ حق حاصل ہے کہ ——

میر نبی بخش خاں زہری ۔جناب والا ! آواز بہت کم آ رہی ہے ۔

راؤ خورشید علی خاں ۔وہ جس قسم کی حکومت بنانا چاہیں ۔ بنا سکیں اور جس قسم کے حکمران چاہیں ۔ منتخب کر سکیں اگر کسی ملک کے شہریوں کو ایسی آزادی حاصل ہے تو ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس ملک کے شہریوں کے بنیادی حقوق برقرار ہیں اور وہاں صحیح جمہوریت قائم ہے ۔ لیکن جناب سپیکر ہوا کیا ہے ۔ اس بات سے قطعی طور پر انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اگر اس ملک میں Direct Elections سسٹم ہوتا تو عوام اپنا فیصلہ مادر ملت کے حق میں دے چکے تھے (آوازیں یہ غلط ہے) لیکن ہماری بد قسمتی ہے کہ اس ملک میں الیکشن کا ایک ایسا طریقہ رائج ہو چکا ہے جس سے عوام اپنی خواہشات کے مطابق الیکشن کا نتیجہ پیدا نہیں کر سکتے ۔

Mr. Speaker: I think the Provincial Government is not concerned with the system of elections.

Mr. Abdul Baqi Baluch : This House is the creation of the system of electon, and we have a right to discuss.

میر نبی بخش خان زہری — جناب یہ فاتحہ خوانی کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : So far as the system of election is concerned, I think it is the concern of the Central Government and not of the Provincial Government.

Mr. Abdul Baqi Baluch : Are we not the creation of this sytem of elections ? Why are we not allowed to discuss it ?

Mr . Speaker : We are not the creation of this system of election.

Mr . Abdul Baqi Baluch : We have heard that you have been instructed not to allow any a election to be discussed here.

Mr . Speaker : That is absolutely wrong.

Mr . Abdul Baqi Baluch : and you are now proving it.

Mr . Speaker : The member may please take his seat; I am conducting the debate according to the Rules of Procedure.

راؤ خورشید علی خان — جناب میں نے صفحہ ۳۸ پر نوٹ کیا تھا ۔

Grant of additional funds in Connection with the election work in West Pakistan.

مسٹر سپیکر — راؤ صاحب ۔ یہ کونسے صفحے پر ہے ۔

راؤ خورشید علی خان — جناب یہ صفحہ ۳۸ پر ہے ۔

Grant of additional funds in Connection with election work in West Pakistan.

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر محدود سسٹم .....

مسٹر سپیکر ۔ راؤ صاحب ۔ یہاں یہ بات clear نہیں کہ یہ Presidential Election کے متعلق ہے یا کسی اور چیز سے متعلق ہے ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ جناب ۔ یہ تو Presidential Election کے متعلق ہی ہے ۔ اگر یہ کسی اور الیکشن کے متعلق ہو سکتا ہے ۔ تو میرے دوست ہمیں بتائیں کہ یہ فلاں الیکشن کے متعلق ہے ۔ اس صورت میں ہم اسے چھوڑ دیتے ۔ اس سے زیادہ اور کیا اشارہ ہو ۔ یہ تو الیکشن کے متعلق ہے ۔ اور پھر اس میں Confrontation Meetings کے اخراجات بھی شامل ہیں ۔

تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر ہمارے ملک میں محدود Franchise نہ ہوتی تو قوم اپنا فیصلہ دے چکی تھی ۔

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Wattoo) : With your permission Sir, I have to make a submission.

یہ تو جناب پچھلے سال کے متعلق تھا ۔

مسٹر افتخار احمد خان- جناب پچھلے سال تو Confrontation Meetings نہیں تھیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ Schedule I دیکھئے ۔

وزیر تعلیم — بات یہ ہے کہ یہی صفحہ ۳۷ سے شروع ہوتی ہے ۔

"Statement of expenditure from the Provincial Consolidated Fund under the authority of 'Contingency Item' for the year 1963-64 submitted to the Legislature under Article 45 (3) and (4) of the Constitution."

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ میرے دوست کا حوالہ درست نہیں ۔ یہ صفحہ ۳۳ ہے یہاں Item نمبر ۱۱۵ دیکھئے ۔

"Grant of additional fund in connection with the meeting of Travelling Allowance Dearness Allowance expences of electoral College, attending the Confrontation Meetings at Lahore, Multan Hyderabad and Karachi:

Lahore	...	1,56,000.
Multan	..	2,00,000.
Hyderabad & Karachi.	.	1,70,000. "

مسٹر سپیکر — یہ کونسے صفحے پر ہے ؟

Minister of Education : Item No ?

خواجہ محمد صفدر — یہ جناب صفحہ ۳۳ Item نمبر ۱۱۵ ہے ۔ اور اب appendix کے شروع میں دیکھئے ۔

"Statement of expenditure from the Provincial Consolidated Fund under the authority of the 'Contingency item' for the year 1964-65, submitted to the Legislature under Article 45 (3) and (4) of the Constitution."

اب تو کوئی اعتراض نہیں ۔ اگر ہو تو اسے بھی رفع کر لیں ۔

سردار عنایت الرحمن خان عباسی — یہ تو جناب اپنا بخار اتار رہے ہیں ۔

راؤ خورشید علی خان — جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر یہاں بدقسمتی سے Limited Franchise نہ ہوتی ۔ تو قوم

آزادانہ طور پر اس بات کا فیصلہ کر چکی تھی کہ وہ تمام کی تمام مادر ملت کے ساتھ ہے ۔

اب اگر Limited Franchise کی وجہ سے عوام کی خواہشات کو اس طرح روکنے کی کوشش کی گئی تو جناب سپیکر میں بڑے ادب سے عرض کروں گا ۔ پارٹی affiliation اور جذبات کے تحت نہیں بلکہ قوم اور ملت کے عظیم تر مفاد کے تحت عرض کروں گا کہ اگر کسی ملک میں ایسی صورت حال پیدا کر دی جائے کہ عوام کی امنگوں اور خواہشات کے راستہ میں رکاوٹ ڈال دی جائے تو خدانخواستہ وہ ملک تباہی اور بربادی سے دو چار ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا — اس لئے ہمیں اپنے دل و دماغ سے اس بات کا جائزہ لینا چاہئے کہ عوام کی امنگوں اور خواہشات کے راستہ میں رکاوٹ ڈالنے سے کیا حشر ہوگا — آپ کو معلوم ہوا ہے کہ ملک کے حکمرانوں اور رعایا کے درمیان خوشگوار تعلق نہیں رہا ۔ عوام تو برملا کہتے رہے ہیں کہ اس طریق انتخاب سے ایک حکمران طبقہ ہم پر مسلط ہو گیا ہے اور ہماری امنگوں اور خواہشوں کی پروا نہیں کی گئی بلکہ غلط راستہ سے اس طبقہ کو لایا گیا ہے ۔ جس طریقہ سے یہ الیکشن ہوئے ہیں وہ غلط ہے اس سے ہماری اس بات کو تقویت پہنچتی ہے — یہ ملک ہم نے اپنی قربانیوں سے حاصل کیا تھا — اس لئے وہ اس کو اپنی مرضی سے نہیں چلا سکتے ۔ ہر شخص جانتا ہے کہ اس الیکشن میں official pressure دھن ، دھونس اور دھاندلی حائل ہو گئے ، غنڈہ گردی حائل ہو گئی — پولیس اور دوسرے افسران انتظامیہ عوام کی امنگوں اور خواہشوں کے راستہ میں حائل ہو گئے اور عوام کی باتوں کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی ان کی حالت کو بہتر بنانے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی ۔ یہ ملک ایک فرد واحد کی میراث اور جائداد نہیں ہے ۔ یہ ملک یہاں کے تمام شہریوں کی ملکیت ہے ۔ اور اس ملک میں ایک شخص کی مرضی سے کام نہیں چلے گا ۔ بلکہ عوام کی مرضی سے حکومت کا انتظام چلے گا ۔ عوام کی مرضی سے حکومت بدلے گی اور انہیں کی مرضی سے حکمران بدلیں گے ۔ آپ لوگوں کو اب اس بات کا تجربہ ہو گیا ہے اور آپ نے دیکھا ہے کہ عوام کی اصل خواہش کیا ہے ۔

اس وقت تک ہمارا مستقبل بالکل بھیانک اور تاریک ہے اور چاروں طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہے ۔ اس لئے اس کو دور

کرنے کے لئے ابھی سے انتظام کرنا چاہئے ورنہ پانی سر سے گزر جائے گا ۔ آپ اس کا ابھی سے جائزہ لیں ۔ اور دیکھیں تو آپ کے دل اور دماغ اس امر کی شہادت دیں گے عوام کی اصل خواہش کیا ہے ۔الیکشن کے دنوں میں عوام کے جلسوں اور جلوسوں سے جو مظاہرہ ہوا ہے اس کی روشنی میں جلد از جلد Limited Franchise کو بدل کر Direct Elections کے Basis پر انتخاب کا اہتمام کرنا چاہیئے اس میں سب کی خیریت ہے اور اسی میں سب کی بھلائی ہے۔

اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ الیکشن کے دوران میں بے شمار حالات اخباروں کے ذریعہ لوگوں تک پہنچے لیکن چند باتیں نمونہ کے طور پر میں یہاں بھی عرض کروں گا اور جن کے متعلق میں ایک حد تک یہ کہہ سکتا ہوں کہ میرا ذاتی تجربہ ہے اور جن کے اندر کوئی مبالغہ یا کسی غلط بیانی کا قطعاً کوئی شائبہ نہیں ہو سکتا ۔ وہ یہ ہیں کہ جب ہمارے ورکرز Canvassing کے لئے جاتے تھے ۔ تو اکثر مقامات پر ان کو پولیس کے ملازمین ملتے تھے ۔ جو لوگوں کو ہمنوا بنانے کی کوشش کرتے تھے ۔ ہمارے ورکرز نے ہمیں بتایا ہے کہ لوگ ہماری باتیں سنتے تھے اور ان پر کان دھرتے تھے ۔ لیکن یہ کہتے تھے کہ ہم کیا کریں ۔یہاں تو تحصیلدار صاحب اور تھانیدار صاحب نے ہمارا ناک میں دم کر رکھا ہے ۔ وہ ہمیں دھمکیاں دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ صدر ایوب نہ تو ووٹ کے ذریعہ سے آئے ہیں اور نہ ہی ووٹ کے ذریعہ جائیں گے ۔اس لئے ضمیر کی بات کو چھوڑو اس کا ذکر فضول ہے ۔ جب اس قسم کی دھمکیاں دی جاتی ہوں تو ہم مجبور ہیں ہم ان کی ناراضگی مول لینا نہیں چاہتے کیونکہ اس طرح ہماری عزت ، جان و مال اور کوئی چیز محفوظ نہیں ۔ اور ایسی حالت میں ہم کچھ نہیں کر سکتے ۔ ہمارے ورکرز اپیل کرتے تھے کہ آپ ہمت نہ ہاریں ڈرنے کی کوئی بات نہیں ۔ یہ ووٹ ایک مقدس امانت ہے ۔ اگر اس کو کسی لالچ یا ڈر کی وجہ سے استعمال کیا گیا تو یاد رکھو کہ اس کے نتائج تم لوگوں کو بھگتنے پڑیں گے ۔ لیکن ان بیچاروں کو اس بات سے ڈرایا گیا ۔ کہ اگر ان کی خواہش کے

مطابق ووٹ نہ دیا تو ہر وقت جوتا چلے گا ۔ بعض کو تو یہ کہا گیا ہے کہ تمہارے گھوڑی پال مربعے اور بکری پال اور گائے پال مربعے ضبط ہو جائیں گے ۔ یا فلاں الاٹ مینٹ ختم کر دی جائے گی مگر وہ بیچارے تو کہتے تھے کہ ہم مجبور ہیں کمزور ہیں ہمارا کوئی Status نہیں کہ ہم پولیس کے حکام کے دباؤ کو خاطر میں نہ لائیں ۔ واقعہ یہ ہے کہ اور قسم کے حالات پیدا کر دئے گئے تھے کہ وہ بچارے مجبور ہو گئے ۔ آخری دو دنوں کے متعلق ہمارے ورکرز نے بتایا کہ جب وہ Canvassing کے لئے گئے تو ان کے پاس ٹرانسپورٹ کا کوئی انتظام نہیں تھا اس لئے وہ چاہتے تھے کہ کچھ گاڑیاں ان کو بھیج دی جائیں مگر ان کو ٹرانسپورٹ کی سہولت نہ مل سکی ۔ دوسری طرف انہوں نے دیکھا کہ پولیس کی گاڑیاں موجود تھیں اور وہ لوگوں کو لے جا رہے تھے ۔

جناب سپیکر ۔ جہاں ملک میں اس قسم کے حالات ہوں اور صدارتی انتخاب کا فیصلہ کر دیا جائے تو ظاہر بات ہے کہ وہ فیصلہ حق پر مبنی نہیں ہو گا ۔ اور اس سے عوام کو جائز حقوق سے محروم رکھا جائے گا ۔

اب میں اپنے دوستوں کے ذہن میں ایک اور بات لانا چاہتا ہوں کہ ملک کے عوام ابھی تک سیاسی باتوں کے لئے آئینی ذرائع پر اعتماد کرتے رہے ہیں ان کی ہمیشہ یہی خواہش رہی ہے کہ ملک کے لئے قیادت قطعاً آئینی اور قانونی ذرائع سے منتقل کی جائے ۔ اب جناب سپیکر جب ملک میں ایسے حالات پیدا کر دئے جائیں اور تو آئینی اور قانونی ذرائع سے ملک میں کس طرح انتخاب ہو سکتا ہے۔ اس طرح ملک کی حکومت نہیں بدلی جا سکتی ۔ اور نہ ہی حکام کو بدلا جا سکتا ہے ۔ سپیکر صاحب پھر آپ ہی مجھے بتائیں کہ جب اس طرح کوئی حکومت عوام پر مسلط ہو جائے تو لوگ کس طرح اس حکومت کو تبدیل کریں ۔ پھر اگر حکومت میں تبدیلی لانا چاہیں گے تو آخری بات مار دھاڑ ' اکھاڑ پھینک خوف ڈر اور فتنہ فساد ہوگا ۔ لوگ مجبور ہو جائیں گے ۔

وزیر زراعت (ملک قادر بخش) — ایسی تلقین آپ ہی کی طرف سے ہوتی رہی ہے ۔ پریس میں موجود ہے۔

راؤ خورشید علی خان ۔ ہماری طرف سے کبھی فتنہ فساد نہیں ہوا ۔ کیا آپ یہ بات ثابت کر سکتے ہیں ۔ میں چیلنج کرتا ہوں آپ کسی ایک بات کا ثبوت لائیں ۔ آپ تو محض خود ذلیل ہو کر اس قسم کے الزامات لگاتے ہیں ۔ البتہ میں یہ بات ثابت کرنے کو تیار ہوں کہ موجود قیادت مسلط کرنے کے لئے کیا کچھ کیا گیا ۔ جس سے آپ کو شرم آنی چاہئے تھی ۔ ذلیل مقاصد کے لئے بڑے بڑے جھوٹ سے گریز نہیں کیا گیا ۔ ہم نہیں چاہتے کہ اب ملک میں اس قسم کا کھیل کھیلا جائے ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس قسم کی باتوں سے حق کے قافلے کو مخالفوں کے وسائل نہیں روک سکتے ۔

مسٹر احمد میاں سمرو ۔ جناب 'شرم نہیں آئی' یہ unparliamentary الفاظ ہیں ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ جناب سپیکر میں یہ عرض کر رہا تھا خدانخواستہ اگر لوگوں کے ذہنوں میں یہ بات پید ہونے لگی کہ اس ملک میں آئینی قانونی ذرائع سے اور جمہوری طریقے سے ا ر لوگوں کی آزاد رائے سے انقلاب نہیں لایا جا سکتا اور غلط حکمرانوں دو نہیں بدلا جا سکتا تو میں یہ کہتا ہوں کہ یہ چیز ملک کی تاریخ میں سیاہ ترین باب کا آغاز کریگی ۔ عراق کے اندر مصر کے اندر شام کے اندر جو آئے دن خونی انقلاب آتے ہیں وہاں کسی کی عزت جان و مال اور کوئی چیز محفوظ نہیں ہے ۔ حکمرانوں کا خون بہا دیا جاتا ہے ۔ ان کے سر اتار لئے جاتے ہیں ۔ میں پوری سنجیدگی اور ٹھنڈے دل و دماغ کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ خدا ہمارے ملک کو اس صورت حال سے بچائے لیکن ظاہر بات ہے کہ محض دعاوں سے کام نہیں چلتا جب تک کہ صحیح سمت اپنے عمل کا رخ نہ موڑیں تو میں اپنے حکمرانوں سے درخواست کرنا چاہتا ہوں کہ یہ حکمرانی کے نشے میں مخمور ہو کر ملک کے مستقبل کے متعلق اپنی آنکھیں بند نہ کریں اسکا خمیازہ ملک ہی کو نہیں بلکہ آپ کو بھی بھگتنا پڑیگا ۔ چونکہ آپ پہلے ذمہدار ہیں اسلئے ہو سکتا ہے کہ خدا نخواستہ آپ کو ہی بھگتنا پڑے ۔ میں آپ سے آپ کی خیر خواہی کے جذبے کے تحت آپ کے اپنے نفع اور بھلائی کیلئے یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ آپ حالات سے سبق سیکھیں پیشتر اسکے کہ پانی سر سے گزر جائے ہمیں اپنے عمل کا تجزیہ کرنا چاہیے اور غلط طرز عمل کو ختم کرنا چاہئے ۔

مسڑ اجون خان جدون ۔ جناب چونکہ بجٹ پر بولنے کیلئے ایک ہی دن ہے ۔ آپ ٹائم مقرر کر دیں ۔ اور لوگ بھی بولنا چاہتے ہیں ۔

مسڑ سپیکر ۔ صورت یہ ہے کہ اس مسئلہ پر میں نے لیڈر آف دی آپوزیشن سے دریافت کیا تھا وہ یہ چاہتے ہیں کہ ہمیں دو گھنٹے دے دئے جائیں جتنے انکے بولنے والے ہوں گے وہ اس دو گھنٹے میں بول لیں گے اور پھر ڈھائی گھنٹے آپ کی پارٹی کو دے دئے جائیں گے ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ جناب میں آخر میں یہ بھی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ایک مسلمان کی حیثیت سے میرا خیال یہ ہے ۔کہ ان دنیاوی اسباب سے بالا تر بھی ایک طاقت ہے ۔ لیکن یہ ہو سکتا ہے کہ ایک گروہ مادی وسائل اور ذرائع کو جمع کر سکتا ہے اور اس قسم کے وہ حربے استعمال کر سکتا ہے اور وہ اپنے مقصد کو پورا کرنے کیلئے جائز اور ناجائز قوتیں استعمال کر سکتا ہے اور رستے میں رکاوٹیں ڈال سکتا ہے اور اپنا ناجائز تسلط برقرار رکھ سکتا ہے لیکن تنگ آمد بجنگ آمد کے مصداق مادی اسباب کا نتیجہ اچھا نظر نہیں آتا ہے ۔ اب میں ان کو ایک اور چیز کی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں ۔ ایک مسلمان کی حیثیت سے ہمیں یہ بھی جائزہ لینا چاہیے کہ اگر قوم اور ملک کے راستے میں کوئی رکاوٹیں ڈال رہا ہے اور شاید متحدہ حزب اختلاف کے وسائل اور ذرائع اس کے مقابلے میں اتنے زیادہ نہ ہوں تو میں ان کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ کم سے کم ایک مسلمان کو یہ خیال رکھنا چاہیے ایک بالا قوت اور طاقت سے اسے ڈرنا چاہیے اور وہ اللہ کی طاقت ہے جسنے یہ مخلوق پیدا کی ہے ۔ جناب سپیکر وہ اس مخلوق کے اندر ایک ہی حد تک بگاڑ کو گوارا کرتا ہے لیکن جب بگاڑ حد سے زیادہ بڑھنے لگے تو وہ بالا طاقت اور قوت پھر حرکت میں آتی ہے اور پھر وہ ایسا کرے گی کہ ایسے لوگوں کو خس و خاشاک کی طرح بہا دے گی لہذا ان کو اصلاح احوال کی کوشش کرنی چاہیے ۔

اس کے بعد جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس Presidential الیکشن کے نتیجے کے بعد کراچی میں جشن منایا گیا حد کے اندر جشن منایا جائے تو ہم اس پر اعتراض نہیں کریں گے ایک مسلمان کی حیثیت سے جب مسلمان قوم کو فتح حاصل ہوتی ہے تو وہ اللہ کے سامنے گڑگڑاتی ہے اپنے گناہوں کی معافی مانگتی ہے

اور کمزوریوں سے بچنے کی توفیق مانگتی اور آئندہ بہتر کردار پیش کرنے کا عہد کرتی ہے لیکن ہمارے یہاں کیا ہوا کراچی میں جب Presidential الیکشن میں فتح کے نتیجہ میں جشن منایا گیا تو وہاں غنڈوں اور بدقماش لوگوں اور بدمعاشوں اور تمام معاشرے کے برے عنصر کو کھلی چھٹی دے دی گئی تا کہ وہ لوگ جنھوں نے مادر ملت کو سپورٹ کیا ہے انکی گردنیں توڑ دیجائیں انکا خون بہا دیا جائے انکو تباہ برباد کردیا جائے اور ایسے لوگون کو اس ملک مین زندہ رہنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Rao Sahib may please finish his speech within one minute.

راؤ خورشید علی خان— بہرحال میں یہ گزارش کررہا تھا کہ ایسے لوگ اخلاقی قدرون کو دیں پامال کر دیں گے اور ایسا کرنا خدا کے غضبکو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ مین آپ کی خیر خواہی کیلئے عرض کرتا ہون کہ آپ اصلاح احوال کی کوشش کریں۔

وآخر دعوناعن الحمد للہ رب العالمین

سردار عنایت الرحمن خان عباسی (ہزارہ - ۱) — صدر گرامی اس ضمنی بجٹ پر ہمارے واجب الاحترام ادھر کے ساتھی کئی روز سے پریشان ہیں اور جناب ہم اس تاڑ میں تھے کہ ان کے ارشاد گرامی کو سننے کے بعد ہم بھی کچھ کہہ سکیں گے لیکن اپنے واجب‌الاحترام دوست راو صاحب کے ارشادات اور صوفیانہ کلام جو انہوں نے اس ہاؤس کے اندر ارشاد فرمایا اس کے سننے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ دراصل ضمنی بجٹ کا تو نام ہی تھا اس پر کسے ڈسکس کرنا تھا اپنی کانسٹی چوایئنسی کے عوآم کی نمائندگی کسے کرنا تھی اور کسے فائدہ پہنچانا تھا۔ اس بجٹ کے ذریعہ وہ دل کا بخار اتارنا چاہتے تھے۔ اور الیکشن کو discuss کرنا چاہتے تھے۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ وہ اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر کہیں کہ یہ اسمبلی ایڈجرن ہونے سے پہلے بھی یہاں ملی تھی انہوں نے کتنے بڑے بڑے دعوے ان بنچوں پر بیٹھ کر کئے تھے کیا وہ سارے بھول گئے ہو۔ کیا وہ یاد نہیں۔ وہ کہہ چکے تھے اور اس حد تک مظاہرہ تھا کہ دو تاریخ کے بعد ہم سے پوچھ رہے تھے کہ آپ لوگ کہاں ہونگے۔ آپکا وجود نہیں ہوگا۔ وزراکرام کی طرف اشارے کر کرکے وہ یہ کہہ رہے تھے کہ آپ دو تاریخ کے بعد اپنے لئے کوئی دوسرا مقام تلاش کریں۔ میں انکی خدمت میں یہ عرض کردوں۔ اور کہلے الفاظ

میں کہ اگر وہ اس ملک کے لئے جمہوریت چاہتے ہیں تو انہیں اپنے ذہنوں کو بھی جمہوری رکھنا چاہئیے ۔ انکو اکثریت کے فیصلے کے سامنے سرتسلیم خم کرنا چاہئے ۔ میرے پاس اس امر کا ثبوت موجود ہے اور میں اس امر کو On the floor of the House چیلنج کرتا ہوں کہ محترمہ فاطمہ جناح کے پولنگ ایجنٹ نے جو کہ میرے پاس بیٹھا ہوا تھا اس نے تحریری لکھ کر اس امر کی تصدیق کی کہ اس ملک کی تاریخ میں پہلی بار غیر جانبدارانہ الیکشنز ہوئے ہیں ۔ (آوازیں ہیئر ہیئر) اور مجھے یہ یقین تھا کہ وہ اپنے اس اصول کی پیروی کرتے رہتے ہیں اور جمہوریت جسے وہ کہتے ہیں بہتر یہی تھا کہ وہ اس جنگ کو جمہوری طریقہ سے جاری رکھتے اور اس امر کا اعتراف کرتے کہ صدر ایوب نے باوجود اس امر کے کہ پاکستان کا اقتدار اس کے ہاتھ میں تھا انہوں نے جس قدر ہو سکا ان انتخابات کو غیر جانبدارانہ بنانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا ۔

Khwaja Muhammad Safdar : Question—

سردار عنایت الرحمن خاں عباسی — محترمہ فاطمہ جناح کے پولنگ ایجنٹ کی تحریر میرے پاس ہے میں نے چیلنج کیا ہے اور میں وہ تحریر آپکی خدمت میں پیش کر سکتا ہوں اس سے بڑا ثبوت میں اور کیا دے سکتا ہوں ۔ ہم گھیراؤ میں نہیں ہیں ۔ آپکو ان باتوں پر غور کرنا چاہئیے ۔ آپ جس جمہوریت کی دعوے داری کر رہے ہیں اور جس طرح کی جمہوریت کا واسطہ آپ ہمیں اور قوم کو دے رہے ہیں وہ آپکو ہی مبارک ہو اپنی گزشتہ زندگی پر نظر کیجئیے ۔ وہ کونسی جمہوری حکومت تھی وہ کونسا جمہوری طریقہ کار تھا جس میں چودھری محمد علی اس ملک کے وزیر اعظم بنے تھے کیا آپ بھول گئے ہیں ۔ کیا آپکو ایسی باتیں یاد نہیں ہیں ۔ کہ کس ادارے نے انکو منتخب کیا تھا ۔ آپ اس پر بھی غور کیجئیے کہ خواجہ ناظم الدین مرحوم کس طرح اس ملک کے وزیراعظم بنے تھے ۔ مجھے تو آج تک وہ الفاظ یاد ہیں ۔ خواجہ ناظم الدین صاحب مرحوم اس ملک کے گورنر جنرل تھے ۔ میں انکا زیادہ ذکر کرنا مناسب خیال نہیں کرتا اور نہ کرنا چاہتا ہوں ۔ میں کیا کہوں اور کیا کروں یہ باتیں ایسی ہیں کہ آج ہمیں مجبور کر دیتی ہیں کہ ہم یہ باتیں کہیں اور آپکے کانوں تک اور آپکے دماغوں تک میں یہ باتیں داخل کر دوں ۔ کہ لوگوں کو جمہوریت کی آڑ میں بیوقوف بنایا جا رہا ہے ۔ کیا آپ وہ دن بھول گئے ہیں کہ خواجہ ناظم الدین مرحوم اس ملک کے

گورنر جنرل تھے - چار آدمی ایک جگہ بیٹھ گئے اپنے قلم سے خود تحریر فرماتے ہیں کہ میں خواجہ ناظم الدین تم خواجہ ناظم‌الدین کو حکم دیتا ہوں - وہ تھے وزیر اعظم پاکستان کے - کیا یہی جمہوریت آپ چاہتے ہیں اس ملک کے لئے ؟ اس جمہوریت میں آپ نے کتنی بار انتخابات کرائے آپ ایک انتخاب کی مثال دے دیں - صدر ایوب نے تو اپکے لئے انتخابات کا ایک محکمہ فراہم کر دیا ہے- آپ جمہوریت کی آڑ میں لوگوں کو بیوقوف بناتے ہیں - آپ نے جمہوریت کی آڑ میں جو کچھ بھی اس ملک کی خدمت کی وہ آج بھی ہم جانتے ہیں - ہمارے طالب علم بچے جنہوں نے کل اس ملک کی ہر چیز کی قیادت کرنی ہے اس ملک کی رہنمائی کرنی ہے آپکی وجہ سے اور آپکی بدولت آپکی طفیل آج آنکے کیسے حالات ہو چکے ہیں - ان طالبعلموں کی نسبت کبھی آپ نے اس بات پر بھی غور کیا ؟ ان بدنام سیاست دانوں نے ان بچوں کو باہر گھسیٹا اور انکی تعلیم discontinue ہو گئی آپ نے کیا کبھی اس بات پر غور کیا ہے یہ طلبا جو ان کالجوں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں انہوں نے مظاہرے کئے اور ان میں سے ۸۰ فیصدی طالبعلم ایسے ہیں جنکے ماں باپ ننگے اور بھوکے رہتے ہیں - مگر وہ اپنے بچوں کو کالجوں میں تعلیم دلوا رہے ہیں - آپ اس بات پر غور کیجئیے کہ کیا اس طریق سے انکی تعلیم ضائع نہیں ہوئی - میں عرض کرتا ہوں کہ انکے لئے ذرائع مہیا کئے جائیں انکے لئے ذرائع تلاش کئے جائیں اس کا یہ مقصد نہیں ہے کہ آپ اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لئے جو ذریعہ آپکے دل میں آئے وہ آپ استعمال کریں - حتے کہ اگر کسی وقت اپنی ماں کو بھی قربان کرنا پڑے تو اسکو بھی قربان کر دیا جائے میں ایسی جمہوریت کا ہمنوا نہیں ہوں - اور نہ میں ایسی جمہوریت کا خواہاں ہوں - اور نہ میں چاہتا ہوں کہ کبھی ایسی جمہوریت اس ملک میں رائج ہو - خدا کے لئے غور کریں کیونکہ یہ غور ہی کا مقام ہے اور میں آپکو واضح کر دوں - کہ آج آپکا ملک جن باتوں سے دو چار ہے آپکے دشمن ملک کے اندر اور ملک کے باہر منہہ کھولے آپکے ملک کیطرف دیکھ رہے ہیں - بیٹھ کر صلاح مشورہ کیجئیے اور اس ملک کی بہتری اور بھلائی کے لئے کوئی فکر کیجئیے یہ طریقہ کار درست نہیں کہ جتنی برائی کے ذرائع ہو سکیں آپ انکو تلاش کرنے کی کوشش کریں اور الزام تراشی کر کر کے ایسی جمہوریت کا راگ الاپیں - ہم بھی دیکھ چکے ہیں اور ہمارے عوام بھی دیکھ چکے ہیں کہ جمہوریت کس کو کہتے ہیں - میں آپ سے

پوچھتا ہوں کہ کل ہی تو حق بالغ رائے دہی کے اصول پر جمہوریت کے انتخابات ہوئے - کسی نے کسی پر جبر کیا ایسے لوگوں کو ووٹ دیکر انکے نمائندے منتخب کئے میں آپ سے پوچھتا ہوں اور مجھے یہ فخر حاصل ہے کہ میں ایک عوام کی Constituency سے منتخب ہو کر آیا ہوں میں نے عوام سے ووٹ حاصل کئے ہیں - آپ میں سے کتنے ہیں جنہوں نے جمہوریت کا الیکشن لڑا یا آپ بالغ رائے دہی کے اصول کے خواہاں ہیں کتنے ہیں آپ میں سے جنہوں نے اپنا بکس بی ڈی کے ووٹ کے لئے رکھا یا آپ نے الیکشن لڑی - یہ چکنی چپڑی باتیں ہیں جو کبھی آپ انہیں سناتے ہیں کبھی عوام کو سناتے ہیں - میں انسانیت کے نام اور ملک کی عظمت کے نام پر اپیل کرتا ہوں کہ اس کی بھلائی کے لئے جمہوری طریقہ کار استعمال کیجئیے وہی بہتر ہو گا -

مسٹر مبین الحق صدیقی (کراچی - ۷) — جناب سپیکر - آج اس میزانیہ پر وزیر خزانہ کو مبارکباد جب میں پیش کرتا ہوں تو ساتھ ہی ساتھ دوسری طرف کراچی میں جو فسادات ہوئے ہیں - جس طرح بھائی نے بھائی کا قتل کیا ہے جس طرح جھگیاں جلائی گئی ہیں جس طرح دوکانیں لوٹی گئی ہیں اور جس طرح فرقہ وارانہ عنصر کو ہوا دی گئی ہے اور جس طرح کہ اس کو سیاسی رنگ دیکر بھائی کو بھائی سے لڑایا گیا ہے اور اس میں ایک فرقہ وارانہ شکل پیدا کی گئی ہے - جب میں ان واقعات کو دیکھتا ہوں سوچتا ہوں تو دل گہرے رنج میں ڈوب جاتا ہے - جہاں تک ان فسادات کا سوال ہے کہ ان میں کون شرپسند عنصر ہے جس نے زیادتی کی - کسطرفسے ہوا دی گئی اور ان فسادات کی ذمہ داری کن پر ہے تو اس سلسلے میں قبل از وقت کچھ زیادہ کہنا اس لئے مناسب نہیں سمجھتا کیونکہ انکوائری کمیٹی اس سلسلہ میں تحقیقات کے لئے بیٹھ گئی ہے ہم نے مطالبہ کیا تھا کہ جوڈیشل انکوائری کی جائے اور ہائی کورٹ کے ایک جج کا تعین کیا جائے - بہر حال انکوائری کمیٹی جو پراونشل گورنمنٹ نے اس سلسلے میں بٹھائی ہے مجھے امید ہے کہ وہ تمام واقعات کو دیکھے گی اور میں عوام سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ وہ تمام واقعات اس کمیٹی کو بتائیں - گواہیاں

پیش کریں اور میں یقین رکھتا ہوں کہ جن حضرات نے ان فسادات کو ہوا دی ہے اور جنہوں نے انسانیت سوز مظالم ڈھائے ہیں خواہ وہ کسی پارٹی سے تعلق رکھتے ہوں ان کو سخت سزائیں دی جائیں گی اور شرپسند عناصر کا سر کچل دیا جائے گا ۔

جناب والا اس مسئلہ کا حل یہ قطعاً نہیں ہو سکتا ۔ میں اس علاقہ سے تعلق رکھتا ہوں اور میں نے وہ سب کچھ اپنی آنکھوں کے سامنے ہوتے دیکھا ہے جو کچھ ہوا ۔ کس طرح خاندان برباد لوگ پڑے ہیں ۔ جن کے پاس نہ کھانے کے لئے کچھ ہے ۔ نہ پہننے کے لئے کپڑا ہے ۔ بہت سی مائیں بیوہ ہو گئی ہیں ۔ بہت سے بچے یتیم ہو گئے ہیں ۔ بہت سے لوگ زخمی پڑے ہوئے ہیں حالات بہت خراب ہیں ۔ میں صوبائی حکومت سے اپیل کرتا ہوں کہ کم از کم ۳۰ لاکھ روپے کی رقم ان لوگوں کے لئے مختص کر دی جائے تاکہ ان کے جانی اور مالی نقصان کی کچھ تلافی ہو سکے ۔ مجھے امید ہے کہ ہمارے وزیر خزانہ جو ہمیشہ ایسے واقعات اور معاملات میں دلچسپی لیتے ہیں اور عوام سے ہمدردی رکھتے ہیں وہ کراچی شہر کے اس مسئلہ پر ضرور توجہ فرمائیں گے ۔ اس خصوصی رقم کے سلسلہ میں ہدایت دی جائے کہ جو جانیں ضائع ہوئی ہیں ۔ جن لوگوں کا جانی اور مالی نقصان ہوا ہے ان کے لئے یہ رقم مختص کر دی جائے ۔

اس کے بعد میں دوسرے مسئلہ پر سٹوڈنٹس کے مسئلہ پر کچھ کہنا چاہتا ہوں ۔ ہمارے ملک میں آئے دن طلبہ کی طرف سے ایجی ٹیشن جاری رہتی ہے ۔ طلبہ کے مسئلہ کے اوپر ملک کے مختلف حصوں کے مطالبات پیش کئے جاتے ہیں ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ سب مطالبات درست ہوتے ہیں ۔ جہاں ایک طرف طلبہ کا یہ فرض ہے کہ وہ سیاست میں حصہ نہ لیں اور ان کو جس طرح سیاسی طور پر استعمال کیا جاتا ہے میں اس کی مذمت کرتا ہوں وہاں دوسری طرف میں یہ بھی کہوں گا کہ ہماری حکومت کو طلبہ کے مطالبات پر ہمدردی سے غور کرنا چاہئے ۔ آخر یہ کیا بات ہے کہ

مختلف یونیورسٹیوں کے بچے اور مختلف کالجوں کے طلبہ ایک ہی قسم کے مطالبات پیش کرتے ہیں - ایک ہی قسم کی demands پیش کرتے ہیں - ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم دیکھیں کہ ان کے مطالبات کہاں تک جائز ہیں - اور ہمیں ان کو منانے کے لئے کیا کرنا چاہیے - مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ حکومت نے اس سلسلہ میں ایک کمیشن بٹھایا ہے - مجھے امید ہے کہ وہ تمام واقعات کی روشنی میں طلبہ کے مطالبات پر غور کریں گے اور اس طرح جلد از جلد اس مسئلہ کا حل تلاش کیا جاسکے گا -

تیسرے ایک طبقہ اس ملک میں اساتذہ حضرات کا ہے - وہ بھی آئے دن سٹرائیک کے نوٹس دیتے رہتے ہیں - و بھی آئے دن کہتے ہیں کہ صاحب ہم سٹرائیک کرنے والے ہیں - ہمارے مطالبات تسلیم کیجئے - ہر ایک کی تنخواہ بڑھ گئی ہے آخر اساتذہ بھی اس ملک کا ایک طبقہ ہے جو خلوص نیت اور فرض شناسی کے ساتھ ملک کی اہم خدمت سر انجام دے رہے ہیں - ان کی تنخواہوں میں اضافہ کرنے کے لئے جلد از جلد اقدامات کرنے چاہئیں - اس سلسلہ میں میری ایک تجویز تھی جو میں پیش کرنا چاہتا ہوں - باقی تو یہ معاملہ Calculations کا ہے - جو وزیر خزانہ یا وزیر تعلیم صاحب بیٹھ کہ اعداد و شمار سے کریں گے - اس کے بغیر کچھ نہیں بتایا جا سکتا - میری تجویز یہ ہے کہ جیسے ریلوے کے ملازمین کو یہ سہولت حاصل ہے کہ ان کے بچے ریلوے میں ان کی فیملی کے ساتھ مفت سفر کر سکتے ہیں - اسی طرح اساتذہ کا جو طبقہ ہے - خواہ وہ پروفیسر ہوں یا لیکچرر یا ٹیچر ان کے بچے خواہ کسی ادارہ میں پڑھیں - ان سے کوئی فیس نہ لی جائے - اس سے انہیں کچھ تو تسکین قلب ہوگی - ورنہ آجکل تو لوگ یہ پیشہ اختیار کرتے ہوئے ڈرتے ہیں کہ اس قدر کم تنخواہ میں کیسے گزارہ ہوگا - بچے روٹی کہاں سے کھائیں گے - پہلے لوگ اس پیشہ کو قابل فخر سمجھتے تھے - قوم کی خدمت سمجھتے تھے - اب وہ اس پیشہ سے کنارہ کشی کرتے ہیں - کیونکہ تنخواہیں کم ہیں - گزارہ نہیں ہو سکتا اس لئے کم از کم انہیں یہ سہولت تو دے دی جائے ان کی سٹرائک کے بارہ میں جو اخبارات میں پڑھتے ہیں ان کے مطالبات کا بھی کچھ نہ کچھ حل نکالنا ہی پڑے گا -

چوتھی بات میں اس موقع پر اردو زبان کے بارہ میں کہنا مناسب سمجھتا ہوں - پہلے بھی بار بار کہہ چکا ہوں - کیونکہ اب نئی اسمبلیاں بنیں گی اس لئے پھر یہ کہنا مناسب سمجھتا ہوں کہ ہمیں اپنی زبان کو جلد از جلد سرکاری زبان بنانے کی کوشش کرنی چاہئے - اردو زبان سے سوتیلی ماں کا سا سلوک یہ مناسب نہیں - جب تک ہم اپنی قومی زبان کو نہیں اپنائیں گے - سرکاری زبان نہیں بنائیں گے - یاد رکھیں ہم آزادی کا مقصد حاصل نہیں کر پائیں گے - دنیا کی کوئی قوم اپنی ثقافت اور رسم و رواج کو نہیں بچا سکی ، جب تک اس نے اپنی زبان کی قدر نہ کی - اگر اس میں انہوں نے کوتاہی کی یا ان سے کمی ہوئی تو انہوں نے اپنے ملک کی ثقافت اور روایات کا پرچار کرنے میں کوتاہی کی - اس لئے ضروری ہے کہ ہم اپنی قومی زبان کی ترقی کے لئے کوشش کریں - اور جلد از جلد اردو کو سرکاری زبان بنا دیں -

اس کے علاوہ میں یہاں ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے متعلق بھی کئی بار کہہ چکا ہوں - کہ مغربی پاکستان میں طلبہ کے لئے سکالرز کے لئے رائٹرز کے لئے علماء کے لیے غرضیکہ یہاں کے تعلیمی مسئلہ کے حل کے لئے ویسٹ پاکستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن قائم کی جائے بہر حال یہ مسئلہ بڑا لمبا چوڑا ہے - میں اس سلسلہ میں آپ سے ایک تجویز پیش کرتا ہوں - جس پر جلد از جلد اور فوری طور سے غور ہو سکتا ہے - وہ یہ ہے کہ پانچ کروڑ کی رقم قرض حسنہ کے طور پر مختص کی جائے اور اس سے ایک ایجوکیشن فنڈ قائم کیا جائے - یہ رقم ان نادار طلبہ کو دی جائے - جو Talent رکھتے ہیں - اچھی ڈویژن حاصل کرتے ہیں - یا وہ طلبہ جو اپنے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے - جن کے والدین غریب ہیں - ایسی کیٹیگری مقرر کی جائے - مثلاً سو روپیہ تنخواہ پانے والے ملازمین اپنے بچوں کی تعلیم کا خرچ برداشت نہیں کر سکتے - ایسی سکیم بنائی جائے کہ اس پانچ کروڑ سے قرضہ حسنہ کے طور پر دیا جائے اور اس کے لئے باضابطہ ایکٹ بنانا چاہئے - تین چار سال میں جب

وہ بچہ بی - اے یا ایم - اے کر کے ملازمت اختیار کر لے تو اس سے وہ رقم مالیہ کی طرح وصول کی جائے - ہر ماہ اس کی تنخواہ سے مقرر رقم کاٹ لی جائے - اگر وہ نہ دے تو اس کی تنخواہ قرق کی جا سکے - اس کی جائداد قرق کی جا سکے - اس سے غریب طلبہ کو تعلیمی سہولت مل سکے گی -

چوتھے میں کراچی کے متعلق کہوں گا کہ وہاں ریفوجی کالونیز مثلاً لیاقت آباد ، لانڈی ، ڈرگ روڈ ، گولی مار بنا تو دی گئی ہیں لیکن ان میں کوئی سہولتیں نہیں دی گئیں مثال کے طور پر نیو کراچی میں ۵۰ ، ۶۰ ہزار نفوس کی آبادکاری کے سلسلہ میں ایک منصوبہ بنایا گیا ہے - مگر وہاں کوئی طبی سہولت نہیں دی گئی - آج تک وہاں کوئی سکول نہیں - نہ پرائمری - نہ ہائی سکول -اور پچاس ساٹھ ہزار کی آبادی بنا دی ہے - آباد کر دی ہے - اسی طرح کے - ڈی - اے - نے لیاقت آباد کو ماڈل ٹاؤن بنانے کا ایک منصوبہ بنایا - کہ وہاں سڑکوں کو درست کیا جائے گا - اور دوسری سہولتیں بہم پہنچائی جائینگی - اور وہ اسے ایک مثالی ٹاؤن بنائیں گے - لیکن وہ سکیم بھی آج تک رو بہ عمل نہ آ سکی - اسی طرح گولی مار میں سہ منزلہ عمارات بنانے کا منصوبہ بنایا - لیکن وہ سکیم بھی آج تک رو بہ عمل نہ آ سکی - ان لوگوں کی اس کالونی میں چھوٹی چھوٹی شکایات ہیں - جو کہ کوئی خاص شکایات نہیں ہیں - وہ شکایات کیا ہیں - وہ یہ ہیں - کہ ہمیں یہاں پر شفاخانے بنا دیں ہمیں تعلیم کی سہولتیں دیں - وہاں بجلی نہیں ہے - ہمیں بجلی دی جائے - پانی نہیں ہے - ہمیں پانی فراہم کر دیں - تو اسی قسم کے مطالبات ہیں - اگر آپ نے آبادیاں بنائی ہیں - تو ان کی ترقی کی طرف بھی توجہ دیں - اور اس قسم کی مراعات جو کہ ضروریات زندگی میں سے ہیں - ان کو مہیا کرنا ضروری ہے - اسی طرح لیاقت آباد میں ایک کالج کا قیام انتہائی ضروری ہے -

مسٹر حمزہ — پوائنٹ آف آرڈر - جناب مبین الحق صدیقی صاحب نے گولی مار کا ذکر کیا ہے - ہماری حکومت نے چار

اور پانچ تاریخ کو وہاں کے عوام پر کافی عنایات کی ہیں ۔ اور ان عنایات کی موجودگی میں اب زیادہ عنایات و مراعات طلب کرنا ان پر زیادتی ہو گی ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

مسٹر مبین الحق صدیقی — حمزہ صاحب ۔ میں جناب سپیکر کی وساطت سے عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ بد قسمتی سے ہمارے ہاں شالیمار نہیں ہے ۔ اور بر وزن شالیمار صرف گولی مار ہی ہے ۔ اس لیے میں عرض کرتا ہوں ۔ کہ ان غریب طبقات پر بحر خدا کچھ توجہ دیں ۔ پیر الٰہی بخش کالونی میں ایک کالج کے قیام کی ضرورت ہے ۔ اسی طرح پیر الٰہی بخش کالونی میں مارٹن روڈ ہے ۔ وہاں کوئی ڈسپنسری نہیں ہے ۔ لہذا وہاں ڈسپنسری قائم کرنے کی ضرورت ہے ۔ اسی طرح کورنگی ٹاؤن ، لانڈھی اور دوسرے علاقوں میں بھی اسی قسم کی مراعات کی ضرورت ہے ۔ اسی طرح جو رفیوجیز کانونیز کہلاتی ہیں ۔ اگر آپ صحیح معنوں میں ان کو مراعات دیں ۔ اور وہاں ڈیلوپمنٹ کر دیں ۔ صحیح معنوں میں ڈسپنسریاں کھول دیں ۔ نئے پرائمری سکول قائم کر دیں ۔ نئے کالج کھول دیں ۔ اور انہیں ضروریات زندگی مہیا کر دیں ۔ تو کوئی وجہ نہیں ہے ۔ کہ وہاں کسی کو اس قسم کی کوئی شکایت ہو اسی طرح لیاری کے باشندے ہیں ۔ ان کے Lease کے مسائل ہیں ۔ اور اس کے ساتھ ہی ساتھ ان کی ترقی کے ضمن میں دیگر مسائل بھی ہیں ۔ ان کی طرف بھی توجہ دیں ۔ آخری بات اس سلسلہ میں میں Hubb River Project کے متعلق کہونگا ۔ میں وزیر خزانہ کا اس بات پر شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ کہ پچھلے بجٹ میں انہوں نے Hubb River Project کے لئے ایک کروڑ روپے کی رقم مختص کی تھی ۔ مجھے امید ہے ۔ کہ آئندہ بھی اس کے لیے بڑی سے بڑی رقم مختص کی جائے گی ۔ تاکہ اسی ہزار ایکڑ رقبہ زمین پر آبادکاری کا منصوبہ روبعمل آ سکے ۔ اور عوامی مطالبات جلد از جلد پورے ہو سکیں ۔ میں آخر میں یہ بھی عرض کرونگا ۔ کہ کراچی میں ایک میڈیکل کالج کے قیام کی انتہائی ضرورت ہے ۔ آپ جہاں دوسری جگہوں کے متعلق سوچ رہے ہیں ۔ بہر خدا ہمارے شہر کو بھی ایک میڈیکل کالج اور ایک انجینئرنگ کالج دیں ۔ آئندہ پنجسالہ منصوبے

میں کراچی شہر کو بھی مذکورہ ہر دو کالج دیدیں ۔ یہاں کی ضروریات کو آپ بہر صورت پورا کریں ۔ کیونکہ یہ بھی ایک بین الاقوامی شہر کی حیثیت رکھتا ہے ۔ اس لئے یہاں کے مطالبات پر ہمدردی سے غور فرمائیں ۔

نوابزادہ افتخار احمد خاں (جھنگ — ۱) — صدر محترم پچھلے چھ ماہ میں ہمارے پاکستان کے مغربی صوبے میں جو تلخ اور ہولناک مناظر انسانی آنکھوں نے دیکھے ہیں ۔ ان کو بیان کرنا جہاں مجھ پر فرض ہے ۔ جہاں میرا یہ ایمان ہے ۔ کہ انکو بیان کرنا ضروری ہے ۔ وہاں آج مجھے یہ بھی احساس ہے ۔ کہ اس بحث وتمحیص میں اور اس ایوان کے آخری ایام اور آخری دور میں ہمیں تلخی نہیں پیدا کرنا چاہیئے ۔ میں اس بات کی کوشش کرونگا ۔ کہ اپنی معروضات میں تلخی نہ آنے دوں ۔ سختی نہ آنے دوں ۔ اور کوئی بات ایسی نہ کروں ۔ کہ جس سے کسی بھی معزز رکن کے کسی بھی معزز پارٹی کے جذبات و احساسات کو تکلیف پہنچے ۔ اور اسے کوئی شکایت ہو ۔ لیکن صدر محترم وہ واقعات ایسے ہیں ۔ اور مجھے احساس ذمہ داری بھی ہے ۔ کہ ان تمام واقعات کو ببانگ دہل کہا جائے ۔ علی الاعلان کہا جائے ۔ جو اس انتخابی مہم کے بعد آج ایک ہفتہ ہوا ۔ ختم ہوئے ہیں ۔ حکومت کی یہ مسلسل کوشش رہی ہے ۔ اور یہ مسلسل جد و جہد رہی ہے ۔ کہ جو دھاندلیاں جو بددیانتیاں اور جو زیادتیاں اس الیکشن کے دوران روا رکھی گئی ہیں ان پر پردہ ڈالا جائے ۔ یہ ایک منظم کوشش ہے ۔ یہ ایک منظم سازش ہے ۔ کہ عوام کی نظروں سے ان تمام واقعات کو چھپانے کی کوشش کی جائے ۔ جو اس الیکشن کے سلسلے میں روا رکھی گئی ہیں ۔ لیکن صدر محترم میں نے غلط لفظ کا استعمال کیا ہے ۔ میں نے اس انتخابی مہم کو جسے یہ لوگ الیکشن کی مہم کہتے ہیں ۔ اور الیکشن کہتے ہیں ۔ یہ الیکشن نہیں تھا ۔ یہ صرف پولیس ایکشن تھا ۔ میں بلا خوف تردید کہتا ہوں ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) — Question — جناب والا ! کیا یہ بجٹ پر عام بحث کر رہے ہیں ۔ وہ یہ سب کچھ الیکشن کمیشن کے لئے کہہ رہے ہیں ۔ کہ بد دیانتی سے کیا گیا ۔ اور پولیس ایکشن تھا ۔ یہ سب کچھ انہیں کہہ رہے ہیں ۔ یا ہمیں کہہ رہے ۔ کچھ تو خدا کا خوف کریں ۔ آپ انہیں گالیاں دے رہے ہیں ۔ چیف الیکشن کمشنر تو سپریم کورٹ کے جج کے Status کا آدمی ہے ۔ آپ انکو بددیانت کہہ رہے ہیں ۔

نوابزادہ افتخار احمد خاں -- جناب والا ! وہ سمجھتے ہی نہیں ہیں - کہ کیا بات ہوئی ہے -

وزیر خزانہ -- میں سمجھ گیا ہوں - وہ کہتے ہیں - کہ یہ الیکشن بددیانتی سے ہوا ہے - پولیس ایکشن سے ہوا ہے - حالانکہ ان انتخابات کے بارے میں چیف الیکشن کمشنر کے یہ الفاظ ہیں - کہ It was the fairest election. اور آپ کہتے ہیں کہ بددیانتی سے ہوا ہے - اور آپ اسکو attack کرنا چاہتے ہیں I protest sir.

Mr. Speaker : The member can criticise the Provincial Government only.

نوابزادہ افتخار احمد خان (جھنگ) -- صدر محترم - بلاوجہ میرے بزرگ قائدایوان ناراض ہو گئے - لیکن میں سمجھتا ہوں - کہ ان کی برہمی سے مجھے انگریزی کا وہ مقولہ یاد آتا ہے - کہ The lady protests too much

وزیر خزانہ -- جناب والا - لیڈی والے تو وہ ہیں وہ غلط بیانی کر رہے ہیں - ہم تو مرد والے ہیں -

وزیر تعلیم -- خود آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا -

وزیر خزانہ -- Protest تو وہ خود کر رہے ہیں میں تو نہیں کر رہا ہوں -

نوابزادہ افتخار احمد خان -- صدر محترم - شائد ان کو یہ احساس ہو گیا ہے - کہ اس تمام دھاندلی میں صدر محترم - میں سمجھتا ہوں کہ اخباری دنیا کو اور صحافت کی دنیا کو دھن ، دھونس ، دھاندلی اور خوف کے لئے کوئی اور الفاظ تلاش کرنا چاہیں - یہ الفاظ موجودہ الیکشن کو دھرانے کے لئے ، موجودہ الیکشن میں کی ہوئی کارگزاریوں کے لئے ، موجودہ الیکشن میں کی ہوئی سیاہ کاریوں کے لئے یہ دھن دھونس اور دھاندلی کے الفاظ لا یعنی اور کم معنی ہیں - میں اردو زبان دانوں سے اپیل کروں گا - کہ خدا کے لئے اس کو بیان کرنے کے لئے کوئی الفاظ تلاش کریں - کوئی نئے الفاظ بنائیں - دھن دھونس اور دھاندلی سے اس کی تشریح اور توصیف نہیں ہو سکتی - ان کی خوبیاں بیان نہیں ہو سکتیں - جو کچھ انہوں نے ان دنوں میں کیا ہے - لیکن صدر محترم مجھے اپنے دوستوں سے ہمدردی ہے مجھے اس شکست خوردہ پارٹی سے ہمدردی ہے - (قطع کلامیاں) -

وزیر خزانہ — شکست خوردہ اپنے آپ کو کہتے ہیں کسے کہتے ہیں - میں سمجھا نہیں ہوں (قطع کلامیاں) -

مسٹر سپیکر — آرڈر - آرڈر -

وزیر خزانہ — میں تمہاری ضمانتیں ضبط کرا دوں گا -

میر عبد الباقی بلوچ — پانچ لاکھ آپ بھی کھا گئے ہیں -

Mr. Speaker: The member may please take his seat.

نوابزادہ افتخار احمد خان — میں نے شکست خوردہ کا لفظ بغیر سوچے اور سمجھے ادا نہیں کیا - اگر الیکشن کی کامرانی - الیکشن کا نتیجہ آپ نے اس چیز سے اخذ کرنا ہے - کہ صوبہ اور ملک میں رہنے والے باشندے کس کے ساتھ ہیں تو فتح ہماری ہے -

وزیر خزانہ — ہندوستان کے رہنے والے ہندوستانی ان کے ساتھ ہیں - فتح انہیں کی ہے -

نوابزادہ افتخار احمد خان — اگر اس الیکشن سے مغربی پاکستان کے مغربی کونے سے مشرقی پاکستان کے مشرقی کونے تک کوئی چیز عیاں ہوئی ہے - اگر کوئی واضح فیصلہ ہوا ہے تو وہ یہ ہے کہ اس حکومت پر - اس آئین پر - اس آئین کے بنانے والوں پر عوام کو اعتبار نہیں ہے اس میں کوئی شبہ نہیں ہے - عوام کے فیصلے میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ جہاں بھی مادر ملت گئیں لاکھوں انسانوں کے ٹھاٹھیں مارتے سمندر اکٹھے ہوئے - جہاں وہ گئیں لوگوں نے ان کی آواز پر لبیک کہا - جہاں تک ووٹوں کا سوال ہے (قطع کلامی) سنئے میں ووٹوں کے متعلق بھی بتاتا ہوں - میں یہ بھی دعویٰ کے ساتھ کہتا ہوں اگر آپ منصفانہ اور آزادانہ انتخاب اسی بنیاد پر کرتے اپنے رولز کے مطابق - اپنے طریقے سے اگر آپ منصفانہ انتخابات کرتے تو میں دعویٰ کے ساتھ کہتا ہوں کہ آپکو عبرتناک شکست ہوتی -

وزیر خزانہ — Question میرا خیال ہے یہ بجٹ سیشن ہے - انہوں نے Swan song شروع کر دیا ہے - Let us discuss the budget آپ نے سب کچھ کہنا شروع کر دیا ہے - الیکشن کمشن اس کا انچارج تھا -

And we are discussing those things which are not within our purview to discuss.

مسٹر سپیکر - غالباً آپ اس وقت تشریف نہیں رکھتے تھے - آپکی کنٹنجینسیز آئٹم نمبر ۱۱۵ جو ہے اس میں یہ لکھا ہوا ہے -

Item No. 115 is-

Grant of additional funds in connection with the meeting of Travelling Allowance/ Dearness Allowance expenses of Electoral College attending the Presidential Confrontation Meetings at Lahore, Multan, Hyderabad and Karachi."

وزیر خزانہ — پریزیڈنٹ کے متعلق کچھ کہیں۔ وہ تو الیکشن کمشن کو رگڑ رہے ہیں۔

نوابزادہ افتخار احمد خان — صدر گرامی میں پھر دھراتا ہوں اور نہایت ایمانداری کے ساتھ دھراتا ہوں کہ اگر الیکشن سے مراد اگر الیکشن سے مقصد یہ ہوتا ہے کہ عوام کا اعتماد دیکھا جائے کہ کس پر ہے تو عوام نے فیصلہ دے دیا ہے۔ اور اگر اسکے باوجود بھی یہ کہتے ہیں کہ ۸۰ ہزار کا اعتماد کس کو حاصل ہے تو میں یہ بھی آپ کو بتاتا ہوں۔ میں اس سے بھی پردہ اٹھاتا ہوں اور بتاتا ہوں کہ آپ کو ۸۰ ہزار کا بھی اعتماد حاصل نہیں ہے۔ جس طریقے سے آپ نے ووٹ حاصل کئے ہیں۔ جس طریقے سے آپ نے لوگوں کو ووٹ دینے اور پرچیاں ڈالنے کے لئے مجبور کیا ہے وہ کوئی چھپی ہوئی بات نہیں ہے۔ آپ کے چھپانے سے واقعات نہیں چھپتے۔ لوگوں کی زبانیں بند کرنے سے زبانیں بند نہیں ہونگی۔ اس صوبہ کے رہنے والے۔ ہر ضلع کے رہنے والے۔ دیہات کے رہنے والے۔ شہر کے رہنے والے سبھی جانتے ہیں کہ آپ نے اس الیکشن میں کیا کیا ہے۔ آپ سمجھتے ہیں کہ آپ میری آواز کو دبا کر یا اخبارات کا گلہ گھونٹ کر اس تلخ بات کو۔ اس کھلی اور ننگی حقیقت کو چھپا سکیں گے۔ آپ اس بنیاد پر بھی الیکشن ہار چکے ہیں۔ اور بری طرح ہار چکے ہیں۔ آپ نے الیکشن کرائے۔ آپ کتنے بہادر تھے آپ کو اپنی قوم پر کتنا اعتماد تھا۔ آپ کو ان بنیادی جمہوریتوں کے ممبران پر کتنا اعتماد تھا ہم کہتے ہیں کہ ہم بنیادی جمہوریتوں کے ممبران پر اعتماد نہیں رکھتے۔ ہم تو سچ کہتے ہیں کہ ہمیں ۱۰ کروڑ انسانوں پر اعتماد ہے۔ ہم ۱۰ کروڑ انسانوں کیلئے کہتے ہیں وہ اس ملک کے مالک ہیں اور یہ ۸۰ ہزار اس بات کے اہل نہیں ہیں کہ وہ فیصلہ کریں۔ لیکن آپ نے ان پر اعتماد کیا۔ آپ نے ان کو پولیس سے ڈنڈے لگوائے۔ آپ نے ان کو پولیس سے پٹوایا۔ آپ نے ان کو خفیہ طور پر ووٹ دینے کے حق سے محروم کیا۔ پھر آپ کہتے ہیں کہ آپ کو ان کا اعتماد ہے۔ آپ نے تو ان پر بھی اعتماد نہیں کیا ہے (مداخلت) عباسی صاحب میں آپ کو بتاتا ہوں۔ آئیے میں ضلع جھنگ کی طرف آپ کو لے چلتا ہوں۔ جہاں پر الیکشن کا ڈرامہ کھیلا گیا۔ اس سے

پہلے جس طرح آپ نے حلقے بنائے ۔ کہیں ایک ہزار کی آبادی کا ایک حلقہ ہے کہیں دو سو کی آبادی کا ایک حلقہ ہے ۔ یہ تو آپ کی بنیاد اس الیکشن کی تھی جو آپ نے رکھی ۔ آپ نے حلقے بد دیانتی سے بنائے پھر ووٹ لکھنے کے وقت آپ نے بد دیانتی کا مظاہرہ کیا ۔ جہاں پانچ سو ووٹ تھے آپ نے پندرہ سو ووٹ بوگس ڈلوائے ۔ یہ بد دیانتی آپ نے پورے صوبہ اور پورے ملک میں پھیلائی ۔ آپ کے حلقے غلط ۔ آپ کی فہرست رائے دھندگان غلط ۔ اسکے بعد الیکشن میں کیا ہوا ۔ الیکشن میں وہ سسٹم تھا کہ محلے کا اعتماد کسی کو حاصل ہے الیکشن میں کامیاب ہو کر کوئی اور نکلا ۔ کھلی پرچیاں بکیں اور کھلی پرچیاں باہر آئیں ۔ پولیس نے موقع پر جس کو چاہا کامیاب کرا دیا ۔ جس کو چاہا ناکام کرا دیا ۔ یہ ہے آپ کی جنرل ایڈمنسٹریشن ۔ وہ واقعات ابھی بھولئے نہیں بلکہ آپ اپنی یادداشت کو تازہ کیجئے کہ آپ نے ایک پارٹی کو ۔ اپنی حزب اختلاف کو جہاں بھی اس نے الیکشن لڑنے کی کوشش کی آپ نے پولیس کے ذریعہ سے دبایا ۔ ان پر لاٹھی چارج کیا ۔ آپ کے پریذائیڈنگ آفیسر کو یہ احکامات تھے کہ وہ صرف نام نہاد مسلم لیگ کو کامیاب کرائیں ۔ مسلم لیگ کا نام جب میرے منہہ پر آتا ہے تو مجھے شرم آتی ہے ۔ خدا کی قسم مجھے یہ کہتے ہوئے کہ یہ بھی مسلم لیگی ہے اور ملک قادر بخش بھی مسلم لیگی ہو سکتا ہے ۔ لیکن میں کیا کروں یہ تو آپ کے بنیادی انتخابات ہیں اور بنیادی حلقوں کے انتخابات آپ نے اس طرح سے جیتے ہیں پھر کہتے ہیں کہ یہ فیئر الیکشن ہوا ہے ۔ اب دوسری طرف آئیے اسکے بعد تحریص کا سلسلہ جاری ہوا ۔ وہ کون سا ضلع ہے جہاں ہزاروں اکی تعداد میں آپ نے پستولوں اور ریوالوروں کے لائسنس نہیں دئیے ۔ میں اس حکومت کو چیلنج کرتا ہوں ۔ . . . . (قطع کلامی)

وزیر زراعت — ضلع مظفر گڑھ ۔

نوابزادہ افتخار احمد خان — یہ بھی غلط ہوگا ۔ میں اسکو بھی ثابت کرتا ہوں ۔ آپ مظفر گڑھ کو لے لیجئے ۔ آپ نے ریوالور کے لائسنس ۔ آپ نے بندوقوں کے لائسنس نہ صرف بغیر درخواستوں کے دیئے ہیں بلکہ لوگوں کو پستولوں کے لائسنس بنا کر ان کے گھروں پر پہنچایا ہے ۔ اور ساتھ پستول بھی پہنچایا ہے ۔ یہ پہلا دور آپ نے تحریص کا شروع کیا ہے ۔ آپ نے بنیادی جمہوریتوں کے ممبران کو بد دیانت کیا ۔ قوم سے غداری کرنے کے لئے تحریص دینے کا دور شروع

کیا ۔ لیکن ہمیں یقین تھا کہ ہم اس کے باوجود کامیاب ہونگے ۔ ہمیں یقین تھا کہ اس کے باوجود قوم ہمارے ساتھ ہے اور ان کو بھی ہمارے ساتھ آنا پڑے گا ۔ جب آپ اس تحریص میں فیل ہوئے ۔ اس تحریص کے دور کو کون چھپا سکتا ہے ۔ آپ نے کارخانہ داروں سے چار کروڑ روپیہ جمع کیا ہے ۔

ایک آواز—غلط ۔

نوابزادہ افتخار احمد خان ۔ آپ نے کارخانہ داروں سے ۔ آپ نے ہر سپنڈل والے سے ۔ آپ نے ہر سرمایہ دار سے بے پناہ رقمیں مجبور کر کے اور زبردستی لی ہیں ۔ چار کروڑ یا دو کروڑ روپیہ آپ نے رشوت کے طور پر بنیادی جمہوریتوں میں تقسیم کیا ہے ۔ اور اس سرمایہ کا بھی الزام لگاتا ہوں کہ الیکشن لڑنے کیلئے ہندوستانی پیسہ بھی شامل تھا ۔ اس حکومت نے ہندوستان سے پیسہ بھی وصول کیا ہے ۔

میں نے ہندوستان کا لفظ ناجائز طور پر استعمال نہیں کیا ہندوستان کے ہمارے ہاں پاکستان میں کئی کارخانے ہیں ۔ یہ چندہ ان Cotton Mills سے اسی نسبت سے لیا گیا ہے ۔ اور برلا اور ٹاٹا کا روپیہ ان حضرات نے اپنی قوم کو تحریص دینے کے لئے استعمال کیا ہے ۔ اس لئے صدر محترم ۔ اس تحریص کے باوجود بھی آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کا موقف کمزور ہے ۔ اب آپنے اپنا آخری پروگرام بنایا ۔ وہ اس دن کا پروگرام تھا جس دن الیکشن ہونے والا تھا ۔ چنانچہ اس کے تحت آپ اپنی پولیس کو action میں لائے ۔ آپ اپنی انتظامیہ کو بھی action میں لائے ۔ اسی لئے تو میں نے کہا تھا کہ یہ الیکشن نہ تھا ۔ یہ مغربی پاکستان کے اندر کم از کم سندھ اور پنجاب میں سوائے پولیس action کے اور کچھ نہ تھا ۔ اس الیکشن نے صرف یہ ثابت کیا ہے کہ ہماری پولیس کس طریقے سے ووٹوں کو قبضے میں لے سکتی ہے ۔ چنانچہ میں آپ کو بتا رہا ہوں ۔ اور یہ ایک کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ مجھے پنجاب کے تمام اضلاع کی معلومات ہیں ۔ اور میں وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ ۳۰ دسمبر کو ۔ وقت آگے پیچھے ہو سکتا ہے ۔ کہیں صبح ہو سکتی ہے اور کہیں شام ہو سکتی ہے ۔ سرگودھا ڈویژن کے کم و بیش تمام ضلعوں کے بنیادی جمہوریتوں کے ووٹروں کو گورنمنٹ کی جیپوں اور pick ups نیز ملیریا ڈیپارٹمنٹ والوں کی pick ups میں اکٹھا کیا گیا ۔ اور پھر ان کو تھانوں میں جمع کیا گیا ۔ میں ان سے کہتا ہوں ۔ کچھ تو شرم کرو ۔ جھوٹ تو نہ بولو ۔

Mr. Speaker : Order please.

نوابزادہ افتخار احمد خان—اس سب کچھ کرنے کے باوجود بھی صدر محترم - ان کو اعتبار نہ تھا - ان کو تھانوں میں بلایا گیا ان کو لائسنس دئے گئے - ان کو ڈرایا دھمکایا گیا ، خوف اور تحریص کے تمام حربے اختیار کرنے کے باوجود بھی انہیں معلوم تھا کہ ہم کامیاب نہ ہوں گے - یہ ایک ایسی چیز تھی جس کا انہیں علم تھا اور انہیں یہ بھی معلوم تھا کہ اس کا رد عمل ان کے خلاف ہے - اور لوگ بھی ان کے خلاف ہیں -

صدر محترم - ہمیں یہ خیال تھا کہ کم از کم Secrecy of Ballot کے راز اور Secrecy of Ballot کے اصول کی یہ لوگ violation نہ کرینگے - لیکن اگر یہ لوگ ذرا غیرتمند ہوں تو شرم کے مارے ان کی گردن جھک جانی چاہئے - بالخصوص اس وقت جب کہ میں ان کو یہ بتاؤں کہ آپنے اس اصول کو بھی اپنے پیرں تلے روندا ہے -

میں ضلع جھنگ کے متعلق علی الاعلان اور بلا خوف تردید کرتا ہوں کہ وہاں کی ہر ایک پرچی پرچی والے سے خواہ وہ ان کا اچھا supporter ہو یا کمزور supporter ہو - خواہ وہ دل سے ان کے ساتھ تھا یا ان کے خلاف تھا - اسے مار پیٹ کر یہ حکم دیا جاتا تھا کہ اپنی پرچی باہر آ کر الیکشن ایجنٹ کو دکھاؤ - اور جب وہ ہاں کہ دے تو پھر اسے چھوڑو -

صدر محترم polling booth کے اندر کا نقشہ ملاحظہ ہو - وہاں کیا تھا - ایک ڈی - ایس - پی ایک Prosecuting Inspector اور دو تھانے دار تھے - نیز وہاں ہر علاقے کا تھانے دار اپنے مرغوں کو پکڑ کر اور زیر دستی زیر حراست لے کر موجود تھا - چنانچہ پہلے دو ووٹروں کو بھیجتا تھا اور ان سے کہتا تھا کہ دیکھو - اس طرح پرچی ڈالنا ہے - اس پرچی کا نشان دکھانا اور واپس آنا ہے - ہمیں وہاں بڑا لطف آتا تھا - بالخصوص اس وقت جب ہمارے کنونشن لیگ کے لیڈر جو وہاں چودھری کہلاتے تھے - صبح ہی مانگ پٹی کر کے - اچھے اچھے کپڑے پہن کر آ جاتے ، نہ تو ان کے کپڑوں پر گرد ہوتی اور نہ ان کے چہروں پر تکان کے آثار - پوچھا کہ ووٹروں کے لئے گئے کیوں نہیں - تو بولے - ہمارے ورکر کام کر رہے ہیں - تھانے دار صاحب ہمارے ورکر ہیں - کیا وہ کام نہیں کر رہے خود وہ کہیں نہ گئے بلکہ وہ اپنے صدر مقام پر ہی جمے رہے یہ حالت تھی کنونشن لیگ

کے چودھریوں کی ۔ اور یہ صرف جھنگ کے متعلق ھی نہیں ۔ بلکہ سب جگہ یہی قصہ تھا ۔ ان کے ورکر کسی جگہ بھی نہ گئے ۔ اور جاتے بھی کیوں ۔ تھانے دار ان کے ورکر تھے ۔ انسپکٹر ان کے ورکر تھے ۔ اور ان کے بڑے ورکر ایس ۔ پی ۔ اور ڈپٹی کمشنر تھے ۔ ان کے علاوہ Presiding Officers بھی ان کے ورکر تھے ۔ غرض چھوٹے اھلکار سے لے کر بڑے افسر تک سب ان کے ورکر تھے ۔ اسی لئے تو یہ ان پر فخر کرتے ھیں کہ ھم جیت گئے ۔ ھائے ۔ ھائے کس قدر افسوس کا مقام ھے ۔ مجھے رنج آتا ھے ان کی اس کج فہمی اور ڈھٹائی پر ۔ اس کو کج فہمی کہوں یا کچھ اور کہوں ۔ میرے پاس الفاظ نہیں ۔ اور میری سمجھ میں نہیں آ رھا کہ انہیں کیا کہوں در اصل یہ اس فتح پر مبارکباد لینا چاھتے ھیں ۔ آخر اس کی وجہ کیا ھے ۔

صدر محترم—اب یہ ثابت ھو چکا ھے کہ یہ جو شادیانے بج رھے ھیں ۔ یہ جو چراغاں کیا جا رھا ھے ۔ یہ دراصل یہ حلوائی کی دوکان پر نانا جی کی فاتحہ کرائی جا رھی ھے ۔ سرکاری روپیہ ۔ اور عوام کے گاڑھے پسینے کی کمائی کا روپیہ اب چراغاں کے لئے ھر ضلع میں تقسیم کیا جا رھا ھے ۔ اور بارہ بارہ ھزار روپیہ فی ضلع بھیجا جا رھا ھے ۔ میں پوچھتا ھوں ۔ آخر اس کا جواز کیا ھے ۔ اس روپے کو چراغاں پر خرچ کرنے کا آپ کے پاس کیا جواز ھے ۔ ایک شخص صدر ھوتا ھے ۔ یا دوسرا شخص صدر بنتا ھے ۔ یا کوئی تیسرا شخص صدر ھوتا ھے ۔ تو اس سے State کو کیا واسطہ ؟ اگر آپ کے پاس کراڑوں کی ۔ سہگلوں یا وکیلوں کی کمائی ھوئی دولت ھے ۔ تو اس کو بھیجتے اور خرچ کرتے ۔ لیکن آپ تو لوگوں کی گاڑھے پسینے سے کمائی ھوئی دولت اب اپنی جیبوں میں ڈال رھے ھیں ۔ وہ تو آپ کی اپنی جیبوں میں گئی ھے ۔ اور پھر اس پر طرہ یہ کہ کوئی Secrecy of Ballot اس الیکشن میں دیکھنے میں نہیں آئی ۔

صدر محترم—میں حیران ھوں ۔ پہلے میرا خیال اور تصور یہ تھا کہ اس الیکشن میں افسران کے تین طبقے ھوں گے ۔ ایک طبقہ تو وہ ھو گا جو حقیقت میں دیانتدار رھے گا ۔ اور غیر جانب دار ھوگا ۔

دوسرا طبقہ وہ ھوگا جو corrupt ھوگا ۔ جو افسران بد دیانت تھے ۔ وہ اس حکومت کا بھی ساتھ دیں گے ۔ اور تیسرا وہ طبقہ ھوگا جو بظاھر دیانتداری سے کام لے گا ۔ اور حکم کی تعمیل کرتا نظر آئے گا ۔ لیکن اندر سے جانبدار ھوگا ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ھے کہ ھماری سرکاری مشینری اور اس کے ملازمین نے الیکشن میں مداخلت کی ھے ۔

اور اس ڈھٹائی سے کی ہے کہ اس سے یوں معلوم ہوتا تھا جیسے وہ اپنا کوئی فرض منصبی ادا کر رہے تھے ۔ جیسے وہ کسی مقدمے کا فیصلہ کر رہے تھے ۔ میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جھنگ کے کپتان پولیس نے ہر تھانے میں میٹنگ کی ۔ اور ہر تھانے میں یہ کہا کہ صدر ایوب نہ ووٹوں سے آئے تھے اور نہ ہی ووٹوں سے جائینگے ۔ میں نے اب تک نرمی سے ووٹ نہیں مانگے ۔ کیوں کہ میں ڈنڈے سے ووٹ مانگوں گا ۔ یہ تھے اس کے لیکچر ۔ آپ کو شرم آنی چاہئے ۔ آپ اس الیکشن پر مبارکباد لینا چاہتے ہیں اور یہ مبارکباد اس لئے چاہتے ہیں کیونکہ ان کی جڑیں اب زمین سے نکل کر باہر آ چکی ہیں ۔ یہ محسوس کر چکے ہیں کہ عوام ان کے ساتھ نہیں ہیں ۔ یہ دیکھ چکے ہیں کہ قوم اب ان کے ساتھ نہیں ہے ۔ یہ تو اب مداری کی طرح کٹ پتلیوں کا کھیل کر رہے ہیں ۔ یہ چراغاں کر کے ۔ نعرے لگا کر اور شہنائیاں بجا کر یہ باور کرنے کی کوشش کرنا چاہتے ہیں کہ ہمارا Morale بہت اونچا ہے ۔ آپ کا Morale ہم بخوبی جانتے ہیں آپ گاف کھیلنے یا شکار کے لئے جانے سے اس ملک پر قابض نہیں ہو سکتے ۔ آپ کا Morale ختم ہو چکا ہے ۔ قوم آپ کو چھوڑ چکی ہے ۔ کیونکہ وہ آپ کے خلاف ہے اور عوام نے آپ کے خلاف فیصلہ دے دیا ہے ۔ اب اگر آپ گاف کھیلنے سے یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ آپ لیڈر ہو گئے ہیں ۔ تو یہ سراسر غلط بات ہے ۔

صدر محترم ۔ یہ تھی الیکشن اور Police Action کی کہانی ۔ اب میں اپنے آخری Point پر آتا ہوں ۔ جو کراچی کے المیہ کے متعلق ہے ۔

صدر محترم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔*

وزیر تعلیم — جناب والا ! اس ملک میں کوئی ولیعہد سلطنت نہیں ہے ۔ I object to this ۔

سردار عنایت الرحمان خاں عباسی — جناب والا ! معزز ممبر سب کچھ تو کہہ چکے ہیں ۔ میرے خیال میں اب معزز ممبر کو اس امر کی بھی اجازت دی جائے کہ وہ ماں بہن کی گالی بھی دے لیں ۔ تا کہ وہ بھی باقی نہ رہے ۔

Mr. Speaker: This remark of the Member is expunged from the proceedings of the Assembly.

Pir Safiud-din: Mr. Speaker, I congratulate you that you have expunged these words.

*Expunged as ordered by the Speaker.

نوابزادہ افتخار احمدخان — صدر محترم کس قدر افسوس ناک مناظر تھے جو چار اور پانچ تاریخ کو شہر کراچی نے دیکھے ہیں - وہاں نا حق مسلمانوں کا خون بہایا گیا - ان کی جھگیوں کو آگ لگائی گئی - قوم کی کئی بہو بیٹیاں اغوا کی گئیں - یہ کتنی شرمناک فتح و کامرانی کی بات ہے - جیسے کراچی کے لوگ محکوم تھے - یا کراچی کے شہر کو فتح کیا گیا ہے - ارے کشمیر تو آپ آج تک فتح نہ کر سکے - اور ہندوستان کی ایک چوکی تک تو آپنے فتح نہ کی -

Minister of Education : Sir; the matter is sub-judice and therefore, the Member should not be permitted to discuss this.

Mr. Speaker : Is it in a Court of Law ?

Minister of Education : Sir, the case has been registered and it is sub-judice.

A Member : It is not sub-judice.

خواجہ محمد صفدر — وہ کسی Particular case کا ذکر نہیں کر رہے ہیں -

Mr. Speaker : So far as the appointment of a high-powered Commission is concerned I think that is not a judicial body.

Minister for Education : So far as the allegations made by my friend are concerned that houses were burnt and people were killed these matters are sub-judice.

Mr. Speaker : Are all matters sub-judice ?

Minister of Education : Yes Sir. (Voices—No sir.) (Interruptions اس کے متعلق عرض کرونگا کہ

if some judgement is passed now by a Member in this House the proceedings of the Committee as well as the judicial proceedings are bound to be affected. So, I submit that this matter should not be discussed here.

Syed Safi-ud-Din : The matter is not sub-judice, either at a lower level or a higher level, because only the cases have been registered.

Minister of Education : The moment a case is registered, it is sub-judice.

Mr. Speaker : If the case is registered, then the matter is sub-judice.

Syed Safi-ud-Din : Sir, what cases have been registered; may be, cases have not been registered. Can he name any case, which has been registered ?

Minister of Education : All the cases have been registered.

MirAbdul Baqi Baluch : Sir, I have been there. I am coming from Karachi. Everybody told me that nobody is even registering their cases the police does not listen to these people and this Minister is saying here that all the cases have been registered. The police is with them; the police is also indulging in the same crime.

Mr. Speaker : But his information must be authentic.

Mir Abdul Baqi Baluch : I am a Member of this Assembly.

Syed Safi-ud-Din : Sir how can he lend authenticity to his statement ?

Mr. Speaker : That is a statement from the Government.

Syed Safi-ud-Din : It is authentic only when any document is produced.

علامہ رحمت اللہ ارشد — صدر محترم - میرے خیال میں یہ معاملہ Subjudice اس وقت ہوگا جب کسی ایک خاص مقدمہ میں کسی

مستغیث کسی ملزم کا نام لیکر تنقیح کی جائے ۔ نواب صاحب کراچی میں ہونے والے ہنگامہ کے متعلق ۔ بد امنی کے متعلق ان تمام چیزوں کے متعلق جس نے اس شہر کے امن کو برباد کر دیا ہے اس کے متعلق اپنے ارشادات پیش کر رہے ہیں اس لئے میرے خیال میں یہ معاملہ Subjudice نہیں ہونا چاہئے ۔

نوابزادہ افتخار احمد خان — صدر گرامی ۔ کراچی وہ متبرک شہر ہے جس میں حضرت قائد اعظم کی ولادت ہوئی ۔ کراچی وہ شہر ہے جس کو سب سے بڑی اسلامی مملکت کا پہلا دارالسلطنت ہونے کا شرف حاصل ہے ۔ کراچی وہ شہر ہے جس میں پاکستان کے تمام حصوں کے لوگ رہتے ہیں اور ہمیشہ خوشی سے رہے ہیں ۔ وہاں بنگالی بھی ہیں اور پنجابی بھی ہیں ۔ وہاں یوپی سے آئے ہوئے بے خانماں برباد بھی ہیں ۔ وہ ایسا شہر ہے کہ وہاں نہ صرف پاکستانی ہی رہتے ہیں بلکہ دوسرے ممالک کے لوگ بھی کثیر تعداد میں رہتے ہیں ۔ کراچی میں لوگ امن و امان سے رہتے ہیں ان کے آپس میں تعلقات ہیں ۔ اور اچھے مراسم ہیں ۔ یہ امر باعث فخر ہے اور باعث عزت ہے لیکن افسوس کا مقام ہے اور بے حد رنج کا مقام ہے کہ وہ شہر جو انٹرنیشنل ایئرپورٹ ہے جو بین الاقوامی راستہ ہے اس میں پاکستانیوں نے پاکستانیوں کے گلے کاٹے ہیں ۔ پاکستانیوں کی بیٹیوں اور بہوؤں کو اغوا کیا ہے ۔ مسلمانوں نے مسلمانوں کا خون بہایا ہے ۔ اس لئے ہماری گردنیں شرم کے مارے جھک جانی چاہئیں ۔ حکومت کو وہاں ایسے اقدامات کرنے چاہئیں تھے کہ پھر کبھی کوئی دوبارہ شرارت کی جرات نہ کر سکتا ۔ لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ نہ تو وہاں پڑے گئے اور نہ ہی چھوڑے گئے ۔ البتہ ایک بے اختیار سی انکوائری کمیٹی بنا دی گئی ہے ۔ اس سے ہماری گردنیں شرم سے جھک جانی چاہئیں ۔ میں کہتا ہوں کہ وہاں اگر کسی پٹھان بھائی نے نفرت پھیلائی ہے تو وہ پاکستان کا بڑا دشمن ہے وہ اتنا ہی دشمن ہے جتنا کہ ہندو ہے ۔

صدر گرامی — کراچی اس ملک کے باشندوں کا مشترکہ شہر ہے ۔ اس میں پٹھان بھی ہیں ۔ سندھی بھی ہیں پنجابی بھی ہیں مہاجر بھی ہیں بنگالی بھی ہیں لیکن ان میں سے اگر کسی نے بھی کوئی غلطی کی ہو تو وہ غلط ہے ۔ ان میں سے کسی ایک نے غلطی کی تب بھی غلط ہے اور کسی دوسرے نے کی تب بھی غلط ہے ۔ پھر جس نے کوئی خطا کی ہو اس کو سزا دینی چاہیے ۔ میں سمجھتا

ہوں وہاں کے باشندوں کی خطا صرف یہ تھی کہ ان کی اکثریت نے مادر ملت کے حق میں ووٹ دیئے ہیں اور یہ کہ ممبران بنیادی جمہوریت مادر ملت کے حق میں تھے - بس ان کا یہی جرم تھا اور جو کالونیز جلائی گئی ہیں وہاں کے رہنے والے متفقہ طور پر مادر ملت کے حق میں تھے - اور ان کے ساتھ تھے - ان کے گھروں کو جلانے کے لئے باہر سے غنڈے امپورٹ کیے گئے - دوسرے شہروں سے بدمعاش بلائے گئے مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہاں ایک سپیشل ٹرین بھیجی گئی - اور بے شمار غنڈے بھیجے گئے - پھر وہاں جلوس نکالا گیا - ہم نہیں سمجھ سکے کہ اس جلوس کی کیا ضرورت تھی اور اس کی کیا افادیت تھی کراچی کی انتظامیہ کو مر جانا چاہیے - کیا انہیں اس بات کا اندازہ نہیں تھا ان کو یہ بنیادی بات سمجھ لینا چاہیے تھی - کہ جلوس سے فساد ہوگا اس سے بڑھ کر اور کیا بد دیانتی اور بد انتظامی ہو سکتی ہے -

Minister of Education: "Bad-diyanti" is unparliamentary, and he should withdraw it ; he is abusing the 'Intizamia'.

مسٹر سپیکر — بد دیانتی کا لفظ غیر پارلیمانی ہے اسے واپس لیں -

ذوالفقار احمد خان — میں واپس لیتا ہوں -

صدر گرامی — یہ فتح و کامرانی حکام کی ہے - یہ فتح افسران کی ہے - در اصل یہ الیکشن انہوں نے جیتا ہے - حقیقت بھی یہی ہے کہ انہوں نے ہی الیکشن لڑا ہے اور انہوں نے ہی جیتا ہے اس میں کوئی یہ غلط بات نہیں یہ بالکل صحیح ہے - جھنگ کی بات تو یہی ہے - وہاں افسران نے الیکشن لڑا ہے اور افسران نے جیتا ہے - اس لئے صدر محترم میں آخر میں کراچی کے سلسلہ میں صرف اتنی گذارش کروں گا - وہ یہ ہے کہ کراچی کے عوام نے جو انکوائری کمیٹی کے ڈیمانڈ کا مطالبہ کیا ہے آپ اسے تسلیم کر لیں اور وہاں ایک جوڈیشل انکوائری کرائی جائے - ہائی کورٹ کے ایک جج صاحب کی خدمات حاصل کی جائیں - ایک فنانشیل کمشنر کام نہیں کر سکے گا - ایک بات کی میں تعریف کروں گا کہ اس وقت پرانے سیاستدانوں کو بڑے چکر دیے گئے ہیں - اور افسران اور نوکر شاہی نے شرافت سے فائدہ اٹھایا ہے - اب وہ راجہ حسن اختر ہوں یا خواجہ رحیم ہوں - بڑے بڑے سیاست دانوں کو چکر میں ڈالا ہے - ہم یہ ماننے کو تیار

ہیں کہ جھوٹ کے لئے ایک نے دوسرے سے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے پاکستان کی تاریخ میں یقیناً یہ پہلا موقع ہے کہ غیر سرکاری Publicman کے سامنے ان افسران کو جھکنا پڑا ہے ۔ اب تو خواب میں ہیں جب گورنر صاحب ان کو دکھائی دیتے ہیں ۔ دفتر میں ہوں جب گورنر صاحب نظر آتے ہیں ۔ میں تو اس کا کریڈٹ گورنر صاحب کو دوں گا ۔ اور تعریف کروں گا کہ انہوں نے ان لوگوں کو اس طریقہ سے خوب۔۔۔۔۔۔۔۔۔*

سردار عنایت الرحمن خان عباسی— جناب صدر ۔ میرے خیال میں معزز ممبر کو اجازت ملنی چاہئے کہ وہ گالیاں بھی دے دیں —

Mr. Speaker : This remark of the member is expunged.

Mr. Mobin-ul-Haq Siddiqi : Sir, the Governor should not come under personal discussion.

Mr. Speaker: Nawadzada Sahib's time is over. He should take his seat now, Mr. Abdul Raziq Khan.

مسٹر عبدالرازق خان (سرداں ۔ ۳) ۔ جناب والا ! میں اس ضمنی بجٹ پر اپنے خیالات کے اظہار کے لئے کھڑا ہوا ہوں اور کوشش کروں گا کہ اس ضمنی بجٹ کے اخراجات کے سلسلہ میں اپنے خیالات کا اظہار کروں ۔ لیکن پہلے محترم راؤ خورشید علی خان صاحب کے بارے میں عرض کروں گا جن کا تعلق جماعت اسلامی سے ہے ۔

راؤ خورشید علی خان — جس کا بھوت آپ کے سر پر سوار ہے ۔

مسٹر عبدالرازق خان — اور جن کا دعویٰ ہے کہ وہ ملک میں ایک صالح قیادت لانا چاہتے ہیں ۔ اور سیاست سے دروغ گوئی اور افترا پردازی کو نکالنا چاہتے ہیں ۔ جن کا دعویٰ یہ ہے کہ وہ ملک میں ایک ایسا نظام ایک ایسا معاشرہ قائم کرنا چاہتے ہیں جو صداقت پر مبنی ہو ۔ لیکن جب میں نے ان کے خیالات صدارتی الیکشن کے متعلق سنے تو مجھے تعجب ہوا اور افسوس بھی ۔ میرا تو یہ خیال تھا کہ اپوزیشن کے معزز اراکین نہایت شرافت کیساتھ اور نہایت جوانمردی کے ساتھ آج اس ایوان میں اعلان کریں گے کہ پاکستان کے قیام کے بعد اگر کوئی صحیح اور غیر جانبدارانہ انتخابات ہوئے ہیں تو وہ یہ صدارتی انتخاب تھا

*Expunged as ordered by the Speaker.

اور وہ علی الاعلان یہ مان لیں گے کہ واقعی قوم نے ہمارے خلاف فیصلہ دیا ہم ہار گئے ہمیں اعتراف ہے اور ہم شکست کھا گئے ۔ شکست کا اعتراف کوئی بری بات نہیں ہے ۔ میں تو جناب سپیکر یہ عرض کروں گا کہ اگر ہمارے اپوزیشن کے معزز اراکین یہ چاہتے ہیں کہ یہ ملک خوب پھولے پھلے اور یہاں جمہوری راج ہو تو انکو بھی اپنے خیالات اور اپنے ذہن کو جمہوری طریقوں پر ڈالنا پڑیگا ۔ اگر ان کے طور طریقے یہ رہے کہ یہاں ان کی اکثریت ہے اور کسی اخبار نے ان کے خلاف لکھ دیا تو اس کے خلاف حملہ کر دیا اگر کسی نے اپنا انتخابی نشان پھول لگا لیا تو اس کے پیچھے پڑ گئے اگر کسی نے کراچی میں جیپ پر پھول کا نشان لگایا اور صدر ایوب کے حق میں نعرے لگائے تو وہاں انکی اکثریت نے ان سب چیزوں کو جلا دیا لیکن جب یہ شکست کھا گئے تو اس کے بعد بھانے تراشنے شروع کر دیے کہ پولیس کا تھانے دار آیا تھا ۔ ڈی ۔ ایس ۔ پی آیا تھا ۔ Secrecy آف بیلٹ نہیں رہی تو میں ان سے یہ مودبانہ گذارش کرونگا کہ بھانے تراشنے اور اس قسم کی باتیں کرنے سے انکو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا اگر وہ شکست کھا گئے ہیں تو مان لیں کہ ہم شکست کھا گئے اور اپنا پروگرام قوم کے سامنے صحیح طریقہ سے پیش کریں میں جناب والا اسبات کا قائل ہوں کہ ملک میں ایک مضبوط جمہوری طرز حکومت تب ہی قائم ہو سکتی ہے جبکہ ملک میں مضبوط اپوزیشن ہو لیکن وہ آپوزیشن ایسی نہ ہو جو اس ایوان میں بیٹھی ہوئی ہے وہ آپوزیشن ایسی ہو جسکی نکتہ چینی تعمیری ہو جو حق کو حق کہہ سکے ۔ جناب والا ! میں اپنے معزز اراکین کو مشورہ دونگا کہ اگر وہ چاہتے ہیں کہ آئندہ قوم انکے ساتھ اتفاق کرے تو یہ ہو سکتا ہے اگر ہم اس چیز پر عقیدہ رکھتے ہیں کہ اس ملک کی Stability کیلئے ترقی کے لئے بیرونی ممالک میں اسکے وقار کے لئے صدارتی طرز حکومت اچھا ہے اور اگر ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ بنیادی جمہوریتوں کا نظام نہ ہونا چاہیے جمہوری نظام ہونا چاہئے تو آپ بجا طور پر اپنے نظریات رکھ سکتے ہیں اور یہ بھی کہہ سکتے ہیں ۔ کہ اس ملک کیلئے پارلیمانی طرز حکومت اچھا ہے اس ملک میں Adult franchise ہونا چاہئے اور آپ اپنا نظام قوم کے سامنے پیش کر سکتے ہیں ۔ لیکن اگر قوم نہیں مانتی تو آپ کو بہانہ

نہ تراشنا چاہئے ۔ اگر صحیح طریقہ سے قوم کا کام کرنا ہے تو صحیح طریقہ سے کام کر کے کامیابی حاصل کریں اور اور اس طرح ملک اور قوم کو فائدہ پہنچ سکتا ہے ۔

جناب والا ! اب میں انکے اکابر کے دور حکومت کے الیکشن کیطرف توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ سب سے پہلے میں یہ عرض کرونگا کہ مادر ملت کیساتھ سابق صوبہ سرحد کے دورے میں مادر سرحد بھی تقریر کر رہی تھیں ۔ مادر سرحد کون تھیں یہ خان عبد القیوم خان صاحب کی بیگم صاحبہ تھیں ۔ میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ خان قیوم خان کے دور حکومت میں جو آزاد اور غیر جانبدار الیکشن ہوا تھا کیا اسکی یاد تازہ کر کے آپ کے سر شرم کے مارے جھک نہیں جاتے ۔ کیا یہ حقیقت ہے کہ انکے دور حکومت میں تمام انتظامیہ کو مجبور کیا گیا تھا کہ وہ ان امیدواروں کے خلاف کیس رجسٹرڈ کریں اور انکو جیلوں میں ڈالدیں اور ان کی بے حرمتی کریں جو انکے خلاف الیکشن لڑنا چاہتے ہیں کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ دن دھاڑے جہاں چھ سو ووٹ پڑے ہوں وہاں گورنمنٹ پارٹی کے بکسوں سے ۱۲ — سو ووٹ نکلے ۔ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ انکے دور حکومت میں جو امید وار خان قیوم کے خلاف نامنیشن داخل کرنا چاہتا تھا اسکو پولیس کے ذریعہ بھگا دیا گیا تھا جن صاحب کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آیا تھا وہ خود ہی یہاں بیان فرمائیں گے ۔ اسکے بعد جناب میاں ممتاز محمد خان دولتانہ جو کہ متحدہ محاذ کے سب سے بڑے لیڈر ہیں انکے دور حکومت میں جب وہ وزیر اعظم بنے تھے کسطرح انتخابات ہوئے تھے ۔

مسٹر اشتخار احمد خان ۔ انکی کیا ذمہ داری تھی ۔

مسٹر عبد الرازق خان ۔ میں اس انتخاب کی یاد تازہ کرتے ہوئے دوبارہ کہتا ہوں کہ شرم نہیں آتی ۔ اسکے بعد جناب ایوب کھڑو جو کہ سندھ میں دندنا رہے تھے انہوں نے میر غلام علی تالپور کے ساتھ الیکشن کے سلسلے میں کسقدر شرمناک سلوک کیا عام طور سے کہا جاتا ہے

کہ سندھ میں تین لیڈر ہیں ان میں سے ایک میر غلام علی تالپور بھی تھے ۔

مسٹر افتخار احمد خان — وہ تو ایڈوڈ تھے ۔

مسٹر عبدالرازق خان ۔ نور الامین صاحب جو بنگال میں بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے تو یہاں تک کہہ دیا تھا کہ ۸۰—فیصدی سیٹیں جیتیں گے اور ۹—فیصدی جیتیں گیا انہوں نے اپنے دور حکومت میں جو انتخابات کرائے تھے ۔ اسمیں جو دھاندلیاں ہوئی تھیں انکو کوئی تصور میں بھی لا سکتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جن لوگوں کا یہ ریکارڈ ہو جو کہ میں نے ابھی بیان کیا ہے ۔ وہ کس طرح دوسرں پر انگلیاں اٹھا سکتے ہیں کہ یہ انتخاب صحیح نہیں ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Speaker : No interruptions.

مسٹر عبدالرازق خان ۔ صدارتی انتخاب کے متعلق راؤ خورشید صاحب نے خود اعتراف کیا ہے کہ یہ نہایت غیر جانبدارانہ تھا ۔ ان میں ہمیں مکمل آزادی تھی ۔

راؤ خورشید علیخان — یہ بالکل غلط بیانی ہے ۔

مسٹر عبدالرازق خان — جناب سپیکر انہوں نے اعتراض کیا تھا اپنی تقریر میں اور یہ فرمایا تھا کہ پچھلے چند ہفتوں میں ہمنے یہ محسوس کیا تھا کہ ہم مکمل آزاد ہیں ورکرز کی زبانیں کھل گئی ہیں ۔ اخبارات نے کھل کر لکھنا شروع کر دیا تھا اور محترمہ فاطمہ جناح کے جلسوں میں لوگ لاکھوں کی تعداد میں جمع ہوتے تھے تو کیا یہ اس امر کا ثبوت نہیں ہے کہ لوگوں کو جلسے کرنے کی بالکل آزادی تھی اگر جلسے نہ کرنے دئے جاتے تو انکی باتیں کوئی کیسے سنتا انکا وقار تو صرف محترمہ فاطمہ جناح کے لانے کے باعث ہوا ہے اور جب وہ آ گیئں تو انہوں نے تقریریں کیں اور اسطرح انکو صدر ایوب کے دور حکومت میں مکمل آزادی تھی ۔

مسٹر افتخار احمد خان — پائنٹ آف آرڈر — میں اپنے فاضل بھائی سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا وہ باتیں جواز ہیں موجودہ باتوں کا ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

مسٹر عبدالرازق — جناب سپیکر ۔ نوابزادہ صاحب جب تقریر فرما رہے تھے تو میں نے ان کی بہت سی باتیں سنیں اور میں نے ہرگز ان کی تقریر میں مداخلت نہیں کی ۔ مگر میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر سچی بات کہی جائے تو وہ بری لگتی ہے ۔ تو جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس الیکشن میں اپوزیشن کو وہ تمام مراعات اور تمام سہولتیں اور وہ مکمل آزادی جو کہ ایک جمہوری ملک میں انتخابات کے وقت دی جا سکتی تھی وہ دی گئی تھی ۔ میں سارے پاکستان کے متعلق تو اپنی رائے نہیں رکھتا ہوں کیونکہ میں پھرا نہیں ہوں لیکن سابق صوبہ سرحد کے متعلق خصوصاً چھ ضلعوں کے متعلق کہہ سکتا ہوں ۔ میدان میں کسی وزیر نے دورہ بھی نہیں کیا ۔

خواجہ محمد صفدر — ہم تو کہتے ہیں کہ کسی نے دورہ نہیں کیا ۔

مسٹر عبدالرازق خان ۔ وہاں سابق صوبہ سرحد میں دو پارٹیوں میں جنگ تھی ۔ وہاں متحدہ محاذ کے سرخ پوش تھے اور کسی جماعت کا نام و نشان بھی نہ تھا ۔ مسلم لیگ اور کانگرس میں جنگ تھی ۔ ان لوگوں کے درمیان جنگ تھی جو پاکستان کو مضبوط بنانا چاہتے تھے اور جو پاکستان کی ترقی اور خوش حالی چاہتے تھے اور ان لوگوں کے درمیان جو پاکستان کو تباہ کرنا چاہتے تھے جن کے لیڈر اس وقت کابل میں بیٹھے ہوئے ہیں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد — کیا کابل آپ کا دشمن ملک ہے ۔

مسٹر عبدالرازق خان — یہ وہی لوگ ہیں جو پاکستان کو تباہ کرنا چاہتے تھے وہ شکست کھا گئے ۔ جو مضبوط کرنا چاہتے تھے وہ فتح یاب ہوئے ۔ اب میں اپوزیشن سے ملک کی خاطر قوم کی خاطر اور اس ملک کی خاطر یہ اپیل کرونگا کہ وہ اپنی شکست کو تسلیم کریں اور اپنی خامیوں پر غور کریں اور ایسا پروگرام بنائیں جو قوم کے لئے قابل قبول ہو ۔ یہ ہو سکتا ہے ۔ اور آئندہ کامیابی آپ کو حاصل ہو اگر ایسا نہیں کیا گیا تو اچھا نہ ہوگا ۔

صرف تقریروں سے اور غلط باتوں سے اگر آپ قوم کو پھسلائے کی کوشش کریں گے تو اب یہ قوم آپ کے دھوکے میں آنے کی نہیں ۔ اور آئندہ صوبائی یعنی پراونشل اسمبلی مشرقی اور مغربی پاکستان اور نیشنل اسمبلی کے انتخابات میں آپ اس سے بھی زیادہ عبرت ناک شکست سے دو چار ہونگے ۔

خواجہ محمد صفدر — پولیس کے ذریعے ۔

مسٹر عبدالرازق خان — اب میں ضمنی بجٹ میں جو اخراجات دکھائے گئے ہیں ان کے متعلق بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ حیدر آباد ڈویژن کے لئے وہاں جو سیلاب آئے تھے اور جس طرح سے ان لوگوں کو بے پناہ نقصان پہنچا ان کے لئے ۵۳ لاکھ اور ۲۷ ہزار سات سو چالیس روپے کی رقم رکھی گئی ہے ۔ یہ نہایت نیک اقدام کیا گیا ہے اور میں درخواست کروں گا کہ اس رقم میں اور بھی اضافہ کیا جائے اور وہاں کے عوام جو غریب لوگ ہیں اور جن کو سیلاب سے اور ناگہانی مصیبت سے بہت زیادہ نقصان پہنچا ہے ان کو فائدہ پہنچے اور سہولت میسر ہو ۔ جناب والا اس میں مشرقی پاکستان کے بھائیوں کو ریلیف دی گئی ہے امداد دی گئی ہے ایک لاکھ روپیہ کی تو وہ بھی قابل ستائش ہے — جناب والا ایک نہایت اہم مقصد کے لئے یعنی وہ زمین جو لینڈلارڈز سے لی گئی تھی اور جس کا خریدار اس وجہ سے کوئی نہیں کہ وہ قابل کاشت نہیں ہے تو اس کے لئے حکومت نے ایک کروڑ روپیہ دیا ہے اور میں سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ بہت اچھا کام ہے اور جب اراضی قابل کاشت ہو جائے اور پانی کا انتظام ہو جائے اور جب وہ سیراب ہو جائے تو وہ چھوٹے چھوٹے کاشتکاروں میں تقسیم کی جائے اور میں درخواست کروں گا کہ بلا معاوضہ دیجائے اور اگر ان سے رقم لینی ہے تو اقساط بہت کم ہوں اور وہ بہت لمبی معیاد کی ہوں ۔ جناب والا ۔ سردان ڈسٹرکٹ میں جلایہ ڈسٹری بیوٹری ہے جس کے ذریعے ملوں میں گنے کے لانے کے لئے وہ سڑک استعمال ہوتی تھی اس کو پختہ کرنے کے لئے دو لاکھ پچاس ہزار روپیہ کی رقم رکھی گئی ہے اور یہ ایک نہایت نیک اقدام ہے اس کے متعلق اس وقت ہمارے معزز لیڈر جناب وزیر خزانہ موجود نہیں ہیں لیکن میں آنکی توجہ اس طرف دلاتا ہوں کہ پچھلے سیشن میں ہم نے شوگر کین پر ترقیاتی ٹیکس لگانے کا فیصلہ کیا تھا

اور وہ یہ تھا کہ ایک آنہ من زمینداروں سے وصول کیا جائے گا اور ایک آنہ من مل والے دیں گے لیکن ہم سے اس وقت بھی سابق صوبہ سرحد کے دوستوں نے گذارش کی تھی کہ اس ٹیکس کو اسی جگہ پر خرچ کیا جائے جہاں سے یہ وصول کیا جاتا ہے ۔ ہمیں اس سلسلہ میں وزیر خزانہ نے تسلی دلائی تھی کہ جس ایریا سے یہ ٹیکس وصول کیا جائے گا وہیں اس کو خرچ کیا جائے گا اور کوئی مناسب بندوبست کیا جائے گا کوئی کمیٹی بنائی جائے گی اور جب حکومت رولز بنائے گی تو ان میں اس چیز کا واضح ذکر ہوگا لیکن ہمیں شک ہے کیونکہ آج تک کوئی قدم ایسا نہیں اٹھایا گیا اور ایسا نہیں کیا گیا تو ہمیں اس سے بڑی مایوسی ہوئی اور اگر ایسا کیا گیا ہے جس کا وعدہ کیا گیا تھا تو مجھے یقین ہے کہ ہماری تمام کچی سڑکیں جن سے اس وقت زمینداروں کو بڑی تکلیف ہوتی ہے اور جو گنا ملوں میں لاتے ہیں اس کا دو آنے اور آٹھ آنے من کرایہ لیتے ہیں تو وہ سہولت ہوگی ۔ اور عوام کی تکلیف کو رفع کرنے کے لئے یہ ایک نیک اقدام ہوگا ۔ جناب والا تقاوی قرضے ۶۰ لاکھ کے رکھے گئے ہیں ۔ گو یہ اچھی بات ہے لیکن تقاوی قرضوں کی بہت سخت ضرورت ہے ۔ غریب زمیندار نہ بنکوں سے قرضہ وصول کر سکتے ہیں اور نہ ان کو procedure کا پتہ ہوتا ہے وہ اسے سمجھتے ہی نہیں اور اگر وہ شہروں میں جائیں تو انہیں بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو غریب زمینداروں کی امداد کے لئے زیادہ سے زیادہ تقاوی قرضے دینے کے لئے بندوبست کرنا چاہیئے ۔ جناب والا ہمارے معزز وزیر تعلیم نے ان سکولوں کو جو کہ اس وقت گورنمنٹ کے کنٹرول میں نہیں ہیں اور جن کو ڈسٹرکٹ کونسلیں یا ٹاؤن کمیٹیاں چلا رہی ہیں اور جن کی تعداد ۳۴۶ ہے ان کو اپنی تحویل میں لینے کا فیصلہ کیا ہے اور ان کے لئے تین سالہ پروگرام بنایا گیا ہے اور اس ضمنی بجٹ میں ۳۰ لاکھ روپیہ کی رقم ان کے لئے رکھی گئی ہے یہ بھی ایک ضروری بات تھی اور میں سمجھتا ہوں کہ اس حکومت کے وزیر تعلیم صاحب کا یہ ایک کارنامہ ہوگا اور یہ رقم ۳۰ لاکھ روپیہ کی رکھی گئی ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ اگر اس میں ممکن ہو سکے تو اور بھی اضافہ کیا جائے اور تین سالہ پروگرام کی بجائے دو سال کا پروگرام رکھا جائے اور اس چیز کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے ۔ جناب والا ضمنی بجٹ میں جو رقومات جن مدوں پر خرچ کی گئی ہیں میں سمجھتا ہوں وہ نہایت مناسب

اور ہمیں جو موقع دیا گیا ہے اپنے خیالات اور اپنی رائے کے اظہار کا تو میں اس کے لئے جناب وزیر خزانہ صاحب کا شکر گزار ہوں اور ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ، مسٹر محمد اسحاق خان کنڈی کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

ماسٹر خان گل (کوہاٹ ۔ ۲) ۔جناب صدر یہاں ضمنی بجٹ کے سلسلہ میں اپوزیشن کی طرف سے کچھ دوستوں نے تقریریں کیں مجھے ان سے اپنے ملک کے مستقبل کے متعلق بہت سخت مایوسی ہوئی ہمت والے لوگ بہادر لوگ ہمت کرتے ہیں محنت کرتے ہیں کوشش کرتے ہیں اگر نتیجہ ان کے حق میں نہیں ہوتا تو پھر وہ ملامتوں اور برے الفاظ پر نہیں اترتے ۔ یہاں تو بالکل صاف چیز ہے کہ الیکشن میں ووٹروں کو یہ سہولت حاصل تھی کہ وہ اپنے حق کا صحیح استعمال کریں ۔ اس لئے الیکشن میں جو سب سے بڑی خوبی ہے وہ یہ ہے کہ ووٹر کو اپنے ووٹ پر نشان لگاتے وقت الگ جگہ دیجاتی تھی اور پھر وہ اگر سب کے سامنے اپنا ووٹ بکس میں ڈال دیتا تھا کسی شخص کی طاقت نہیں تھی کہ کسی ووٹر کو متاثر کر سکے کہ وہ اپنا ووٹ کسی خاص آدمی کے حق میں ڈالے ۔ ہم نے ۱۹۵۱ء میں الیکشن کا دور دیکھا تھا وہ یہ کہ سالم کا سالم آدمی غائب ہو جاتا تھا سالم کے سالم بکسے پرچیوں کے غائب ہو جاتے تھے یہ لوگ کہتے ہیں کہ وہ جو گناہ ہے اس کی دلیل ہے ۔ اگر گناہ ہے تو یقیناً اس کو گناہ کہیں گے لیکن اگر گناہ نہیں ہے تو اس کو کیوں چھپایا جائے ۔ پچھلے دنوں میں نے صدر ایوب کا اچھے الفاظ میں ذکر کیا ۔ ان تمام کے مقابلے میں کوئی ایسا شخص نہیں ہے جو تمام طاقت کے ہوتے ہوئے اس ملک میں منصفانہ اور آزادانہ انتخابات کرائے تو یہ ایک ایسی چیز ہے کہ اس جمہوریت پر ان کا سب سے بڑا عظیم احسان ہے ۔ اور میں اس پر اسے سلام دیتا ہوں کہ اس نے ملک کو صحیح طریقہ سے انتخاب کا موقع دیا ۔ (تالیاں) ۔ آپ عوام میں آئے ۔ آپ نے بڑے جلوس نکالے ۔ بڑے جلسے کئے ۔ مقابلہ کیا ۔ مگر قوم نے آپ کو ووٹ نہیں دیا ۔ صدر ایوب نے قوم کی خدمت کی ۔ قوم نے اس پر اعتماد کیا اور اسے ووٹ دیا ۔ بات صاف ہے ۔ آپ کو آسانی سے سمجھ جانی چاہیئے تھی (تالیاں) آپ نے اس ملک کی بڑی خدمت کی ہے ۔ جمہوریت کی بڑی خدمت کی ہے ۔ اب اسے صحیح لائنوں پر چلانا چاہیئے ۔ اگر کوئی شخص جمہوریت چاہتا ہے ۔ مستحکم حکومت

چاہتا ہے ۔ تو اپوزیشن کا ہونا لازمی ہے ۔ مگر اپوزیشن کو جھوٹ فریب دشنام اور گالی گلوچ سے بچنا چاہیئے ۔ ہمیں معلوم ہے کہ بعض افسروں نے صدر ایوب کے خلاف کام کیا ہے ۔ ہم جانتے ہیں مگر وہ آرام سے بیٹھے ہیں ۔ جو کچھ ہونا تھا ہو گیا ۔ قوم نے اپنا فیصلہ دے دیا ۔ اگر ووٹر کو کوئی شخص ، پولیس سمجھ لیجئے ، موقع پر نہ آئی ، تو کیا نشان لگاتے وقت جبر سے نشان لگوایا گیا ؟ میں الیکشن کمیشن کو مبارکباد کا مستحق سمجھتا ہوں کہ اس نے آزادانہ انتخابات کرائے ۔ اپوزیشن نے جو تجاویز پیش کیں انہیں تسلیم کیا ۔ اب آپ کو چاہیئے کہ آپ قوم کے سامنے کوئی پروگرام لائیں ۔ اب آپ ایسی باتیں چھوڑ دیں کہ ایوب خاں چلا گیا ہے ۔ جا رہا ہے ۔ بھاگ رہا ہے ۔ بچوں کو یہاں سے لے گیا ہے ۔ ۲۱ تاریخ کو کہا گیا کہ وٹو صاحب کی جگہ حمزہ صاحب لیں گے ۔ ایسی باتوں سے قوم کے اندر کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا ۔ اگر آپ نتیجہ چاہتے ہیں تو عمل کریں ۔ حکومت غلطیاں بھی کرتی ہے ۔ اس میں برائیاں بھی ہیں ۔ آپ کو چاہیئے کہ انہیں صحیح طریق سے قوم کے سامنے پیش کریں ۔ قوم کے سامنے لائحہ عمل لائیں ۔

کراچی میں زیادتی ہوئی ہے ۔ جس کی غلطی ہے حکومت اسے پکڑے گی ۔ ان کو آباد کرنے کے لئے کافی رقم دینی چاہیئے ۔ لیکن جمہوریت کا طریقہ یہ نہیں کہ غیر ضروری طور پر حکومت کو بدنام کیا جائے ۔ ان کے اپنے سابقہ لیڈروں کا اعمالنامہ قوم کے سامنے ہے ۔ میر غلام علی تالپور جیسا آدمی سندھ کے ریگستانوں میں غائب ہو گیا ۔ میرے اپنے ایک آدمی کو لے گئے ۔ دوسرے کو آنے نہ دیا ۔ اس ملک کے اندر کبھی جمہوریت کو دیکھا نہیں گیا تھا ۔ صدر ایوب نے یہاں الیکشن کرائے ہیں ۔ اسے برا کہا گیا ۔ سو قسم کی برائی اس کے ذمہ لگائی گئی مگر اس نے جس حوصلہ اور جس تدبر کے ساتھ اس کا مقابلہ کیا وہ قابل داد ہے ۔ کامیابی کے بعد اس نے قوم سے کہا خدا کا شکر بجا لاؤ ۔ ملک کی سلامتی اور استحکام کے لئے دعا کرو ۔ کوئی سستی نہیں کی ۔ بلکہ کہا میرے دل میں کسی کے خلاف بغض نہیں ۔ کسی کے خلاف نفرت نہیں برائی نہیں ۔ مناسب تھا کہ اپوزیشن والے بھی حوصلہ کے ساتھ اس کا جواب دیتے ۔ کہتے قوم نے آپ کے حق میں فیصلہ دے دیا ۔ ہم بھی آپ کو مبارک باد دیتے ہیں

یہ زندہ قوموں کا طریقہ ہے ۔ میں ان سے پھر کہوں گا کہ وہ اس ملک کی بہتری کے لئے کوئی لائحہ عمل بنائیں ۔ اس وقت گالیاں دینے کا کوئی فائدہ نہیں ۔ اب پانچ سال بعد پھر الیکشن ہوں گے ۔ اگر قوم اس حکومت سے ناراض ہوئی تو اسے ووٹ نہیں دے گی ۔

اس لئے انہیں چاہئے کہ وہ اپنے پروگرام سوچیں انہیں ہمت کے ساتھ آگے آنا چاہیے ۔ یہ جو مختلف نظام اور نظریات کی پانچ جماعتیں ہیں یہ ملک کے لئے اطمینان کا باعث نہیں ہیں ۔

آخر میں میں ملک قادر بخش صاحب سے یہ عرض کروں گا گزشتہ دو سال میں کوہاٹ کے غریب اور پس ماندہ لوگوں کو کوئی چیز نہیں دی گئی ۔ ملک صاحب کے پاس جنگلات ہیں ۔ نباتات ۔ ہیں برقیات ہیں ۔ عمارات ہیں آبیات ہیں گزشتہ دو سال میں میری فریاد ان تک نہیں پہنچ سکی ۔ میں ان سے عرض کروں گا کہ آئندہ پانچ سال کے لئے ضلع کوہاٹ میں آبپاشی کے لئے ڈرینوں کے لئے دو کروڑ روپے مخصوص کر دیئے جائیں ۔ میں نے دیکھا ہے کہ کسی ضلع میں ٹیوب ویلوں کے لئے دوکروڑ روپے دیئے گئے ہیں ہم احسان فراموش نہیں ۔ اس وقت ہم نے اپنی آبادی کے ۸۵ فیصد ووٹ آپ کو دیئے ہیں ۔

اس وقت تک جو کچھ کیا گیا ہے وہ ہمارے پس ماندہ اور غریب ملک کے لئے ناکافی ہے ۔ ہمیں آبپاشی اور چھوٹے بندوں کے لئے کم از کم پانچ کروڑ روپے کی آئندہ پانچ سال میں ضرورت ہے ۔

اس کے علاوہ کراچی میں جو لوگ فسادات کا شکار ہوئے ہیں انہیں امداد دینی چاہیے ۔ سندھ میں امداد دینی چاہیے ۔ جہاں تک اساتذہ کے مسئلہ کا تعلق ہے وزیر تعلیم نے بڑی ہمدردی سے اس کا حل کیا ہے ۔ اگر وہ ان پر اور زیادہ مہربانی کر سکیں تو یہ ان اساتذہ پر احسان ہوگا ۔ بہر حال ہماری درخواست ہے کہ اساتذہ قوم کی خدمت کرتے ہیں ، ان کے لئے وہ جو کچھ کریں گے یہ ان کی نیک نامی میں اضافہ ہوگا ۔

میر عبد الباقی بلوچ (مکران -) — جناب ڈپٹی سپیکر - بقول ان کے جیتی ہوئی بازی ہے اور وہ بڑی باتیں کر رہے ہیں - لیکن اس موقعہ پر مجھے ایک شعر یاد آ رہا ہے ، جو غالباً وہ بھی پسند فرمائیں گے -

ہے راہبری بھی اپنی جگہ معرکے کی چیز
جو اس میں کامیاب ہوا راہنما ہوا

تو یہ آج کی بات نہیں ہے -

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) — آپ بھی آپوزیشن کے راہنماؤں میں سے تھے -

میر عبدالباقی بلوچ — ۱۹۵۸ء میں بھی اسی طرح عوام کے حقوق پر فیصلہ کیا گیا - اور اس کا نام ہوا Revolution - آج ۱۹۶۵ء میں بھی اسی طرح عوام کے حقوق پر دوبارہ قبضہ رکھا - اور اس کا نام ہوا الیکشن - دونوں صورتوں میں صدرات برقرار رہی فریب - دھاندلی تو اگر ایک اور شعر آپ کو سنا دوں -

دھاندلی - دھونس - دھن سے جیت گئے
ظلم اور مکر و فن سے جیت گئے

تو زیادہ صحیح بات ہو گی

جناب ڈپٹی سپیکر — حکمران طبقہ وہ طبقہ ہے - کہ جو تاریخ سے کبھی سبق نہیں لیتا - ابھی انہی گزشتہ چند سالوں کی بات ہے - کہ ان کم ترقی یافتہ ممالک کی تاریخ نے انہیں سبق دینے کے لئے کافی کچھ پیش کیا لیکن حکمران طبقہ تاریخ سے سبق نہیں لیا کرتا - کم ترقی یافتہ ممالک میں کوریا کی مثال ہمارے سامنے ہے - سنگمن ری اسی طرح کوریا میں ایک بڑے فاتح اور عوام کے دلدادہ راہنما بنے ہوئے تھے - الیکشن اس نے بھی اسی طرح کیا خوشیاں منائیں - لیکن اس کے بعد اس فاتح کا کیا حشر ہوا - یہ بھی آپ کو معلوم ہے - جنوبی ویت نام دوسری جگہ ہے - نگوڈین ڈائم کی مثال بھی آپ کے سامنے موجود ہے - وہ بھی الیکشن جیتا تھا - اور اسی طرح جیتا تھا - اور بقول اس کے اسے عوام کا اعتماد حاصل تھا - لیکن اس فاتح کا الیکشن کی فتوحات کے بعد کیا حشر ہوا - یہ باتیں بھی آپ کے سامنے ہیں - سوڈان میں عبود کے ساتھ کیا ہوا - ان مثالوں کے باوجود آپ سمجھتے ہیں - کہ عوام

کا اعتماد کھو کر ظلم ، تشدد ، جبر اور انتظامیہ کے پل
بوتے پر الیکشن جیت کر آپ اس ملک پر حکومت کر
سکیں گے ۔ مجھے آپ سے ہمدردی ہے ۔ آپ کو خدا نے یہ
موقع دیا تھا ۔ کہ آپ تاریخ کا دھارا بدل دیں ۔ اور ہمیں
بھی اس کا علم تھا ۔ جس طرح آپ کی انتظامیہ جو یہ
کہتی پھرتی ہے ۔ کہ صدر ایوب ووٹ کے ذریعے نہیں آئے
تھے ۔ اور ووٹ کے ذریعے نہیں جائیں گے ۔ اس کا علم
ہمیں بھی تھا ۔ لیکن مادرملت کی شخصیت اور کا وہ
احترام جو اس ملک کے عوام کے دلوں میں ہے ۔ اس کے
پیش نظر ہم نے آپ کو اور اس قوم کو موقع دیا کہ
شاید وہ تلخ حقیقت کہ جو شخص ووٹ سے نہیں آیا
وہ ووٹ سے نہیں جائے گا ۔ بدل جائے ۔ ایک موہوم سی
امید تھی ۔ کہ ممکن ہے ۔ دنیا کی تاریخ اس شخصیت کی
وجہ سے بدل جائے اور بزور بازو آئی ہوئی شخصیت ووٹ کے
ذریعے سے نکل جائے ۔ لیکن آپ کی خود غرضوں نے آپ
کی بدبختی نے اور آپ کی بدقسمتی نے آپ کے ہاتھ سے وہ
موقع بھی چھین لیا ۔ اور غالباً آپ بھی ان تین ممالک کے
نقش قدم پر چلیں گے ۔ جن کا ذکر میں نے ابھی ابھی کیا
ہے ۔ اور وہ افسوس ناک بات ہو گی ۔ جناب ڈپٹی سپیکر ۔
گزشتہ کئی سالوں کی بات چھوڑئیے ۔ گزشتہ چند مہینوں
سے جو الیکشن کی باتیں چلتی رہی ہیں ۔ اور پہلے پہل جب
صدرات تاب یہ خواب دیکھتے رہے ۔ کہ وہ بلا مقابلہ منتخب
ہوں گے ۔ تو اس ملک میں لاءاینڈ آرڈر کی حالت اس قدر
ابتر نہیں تھی ۔ جو اس وقت ہوئی ۔ جب صدارت تاب کو
یہ علم ہوا ۔ کہ ان کے مقابلے میں محترمہ فاطمہ جناح
انتخاب لڑیں گے ۔ پہلے تو وہ یہ سمجھے تھے ۔ کہ جس
طرح چھ سال سے عوام کو غلط باتیں بتا کر وہ عوام
کی گردنوں پر پیر تسمہ پار کی طرح مسلط تھے ۔ اسی طرح وہ
اب بھی عوام کو غلط باتیں بتا کر بلا مقابلہ منتخب ہو
جائیں گے ۔ لیکن جب قائداعظم کی ہمشیرہ میدان میں آئیں
اور ان کا وہ خواب گراں ٹوٹا ۔ اور انہوں نے یہ انتہائی
کوشش کرائی ۔ پولیس کے ذریعے ، ڈپٹی کمشنروں کے ذریعے
کمشنروں کے ذریعے ، ہر اس سرکاری ملازم کے ذریعے جن پر اس

کا اثر تھا ۔ جو ان کی حکومت کے تابع تھا ۔ کہ ملک کے گوشے گوشے میں انتشار ، قتل و غارت اور فسادات برپا کئے جائیں ۔ تاکہ اگر انتخابات میں ان کے جیتنے کی کوئی صورت باقی نہ رہی ۔ تو دوبارہ ایمرجنسی لگا دی جائے ۔ اس کے لئے مجھے نہایت افسوس کے ساتھ طلباء کا حوالہ دینا پڑتا ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ طلباء کو آپ ہی لوگوں نے اکسایا تھا ۔

میر عبدالباقی بلوچ ۔ ہو سکتا ہے ۔ لیکن یہ میں آپ کو بتاؤنگا ۔ کہ طلباء کو کس نے اکسایا تھا جناب صدر کراچی میں طلباء نے کچھ مطالبات کئے تھے چھ سال سے وہ مطالبات چلے آ رہے تھے ۔ اور کسی نے ان کے مطالبات کی طرف توجہ نہیں دی اور وزراء اور حکومت یہ کہتی رہی ۔ کہ طلباء کو سیاستدان exploit کر رہے ہیں ۔ طلبا کو سیاستدان استعمال کر رہے ہیں ۔ یہ ان کے مطالبات ہیں ۔ جو کراچی کے طلباء کی انجمنوں نے متفقہ طور پر پاس کیا ہے ۔ اور حکومت سے ان کو منوانے کی اپیل کی ہے ۔ ان میں کوئی ایک مطالبہ مجھے بتا دیں جو سیاسی مطالبہ ہو اور تعلیمی نہ ہو ۔ میں وہ مطالبات اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں :—

(۱) تعلیمی فیس میں پچاس فیصد کمی ۔

(۲) امتحانات کی مارک شیٹ میں پچاس فی صد کمی ۔

(۳) ضمنی امتحانات کی فیس بلحاظ مضامین مقرر کی جائے ۔

(۴) تعلیمی نظام از سر نو اسلامی اور قومی ضروریات کے مطابق مرتب کیا جائے ۔

(۵) قومی بجٹ میں تعلیم کی مد میں خاطر خواہ اضافہ کیا جائے ۔

(۶) یونیورسٹی کی جانب سے کتابوں کی Fair Price Shop کھولی جائے اور تعلیمی سال کی ابتدا کے بعد ایک ماہ کے اندر ارزاں قیمت پر کتابیں مہیا کی جائیں ۔

(۷) تمام فیل شدہ طلباء کے لئے غیر مشروط ضمنی امتحانات ۔

(۸) انٹر کالجیٹ باڈی کو سرکاری طور پر منظور کیا جائے ۔

(۹) طلباء کے لئے مزید ہوسٹل تعمیر کئے جائیں ۔

(۱۰) طالبات کے لئے علیحدہ ہوسٹل تعمیر کئے جائیں ۔

(۱۱) مزید میڈیکل ، انجینئرنگ اور دیگر کالج کھولے جائیں اور کوٹہ سسٹم ختم کیا جائے۔

(۱۲) کھیل کی سہولتیں فراہم کی جائیں اور مزید کھیل کے میدانوں کا انتظام کیا جائے ۔

(۱۳) مزید سکول اور کالج کھولے جائیں خصوصاً طالبات کیلئے ۔

(۱۴) U. O. T. C. کا احیاء کیا جائے اور طلباء کا مفت طبی معائنہ کیا جائے ۔

(۱۵) ملازمت پیشہ طلبا پر سے پابندیاں ہٹائی جائیں اور شبینہ کالج کھولے جائیں ۔

(۱۶) L. L. M. اور M. Ed. کی کلاسیں کھولی جائیں اور ایم ۔ کام کو ختم کرنے کی تجویز واپس لی جائے ۔

(۱۷) طلباء کے لئے مفت طبی امداد اور تمام ہسپتالوں میں طلباء کا وارڈ قائم کیا جائے نیز یونیورسٹی ہیلتھ سروس قائم کیا جائے ۔

(۱۸) ان طلباء کو ایک سال میں ایم ۔ اے کرنے کی اجازت دی جائے جو قبل ازیں کسی مضمون میں ایم ۔ اے کر چکے ہوں ۔

(۱۹) External Course کی مدت بھی دو سال مقرر کی جائے ۔

(۲۰) طلباء کے لئے ہال تعمیر کیا جائے ۔

(۲۱) بسوں ، ریلوں اور سینماؤں میں رعائت دی جائے اور تمام مخرب الاخلاق فلموں کی نمائش ممنوع قرار دی جائے ۔

(۲۲) ۸ جنوری کو عام تعطیل قرار دیا جائے

(۲۳) شہدا جنوری کی یادگار تعمیر کی جائے ۔

(۲۴) شہدا کے پسماندگان کو معاوضہ دیا جائے ۔

(۲۵) قومی زبانیں ذریعہ تعلیم بنائی جائیں ۔

جناب والا یہ ہیں وہ طلبا کے مطالبات جن پر یہ کہتے ہیں کہ سیاست دانوں نے انہیں exploit کیا ہے اور سیاستدان انہیں استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ انہیں مطالبات کیلئے کراچی میں جو طلبا ہیں انہوں نے پر سکون مظاہرے شروع کئے۔ جناب محمد یاسین وٹو صاحب وزیر تعلیم مغربی پاکستان بنفس نفیس کراچی تشریف لے گئے اور طلبا سے گفت و شنید کا سلسلہ جاری کیا۔ گویا ان کے نزدیک یہ مسئلہ کتنا اہم تھا کہ انہیں خود وہاں جانا پڑا۔ وزیر صاحب کے نچلے درجہ کے لوگ اس مسئلہ کو حل نہیں کرنا چاہتے تھے۔ یہ خود بنفس نفیس حل کرنا چاہتے تھے اور ان ۲۵ مطالبات میں سے ایک مطالبہ بھی تسلیم کئے بغیر وہاں سے واپس تشریف لے آئے ہیں۔

وزیر تعلیم۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا میں ان کی اطلاع کیلئے عرض کردوں کہ جو مطالبات ابھی انہوں نے لسٹ میں گنوائے ہیں ان میں دو اہم چیزیں ہیں ان کا ذکر نہیں فرمایا ہے ۔

میر عبدالباقی بلوچ۔ آپ ایک تو مان لیتے۔ اسی وجہ سے تشریف لے آئے کہ طلبا مشتعل ہوں اور انتشار پھیلے اور تمام کراچی میں بلکہ کراچی میں ہی نہیں پورے مغربی پاکستان میں انتشار پیدا کریں۔ طلبا نے پر سکون طریقے پر مظاہرہ شروع کیا۔ انہوں نے قائد اعظم بابائے قوم کے مزار پر طلبا پر گولیاں برسائیں۔ اس دن میں خود وہیں موجود تھا۔ میں نے خود گولیوں کی آوازیں سنیں اور تھوڑی دیر کے بعد وہاں سے گزرا پولیس اپنی بندوقوں کے ساتھ اسی طرح کھڑی رہی۔ چار طلبا وہیں فوت ہوئے لیکن انہوں نے ایک بتایا۔ ۱۴ طلبا وہیں زخمی ہوئے لیکن انہوں نے اس کی کوئی اطلاع نہیں دی۔

وزیر تعلیم۔ یہ ساری باتیں غلط بتا رہے ہیں طلبا کے بارے میں۔

میر عبدالباقی بلوچ۔ آپکے پریس میں ایک چھپا ہے ۔ آپ میرے ساتھ کراچی میں چلیں۔ وہاں چار مرے ہیں۔ (مداخلت) تو جناب والا انہوں نے طلبا کو مشتعل کیا ۔ غنڈوں کے ذریعہ بسوں میں آگ لگائی اور ڈویژنل کونسل مسلم لیگ کے دفتر میں جو اکونٹس کی الماری تھی اسکو آگ لگا دی اور نام طلبا کا ہوا ۔

جناب والا یہ ہے طلبا کا کردار۔ جس انداز سے طلبا سوچ رہے ہیں وہ یہ ہے کہ ویسٹ پاکستان سٹوڈنٹس لیگ کی طرف سے ان ہنگاموں کے دوران یہ بات شائع ہوئی وہ یہ کہتے ہیں کہ طلبا انتشار پھیلانا چاہتے ہیں--

"آج ہماری تحریک پندرھویں دن میں داخل ہو چکی ہے یہ موڑ ہمارے لئے نہایت ہی سوچ و فکر چاہتا ہے۔ اب منزل تک پہنچنے کے لئے ہمیں حالات اور ماحول پر گہری نظر رکھنا ہے۔ آج ہر طالب علم یہ سوچ رہا ہے کہ:

طلبا کی پر امن تحریک کن ذرائع اور وسائل کے ذریعہ اشتعال انگریزی اور ہنگامہ آرائی کی طرف موڑ دی گئی ہے؟

مقدس درسگاہوں اور متبرک عبادت گاہوں کی بے حرمتی کس لئے کرائی گئی؟ قابل احترام اساتذہ کا وقار کیوں مجروح کیا گیا؟

طلبا کی اندھا دھند گرفتاریوں کا کیا سبب ہے۔ کرائے کے غنڈوں سے بسوں کو جلوانے کا کیا مقصد تھا۔ امن اتحاد اور جمہوریت کے علمبردار طالب علموں کو تحریک کے آغاز ہی میں جیل کی آہنی دیواروں میں قید کر دینے اور ضمانت پر رہا نہ کیا جانا کس بات کی دلیل ہے؟

تشدد اور ہنگاموں کی حوصلہ افزائی کرنے والے عناصر آج تک آزاد ہیں۔ کیوں؟ کیا یہ سب اس لئے نہیں کہ طلبہ اور عوام کو زیادہ سے زیادہ مشتعل کرکے مظاہروں اور قانون شکنی پر ابھارا جائے؟

پاکستانی عوام اور بیرونی ممالک کو یہ تاثر کون دینا چاہتا ہے کہ ملک میں ہنگامی حالات پیدا ہو گئے ہیں۔"

جناب والا یہ ویسٹ پاکستان سٹوڈنٹس ایگ کراچی طلبا سے اپیل کرتی ہے۔

"آج پر امن طلبا اور عوام کی آواز کو انتشار پسندوں کے ذریعہ دبانے کی مسلسل کوشش کی جا رہی ہے اور

احساسات و جذبات کے اظہار پر چاقو چھریوں اور لاٹھیوں سے مسلح غنڈہ عناصر کو آزادانہ استعمال کیا جا رہا ہے تاکہ طالب علم اور پر امن شہری مشتعل ہوکر ملک میں ہنگامہ آرائی کے لئے بڑھیں اور استحکام۔ استقلال اتحاد اور یقین محکم کے دامن کو ہاتھ سے چھوڑ دیں۔

آج ہمارے صبر کا پیمانہ لبریز ضرور ہے مگر ہمیں ابھی اپنے صبر و استقلال کا مظاہرہ کرنا ہے تاکہ ہم یہ ثابت کر سکیں کہ ہم محب وطن اور جمہوریت پسند ہیں۔

جناب والا اس پمفلٹ کے ذریعہ طلبا نے خود طلبا سے اپیل کی ہے کہ وہ تشدد کا مقابلہ صبر سے کریں۔ تحمل سے کریں۔ تو کیا طلبا یہ چاہتے کہ اپنے وہ مطالبات خون ریزی سے حاصل کریں یا پر امن مظاہرے سے حاصل کریں۔ جناب یاسین وٹو صاحب وہاں تشریف لے گئے۔ ایک طرف ان کا ایک مطالبہ مانے بغیر لاہور بھاگ آئے۔ دوسری طرف سے حکم دے آئے کہ تمام یونیورسٹی۔ کالج اور سکولز بند رکھو تاکہ جو طلبا پڑھنا بھی چاہیں وہ بھی نہ پڑھ سکیں۔ جو طلبا مظاہرہ میں حصہ نہ لینا چاہیں وہ بھی ضرور حصہ لیں۔ یہ ایک سوچی سمجھی سازش تھی اور وہ سازش ناکام ہوئی۔ اور طلبا پر امن رہے۔ جناب والا یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ان دنوں ۶۰ کے قریب طالب علم انہوں نے گرفتار کئے۔ علی مختار رضوی کے ساتھ جو سلوک انہوں نے کورٹ میں کرایا وہ قابل صد افسوس ہے۔ شاہ حسن حسین کو پکڑ کر ابھی تک جیل میں رکھا ہوا ہے۔ سعید حسن کو بلا وجہ پکڑ کر جیل میں ٹھونسا ہوا ہے۔ یہ سب طالب علم راہنما ہیں۔ اور یہ فرماتے ہیں کہ ہم طلبا کے مائی باپ ہیں۔ یہ حکومت ایک طرف سے گوہر ایوب اور اختر ایوب کیلئے گلدستہ دیتی ہے اور دوسری طرف ہمارے بچوں کیلئے لاٹھیاں اور گولیاں اور ٹیئر گیس ہے۔ اور اس پر یہ دعوے کہ ہم مائی باپ ہیں۔ (مداخلت)

جناب والا انتخابات سے قبل اور انتخابات کے بعد میں کراچی میں تھا۔ کراچی میں مسلح غنڈوں کے ذریعہ پولیس اور کنونشن لیگ نے اور کراچی کی ایڈمنسٹریشن نے جس طرح مختلف علاقوں میں خوف و ہراس پھیلایا۔ غنڈہ گردی پھیلائی اس کی مثال شائد کہیں نہیں ملے گی۔ پہلے ہم یہ سنتے آئے تھے کہ پولیس اور انتظامیہ

لوگوں کی جان و مال کی حفاظت ہے۔ دنیا میں یہ انتظامیہ تصور اور پولیس کے متعلق تھا لیکن کراچی کے حادثات کے بعد مجھے یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ مغربی پاکستان میں پولیس اور انتظامیہ کا کام غنڈہ گردی کرنا۔ دہشت پھیلانا اور قتل و غارت کرنا ہے لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کرنا نہیں ہے۔ میں خود اس دوران میں وہاں موجود تھا۔ ڈرگ کالونی کے مہاجر ہمارے پاس آئے وہاں انہوں نے بتایا کہ کس طرح پاس کی بستی کے لوگوں کو گوہر ایوب صاحب نے بھڑکایا ہے کہ تم ان لوگوں کو قتل کرو۔ تمہاری جھگیاں ہیں ان کے مکانات ہیں۔ وہ جھگیاں تم چھوڑ دو اور یہ مکانات تمہیں الاٹ کروا دینگے۔ وہاں مسلح حملے ان پر ہوتے رہے۔ میں خود وہاں گیا دیکھا کہ مسلح لوگ آرہے ہیں اور پولیس کھڑی تماشا دیکھ رہی ہے۔ پوری سی۔ او۔ پی کمشنر کو ٹیلیفون کرتی ہے ڈی آئی جی۔ پولیس کو ٹیلیفون کئے۔ تھانے داروں کو ٹیلیفون کئے لیکن کوئی وہاں نہیں پہنچتا۔ کوئی نہیں جاتا۔ کورنگی میں آٹھ ٹرک غنڈوں کے بھرے ہوئے دن دھاڑے وہاں پھرتے ہیں۔ نعرے مارتے ہیں اور لوگوں کو قتل و غارت کرنے کی دھمکیاں دیتے ہیں۔ پولیس کو ہم ٹیلیفون کرتے ہیں سی۔او۔پی کی سنٹرل کمیٹی ٹیلیفون کرتی ہے۔ لکھم ہاؤس سے ٹیلیفون ہوتا ہے مگر پولیس کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ آخر کار غنڈوں نے لوگوں کے گھروں میں گھس گھس کر انہیں مارنا شروع کر دیا جس کی وجہ سے ایک بڑھیا جاں بحق ہوئی۔

جناب والا ۔ الیکشن کے بعد یہ غنڈہ گردی انتہا کو پہنچتی ہے۔ چنانچہ گوہر ایوب صاحب غنڈوں سے بھری ہوئی دو ٹرینیں وہاں لے آئے۔ اور ان کو گندھارا انڈسٹریز کے compound میں رکھا گیا۔ پلان یہ تھا کہ اگر ۲ جنوری کو حزب مخالف جیت گئی تو شہر بھر میں غنڈہ گردی شروع کرائی جائے۔ تاکہ مارشل لا declare ہو جائے لیکن افسوس کہ انہوں نے جیت کر اور دفعہ ۱۴۴ کے باوجود بھی کراچی کے شہر میں جلوس نکالے اور نعرے لگائے۔ اس وقت ان غنڈوں کا عالم یہ تھا کہ پستول ان کے ہاتھ میں تھے اور بندوقیں ان کے کندھوں پر تھیں۔ اور ایک عینی شاہد کی اطلاع کے مطابق جو وہاں خود موجود تھا۔ گوہر ایوب صاحب نے خود پستول سے لوگوں کو shoot کیا ہے۔

وزیر تعلیم - جناب والا - یہ بالکل غلط ہے -

میر عبدالباقی بلوچ - جناب والا - یہ میری بات تو سنیں - پریس کی ایک اطلاع کے مطابق وہاں ۲۷ آدمی ہلاک ہوئے ہیں -

وزیر تعلیم - جناب والا - معزز ممبر کی ایسی باتوں سے سارے ملک کی توہین ہے - اور ساتھ ہی عوام کی بھی توہین ہے - ایک شخص جو عوام کے انتخاب سے ملک کا صدر بنا ہے - یہ اس پر بھی aspersion ہے اور عوام پر بھی -

Mr. Senior Deputy Speaker: Order, Order.

وزیر تعلیم - کاش ہم میں یہ حوصلہ ہوتا کہ ہم عوام کے فیصلوں کو تسلیم کر لیتے - یہ جمہوریت کی بنیادی بات ہے -

میر عبدالباقی بلوچ - جناب والا - یہ عوام کا فیصلہ نہیں ہے -

وزیر تعلیم - جناب والا - میری گزارش یہ ہے کہ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ فاضل ممبر حضرات قانون کی حدود سے تجاوز کرنے نہ پائیں - کیونکہ ایسی باتیں کرنے سے معزز ممبر قانون کی حدود سے تجاوز کر رہے ہیں -

میر عبدالباقی بلوچ - جناب - قانون کی حدود سے تو یہ تجاوز کر چکے ہیں - کاش آپ قانون کی حدود جانتے ہوتے -

وزیر تعلیم - جناب والا - قانون کی حدود .....

Mr. Senior Deputy Speaker: You have denied that allegation. That's all. Please take your seat. Order ; Order. Mir Sahib, you have only eight minutes left.

میر عبدالباقی بلوچ - جناب سپیکر - وہاں اسی طرح گوہر ایوب صاحب نے کوئی اسی کے قریب قتل کرائے -

Mr. Senior Deputy Speaker: I expect that the member is making all these statements with full sense of responsibility.

Mir Abdul Baqi Baloch: Yes, Sir I was there and I was told each and every thing.

On a Point of Order Sir. - **مسٹر سلطان محمد اخوان**

جناب سپیکر - میں سمجھتا ہوں کہ کراچی کی گڑبڑ کے سلسلے ایک انکوائری کمیٹی بٹھا دی گئی ہے -

Mr. Senior Deputy Speaker: That is not a Point of Order. He should please take his seat.

مسٹر سلطان محمد اعوان — جناب یہ غلط الزام لگا رہے ہیں ۔ .....

وزیر تعلیم ۔ جنابہ والا ۔ معزز ممبر جس چیز کے متعلق ارشاد فرما رہے ہیں اور اتنی assertive allegations لگا رہے ہیں ۔ اس معاملے کے متعلق عدالتوں نے فیصلہ کرنا ہے ۔ لہذا اس طرح وہ غلط طریق پر اس ساری چیز کو پیش کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ابھی ابھی اس ایوان میں ایک لفظ استعمال ہوتا ہے جو غالباً آپنے نہیں سنا ۔ میں نے سنا ہے ۔ وہ لفظ غیر پارلیمانی ہے میرے دوست سلطان محمد اعوان صاحب نے .....*کا لفظ استعمال کیا ہے ۔ لہذا میں آپ کی وساطت سے ان سے درخواست کرونگا کہ وہ اسے واپس لے لیں ۔

مسٹر سلطان محمد اعوان — بہت اچھا جناب میں اسے واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: And this should be expunged from the record. Mr. Baqi should please continue his speech and wind it up.

میر عبدالباقی بلوچ ۔ جناب والا ۔ گجر نالہ میں انہوں نے ۳۶۰ گھر جلائے ۔ فردوس کالونی میں ۲۵ گھر جلائے ۔ اور لیاقت آباد میں ۱۵ گھر جلائے ۔ اس کے علاوہ لانڈھی میں بھی انہوں نے کئی گھر جلائے ۔ جو میں خود اپنی آنکھوں سے دیکھکر آیا ہوں ۔ اور اب وہاں لوگوں کی حالت یہ ہے کہ یہ جیتے ہوئے لوگ جو کنونشن لیگ سے تعلق رکھتے جب یہ ان کیلئے کھانا لیکر جاتے ہیں ۔ تو وہاں کے لوگ پکا پکایا کھانا واپس کر دیتے ہیں ۔ گجر نالہ میں میں بھی گیا ہوا تھا ۔ یہ جیتے ہوئے لوگ ان کیلئے پکا ہو کھانا لے کر گئے ۔ لیکن ان مصیبت زدہ لوگوں کی فطرت کا یہ عالم ہے کہ انہوں نے اسے کھانے کی بجائے یہ کہہ کر واپس کر دیا کہ ہم کنونشن لیگ کا کھانا نہیں کھائیگے ۔ بھوکے مرینگے لیکن تمہارا کھانا نہیں کھائینگے ۔ اگر مادر ملت کا کھانا آئیگا تو وہ کھائینگے ۔

*Expunged as ordered by Mr. Senior Deputy Speaker.

جناب والا ! انہوں نے ملک بھر میں جو غنڈہ گردی مچا رکھی ہے - اور ہر جگہ لوگوں میں جو نفرت کے جذبات پھیلا رکھے ہیں - ان کا ضرور کوئی نتیجہ برآمد ہو گا - آپنے کراچی اور ملک کے دوسرے حصوں میں لوگوں کا ناحق خون بہایا ہے میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ یہ خون ضائع نہیں کیا جائے گا - اس خون کا بدلا South Vietnam کی صورت میں ضرور نکلے گا -

Minister of Education : It is not a treasonable statement ? According to the Rules a member shall not make any statement which amounts to treason,

جناب والا ! یہ ویٹ نام کی بات بار بار دھرانا اور قوم کو اکسانا درست نہیں -

Mr. Senior Deputy Speaker : He is giving a reference to a historical incidence only.

(Interruptions)

میر عبدالباقی بلوچ — جناب والا - میں ان کو آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ آپ اس فتح پر اس قدر شادان نہ ہوں - آپ اپنے دل سے پوچھیں کہ کیا آپ واقعی فاتح ہیں - ذرہ ایک لمحے کیلئے ان حالات سے الگ ہو کر اپنے ضمیر کی آواز کو سننے کی کوشش کریں - اور پھر ہمیں بتائیں کہ واقعی آپ فاتح ہیں یا نہیں ایک آواز — ان کی ضمیر تو ہے ہی نہیں) (قہقہہ آپ یقیناً فاتح نہیں ہیں - کیونکہ آپ عوام کا اعتماد کھو چکے ہیں - لیکن اس کے باوجود آپ یہاں حکومت کی گدی پر بیٹھے ہیں - آپ جانتے ہیں کہ جو حکومت عوام کا اعتماد کھو کر ڈنڈے کے زور پر چلائی جاتی ہے - اس کا حشر کیا ہوتا ہے اور آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ جو لوگ الیکشن سے حکومت نہ بدل سکیں - وہ کن ذرائع سے حکومت بدلا کرتے ہیں -

Mr. Ahmad Mian Soomro (Jaccobabad) I) : Sir, today we are really meeting for the first time after a very decisive moment regarding the result of the Presidential election held on the 2nd January. We know, Sir, when we met here on the 21st December, 1964, my friends on my right here were so confident that they did not want even the adjournment motions to be postponed on that day giving the excuse that we were not prepared to reply for the misdeeds of this Government. They were so confident because they knew that the elections that were going on were to be held in a very fair manner. They knew that and they were confident because of the manner in which the elections were being conducted. But they did not realise that the people were not behind them. Still they were sure that after the 2nd January they would achieve their object which was nothing but the cult of power; they were confident and therefore they did not want that

even the adjournment motions should be postponed. But, Sir, seeing and realising the manner in which the elections were held, they realised—and while pollings were going on at various places their agents admitted that this was the fairest polling held since the creation of Pakistan. They were anxious to know the result, feeling confident that they would win. But, Sir, when after this very fair election the fairest even held in Pakistan so far as the polling is concerned—the result showed our victory by not only a small margin but by almost a majority of 22 thousands out of 80 thous nds. They should have taken this defeat with grace and swallowed this bitter pill after seeing the manner in which the election was conducted. Sir, the result of this election has proved that it is the Muslim League behind whom the masses are. The result has proved that the policy and the programme of President Ayub is desired by the people.

Khawaja Muhammad Safdar : Question.

Mr. Ahmed Mian Soomro : The result is that we *de facto* have *de jure* democracy today, whereas formerly we *de facto* had anything but democracy. It was merely on paper. We cannot forget the elections which some of these C.O.P leaders held in their days. Sir, we still remember the elections when Mr. Khuhro, at that time Chief Minister of Sind; had to face a bye-election in which he himself was a candidate from Shehdadpur. What happened on that day was that D.I.G. Police was posted there at the compound and no candidate was allowed to come within a furlong of the area where the candidates had to file their nomination. papers. One prospective candidate, an advocate named Faiz Muhammad, came there with the idea of filing a nomination paper and contesting the election. Now, if he had been allowed to come in he would have filed his nomination paper and there would have been elections which Mr. Khuhro and these champions of democracy wanted to avoid. So, he was bodily lifted, put into a bus and taken to a place twenty-five miles away in the jungle so that he could not come back. Is it not shameless ? Are these persons really proud of it ? Is that the type of democracy with which they want to mislead the people to day ? Sir, we Pakistanis have proved that we are not prepared to be misled and we have had sufficient of you. We want a system where we can really feel some progress where we can really feel some development, and this present Election Commission has proved and created a confidence in the people that they are capable of holding free and fair elections. Sir, the manner of elections and the rules they prescribed almost complied with the demands of the C.O.P. and in spite of that this is the result. I would appeal to them, take the decision of the people, take the decision of the people and respect it. Get ready for the next election after five years. Take the decision of the people now atleast. This is as far as election results are concerned. I am sure they will admit in their hearts of heart that during the elections there was complete freedom of speech and freedom of the press. They were, at the top of their voice, criticising and levelling undesirable language at the President. Let them at least give some credit to his patience that he tolerated all this. They do not realise that this Party has so much majority in the legislatures that if it desired it would have put another candidate and resorted to screening. But the President said 'No', let the people be given an opportunity, let them have the right and let them exercise that right in a free and fair manner to elect the Head of State as provided by the Constitution. And he has fulfilled his promise and faced the electorate who have once again reposed confidence in him.

Now, Sir, as far as the Supplementary Budget is concerned I would like to say a few things about that. The Supplementary Budget shows the efforts of the Government in the sphere of development. We have in this Budget a provision whereby it is proposed to have an Intermediate College in Miranshah and some backward areas. It shows the interest of the Government to cater for the educational needs of the backward areas. I feel it would not be out of place here if I brought it to the notice of the Education Minister that there is a demand for a College building in Jaccobabad district and he would kindly see that this legitimate demand of that area is fulfilled so that they may also join in the pace of development.

Sir, I must thank the Government for having provided in this Supplementary Budget a suitable amount for the rain and storm havoc in Hyderabad Division. They have provided Rs. 53,27,740 for that. In addition they have also made a provision for about a crore and a half for taccavi loan and about fifty lakhs for the improvement and repairs to roads in that area. Sir, this is really a commendable step.

In the sphere of development again they have made a provision for the construction of Kach Dam in Quetta. No doubt, the water-supply in Quetta is anything but satisfactory and this will be a well-spent amount.

As far as the Education Demand No. 6, is concerned we find an amount of twelve lakhs provided for the purpose of research. Sir, this is really a very welcome step through there is a bit of ambiguity which needs clarification from the Education Minister. It is supposed to be a non-recurring expenditure whereas on page '9' it says—

> "Owing to commitments of the AID for financing the Indus Basin Works, they have requested the Provincial Government to finance the recurring cost from this year. The Provincial Govrenment has, therefore, assumed responsibility and sanctioned a grant-in-aid of Rs. 12,00,000/-"

From this it appears that it is going to be a recurring cost from year to year but in the Demand it appears as a non-recurring item. I hope that the Education Minister would kindly clarify this.

In the field of development we find that they have provided for the establishment of an institute for Testing and Guidance. The Institute will judge the aptitude of students and find what out they are capable of. This is a step in the right direction. Another commendable step, of course, is the provincialisation of secondary education. This was along felt necessity and at least the Government has risen to the occasion and has provided for that.

Sir, as far as the Budget is concerned we find that the main item costing more than thirty two crores relates to State Trading. The Government propose the purchase the basic necessities of life to meet the demand of the public to bring down the prices of these items of necessities. It is really a commendabe step and I would congratulate the Food Minister for waking up in time and looking to this need. So far as State Trading in principle is concerned some defects are found in its working. As far as the rice policy is concerned I would bring it to the notice of the Government that in the rice procurement scheme which is a monopoly scheme in fact, it is only the Government which can purchase the Kangni and Joshi rice whereas in the former Sind they had in their monopoly scheme prohibited the transport of paddy by mechanised means.

Sir, this does not appear to have any sense in this age. I know of my district of Jacobabad, where areas are twenty and thirty miles away from the Mandis, and recently a number of trucks, bringing paddy from those far off places in order to reach the Mandis early rather than bring it by bullock carts, were held up at Jhatpat. The trucks were detained for a number of days. There are cases registered against the drivers and the goods at present stand confiscated. This demand was brought to the notice of the Food Department. The Deputy Commissioner, Jacobabad, has also moved, but there is no amendment yet in this. How ridiculous it is that people should be asked to bring their paddy from twenty and thirty miles by bullock carts and not by mechanized means. I hope Sir, the Food Minister would give his immediate attention to this.

The Food Minister should give his immediate attention to another factor also, which they have already. I understand, consulted the Central Government about, but still no decision has come in, namely, under their Monopoly Procurement Scheme, none of the rice mills are allowed to husk any paddy other than the type of kangni or joshi. Sir, the Government have, on the one hand, encouraged through its various schemes people to grow better type of paddy; for example Sir, a type of paddy known as Hansraj, and also called in our area as 'Sathri'

meaning sixty because it takes only sixty days to ripe. No Sir, that typeof paddy agriculturists have been encouraged to grow, but this Monopoly Procurement Scheme prevents them from taking them for husking. What are the agriculturists to do unless they husk the paddy into rice. How can they get a market. The Monopoly Procurement Scheme prevents the millers from husking that paddy without the permission. Now this is very difficult and since about a month back I had brought this to the notice of the Food Department, who have in turn consulted the Centre because this scheme are lates to Centre, but Sir, it is going to take bit too long. The agriculturists had been permitted to grow the improved variety. When they are asked to produce, they produce it and end up in fiasco. I would, therefore, request the Food Minister to please give this his immediate attention and depute a responsible officer to go there personally and see that within the next few days some decision is taken about this matter, which has created so much of uneasiness in that area.

Then comes the Co-operative Department Sir. Sir, there is no doubt that Government is putting in its effort as far as improving the co-operative movement is concerned. The Development Board is there, but Sir, there is one aspect, which requires a little more attention to e given and that is Sir, recovery of co-operative banks. Sir, the position of recoveries of the most important co-operative bank of Sind, the Sind Regional Co-operative Bank, is this that decrees of over about five crores of rupees are pending execution, since years, but they are not being executed. Recoveries are being postponed on one pretext or the other of course, I must say that they have realised this and brought about a change in the local administration of the co-operative department in that region, and I hope Sir, they will effect some method whereby an effective check is exercised to see that these amounts are recovered within the shortest possible time. This bank Sir, is in difficulty because of the slackness. They have asked the Government for a temporary loan of fifty lakhs of rupees, as was granted to them sometime ago by the Sind Government. I hope Sir, the Government would come to the rescue this area because this is the main bank financing the agriculture there, and advance this loan to them even for a short period of six months, so that they can really meet the needs of the agriculturists of that area. And this bank does need the special attention of the Government because it is functioning merely to finance the various co-operative societies in that area and not for individuals, who in turn must be helped if the economy of this country is to be stabilized when agriculture is the backbone of that area Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker: The member has taken more than twenty minutes.

Mr. Ahmed Mian Soomro: will take only three minutes more Sir.

Another situation, which is very alarming at present in that area, is Sir, the decision of the Government whereby they have imposed rice restriction within half a mile on each side of the so-called black top roads; black top roads whether cement or concrete this is something wild; but I presume Sir, the Government by that means all pucca roads. Now Sir, leaving half a mile on each side one square mile 640 acres will be going out of cultivation for every one mile of pucca road, because nothing else can grow. And there is non-perennial system of agriculture; there is waterlogging also in the areas, and this is the remedy for waterlogging. The remedy is worse than the malady. The result is that the people of such lakhs and lakhs of acres will have no source of livelihood, the Government will be losing in assesment and there would be shortage of food on the other hand. This is an aspect, Sir, which requires the immediate attention of Government, and this order should be immediately withdrawn or revised to the minimum area. On account of this order, the result is that people do not want pucca roads near their lands because they would be completely deprived of their livelihood. Sir this fact should be given immediate attention by the Government and the people of the former Sind, where rice is grown, must be saved from this great difficulty.

Haji Gul Hassan Mangi: (Sukkur I): Mr. Speaker, first of all I say something about the Presidential election, but I am sorry that the Members of the

Opposition are not here in the House. Before this election, whatever elections were held whether of President, Governor or the Prime Minister all were being fought in the palace. This is the first election in which 80,000 B. D. members have taken part, representing ten crores of people and I think this is the first time in the history of Pakistan that this election has been taken place in a fair condition and without an interference.

Now Sir, the Opposition candidates, especially of the COP, were given full opportunities to make propaganda, to take all the methods to get their candidate successful but they did not work sincerely and actively. What they did was that they first instigated the students and they thought that by doing this, they will succeed in the election. The other thing they did was that they came on the platform and openly abused the Muslim Leage leaders I have taken their names and I will tell the House; Mir Jafer Khan Jamali, who is the Chairman of the Council League for the Sind area, attended the meeting at Sukkur and openly abused us because we had held the support and were working for the President. Same was the case there in the Jacobabad District. By doing this, they let down Miss Fatima Jinnah. Those members, who were in her favour, went against her. If they want to take back the power, they can't take it by force.

They work and convince the people and get a majority of B. D. members with themselves and with all the public. Election was fair in the history of Pakistan. At the same time most of the officers work openly with them and none of the officers worked with us. I think, from this, they can be judged as to who is popular—Ayub is popular or they are popular.

Much has been said about the students. I say the demands of the students, if they are genuine, are being looked into by the Government. I would request the Education Minister to look into it and remove these grievances so that they may not get a chance for instigating the students.

Now, come to the Supplementary Budget. It is a good budget and provides something for the betterment of the people.

I specially speak of the Medical Department in the Khairpur Division. There are no medical facilities in Khairpur Division and these difficulties cannot be removed unless and until there are doctors. How can we provide doctors? This cannot be done unless and until you open more Medical Colleges. There has been a proposal that one Medical College should be opened at Sukkur It will help not only the people of Kahirpur Division but also Quetta Kalat and Bahawalpur. I have seen in papers that this college is being shifted to Bhawalpur and it is painful to us because at Multan there is already a Medical College which is only sixty miles away from Bahawalpur. This college is sufficient for these people and there is no college for the people of Kahirpur, Quetta and Kalat. I would request the Minister, specially my friend Mr. Ghulam Nabi Memon, that this Medical College should be opened at Sukkur instead of Bahawalpur because before this, in the days of Mr. Sanjrani, a site was selected.

I support Mr. Soomro regarding putting rice restrictions on half a mile radius pucca road in Sind. This is the only area where this restriction has been imposed and there is no such restriction in other parts of West Pakistan. The Government will not gain anything but lose crores of rupees as land revenue because this tract is such that there will be no other cultivation except the rice cultivation. I will say that Government should take immediate effect to remove this Ordinance.

Now, Sir, another thing I would like to bring to your notice and to the notice of the Rilway Minister, who is not present here, is the Railway Department. This department is not functioning properly. Up to this time the Railway Department has not made any proper arrangement for the drainage of water at Rohri Station. It is being collected on low level near the national highway from Karachi to Lahore and in a few days time this road will come under water and the passage will be blocked and there will be absolutely no passage for the people to travel on this highway road from Karachi to Lahore and *vice versa* and other

parts of West Pakistan. I would request the Minister sitting here to convey this message to the Minister-in Charge to take immediate action other-wise there will be no way to go to Karachi.

Third thing. I said in my speech about the Education Department. There is much corruption in the Education Department. The root cause of this corruption is the Director of Education, Hyderabad Region. I have received so many complaints and applications and I have forwarded them to the Minister of Education, Mr. Muhammad Yasin Khan Wattoo. The Director does not recommend any grant to any college or school unless and until something is paid to him. Such complaints and applications I have forwarded to Mr. Wattoo for information and necessary action in the matter. I would request him to take immediate action and shift this gentleman from Hyderabad in order to purify the Education Department in Hyderabad Division.

Registration Department. Generally, the documents are written in Sindhi and are presented to the Sub-Registrars for registration but they are not being returned to the parties within one or two years with the result that the parties are very much worried. When they approach the office, they say that they have got no staff. I had written one D. O. to Mr. Habib Ullah Khushak, Inspector-General of Registration and Director of Settlement. He replied that he made a reference to the Government for additional staff of about 17 clerks and inspite of the fact that two years have passed, they have not given any sanction. I would request the Finance Minister to take immediate action and supply staff to him otherwise people are very much troubled and worried. They are going daily, twice a week at least, to the Sub-Registrars. It is said that about 53 lacs of rupees have been given to the flood affected people in the Hyderabad area. This amount is very meagre and their loss extends to about 5 or 6 crores of rupees. So, I say, the Government should give at least 2 crores of rupees to those people.

Now, I come to another important thing. The people of Sind are crying that private public should be allowed to ply their buses on the nationalised route alongwith the Government buses. On the contrary, the Government have not heard them. They have allowed their own buses to ply on the one road on which public buses are plying from Shikarpur to Guddu.

They should allow the public to ply their buses on the nationalised routes alongwith the Government buses since this is being one in Punjab and other parts of West Pakistan. On the one hand they say that they are unifying the laws and on the other they are not doing this thing. They should make a uniform policy for West Pakistan and allow the public to ply their buses on the nationalised routes. I would request the Minister to keep this thing in view.

امیر حبیب اللہ خان سعدی (لائلپور۔) صاحب صدر۔ حکومتوں کی طرف سے میزانیہ پیش کرنا محض رسم کی حیثیت نہیں ہوتی کہ چند اعداد و شمار اور ان کی فہرستیں چھاپ دی جائیں بلکہ جس مطلب کے تحت مصارف کئے جاتے ہیں وہ بھی زیر بحث ہوتا ہے تاکہ ہر وہ مجلس جو میزانیہ کے معاملے میں پورے اختیارات رکھتی ہو وہ ان پر اپنی رائے کا اظہار کرے انکو رد کرے یا قبول کرے۔ لیکن ہم اس عجائب روزگار آئین کے تحت کام کر رہے ہیں، جس میں سارا نظام ایلہ فریبی سے چلایا جا رہا ہے۔ ان دو احباب نے مل کر ہمارے میزانیوں کو محض تکلفات بنا دیا ہے اور انہیں عوام اور ایوان ہر دو کے احتساب سے آزاد کر دیا ہے۔ مجھے حیرت ہوتی ہے کہ یہاں ہمارے بڑے بڑے ذمہ دار دوست جب

اپنے ممدوح کی تعریف کرنے پر آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ سب ٹھیک ہے ۔ آئین اتنا اچھا ہے منصفانہ انتخابات کا ذکر کیا جا رہا ہے ۔ لیکن اس بات کا ذکر نہیں کیا جاتا کہ اس آئین کی رو سے میزانیہ پر بات کرنے کی کتنی اجازت ہے ۔ اس ایوان کے صوبہ کے اخراجات اور محاصل پر کیا اختیارات ہیں ۔ اور پھر جس طرح برسر اقتدار پارٹی اپنے اندر حق کی آواز کو دبانے کی کوشش کرتی ہے اس سے یہ سب کچھ مذاق بن کر رہ جاتا ہے ۔

صاحب صدر ۔ اس دور میں پراپیگنڈہ کی ان روایات پر عمل کیا جا رہا ہے جو ہٹلر کے دور میں گوئبلز نے قائم کی تھیں ۔ یعنی یہ کہ جھوٹ بولو ۔ بار بار بولو ۔ اور اتنے زور سے بولو کہ لوگ اسے سچ سمجھنے لگیں ۔ تو ہمارے واجب الاحترام ملک قادر بخش صاحب اس مسلک میں اس ایوان کے امام ہیں ۔ وہ ہر سفید کو سیاہ سیاہ کو سفید بنا دیتے ہیں ۔ مجھے ان سے انتہائی محبت بھی ہے اور ان سے ہمدردی بھی ہے ۔ وہ قبر کے کنارے پر پہنچ گئے ہیں ، مگر یہ نہیں سوچتے کہ وہ عامۃالناس کی کمائی کس بے دردی اور کس دھڑلے سے صرف کئے جا رہے ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ وہ اس معاملہ میں ضرور میری تائید کریں گے کہ اس تمام طریق کار پر یہ مثل صادق آتی ہے کہ چہ دلاوراست دزدے کہ بکف چراغ دارد ۔

ہمارا یہ میزانیہ جو اتنے تکلف سے پیش کیا جا رہا ، ہم تو اس سے یہی سمجھتے ہیں کہ وزیرخزانہ صاحب ۳۲۰ ، ۵۹ ، ۱۸ ، ۳۸ روپے کی رقم مزید خرچ کرنی ہے ۔ یہ میں نہیں کہہ سکتا کہ آخر میں یہ ۳۲۰ کا عدد کیوں خواہ مخواہ لکھا گیا ہے ۔ اس سے کم کر دیتا یا زیادہ کر دیتے اور پھر یہ بھی محض تکلف ہے کہ ایوان رائے بھی دے ۔ حالانکہ گذشتہ تین سال سے وزراء کا عمل یہ رہا ہے کہ جب بھی ہم نے میزانیہ پر تعمیر کے نقطہ نظر سے تنقید کی ، وزیر صاحبان نے کہا یہ ہمیں گالی دے رہے ہیں ۔ اصل بات صرف یہ ہے کہ وزرائے کرام اپنی بے اختیاری کو چھپانے کے لئے یہ تمام بہانے تراشتے رہے ہیں ۔ اس سے پہلے بھی اسلام کی تاریخ میں ایک ایسا دور گزر چکا ہے ۔ علامہ اقبال رح نے کسی جگہ کہا ہے ۔

چنیں دور کم آسماں دیدہ باشد
کہ مومن پرستد کافر و تراشد

امیر معاویہ کے دور میں احتساب کرنے والے ابوذر غفاری رض کو انتشار پسند کہا گیا اور نظر بند کر دیا گیا اور وہ مرتے دم تک وہیں رہے ۔ پھر معاویہ کے بعد یزید حکمران ہوا اور اسلام پر وہ ابتلا کا دور آیا کہ آج تک ہم اس کے اثرات سے نکل نہیں سکے ۔ تمام تاریخ اس بات پر نوحہ کناں ہے کہ حق بات پر پہرہ بٹھایا گیا اور پراپیگنڈہ کے ذریعہ شرانگیزی کو زیادہ کیا گیا ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اسلام کا ایک ننگا دور شروع ہو گیا ۔

میں وزیر صاحبان کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا کہ فضول خرچی کو فضول خرچی کہنا ، یا اسراف کو اسراف کہنا ، یا عوامی روپیہ ضائع کرنے پر آپ کی خدمت میں کچھ گذارشات پیش کرنا گالی نہیں ہوتا ۔ بہر حال ہم نے اپنا فرض ادا کرنا ہے ۔ کرتے رہیں ہیں اور کرتے رہیں گے ۔ اگر کوئی میزانیہ عوام کی مشکلات سے بے نیاز ہو کر بنایا جائے ، تو وہ حکمران اپنی مرضی تو پوری کر لیں گے ، مگر عوام کو اطمینان نہیں ہو سکے گا ۔ سب سے بڑی تکلیف دہ بات میزانیہ کے امور میں یہ رہی ہے کہ وزیر صاحبان وعدہ کرتے رہے ہیں اور وعدہ کرتے وقت بھی انہیں معلوم ہونا تھا کہ ٹرخا رہے ہیں ۔ ان کا منشا اپنے کسی وعدہ کو پورا کرنا نہیں ہوتا تھا ۔ میں انہیں یاد دلاؤں گا کہ پہلے اجلاس میں میزانیہ پیش کرتے وقت جب انہوں نے ٹیکس میں اضافہ کیا تھا ، تو ہم نے یہ گذارش کی تھی کہ جو چھوٹے مالکان ہیں ، جو کم لگان دیتے ہیں ، ان کے لگان میں اضافہ نہ کیا جائے ۔ اس وقت ایوان میں ملک قادر بخش صاحب اور خان پیر محمد صاحب نے وعدہ کیا تھا کہ وہ ایسے لوگوں کے لگان میں اضافہ نہیں کریں گے ۔ مگر چھ ماہ بعد جب ان غریبوں کے لگان کی وصولی کے لئے کاغذات آئے اور انہیں تنگ کیا گیا تو وزیر صاحبان نے کہا کہ اس وقت ہم نے حساب غلط لگایا تھا ۔ حالانکہ کسی بھی باعزت اور خود دار حکومت میں یہ بات دیکھنے میں نہیں آئی کہ وعدہ پورا نہ کیا جائے اور اس قدر غیر ذمہ داری کے ساتھ ٹرخا دیا جائے ۔ چھوٹے ملازمین کی تنخواہیں بڑھانے کے لئے کہا گیا ۔ گرانی کو دور کرنے کے لئے کہا گیا ۔ وہ ہر روز اخبارات میں دیکھتے ہیں ۔ ہر ایک کو معلوم ہے کہ بازار میں کیا بھاؤ چیزیں ملتی ہیں ۔ مگر لطف کی بات یہ ہے کہ جو لوگ ملک کی حکومت پر چھاپہ مار کر بیٹھ گئے ہیں ، وہ کہتے ہیں یہاں گرانی نہیں ہے ۔ یہاں دوسرے

ملکوں سے چیزیں زیادہ سستی ہیں - میں ایسے حضرات کے متعلق یہی کہہ سکتا ہوں کہ وہ احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں - اگر دوسرے ملکوں میں مہنگائی ہے تو ان کا آمدنی کا معیار بھی بہت اچھا ہے - یہ دوسرے ملکوں کا حوالہ دے کر ہمارا منہ بند کرنا چاہتے ہیں - حالانکہ وہاں بے روزگار کے مصارف کی حکومت ذمہ دار ہے - مگر یہاں حکومت ان کی ذمہ دار نہیں -

اور بڑھاپے کی پنشن - لیکن یہاں تو کچھ اور ہی طریقوں سے سرمایہ اکٹھا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے - لیکن وہ بھی چند خاندانوں کے لئے ہیں - باقی عام آبادی اسی فیصد یا پچاسی فیصد——قطع کلامی——

میں میزانیے کی بات کرتا ہوں - ملک صاحب یہ آپکی سمجھ سے باہر ہے - مجھے تکلیف کے ساتھ کہنا پڑتا ہے - کہ آپ چھانگا مانگا کے قوالوں کے انداز نہیں بھولے - اور اسی طرح ہاتھ ہلا رہے ہیں -

صاحب صدر - میں گذارش کر رہا تھا - کہ یہاں الفاظ اور وعدوں اور پراپیگنڈوں کے ذریعے سے سبزباغ دکھائے جاتے ہیں - لیکن عوام کی مشکلات کا کوئی حل تلاش نہیں کیا جاتا - گرانی کو دور کرنے کے لئے اور چھوٹے ملازمین کی تنخواہیں بڑھانے کے لئے عملاً کچھ نہیں کیا جاتا - اگر ان لوگوں کا پیٹ سبز باغوں سے نہ بھرے - اور پریشانیاں زیادہ پیدا ہوں - تو پھر ہمیں کالے باغ دکھائے جاتے ہیں - یا پھر یہ ہوتا ہے - کہ بڑی بڑی کتابیں چھاپ کر اس ایوان کے سر پر مار دی جاتی ہیں- اور کہا جاتا ہے - کہ آپ نے جو کچھ کرنا ہے - کر لیں - ہم نے جو کچھ کرنا تھا - وہ کر دیا ہے - میں یہ عرض کرونگا - کہ گرانی سے بے اطمینانی پیدا ہوتی ہے - اور معاشرے میں اس قدر عدم توازن پیدا ہوتا ہے - لیکن آپ لوگوں پر اس کا اثر نہیں ہوتا - آپ لوگ جو کہ فارغ البال ہیں - حکومت پر قابض ہیں - آپکو وہ معاملات در پیش نہیں آتے - آپ اس کا اندازہ صحیح طور پر نہیں کرسکتے - گرانی سے بے اطمینانی ، بدعنوانی اور رشوت کا اتنا لاسدور چکر چلتا ہے - جو ہم اپنی آنکھوں کے سامنے روزانہ دیکھتے ہیں - لیکن میرے محترم وزیر خزانہ تو یہی کہیں

گے - کہ ''یہاں تو سب اچھا ہے'' کیونکہ ان کو سب کچھ ملتا ہے - کیونکہ یہ تو مزے سے کھاتے پیتے ہیں -

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) - میں تو اتنا کم کھاتا ہوں۔ اگر آپ اتنا کم کھائیں - تو مر جائیں -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - اس لئے کہ زیادہ کھانے کی وجہ سے آپ کو بد ھضمی ہو جاتی ہے - تو میں یہ گذارش کر رہا ہوں - کہ جن عوام کا نام یہ بدنام کرتے ہیں - حالانکہ عوام انکے ساتھ نہیں ہیں - وہ تو اسی پچاسی فیصد ہیں - اسی پچاسی ہزار نہیں ہیں - وہ آپکے ساتھ نہیں ہیں - کیونکہ آپ ان کے ساتھ نہیں ہیں - کیونکہ آپ نے آج تک ان کی مشکلات کو حل کرنے کی کوشش نہیں کی - یہ ٹھیک ہے - کہ چمک دمک دکھانے کے لئے آپ نے چند عمارتیں کھڑی کردی ہیں - وہ بھی صرف نشانیاں دکھانے کے لئے - حالانکہ وہ تو ہمارے سب کے لئے عذاب ہیں - قصہ مختصر یہ ہے - ہم نے اس ایوان میں ابتدا ہی میں یہ عہد کیا تھا - کہ ہم اس آئین کی حفاظت کریں گے - اس میں ہم صاف تھے - کہ آئین میں جو اچھی باتیں ہیں - انکی تکمیل کی حمایت کریں گے - اور جو غلط باتیں ہوں - ان کی اصلاح کی کوشش کریں گے - اور ان کا تنقیہ کریں گے - تاکہ ان کی خامیاں دور ہوں - لیکن یہ حقیقت ہے - کہ یہ ایوان ان دونوں باتوں میں بری طرح ناکام رہا ہے - اس ایوان کے قانون سازی کے اختیارات کو آرڈیننس سازی نے شل کردیا ہے - اور یہ ایوان کچھ نہیں کرسکا - اور میزانیوں کے معاملے میں آئین کی خامیوں نے ہی اس ایوان کو دس بارہ فیصد میزانیہ پر اظہار رائے کا موقع دیا - گویا یہ کہا گیا - کہ یہ ایوان دراصل ساری آبادی کا نمائیدہ نہیں ہے - بلکہ صرف دس بارہ فیصد کا نمائندہ ہے - تو ہم اس خامی کا بھی کوئی تدارک نہیں کرسکے - ہم نہیں سمجھتے - کہ اس ایوان نے ان دونوں معاملات میں اس صوبے کی کونسی خدمت کی ہے - یہی قانون سازی اور میزانیے کی تعین دو اہم امور تھے - ان میں ہم نے اپنا جو کچھ بھی کردار ادا کیا ہے - وہ صرف یہ ہے - کہ ایک فرد واحد کے آمرانہ اختیارات کا

کھلونا تو اس ایوان کو بنادیا ۔ لیکن ہم نے اپنے فرض کو قطعاً نہیں پہچانا ۔ اس صورت میں اس موجودہ میزانیے پر عرض کرتے وقت مجھے سمجھ نہیں آتی ۔ کہ اس معزز ایوان اور اراکین کو کس طرح دعوت فکر دوں ۔ کہ وہ اپنے ضمیروں میں جھانک کر دیکھیں ۔ اور یہ اندازہ کریں ۔ کہ مستقبل کا مورخ ان کے عمل کو اور ان کے کردار کو کن الفاظ میں لکھے گا ۔ صاحب صدر میزانیہ کی تقریر میں محترم وزیر خزانہ نے ایک فقرہ لکھا ہے ۔ کہ ''جیسا کہ ایوان کو علم ہے ۔ کہ صوبے کے بعض علاقوں میں طوفان باد و باراں اور شدید بارشوں کی وجہ سے بے پناہ نقصان پہنچا ہے'' ۔ لیکن میں ان سے گذارش کرونگا ۔ کہ تیس، اکتیس دسمبر ۶۴ء اور یکم جنوری ۶۵ء کو جو سیلاب اس تمام صوبے میں آیا ۔ اسکا انہوں نے ذکر نہیں کیا ۔ وہ سیلاب کیا تھا ۔ وہ تمام سچائیوں کو بہا کر لے گیا ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ تمام برائیوں کو ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ اگر برائیوں کو بہا لے جاتا ۔ تو یہاں کوئی بھی نظر نہ آتا ۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی ۔ اسی لئے تو آج تھوڑے نظر آرہے ہیں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ صدر محترم ۔ صدارتی انتخاب اگرچہ اصطلاحاً اور قانوناً اس صوبے کی ذمہ داری نہ تھی ۔ اور وہ حکومت کے مقرر کردہ کمیشن کی ذمہ داری تھی ۔ لیکن ہماری صوبائی حکومت نے ایک فریق کی امداد کے لئے صوبائی خزانے کا جو روپیہ ضائع کیا ہے ۔ اس کا اس ہنگامی مد کے مصارف میں بھی کوئی حساب نہیں ۔ شاید وزیر خزانہ صاحب میری بات نہیں سمجھے ۔ میں ان سے آپ کی وساطت سے دریافت کرتا ہوں ۔ کہ دو مہینے انتظامیہ صوبائی خزانے سے جو تنخواہ لیکر ایک فریق کی امداد میں لگے رہے ۔ وہ روپیہ کس کے کھاتے میں ڈالا ہے ۔ یا آپ قوم کا غبن کر چکے ہیں ۔ یا وہ انتظامیہ کر چکی ہے ۔ میں اس کو Misappropriation of public fund کہتا ہوں ۔ اور میں الزام لگاتا ہوں ۔ کہ یہ تمام روپیہ جو فرد واحد کے مفاد پر خرچ کیا گیا ہے ۔ وہ قوم کے خزانے میں خیانت ہے ۔

وزیر تعلیم- آپ بہت سی نا درست باتیں فرما رہے ہیں -

وزیر خزانہ - وہ تو اکثر نا درست باتیں کہتے رہتے ہیں -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جہاں تک انتخابات کا تعلق ہے - سرکاری پارٹی کے بہت سے اصحاب نے بھی اس بات کو تسلیم کیا ہے - کہ بی - ڈی کے پہلے جو انتخابات ہوئے ہیں وہ بھی انتخابات کا منہ چڑانے والی بات تھی - لیکن ہمارے ملک کےصدر صاحب کہتے ہیں - کہ خلفائے راشدین کے عہد میں بھی ایسے شاندار انتخابات نہیں ہوئے صاحب صدر - میں آپ کو یقین دلاتا ہوں - کہ اگر یہاں اسلام کی حکومت قائم ہوتی - تو اس شخص کو یقیناً سزا دی جاتی - جو اتنا بڑا جھوٹ بولتا ہے ::: قطع کلامی::: میں اپنے اعمال کی سزا بھگتوں گا - اور وہ اپنے اعمال کی - ایسا نہیں ہے - کہ جو قوم کی چھاتی پر مونگ دلتا رہے - اور پھر بھی دندناتا پھرے - میں محترم عباسی صاحب کی تقریر کو دلچسپی سے سنتا رہا ہوں - میں نے کوشش کی - کہ اس میں سے سچائی کا کوئی حرف تلاش کروں - لیکن مجھے افسوس ہے - کہ مجھے اس میں سخت ناکامی ہوئی - کیونکہ وہ یہ نہ بتاسکے - اور وہ دوسروں کا حوالہ تو دیتے رہے - لیکن وہ ہمیں یہ نہ بتا سکے - کہ آٹھ اکتوبر ۵۸ء کو مسٹر ایوب خان صاحب اپنے کس جمہوری طریقے سے پاکستان پر قابض ہوئے - وہ کونسا جمہوری طریقہ تھا - آیا یہ امانت میں خیانت نہیں ہے - کہ وہ جس کام پر مقرر کیا گیا تھا - وہ اسے چھوڑ کر ملک پر قابض ہوگیا -

صاحب صدر - تاریخ اس بات کو ریکارڈ کریگی کہ سابق گورنر جنرل مسٹر غلام محمد مرحوم کے وقت جو سازش پختہ کی جا رہی تھی - وہ ۱۹۵۸ء کی اکتوبر میں پوری کی گئی - آپکی جمہوریت یہ ہے جس پر آپ فخر کرتے ہیں - صاحب صدر جو منافقت اور گندم نما جو فروش کا مطلب اس ملک میں نوک سنگین ہے اور قومی خزانہ لٹانے سے اور دھونس سے اور دھاندلی سے یہاں جو منافقت کا مسلک قائم کیا گیا ہے اور طرہ ڈالی گئی ہے میں سمجھتا ہوں کہ علامہ اقبال نے شاید ایسی صورت حال کے متعلق کہا تھا -

یاد کر اوم کہ از ابلیس باشد:::
یاد گر ابلیس بہر امتحان عقل و دین

نیکن میں آپ کو ایک دیہاتی کی بات بتا دیتا ہوں کہ ہمارے ہاں ایک انتخابی ادارے کے دیہاتی رکن نے جب گرد و پیش کے حالات دیکھے - فوج اور پولیس کی سرگرمیاں ملاحظہ کیں تو اس نے کہا ''اے الیکشن تے نہیں - ایبہہ تے ڈاکہ اے'' یہ عوام کا تاثر ہے جس پر آپ فخر کرتے ہیں - میرے ایک دوست نے بہت تعریف کی ہے - میں ان کا اسم گرامی عمداً نہیں لیتا لیکن مجھے ان کی بات سے اسلامی تاریخ کا ایک واقع یاد آ گیا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بھائی جو امیر معاویہ کے ساتھ مل گئے تھے اس سے لوگوں نے پوچھا کہ آپ کیا کرتے ہیں تو آپ کہتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ بڑے نیک ہیں۔- بہادر ہیں - اور زیادہ بہتر ہیں اور نماز کا لطف بھی ان کے پیچھے آتا ہے لیکن کھانے کا لطف امیر معاویہ کے دستر خوان پر ہی آتا ہے - (تالیاں)

مسٹر اجون خان جدون (مردان ۴) — جناب سپیکر - پاکستان بننے کے بعد تاریخ اس بات کو ریکارڈ کرے گی کہ ۱۹۵۸ء تک اس ملک میں جس طریقے سے پارلیمانی نظام رائج رہا ہے - جس طریقے سے انتخابات ہوئے یا انتخابات کی صرف تیاریاں کرتے کرتے سال ہا سال گزر گئے تھے - اور اس بات کی بھی تاریخ شہادت دے گی کہ ۱۹۵۸ء میں جب صدر ایوب نے فوجی انقلاب لایا اور حکومت پر قبضہ کیا اسکے بعد پہلی دفعہ جب ۱۹۶۰ء میں آئین کو نافذ کیا اور ان اسمبلیوں کے انتخابات ہوئے اس وقت لوگوں کو احساس ہوا کہ یہ انتخابات غیر جانبدارنہ اور صحیح طریقے پر ہوئے ہیں - میرا خیال ہے کہ اس سے آپوزیشن کا ایک بھی ممبر انکار نہیں کر سکے گا کیونکہ یہ خود بھی منتخب ہو کر آئے ہیں -

اسکے بعد جناب سپیکر جب موجودہ صدارتی انتخاب کا سلسلہ شروع ہوا تو آپوزیشن کو پورا موقع فراہم کیا گیا کہ وہ عوام کے سامنے اپنے پروگرام پیش کریں اور اپنے نظریئے پیش کریں اور انتخاب لڑیں - چنانچہ انہوں نے ایسے ہی کیا اور عوام نے فیصلہ ان کے خلاف دیا - اب میں بڑا حیران ہوں اور آج راؤ خورشید صاحب عبدالباقی بلوچ صاحب اور دیگر آپوزیشن کے ممبران کی زبانی تقریریں سنیں - مجھے سن کر بڑا دکھ ہوا کہ اتنے اتنے سفید جھوٹ بول گئے ہیں - میں سن کر حیران ہوا کہ یہ مولانا غلام غوث صاحب کی داڑھی سے بھی زیادہ سفید جھوٹ ہے ::::::

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر—جھوٹ غیر پارلیمانی لفظ ہے آپ اور لفظ تلاش کریں۔

وزیر خزانہ—ان کا مطلب "غلط بیانی" ہے—جھوٹ غلطی سے کہدیا ہے۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی— صاحب صدر میں احتجاج کرتا ہوں کہ مولانا کی داڑھی کو انہوں نے جھوٹ کہا ہے۔

مولانا غلام غوث—یہ مجھے زیر بحث لانا چاہتے ہیں۔ (ہیئر۔ ہیئر)

خان اجون خان جدون — جناب سپیکر میں حیران ہوں کہ جب پریذیڈنٹ الیکشن ہو رہا تھا۔ میں خود بھی ایک نظریئے سے تعلق رکھتا ہوں۔ میں خود بھی کام کرتا رہا ہوں بالکل جھوٹی افواہیں اٹھتی تھیں۔ میں حیران تھا کہ یہ کدھر سے آتی ہیں۔ کبھی افواہ پھیلتی کہ پریذیڈنٹ صاحب نے کروڑوں روپیہ ووٹروں میں تقسیم کر دیا ہے۔ ہم جب کسی ووٹر کے پاس جاتے تھے۔ بعض کمزور دل کے ووٹر بھی ہوتے تھے وہ کہتے کہ فلاں لوگ آئے تھے کیا روپیہ تو تقسیم نہیں ہوا۔ ہم نے کہا بھائی روپیہ کا تو سوال نہیں یہ تو نظریہ کا سوال ہے۔ اسی طرح کبھی کہتے کہ پریذیڈنٹ صاحب بھاگ گئے ہیں انکے بیٹے بھاگ گئے ہیں اس قسم کی غلط افوائیں پھیلانا آپوزیشن کی عادت تھی۔ اب بھی جبکہ وہ الیکشن ہار گئے ہیں وہ جھوٹے الزام لگا رہے ہیں یعنی غلط الزام لگا رہے ہیں۔ کراچی کے فسادات کے متعلق وہ کہتے ہیں کہ گوہر ایوب نے یہ کیا ہے۔ گوہر ایوب نے وہ کیا ہے یہ تو صرف دو نظریوں میں اختلاف تھا۔ الیکشن دو آدمیوں کے درمیان نہیں تھا۔ کچھ لوگ اس بات کے حامی تھے۔ آپ لوگوں کے پراپیگنڈے سے۔ آپ لوگوں کی کوششوں سے۔ آپ لوگوں کے جلسے جلسوں سے کہ ملک میں پارلیمانی نظام ہونا چاہئے۔ کچھ لوگ اس بات کے حامی تھے کہ ملک میں صدارتی نظام اس لئے ہونا چاہئے کہ پچھلے ۶ سال سے یہ نظام چل رہا ہے۔ اسکے نتائج برآمد ہو چکے ہیں۔ صرف ان دو نظریوں پر اختلاف تھا۔

اس کو ہوا دینا ٹھیک نہیں ہے۔ اور جب الیکشن ہو چکے ہیں اور عوام نے فیصلہ دے دیا ہے جبکہ ۲۸ ہزار ووٹ آپ حاصل کر چکے ہیں اگر حکومت کی ساری مشینری جسطرح آپ کہتے ہیں کام کرتی تو آپ کیا ۲۸ ہزار ووٹ حاصل کر لیتے ؟ تحصیل صوابی اور ضلع مردان ان کوششوں کا گڑھ تھا وہاں پر ہم نے کام کیا ہے۔ جس طریقے سے ہم نے کام کیا ہے اور جس طریقے سے لوگوں کو سمجھایا ہے اور جس طرح رات دن بھاگتے رہے ہیں اس کے متعلق ہم اچھی طرح جانتے ہیں۔ میں بڑا حیران ہوں کہ یہ کہتے ہیں کہ افسران نے یہ سب کچھ کیا ہے ہم نے کچھ نہیں نہیں کیا ہے۔ یہ ہم نے کیا ہے۔ لوگوں نے کیا ہے جو اس نظریہ سے اتفاق کرتے تھے انہوں نے عوام کو سمجھایا ہے ووٹروں کو سمجھایا ہے الیکشن سے پہلے بھی سمجھایا ہے کہ آپ ایسے لوگوں کو ووٹ دیں جو اس نظریہ کے حمایت کرتے ہیں۔ میں حیران ہوں کہ اتنی سفید غلط بیانی۔ جھوٹ نہیں کہتا کیونکہ سپیکر صاحب نے اسے غیر پارلیمانی قرار دے دیا ہے۔

جناب سپیکر : میں ایک اہم بات کی طرف آپکی توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جوش خطابت میں ہمارے بعض ممبر صاحبان نے عوام کو آکسانے کی ایک اور تحریک نکالی جیسے کبھی لبنان کا حوالہ دیتے ہیں۔ کبھی جنرل عبود کا حوالہ دیتے ہیں۔ میں حیران ہوں وہاں کے واقعات اور حالات اور ہیں اور یہاں کے واقعات اور حالات اور ہیں۔ وہاں الیکشن نہیں ہوئے تھے۔ وہاں یہ چیز نہیں ہوئی تھی۔ یہاں پریذیڈنٹ صاحب اگر ڈکٹیٹر شپ کرنا چاہتے تو ان کو کیا ضرورت تھی کہ الیکشن کراتے۔ لیکن الیکشن کرنے کرانے کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ وہ ضرور ہار ہی جائیں۔ اگر عوام مخالف کے حق میں فیصلہ دیں اور وہ جیت جائے۔ تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ آپ بغاوت کی باتیں کرنا شروع کر دیں۔ اس وقت حزب اختلاف کے لوگ بغاوت کی باتیں کر رہے ہیں۔ جو میرے نزدیک ملک کی کوئی خدمت انجام نہیں دے رہے۔

جہاں تک Strong Opposition کی ضرورت کا تعلق ہے۔ میں سمجھتا ہوں یہ کسی جمہوری ملک میں نہایت ضروری ہوتی ہے۔

آپ اپنے خیالات عوام کے سامنے پیش کریں ۔ اگر اس دفعہ نہیں جیتے ۔ تو ممکن ہے اگلی دفعہ جیت جائیں ۔ اور ممکن ہے عوام بھی آپ کا ساتھ دیں ۔ لیکن اس قسم کی باتیں کرنا کہ جناب یہ ہو جائیگا ۔ ملک میں بغاوت ہو جائیگی ۔ فلانا یہ ہو جائیگا اور ڈھمکانا وہ ہو جائیگا ۔ میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ اس طرح حزب مخالف والے ملک کی کوئی خدمت نہیں کر رہے ۔ اس لئے میں ان سے پر زور اپیل کرتا ہوں کہ وہ عوام کی صحیح خدمت کرنے کی کوشش کریں ۔ عوام کو صحیح راستے پر ہی رہنے دیں ۔ ان کو غلط راستے پر ڈالنے کی کوشش نہ کریں ۔ الیکشن تو وہ پھر حال ہار چکے ہیں ۔ چنانچہ اب انہیں اپنی شکست تسلیم کرنا چاہئے ۔ اور عوام کا رجحان بغاوت کی طرف نہ موڑنا چاہئے ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں ضمنی بجٹ کے متعلق اپنی معروضات مختصراً پیش کرونگا ۔ یہ ضمنی بجٹ جو جناب وزیر خزانہ نے پیش کیا ہے ۔ یہ ہمارے ملک کے ذرائع اور ضروریات کے پیش نظر ایک بہت ہی اچھا بجٹ ہے ۔ اس میں حیدرآباد کے مصیبت زدہ اور طوفان زدہ لوگوں کی امداد کے لئے جو رقم رکھی گئی ہے ۔ وہ قابل ستائش ہے

جناب سپیکر ۔ ہمارا ملک ایک Developing ملک ہے ۔ اس میں تعلیم کی ترقی کی طرف توجہ دے کر جو اقدامات کئے گئے ہیں وہ نہایت موزوں ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ حکومت نے ڈسٹرکٹ کونسل ہائی سکولوں کو اپنی تحویل میں لینے کا جو فیصلہ کیا ہے ۔ میں اس کے متعلق ایک گزارش کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔ وہ دیہات میں بعض ایسے پرائیویٹ ہائی سکول چل رہے ہیں جو ڈسٹرکٹ کونسلیں نہیں چلا رہیں۔ بلکہ انہیں وہاں کے لوگ چلا رہے ہیں۔ حکومت کو ان کی طرف توجہ دیکر انہیں بھی اپنی تحویل میں لینا چاہئے۔ کیونکہ اکثر یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل والے تو اپنے فنڈز میں سے کچھ نہ کچھ دے سکتے ہیں۔ لیکن بیچارے غریب اسی طرح afford نہیں کر سکتے۔ اس ضمن میں میں تحصیل صوابی کے موضع لاہور کی مثال پیش کرتا ہوں جہاں ایک ہائی سکول پرائیویٹ طور پر چل رہا ہے ۔ اسے کامیابی سے چلانے کیلئے ضروری ہے کہ حکومت اسے اپنی تحویل میں لے لے۔ آپکو یاد ہوگا کہ پچھلی دفعہ اسی اسمبلی میں اس پر بحث بھی ہوئی تھی ۔

جناب سپیکر — دوسری گذارش میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ تحصیل صوابی کے پہاڑ کے دامن میں جو علاقے وہاں Irrigation Survey آج تک ٹھیک طور پر نہیں ہوا۔ اور نہ ہی وہاں آبپاشی کی کوئی سکیم مرتب کی گئی ہے۔ اسمبلی میں میں جب بھی سوال کرتا ہوں تو مجھے اکثر اس کا غلط جواب ملتا ہے۔ حالانکہ وہاں Primary Survey ہو چکا ہے۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ وہاں شنائی کے مقام پر Shanai Dam تعمیر کیا جا رہا ہے۔ لیکن مجھے جواب ہمیشہ یہی دیا گیا ہے کہ وہاں کوئی سروے نہیں ہوا۔ البتہ ایک دفعہ جواب میں یہ بھی کہا گیا کہ سروے ہو رہا ہے۔ یہ واپڈا بھی جناب ایک عجیب محکمہ ہے۔ وہاں کے اہل کاروں کو اپنے کاغذات کا بھی پوری طرح علم نہیں کہ کونسے کاغذات کس چیز سے متعلق ہیں۔

جناب سپیکر۔ آبپاشی ہماری بنیادی ضرورت ہے۔ کیونکہ اکثر علاقے ایسے ہیں جہاں اب لوگ افیون کی کاشت کرتے ہیں۔ مگر اب اس پر بھی پابندی لگائی جا رہی ہے۔ میں یہ واضح طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر وہاں آبپاشی نہ ہوگی تو وہاں کے لوگ کونسی Cash Crop پیدا کر سکیں گے۔ لہذا میری گذارش ہے کہ اس معاملے پر خصوصی توجہ دی جائے۔ اور وہاں ایک سروے ٹیم بھیجی جائے تاکہ تحصیل صوابی کے پہاڑی علاقوں اور ان کے آس پاس میدانوں میں جو غیر آباد رقبہ ہے اس کی طرف توجہ دی جا سکے۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) — جناب والا! میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں۔

Sir, I want to extend the time.

جناب عرض یہ ہے کہ ابھی بہت ممبران نے تقاریر کرنا ہیں عام طور پر اس ہاؤس کا اجلاس ڈیڑھ بجے ختم ہو جاتا ہے۔ لیکن میں چاہتا ہوں کہ ہم اڑھائی بجے تک کام کریں۔ یعنی میں ارکان کار کو ایک گھنٹہ extend کرانا چاہتا ہوں۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا! چونکہ میرے محترم دوست نے ایک جگہ جانا ہے۔ جہاں ان کی Commitment ہے۔ اس لئے مجھے اعتراض نہیں کرنا چاہئے۔ در اصل انہوں نے شاہی مسجد جانا ہے۔ اور یہی ان کی مجبوری ہے۔

وزیر خزانہ — خواجہ صاحب آپ کو خواہ مخواہ کیوں شک ہو رہا ہے کیا میں شاہی مسجد نہیں جا سکتا۔ میں تو چاہتا ہوں کہ اگر آپ بھی میرے ساتھ چلیں تو اور بھی اچھا ہو۔

خواجہ محمد صفدر — بڑی مہربانی - بہر حال جناب۔ اڑھائی بجے تک ٹھیک ہے -

مولانا غلام غوث — جناب سپیکر - درمیان میں نماز کا وقت آ رہا ہے - اس کا خیال رکھ لیا جائے -

Mr. Senior Deputy Speaker : Is there any objection to the extension of time.

Voices :- No). There is no objection. Time is extended up to 2-30 p. m.

راجہ غلام سرور (راولپنڈی - ۲) — جناب سپیکر - میں آپکی وساطت سے اس معزز ایوان میں حالیہ پیش کردہ بجٹ اور صدارتی انتخاب کے متعلق چند گذارشات پیش کرونگا -

جناب والا ! میرے پہلے سے دوستوں نے اس معزز ایوان کے ہر دو جانب سے صدارتی انتخاب کے متعلق خیالات کا اظہار فرمایا ہے - میرے خیال میں اگر معزز ممبران اپنے اپنے علاقے کے حالات پیش کرتے تو زیادہ اچھا ہوتا - کیونکہ اس طرح ایک دوسرے سے اصل حقیقت کا پتہ چل سکتا تھا۔ میرے خیال میں اپنے علاقے کے حالات کو میں ہی اچھی طرح جانتا ہوں۔ اور میں ہی انہیں اس معزز ایوان میں بہتر طور پر پیش بھی کر سکتا ہوں۔ کیونکہ ان کی حقیقت سے میں اچھی طرح واقف ہوں -

جناب صدر۔ ہماری Opposition side کے دوستوں کا در اصل کوئی قصور نہیں بلکہ یہ سارا قصور ان کے رپورٹروں کا تھا جو اپنی رپورٹوں میں انتہائی غلط بیانی سے کام لیتے رہے ہیں۔ مثلاً ہمارے مری اور کہوٹہ کے علاقے میں C O P والوں نے ایک موقع پر یہ اعلان کیا کہ نوے فیصد لوگ ہمارے حق میں ہیں۔ جس کی میں بار بار تردید کرتا رہا - اور جناب۔ ہمارے ہاں راولپنڈی میں متحدہ محاذ کے اعلیٰ رکن جناب منٹو صاحب تھے۔ جنہوں نے یہ فیصلہ کر رکھا تھا کہ متحدہ محاذ کی کامیابی کی صورت میں وہ وزیر اعلیٰ کا عہدہ سنبھالیں گے۔ تو جناب ان کے پاس ان رپورٹروں کی جو رپورٹ بھی آتی وہ سراسر غلط ہوتی۔ چنانچہ یوم انقلاب کے موقع پر عوام سے ایک اپیل کی گئی۔ اس وقت ابھی ہماری بنیادی جمہورتوں کے انتخابات نہیں ہوئے تھے تو عوام نے بیک آواز اعلان کیا کہ ہم پسماندہ لوگ اس حکومت کے ساتھ تعاون کرینگے۔ کیونکہ انقلابی حکومت سے پہلے ہمیں ان لوگوں۔ ان پرانے سیاہ کاروں سیاستدانوں نے کبھی پاکستان کا حصہ ہی تصور نہ کیا تھا۔ لیکن اس انقلابی

حکومت نے پچھلے عرصہ چھ سال میں ہمارے لئے جو کچھ کیا ہے وہ پاکستان کی ساری عمر میں کسی نہ نے کیا تھا۔

جناب صدر— میں نے اسمبلی کے ابتدائی اجلاس میں میں نے اپنی مورخہ ۲۲ جون ۱۹۶۲ء کی تقریر میں جناب فیلڈ مارشل محمد ایوب خان اور نواب کالا باغ ملک امیر محمد خان۔ گورنر مغربی پاکستان کا شکریہ ادا کیا تھا کہ انہوں نے اپنے عہدوں کا چارج سنبھالتے ہی فوری طور پر پسماندہ علاقوں کے حقوق کے تحفظ کی طرف قدم بڑھایا۔ اس سے قبل جو حکومتیں بھی آئیں۔ میں خاص طور سے اپنے علاقے کے حالات بیان کر رہا ہوں۔ ان کو مال روڈ کے سوا اور کسی جگہ کا علم ہی نہ تھا ۔ چنانچہ ان مہربانیوں کے پیش نظر مورخہ ۲۷ اکتوبر کے اعلان کے مطابق عوام نے اپنے نمائندے اور ممبران صرف اس وعدے پر چنے تھے کہ ہم موجودہ حکومت کے ساتھ تعاون کرینگے۔ جس کا ثبوت بفضل ربی مورخہ ۲ جنوری کو بھی عوام کے سامنے آیا۔ اور COP کے ہمارے وہ دوست جو اکثر غلط بیانیاں کیا کرتے تھے۔ خود ہی تسلیم کرنے پر مجبور ہو گئے کہ واقعی وہ غلطی پر تھے۔ چنانچہ اب وہ سب اپنی غلط بیانیوں پر شرمندہ ہیں ۔

جناب صدر— ہمارے ہاں صدر کے انتخابات میں کہوٹہ تحصیل میں ۹۰ فیصد اور مری میں ۹۰ فیصد ووٹ صدر کے حق میں ڈالے گئے۔ (تالیاں) ۔

مری کا result کہوٹہ سے اس لئے کم نکلا کہ مال روڈ کے زیادہ تر لوگ شہر سے تعلق رکھتے تھے۔ اس لئے انہوں نے ہمارے ساتھ اتفاق نہ کیا۔ ورنہ ہمارا result تو cent per cent رہتا۔ لیکن اگر خدا نخواستہ صدر کے انتخابات کا نتیجہ متحدہ محاذ کے اعلانوں کے مطابق ہوتا تو ہم مورخہ ۲ جنوری کے بعد یہاں بیٹھنے کی بجائے کسی اور جگہ پہنچے ہوتے۔ اس لئے میں اپنے دوستوں سے کہونگا کہ اگر ان کے اپنے اپنے علاقوں کے کوئی مخصوص حالات ہیں تو وہ ضرور یہاں بیان کریں لیکن سب کو جھوٹا نہ کہیں۔ اور نہ ہی سب کو بدنام کریں ۔ یہ حقیقت ہے کہ موجودہ حکومت نے پسماندہ علاقوں کے حقوق کا کافی تحفظ کیا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اس حکومت نے ہم پس ماندہ علاقوں کے لوگوں کو خرید لیا ہے ۔ جس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ ہم انشا اللہ تازیست ان کے ساتھ تعاون کرینگے ۔

کیونکہ ہمارے ہاں نہ تو طبی سہولتوں کا انتظام تھا ۔ نہ تعلیم کا بندوبست تھا ۔ اور نہ ہی ذرائے آمدورفت کا کوئی مکمل بندوبست تھا ۔ اب رفتہ رفتہ تمام انتظامات اچھے طریقہ پر ہو رہے ہیں ۔ ہم یہ تو نہیں کہتے کہ ہمارے علاقہ کو کراچی کی طرح بنا دیا گیا ہے ۔ البتہ یہ ضرور ہوا ہے ۔ کہ ہماری بساط کے مطابق اعلے انتظام کیا جا رہا ہے ۔ اور ہر مقام پر ایسا ہی ہو رہا ہے ۔ مخالفین نے محض بدنام کرنے کے لئے غلط باتیں پھیلائی ہیں ۔ یہ لوگ کہتے تھے ۔ کہ اخبارات پر پابندی ہے ۔ نوائے وقت ایک ایسا اخبار ہے جس پر کوئی پابندی نہیں رہی C. O. P. کے لمبے چوڑے مضامین اس میں شائع کئے گئے ۔ جو کچھ کسی کے ذہن میں آیا ۔ اس میں لکھ دیا ۔ کسی نے کچھ نہیں کہا اب جو نتیجہ آپ کے سامنے آیا ہے ۔ دیکھ کر آپ کو یقین ہو گیا ہوگا کہ حقیقت کیا ہے ۔ تمام مغربی پاکستان میں کوئی ایک بھی نہ خشگوار واقعہ پیش نہیں آیا ۔ چنانچہ عباسی صاحب کی طرح میں بھی چیلنج کرتا ہوں C.O.P. کے ایک ایجنٹ نے تو یہ تحریری طور پر لکھ کر دیا ہے ۔ کہ ہمارے علاقہ مری کہوٹہ میں جس طرح الیکشن ہوا ہے ۔ پاکستان تو پاکستان دنیا بھر میں کسی جگہ اب الیکشن ممکن نہیں جیسا کہ ہمارے علاقہ میں ہوا ہے ۔ جناب والا ! میں زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا صرف اپنے دوستوں سے اتنا عرض کروں گا ۔ کہ ہمارے علاقہ کے متعلق یہ بات صحیح ہے ۔ اور اس میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہیں ۔ مجھے متحدہ محاذ والوں نے کہا تھا تم دو تاریخ کے بعد کہاں جاؤ گے تو میں نے کہا تھا کہ میں گھوڑا گلی کا رہنے والا ہوں ۔ اور انشاء اللہ یہیں رہوں گا ۔ اپنے علاقہ میں میں نے صدر صاحب کے الیکشن کے لئے جتنا چیلنج کیا تھا ۔ اس سے ۵ فیصدی زیادہ ہی ووٹ ملے ہیں ۔ یہ حقیقت ہے کہ موجودہ حکومت نے عوام کو اختیار دے دیا ہے ۔ اور اب وہ اس قدر بیدار ہو چکے ہیں کہ انہیں کوئی غلط راستہ پر نہیں لگا سکتا ۔ وہ زمانہ چلا گیا ۔ جب کہ اس علاقہ میں بڑے بڑے لوگ کروڑھا روپیہ خرچ کرکے لوگوں کو بھیڑ بکری کی طرح استعمال کرتے تھے اور ان کے ووٹ لیتے

تھے ۔ اب بنیادی جمہوریت کے تحت عوام کو جو اختیارات ملے ہیں ۔ ان کے تحت اسی ۸۰ ہزار نمائندوں کو اختیار دیا گیا ہے ۔ کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار کریں ۔

کراچی ۔ لاہور اور ایسے ہی دوسرے بڑے شہروں میں تو اس قسم کے اختلافات ہوتے رہتے ہیں ۔ کیا مری کے متعلق بھی آپ نے کبھی کچھ سنا ہے ۔ یا کوہاٹ یا گوجر خان کے متعلق بھی کبھی کچھ سنا ہے کہ وہاں کوئی جھگڑا ہوا ہے ۔ وہاں لوگ قبیلوں میں رہتے ہیں وہ ایک دوسرے کی عزت کرتے ہیں ۔ اور دوسرے شہروں سے آنے والوں کو خوش آمدید کہتے ہیں ۔ میں ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ! ہمارے علاقہ کے ایک صاحب بڑا عہدہ حاصل کرنے والے تھے ۔ لیکن موجودہ الیکشن کے نتائج سے ان کو تازیست یہ صدمہ رہے گا ۔ کہ ان کا خواب پورا نہ ہو سکا ۔ اور کبھی صدر نہیں بن سکیں گے ۔ یہ منٹو صاحب جو جگتو فرنٹ کی طرف سے وہاں کام کر رہے تھے ۔ اور مری کہوٹہ میں اپنا تسلط جمائے ہوئے تھے ۔ اب انہیں معلوم ہوگیا ہے ۔ کہ عوام بیدار ہو گئے ہیں ۔ ان کو اس حکومت نے ہی بیدار کیا ہے ۔

جناب والا ! اس کے بعد اب میں ضمنی بجٹ کے متعلق اپنی گذارشات پیش کروں گا ۲۲-۶-۱۹۶۲ کو میں نے اپنی معلومات کے مطابق جو گذارشات پیش کی تھیں اور جو مطالبات پیش کئے تھے ۔ اب وہی باتیں جگتو فرنٹ نے وہاں پیش کی ہیں ۔ بفضل الٰہی مباحثات کی کتاب میں میرے وہ تمام مطالبات درج ہیں ۔ اس سے پتہ چلتا ہے ۔ کہ جو کچھ وہ اب کہنا چاہتے ہیں حکومت اس سے پہلے ان تمام باتوں پر غور کر چکی ہے ۔ اس بات کے لئے میں حکومت کا شکریہ ادا کروں گا ۔ کہ ہمارے علاقہ میں موجودہ حکومت نے بہت کچھ کیا ہے ۔ جناب وٹو صاحب نے وعدہ کیا تھا ۔ ان کو میں پھر وہ وعدہ یاد دلاؤں گا ۔ کہ مری کالج کو ڈگری کالج کا درجہ دیا جائے ۔ وہاں کے لوگ بڑے غریب ہیں ۔ وہ پنڈی کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے ۔ وہ دیہاتی لوگ ہیں ۔ شہروں میں نہیں رہ سکتے ۔ ان کے حالات شہر والوں سے مختلف ہوتے ہیں ۔ اس لئے میں جناب وزیر خزانہ اور دوسرے متعلقہ افسران کی خدمت میں گذارش کروں گا ۔ کہ ہمارے دیہاتی بھائی جو شہر کی فضا سے

دور رہنا چاہتے ہیں ۔ ان کے لئے اس علاقہ میں ڈگری کالج بنا دیں ۔ بچے اپنے ماں باپ کے پاس رہ کر اپنے ماحول کی تربیت حاصل کر سکیں گے ۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان) — تسیں ان پڑھ ای چنگے او ۔

راجہ غلام سرور — بہت اچھا جی ۔ محترمی جناب ملک (قادر بخش) صاحب نے ہم پر انتہائی مہربانی فرما کر ایک حکم صادر کیا تھا ۔ کہ ہمارے جلانے کے لئے ایندھن مہیا کیا جائے ۔ ان کی اس مہربانی کے لئے ہم بہت مشکور ہیں ۔ لیکن میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔ کہ مقامی افسران نے ہمیں ایندھن مہیا نہیں کیا ۔ اور ہماری تکلیف رفع نہ ہو سکی ۔ میں جانتا ہوں ۔ کہ سب افسران ایک ہی خیال کے نہیں ہوتے ۔ ان میں سے بعض C. O. P. سے متفق تھے ۔ لیکن بعض ایسے تھے جن پر ہم فخر کر سکتے ہیں ۔ انہوں نے نہ تو ہمیں غلط راستے پر جانے دیا ۔ اور نہ ہی دباؤ سے کام لیا ۔ اسی لئے وہ مبارک باد کے مستحق ہیں ۔ کیونکہ انہوں نے کسی سلسلہ میں کوئی مداخلت نہیں کی ۔

جناب والا ! ۲۲-۶-۱۹۶۲ کو میں نے درخواست کی تھی ۔ کہ ہمارے پس ماندہ علاقہ میں لوگ عام طور پر مزدوری کرتے ہیں ۔ ان کے لئے کوئی ذریعہ معاش نہیں ۔ اس لئے اس علاقہ میں کوئی فیکٹری ہونی چاہئے ۔ جس طرح کہ جلو فیکٹری ہے ۔ موجودہ منصوبہ بندی میں اس بات کا خیال رکھا جائے کہ جب ہر جگہ ترقی ہو رہی ہے ۔ ہمارے علاقہ میں بھی ترقی ہونی چاہئے ۔ وہاں برف کی وجہ سے بڑی مشکلات پیدا ہو جاتی ہیں ۔

جناب والا ! آباؤ اجداد سے ہم کوہستانی ہیں ۔ اور اللہ اللہ کرنے والے ہیں ۔ ۹۰ فیصد لوگ نماز اور روزہ کے پابند ہیں ۔ وہ شہروں میں نہیں آنا چاہتے ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا ۔ کہ ان کے لئے اسی علاقہ میں ترقی کی جائے ۔ اور آئندہ ترقی کے منصوبوں میں اس بات کو خاص طور پر ملحوظ خاطر رکھا جائے ۔ نیز ۲۲-۶-۱۹۶۲ کو جو میں نے درخواست

کی تھی اس پر دوبارہ غور کیا جائے اور ایک High Power Commission کی رپورٹ کے مطابق ہمارے علاقہ کی ترقی کے لئے سوچا جائے ۔

سردار محمد حسین (لاہور ۔ ۲)—جناب والا ! اس ضمنی بجٹ کی بحث کے دوران میں ہمارے اپوزیشن لیڈر صاحبان نے یہ الزام لگایا ہے کہ صدارتی انتخاب میں بڑا تشدد ہوا ہے بڑی سختی کی گئی ہے اور اسی وجہ سے صدر ایوب کو کامیابی ہوئی ہے اور دوسری پارٹی کو شکست ہوئی ہے لیکن حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے ۔ میں لاہور ڈسٹرکٹ مسلم لیگ کا پریزیڈنٹ ہوں ۔ ہم نے صدر ایوب کو اپنی یہ آواز پہنچائی تھی کہ بی ڈیز کے انتخابات میں لیگ کے ٹکٹ دئے جائیں تو انہوں نے اسے تسلیم نہیں کیا اور انہوں نے یہ فرمایا کہ اس میں لیگ دخل نہیں دے سکتی اگر لیگ اس میں دخل دیگی تو شاید اس میں نقص پڑجائے ۔ اس الیکشن میں عام کو فیصلہ کرنا چاہئے اسکے بعد جب انتخاب ہوئے اپوزیشن پارٹی نے مطالبہ کیا کہ ووٹنگ خفیہ رائے شماری کے ذریعہ ہو ۔ صدر صاحب نے اس کو منظور کر لیا اور حقیقت یہ ہے کہ جب الیکشن ہوئے تو خفیہ رائے شماری ہوئی اور وہاں کس قسم کی کوئی بدعنوانی نہیں ہوئی ۔ میں یہاں لاہور میں ایجنٹ تھا ۔ جسٹس اقبال نے جو الیکشن کمیشن کے ممبر تھے ہم سے پوچھا اور انہوں نے ہماری اپوزیشن پارٹی کے ایجنٹ سے خاص طور پر پوچھا کہ یہاں کیا بدعنوانیاں بے ضابطگیاں اور سختیاں ہوئی ہیں تو انہوں نے کہا کہ یہاں بہت منصفانہ الیکشن ہوا ہے کسی قسم کی کوئی بات نہیں ہے لہذا ہمارے اپوزیشن پارٹی کے بھائی صاحبان جو کچھ کہہ رہے ہیں کہ الیکشن میں بدعنوانیاں ہوئی ہیں صحیح نہیں ہے ۔ ہمارے اپوزیشن کے بھائیوں کو معلوم ہونا چاہئے کہ عوام پاکستان کے جگتو فرنٹ سے بیزار تھے وہ یہ نہیں چاہتے تھے کہ غلط لیڈر چنیں ۔ خدا کا شکر ہے کہ خدا نے پاکستان کو صدر ایوب کا ایسا مخلص لیڈر دیا اور پاکستان میں کیا دنیا میں اس کی تعریف ہو رہی ہے اور دنیا اس کی تعریف کرتی ہے ۔ وہ دنیا کے بہترین لیڈروں میں تصور کئے گئے ہیں اور ایشا کے بڑے فیڈر تصور کئے گئے ہیں ۔ پاکستان میں خدا کا شکر ہے کہ وہ ہر لحاظ سے بہترین ہیں ۔ ان کی فارن پالیسی کا دنیا

کے لوگوں کے دل میں پاس و ادب ہے ان کی فارن پالیسی صحیح ثابت ہوئی ہے اور میں تو یہ عرض کرتا ہوں کہ ہندوستان جو ہمارا سب سے بڑا دشمن ملک ہے اس سے پوچھیئے کہ صدر ایوب کے صدر منتخب ہونے سے ہندوستان میں رونا پڑ گیا ہے ماتم پڑ گیا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے بھائیوں کو اپنی شکست کا اعتراف کر لینا چاہئے اور انہیں بہادر بن کر اپنی شکست کا اعتراف کر لینا چاہئے اور یہ تسلیم کر لینا چاہئے کہ عوام کا جو فیصلہ ہے وہ صحیح فیصلہ ہے - اگر تھوڑے ووٹ ہوتے تو کوئی بات نہ تھی - صدر ایوب تو ۲۰-۲۱ ہزار ووٹ زیادہ حاصل کر کے کامیاب ہوئے ہیں - میں یہ عرض کرتا ہوں کہ عوام کے ذہن صحیح ہیں انہوں نے صحیح فیصلہ کیا ہے اور وہ جانتے ہیں کہ صحیح لیڈر کون ہے - اور جناب والا - میں یہ بھی عرض کرونگا کہ صدر ایوب صورت اور سیرت ہر لحاظ سے بہترین لیڈر ہیں - انہوں نے بار بار کہا ہے کہ اسلامی قوانین بنیں میں دستخط کرنے کیلئے تیار ہوں اس سے زیادہ وہ اور کیا کہہ سکتے ہیں - خدا کا شکر ہے کہ اس موقع پر قوم نے یہ فیصلہ کیا جب کہ ہمارے یہاں لیڈروں کا فقدان ہے - یہ مسلمہ بات ہے کہ ۱۸ سال میں ہمیں کوئی لیڈر نہ مل سکا -

جناب صدر - وقت اب بہت تھوڑا ہے اور نماز کا بھی وقت آ گیا ہے - لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان بن چکا ہے - پاکستان میں سب سے پہلے ایسے قوانین بنائے جائیں جن سے معاشرہ کی اخلاقی حالت درست ہو سکے اور معاشرہ کی اخلاقی حالت تب ہی بہتر ہو سکتی ہے کہ جب اسلامی آئین بنوایا جائے اور جو جرائم اور بدکرداریاں ہو رہی ہیں ان کو ختم کیا جائے - یہ کام اچھا کیا کہ رنڈیاں یہاں سے اٹھادیں لیکن ساتھ ہی یہ بھی ہونا چاہئے کہ دوسری عورتوں کا جو مطالبہ صحیح ہے اس کو بھی منظور ہونا چاہئے کہ دوسری عورتوں کی بدکرداری کو بھی قانون کے ذریعہ روکا جائے -

سردار عنایت الرحمان خان عباسی — سردار صاحب وہ تو یہاں آ گئی ہیں -

سردار محمد حسین — میں عرض کرتا ہوں کہ یہ بدکرداری مستقل طور پر بند کی جائے اور وہ اس طرح کہ سخت قوانین بنائے جائیں ۔ اسلام میں بڑے سخت قوانین موجود ہیں اس پر عمل کرنے سے ملک کی حالت بہتر اور درست ہو سکتی ہے ۔

اسکے بعد جناب والا میں عرض کرونگا کہ ۸۵ فیصدی ہماری آبادی دیہاتی ہے ۔ دیہاتوں کی حالت کو درست کرنے کیلئے ہمارے وزیر صاحبان بہت کوشش کر رہے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ بنیادی طور پر درست ہونا چاہئے ۔ سابق پنجاب میں بھی ایسا ہے کہ لوگوں کا زمینداری پر انحصار ہے لیکن زمینیں نہیں ہیں ۔ ایک ایک گھر میں آٹھ آٹھ دس دس آدمی ہیں اور ان کے پاس ۳ ، ۴ ، ۶ سے زیادہ گھماؤں نہیں ہوتے ۔ اس طرح ان کو ذریعہ معاش کی بڑی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اگر انکو بیراجوں میں زمینیں دے دیجائیں تو بہتر ہے بیراجوں میں ایسی زمینیں ہیں جنہیں زمینداروں اور مزارعوں میں آسان قسطوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے اور اسطرح خوراک کا مسئلہ جلد حل ہو جائیگا ۔ اگر یہ زمینیں نیلام کے ذریعہ دیجائیں گی تو نیلام میں بڑی بڑی قیمتوں پر یہ زمینیں جائیں گی اسطرح خوراک کا مسئلہ حل نہیں ہوگا ۔

اسکے بعد جناب والا میں اب اپنے علاقہ کی طرف آتا ہوں ۔ جناب والا میرا حلقہ نیابت چونیاں ہے وہ علاقہ کا بہترین شہر ہے ۔ اکبر بادشاہ کے زمانے کا یہ قدیم شہر ہے لیکن اب یہاں الو بول رہے ہیں وہاں کی حالت بہت ناگفتہ بہ ہے ۔ میں نے کئی دفعہ اسکے متعلق آواز اٹھائی ہے کہ وہاں کے لوگ بہت غریب ہیں جب ہندوستان والے نہر کا پانی بند کر دیتے ہیں تو یہاں کے لوگ بیکار ہو جاتے ہیں ۔ ہمارے علاقہ میں جلد سے جلد صنعتی مرکز قائم کئے جائیں ۔ ملک صاحب کا بجلی کا محکمہ بہت شاندار کام انجام دے رہا ہے لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارے علاقے میں یعنی ضلع لاہور میں بجلی نہیں پہنچی ہے وہاں بہت بدعنوانیاں ہیں اگر کوئی رشوت دے دیتا ہے

تو اسکو بجلی ملجاتی ہے اور جو نہیں دیتا وہاں بجلی نہیں پہنچتی - خاص طور پر اٹھار کے علاقہ میں بجلی کا انتظام بہت ناگفتہ بہ ہے وہاں لوگ پیٹ پر پتھر باندھ کر گزارہ کرتے ہیں -

اسکے علاوہ زرعی قرضے ہیں اسکی Limit محدود ہے - جن کے پاس ۱۰۰ ایکڑ یا دو سو ایکڑ زمین تھی انکو قرضے دئے گئے ہیں تا کہ وہ ٹیوب ویل لگا سکیں - ہونا تو یہ چاہئے کہ جو چھوٹے زمیندار اور جو چھوٹے ٹکڑوں کے مالک ہیں اور چھوٹے مزارع ہیں انکو زرعی قرضے دئے جائیں تا کہ وہ ٹیوب ویل لگا سکیں اور ٹریکٹر لینا ہو تو خرید لیں -

اسکے بعد جناب والا میں یہ عرض کرونگا کہ ہمارے علاقہ میں تعلیمی حالت بہت ناگفتہ بہ ہے - ہمنے پتوکی میں ۱۲ جماعتیں اپنے خرچ پر کھولی ہیں - میں ایجوکیشن منسٹر صاحب سے عرض کرونگا کہ وہ مغربی پاکستان کے باقی علاقوں کیطرح ہمارے علاقہ میں بھی تعلیم کا اچھا انتظام کریں اس لئے یہاں پتوکی میں ایک کالج گورنمنٹ ایسا کھولے اور اس کو اپنی تحویل میں لے اور وہاں پڑھائی کا انتظام ہونا چاہئے - اس کے علاوہ تھڑڑ علاقہ میں جناب والا ایک گاؤں ہے جس کے پندرہ پندرہ بیس بیس میل تک کوئی ہائی سکول نہیں ہے وہاں لوگوں کے حالات بڑے ناقص ہیں تو میری گذارش ہے کہ وہاں ہائی سکول بڑی جلدی کھولا جائے اور ماجھے کے علاقے میں پڈھانہ میں بھی ایک ہائی سکول کھولا جائے - تو ان حالات کے تحت میں عرض کروں گا کہ ہمارے علاقے کے متعلق وزیر تعلیم صاحب کو خاص توجہ دینی چاہئیے اور اس کے بعد میں آخری عرض کرونگا کہ ہماری سڑکوں کی حالت بڑی ناگفتہ بہ ہے - ہمارے علاقے میں پختہ سڑکوں کی کمی ہے علاقہ ٹھاڑ میں سیم اور تھور کی بیماری ہے - کوئی دربائی علاقہ ہے کنگن پور سے فتح محمد تک اور ایسی بہت سی جگہیں ہیں اور سڑکیں کچی ہیں اور کئی سڑکیں ایسی ہیں جو بنانے والی ہیں - یہ پبلک کا مطالبہ ہے جسے جلدی تسلیم کیا جانا چاہئیے اور اس کو حل کیا جائے -

مولانا غلام غوث (ہزارہ ۳) — جناب سپیکر ۔ اس ایوان کا شائد یہ آخری اجلاس ہو ۔ اس اجلاس میں حاضرین کو ملکی مفاد کے لئے آخری طور سے سوچنا چاہیے تھا مجھے افسوس ہے کہ ملک میں انتخابی سختیوں کیوجہ سے اور انتخابی بدعنوانیوں کیوجہ سے یا تلخیوں کیوجہ سے جو فضا پیدا ہو گئی ہے اس فضا کو ٹھنڈا کرنے کی بجائے اسے یہاں کچھ دوبارہ ابھارا گیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ فریقین نے چست تقریریں فرمائی ہیں اور خاص کر اپوزیشن کی طرفسے ۔ میں دونوں فریقین کو معذور سمجھتا ہوں ۔ ایک فاتح ہے اور دوسرے شیرون کو گولی لگ گئی ہے ۔ اور دوسرا غصہ ۔ شیر گولی کھا کر زیادہ تیز ہو جاتا ہے اب بات یہ ہے ۔ میں ایک طرف نہیں رہوں گا ۔ میں حق کے ساتھ رہوں گا ۔ مجھے نہ تو آپ تنخواہ دیتے ہیں اور نہ وہ تنخواہ دیتے ہیں ۔ جناب صدر ۔ حقیقت یہ ہے کہ دو مواقع آئے ہیں اس انتخابات میں ۔ ایک تو بنیادی جمہوریتوں کے انتخابات اور ان کے بعد صدر صاحب کا انتخاب ہوا ہے ۔ بی ڈی کے انتخابات میں جتنی دھاندلیاں ہوئی ہیں اور جتنا انکے متعلق کہا جائے وہ صحیح ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ بعض جگہوں پر نہیں ہوئی ہونگی جیسا کہ میں سمجھ سکتا ہوں کہ ضلع ہزارہ میں برائے نام ہی ہوئی ہونگی ۔ وہاں کے لوگوں کو دھاندلیوں کا علم نہیں ہو سکا گو ممکن ہے کہ آئندہ وہ یہ علم سیکھ جائیں ۔ جو دھاندلیاں ہوئیں یعنی پستولوں سے انتخابات لڑے گئے ۔ غنڈا گردی سے لڑے گئے اور جعلی ووٹوں سے لڑے گئے ۔ ایلیکشنوں کا مسئلہ کچھ ایسا ہی تھا بعض بیگمات بیٹھی تھیں اور کہتی تھیں کہ لاؤ دس روپے فی ووٹ ۔ پرچیاں کاٹ دی گیئں تھیں ۔ اس کا ثبوت میرے پاس ہے ۔ بڑی دھاندلیاں ہوئیں ان انتخابات میں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ مغربی پاکستان کے ماتھے پر یہ کلنک کا ٹیکہ ہے ۔ اور میں اس سلسلے میں یہ عرض کروں اور مجھے یہ عرض کرنا چاہیے کہ محترم وزیر پیر محمد خان صاحب جب وہاں تشریف لے جا رہے تھے تو ان کے ساتھ محترم حبیب اللہ خان مرکزی وزیر بھی تھے ۔ میں وہاں موجود نہ تھا ۔ وہاں ایک مکان پر ہمارے ایک دوست کا قبضہ ہے ۔ ان کے نام وہ مکان الاٹ ہے ۔ اس پر کنونشن لیگ کے مقامی کارکنوں نے جہاں کے مقامی پوزیشن

بیچاروں کی بہت کمزور ہے انہوں نے اس فریق کی شرافت سے فائدہ اٹھایا - تیاریاں کیں پولیس کو اطلاع دے دی گئی کہ کوئی غلطی نہ ہو ورنہ ان کو روکا نہیں - انہوں نے جھنڈیاں بنائیں اور پھر جلسہ ہوا - ان کی موجودگی میں جھنڈا لہرایا گیا بورڈ لگا دیا ''کنونشن مسلم لیگ،، اب دونوں کے نام ایک مکان الاٹ ہے - اس پر قبضہ کر لینا - اس پر بورڈ لگا دینا اور جھنڈا لگا دینا - تو دوسرے دن جب اس نے اپنا تالا لگایا کیونکہ مکان اس نام الاٹ تھا میں نے ڈپٹی کمشنر کا حکم پڑھا جو ۱۰ دن کے بعد گیا یعنی یہ کہ جس نام کی الاٹمنٹ ہوئی ہے وہ منسوخ کی جاتی ہے - پھر ان پر مقدمہ چلا اور اب بھی ان پر مقدمہ چل رہا ہے کہ تم نے مسلم لیگ کا جھنڈا پھاڑا - میں نے قائد ایوان کو خود راولپنڈی میں کہا تھا کہ یہ واقعہ جھوٹا ہے اور میں نے ان کی خدمت میں عرض کی تھی کہ وہ مداخلت کریں - میں نے کہا کہ میں نواب صاحب سے پوچھتا ہوں - پھر پتہ نہیں لگا اور سب کچھ ہوا جو وہاں کے مقامی لوگ کرنا چاہتے تھے وہ سب کچھ ہوا مقامی پولیس کی رپورٹ بھی صحیح ہے کہ اوپر کے افسروں نے زیادتی کی لیکن واقعہ یہ ہے جو میں نے عرض کیا ہے - پھر میں ڈپٹی کمشنر سے ملا - انہوں نے کہا کہ یہ مکان نہ فلاں کے پاس رہنے دونگا نہ مسلم لیگ کے پاس وہ بات بھی غلط ہوئی اب تک قبضے کے متعلق جھگڑا چل رہا ہے - ان انتخابات میں دھاندلیاں ہوئی ہیں اور یہ نہایت افسوس ناک تھیں - میں نہیں کہہ سکتا کہ کس فریق نے کیں - جس کا جیسا بس چلا اس نے دھاندلی کی - اس کے بعد صدارتی انتخاب آیا - یہ حقیقت ہمیں مان لینی چاہیے کہ صدارتی انتخاب میں بلکہ بی ڈی کے الیکشن میں انکے سامنے نعرہ تھا کہ مادر ملت کو کون ووٹ دیگا اور صدر ایوب کو کون ووٹ دیگا - ان ناموں پر الیکشن لڑا گیا - قران دیئے گئے - مسجدوں میں غسل دیئے گئے اور وعدے لئے گئے کہ کس کو ووٹ دیں گے - ملک بھر میں الیکشن ان دو ناموں سے لڑا گیا بی ڈی کا - میں مشرقی پاکستان بھی گیا میں دباؤ کی بات عرض کرتا ہوں اور اپوزیشن

کا کمال سمجھتا ہوں کہ انہوں نے رائے عامہ پر کتنا اثر ڈالا ۔ یعنی حکومت کے خلاف اقتدار کے خلاف تقریر کرنا آسان تھا ۔ آدمی مجاہد بنتا تھا مگر اپوزیشن کے خلاف تقریر کرنے سے آدمی غدار کہلاتا تھا یعنی یہ فضا پر اثر ڈال دیا گیا تھا لیکن میں اس کو فضا نہیں کہتا جیسا کہ امریکہ کے اخباروں نے کہا کہ فضا ایسی ہے لیکن ووٹ ساٹھ فیصدی سے ملے گا ۔ فضا وہ نہیں ہوتی جو کسی دباؤ کے تحت پیدا ہو ۔ ایک طرف عوامی دباؤ دوسری طرف سرکاری دباؤ ہو سکتا ہے اسی لئے ہم اس کو صحیح الیکشن نہیں کہتے ۔ شرعی نقطہ نگاہ سے شریعت کی رو سے جو ممبروں کے لئے ہونا چاہئیے وہ نہیں ہے ۔ ہم نے آئینی سوالنامہ کے جواب میں حکومت کو بتایا تھا کہ بی ۔ ڈی کے ممبروں کے لیے تعلیم ، عمل ، دیانت ، امانت اور تجربہ کی شرائط ہوں یہ تھوڑی بہت ضرور ہونی چاہئیں پھر اسمبلی کے ممبروں کے لئے بھی ۔ صدر کے لیے بھی کچھ شرائط ہوں مگر یہ شرائط کسی جگہ نہیں رکھی گئیں اور لوگ رشوتوں کے ذریعے اور عورتوں کے ذریعے بلکہ میں کہہ سکتا ہوں کہ بعض ممبر چکلے کھول کر کامیاب ہوئے ۔ بہر حال کوئی شرط اس میں نہیں لگائی گئی ۔ دھاندلیوں کے سلسلے میں ۔ صدارتی الیکشن کی میں بات کر رہا ہوں ۔ افواہیں دھاندلیوں کی تو یہاں تک پہنچ چکی تھیں اس معزز ایوان کے ایک ممبر نے جن کا میں نام نہیں بتاتا اور میں ان کا نام نہیں لونگا مجھ سے کہا کہ صدر ایوب کا نام ان ۳۰ آدمیوں میں درج ہو چکا ہے جن کے لئے قتل کا فیصلہ ہوا ہے ۔ تو یہ حالات تھے ملک کے ۔ یہ ملک کے لئے درست نہ تھا ۔ مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ یہ ملک کے ساتھ دوستی نہیں تھی ۔ اس وقت ہم ایک آتش فشاں پہاڑ پر بیٹھے ہوئے ہیں ۔ آج پچاس ہزار فوج برطانیہ کی ملائیشیا میں پہنچ گئی ہے ۔ دنیا میں چاروں طرف جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں ۔ ہماری سرحدوں پر روزانہ جھگڑے ہوتے ہیں ۔ آٹھ دس دفعہ روزانہ سرحدی قوانین کی خلاف ورزی کی جاتی ہے اور ہمارا دشمن بے پناہ فوجی طاقت رکھتا ہے ۔ باوجود اس کے میں اس بات کے حق میں نہیں ہوں کہ ایسا کہا جائے کہ ہم فلاں چوٹی

نہیں لے سکے یا ہم کشمیر نہیں لے سکے ۔ جب ہم کشمیر میں جا رہے تھے تو دس دنوں میں سری نگر کو جا لیا تھا اور سری نگر کے ہوائی اڈے پر ہمارے آدمی پہنچ گئے تھے تو میں اس چیز کے کہنے کے حق میں نہیں ہوں کہ ہم نہیں لے سکتے ۔ ہمیں تو اقوام متحدہ نے مارا ہے ورنہ ہمارا مسلمان تو موت سے پیار کرتا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ مسلمان کے مرنے کے بعد بھی اس کا مستقبل ہوتا ہے اور غیر مسلموں کے سامنے وہ مستقبل نہیں ہوتا ۔ اس لئے مسلمان خوشی خوشی سے جان دیا کرتا ہے ۔ اس لئے وہ شکست نہیں کھاتا۔ میں اس بات کو تسلیم نہیں کرتا کہ دشمن دس گنا ہو تو وہ ہم سے جیت سکتا ہے ۔ تا ہم میں یہ کہتا ہوں کہ احتیاط کا تقاضا ہے کہ حالات سے چشم پوشی نہ کی جائے۔ جو فیصلہ ہونا تھا ہو گیا۔ اگرچہ وہ ان کے موافق نہیں تا ہم وہ عوام کا فیصلہ ہے ۔ خواص کا فیصلہ بھی یہی ہے ۔ اپوزیشن کو اس رائے سے اختلاف ہو سکتا ہے کہ انتخابات بالواسطہ ہوں یا بلاواسطہ یہ دو نظریوں کا اختلاف ہے ۔

لیکن جہاں تک اس انتخاب کا تعلق ہے چودھری محمد علی صاحب نے الیکشن سے پہلے بیان دیا تھا کہ الیکشن کے قواعد سے ان کی تسلی اور اطمینان ہو گیا ہے ۔ انہیں کوئی بے اطمینانی نہیں ۔

(ایک آواز۔ ووٹروں کو پولیس لے جاتی رہی ہے)

جہاں جا کر وہ ووٹ ڈالتا تھا، وہاں خدا کے سوا کوئی نہیں ہوتا تھا۔ (تالیاں) (قطع کلامیاں)

آٹھ دس جگہ ایسا ہو سکتا ہے ۔ آٹھ دس ممبروں میں ایسا ہو سکتا ہے ۔ لیکن ۸۰ ہزار ممبروں پر یہ دہانتی کا الزام نہیں لگایا جا سکتا ۔ (تالیاں اور شور) اگر اپوزیشن کامیاب ہو جاتی، تو کراچی کا کیا حال ہوتا ؟ (تالیاں) ہر سچے مسلمان اور سچے پاکستانی کا فرض ہے کہ وہ تخریبی باتوں سے بچے ۔ میں یہ بات درد سے کہتا ہوں۔ مجھے اپوزیشن کی نیت پر کوئی اعتراض نہیں۔ انہیں ملک کی بہتری کا خیال ہے ۔ وہ جس طرح لڑے ہیں۔ انہوں نے جس طرح کام کیا ہے ۔ جس طرح متضاد عناصر کو اکٹھا رکھا ہے ۔ یہ ان کا کمال ہے ۔ (تالیاں) اب انہیں بیٹھ کر ایسی فکر کرنی چاہئے کہ ایوان کے اندر مضبوط اپوزیشن آئے۔ یہاں ان کی نکتہ چینی تعمیری ہونی چاہئے۔ ایسی

تقریروں کی ضرورت نہیں کہ یہاں آئینی انقلاب نہ آیا تو پھر پبلک غیر آئینی انقلاب لانے کے لئے مجبور ہوگی۔ یہ ایک قسم کی اکسائٹ اور تخریبی کام ہے۔ اور بہت ہی آسان کام ہے۔ یہ تمام طریقے تخریبی کارروائی کے ہیں۔ قوم کو یہ تصور نہ دیجئے (قطع کلامی)

ہم عائلی قوانین کے خلاف لڑیں گے۔ چکلوں کے خلاف لڑینگے غیر اسلامی شعائر کے خلاف لڑیں گے۔ بےحیائی کے خلاف لڑیں گے۔ سود کے خلاف لڑیں گے۔ شر کے خلاف لڑیں گے۔ سول نافرمانی کریں گے جیلوں میں جائیں گے۔ مگر بغاوت نہیں کرینگے۔ تخریب نہیں کرینگے

(ایک آواز۔ صدر صاحب کے خلاف نہیں لڑینگے)

حکومت کے خلاف جو اقدام ہوگا، وہ صدر صاحب کے خلاف ہوگا۔ گورنر کے خلاف ہوگا۔ قائد ایوان کے خلاف ہوگا۔ لیکن لڑیں گے ملک کے اندر۔ ملک کے خیر خواہ ہوتے ہوئے لڑیں گے۔ ہم یہ نہیں چاہتے کہ ملک میں غیر آئینی لڑائی شروع ہو جائے۔ میں نے خود سنا ہے۔ کہا جاتا تھا کہ تین ہوائی جہاز تیار کھڑے ہیں۔ جن میں بیٹھ کر صدر صاحب اور ان کے گھر والوں نے ملک سے بھاگ جانا ہے۔ پھر یہ بھی سنا اور اس ایوان کے ایک ممبر نے کہا۔ میں ان کا نام نہیں بتاؤں گا۔ کہ تیس آدمی ہیں جن میں صدر صاحب کا نام بھی ہے جن کو قتل کیا جائے گا۔ (شیم شیم کی آوازیں)

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر — آپ کا ٹائم ختم ہو گیا ہے۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) — انہیں میرے وقت میں سے پانچ منٹ دے دئے جائیں۔

مولانا غلام غوث — میں آپ کی اس رشوت کو قبول نہیں کرتا۔ (شور اور قطع کلامیاں) آپ اعتراض کرتے ہیں کہ آپ کو آپ کا حق ملنا چاہیے۔ دوسروں کو بھی ان کا حق دیجئے۔ ضلع ہزارہ کے بی ڈی ممبروں نے جب وہ پشاور گئے تھے خود سنا کہ پالشی اور مالشی کے نعرے لگ رہے تھے۔ کراچی بار میں بھی یہ نعرے لگائے گئے۔ (قطع کلامیاں)۔ میں جلسوں کا نہیں کہہ رہا۔ مگر جلسوں کے باہر عام طور سے یہ نعرے سنے گئے۔ (قطع کلامیاں) بات صحیح کہنے کا

وقت ہے - صحیح بات کہنی چاہیے - ہزارہ میں اپوزیشن کے ایک لیڈر نے تقریر کرتے ہوئے یہاں تک کہا کہ ہم اسے جوتے لگائیں گے - یہ ہزارہ کی ناک ہے - ہم یہ ناک کاٹنے کے لئے آئے ہیں - مجھ سے یہ بات سمجھدار لوگوں نے نقل کی - انہوں نے کہا ہمیں گالی دی گئی ہے - حقیقت یہ ہے کہ نچلے طبقے کو لیڈروں نے غلط نعرے دیئے اور پھر انہیں قابو میں نہ رکھ سکے - اگر وہ انہیں قابو میں نہیں رکھ سکتے تو انہیں اشتعال نہ دیں - اور اگر اشتعال دیتے ہیں تو انہیں قابو میں رکھیں - تاہم کراچی میں جو کچھ ہوا ہے کوئی مسلمان اس پر افسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتا -

(ایک آواز - آپ تو اس پر خوش ہیں) -

میں ان پر لعنت بھیجتا ہوں جو اس پر خوش ہیں یا جو ایسے مظاہرے کراتے ہیں - (تالیاں اور شور) جو اپنے بچوں کو بھڑکاتے ہیں - یا انہیں گالی سکھاتے ہیں - وہ ہمارے بچے ہیں - ہمیں ان کی فروگزاشتیں نظر انداز کرنی چاہیں اور ان کی باتوں کو تسلیم کر لینا چاہیے - لیکن میں اس خیال کا نہیں ہوں کہ تمام طلبا کو کالجوں سے نکال کر باہر لے آئیں - اور قوم کے بچوں کو قوم سے ٹکڑا دیں - ور وہ نعرے لگاتے ہوئے دیہات میں پھیل جائیں - وہ ضرور سیاست سیکھیں - مگر یہ بھی ضروری ہے کہ وہ مناسب طریقہ سے رہیں .

میں ہزارہ کی بات کرنا چاہتا تھا - حقیقت یہ ہے کہ اس بجٹ میں ہزارہ کی ضروریات کو نظر انداز کیا گیا ہے - کاغان بھی ملک کا حصہ ہے میں نے ملک صاحب کو توجہ دلائی تھی کہ وہاں ۲۲ کروڑ روپے کے فنڈ سے لکڑی کا کارخانہ قائم کیا جائے - مگر وہ آج تک قائم نہیں کیا گیا - اس کے علاوہ تناول میں ۶۰ ہزار تناولیوں پر ایک نواب کی خاطر زیادتی کی گئی ہے - یہی حال اگرول کا ہے - وہاں بھی ایک شخص کی خاطر ایک سو کو تکلیف دی گئی ہے -

چوہدری محمد ابراہیم (سیالکوٹ - ۳) - صاحب صدر جہاں تک اس اجلاس کا تعلق ہے - یہاں موضوع سے بہت ہٹ کر باتیں کی گئی ہیں - کچھ لوگ ایسے تھے جنہیں اس بات کی ضرورت تھی کہ آئندہ جو الیکشن آ رہے ہیں اس کے لئے وہ اپنی سیٹیں ریزرو کریں - اپنے لئے ٹکٹ حاصل کریں - اس لئے وہ صدر صاحب کے لئے پھولوں کے ہار لے کر آئے تھے - اپوزیشن کو کچھ شکایات تھیں - ان کا ذکر بھی یہاں ضروری تھا - میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں - کہ موجودہ حکومت اگر کوئی اپنا کریڈٹ رکھتی ہے اگر اس نے ملک کی زندگی میں کوئی ایک بہتری پیدا کی ہے - تو اس کی نشان دہی کرے - اگر اس نے اس ملک اور اس کے معاشرہ میں کوئی خوبی پیدا کی ہے تو اس کی نشان دہی کرے -

میں سمجھتا ہوں - کہ موجودہ حکومت کی وجہ سے اس ایوان کے وقار کو بہت سخت ٹھیس لگی ہے - موجودہ حکومت نے کسی معاملے میں بھی اس ایوان کے وقار کو مد نظر نہیں رکھا - اور میں اس بارے میں چند ایک مثالیں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں - مثال کے طور پر اس ایوان کا جو سب سے بڑا کام ہے - وہ ہے قانون سازی اور وہ یہاں پر اوپر سے آرڈیننس کی شکل میں نازل ہو رہا ہے - اور اکثریتی پارٹی کا یہ کام رہا ہے - کہ وہ بزور اس پر انگوٹھے ثبت کرا لیں - درحقیقت یہ قانون سازی کا کوئی طریقہ نہیں ہے - چاہیے تو یہ تھا - کہ جو قانون عوام پر یہاں نافذ کرنے کی ضرورت ہو - وہ بل کی شکل میں لایا جاتا - لیکن افسوس یہ ہے کہ نہ تو سرکاری پارٹی کی طرف سے کسی بل کی نشان دہی کی جا سکتی ہے - جسے یہاں پر پورے طور پر متفق ہو کر پیش کیا گیا ہے - یا جس پر غور کیا گیا ہے - اور حزب اختلاف کو تو سرے سے کسی بات کے اہل ہی نہیں سمجھا گیا - ایک دو بل جو اس طرف سے آئے ہیں - ان پر صرف غور کیا گیا ہے - جناب والا میں قانون سازی کی دو ایک مثالیں دیتا ہوں - کہ کس طرح چھوٹی چھوٹی حقیر باتوں کے لئے قانون آرڈیننس کی شکل میں آتے رہے ہیں - ہمارے ایک معزز ممبر ہیں قاضی محمد اعظم صاحب - انکی

الیکشن پٹیشن کے سلسلے میں خاص طور پر آرڈیننس لایا گیا ۔ ایسی طرح کسی آدمی کو مکان پر قبضہ کرنا تھا ۔ اس کے لئے بھی آرڈیننس آیا ۔ قلات میں کسی مخصوص عزائم اور مخصوص مقاصد کے ساتھ قلات پر انہوں نے نظر کرم کیا تھا اور وہاں Revival of Civil Laws کے نام سے وہ ایک قانون لایا گیا ۔ کہ جس کی کوئی بات بھی یہاں لکھنے پڑھنے میں موجود نہ تھی ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ساری کی ساری باتیں اس ایوان کے وقار کے خلاف کی گئی ہیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں ۔ ان باتوں کی تمام تر ذمہ داری اکثریتی پارٹی پر عائد ہوتی ہے ۔ دو ایک مثالیں میں اور بھی عرض کئے دیتا ہوں ۔ اور وہ یہ کہ یہاں سے متفقہ طور پر ایک ریزولیوشن عائلی قوانین کی تنسیخ کے سلسلے میں منظور ہوا ۔ لیکن افسوس یہ ہے ۔ کہ یہاں اس ایوان کو چونکہ کسی بات کا اہل نہیں سمجھا گیا ۔ اور اس متفقہ طور پر منظور شدہ قرار داد کو دری کی ٹوکری میں ڈال دیا گیا ۔ قرار دادیں ہوں ۔ قانون سازی ہو ۔ یا کوئی اور تحریک ہو ۔ ان سب کا ایک ہی حشر ہوتا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں تو حکومتی پارٹی نے بالکل ایک ناکارہ کردار ادا کیا ہے ۔ اور پھر موجودہ حکومت کا سب سے نمایا وصف ہے ۔ فضول خرچی اور نااہلی ۔ فضولخرچی کی مثالیں کچھ کم نہیں ہیں ۔ جہاں اس بجٹ میں تیس لاکھ کی حقیر سی رقم ایک بہت ہی وسیع طبقے کیلئے مخصوص کی گئی ہے ۔ یعنی ان اساتذہ کیلئے جو نیم سرکاری اداروں میں کام کرتے ہیں ۔ اور اسکے برعکس ایسا پبلک سکول کھولے گئے ہیں ۔ مثال کے طور پر یہاں لاہور ہی میں ایسے پبلک سکول کھولا جا رہا ہے ۔ جس پر پچاس لاکھ روپیہ صرف کیا جائیگا ۔ اور اس پچاس لاکھ روپے کے ساتھ ساتھ لاکھوں روپے کی ایک سو پچاس کنال زمین بھی اس مقصد کے لئے دیدی گئی ہے ۔ ایک طرف تو یہ دریا دلی ہے ۔ اور اس کے ساتھ ساتھ چیف کالج پر پینسٹھ لاکھ روپیہ صرف اسکی مرمت پر خرچ ہو رہا ہے ۔ ایک طرف تو ایک بڑا وسیع طبقہ ہے ۔ جسکو فائدہ پہنچ رہا ہے ۔ اور دوسری طرف ان پبلک سکولوں میں چند مخصوص لوگ ہیں ۔ چیف کالج میں ایک چھوٹا سا معذور طبقہ ہے ۔ جس پر روپیہ بے دریغ طور پر خرچ ہو رہا ہے ۔ اور صاحب صدر نااہلی کا رونا یہاں اکثر رویا جاتا ہے ۔ لیکن آج ہی کے سوالات کی جانب آپکی توجہ منعطف کراتا ہوں ۔ ایک سوال میں نے تقریباً دو سال ہوئے یہاں محکمہ عام نظم و نسق کے پارلیمانی سیکرٹری صاحب کی خدمت میں پیش

کیا تھا - اور دو افسروں کے خلاف محکمہ انسداد رشوت ستانی پورے ثبوت مہیا کر دیتا ہے - کہ واقعی ان لوگوں نے بڑی بے ضابطگیاں کی ہیں - ایک تحصیلدار اعجاز حسین نارووال تحصیل میں اور ایک افسر مال سیالکوٹ میں - اور انکے خلاف ثبوت بہم پہنچانے کے دو سال بعد تک بھی انکے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی ہے - جب سوال بھیجا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے - کہ ابھی تک لاء ڈیپارٹمنٹ اسے روکے ہوئے بیٹھا ہے - اور اس نے ابھی تک اپنی Opinion نہیں دی - میں پوچھتا ہوں کہ کیا یہی کارکردگی اور اہلیت ہے - کہ جو آدمی کام نہ کر رہا ہو آپ نے انسداد رشوت ستانی کا ایک محکمہ قائم کیا ہوا ہے - اس محکمے نے کافی وقت صرف کر کے ان دو آدمیوں کے خلاف ثبوت مہیا کیا ہے اور آپ اسے کسی عدالت میں پیش نہیں کر رہے - صاحب صدر مجھے ایک اور جو سب سے بڑی شکایت ہے وہ یہ ہے کہ میں محسوس کرتا ہوں - کہ دانستہ اور ایک پلان کے تحت اس قوم کے مورال کو گرایا جا رہا ہے - میرے محترم دوست امیر حبیب اللہ خان سعدی صاحب نے بھی ایک سوال کے ذریعے جو کہ صفحہ بیس پر ہے - راگ رنگ کی ایک محفل جو کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں منعقد کی گئی تھی کچھ اطلاعات بہم پہنچائی ہیں آپ ذرا اس پر غور کیجئے ایک رات کیلئے ایک ناچنے گانے والی کو جسکا نام فریدہ خانم ہے دو ہزار دو سو پچیس روپے دئیے گئے ہیں اس طرح ایک اور ہیں جسکا نام اقبال بانو ہے اسے چودہ سو روپے - زاہدہ پروین کو ایک ہزار پچاس روپے دئیے گئے تھے - تو میں پوچھتا ہوں کہ آخر ہماری کوئی منزل ہے ہمارا کوئی راستہ ہے - ہماری کوئی پالیسی ہے - ہمارا کوئی دین ہے - جس کے مطابق ہم چلنا چاہتے ہیں - یا ہر شخص اپنے لئے ایک الگ ریاست بنائے بیٹھا ہے - اور جو اس کا جی چاہتا ہے وہ کرتا ہے - پبلک سے یہ آنتیس ہزار روپے وصول کئے گئے ہیں اور اس طرح اسے پھونکوں میں اڑا دیا گیا ہے -

صاحب صدر میں ایک اور معاملے کی طرف آپکی توجہ دلا کر تقریر ختم کرتا ہوں - اس ایوان کا وقار کیا ہے - تیس جون ۶۲ء کو میرے پاس اسمبلی کی کاروائی کی یہ کاپی ہے یہ ذرا دیکھئے اس میں ملک قادر بخش صاحب نے ایک بڑا

Solemn pledge دیا ہے - یہ انکے الفاظ چھپے ہوئے ہیں - میں نے ان سے ایک درخواست کی تھی - کہ بیس روپے مالیہ دینے والوں کی پچیس فیصد اضافے سے مستثنے قرار دیں - یہ انکے الفاظ ہیں دیکھئے - ''میں یقین دلاتا ہوں کہ بیس روپے مالیہ دینے والوں کو یہ سرچارج معاف کر دیا جائیگا،، - یہ ایک بڑا Solemn pledge ہے - جو ساری دنیا کے سامنے دیا گیا - صرف یہی نہیں - کہ وہ پچیس فیصد مزید سیس ان پر لگایا گیا - بلکہ اگلے سال اس میں بھی اضافہ کر دیا گیا میں پوچھتا ہوں - کہ آخر انکی زبانیں کیا ہیں - انکے وعدے کیا ہیں - انکی یقین دہانیاں کیا ہیں اور اس طرح سے حکومت اپنے وقار میں یا اس ایوان کے وقار میں آخر کیا اضافہ کر رہی ہے ؟

مسٹر حمزہ (لائل پور - ۶) جناب سپیکر آج کے اجلاس میں مالیہ انتخابات کے سلسلہ میں دونوں طرفوں سے بہت کچھ کہا جا رہا ہے - اور جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے یہ قطعاً خلاف توقع نہیں کہ ہمارا موجودہ آئین ایک شخص کے ذہن کی تخلیق ہے اور اس کا مقصد محض ایک تھا کہ وہ اپنی مسند اقتدار کو زیادہ دیر تک قائم رکھے اور عام آبادی کو ذہنی اور مادی زنجیر میں جکڑ دے - اسکے ساتھ ساتھ بر سر اقتدار پارٹی کے چند نام نہاد لیڈروں اور سرمایہ داروں کو لوٹ کسوٹ کا کام دے کر بلکہ دوسرے لفظوں میں اسکو ترقی دیتا رہے -

ایک آواز - یہ پڑھ رہے ہیں -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر ہمارے ملک میں جب سے مارشل لا لگایا گیا اور جب سے اٹھایا گیا اس حکومت کی تمام تر پالیسی اس چیز پر منتج رہی کہ روز بروز انتظامیہ کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دیئے جائیں اور عدلیہ کو کمزور کیا جائے - اور موجودہ انتخابات میں جو کچھ بھی ہوا - ہماری حکومت نے اپنی سابقہ پالیسی سے جو کچھ بھی سرمایہ کاری کی - اور جو کچھ بھی انوسٹمنٹ کی - انتظامیہ کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دیئے اسکا پھل انہوں نے اب کاٹا - جہاں تک میرے احباب اور بزرگوں کا تعلق ہے - جو کہ آج اس ایوان میں آ کر بغلیں بجاتے ہیں اور شادیانے بجاتے ہیں اور

اس بات پر فخر کرتے ہیں کہ عوام الناس نے ان کا ساتھ دیا ہے ۔ حقیقتاً الیکشن کی جیت سے عوام الناس کا کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی ان کنونشن لیگوں کا تعلق تھا ۔ اگر الیکشن جیتا گیا ہے تو یہ اس طاقتور بیوروکریسی اور اس نوکر شاہی کے زور اور بل بوتے پر جیتا گیا ہے جس کو یہ زیادہ اختیارات دیتے رہے ہیں ۔

A Member: Question,

مسٹر حمزہ ۔ اگر کوئی اس ملک میں آج اس الیکشن کی جیت پر فخر کر سکتا ہے تو وہ ہمارے ملک کی نوکر شاہی ہے ۔ اسی ایوان میں حزب اقتدار کی طرف سے اکثر اوقات یہ شکایت پیش کی جاتی رہی ہے کہ اس ملک کی نوکر شاہی ان کے اپنے بس میں نہیں ہے ۔ اور وہ پالیسی جن کو میں سمجھتا ہوں کہ اس کو پالیسی نہیں کہا جا سکتا ہے جن کا وقتاً فوقتاً اس ایوان میں اعلان کیا جاتا رہا ہے اور اس پر ہماری نوکر شاہی قطعاً عمل نہیں کرتی رہی ہے اور اس کی شکایت عام ممبران کرتے رہے ہیں ۔ میں آج ان ممبران کو یاد کراتا ہوں کہ اسی نوکر شاہی کو آپ نے یہ شرف بخشا ہے اور یہ مواقع مہیا کئے ہیں ۔ کہ آج وہ اپنے آپ کو صدر گر کہہ سکتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ہمارے ملک کے سامنے جو سب سے شدید مسئلہ پیش ہے وہ یہ ہے کہ اس طاقتور اور اس صدر گر بیوروکریسی کو ہم آئندہ کس طرح کنٹرول کریں گے ۔ اور وہ لوگ جو آج اس ایوان میں اس جانب سے غیر جانبدارانہ انتخابات کا ڈھول بجاتے ہیں میں ان کی خدمت میں ایک واقعہ بیان کرتا ہوں ۔ مجھے بذات خود کنونشن لیگ کے ایک بہت اہم عہدے دار جو ضلع شیخوپورہ سے تعلق رکھتے ہیں اسی اسمبلی بلڈنگ کے قریب فرمایا تھا کہ ہمارے ایس ۔ پی ہمارے علاقے میں پولیس کے کنسٹیبل کے ذریعہ ممبران بنیادی جمہوریت کو اس بات پر مجبور کرتے رہے ہیں کہ وہ عہد ناموں پر دستخط کریں ۔ ۔ ۔

وزیر خزانہ — وہ یہاں موجود نہیں ہیں ۔ یہ غلط بیانی کر رہے ہیں ۔ غلط الزام لگا رہے ہیں اور جو شخص یہاں موجود نہیں ہے ۔ وہ جواب نہیں دے سکتا ہے ۔

Sir, he has made specific allegations against the S. P. Sheikhupura. I very much protest. He cannot name a person who is not here and who cannot answer these allegations.

مسٹر حمزہ — میں پورے وثوق کے ساتھ کہتا ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: It is a courtesy of debate that if the member is making a charge against a person he must see that he is present here to answer it.

مسٹر حمزہ —آپکی مہربانی ہے ۔ آئندہ احتیاط کروں گا ۔ جناب والا پولیس کنسٹیبل بنیادی جمہوریت کے ممبر کے پاس جاتا ہے اور اس سے دستخط کرواتا ہے ۔ ان کا کردار یہ ہے کہ وہ ان سے پانچ روپیہ خود وصول کرتا ہے اور پانچ روپیہ ٹانگے والے کو دلواتا ہے ۔ یہ عمال اس بیوروکریسی کے ہیں ۔ اس کے ساتھ ساتھ جو خطرہ در پیش ہے وہ یہ ہے اور میں off-hand یہ بات کہنے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ تمام کے تمام افسران نے اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے ۔ لیکن یہ بات یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ آفیسر جتنا زیادہ بدیانت تھا اتنی ہی زیادہ اس نے جناب صدر کے الیکشن میں حمایت کی ۔

Minister of Finance: Question—

مسٹر حمزہ— آج اس قوم کے سامنے ایک question mark ہے کہ وہ بد دیانت افسران جن کو آپ نے سیاسی اغراض کیلئے استعمال کیا ہے کل کو وہ جب دن دنا کو رشوت ستانی کریں گے اور اس ملک میں بد امنی پھیلائیں گے تو ان کے خلاف ایکشن لینے والی گورنمنٹ کہاں سے آئے گی ۔ ہماری بیوروکریسی جس کی بدنامی انتہا کو پہنچ چکی ہے آج اس کے بدنام ترین افسران جن کو اس چیز کا کریڈٹ حاصل ہے بلکہ میں سمجھتا ہوں جاگیریں ۔ اور انعامات محض اسی بنا پر دیئے جائیں گے اور ان میں وہ بدقسمت لوگ جو تمام اس دھاندلی میں خاموش سے بیٹھے رہے ان کو لازماً نقصان اٹھانا پڑے گا ۔ اب حالت یہ ہے کہ ایک طرف تو اس ملت کو فتح کیا ہے اور دوسری طرف ہمارے افسران جو دیانت دار لوگ ہیں ان کے حقوق کو آپ پائمال کریں گے اور وہ بد دیانت جن کو بد دیانتی کی وجہ سے آپ نے ناجائز اغراض کیلئے استعمال کیا ہے ان کی کھلی حوصلہ افزائی کریں گے ۔ جناب والا اس ملک کی انتظامیہ کا نقشہ کیا ہوگا ۔ میں اس سر ہلانے والے وزیر سے پوچھتا ہوں کہ مجھے وہ بتا سکتے ہیں کہ لائل پور کے ضلع میں جب جاتے ہیں یا انتخابی دورے کے سلسلے میں جاتے رہے ہیں یا پچھلے دو تین ماہ کے عرصہ میں محض ووٹ خریدنے کے لئے گئے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Address the Chair please.

وزیر خزانہ— ان سے پوچھیں ان کے پاس کوئی سپاہی گیا تھا ۔

مسٹر حمزہ—کیا آپ نے ہمارے افسران کو اس بات پر مجبور نہیں کیا کہ وہ بنیادی جمہوریت کے ممبران کو بندوق اور پستول کا لائسنس جاری کریں—

وزیر خزانہ— اگر فرنٹیر پرونس کا بچہ بچہ بغیر لائسنس کے رکھ سکتا ہے تو ہمارے بیس ہزار بی ڈیز بلکہ چالیس ہزار بی ڈیز بھی رکھیں گے ۔ آپ جیسے آدمی کو بچانے کی خاطر ۔ ہم ہر شریف آدمی کو ضرور لائسنس دیں گے ۔ میں ہاؤس میں admit کرتا ہوں

مسٹر حمزہ —جناب سپیکر بڑی خوشی کا مقام ہے کہ انہوں نے تسلیم کر لیا ہے ۔ انہوں نے حال ہی میں انتظامیہ کو اس بات پر مجبور کیا ہے ....

Minisnter of Finance : I have not forced them. I have the power to order them.

مسٹر حمزہ ــ کیا ضلع لائل پور کے ہر بنیادی جمہوریت کے ممبران کے سامنے درخواست پیش کرتے ہیں کہ ان کو ریوالور اور پسٹل کا لائسنس دیا جائے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ اس سے پہلے بنیادی جمہوریت کے ممبران موجود نہیں تھے ۔

جب ممبران اس سے پہلے بھی موجود تھے ۔ تو کیا وہ شریف نہ تھے ۔ کیا وہ قابل اعتماد نہ تھے ۔ کیا وہ قابل اعتماد محض ان دنوں میں ہوئے جب صدر کا الیکشن ہونے والا تھا ۔ اس سے زیادہ ننگی دھاندلی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کی مثال اور کیا ہو سکتی ہے ۔ مجھے انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ان کی ڈھٹائی کا یہ عالم ہے کہ — — —

Minister of Finance: Sir he must be asked to withdraw that word.
Mr.Senior Deputy Speaker : Mr. Hamza's time is up.
Minister of Education : Sir that word should be withdrawn.
Minister of Finance : Sir what does he mean by "ghattya".

وہ بھی آپ کی ڈھٹائی ہے ۔ ہماری تو بڑائی ہے ۔ کیونکہ ہم نے ملک کو بچایا ہے ۔ آپ نے تو ملک تباہ کرنے کی کوشش کی تھی ۔ اس میں ہماری بڑائی ہے ۔

راؤ خورشید علی خاں ۔ شیخ صاحب آپ ایک معزز ممبر کو Censure کیوں کر رہے ہیں ۔ انہوں نے ڈھٹائی کہا ہے ۔ گھٹیا تو نہیں کہا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Rao Sahib, please take your seat.

وزیر خزانہ — یہ تو ان کی اپنی ڈھٹائی ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Hamza Sahib may please take his seat his time is over. I have given him two minutes more.

وزیر خزانہ — (شیخ مسعود صادق) جناب والا ۔ میں نے کہنا تو بہت کچھ تھا ۔ لیکن وقت کی قلت کے باعث جو کچھ بھی ممکن ہو سکے جلد از جلد عرض کرنے کی کوشش کرونگا ۔

مسٹر افتخار احمد خاں ۔ جناب والا ۔ On a point of Order Sir رمضان کا مہینہ ہے اور اب دو بج چکے ہیں ۔ اس طرح نماز کا وقت جا رہا ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : It has already been decided to extend the time.

Mr. Iftikhar Ahmad Khan : You cannot extend the "Zuhr" time.

Mr. Senior Deputy Speaker : I have extended that.

وزیر خزانہ — جناب والا ۔ جیسا کہ اس معزز ایوان کو علم ہے ۔ یہ ضمنی میزانئے کا موقع ہے ۔ ہمیں توقع تھی کہ بحث کے دوران میزانئے تک ہی بحث کو محدود کیا جائیگا ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ میزانئے پر بہت کم بحث کی گئی ہے ۔ اس کے برعکس تمام بحث کا مرکز صدارتی انتخاب ہی بنا رہا ہے ۔ چنانچہ اس کے پیش نظر اب مجھ پر بھی یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ میں بھی صحیح حالات اس معزز ایوان کے سامنے پیش کروں ۔ بعد ازاں میں میزانئے کے متعلق بھی اپنی معروضات پیش کروں گا ۔

جناب والا اس بات کی بہت دھوم تھی کہ یہ الیکشن بلاواسطہ ہو رہا ہے ۔ کیونکہ حزب مخالف والے اس کے خلاف تھے ۔ وہ بالواسطہ انتخاب چاہتے تھے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ یہ جو M. E. C. S. ہیں ۔ جنہیں ہم B. Ds. کہتے ہیں ۔

ان کے انتخابات بالغ رائے دہی کی بناء پر ہوئے تھے ۔ اور آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ اس الیکشن میں بالغوں نے ۸۰ سے ۹۰ فیصد تک ووٹ دئے تھے ۔ اور پھر یہ کوئی پہلی بار نہیں ۔ ہر منتخب ہونے والے B. D. کو اس بات کا علم تھا کہ اس نے صدر کے انتخاب میں حصہ لینا ہے ۔ اس نے نیشنل اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کا انتخاب کرانا ہے ۔ اس کے بعد اس نے اپنے چیئرمین کا انتخاب بھی کرانا ہے ۔ اور اگر کبھی اس ملک میں ریفرنڈم ہوئی تو اس میں بھی اسے ووٹ ڈالنا ہوگا ۔ لہذا انہیں اس بات کا علم تھا کہ یہ جو بالغ رائے دہی کی بناء پر ووٹنگ ہو رہی ہے ۔ یہی ممبران صدر کا انتخاب کرائینگے ۔ اس لئے یہ کہنا کہ یہ Direct Election نہ تھا ۔ غلط ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ یہ الیکشن نوے فیصد Direct تھا ۔ ہر ممبر کو علم تھا کہ اس نے صدر کے انتخاب میں حصہ لینا ہے ۔ اور آج تک جتنے انتخابات بھی ہوئے ۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ دنیا میں کہیں بھی ایسا نہیں ہوا ۔

جناب والا — اب جھنگ کے معزز ممبر اٹھ کر چل دئے ہیں ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ جھنگ میں باپ بیٹے کے درمیان الیکشن ہوا ۔ بھائی بھائی کا الیکشن ہوا ۔ ماموں بھانجے کا الیکشن ہوا ۔ اور میں اس ایوان کی اطلاع کے لئے یہ بھی عرض کر دوں کہ مجھے ایک دو ایسی جگہوں کا بھی علم ہے جہاں میاں بیوی کا الیکشن میں مقابلہ ہوا ۔ (تحسین و آفرین) اب آپ خود ہی اندازہ فرمائیں کہ جہاں یہ ہنگامہ ہوا ہو ۔ وہاں یہ کہنا کہ الیکشن درست نہیں ہوا ۔ کسی حد تک افسوسناک بات ہے ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ یہ الیکشن اتنے اچھے اور منصفانہ ہوئے ہیں جس کی دنیا میں کہیں مثال نہیں ملتی ۔ (تالیاں) (مداخلتیں اور شور) مجھے معلوم ہے کہ آپ حضرات ٹوکنے کے عادی ہیں ۔ تاہم مجھے کچھ تو کہنے دیجئے ۔ (ایک آواز ۔ بڑا اچھا اردو بول رہے ہیں) ۔ جی ہاں ۔ آپ سے تو اچھا اردو بولتا ہوں ۔ آپ تو پڑھکر آتے ہیں ۔ اور پڑھے ہوئے کو یہاں آکر پڑھ دیتے ہیں ۔ میں تو

بغیر پڑھے کے بول رہا ہوں ۔ آپ مہربانی کر کے میرا وقت ضائع نہ کیجیئے ۔

Sir, if he wants to listen, he should listen quietly.

Mr. Senior Deputy Speaker : No interruptions please.

وزیر خزانہ ۔ جناب ۔ یہ اپنے آپ کو بڑا اردو دان سمجھتے ہیں ۔ بہر حال عرض یہ ہے کہ ہمارے ہاں حال ہی میں جو صدارتی انتخاب ہوا ہے ۔ آپ نے خود دیکھا ہے ۔ اس میں ۹۶۲ فیصدی ووٹ ڈالے گئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ دنیا میں اپنی مثال آپ ہے ۔ اتنی کثیر تعداد میں کہیں بھی کسی جگہ ووٹ نہیں پڑے ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ امریکہ میں جب صدارتی انتخاب ہوا ۔ تو وہاں ۸۵ فی صد ووٹ ڈالے گئے ۔ ابھی حال ہی میں برطانیہ میں اتنا بڑا الیکشن ہوا ہے جس میں لیبر پارٹی جیتی ہے ۔ اس الیکشن میں صرف اسی فی صد ووٹ ڈالے گئے ۔ (ایک آواز :۔آپ کے صدر صاحب کا انتخاب تو پولیس نے جیتا ہے ۔)

Sir, I do not want any interruption.

Mr. Senior Deputy Speaker : No interruptions please.

وزیر خزانہ ۔ آپ کو تو بس پولیس کی بیماری پڑ گئی ہے ۔ کیونکہ وہ آپ کا محاسبہ کرتی ہے ۔ آپ کا اخلاق ہی ایسا ہے کہ آپ کو ہر جگہ پولیس ہی نظر آتی ہے ۔

You have got Police mania.

جناب والا ابھی حال ہی میں بھارت میں ایک بڑا بھاری انتخاب ہوا ہے ۔ اور یہ اس Seat کے لئے ہوا ہے ۔ جو پنڈت نہرو کی وفات سے خالی ہوئی تھی ۔ اس سیٹ کے لئے پنڈت نہرو کی بہن نے الیکشن لڑا ۔ چنانچہ اتنے بڑے الیکشن میں صرف ۴۰ فیصد ووٹ پڑے ۔ اگر ہمارے ہاں صدر کی الیکشن میں جان نہ ہوتی تو اتنے فیصد آبادی کیوں ووٹ دینے جاتی ۔ خدا کا شکر ہے ۔ ایک بات تو ہمارے اپوزیشن والے مانتے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس وقت ہاؤس میں جماعت اسلامی کے دو ممبر بیٹھے ہوئے ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ حیدر آباد میں مولانا مودودی صاحب نے خود فرمایا

تھا - کہ تاریخ اسلام میں - میں پاکستان کی بات نہیں کرتا - تاریخ اسلام کی بات کرتا ہوں - اتنا منصفانہ الیکشن کبھی نہیں ہوا - یہ اس جماعت اسلامی کے نمائندے ہیں - جو یہ کہتے ہیں - کہ یہ الیکشن غلط ہوا ہے - دراصل یہ لوگ ایسی بات کر کے اپنے قائد کی توہین کر رہے ہیں - (ایک آواز :-لاحول ولاقوۃ) لاحول اس پر پڑھو جس نے یہ الفاظ کہے ہیں - میں نے نہیں کہے -

جناب والا - یہ بھول جاتے ہیں - اصل جنگ صدر محمد ایوب خان اور محترمہ فاطمہ جناح کی نہ تھی - بلکہ اصل جنگ موجودہ صدارتی نظام اور پارلیمانی نظام کے درمیان تھی - (قطع کلامیاں) -

Sir, will you ask them to keep quiet.

جناب - یہ کوئی نئی بات نہیں ہے - ان کے جتنے جلسے ہوئے ہیں میں نے اپنی پاکستان مسلم لیگ کو ہدایت کی تھی کہ وہاں ایک شخص بھی گڑبڑ نہ کرنے پائے - اور اس کے مقابلے میں ہمارے جتنے جلسے ہوئے - ان میں ہر جگہ انہوں نے گڑبڑ پھیلانے کی کوشش کی - جناب یہ حزب اختلاف کے ممبران بار بار گڑبڑ کر کے اس معزز ایوان کی توہین کر رہے ہیں یہ اپوزیشن والے یہاں بھی شکست کھا چکے ہیں - آئندہ بھی شکست کھائینگے - اور اس کے بعد بھی انشاءُ اللہ ناکام ہونگے - چونکہ وہ شکست خوردہ ہیں - اس لئے ان کا کام ہی یہ ہے کہ ہلہ غلہ کریں - یہ ہلڑ بازی اور شور شرابے میں ہی خوشی محسوس کرتے ہیں - (ایک آواز :-شیخ صاحب - اب آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا) - بھئی - تم تو غلطی سے آ گئے تھے - اب دوبارہ نہیں آؤ گے - میں تو بیسیوں دفعہ آیا ہوں اور آئندہ بھی انشا اللہ آتا رہونگا

جناب والا - انہوں نے کئی جھوٹی خبریں پھیلائیں - جناب صدر مملکت تو بہت بڑے آدمی ہیں - اور صاحب گورنر بھی بہت بڑے آدمی ہیں - انہوں نے تو مجھ ناچیز پر بھی کئی حملے کئے - آپ اپنی بات کریں - ہم نے نہ کسی کو پہلے ستایا ہے اور نہ آئندہ کسی کو ستائیں گے - دراصل ان کے ارادے ہی ناپاک تھے - انہوں نے سب لیڈروں کی گردنوں کے ماپ پھانسی لگانے کی غرض سے لے رکھے

تھے - (قہقہہ) اگر ان کی نیت نیک ہوتی - تو اللہ میاں بھی ان کے ساتھ نیک سلوک کرتا - اور ان کے ساتھ انصاف کرتا - چونکہ ان کی نیت ہی نیک نہ تھی - اس لئے اللہ میاں نے آزمائش میں ڈال دیا - اور آئندہ بھی مشکل میں مبتلا رہیں گے -

جناب والا - عرض یہ ہے کہ انتخابات کرانا الیکشن کمیشن کا کام ہے - اس سے ہماری مغربی پاکستان یا مرکزی حکومت کا کوئی تعلق ہی نہیں - (ایک آواز - شیخ صاحب - کبھی تو سچ بولا کریں) - بھئی - تم تو ہارے ہوئے ہو - کچھ تو شرم کرو - ہار کر بھی بول رہے ہو - آپکو معلوم ہے کہ الیکشن کمیشن چیف الیکشن کمشنر کے ماتحت ہے - یہ بالکل علیحدہ - آزاد اور خود مختار ادارہ ہے - اور اس سے مرکزی حکومت اور حکومت مغربی پاکستان کو دور کا بھی تعلق نہیں - اپوزیشن والے تو خود بھی کہتے تھے کہ الیکشن جلد از جلد ہونے چاہئیں - یہ تو ان کی اپنی ہی خواہش تھی - ورنہ ہم تو ہزاروں اعتراضات کر سکتے تھے - لیکن ہم نے اسے Welcome کیا - چنانچہ ۲ جنوری کی تاریخ مقرر ہو گئی - اس کے بعد انہوں نے واویلا کرنا شروع کر دیا کہ اوہو اتنی جلدی - اس کے بعد جب الیکشن کمیشن جلدی کرتا ہے تو ہم کوئی اعتراض نہیں کرتے - بلکہ یہ خود ہی اعتراض کرتے ہیں -

جناب والا - جب ان کے اپنے الیکشن ہوئے - آپکو یاد ہو گا - میں تو کبھی B.D. کا ممبر نہیں رہا - اور نہ ہی کبھی بننے کا ارادہ ہے - ان انتخابات میں امیدواروں کے مختلف رنگوں کے بکسے مثلاً لال - سبز - نیلے اور پیلے وغیرہ مقرر تھے - انہوں نے کہا کہ شاید یہ ڈر جائینگے - چنانچہ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایک ہی بکس ہونا چاہئیے - ہم نے اس پر بھی کوئی اعتراض نہ کیا - ورنہ اگر ہم چاہتے تو ہم اعتراض کر سکتے تھے - الیکشن کمیشن نے بھی ان کی بات مان لی اور کہا کہ بالکل ایک ہی بکس ہوگا - ان کو خود ہی اس بات کا ڈر تھا - کہ مغربی پاکستان میں واضح اکثریت ان کے ساتھ نہیں - اور مشرقی پاکستان میں اکثریت ان کے ساتھ ہے - ان کا یہ خیال غلط تھا -

وہ چاہتے تھے ۔ کہ ایک ہی دن میں الیکشن ہو ۔ ہم نے اس پر کوئی Objection نہیں کیا ۔ پھر انہوں نے کہا ۔ کہ ہر امیدوار کا Polling Agent ہمارے Presiding Officer کے پاس بیٹھے ۔ ہم نے یہ بھی مان لیا ۔ جب انہوں نے کہا ۔ کہ مارکنگ صیغہ راز میں ہونی چاہئے ۔ تو یہ بات بھی مان لی ۔ جیسا کہ مولانا غلام غوث صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ وہاں اللہ تھا اور یہ تھے ۔ ان تمام باتوں کے مان لینے کے بعد بھی وہ شکست فاش کہا گئے ہیں ۔ اور اس الیکشن کو ایک ڈھونگ اور Police Action قرار دیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سیاسی بد دیانتی ہے ۔

میر عبدالباقی بلوچ ۔ نہیں یہ انتظامیہ کی بد دیانتی ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ جناب والا ۔ دنیا میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی ۔ کہ عوام میں سے ہیڈ آف دی سٹیٹ کے خلاف ایسی ایسی باتیں کہی جائیں ۔ جن کو زبان پر لانا زیب نہیں دیتا ۔ اور پھر کوئی ایکشن نہ لیا جائے ۔ اگر یہ امریکہ یا انگلینڈ میں ہوتے ۔ تو وہاں قید ہو جاتے ۔ مگر ہم نے ان کی رسی چھوڑ دی ۔ اس کے باوجود وہ شکست فاش کہا گئے ۔ میمن صاحب نے جو Allocation کی بات کی تھی ۔ معلوم ہوتا ہے ۔ کہ وہ اتنی غلط نہیں تھی ۔

ایک معزز ممبر ۔ ان کے ساتھ پہلے ۵ لاکھ روپیہ کے متعلق تو طے کر لیں ۔

وزیر خزانہ ۔ میں نے مسلم لیگ کے لئے ۴ چیزیں لی تھیں ۔ اور ان کو ۳۶ دی تھیں ۔ حالانکہ اپوزیشن صرف آٹے میں نمک کے برابر ہے ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ اور خود ۳۰۰ لے لیں ۔

وزیرخزانہ ۔ مسلم لیگ کو صرف ۴ چیزیں ملی تھیں ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ انہوں نے طالب علموں کو سیاست میں گھسیٹا ہے ۔ اس سے بڑا ظلم کیا ہوگا ۔ (Shame - Shame)

میں طالب علموں کو اپنی اولاد کے برابر سمجھتا ہوں ۔ میرے بچے بھی طالب علم ہیں ۔ میں ان کا ہر جائز

مطالبہ ماننے کو تیار ہوں - میں نے ایک کمیشن مقرر کیا تھا - لیکن اب صدر صاحب نے ایک کمیشن مقرر کر دیا ہے - جس میں سپریم کورٹ کے ایک جج صاحب ہیں - دو ہائی کورٹ کے جج صاحب ہیں - اور باقی دو ممبران پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین ہیں - اس سے بڑا کمیشن پاکستان کی تاریخ میں آج تک کبھی مقرر نہیں ہوا - پھر یہ کہا گیا ہے - کہ الیکشن میں وزیروں نے حصہ لیا ہے - کیا میں پوچھ سکتا ہوں - کہ الیکشن میں وزیر کیوں حصہ نہیں لے سکتے - جبکہ آئین اس کے لئے مانع نہیں - اگر برطانیہ میں وزیر اعظم سیاسی طور پر حصہ لے سکتے ہیں - تو ہم کیوں نہیں لے سکتے - پھر ہمیں سرکاری کام بھی کرنا ہوتا ہے - غالباً ان کو کوئی غلط فہمی ہو گئی ہے -

مسٹر حمزہ - آپ نے ڈپٹی کمشنروں کو اجازت دی تھی کہ وہ اسلحہ کے لائسنس دے دیں -

Minister of Finance : I order. I don't 'say' but I order.

وہ اس لئے کہ وہ لوگ آپ سے اپنی جان مال اور اپنی عزت بچا سکیں اور آپ سے نجات حاصل کر سکیں - وہ شخص جو ۱۱۰۰ آدمیوں کا نمائندہ بن کر آتا ہے - وہ ان کا امین ہوتا ہے - اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ صحیح معنوں میں کام کر سکے - آپ دیکھیں گے کہ میں ان کی فوج بناؤں گا - جو عوام کی حفاظت کے کام آئے گی -

ایک ممبر — آپ نے ۷۰۰۰ آدمیوں کو لائسنس جاری کر دیے ہیں -

وزیر خزانہ — میں باقی ۳۳,۰۰۰ کو بھی لائسنس دے دوں گا - تا کہ ۴۰,۰۰۰ ہو جائیں -

جناب والا - ان گذارشات کے بعد میں ضمنی میزانیہ کی طرف آتا ہوں - اور اپنی معروضات پیش کرتا ہوں -

Mr. Senior Deputy Speaker : The time is extended by five minutes more.

وزیر خزانہ — جناب والا اگر میں چاہتا - تو contingencies کی اس item کو میز پر رکھ سکتا تھا - مگر میں نے ایسا نہیں کیا اور voting کے لئے یہاں پیش کر دیا ہے - جب سے میں یہاں آیا ہوں - میں نے یہ اپنا اصول بنا لیا ہے - کہ ہر demand کو اس معزز

ایوان میں voting کے لئے پیش کروں ۔ تا کہ ساری رقوم پر voting ہو جائے (خوب خوب) ۔

یہ ضمنی بجٹ ظاہرا طور پر بڑا معلوم ہوتا ہے ۔ لیکن اتنا بڑا نہیں اس میں بتیس کروڑ کی رقم گندم کی خریدنے کے لئے مخصوص کی گئی ہے ۔ کیونکہ ہماری حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے ۔ کہ مغربی پاکستان کے کونے کونے میں درآمد شدہ گندم ۱۵ روپے ۱۲ پیسے کے حساب سے اور آٹا ۱۵ روپے ۷۵ پیسے فی من کے حساب سے خواہ پہاڑ ہو ۔ میدان یا ساحل پر پہنچا دیں ۔ اور انشاء اللہ ہم ایسا ہی کریں گے ۔

مولانا غلام غوث ہزاروی — کیا کاغان کو بھی دیں گے ۔

وزیر خزانہ — کیوں نہیں ۔ وہ بھی مغربی پاکستان کا حصہ ہے آپ میرے پاس آئیں ۔ اور جتنی گندم چاہیے حاصل کر سکتے ہیں ۔ میں ملک قادر بخش صاحب سے کہوں گا وہ اس کا انتظام کر دیں گے ۔

وزیر خوراک (ملک قادر بخش) — میں آج ہی بھجوا سکتا ہوں ۔

وزیر خزانہ — اس کے علاوہ کچھ رقم حیدر آباد میں بارش کی وجہ سے جو نقصانات ہوئے ہیں ۔ وہاں کے باشندوں کی امداد کے لئے رکھی گئی ہے ۔ میرے دوست مبین الحق صاحب نے فرمایا تھا ۔ کہ کراچی میں جو حادثات ہوئے ہیں ان کے لئے بھی کچھ رقم رکھنی چاہیے ۔ میں ان کی تجویز کردہ رقم سے متفق نہیں ہوں ۔ لیکن اس بات سے متفق ہوں ۔ کہ ان لوگوں کی relief کے لئے حکومت مغربی پاکستان پوری کوشش کرے گی ۔

استادوں کے متعلق میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ ہم نے ان کی تنخواہیں بڑھا دیں ہیں ۔ پہلے کی نسبت خاطر خواہ اضافہ کیا ہے ۔ اب جو جھگڑا تھا ۔ وہ ۳۴۶ سکولوں کے متعلق تھا جن کو ہم نے اپنی تحویل میں لے لیا ہے ۔ یہ پہلے local bodies کے پاس تھے ۔ اس کے لئے وٹو صاحب نے بھی ابھی ابھی بتایا ہے ۔ کہ ایک High Power Committee بنائی ہے ۔ انشاء اللہ ہم کوشش کریں گے کہ یہ مسئلہ خوش اسلوبی سے حل ہو جائے اور ان کو کچھ فائدہ پہنچے چونکہ سکول بہت زیادہ تھے ۔ اس لیے ہم نے یہ سوچا ہے کہ تین سالوں میں

انہیں اپنی تحویل میں لے لیا جائے ۔ اس کے علاوہ یہ بھی فیصلہ کیا گیا ہے ۔ کہ جن استادوں کی تنخواہ ۲۵۰ روپے یا اس سے کم ہے ان بچوں کے لیے میٹرک تک کی تعلیم مفت ہوگی ۔

میرے خیال میں میرے دوست عبدالرزاق صاحب نے فرمایا تھا میری عرض یہ ہے کہ (sugar cane) جس وعدہ پر ہم نے یہ cess لگایا تھا ۔ حکومت سو فیصدی اس پر قائم ہے ۔ اس کے متعلق قواعد و ضوابط بن رہے ہیں ۔ جب وہ بن جائیں گے ۔ ان پر پورا پورا عمل درآمد ہو گا ۔ اور انشا اللہ تعالیٰ جن سڑکوں کے لیے یہ Cess اکٹھا کیا تھا ۔ وہ سڑکیں ضرور بنیں گی ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

Mr. Senior Deputy Speaker. The House now stands adjourned till 9-00 a. m. tomorrow.

(The Assembly then adjourned till 9:00 a. m. on Tuesday, the 12th Janwar 1965).

2115 PI A—600—19-6-65—S.M.P.F. Lahore.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SEVENTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Tuesday, the 12th January, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9 a.m., of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ۝ وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ۝ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ۝

(پ ۵ - س ۴ - رکوع ۱۵ - آیات ۱۲۳ تا ۱۲۶)

(اے ایمان والو) نہ تو تمہاری آرزوؤں پر منحصر ہے اور نہ اہل کتاب کی آرزوؤں پر، جو کوئی برائی کرے گا ضروری ہے کہ اس کا بدلہ پائے اور پھر اللہ کے سوا نہ تو اسے کوئی دوست ملے گا اور نہ مددگار - اور جو کوئی اچھے کام کرے گا خواہ وہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وہ مومن ہو تو ایسے ہی لوگ ہیں جو جنت میں داخل ہوں گے اور رائی برابر بھی ان کے ساتھ بے انصافی نہیں ہوگی - اور پھر اس آدمی سے بہتر دین رکھنے والا کون ہوسکتا ہے جس نے اللہ کے آگے سر اطاعت جھکادیا اور وہ نیک عمل بھی ہے اور اس نے ابراہیم کے طریقہ کی پیروی کی ہے جو صرف خدا ہی کے لئے ہو رہا تھا اور اللہ نے ابراہیم کو اپنا مخلص دوست بنالیا تھا - اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے - سب اللہ کے لئے ہے اور اللہ ہر چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہے -

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Mr. Ahmed Mian Soomro.

INELIGIBILITY OF DIPLOMA HOLDER IN ELECTRICITY FROM GOVERNMENT POLYTECHNIC INSTITUTE, HYDERABAD FOR RECRUITMENT TO THE POST OF LINE SUPERINTENDENT, GRADE II

***6938. Mr. Ahmed Mian Soomro**: Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that a diploma holder of two years electrical course from Government Ploytechnic Institute, Hyderabad is not considered eligible for recruitment to the post of Line Superintendent Grade II;

(*b*) whether it is a fact that a diploma holder of 10 years electrical course from a Private Institute of Lahore is considered eligible for recru tment to the abovementioned post;

(*c*) If answer to (*a*) and (*b*) above be in affirmative, reasons for this disparity?

پارلیمنٹری سیکریٹری(چودھری امتیاز احمد گل) (الف)— ان دونوں اداروں کے ڈپلومہ یافتگان لائن سپرنٹنڈنٹ گریڈ ۱۱ کسی اسامیوں کے لئے بلا واسطہ بھرتی ہونے کے اہل ہیں کیونکہ یہ لوگ زیر بحث کام کے لئے مطلوبہ فنی قابلیت کے حامل ہوتے ہیں۔ ان اداروں میں صرف شدہ سالوں میں تفاوت کا خیال اگلے اعلے گریڈ یعنی لائن سپرنٹنڈنٹ گریڈ ۱ میں ترقی کے موقع پر رکھا جاتا ہے۔ جن کے پاس ادارے کے تین سالہ کورس کا ڈپلومہ ہوتا ہے وہ بطور سپرنٹنڈنٹ گریڈ ۱۱ پانچ سال ملازمت کا تجربہ حاصل کرنے کے بعد لائن سپرنٹنڈنٹ گریڈ ۱ کی حیثیت سے تقرر کے اہل ہوتے ہیں۔

(ب) اس تفاوت کو دور کرنے کی غرض سے یہ معاملہ زیر غور ہے کہ آیا گورنمنٹ پالی ٹیکنیک انسٹیٹوٹوں کے تین سالہ کورس کے ڈپلومہ یافتگان کو منظور شدہ تسلیم کرلیا جائے اور ان کو ملازمت میں تین تا چھ ماہ کی ابتدائی تربیت دینے کے ساتھ لائن سپرنٹنڈنٹ گریڈ ۱ اور دیگر مساوی آسامیوں کے لئے بلا واسطہ تقرر کا اہل قرار دیدیا جائے۔

COMPENSATION TO LAND-OWNERS WHOSE LANDS WERE ACQUIRED FOR THE CONSTRUCTION OF RAWAL DAM CANAL.

*7050. **Raja Ghulam Sarwar:** Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that land has been acquired from private land-owners for the construction of Rawal Dam Canal; if so, whether compensation has been paid to all the land-owners whose lands have been acquired;

(*b*) whether it is a fact that the adjoining land on both sides of the said canal has also been used in connection with the construction of the said canal and most of it has become unfit for cultivation;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to pay compensation to the owners of such land also; if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): (*a*) Yes, Compensation has been paid to most of the land-owners whose lands were acquired for construction of Rawal Dam Canals. Some of the land-owners have appealed against the award and the matter is subjudice.

(*b*) Yes, but such land as was necessary for the construction has been acquired.

(*c*) Yes.

CONTRACT OF IRRIGATION DEPARTMENT EXECUTED IN HYDERABAD REGION.

*7097. **Syed Ahmed Saeed Kirmani:** Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state:—

(*a*) the number of contracts of the Irrigation Department executed in each of the years 1961, 1962, and 1963 in the Hyderabad Region for which the contractors have not so far been paid, with the following particulars:—

(*i*) name of each contractor;

(*ii*) nature of work done by him;

(*iii*) the amount or amounts due to him or where the amount has not been ascertained yet the approximate amount due to him;

(*b*) whether Government intend to fix a target date for payment of the dues of the said contractors;

(*c*) whether Government propose to take steps to eliminate such delays in future?

Parliamentary Secretary (Ch. Imtiaz Ahmed Gill): Sir, this question relates to the Agriculture Department and it has been wrongly printed in the answer book. I would request that since this question has been transferred to the Agriculture Department it will be answered on that day.

Mr. Speaker: The Parliamentary Secretary will answer it.

Parliamentary Secretary: Yes Sir.

STOPPAGE OF WATER SUPPLY IN THE SADIQIA CANAL

*7131. **Chaudhri Muhammad Ali:** Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state the dates on which the water supply closed down in the Sadiqia Canal during the period from June 1, 1963 to April 20, 1964 along with the duration of time for which the supply remained closed each time?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): During the period from 1st June, 1963 to 20th April, 1964 Sadiqia Canal operated as follows:—

Dates	No. of days in flow	No. of days closed
1st to 4th June 1963		4
5th to 20th June 1963	16	..
21st June 1963		1
22nd June 1963 to 22nd July 1963	31	..
23rd to 25th July 1963		3
26th July 1963	1	..
27th July 1963		1
28th July 1963 to 28th August 1963	32	..
29th August 1963		1

Dates	No. of days in flow	No. of days in closed
30th August 1963 to 24th September 1963	26	..
25th September 1963	..	1
26th September 1963 to 5th October 1963	10	..
6th October 1963	..	1
7th October 1963 to 23rd December 1963	78	..
24th October 1963 to 2nd January 1964	..	10
3rd January 1964 to 20th April 1964	109	..
Total ..	303	22
Total days ..	325	..

CONSTRUCTION OF JAMRAU CANAL AND ITS WATER COURSES

*7139. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Jamrau Canal and its water courses were c onstructed during the years 1892 to 1901;

(*b*) whether it is a fact that the cost expenses of the construction of the water courses was recovered neither by the Government of Bombay nor the Government of Sind from the owners of the lands irrigated by these water courses;

(*c*) whether it is a fact that Government have now decided to recover the said cost from the said land-owners;

(*d*) if answer to (*a*), (*b*) and (*c*) above be in the affirmative, (*i*) reasons for taking this decision after such a long period; (*ii*) the formula prescribed for recovering the said cost;

(*e*) whether it is a fact that affected landlords and their elected representatives have strongly protested to Government against said recovery; if so, whether Government intend to reconsider their decision?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری امتیاز احمد گل) (الف) —نہیں - اگرچہ نہر جمراؤ جو کہ پرانی سیلابی نہر ہے - سکھر بیراج کی تعمیر سے کافی قبل موجود تھی - تاہم سکھر بیراج سکیم کے تحت ۱۹۲۵ ع کے بعد شاہو - سانگھڑ اور میرواہ کے علاقوں میں نئے واٹر کورس بنائے گئے ہیں -

(ب) - نہیں - ۱۹۵۰-۵۱ تک وصول یابی جاری رہی لیکن ۱۹۵۱-۵۲ کے بعد ۱۹۵۵-۵۶ تک کوئی وصول یابی نہیں کی گئی -

(ج) - جی ہاں -

(د) - (۱) شق ''ب'' اور ''ج'' کے پیش نظر سوال ہی پیدا نہیں ہوتا (۲) محکمہ مال تفصیلات بنا رہے ہیں - اور جب مکمل ہوجائیگی متعلقہ زمینداروں کو مطلع کردیا جائیگا -

(ہ) - کچھ زمینداروں نے ڈپٹی کمشنر کو درخواستیں گذاری ہیں - اور بعض نے دعوے بھی دائر کئے ہیں - جن پر غور کیا جارہا ہے - اور مناسب فیصلے کئے جائینگے -

---

NUMBER OF APPLICATIONS FOR ELECTRIC CONNECTIONS FOR INSTALLATION OF TUBEWELLS PENDING WITH ELECTRICITY DEPARTMENT (WAPDA) IN THARPARKAR DISTRICT.

***7148. Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state the number of applications for electric connections for installation of tubewell and pumping sets on wells pending with the Electricity Department (WAPDA) in Tharparkar District along with (*i*) the dates on which these applications were received by the said Department; and (*ii*) reasons for not so far granting the said connections to the applicants?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): A list showing the names of applicants, the date of application, reasons for not granting the connections so far and remarks, is as under :—

Sr. No.	Name of the applicant	Load required	Date on which appli cation was received	Reasons for no granting the connection so far	Remarks
1.	Mr. Wadood Fazli, Mirpurkhas	15.3 KW	31.7.63	Mpplicant has not deposited the security deposit so far.	Reminder is being issued.
2.	Mr. Ghulam Mohd., Mirpurkhas.	15.3 KW	31.7.63	Not justified as the distance from the nearest 11KV pole is 11 miles.	Appl. filed and informed the applicant.
3.	Mr. Qaiser Khan, Bajor, Mirpirkhas.	18.6 KW	31.10.63	Demond Notice served but the consumer not deposited S. Deposit.	Reminder is being issued.
4.	M/s. Mamonjee and Sons, Mirpurkhas.	15.3 KW	31.10.63	Not justified as the distance from the nearest 11KV pole is 7 miles.	Appl. filed and informed the applicant.
5.	Mr. Faqir Mohd. Mangrio, Mirpurkhas.	7.64 KW	31.10.63	Applicant has not submitted suitability report of water for cultivating purposes.	Reminder is being issued.
	Mirpurkhas.			M. C. G. issued on 26-4-64. The applicant has not yet deposited the S. .tisodeD	being issued.
7.	Mr. Kh7da Bux, Tando J. Mohd.	7.64 KW	19.2.64	-do-	-do-
8.	Mr. Khuda Bux, Tando J. Mohd.	7.64 KW	19.2.64	-do-	-dio-
9.	Qazi Mohd. Ashraf Tando Jan Mohd.	13.00 KW	10.1.64	-do-	-di
10.	Mr. Mohd. Hussain Tando Jan Mohd.	10.00 HP	14.12.63	-do-	-dio-

COMPENSATION TO LAND-OWNERS WHOSE LANDS WERE ACQUIRED FOR THE CONSTRUCTION OF PEHUR FLOW IRRIGATION CANAL AND TOPI LIFT IRRIGATION SCHEME.

*7194. **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that no compensation has been paid to the land-owners whose lands have been acquired for the construction of Pehur Flow Irrigation Canal and Topi Lift Irrigation Scheme;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) reasons therefor, (*ii*) the officials responsible for the delay in payment, (*iii*) the action Government intend to take against the said officials and, (*iv*) the date by which compensation will be paid to the said land-owners?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): (*a*) Yes. The award has been announced in respect to Pehur Canal on 26th May 1964 only and available funds have already been deposited by the Department with the Deputy Commissioner.

Regarding Topi Lift Irrigation Scheme, no funds for compensation purposes were made available during 1963-64.

As soon as awards are announced and funds made available, payment shall be made.

(*b*) (*i*) In view of (*a*) above, question does not arise.

(*ii*) As per (*i*) above.

(*iii*) As per (*i*) and (*ii*) above.

(*iv*) No date can be specified. However, efforts are being made to finalize the land acquisition cases early for payment.

خان اجون خان جدون—میں نے یہ پوچھا ہے۔

"Whether it is a fact that no compensation has been paid to the landowners whose lands have been acquired for the construction of Pehur Flow Irrigation Canal and Topi Lift Irrigation Scheme;"

یہ کہتے ہیں کہ "yes" - وہ Payment ابھی تک نہیں ہوئی - ساتھ ہی یہ کہتے ہیں

"..available funds have already been deposited by the Department with the Deputy Commissioner."

اس کا کیا مطلب ہے ؟

Minister of Irrigation & Power (Malik Qadir Bakhsh): This payment is of course made through the Revenue Staff. Canal Department makes the funds available and keeps them at the disposal of the Deputy Commissioner, who deputes an Officer—Revenue Assistant or Tehsildar—who goes to the spot. After proper identification, he makes distribution to the people who deserve the amount. So, so far as the Canal Department is concerned, we have placed the amount at the disposal of the Deputy Commissioner. It means it is at the final stage and the payment will be made very soon.

خان اجون خان جدون —جناب یہ تو آپ پچھلے تین سال سے کہہ رہے ہیں کہ کوشش کی جارہی ہے ۔ سنہ ۵۶ میں یہ کام شروع ہوا تھا ۔ دو تین سال میں مکمل ہوا ۔ اب زمین کی قیمت وہاں چار گنا تک بڑھ گئی ہے ۔ ۲۶ مئی ۶۴ کو اوارڈ کا اعلان کیا گیا ۔ اس کی ذمہ داری کس پر ہے ۔ کیوں اتنا عرصہ اوارڈ دینے میں لگا دیا گیا ۔ ابھی تک ادائیگی کے متعلق کچھ نہیں کہتے ۔ ہر سال یہی کہتے ہیں کہ ادائیگی نہیں ہوئی ۔

وزیر آب پاشی—اب جناب اوارڈ دیا جاچکا ہے ۔ پہلے ہم یہ کہتے تھے کہ اوارڈ کے لئے کارروائی ہورہی ہے ۔ اب میرا جواب یہ ہے کہ اوارڈ ہوچکا ہے اور ادائیگی کے لئے رقم ڈپٹی کمشنر کے پاس رکھ دی گئی ہے ۔

There is a difference; if my friend tries to appreciate, he will see that what I have been saying previously and what I say today is clear.

خان اجون خان جدون—۲۶ مئی کو اوارڈ دیا گیا سات ماہ میں ادائیگی نہیں ہوئی اس کی کیا وجہ ہے کیا وہ بتا سکتے ہیں ؟

Mr. Speaker: That question has already been answered that the default lies with Khan Pir Muhammad Khan and not with Malik Qadir Bakhsh.

PAMPHLET NAMED 'WATER LOGGING AND SALINITY IN WEST PAKISTAN' PUBLISHED BY THE GOVERNMENT

***7206. Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a pamphlet named Waterlogging and Salinity in West Pakistan, has been published by the Government in which the programme of the Government to protect the lands from waterlogging and salinity is given;

(*b*) whether it is a fact that according to the said pamphlet Southern Zone of the Province has been divided into 6 natural regions and reasons for waterlogging and salinity in the area of "Southern Ronti and Nara Canal Commands which is one of the said 6 regions were to be investigated in 1963; if so, (*i*) the report of such investigation if any, (*ii*) the acreage and location of lands spoiled in the said region through waterlogging and salinity;

(*c*) the nature and volume of the work done in connection with the eradication of waterlogging and salinity in the Southern Zone along with (*i*) the names of places where the said work has been done, (*ii*) the amount spent on the said work so far;

(*d*) whether Government intend to excavate drains in the said Region to dispose of the saline water; if so, the places where the said drains will be excavated;

(*e*) whether Government are aware of the fact that in the said Region there are old channels and escapes through which water finally flows to Kachn and desert areas; if so, whether Government intend to make use of the said channels and escapes for the purposes;

(*f*) whether it is a fact that Government have undertaken the work of excavating "Dhhoro Paran" a famous natural channel of the said area, from the Regulator of Farash to Naunkot; if so, reasons for not excavating the whole of the said channel ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*i*) Survey has been finished and the report is under preparation.

(*ii*) Southern Rohri Hyderabad District—

Area waterlogged	.. ..	250 acres.
Area under salinity	.. ..	83,300 acres.

Southern Nara Command :—

Area waterlogged	.. ..	11,250 acres.
Area under salinity	.. ..	393,000 acres.

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 95,600 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of pay for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Stamps."

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Next Demand.

(DEMAND NO. 2)

Minister of Finance: Sir, I beg to move:

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 99,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Forests."

Mr. Speaker: The Demand moved is:

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 99,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Forests."

There is one cut motion by Mr. Saadi.

Khawaja Muhammad Safdar: Not moving.

Mr. Speaker: The question is:

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 99,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1965, in respect of Forests."

(The motion was carried)

(DEMAND NO. 3)

Minister of Finance: Sir, I beg to move:

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,61,560 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965 in respect of General Administration."

Mr. Speaker: The Demand moved is:

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,61,560 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965 in respect of General Administration."

There are cut motions to this Demand and first one is by Allama Rehmat Ullah Arshad. He may please move his motion.

Allama Rehmatullah Arshad: I beg to move:

"That the total of Rs. 1,61,560 on account of 25—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 1,61,559."

Mr. Speaker: The motion moved is:

"That the total of Rs. 1,61,560 on account of 25—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 1,61,559."

Yes, Allama Sahib.

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاول پور-۲)—جناب صدر- کسی باقاعدہ قانون کے ماتحت قائم شدہ حکومت کی کار گزاری کا سب سے بڑا معیار یہ ہوتا ہے کہ اس صوبے کے جنرل ایڈمنسٹریشن کی کیا کیفیت ہے اور عام نظم و نسق کی صورت حال کیا ہے ۔ اس بات میں دو رائیں نہیں ہوسکتیں کہ ہماری یہ حکومت اختیارات حاصل کرنے کے اعتبار سے بڑی حریص حکومت واقع ہوئی ہے اور انہوں نے اپنے پاس وسیع تر اختیارات حاصل کئے ہوئے ہیں اور جو آمرانہ اور نسطائی حکومتوں میں کسی بدترین حکومت کے اندر بھی کسی ایگزیکٹو یا انتظامیہ کو یا کسی حکومت کو حاصل نہیں ہوسکتے تھے ۔ مثلاً جناب پریس کے قتل بے دریغ کے لئے پریس آرڈیننس موجود ہے - قوم کے بچوں پر لاٹھیاں برسانے کے لئے ان کے پاس یونیورسٹی آرڈیننس موجود ہے اور ہمیں بتایا گیا تھا

کہ اس صوبے کی لا اینڈ آرڈر کی حالت درست کرنے کے لئے ایک مجرب اور تیر بحدف نسخہ' اکثیر وہ جنگل کا قانون جس کو جرگے کا قانون کہتے ہیں اس صوبے میں نافذ کیا گیا اس کے اختیارات اس حکومت کے پاس موجود ہیں لیکن ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ اس وقت صوبے کے اندر امن و امان کی لا اینڈ آرڈر کی عام نظم و نسق کی کیفیت کیا ہے۔ اخبارات اٹھا کر دیکھ لیجئے ہر روز آپ کے صوبے کے مختلف گوشوں سے نہایت ہی سنگین قسم کی وارداتیں ہوتی ہیں ان کی خبر ان میں ملے گی۔ قتل، ڈکیتی، چوری، راہزنی دھوکہ فریب یہ اس قسم کے جرائم ہیں جو اس صوبے کی پوری زندگی پر حاوی ہیں اور مسلط ہو چکے ہیں اور یہ حکومت ان جرائم کے انسداد میں کلیتاً ناکام رہی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جرائم کا انسداد ہمیشہ انتظامیہ کی اہلیت اور استعداد اور اس کی سرگرمیوں اور کارگذاریوں پر ہمیشہ قائم کرتے ہیں اور وہی معیار ہوتا ہے لیکن ہمارے ہاں ہوتا یہ ہے کہ سرکاری ملازمین کی ترقیاں ان کی تعیناتیاں ان کے تبادلے ان کی کارگذاری کی بنا پر نہیں ان کی کارکردگی کی بنا پر نہیں ان کے کام کے حسن و قبیحہ کی بنا پر نہیں بلکہ اس حکومت کی سیاسی کار گذاری سر انجام دینے کی بنا پر ہوتے ہیں۔ میں ان تلخ حقائق کو دوبارہ تفصیل کے ساتھ نہیں دوہراؤں گا جن کے متعلق کل نواب زادہ صاحب نے اس ہاؤس کو مطلع کیا تھا۔ لیکن یہ ایک واقعہ ہے کہ اس حکومت نے روز اول سے انتظامیہ کے کارکنوں کو اپنا سیاسی کارکن بنالیا ہے۔ اس کی بدترین شکل یہی تھی جو انتظامیہ کے مقابلہ میں قوم کے سامنے اور عوام کے سامنے اور ملک کے سامنے آئی حتی کہ انتخابات Farce ہوگئے۔ اس مقصد کے اندر تو حکومت یقیناً کامیاب ہوگئی کیونکہ ان کی مرضی کے مطابق نتائج مرتب کرالئے گئے لیکن جہاں تک عام نظم و نسق کا سوال تھا۔ لا اینڈ آرڈر کا سوال تھا۔ امن و امان کے قائم کرنے کا سوال تھا اور لوگوں کو ایک باامن زندگی صوبے کے اندر مہیا کرنے کا سوال تھا تو اس کے اندر حکومت کلیتاً اور قطعاً ناکام رہی ہے۔ اس وقت سندھ کی صورت حال یہ ہے کہ کوئی آدمی رات کے وقت عام شاہراہ پر مسلح ہو کر بھی سفر نہیں کرسکتا۔ غنڈہ گردی اس صوبے کے اندر اتنی ہوگئی ہے۔ میں بڑے ادب کے ساتھ اور بڑے محتاط الفاظ کے ساتھ اور بڑے احترام کے ساتھ اس تلخ حقیقت کو آپ کے توسل سے اپنی حکمران جماعت کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ اس غنڈہ گردی کی حمایت اور سرپرستی حکمران جماعت کے بااثر افراد کرتے ہیں بااختیار لوگ کرتے ہیں اس کا نتیجہ یہ ہے کہ اس ملک کا امن و امان بالکل غارت ہوگیا ہے۔ کسی آدمی کی اب جان و مال، عزت وآبرو کے تحفظ کی گارنٹی باقی نہیں رہی۔ ان گذارشات کے ساتھ میں بڑی

درد مندی اور دلسوزی سے یہ گزارش کروں گا کہ جب تک حکمران اپنی انتظامیہ کو یہ تاثر نہ دیں گے کہ ان کی ترقی ان کے تبادلے ان کا مستقبل ان کا ملازمتی مستقبل ان کی کار کردگی ان کے فرائض کی بجا آوری پر موقوف ہے اور ان سے آپ سیاسی کارکن کی حیثیت سے کام لیتے رہے ہیں اور جب تک یہ محسوس نہ کریں کہ فرائض کی ادائگی ہی پر ان کا ملازمتی مستقبل اور ان کی ترقی موقوف ہے اس وقت تک یہ انتظامیہ اس ملک کے اندر قوانین کو سنبھال نہیں سکے گی ۔ اس لئے کہ میں ذاتی طور پر جانتا ہوں کہ آج پولیس کا ہر افسر یہ اچھی طرح محسوس کرتا ہے کہ اس کا کام لا اینڈ آرڈر کا قیام نہیں بلکہ اس کا کام یہ ہے کہ وہ ان کی خشنودی مزاج کے لئے کتنے زیادہ سے زیادہ ووٹ پچھلے الیکشن میں دے چکا ہے اور آئیندہ آنے والے الیکشن میں دے دیگا ۔

مسٹر سپیکر — امیر حبیب اللہ خان سعدی

امیر حبیب اللہ خاں سعدی (لائلپور—ے) کٹ موشن کی تحریک پیش کرنے کی ضرورت تو نہیں ؟

مسٹر سپیکر۔ کٹ موشن کی تحریک ہو چکی ہے ۔ آپ کی کٹ موشن ایک ہی طرح کی تھی اسلئے آپ تقریر فرمائیں ۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی —صاحب صدر ۔ میں مختصر گزارش یہ کرنا چاہتا ہوں کہ اس مطالبہ زر کے لئے جو وجہ جواز ہے ۔ جو دی گئی ہیں وہ دو ہیں ۔ ایک تو یہ ہے کہ انسپیکشن ٹیم کو ان کا سٹاف مہیا کرنا ہے اور زیادہ اناج اگاؤ کی مہم یا سکیم کے تحت جو زمینیں لوگوں کو دی گئی تھیں ان کی ازسر نو تصدیق کرنی ہے کہ زمین ان کو کن حقوق کی بنا پر دی گئی اور آیا کہ وہ جائز طور پر دی گئی اور زمین کن سے واپس لینی چاہئے ۔ تو جناب اس ضمن میں میں گذارش کروں گا کہ انسپکشن ٹیم جو تمام محکموں پر ایک خاص کوتوال کی صورت میں یہاں قائم کی گئی ہے ہم نے آج تک اس کا نتیجہ بالکل صفر دیکھا حالانکہ جتنا اس کا بڑا نام ہے اور جو دعوے کئے جاتے ہیں کہ یہ گورنر صاحب کی خاص ٹیم ہے جو تحقیق کرتی پھرتی ہے ہر جگہ ۔ تو اس سے جو نتائج برآمد ہوئے ہیں وہ زیادہ تر یہ ہیں کہ جو لوگ موجودہ حکمرانوں کی چشم کرم کے منظور نظر ہیں ان کے خلاف تمام معاملات کو گول مول کر دیا جاتا ہے ۔ انکا نتیجہ کچھ بھی نہیں نکلتا اس انسپکشن ٹیم نے ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ایک قتل کی تحقیق کی تھی اور صاف طور پر یہ کہا تھا کہ پولیس نے قتل کیا

ہے لیکن وہ رپورٹ سیکریٹریٹ میں جا کر آج تک لاپتہ ہے اس لئے کہ اس میں شاید ان کے کچھ لوگ اس الزام میں پھنستے تھے ۔ دوسری مثال میں نے پچھلے سال گذارش کی تھی کہ تحصیل ننکانہ کا ایک معاملہ تھا وہاں انسپکشن ٹیم گئی تو تحصیل کونسل کے اجلاس کے بعد انہوں نے دریافت کیا کہ یہاں رشوت ستانی تو نہیں ہے ۔ ایک بیچارے چیرمین نے ڈرتے ڈرتے کہا کہ ہوتی ہے ۔ وہ معاملہ اخبار میں آیا ۔ کسی بدقسمت نامہ نگار نے وہ رپورٹ کر دیا ۔ اس کی وجہ سے وہ معاملہ یہاں اسمبلی میں آیا اور نتیجہ اس کا یہ ہوا کہ انسپکشن ٹیم کی ساری پڑتال کا کہ ڈپٹی کمشنر اس کو چھ مہینے تک پریشان کرتا رہا کہ تم نے یہ اخبار میں اطلاع کیوں دی یعنی ایک طرف تو لوگ چوری کرتے ہیں اور دوسری طرف ہماری حکومت کے ذمہ‌ترین افراد ان کی پردہ پوشی کرتے ہیں ۔ میں نہیں سمجھتا ایسی انتظامیہ کہ یہ رقم دینے کا کیا جواز ہے ۔جب اس کا نتیجہ وہی نکلتا ہے ۔ اس پڑتال کرنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ ۵۶ میں جن کو زمینیں الاٹ کی گئی تھیں ان کو تو وہ بیدخل کردیں لیکن جو ۵۷ کے الاٹی ہیں ان کو وہ قائم رکھ رہے ہیں ۔ آپ بتائیں کہ یہ دونوں باتیں آپس میں کس طرح مطابقت رکھتی ہیں یا پھر ان کا مقصد یہ دیکھنا ہے کہ ہمارے موجودہ حکمرانوں کے جو مخالفین ہیں انہوں نے تو پہلے کسی کو زمین الاٹ نہیں کی ہوئی ۔ یہ چیز ہمارے وزیر مال صاحب ایک گفتگو کے دوران لائلپور میں فرماچکے ہیں ۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان) ۔ میں نے یہ کہا تھا کہ ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ فیورٹزم تو نہیں ہوئی ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ اس کے علاوہ یہ گذارش ہے کہ زیادہ اناج اگاؤ کے الاٹیوں کے علاوہ بعض اور لوگوں کو بھی بیدخل شدہ الاٹیوں کی سرکاری زمینیں دی گئی تھیں ۔ انہوں نے جو مصائب برداشت کر کے یہ زمین آباد کی وہ اس علاقہ کے لوگ جانتے ہیں پوری ایک نسل اس کو آباد کرنے میں ختم ہوگئی ہے ۔ اگر حکومت نے آبادکاری پر خرچ کیا ہوتا تو اسے انہیں بیدخل کرنے کا حق تھا ۔ اب جب وہ زمین آباد کرچکے ہیں انہیں زمین خالی کرنے کا نوٹس دیا گیا ہے ۔ بہانہ یہ ہے کہ وہ زمین شہر کے پانچ میل کے اندر ہے ۔ حالانکہ میرے پاس ان کی چٹھیاں اور حوالے موجود ہیں جن سے صاف ظاہر ہے کہ یہ من مانی کررہے ہیں ۔ اور ان کا کوئی اصول نہیں ۔ مثلاً انہوں نے نمبر داری کے ایک قصہ میں کہا کہ بشرطیکہ صرف لاہور کارپوریشن یا بڑی میونسپل کمیٹیوں کے لئے ہے ۔ لیکن جو معمولی قصبے یا ٹاؤن کمیٹیاں

ہیں اب وہ وہاں بھی پانچ میل کے اندر سے ایسے لوگوں کو نکال رہے ہیں - یہی نہیں بلکہ وہ پانچ میل سے باہر والوں کو بھی بہانہ کرکے نکال رہے ہیں - یہ تو مردوں کے کپڑے اور لاٹھیوں کے گز والا معاملہ ہے ان کی مستقل طور پر یہ پالیسی ہے کہ غریب لوگ قطعاً مطمئن ہوکر نہ بیٹھیں - روزانہ ان کے آگے پھرتے رہتے رہیں - درخواستیں کریں - سفارشیں کرائیں - وہ یہ سب کچھ اس لئے کر رہے ہیں کہ آباد کاری کے خیال سے - میں صاحب صدر اس مطالبہ زر کے متعلق عرض کروں گا کہ یہ روپیہ قطعاً ضائع ہوگا - اس لئے اسے نامنظور کیا جائے -

مسٹر سپیکر— مسٹر حمزہ -

مسٹر حمزہ (لائلپور-۶) - جناب سپیکر - اس بجٹ میں جنرل ایڈمنسٹریشن کی مد کے تحت جو مطالبہ زر پیش کیا گیا ہے - میں اس کی مخالفت کے لئے کھڑا ہوا ہوں - اس وقت باضمیر لوگوں کو پہلے ہی علم ہے - اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے اس بدقسمت ملک میں انتظامیہ موجود ہے - بلکہ بہت ہی طاقتور انتظامیہ موجود ہے - لیکن اگر کوئی چیز مفقود ہے تو وہ انتظامیہ ہے - انتظامیہ ہے - طاقتور انتظامیہ ہے مگر انتظام نہیں - یہ انتظام کس کے لئے ہے - یا تو اپنے لئے یا حکمران ٹولہ کی ناجائز امداد کے لئے - ملک کا عام شہری اس بد انتظامی سے پریشان ہے - جب ملک کا عام شہری بدانتظامی سے پریشان ہے تو انتظامیہ کی مد پر خرچ کے لئے رقم کی منظوری دینا اس بات کا ثبوت ہے کہ ہمیں اس انتظامیہ کی بدانتظامی کا قطعاً احساس نہیں - اور ہم عوام کو اور زیادہ پریشان اور بدحال دیکھنا چاہتے ہیں -

کل کی تقاریر کے دوران بھی احباب نے اس چیز کا اظہار کیا تھا کہ موجودہ اراکین میں جو کچھ ہوا ہے اس کا ایک تاثر جو عام ذہن پر قائم ہوا ہے وہ یہ ہے کہ اس ملک میں آئینی جنگ تقریباً ختم ہوچکی ہے - میرے محترم مولانا غلام غوث صاحب نے اسے بہت ہی ناپسند کیا ہے - مجھے بڑا ہی افسوس ہے کہ دو اور دو کو چار کہنا اس وقت اسے بھی ناپسند کیا جاتا ہے - لیکن یہ جو تاثر ہے یہ کیوں پیدا ہوا ہے - اس کا کیا جواز ہے کہ اس پر نگاہ ڈالنے کی بجائے اس سے انکار کیا جاتا ہے - اگر یہ تاثر پیدا ہوا ہے تو اس کی وجہ محض ایک ہے - کہ انتظامیہ کو بد عنوانیاں کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ اختیارات کی ضرورت تھی - ان کو اس قسم کی حکومت کی ضرورت تھی جو ان سے چھوٹے موٹے کام لے کر اپنی عیش کوشی میں مبتلا ہوجائے -

جو اقتدار کے نشہ میں چور ہو ۔ اور اس قسم کی حکومت انہیں مہیا ہوگئی ہے ۔ آخر ان بدنام افسروں کو اس سے زیادہ سنہری موقع کیا ملیگا ۔ چند ایک دن پبلک کے عام لوگوں کو اور بی ڈیز کو بلا کر رعب اور دبدبہ سے اور اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرکے سرکار کے حق میں ۔ برسر اقتدار طبقہ کے حق میں ووٹ ڈالنے پر مجبور کرکے اس کار گذاری کے صلہ میں اپنی تمام بے انصافی اور رشوت ستانی جاری رکھ سکیں ۔

وزیر مال—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب میں نے یہ مطالبہ زر الیکشن کے سلسلہ میں پیش نہیں کیا ۔

مسٹر حمزہ—آپ کے پٹواری کیا کرتے ہیں ۔ پٹواریوں کو محض ——(اس مرحلہ پر خواجہ محمد صفدر اٹھ کھڑے ہوئے) ۔

مسٹر سپیکر—تشریف رکھئے ۔ خواجہ صاحب کچھ فرمانا چاہتے ہیں ۔

Khawaja Muhammad Safdar: "Part I. Creation of certain temporary posts in the Board of Revenue for Inspection Team for the work relating to...."

so on and so forth

انسپکشن ٹیم اگرچہ ریونیو بورڈ کے ساتھ منسلک ہے ۔ اور ریونیو بورڈ کے ایک معزز رکن بھی اس ٹیم کے رکن ہوتے ہیں ۔ لیکن دراصل یہ ٹیم جناب گورنر صاحب کی آنکھیں ہیں ۔ ہر محکمہ میں اس ٹیم کو اختیار ہے ۔ کہ وہ مداخلت کرے ۔ اس کی چھان بین کریں ۔ غلط کاریوں کی پڑتال کریں ۔ خواہ وہ محکمہ پولیس ہو ۔ خواہ جوڈیشری کا محکمہ ہو ۔ یا خواہ وہ انتظامیہ کا کوئی حصہ ہو ۔ اس لئے جب ہم انسپکشن ٹیم کے کسی حصہ کے متعلق بحث کریں گے ۔ تو میری رائے میں تمام انتظامیہ زیر بحث آجائیگا ۔ کیونکہ انسپکشن ٹیم کے فرائض میں یہ ہے ۔ اور اس کا وجود محض اس لئے رکھا گیا ہے ۔ کہ انتظامیہ میں جو خرابیاں اور خامیاں ہوں ۔ اس کو رفع کیا جائے ۔

وزیر مال—مجھے افسوس ہے ۔ کہ میرے دوست نے لاتقربالصلواۃ تو پڑھ لیا ہے ۔ لیکن انتم سکارا تک نہیں گئے ۔ اگر یہ انتم سکارا تک جاتے ۔ تو وہ کبھی یہ اعتراض نہ کرتے ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کردوں ۔ کہ

"Creation of certain temporary posts in the Board of Revenue for Inspection Team."

یہاں تک تو آپ نے کہا تھا ۔ لیکن آگے ہے ۔ کہ

"for the work relating to the scruntiy of cases of allotments of land granted under Grow More Food Scheme."

گرو مور فوڈ سکیم کے تحت کچھ مدت کے لئے قائم کیا ۔ اور اسی کے لئے ہم یہ رقم لے رہے ہیں ۔ کہ وہ بے الاٹ منٹیں جس کی تفصیل میں بعد میں عرض کروں گا ۔ اس کا انسپکشن ٹیم کی باقی کارکردگی کے ساتھ جس پر میرے دوستوں کو اعتراض ہے ۔ کوئی تعلق نہیں ہے۔

خواجہ محمد صفدر—انسپکشن ٹیم تو ہے ۔

وزیر مال—اگر انسپکشن ٹیم کا نام آپ کو لئے ہوا ہے تو وہ تو ہے ۔

خواجہ محمد صفدر—میں تو اس سے نہیں ڈرتا ۔ ڈرنا تو آپ کو چاہئے اپنی بد اعمالیوں کی وجہ سے ۔

مسٹر سپیکر—یہ مطالبہ زر اس کے متعلق ہے ۔ کہ " زیادہ اناج اگاؤ" سکیم کے تحت جو Cases ہیں ۔ بورڈ آف ریونیو کے تحت انہیں scrutinise کریں گے۔جہاں تک انسپکشن ٹیم کا تعلق ہے اس میں جو مخصوص مطالبہ کیا گیا ہے ۔ وہ اسی مقصد کے لئے کیا گیا ہے ۔

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ ہماری حکومت کا جو طریقہ کار ہے ۔ وہ یہ ہے اور جس طرح کل جناب سعدی صاحب نے بھی انہیں سرٹیفیکیٹ دیا ہے ۔ کہ یہ گندم نما جو فروش ہیں ۔ یہ کہتے کچھ ہیں ۔ اور کرتے کچھ ہیں ۔ جناب وزیر مال صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے ۔ وہ بالکل بجا ہے ۔ لیکن ہم جو کچھ عملی زندگی میں دیکھ رہے ہیں ۔ کہنے کی بات اور ہے ۔ وہ ہم نے آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنا ہے ۔ انہوں نے غیر مستحق لوگوں کو weed out نہیں کرنا ہے ۔ ایسے لوگوں سے زمینیں نہیں چھیننی ۔ کہ جو غیر مستحق ہیں ۔ بلکہ ایسے لوگوں سے چھیننی ہیں ۔ جو ان کے سیاسی مخالفین ہیں ۔ ان کو جو بھی اختیار دیا جاتا ہے ۔ وہ اسے اپنے سیاسی اغراض کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔ اگر اختیارات کی بنا پر ملک کی انتظامیہ بہتر ہوجاتی ۔ یا بہتر انتظام ممکن ہوجاتا ۔ تو جس قدر اختیارات وہ اب تک لے چکے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ ان کے پیش نظر اس ملک میں بدانتظامی کا نام تک

موجود نہ ہوتا ۔ لیکن حقیقت یہ ہے ۔ کہ ان کو جتنے بھی اختیارات دئے جاتے ہیں اس سے وہ ملک میں بدانتظامی کو مزید تقویت بخشتے ہیں ۔ اور اس کی وجہ محض ایک ہے ۔ کہ وہ انتظامیہ کو نہ تو خود کنٹرول کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ اور نہ اس بات کی طاقت رکھتے ہیں ۔ اور اب تو ایک اور نیا دور شروع ہوا ہے ۔ اور جیسا کہ میں نے کل بھی عرض کیا تھا ۔ کہ انتظامیہ کو اس بات پر فخر ہے ۔ کہ صدارتی انتخاب کے جیتنے کا تمام کا تمام انہوں نے کیا ہے ۔ یہ محمد شاہ رنگیلے ستار اور طبلے کی دھنوں پر خواہ مخواہ محو مسرت ہیں ۔ اور مجھے بھی علم ہے ۔ اور عام لوگوں کو بھی اس بات کا علم ہے ۔ کہ یہ لوگ آج بھی آپس میں ٹکٹوں کی بانٹ پر لڑ جھگڑ رہے ہیں ۔ ان کا کام عوام تک پہنچانا یا معیران بنیادی جمہوریت کے ساتھ رابطہ پیدا کرنا نہیں ہے ۔ وہ تو کرنے والوں کا کام تھا ۔ انتظامیہ کے لئے اس سے زیادہ زرین موقع اور کیا ہوگا ۔ چار دن ان کی منشاء کے مطابق کام کرنے کے بعد یہ پہلے بھی کٹھ پتلی تھے ۔ اب اور زیادہ بن گئے ہیں ۔ بلکہ میں تو یہ کہوں گا ۔ کہ آئندہ XXX*

Minister of Education: I object to it Sir. This is an aspersion.

وزیر مال—جناب سپیکر ۔ ان کو اتنی کھلی چھٹی تو نہ دیدیں ۔

Mr. Speaker: This remark is expunged from the proceedings of the Assembly, and Mr. Hamza, this is not a general discussion. That stage is over and we are now discussing a particular Grant. Your speech should be confined to that.

Minister of Revenue: He should be asked to withdraw that remark.

Mr. Speaker: I have expunged that remark.

Minister of Revenue: He should withdraw those remarks.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: They have been expunged. When they are not there, what is to be withdrawn.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ تقریبا ایک سال گذرچکا ہے ۔ مغربی پاکستان پر جنگل کا ایک قانون نافذ کیا گیا ۔ قوم سے یہ وعدہ کیا گیا ۔ کہ چونکہ بدانتظامی اپنی انتہا کو پہنچ چکی ہے ۔ اور جرائم پیشہ اور مجرمین کو تمام عدالتوں کے ذریعے سزادینا ناممکن ہے ۔ اور جس قسم کی اسمبلیاں اس آئین کے تحت معروض وجود میں آئی ہیں ۔ اس کا بھی آپ کو علم ہے ۔ بلکہ آپ سے زیادہ کس کو اس کا علم ہوگا ۔ لیکن میں ایک ادنیٰ سی مثال آپ کے سامنے اس حکومت کی کارگذاری کی پیش کرتا ہوں ۔ اس حکومت نے محض اس اصول پر عمل کیا ہے ۔ "To set a thief to catch a thief" ایک

*Expunged as ordered by the Speaker.

چور کو پکڑنے کے لئے ایک چور ھی کی خدمات سے استفادہ کریں ۔ میں نے اسمبلی میں ایک سوال پیش کیا تھا کہ کیا اس شہر لاھور میں ایک جرگہ ممبر ایسا بھی ھے۔ (اور میں نے اس کا نام بھی بتایا تھا ۔) کہ جو پہلے غنڈہ ایکٹ میں چالان ھوچکا ھے ۔ اس سوال کا جواب یہ دیا گیا ھے ۔ ''ھاں،، ایسے شخص کا غنڈہ ایکٹ کے تحت چالان ھوا تھا ۔ لیکن اس کو اس کے تحت سزا نہیں دی گئی ۔

مسٹر سپیکر—مسٹر حمزہ ۔ میں ایک چیز واضح کردوں ۔ کہ ضمنی بجٹ کے کسی مخصوص Item پر جب بحث ھوتی ھے ۔ تو جس چیز کے لئے مطالبہ زر ھوتا ھے ۔ آپ اسی پر تقریر فرما سکتے ھیں ۔ یہ عام سالانہ بجٹ نہیں ھے ۔ اور نہ بجٹ پر عام بحث ھے ۔ اس لئے آپ اپنی تقریر کو اسی خاص Item تک ھی محدود رکھیں ۔

مسٹر حمزہ—ھماری حکومت کی مقررکردہ انسپکشن ٹیم کے فرائض میں یہ ھے۔ کہ جس جگہ میں بھی جس محکمہ میں بھی کوئی بد انتظامی ھو ۔ کوئی خرابی ھو ۔ کوئی غبن ھو ۔ یا اختیارات کا ناجائز استعمال ھوا ھو ۔ وہ اس کے بارے میں تحقیقات کرسکتی ھے ۔ اور اب انہوں نے اس انسپکشن ٹیم کو یہ اختیار دیا ھے کہ '' زیادہ اناج اگاؤ،، سکیم کے تحت جو اراضیات دی گئی ھیں ۔ ان کی جانچ پڑتال کریں لیکن میں یہ عرض کر رھا تھا ۔ کہ یہ انسپکشن ٹیم پہلے بھی موجود تھی ۔ اور انہیں جو اختیارات پہلے دئے گئے ھیں ۔ وہ ان کو بطریق احسن انجام نہیں دے سکے ۔ یہ اس کو مزید تقویت بخشتے ھیں لیکن یہ اس قسم کا محکمہ ھے جس کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ھے ۔ یہ جناب گورنر صاحب کے اشاروں پر کام کرتے ھیں ۔ اور اگر کسی مقدمے کو سرد خانے میں بھجوانا مقصود ھو تو اس کی تحقیقات اس کے سپرد کردی جاتی ھے ۔ اس کا مقصد صرف سیاسی مخالفین کو Knock out کرنا ھے ۔ یا انتظامیہ میں ایسے لوگوں کو نقصان پہنچانا ھے ۔ جو موجودہ حکومت کے اشاروں پر ناچنے کے لئے تیار نہ ھو ۔ اور جہاں تک زرعی اراضیات کی الاٹمنٹ کا تعلق ھے ۔ جناب خان پیر محمد خان صاحب نے اس سے قبل ایک بار وعدہ کیا تھا ۔ کہ ھم ان تمام لوگوں کے خلاف جنہوں نے ناجائز طور پر سرکاری اراضیات الاٹ کروائی ھیں ۔ جلد از جلد موثر کارروائی کریں گے ۔ لیکن ان کا یہ وعدہ آج تک ایفا نہیں ھوا ۔ مجھے اپنے ھی حلقہ نیابت کی ایک مثال ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دیجئے ۔ ایک شخص تقریباً ۵۰ مربع زمین ناجائز طور پر ۔ دھوکہ دے کر الاٹ کروالیتا ھے ۔ وھاں کی پبلک انتظامیہ کو اس کی اطلاع دیتی ھے لیکن جب تک اس ناجائز الاٹمنٹ کی بابت میں نے اسمبلی میں سوال پیش نہیں کیا

اس وقت تک اس اچھی حکومت کو یہ توفیق نہیں ہوئی کہ اس شخص کے خلاف کوئی کارروائی کرے - میں اس حکومت سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ آپ کا ایک طریقہ کار مشہور طریقہ کار - آپ کی ایک بنیادی پالیسی تو یہ ہے کہ حزب اختلاف کو اس ملک سے ملیا میٹ کیا جائے - اختلاف کی آواز چاہے کسی طرف سے بھی ہو اور کتنی بھی سچی کیوں نہ ہوں لوگوں کو قطعاً ناپسند ہے اور یہ آواز کو ختم کرنے کی جائز و ناجائز کوشش کرتے ہیں - میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ کی یہ انتظامیہ کیا کرتی ہے - جبکہ ایک آدمی تحصیل ہیڈ کوارٹر سے تقریباً پانچ چھ میل کے فاصلہ پر ۵۰ مربع زمین ناجائز الاٹ کرواتا ہے اور انتظامیہ کی مشینری قطعاً حرکت میں نہیں آتی - جہاں تک زیادہ اناج اگاؤ سکیم کے تحت زمینیں دینے کا تعلق ہے مجھے امید ہے حزب اقتدار کے بہت سے ممبران مجھ سے متفق ہوں گے کہ اس حکومت نے جو پالیسی زیادہ اناج اگاؤ سکیم کے تحت دی گئی اراضیات کے سلسلہ میں ان لوگوں کو جن کو ۱۹۵۶ میں الاٹمنٹ ہوئی اختیار کی اس پالیسی کو ہر نقطہ نظر سے ناپسند کیا گیا بلکہ حزب اقتدار کی طرف سے کئی بار احتجاج کیا گیا ہے کہ گورنمنٹ کی یہ پالیسی بہت سے ایسے لوگوں کو نقصان پہنچا رہی ہے - جنہوں نے کہ انتہائی کٹھن وقت میں اس ملک کی خدمت کی تھی اور انتہائی محنت و مشقت کے بعد ۱۹۵۶ سے لیکر آج تک زمینوں کو آباد کیا تھا - لیکن یہ گورنمنٹ پبلک کے احساسات یا جائز مطالبات سے ہمیشہ کنارہ کشی کرتی رہی ہے - ان کو ہمیشہ نظر انداز کرتی رہی ہے - ایک طرف تو ۱۹۵۸ کے الاٹیوں کو حقوق ملکیت دینے پر تلی ہوئی ہے اور دوسری طرف وہی اراضیات اسی سکیم کے تحت جو ۱۹۵۶ میں الاٹ ہوئی تھیں ان کو حقوق ملکیت دینے کے لئے قطعاً تیار نہیں - ایسی حکومت سے ہم کس طرح یہ توقع کرسکتے ہیں کہ وہ انسپکشن ٹیم کے ذریعہ ناجائز الاٹیان کے خلاف کوئی کارروائی کرے گی - جہاں تک چھوٹے مالکان اور بے دخل مزارعین کا تعلق ہے جن کو آباد کرنے کے لئے سرکاری اراضیات الاٹ کی گئیں تھیں جیسا کہ حبیب اللہ سعدی صاحب نے فرمایا ہے کہ ان لوگوں نے اپنی محنت شاقہ سے اس زمین کو آباد کیا اور آج گورنمنٹ مختلف بہانوں سے ان کو زمینوں سے علیحدہ کر رہی ہے - بے آباد کر رہی ہے - اور اس کے لئے کوئی مناسب اور معقول وجہ بھی پیش کرنے کے لئے تیار نہیں - اور سب سے قابل اعتراض چیز یہ ہے کہ اس گورنمنٹ کے پاس مستقبل کے بارے میں سوچنے کی قطعاً اہلیت نہیں ہے - ان کو دوسرے لوگوں کی تکالیف کا قطعاً احساس نہیں ہے - ان الاٹیان میں سے بہت سے ایسے الاٹی ہیں جنہوں نے اس زمین کے حقوق ملکیت حاصل کرنے کے

لئے اقساط بھی ادا کرنی شروع کردی ہیں لیکن اس کے باوجود انہوں نے بغیر کسی سوچ بچار کے ان چھوٹے مالکان اور مزارعین کی تکالیف کو نظر انداز کرتے ہوئے ایسی سکیم جاری کی جس کے ذریعہ ان کو بغیر کسی وجہ سے بے دخل کیا جارہا ہے ۔ کم از کم اگر گورنمنٹ کو ان تمام لوگوں کی تکالیف کا احساس ہوتا جن کے لئے انتہائی ضرورت تھی اگر کسی وجہ سے ان لوگوں کو بے دخل کرنا ہی تھا تو ان کے لئے سب سے پہلے متبادل اراضیات مہیا کی جاتیں تاکہ وہ لوگ جنہوں نے اتنی محنت و مشقت کی ہے اور کل کو بھوکے مرنے والے ہیں اور ان کو سختی سے بے دخل کیا جارہا ہے ۔ ان کو کسی اور جگہ اپنے اس ملک کی خدمت کرنے کا موقع ملتا ۔ میں ان تمام وجوہات کو جناب کی خدمت میں بالتفصیل ذکر کرچکا ہوں اور اس کے بارے میں مختصراً یہ کہوں گا کہ موجودہ انتظامیہ مشینری کو تمام اختیارات بلکہ وہ اختیارات جوکہ ماضی قدیم میں اس کو زیادہ دیئے گئے ہیں محض لوگوں کے ضمیر خریدنے کے لئے ۔ ضمیر فروشوں کو نوازنے کے لئے اور باضمیر لوگوں کو پریشان کرنے کے لئے استعمال کرتی ہے ۔ اس قسم کی انتظامیہ کو خصوصاً ایسی انتظامیہ اس قسم کی نااہل حکومت کے تحت یہ اختیار دینا پبلک کے ساتھ ظلم ہوگا ۔ لہذا میں اس مطالبات زر کی سخت مخالفت کرتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر—راؤ خورشید علی خان ۔

راؤ خورشید علی خان (منٹگمری ۔۳) ۔ جناب والا ۔ یہ بڑی عجیب و غریب صورت حال ہے کہ سکیم بنائی جاتی ہے خوراک میں اضافہ کے لئے اور نتیجہ ہم دیکھتے ہیں کہ گندم کی قیمت بڑھتی جارہی ہے ۔ آٹے کی قیمت بڑھتی جارہی ہے ۔ اور دوسری اشیائے ضروریات جو ہیں ان کی قیمتیں بھی روز بروز بڑھتی جارہی ہیں ۔ یہ ان کی کارکردگی کی کتنی Sad Commentary ہے کہ جو سکیم یہاں فوڈ میں اضافہ کے لئے بناتے ہیں بجائے اس کے کہ خوراک میں اضافہ ہو ۔ خوراک کے اندر کمی واقع ہوجاتی ہے اور اگر کمی واقع نہیں ہوتی تو میں یہ پوچھتا ہوں کہ فوڈ کی قیمتوں میں اضافہ کی کیا وجہ ہے ۔ دوسری وجہ سوائے اس کے کوئی نہیں ہوسکتی کہ یہاں Mal administration ہے ۔ inefficiency ہے ۔ کرپشن ہے ۔ نااہلیت ہے ۔ دیانت و امانت کا فقدان ہے ۔ جس کی وجہ سے یہ اس صوبہ کے معاملات کو اچھی طرح سے tackle نہیں کرسکتے ۔ یہ اپنی نااہلی کا ثبوت دیتے ہیں اور لوگوں کو یہ تاثر قائم کرنے کی اجازت دیتے ہیں کہ ان کے متعلق کہا جائے کہ خدا ان کے حال

پر رحم کرے۔ اور ان کو یہ توفیق بخشے کہ جو امانتیں ان کے سپرد کی گئیں ہیں وہ ان کو دیانت و امانت کے ساتھ۔ مضبوط ہاتھوں کے ساتھ اس کو پورا کریں اور اس کو عملی جامہ پہنائیں۔ اس کو کامیاب کرنے کی کوشش کریں۔ کیا آپ لوگوں کو اس کا قطعاً کوئی احساس نہیں ہے کہ سکیم آپ نے خوراک میں اضافہ کے لئے بنائی اس کا نتیجہ یہ ہورہا ہے کہ مہنگائی بڑھتی جارہی ہے۔ گرانی میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے۔ لوگ چلا رہے ہیں۔ چیخ رہے ہیں کہ یہ کیا ہورہا ہے۔ آٹے اور گندم کی قیمتیں آسمانوں سے باتیں کر رہی ہیں۔ لوگوں نے مجھے بتایا کہ ۲۵ روپیہ من آٹا فروخت ہورہا ہے (مداخلت) (اور آپوزیشن کے لیڈر نے اس کی تصدیق بھی کردی ہے) جو انفرمیشن مجھے ملی ہے میں سمجھتا تھا کہ کچھ لوگ مبالغہ سے کام لے رہے ہیں۔ لاہور میں آٹے کی قیمت ۲۵ روپیہ فی من ہے۔ میں اپنے بڑے محترم وزراء صاحبان سے عرض کرتا ہوں (یہ مجھے عبدالباقی بلوچ صاحب نے بتایا ہے) کہ بلوچستان اور مکران میں ۳۰ روپیہ من ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ وہاں ڈپٹی کمشنر گندم سمگلنگ کردیتے ہیں۔ ہمارے تو پیٹ بھی بھر گئے ہیں۔ بدہضمی ہورہی ہے۔

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری سلطان محمود) — پوائنٹ آف آرڈر۔ یہ جتنا آٹا چاہیں پندرہ روپیہ بارہ آنے من لاہور سے خرید سکتے ہیں۔

راؤ خورشید علی خان - بہر حال جناب۔ میں اس تکلیف دہ بحث کو چھوڑتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ اس مختصر سی بات کو زیادہ سمجھا جائیگا۔ اور اس امر کی کوشش کی جائیگی کہ یہ مسئلہ جو دراصل عوام کا زیادہ ہے اور خواص کا کم ہے۔ حل کیا جائے۔ میں ان لوگوں سے جو عوام کی ہمدردی کا راگ الاپتے نہیں تھکتے۔ نہایت ادب سے گذارش کرنا چاہتا ہوں۔ کہ آپ بیشک ہماری باتوں پر دھیان نہ دیں۔ ہمیں تو آپ یہ کہہ کر ٹالنے کی کوشش کرتے ہیں کہ ہم Opposition for the sake of opposition کرتے ہیں۔ لیکن اس حقیقت سے کون انکار کر سکتا ہے کہ آج ایک عام آدمی۔ ایک غریب پاکستانی کو اپنا اور اپنے بیوی بچوں کا پیٹ پالنے کے لئے ۲۵ روپے من تک آٹے کی قیمت ادا کرنا پڑتی ہے۔ اب آپ خود ہی بتائیں کہ آپ کبھی اس کے دل میں اپنے اور اپنی حکومت کے متعلق اعتماد پیدا کر سکتے ہیں۔

یہاں میں یہ بھی واضح کر دوں کہ پروپیگنڈے کی بات اور ہوتی ہے۔ لیکن یہ تو ہر شخص کی آپ بیتی ہے۔ اس سے آپ انکار کیسے کر سکتے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ ایک غریب آدمی ایک مسلمان کی حیثیت سے اپنے عقیدے۔ دین اور اخلاقی حالت کو

بڑی اہمیت دیتا ہے ۔ لیکن اس کے لئے آپ کے پاس کیا جواز ہے کہ اسے غربت ۔ افلاس ۔ دھوکے ۔ مہنگائی اور گرانی کے عالم میں مبتلا کر دیا جائے ۔ تو ایسی صورت حال میں اس کی حالت اس حدیث کی مصداق ہوتی ہے کہ غربت اور افلاس انسان کو کفر تک پہنچا دیتے ہیں ۔ آپ ان چیزوں پر اس لحاظ سے غور کیوں نہیں کرتے کہ جس مملکت کو اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا ۔ آپ وہاں اپنے معاملات کو بہتر طریق پر نہ سلجھانے کی وجہ سے نعوذ باللہ کفر کی آبیاری کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ لوگوں کے ذہن نشین یہ بات کرانا چاہتے ہیں کہ خدانخواستہ اسلامی نظام حکومت ہمارے معاشی مسائل حل نہیں کر سکتا ۔

Mr. Speaker: Rao Sahib you are not relavent.

راؤ خورشید علی خان ۔ اچھا جناب ۔ تو پھر میں اس بات کو چھوڑ دیتا ہوں ۔ دراصل میں اس بات کی طرف آ رہا تھا کہ جس مملکت کو آپنے اسلام کے نام پر حاصل کیا ہے ۔ وہاں اب کمیونزم کے لئے زرخیز زمین تیار کی جا رہی ہے ۔ کیونکہ کسی ملک کے عوام کو بھوک اور افلاس میں مبتلا کر کے کمیونزم پھیلتا ہے ۔ لیکن لطف یہ ہے کہ آپ پور بھی نام اسلام کا ہی لیتے رہے ہیں ۔ یہاں میں آپ کو اس امر سے آگاہ کردوں کہ اگر کمیونزم آپ کو ہڑپ کر جائے تو آپ سیاسی طور پر کبھی ایک قدم آگے کی طرف نہ بڑھ سکینگے ۔

اب جناب والا ۔ میں ایک دوسری بات کی طرف آتا ہوں ۔ جب Grow More Food سکیم کا آغاز ہوا ۔ تو اس وقت یہ کہا گیا تھا کہ صوبے میں خوراک کی قلت ہے ۔ اس لئے مستحق لوگوں کو کچھ زمین کی الاٹمنٹیں کی جائینگی ۔ تاکہ بالاخر ہماری خوراک میں اضافہ ہو ۔ بظاہر جناب سپیکر ۔ یہ ایک بڑا مستحسن اقدام تھا ۔ اس لئے کہ خوراک کی قلت دور کرنے کے لئے ہر حال جو انتظام بھی کیا جائے ۔ اس پر کسی قسم کا اعتراض بھی جائز نہیں ہو سکتا ۔ بلکہ اس کی appreciation ہوتی ہے ۔ لیکن جناب ۔ اس امر کو آپ بھی محسوس فرمائینگے کہ اگر ایک اچھی سکیم کو صحیح معنوں میں اخلاص نیت سے عملی جامہ نہ پہنایا جائے ۔ تو اس سے مطلوبہ نتائج برآمد نہیں ہوتے ۔ ہوتا یہ ہے کہ جب ایک سکیم نافذ ہوتی ہے تو اس کے تحت چند Lots مقرر ہو جاتے ہیں ۔ چنانچہ Applications طلب کرلی جاتی ہیں ۔ اکثر و بیشتر معاملات میں ہوتا یہ ہے کہ Applications بعد میں آتی ہیں ۔ لیکن الاٹمنٹیں پہلے ہی earmark ہو جاتی ہیں ۔ یعنی اس کی ابتدا ہی Corruption سے ہوتی ہے ۔ اب آپ خود ہی خیال فرمائیں کہ جس چیز کی Implementation کا آغاز ہی Corruption سے ہو ۔ اس

سے مطلوبہ نتائج کس طرح برآمد ہو سکتے ہیں۔ عموماً ہوتا یہ ہے کہ اگر ایک شخص کی کسی بڑے آدمی۔ وزیر یا بڑے افسر تک رسائی ہو۔ تو خواہ وہ مستحق نہ بھی ہو۔ خواہ وہ اپنے ہاتھ سے کاشت بھی نہ کر سکتا ہو۔ اور اس زمین میں ذاتی طور پر دلچسپی بھی نہ لے سکتا ہو۔ لیکن چونکہ اس کی بڑے لوگوں تک رسائی ہے۔ اس لئے وہ Grow More Food سکیم کے تحت الاٹمنٹیں حاصل کر لیتا ہے۔ اب ظاہر بات ہے کہ جس شخص کو سفارش یا رشوت کی وجہ سے ایک لاٹ مل گئی ہو۔ وہ اس میں ذاتی طور پر دلچسپی نہیں لیتا۔ اسے خود تو اس بات کی ضرورت نہیں کہ خوراک میں اضافہ کرے۔ اس نے تو محض اپنی آمدنی میں اضافہ کرنے کے لئے۔ اپنی سفارش کے بل بوتے پر لاٹ حاصل کی تھی۔ ظاہر بات ہے کہ یہ تمام زمینیں انتہائی مستحق آدمیوں کو ملنی چاہئے تھیں۔ کسانوں۔ مزارعین اور چھوٹے زمینداروں کو ملنی چاہئے تھیں۔ اور ان لوگوں کو ملنی چاہئے تھیں جن کے ذاتی مفاد کا تقاضا یہ ہوتا کہ جو لاٹ انہیں ملی ہیں۔ انہیں پوری محنت اور پوری دلچسپی کے ساتھ کاشت کریں۔ اور زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ اس اصول کو نظر انداز کرنے کے بعد جناب سپیکر۔ خواہ بظاہر کتنی ہی خوش آئندہ سکیم کیوں نہ ہو۔ اس سے کبھی مطلوبہ نتائج برآمد نہیں ہوسکتے۔

Mr. Speaker: Please conclude now.

راؤ خورشید علی خان۔ کیوں جناب۔ کیا وقت کم ہے۔

مسٹر سپیکر۔ جی ہاں۔ اور بھی بہت سے ممبران تقاریر کرنا چاہتے ہیں۔

راؤ خورشید علی خان۔ بہت اچھا جناب۔

جناب سپیکر۔ اس مرحلے پر مجھے ایک بات کے متعلق اظہار افسوس کرنا ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ اسمبلی کے کسی گذشتہ اجلاس میں جب پہلی دفعہ Grow More Food سکیم کا ذکر آیا تو اس وقت اس امر کا مطالبہ کیا گیا تھا کہ جن لوگوں کو الاٹمنٹیں کی گئی ہیں۔ ان کی الاٹمنٹیں کینسل کرنے کی بجائے انہیں حقوق ملکیت دئے جانے چاہئیں۔ تو اس وقت ایک منسٹر صاحب۔ غالباً جناب خان پیر محمد خاں صاحب نے اس معزز ایوان میں یہ وعدہ کیا تھا کہ اگر یہ اس ہاؤس کا مطالبہ ہے تو ہم انہیں حقوق ملکیت دیدینگے۔ لیکن مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جن لوگوں نے اس تحریک کو منظم کیا اور محض اس لئے منظم کیا کہ انہوں نے اپنی Lots پر محنت کی ہوئی تھی۔ اب وہ ان سے محروم ہو رہے ہیں حکومت کا یہ اقدام کسی طرح بھی

قابل ستائش نہیں ۔ ویسے عام نقطہ نظر سے ۔ عظیم تر ملک کے مفاد اور Food Problem کے لحاظ سے بھی جن لوگوں نے اس تحریک کو منظم کیا ۔ ان کو اب ظلم و تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے ۔ ان سے انتقام لینے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ ان کو ڈرایا اور دھمکایا جا رہا ہے ۔ اور اب اس بات کی کوشش کی جا رہی ہے کہ جو لوگ اس تحریک کے ناظم ہیں ان کی Lots ضرور Cancel ہو جائیں ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس قسم کی تمام سکیمیں جو Mandi Towns کے پانچ میل کے Radius میں آتی ہیں ۔ ان کی جتنی بھی الاٹمنٹیں ہیں ۔ وہ ضرور Cancel ہو جائینگی ۔ حالانکہ جو Original سکیم تھی ۔ اس کے تحت حکومت اس قسم کی کوئی ناجائز پابندی عائد نہیں کر سکتی ۔ چنانچہ اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ Civil Courts میں بیشمار مقدمات دائر ہو رہے ہیں ۔ اب آپ ہی اندازہ فرمائیں کہ ہماری حکومت سبکی مسائل کو کس طرح Tackle کر رہی ہے ۔ دراصل ہماری حکومت تو مسائل کو حل کرنے کی بجائے انہیں الجھاتی ہے ۔ لوگوں کو پریشانی میں مبتلا کرتی ہے Litigation میں اضافہ کرتی ہے ۔ اور اس قسم کے ناجائز حربے استعمال کر رہی ہے ۔

جناب والا ۔ مجھے ذاتی طور پر منٹگمری کا علم ہے ۔ وہاں ایک Worker نشانہ بنایا گیا ہے ۔ حالانکہ وہ بڑا مستحق تھا ۔ اس نے وہاں ٹیوب ویل تک لگایا ۔ اب آپ ہی اندازہ فرمائیے کہ ایک Allottee کو ہزاروں روپے خرچ کرنے کے بعد کہا جا رہا ہے کہ تمہاری الاٹمنٹ Cancel کر دی گئی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں صرف ایک بات اور عرض کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ چیف کمشنر صاحب نے منٹگمری کے الاٹی کے حق میں فیصلہ دے دیا ہے ۔ اور گورنمنٹ کی کارروائی کو ناجائز قرار دیا ہے ۔ الاٹی کو مبنی برحق قرار دیا ہے ۔ اس بات سے میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ کس طریقہ سے فوڈ میں اضافہ ہو جب کہ حکومت اتنی Inefficient ہو ۔ اس میں اخلاق اور نیک نیتی کی کمی ہو ۔ جو خرابیاں پیدا ہو رہی ہیں وہ سب اسی وجہ سے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ میر عبدالباقی بلوچ ۔

میر عبدالباقی بلوچ (مکران—۱) جناب سپیکر ۔ میں تخفیف زر کی تحریک کی حمایت کرتا ہوں ۔ اور اس لئے کرتا ہوں ۔ کہ Grow More Food سکیم کے تحت Inspectton Team کے نام پر کچھ رقم وزیر مال صاحب مانگ رہے ہیں ۔ ابھی ابھی وہ یہ فرما رہے تھے ۔ کہ Inspection Team اور جنرل ایڈ منسٹریشن کے متعلق

تو ہم چوں تک نہیں کر سکتے - صرف Grow More Food کے اس حصہ تک بات کر سکتے ہیں جس کا تعلق Inspection Team سے ہے - یہ منطق میری سمجھ سے باہر ہے - فرض کیجئے کہ وزیر مال ایک Item پیش کرتے ہیں اور وہ Item یہ ہو کہ * X X X X X X X X X X X X X X X X

Mr. Speaker: That is not proper. Please withdraw.

Mir Abdul Baqi Baluch: Sir, commodes are used by the Ministers.

Mr. Speaker: This is not decent.

Mir Abdul Baqi Baluch: This is used by everybody whether it is decent or indecent. This is the most important thing in a man's life. One cannot do without it.

Mr. Speaker: The remark of Mir Abdul Baqi Baluch is expunged from the proceedings of the Assembly.

راؤ خورشید علی خان - یہ انتہائی ضرورت کی چیز ہے -

میر عبدالباقی بلوچ - Inspection Team کچھ عرصہ قبل بلوچستان گئی تھی - اور گورنر صاحب نے اسے وہاں اس لئے بھیجا تھا کہ وہ ان کی آنکھوں کا کام کرے - یہ گویا ان کی آنکھیں ہیں - اور ان کے ذریعہ بلوچستان کا جائزہ لیں - آیا جو کچھ ہوا ہے یا ہو رہا ہے وہ ٹھیک ہے یا نہیں میں اس کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا میں وہاں کے قتل و غارت کا ذکر نہیں کرونگا بلکہ ایک چھوٹی سی بات کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں -

وزیر مال (خان پیر محمد خان) - اس سے Grow More Food کا کیا تعلق ہے -

میر عبدالباقی بلوچ - اس کا تعلق انسانوں سے تو ہے - اور انسانوں کے لئے ہی Grow More Food ہے - جب انسان ہی قتل ہو رہے ہیں تو پھر Grow More Food کس لئے ہے - اور جب حالت ایسی ہو کہ وہاں کوئی امن و امان ہی نہ ہو کسی شخص کی زندگی کا کوئی تحفظ ہی نہ ہو تو Grow More Food کس کے لئے چاہئے - وہاں پھر ہل کس لئے چلائے جائیں - آپ بتائیں کہ اگر Grow More Food کا تعلق انسانوں سے نہیں تو پھر کس سے ہے -

وزیر مال - یہ بالکل Irrelevant ہے -

*Expunged as ordered by the Speaker.

خواجہ محمد صفدر - آپ پہلے سن تو لیں - اس کا تعلق اس لئے ہے کہ Inspection Team کو جو مزید اختیارات دئے جا رہے ہیں - ان کی ضرورت نہیں - اس کے پاس پہلے ہی کافی اختیارات ہیں -

وزیر مال - جب ایسی ٹیم مقرر ہوگی تو وہ اختیارات کے بغیر کیسے ہوگی -

میر عبدالباقی بلوچ - اب یہ دیکھنا ہے کہ جس Inspection Team کو اتنے اختیارات دئے جا رہے ہیں آیا وہ اس قابل بھی ہے یا نہیں - یہ مسئلہ اس لئے ضروری ہو جاتا ہے کہ Inspectian Team اس قابل ہیں ہے کہ اس پر اعتماد کیا جائے - گورنر صاحب نے یہ Inspection Team اس لئے بھیجی تھی تاکہ وہ وہاں کے حالات دیکھے - اور پھر گورنر صاحب اس کے مطابق اقدامات کریں - اور وہاں امن و امان برقرار رکھا جائے - اس ٹیم کے وہاں سے آنے کے بعد ایک نوٹس جاری ہوتا ہے جس سے چار نوجوانوں کو گرفتار کیا جاتا ہے - محمود عزیز کرد - عبدالواحد کرد - محمد یوسف کرد اور احمد یار خان اور نوٹس یوں دیا جاتا ہے -

"You Mahmood Aziz son of Mir Abdul Aziz, have been indulging and that you are likely to continue to indulge in activities which are prejudicial to public safety and the maintenance of public order in the Province of West Pakistan. These activities are evidenced by the following prejudicial writings, slogans....."....

Minister of Revenue: I will request that he be relevant.

Mir Abdul Baqi Baluch: I am giving an example of the inefficiency of the Inspection Team. So far as the Inspection Team is concerned you are asking for some amount for it.

Mr. Speaker: If you discuss the Inspection Team be relevant.

Mir Abdul Baqi Baluch: I am saying that this Inspection Team should not be given a pie.

"....Slogans and expressions, pasted, inscribed or written by you or caused by you to be pasted, inscribed or written on the walls, culverts and public places along roads between Mach and Kolpur in the district of Kalat.

۱ - ایوب مردہ باد
۲ - واپس جاؤ ایوب
۳ - بلوچستان کے قاتل واپس جاؤ
۴ - بلوچستان خالی کر دو
۵ - بلوچستان میں ظلم بند کرو
۶ - مستونگ میں قتل بند کرو
۷ - بلوچوں پر ظلم مت کرو
۸ - بلوچ مظلوم بچوں اور عورتوں کے قاتل گورنر کو قتل کرو
۹ - بلوچستان سے واپس جاؤ
۱۰ - ایوب کو پھانسی دو
۱۱ - بلوچستان کے قاتل امیر محمد کو قتل کرو۔

The Governor of West Pakistan is satisfied that these writings of yours are prejudicial to public safety and the maintenance of public order. With a view to....."

یہ تو ہے نوٹس اور یہ ہیں وہ Grounds جن کی بنا پر ان کو پکڑا گیا ہے۔ یہ چٹھی گورنر صاحب کے دستخطوں سے جاری ہوئی ہے اور ان کے ہوم سیکرٹری نے بھیجی ہے۔ بلوچستان میں جو Inspection Team گئی اس کی رپورٹ پر ۴ نوجوانوں کو پکڑنے کے وارنٹ جاری کئے گئے۔ اور بغیر کسی مقدمہ کے ان کو بند کر دیا گیا ہے۔

Mr. Speaker: Is that the action of the Inspection Team?

Mir Abdul Baqi Baluch: Yes Sir. Because the Inspection Team has misreported things to the Governor.

Mr. Speaker: That is not the action of the Inspection Team.

Mir Abdul Baqi Baluch: It is giving utterly wrong information to the Governor. That is why the Governor is so much prejudicial against the people there.

جن کو یہاں قلعہ میں رکھا ہے ان پر ظلم و ستم کیا جا رہا ہے۔ برف پر لٹایا جا رہا ہے۔ اب جس ٹیم کی رپورٹ پر گورنر صاحب نے اس حد تک نوٹس جاری کئے ہیں۔ اسی ٹیم کو مزید اختیارات دینے کے لئے رقم منظور کی جا رہی ہے یہ نہایت ہی غلط چیز ہے۔

جو ٹیم گورنر صاحب کی آنکھ بن کر گئی تھی اس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ اندھی ہے ۔ اس کے لئے مزید کچھ رقم رکھنا کسی طرح بھی درست نہیں ۔ یہ محض بیوقوفی ہے اور اس سے معزز ایوان کا وقت ضائع ہوا ہے ۔

چونکہ یہ تحریک نہایت ضروری ہے اس لئے میں اس تخفیف زر کی تحریک کی تائید کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker: Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar: Not moving Sir.

Mr. Speaker: Mr. Ahmed Mian Soomro.

(The Member was absent from the House)

Mr. Speaker: We have to cover two more Demands today.

وزیر مال (خان پیر محمد خان) ۔ جناب یہ مطالبہ زر ضمنی بجٹ کے صفحہ ۳ پر ہے اس کی تفصیل صفحہ ۳ ۔ میں دی ہوئی ہے ۔

" Creation of certain temporary posts in the Board of Revenue for Inspection Team for the work relating to the Scrutiny of cases of allotment of land granted under " Grow More Food Scheme ;"

	Rs.
Pay of Officers	23,430
Pay of Establishment	17,420
Travelling Allowance	8,000
Other Allowances & Honoraria	2,710
Contingencies	2,000
Total item (1)	53,560

(2)

Creation of sixty posts of Accounts Clerks in connection with Gross Accounting System in Treasuries :

Pay of Establishment	108,000
Total 25 -General Administration	1,61,560

The details are given at page 4:

"The staff mentioned in the schedule is required for the Inspection Team in connection with the work relating to the scrutiny of cases of allotment of land granted under the Grow More Food Scheme' in the Board of Revenue during the current financial year.

The expenditure involved has not been included in the Budget Estimate of the current financial year. A supplementary demand of Rs. 53,560 (recurring) is accordingly being presented."

(2)

"With a view to avoid delays and improve the maintenance of Provincial Accounts the Provincial Government has accepted the Comptroller and Auditor-General of Pakistan's suggestion and introduced the system of Gross Accounting in respect of General Provident Funds in the Treasuries.

As this will increase the work load handled by the treasuries in the Province sixty posts of Accounts Clerks are being provided during the current financial year.

A supplementary demand of Rs. 1,08,000 is accordingly being presented."

جناب جہاں تک دوسری ڈیمانڈ کا تعلق ہے میرے دوستوں نے اس کے متعلق کچھ نہیں کہا ۔ اس لئے میں اس پر کچھ کہہ کے ایوان کا وقت نہیں ضائع کرونگا ۔ اس کو نہ انہوں نے سپورٹ کیا ہے اور نہ Oppose کیا ہے ایسی حالت میں میں یہ سمجھوں گا کہ وہ اس کو سپورٹ کر رہے ہیں ۔ جہاں تک باقی ریونیو سٹاف کا تعلق ہے اس پر جو جو صاحبان بولے ہیں ۔ سب سے پہلے جناب علامہ صاحب نے نظم و نسق کی حالت کے سلسلے میں کہا ہے کہ نظم و نسق کی حالت بہت خراب ہے چوریاں ہو رہی ہیں ڈاکے ڈالے جا رہے ہیں ہم سمجھتے ہیں کہ ہم نے ان کو پولیس کے اختیارات نہیں دئے ہیں اور نہ کسی ڈپٹی کمشنر کے اختیارات ان کو دینا ہیں اس کا تعلق لوکل ایڈمنسٹریشن اور پولیس سے ہے کہ وہ امن بحال رکھے چوریاں نہ ہوں ڈاکے نہ ہوں وارداتیں نہ ہوں ۔ علامہ صاحب نے جو کچھ اس مرحلہ پر اپوزیشن کی ہے اور جس آئیٹم پر کی ہے چونکہ وہ To the point نہیں تھے اس لئے میں ان کا جواب دینا مناسب نہیں سمجھتا ۔ جناب امیر حبیب اللہ سعدی صاحب نے انٹروڈکشن میں یہ کہا تھا کہ وزیر مال نے کہا تھا کہ ایسے جن جن لوگوں کو زمینیں الاٹ کی گئی ہیں جو ہمارے سیاسی نظریے پر

پورے نہیں اترتے تو ان کو زمینیں نہیں دی جائینگی۔ کاش وہ دو ڈھائی سال میں کوئی کوئسچن لے آتے کہ فلاں شخص Victimise ہوا ہے جو ہمارے سیاسی نظریے اور سیاسی نقطہ نظر سے اتفاق نہیں کرتا ہے۔

علامہ رحمت اللہ ارشد۔ ملک غلام جیلانی کے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں؟۔

وزیر مال۔ ملک غلام جیلانی کے سلسلے میں ایک ایڈجورنمنٹ موشن آ رہا ہے۔ علامہ صاحب انتظار کیجئے اپنے موزوں وقت پر اس کا جواب آ جائے گا اور آپ دیکھ لینگے کہ اس کے حقائق کیا ہیں۔ کسی کے متعلق sweeping ریمارک کر دینا اور چیز ہے اور پھر علامہ صاحب کا ایسا آدمی۔ جن کا دعوی ہے کہ وہ مذہب کے بڑے پابند ہیں وہ مجھے کم سے کم نظائر تو بتائے کہ چونکہ (الف) (ب) (ج) ہمارے سیاسی نظریے کے مخالف تھے اس لئے ہم نے ان کو Victimise کیا ہے اور یہ ان کے ساتھ بہت زیادتی ہوئی ہے اب بھی ٹائم ہے کہ وہ کوئی اس سلسلے میں کوئسچن لے آئیں ہم انشاءاللہ اس کا جواب دے دینگے۔

ان کا ایک اور اعتراض تھا کہ ڈیمارکیشن یہ کی گئی ہے کہ سنہ ۱۹۵۴ کے الاٹیوں کو حقوق ملکیت نہیں دے رہے ہیں اور سنہ ۱۹۵۸ کے الاٹیوں کو حقوق ملکیت دے رہے ہیں اور اس کو میرے دوست حمزہ صاحب نے سپورٹ کیا ہے۔ میں مانتا ہوں ہر ایک چیز کے فیصلے کے لئے دو چیزیں ہوتی ہیں۔ ایک یہ کہ یا تو ان کا قانونی حق ہو اور دوسرے یہ کہ اخلاقی حق ہو اس کے علاوہ کوئی تیسری بات نہیں ہو سکتی جہاں تک ان کے قانونی حق کا تعلق ہے وہ Temporary allottee from year to year ہیں۔ وہ گورنمنٹ کو چند گنا لگان دے رہے تھے لیکن ان کے ساتھ رعایت کی گئی اور وہ اس رعایت سے مسلسل ایک عرصہ تک فائدہ اٹھاتے رہے۔ یہ بات جس وقت زیر بحث آئی تو وہ لوگ جو اس وقت بحیثیت الاٹی کے قابض تھے وہ بھی زیر بحث آئے۔ اب اگر ہم اس کوئسچن کو open کرتے تو لامتناہی سلسلہ شروع ہوتا ابھی ہم نے اس کی بطریق احسن scrutiny نہیں کی جس کے لئے میں پیسے مانگ رہا ہوں اگر سنہ ۱۹۵۶ کے الاٹیوں کا ہوگا تو سنہ ۱۹۵۴ والوں کا بھی حق تھا علی‌ھذاالقیاس اور یہ سلسلہ جاتا Right upto 1944 اس لئے میں عرض کرونگا کہ Compassionate grounds پر جو ان کا کہنا ہے وہ کس حد تک درست ہو سکتا ہے لیکن وہ ہماری طاقت سے باہر تھا کیونکہ ہم ان الاٹیز کا فیصلہ نہیں کر رہے تھے جو اس وقت قابض

تھے اور ان کا فیصلہ نہیں تھا جو اس وقت قابض نہیں تھے ان کی ڈیمانڈ کے لئے کچھ شرائط تھیں ۔ رہی یہ بات کہ ہم رقم اس لئے مانگ رہے ہیں کہ وہ شرائط پر پورے نہیں اترتے ہیں اور جیسا کہ حمزہ صاحب نے کہا کہ ان کے ساتھ Favouritism ہو رہا ہے تو یہ الفاظ دیگر وہ میرے اس ڈیمانڈ کو سپورٹ کر رہے ہیں ۔ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ غیر مستحق کے ساتھ Favouritism نہ ہو اور اس آدمی کو حقوق ملکیت ملیں جو خود کشت کرتا ہو ساڑھے بارہ ایکڑ تیرہ ایکڑ کا جو الاٹی رہا ہے اسی کو حقوق ملیں اور کہیں فرضی ناموں پر کسی نے اپنے حق میں الاٹمنٹ تو نہیں کرائے ہیں ۔ انسپکشن ٹیم کے پاس اپنے فرائض منصبی کے ساتھ ساتھ یہ کام زیادہ تھا لیکن پھر بھی انہوں نے کچھ کام کیا لیکن ہم اس نتیجہ پر پہنچے کہ زمین کے رقبے کو مد نظر رکھتے ہوئے اور الاٹیز کی تعداد کو مد نظر رکھتے ہوئے اور کام کے volume کو مد نظر رکھتے ہوئے ہم نے یہ محسوس کیا کہ اس کے لئے الگ عملہ ہو اور جو عملہ ہو وہ ریونیو knowing ہو ۔ سابق پنجاب میں کئی اضلاع میں یہ زمینیں پھیلی ہوئی ہیں اور یہ عملہ بطریق احسن اس کی scrutiny کرے اور یہ رپورٹ دے کہ کس کو حقوق ملکیت ملنے چاہئیں اور جن کو حقوق دئے جائیں وہ ان شرائط پر پورے اترتے ہیں یا نہیں ۔ میں ہرگز اس بات کو تسلیم نہیں کرونگا کہ اس میں کسی قسم کا Victimisation ہوگا یا پولیٹیکل نظریے کے تحت الاٹمنٹ ہوگا ۔ میں سارے ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں کہ جہاں تک الاٹمنٹ میں انصاف کا تعلق ہے انشاءاللہ کسی حالت میں انصاف سے Departure نہیں کیا جائے گا اور میں اپنے دوستوں کو دعوت دیتا ہوں کہ جہاں بھی پولیٹیکل گراؤنڈ پر Victimisation ہو وہ ہمارے نوٹس میں لائیں ۔ رہی میرے دوست باقی بلوچ صاحب کی بات تو ان کو تو بلی کے خواب میں چھیچھڑے نظر آتے ہیں ان کو تو بلوچستان کا Pholia ہوگیا ہے انہوں نے اس ایوان میں Comode کا ذکر کیا ہے تو گرمانی صاحب کے بنگلے میں رہتے ہوئے ان کی یہی ڈیوٹی ہوگی ۔ جہاں تک انسپکشن ٹیم کے کام کا تعلق ہے اس کے لئے مجھے ابھی ایک نوٹ ملا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے سلسلے میں حد سے زیادہ غلط بیانی ہوئی ہے ۔ یہ وہی نوٹ ہے جسے میں پڑھتا ہوں ۔

(اس موقع پر وزیر مال نے تھوڑا توقف کیا)

میر عبدالباقی بلوچ ۔ کیا پڑھ نہیں سکتے ؟

وزیر مال - جی ھاں آپ اپنی آنکھیں دے دیں یا گرمانی صاحب کی آنکیں دے دیں تو میں جلدی سے پڑھ دونگا -

"The Inspection Team was not directed to look into the Political situation of Baluchistan."

انسوس ھے کہ بلوچ صاحب ایسی باتیں کہنے کے لئے محل اور موقع کی تلاش میں ھوتے ھیں جو ان کو Phobia ھوگیا ھے - میں ان کا علاقہ دیکھ آیا ھوں وھاں بطریق احسن ایڈمنسٹریشن کام چل رھا ھے وھاں کا کمشنر غلام سرور خان ھے اور بہت اچھی طرح کام چلا رھا ھے - بلوچ صاحب کو اگر کوئی تکلیف ھو تو وہ شاید ان کے اعمال کی وجہ سے ھوگی - انسپکشن ٹیم - گورنمنٹ اور وزرا سے اس کا کوئی تعلق نہیں ھے ان مختصر معروضات کے ساتھ میں یہ عرض کرونگا کہ یہ ڈیمانڈ بالکل ٹھیک ھے اور میں توقع کرتا ھوں کہ ھاؤس مجھ سے agree کریگا -

Mr. Speaker: I will now put the cut motion. The question is:—

That the total of Rs. 1,61,560 on account of 25—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 1,61,559.

Mir Abdul Baqi Baluch: Point of order. There is no quorum.

Mr. Speaker: Let there be a count. (*Count was taken*) The House is not in quorum let the bells be rung.

(*Quorum bells were rung*)

The House is in quorum. The question is:—

That the total of Rs. 1,61,560 on account of 25—General Administration Total New Expenditure be reduced by Rs. 1,61,559.

(*The motion was lost.*)

Mr. Speaker: Now I will put the Demand. The question is :—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,61,560 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965 in respect of General Administration.

(*The motions was carried*)

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan): I beg to move:

That a supplementary sum not exceeding Rs. 29,46,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on 30th June, 1965 in respect of Police.

Mr. Speaker: The Demand moved is:

That a supplementary sum not exceeding Rs. 29,46,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on 30th June, 1965 in respect of Police.

There are cut motions to this Demand and the first one is by Allama Rehmat Ullah Arshad.

علامہ رحمت اللہ ارشد - جناب صدر۔ میں آپ کی اجازت سے تحریک کرتا ہوں کہ کل رقم ۲۹۴۶۳۰۰ روپیہ کے کل مطالبہ زر بسلسلہ مد نمبر ۲۹ پولیس میزان کل اخراجات نو میں بقدر ۲۹۴۶۲۹۹ روپیہ کی رقم تخفیف کر دی جائے۔

Mr. Speaker: The motion moved is:—

That the total of Rs. 26,48,300 on account of 29—Police-Total New Expenditure be reduced by Rs. 29,46,299.

علامہ رحمت اللہ ارشد - جناب والا - میں نہایت اختصار کے ساتھ دو چار فقرے ہی اس پر گذارش کرونگا - جو کہ ہمیں بتایا گیا ہے اس ضمنی بجٹ کی ڈیمانڈ نمبر ۴ میں کہ ۲۹ لاکھ ۴۶ ہزار ۳۰۰ روپیہ کی رقم پولیس رینجرز کو دی جا رہی ہے - ان کے راشن میں امداد کے سلسلے میں۔

مسٹر سپیکر - علامہ صاحب غالباً رینجرز کو نہیں دی جا رہی یہ other than Officers of the West Pakistan Rangers ہے Am I correct Khan Sahib?

Minister of Revenue: Yes other than Rangers.

علامہ رحمت اللہ ارشد - رینجرز کے لئے نہیں بلکہ عام پولیس کے لئے ہے -

It has been decided to subsidize rations provided to the members of the force other than officers of the West Pakistan Rangers with effect from 1st July 1964.

Khawaja Muhammad Safdar: West Pakistan Rangers.

Mr Speaker: Yes.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ جناب والا ۔ میں بالکل ہی مختصر عرض کرونگا۔ گزارش یہ ہے کہ حکومت کا اقدام اس بات کی قطعی طور پر دلیل ہے کہ ملک کے اندر مہنگائی کی نہایت زد ہے ۔ اس مہنگائی کے ساتھ انہوں نے ضرورت محسوس کی تھی کہ پولیس کے عملے کو ان کے اخراجات اور مصارف کے سلسلے میں امداد کے طور پر Subsidy دی جائے۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ حکومت اس گرانی اور مہنگائی کے سلسلہ میں کوئی مثبت اقدام کرنے کے لئے تیار ہے؟

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب یہ جو کچھ اطلاع دی گئی ہے اس میں نہیں لکھا ہوا ہے خبر نہیں کہ یہ کہاں سے اطلاع دے رہے ہیں ۔

Mr. Speaker: Other than officers of the West Pakistan Rangers.

"It has been decided to subsidze rations provided to the members of the force other than officers of the West Pakistan Rangers.

خواجہ محمد صفدر - Cruwa کے بعد other thar Officers ہے -

The only exception is 'other than officers.' Otherwise this allocation is meant for the West Pakistan Rangers only and for the general force.

Mr. Speaker: The language of this sentence is not very clear.

Khawaja Muhammad Safdar: It is their fault.

Mr. Speaker: What is the actual position?

Minister of Revenue: The actual position is clear - "other than officers." It is laid down:—

"It has been decided to subsidize rations provided to the members of the force other than officers of the West Pakistan Rangers.

Khawaja Muhammad Safdar: Meaning thereby the lower ranks of the Rangers.

Mr. Speaker: Rangers?

Minister of Revenue: I think so.

Khawaja Muhammad Safdar: The Minister is himself not sure.

Minister of Revenue: Whatever is given you can read from this.

Khawaja Muhammad Safdar: I have corrected you. This can mean only this much.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ جناب صدر ۔ میں ہمیشہ اس اسمبلی میں مطالبہ کر رہا ہوں کہ اس اسمبلی کی پوری کارروائی اردو میں کی جائے لیکن یہ حضرات میرے اردو بل کو پاس نہیں ہونے دیتے ۔ آج آپ نے تماشا دیکھ لیا ہے کہ دو زبانوں میں جو کچھ لکھا ہو تو اس کو غلط سمجھا جاتا ہے ۔ وہ ہاؤس سے روپیہ منظور کرا رہے ہیں ۔ میں صحیح کہہ رہا ہوں ۔ صحیح لائن پر ہوں لیکن مجھے بھی پٹری سے اتار دیا تو جناب بھی پٹری سے اتر گئے ۔ (قہقہے) تو میری گزارش کرنے کا مقصد یہ تھا جناب کہ کسی ایک محکمہ کے لئے طے کر دینا کہ اس کو پیسے دیدیں یا انہیں پیسوں سے مزید امداد دیں تو یہ مثبت اقدام نہیں ہوگا اور نہ ملازمین کو گرانی کا مقابلہ کرنے کے لئے مہنگائی کا مقابلہ کرنے کے لئے مثبت اقدام ہوگا اور نہ ان کو کوئی فائدہ پہنچے گا ۔ اور جب تک اس ملک کے اندر گرانی اور مہنگائی کو دور نہ کیا جائے اس وقت تک میں بڑے وثوق اور یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ نہ تو ان کا جنرل ایڈمنسٹریشن درست ہوگا اور نہ ان کے محکمے رشوت سے پاک ہونگے اور نہ لوگوں کی شکایات کا کسی طرح پر ازالہ ہوگا ۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ روزگار کے اندر اطمینان پیدا کیا جائے ۔ میں اس کی مخالفت اس بنا پر نہیں کرتا ہوں کہ رینجرز کو روپیہ نہ دیا جائے ۔ میری ٹمانڈ یہ ہے کہ تمام سرکاری ملازمین کے لئے اس قسم کا اقدام کرنا چاہئے کیونکہ مہنگائی ایک طبقے کے لئے ۔ کسی کلاس کے لئے نہیں ہے ۔ ملازمین کی کسی ایک جماعت کے لئے کسی گروہ کے لئے مخصوص نہیں ۔ ابھی میرے دوست فرما رہے تھے کہ لاہور میں پچیس روپے من آٹا ہے ۔ بہاولپور کی سر زمین پر سے ایک لاکھ چالیس ٹن گندم ایک سال میں برآمد یعنی ایکسپورٹ ہوئی ہے ۔ اس وقت وہاں بھی آٹا ایک روپے کا پونے دو سیر مل رہا ہے ۔ یہ کسی سے تصدیق کرا سکتے ہیں ۔ تو اس مہنگائی کا مقابلہ کرنے کے لئے نیم دلانہ طور پر سوچنا کہ کسی محکمہ کو روپیہ دیا جائے تاکہ اس کی امداد ہو جائے یا صرف رینجرز کو دینا اور باقی پولیس ڈیپارٹمنٹ کو نہ دینا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ حکومت اس چیز کو تسلیم کرتی ہے کہ باقی پولیس والوں کو فضل ربی میسر ہے ۔ رینجرز بیچاروں کو میسر نہیں ہوتا اس لئے یہ امداد کے مستحق ہیں اور وہ امداد کے مستحق نہیں اور اس طرح پر ان ملازمین کی کلاسوں کے اندر تفریق اور امتیاز نہ رکھا جائے ۔ اگر دینا ہے تو تمام ملازموں کو دینا چاہئے اس لئے کہ مجھے معلوم ہے کہ جن لوگوں کو رشوت میسر

نہیں اور وہ ناجائز ذرائع سے روپیہ نہیں کما سکتے ان کی حالت بہت خراب ہے ۔ اور آپ کو معلوم ہے کہ آج اساتذہ ہڑتال کر رہے ہیں ۔ اس صوبے کے اندر چالیس ہزار اساتذہ ہیں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کو باہر سے کوئی روپیہ نہیں ملتا ۔ ناجائز کمائی کے ذرائع ان کے پاس نہیں ہیں اور مہنگائی ایسی ہے کہ جس کو وہ Face نہیں کرسکتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ امیر حبیب اللہ خاں سعدی ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی (لائلپور ۔ ۷)

جناب صدر ۔ میں اس تحریک تخفیف کی تائید کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ مطالبہ زر جو پیش کیا گیا ہے وہ یہ ہے ۔

"The expenditure involved during the year 1964-65 would be Rs. 29,46,300 (Recurring).

This expenditure will be shared by the Central and Provincial Governments in the usual ration of 60 : 40. The net Provincial liability will be Rs. 11,78,520."

میں سمجھتا ہوں کہ اس میں سے صوبائی حکومت نے جو رقم دینی ہے وہ صرف ۱۱۷۸۵۲۰ روپے ہے ۔ میں محترم وزیر صاحب سے یہ سمجھنا چاہتا ہوں کہ یہاں ۲۹۴۶۳۰۰ روپے کی پوری رقم کیوں لائی گئی ہے جب کہ باقی رقم جو ۱۱ لاکھ کے علاوہ ہے وہ مرکزی حکومت نے ادا کرنی ہے ۔ اس حساب کو میرے خیال میں وہ نہیں سمجھ سکینگے ۔ جن صاحب نے اسے پیش کیا ہے وہ اس وقت یہاں موجود نہیں ۔ کیا اس طرح یہاں گڑ بڑ اور غبن کا امکان رکھا گیا ہے؟ کوئی شخص اتنا بڑا اندراج غلط کرنے میں حق بجانب قرار نہیں دیا جا سکتا ۔ ظاہر ہے کہ صوبائی حکومت نے اس میں صرف ۱۱ لاکھ دینے ہیں ۔ پھر خزانہ سے ۲۹ لاکھ روپے کس لئے لئے جا رہے ہیں؟ (ایک آواز ۔ خود کھانے کے لئے) میرے خیال میں آئندہ کوئی اسمبلی تو شاید اس قابل نہ ہو کہ انہیں پوچھ سکے ۔ اس وقت تک تو یہ سب کچھ کھا چکے ہونگے ۔

صاحب صدر ۔ یہ جو مطالبہ زر ہے اس کا میجر ہیڈ پولیس ہے ۔ اس کے تحت سپیشل پولیس ہے ۔ پھر بارڈر پولیس ہے ۔ آگے اس کے رینجرز ہیں ۔ صاحب صدر ۔ جہاں تک کسی ملک کی پولیس کا تعلق ہے میں جانتا ہوں کہ آزاد قوموں میں پولیس کا کردار کیا ہوتا ہے ۔ ملک کا نظام یا نظریات یا قانونی نظام چلانے کے لئے سب سے بڑی ذمہ داری اس ایک محکمہ پر عائد ہوتی ہے ۔ اگر کسی دوسرے محکمہ کے مجرم کو پکڑنا ہو تو پولیس ہی سے کام لیا جاتا ہے ۔

مسٹر سپیکر - رینجرز کے متعلق فرمائیے -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جناب میجر ہیڈ پولیس ہے - جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ رینجرز کی جو اصل ہے یعنی پولیس اس کے خصائص کیا ہونے چاہئیں - مقصد یہ ہے کہ ان خصائص کا ثبوت رینجرز میں بھی ملنا چاہئے -

مسٹر سپیکر - رینجرز کے سبسیڈائزڈ راشن کے متعلق فرمائیے -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - میں یہ کہہ رہا ہوں - کہ اس شعبہ کی جو ماں ہے وہ خراب ہے بچے کیسے ہونگے -

مسٹر سپیکر - سعدی صاحب تو کیا اس صاحبزادے کو خوراک بھی نہ دی جائے؟

امیر حبیب اللہ خان سعدی - میں چاہتا ہوں کہ اس کے جسم کے اندر خلال کا خون گردش کرے - تو جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کسی ملک میں صحیح اقدار کو نافذ کرنے کے سلسلہ میں پولیس کو بہت دخل حاصل ہوتا ہے - جب کبھی یہ اسلامی ملک بنے گا تو یہاں کی پولیس کو دو ایمان حاصل ہونگے - انہیں تنخواہ بھی ملے گی اور اس کے بعد وہ ولی بھی ہونگے کیونکہ وہ حلال کی روزی سے اپنا فرض منصبی بجا لانے کا کام کرینگے - اب میں پولیس کے اس شعبہ رینجرز کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں - ان کا فرض منصبی عام طور سے یہ ہے کہ سرحدوں کے ساتھ سمگلنگ کو روکیں نیز ناجائز طور سے ملک کے اندر آنے والوں کو بھی روکیں - مگر ان کا آئین یہ بن چکا ہے کہ وہ باقاعدہ سمگلنگ کرانے کے ماہر ہیں اور ان کے ذریعہ مال بارڈر سے لے کر ملک کے اندرونی حصہ تک پہنچایا جاتا ہے - میں اس بات کے حق میں ہوں کہ ان رینجرز کو زیادہ سے زیادہ امداد دی جائے - ان کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے - ان کو اور سہولتیں دی جائیں - مگر ان پر نگاہ رکھنا یہ بھی کسی کا کام ہونا چاہئے - یا یہ صرف مطالبات زر ہی منظور کرانے رہینگے - ورنہ یہ تو آگا دوڑ اور پیچھا چوڑ والا معاملہ ہوتا رہیگا - پولیس کے دونوں شعبوں میں جو چھوٹا عملہ ہے اس کی گرانی دور فرمائیں - وہ نہ صرف خود پریشان ہیں اور پس رہے ہیں بلکہ دوسروں کو بھی پریشان کر رہے ہیں اور پیس رہے ہیں - مہنگائی اتنی ہے کہ تنخواہ میں ان کے اخراجات پورے نہیں ہوتے - اور یہ چھوٹا سا عملہ انتہائی مجبوری کی حالت میں رشوت اور دوسری ناجائز مراعات لیتا ہے - پس سمجھتا ہوں کہ یہ ان کی فرض شناسی ہوگی اگر وہ دوسروں کو بھی وہی سہولتیں دیں اور چھوٹے عملہ کی تنخواہیں بڑھائیں -

اس لحاظ سے میں اس مطالبہ زر کی مخالفت کرتا ہوں ۔ کہ ویسٹ پاکستان رینجرز کے لوگ اپنے اصل فرض منصبی کو پورا کرنے میں قطعاً ناکام رہے ہیں ۔

راؤ خورشید علی خان (منٹگمری ۔ ۳) جناب والا ۔ جیسا کہ محترم امیر حبیب‌اللہ خان سعدی صاحب نے فرمایا ہے ۔ اس مسئلے کا تعلق بھی ایک طرح سے خوراک کے مسئلے اور خوراک کی پالیسی سے ہو جاتا ہے ۔ اور خوراک میں یہ جو Subsidy دی جا رہی ہے ۔ اس لئے بھی اس کا connection بالواسطہ خوراک کے مسئلے کے ساتھ ہوگیا ہے ۔ انہوں نے یہ بھی بتایا تھا ۔ کہ ہمارے خوراک کا مسئلہ اس لئے حل نہیں ہوتا ۔ کہ ہماری خوراک کا کافی حصہ سمگل ہوکر ملک سے باہر چلا جاتا ہے ۔ یا ملک کے اندر ہی ذخیرہ کر دیا جاتا ہے ۔ اس کو بھی کنٹرول نہیں کیا جاتا ۔ ایگریکلچر اکانومی کے متعلق اس سے پیشتر جو گفتگو ہوئی ہے ۔ اس سے بھی ثابت ہوتا ہے ۔ کہ ہماری ایگریکلچرل اکانومی کو اس بری طرح سے Handle کیا جا رہا ہے ۔ کہ خوراک کا مسئلہ اور زیادہ خطرناک ہوگیا ہے ۔ Piece-meal طریقہ کسی مسئلے کو حل کرنے میں کامیابی سے ہمکنار نہیں ہوتا ۔ بلکہ ایک گپھلا پیدا کر دیا جاتا ہے ۔ اور ظاہر یہ کیا جاتا ہے ۔ کہ مسئلہ حل کیا جا رہا ہے ۔ کہ دیکھئے جناب لاکھوں روپے کی Subsidy رینجرز کو دی جا رہی ہے ۔ میں یہ کہتا ہوں ۔ کہ ہم Piecemeal طریقے کو چھوڑ کر اجتماعی طریقہ پر کیوں نہیں اس مسئلے کو حل کرتے ۔ تاکہ اس subsidy کی ضرورت ہی نہ پڑے ۔ جیسا کہ مجھ سے پہلے مقررین نے بھی اشارہ کیا ہے ۔ کہ اس سے ایک طرح کی Discrimination بھی پیدا ہو جاتی ہے ۔ اب یہ پتہ نہیں ہے ۔ کہ یہ Subsidy تمام پولیس فورس کو ہی دی گئی ہے ۔ یا صرف رینجرز کو ہی دی گئی ہے ۔ یا بالکل نہیں دی گئی ۔ اور یا یہ پہلے نہیں دی گئی تھی ۔ اور اب یہ سکیم ہے ۔ کہ اب دی جائے ۔ یا یہ سوال پیدا ہوتا ہے ۔ کہ ایک برانچ کو کیوں تفوق یا فوقیت دی جا رہی ہے ۔ اور دوسری برانچوں کو کیوں نہیں دی جا رہی ۔ اور یکساں سلوک سب سے ہی کیوں نہیں کیا جا رہا ۔ جیسا کہ میں نے پہلے ہی عرض کر دیا ہے ۔ کہ یہ تصفیہ طلب امر ہے ۔ گو کہ وزیر صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ ''میرا خیال ہے ۔ کہ یہ رینجرز کے متعلق ہی ہی ہے۔'' حالانکہ جیسا کہ خواجہ محمد صفدر صاحب نے یہ نشاندہی کی ہے ۔ یہ خیال ہی ہے ۔ یقین نہیں ہے ۔ تو یقین نہ ہونے کی شکل میں ہو سکتا ہے ۔ کہ افسران کے علاوہ تمام پولیس فورس کے جتنے ادنےٰ ملازمین ہیں ۔ ان سب پر بھی حاوی ہو ۔ تو

جناب سپیکر۔ میں آپ سے درخواست کرونگا کہ اس بات کا فیصلہ ہونے بغیر بحث کے موضوع کو محدود کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہئے۔ کیونکہ اگر اس موضوع کو وسیع کر دیا جائے۔ تو پھر عام پولیس اور رینجرز دونوں ہی اس میں آ جائینگے۔ اور اگر اس موضوع کو محدود کر دیا جائے۔ تو ممکن ہے۔ کہ جس کے لئے یہ پروویزن کی گئی ہے۔ وہ ہم چھوڑ دیں۔

Mr. Speaker: It is very clear that this demand relates to Rangers.

راؤ خورشید علی خان۔ اگر یہی کچھ منسٹر صاحب یقین سے کہہ دیتے۔ تو ہم اپنی تقریر کو محدود کر دیتے۔ بہر حال جناب والا میں تو یہ گذارش کرونگا۔ کہ Subsidy کا یہ جو سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ اس میں کم از کم کوئی مناسبت ہونی چاہئے۔ کوئی معیار ہونا چاہئے۔ کوئی criterion ہونا چاہئے۔ ادنے ملازمین کو تنخواہوں میں اور انہیں دوسری جو مراعات دی جائیں۔ ہم نہ صرف یہ کہ ان کے مخالف نہیں ہیں۔ بلکہ ہم تو خود اس کا مطالبہ وقتاً فوقتاً کرتے رہے ہیں۔ کہ بڑے بڑے افسران جن کو ہزاروں روپے تنخواہ ملتی ہے۔ اور جن کو بیشمار دیگر مراعات حاصل ہیں۔ ان کی تنخواہوں میں کمی ہونی چاہئے۔ اور چھوٹے ملازمین خواہ وہ کسی بھی محکمے سے تعلق رکھتے ہوں۔ چاہے وہ پولیس سے تعلق رکھتے ہوں۔ چاہے رینجرز سے یا دیگر سول محکموں کے ملازمین ہوں۔ ہر ایک کو یہ مراعات ملنی چاہئیں۔ ہر ایک کی تنخواہ میں اضافہ ہونا چاہیے۔ اس صورت میں اصولی طور پر میں اس مطالبہ زر کی مخالفت کرنے کا قائل نہیں ہوں۔ لیکن مجھے جس چیز پر اعتراض ہے۔ وہ یہ ہے۔ کہ ان کو ایک معیار مقرر کرنا چاہئے تھا۔ (قطع کلامی)۔

جناب والا۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ اس کا ایک معیار ہونا چاہئے تھا۔ اور groups بنانے چاہئے تھے۔ زیادہ آمدنی کے لحاظ سے۔ کم آمدنی اور متوسط آمدنی کے لحاظ سے۔ اور پھر Susidy کا سسٹم بنانا چاہئے تھا۔ اب کتنے ہی لوگ ایسے ہیں۔ جن کی آمدنی اتنی بھی نہیں ہے۔ کہ جتنی تنخواہ ہمارے رینجرز بھائیوں کو ملتی ہے۔ انصاف کا تقاضا یہ تھا۔ کہ پہلے Susidy ان لوگوں کو دی جاتی کہ جن کی آمدنی قلیل ہے۔ اور کم از کم اس مطالبہ زر کے سلسلے میں رینجرز سے بہت کم ہے۔ اور آخر کیا وجہ ہے۔ کیا وہ لوگ اس ملک کے شہری نہیں ہیں۔ کہ جن کی آمدنی قلیل ہے۔ ان کو اس بات کا مستحق نہیں سمجھا جاتا۔ کہ ان کی Subsidy کی جائے۔ اور ان غریب آدمیوں کو بھی کم از کم Subsidized گندم اور آٹا مہیا

کیا جائے۔ تاکہ وہ ان کی قوت خرید کے اندر ہو۔ باہر نہ ہو۔ تاکہ ان کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

مسٹر حمزہ (لائلپور-۶) جناب سپیکر۔ رینجرز کو سستے داموں غلہ مہیا کرنے کا پروگرام یا عزم جس کا اظہار اس حکومت کی طرف سے کیا گیا ہے۔ جہاں تک اس کے لکھنے پڑھنے یا کہنے کا تعلق ہے۔ یہ بات قابل داد ہے۔ لیکن ایک اچھی حکومت کسی ایک خاص محکمے کے سرکاری ملازمین میں اور عام آبادی میں کوئی فرق تفریق روا نہیں رکھتی۔ جہاں تک ان کی ضروریات زندگی اور خصوصاً ہمارے پاکستان جیسے غریب ملک میں جہاں کہ خوراک کی اہمیت عام لوگوں کی کم آمدنی ہونے کی وجہ سے انتہائی زیادہ ہے۔ اور اس پر ان کی آمدنی کا ایک بڑا حصہ خرچ ہوتا ہے۔ مگر ایک اچھی حکومت سے ہمیشہ یہ توقع جاتی ہے۔ کہ وہ تمام آبادی سے اور بالخصوص غرباء اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والوں کے ساتھ لازماً زیادہ ہمدردی کا سلوک کرے اس مطالبہ زر میں جناب وزیر مالیات نے قطعاً اس معاملے پر روشنی نہیں ڈالی۔ کہ حکومت نے رینجرز کے Lower staff یعنی ادنے ملازمین کے لئے سستے داموں غلہ مہیا کرنے کا پروگرام کیوں مرتب کیا ہے۔ اور اس سلسلے میں دوسرے ادنے اہلکاروں کو کیوں نظر انداز کیا ہے۔

آپ کو اس چیز کا علم ہوگا کہ ان ادنے ملازمین میں افسران کے علاوہ بہت سے ایسے ملازمین شامل ہیں جن کی تنخواہ ہمارے ڈسٹرکٹ کونسل یا ٹاؤن کمیٹیوں کے چپڑاسیوں سے زیادہ ہوگی اسی حکومت کا یہ کارنامہ ہے کہ ایک طرف تو یہ چند لوگوں کو یا آبادی کو یا ایک مخصوص طبقہ کو کچھ مراعات دینے کے لئے تیار ہے لیکن دوسری طرف لوگوں کو بغیر کسی وجہ سے نظر انداز کیا گیا ہے اور جو مراعات دوسروں کو حاصل ہیں وہ ان کو حاصل نہیں ہیں۔ ان کے مطالبات کی طرف۔ ان کی ضروریات کی طرف۔ ان کی تکالیف کی طرف قطعاً توجہ نہیں دی جاتی۔ اس کی خاص وجہ کیا ہے۔ کیا محکمہ پولیس پر ہی ان کی نظر عنایت پڑتی ہے اور یہ ایک ایسا محکمہ ہے جس کے متعلق انتہائی وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ ان کی رشوت صرف رشوت نہیں ہوتی بلکہ جبری رشوت ہوتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہماری گورنمنٹ محکمہ پولیس کی جبری رشوت کو انتہائی احترام۔ محبت اور قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور اس کے مقابلہ میں دوسرے محکموں کے ادنے ملازمین جو ہیں وہ کم تنخواہ لیتے ہیں۔ بلکہ گورنمنٹ سکیل بھی نہیں لیتے ہیں۔ اس گرانی کے دور میں وہ چیختے ہیں۔ پکارتے ہیں اور

پریشان حال ہیں لیکن گورنمنٹ ان کی طرف توجہ نہیں دیتی ہے ۔ لیکن ان کو دوسرے ملازمین پر فوقیت دی گئی ہے اس کی خاص وجہ ایک ہی ہے کہ گورنمنٹ جیسا کہ وہ جان چکی ہے کہ ہمارے مغربی پاکستان کے صوبہ میں خصوصاً پولیس کا ہی ایک ایسا محکمہ ہے جو ان کی کرسیوں کے تحفظ کے لئے بہت ہی اہم فرائض ۔ بہت ہی اہم خدمات سر انجام دے سکتا ہے ۔ اور دی ہیں ۔ اور اس کا بین ثبوت اور ٹھوس ثبوت انہوں نے حال ہی الیکشن میں دیا ہے ۔

Mr. Speaker: I am afraid Mr. Hamza is not relevent.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ابھی وزیر مال صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ ہماری گورنمنٹ کسی طبقہ کے ساتھ کسی مخالف کے ساتھ کسی قسم کا امتیازی سلوک روا نہیں رکھتی ۔ اور اس کے لئے انہوں نے چیلنج بھی کیا تھا کہ اس کے لئے کسی ایک انسان کی یا طبقہ کی یا ادارے کی نشان دھی کی جائے ۔ یہ تمام رقومات جو محکموں پر خرچ کی جا رہی ہیں یہ کسی فرد واحد کی ملکیت نہیں ہیں ۔ اس پر ہمارے وزیر ۔ گورنمنٹ پارٹی کے ممبران حزب اختلاف کے ممبران یا ہر شہری کا اتنا ہی حق ہے جتنا کہ کسی اور شخص کا ہے ۔ لیکن جب خرچ کرنے کا تعلق ہوتا ہے اس وقت یہ (میرے پاس ڈھٹائی سے زیادہ نرم لفظ نہیں ہوتا) ان کو یہ شرف حاصل ہے کہ یہ پبلکی اس چیز کا اعلان کرتے ہیں کہ ہم گورنمنٹ کی ایڈورٹائزمنٹ اس اخبار کو دینگے جو ہماری پالیسی کے مطابق عمل کریگا ۔

Mr. Speaker: Mr. Hamza is not relevant. That has got nothing to do with the matter under discussion.

مسٹر حمزہ ۔ لیکن جہاں تک محاصل کا تعلق ہے جب ٹیکسز اور محاصل وصول کئے جاتے ہیں اس وقت تمام آبادی اس میں برابر کا بوجھ برداشت کرتی ہے لیکن جہاں تک اس کے خرچ کا تعلق ہے اس کے لئے عام انسانی اداروں اور محکموں میں بھی امتیاز برتتے ہیں اور اس سے صاف ظاہر ہے کہ ان کا مقصد اس ملک میں پولیس سٹیٹ کو قائم کرنا ہے ۔ اور ہماری پولیس کے محکمہ کو خاص طور پر مراعات دی گئی ہیں اور اس کو تمام ملک کے خدمت گزار نہیں بنانا چاہئے ۔ اب ان کا مقصد یہ ہے کہ یہ حکمران ٹولے کے وفادار رہیں ۔ تمام کے تمام ملک اور اس ملک کی عام آبادی کے ساتھ کسی قسم کی وفاداری کا ثبوت نہ دیں ۔ ان میں خصوصاً رینجرز کے ساتھ جو رعایت برتی جا رہی ہے اس کا مقصد محض یہ ہے کہ اپنی اس پولیس کو اور سختی سے مغربی پاکستان کے صوبہ پر ٹھونسیں ۔

آپ کو اس چیز کا علم ہے کہ مغربی اور مشرقی پاکستان میں ایک بڑا فرق ہے وہ یہ ہے کہ مشرقی پاکستان میں وہاں کی گورنمنٹ عوام سے ڈرتی ہے لیکن یہاں کی گورنمنٹ عوام کو Bully کرتی ہے اور Bully کرنے میں سب سے اہم فرائض جو محکمہ سر انجام دیتا ہے وہ رینجرز کا محکمہ ہے۔ اور پولیس کا محکمہ تو ان کا Parent ڈیپارٹمنٹ ہے۔ اسی لئے جب بھی کرم فرمائی کا موقع آتا ہے تو اس وقت محکمہ پولیس ہی اس کے لئے چنا جاتا ہے۔ یہ گورنمنٹ کی بد ترین پالیسی ہے جیسا کہ میں سمجھتا ہوں جس سے ان کو روکنا ہمارے ملک کی موجودہ آبادی کے سامنے ایک شدید مسئلہ ہے۔ کہ ہماری اس گورنمنٹ کی اس قسم کی کرم فرمائیوں سے جو کچھ یہاں کی پولیس کر رہی ہے اور خصوصاً پولیس کا وہ بدنام حصہ کر رہا ہے اور وہ بدنام افسران بھی کر رہے ہیں جن کا کام لوگوں سے جبری طور پر رشوت وصول کرنا ہے۔ یہ ہمارے لئے بڑا Question mark ہے۔ اور ہمارے عوام کی حاکمیت کا وقت اسی دن آئے گا جس دن تمام محکموں میں۔ تمام محکموں کے ملازمین میں ایک ہی قسم کے قوانین۔ ایک ہی قسم کے اصول۔ ایک ہی قسم کی تنخواہ اور ایک ہی قسم کی مراعات ان کو دی جائینگی لیکن یہ جو کچھ گورنمنٹ کر رہی ہے اس سے عام لوگوں کا کوئی تعلق نہیں ہے ان کا مقصد محض اپنی کرسیوں کو مزید قائم اور مضبوط کرنا ہے۔ اور پبلک کو زیادہ نیچے گرانا ہے۔

Mr. Speaker: Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar: Not moving Sir.

میر عبدالباقی بلوچ (مکران۔۱)—جناب سپیکر۔ میں اس تخفیف زر کی تحریک کی حمایت کرتا ہوں۔ جناب سپیکر ۱۹۵۶—۵۷ میں پولیس پر کل خرچ۔۔۔۔

خواجہ محمد صفدر۔ ریولیشن سے پہلے۔

میر عبدالباقی بلوچ۔ ان کے ریولیشن سے پہلے ہماری ریولیشن تو آئے گی کل خرچ ۷ کروڑ ۳۱ لاکھ ۸۹ ہزار ۲ سو روپیہ تھا۔

Minister of Education: What about those remarks of the gentlmen Sir? He is talking of the revolution. Of what type?

Mr. Speaker: Of 1958.

Minister of Education: He says that our revolution has yet to come.

Khawaja Muhammad Safdar: Constitutional and peaceful revolution is certainly bound to come.

Minister of Education: That is evolution.

میر عبدالباقی بلوچ - جناب سپیکر - اس وقت پولیس پر کل خرچ سات کروڑ - اکتیس لاکھ - اناونے ہزار دوسو روپے تھا - اب اس سال تیرہ کروڑ پندرہ لاکھ - انیس ہزار روپے خرچ ہوئے ہیں - اس کے علاوہ پولیس پر جو مزید رقم خرچ کرنے کے لئے یہ حضرات اٹھا لائے ہیں - وہ انتیس لاکھ - چھیالیس ہزار تین سو روپے ہے - یہ رقم اس میں شامل کی جائے تو ان کے انقلاب سے لیکر اب تک پولیس کا کل خرچ دگنا ہو جاتا ہے - لیکن اس کے ساتھ ہی پولیس کی کارکردگی ملاحظہ ہو - اب میں دور کی باتیں نہیں کہونگا - کیونکہ ان کے متعلق یہاں بہت کچھ کہا جا چکا ہے - میں صرف کل کی مثال دونگا -

Mr. Speaker: Is the member discussing the Police or the Rangers?

Mir Abdul Baqi Baluch: I am discussing a problem where Rangers and each and every type of police is called in emergency. I am speaking of a disturbed area where there is no specific provision that only the regular police should go. I have seen Rangers I have seen recruits and I have seen every type of policemen working there. Therefore I can discuss them.

Mr. Speaker: But this Demand is not in respect of these persons it is in respect of Rangers.

Mir Abdul Baqi Baluch: Even Rangers are there.

Mr. Speaker: I am sorry the member is not relevant.

میر عبدالباقی بلوچ - جناب والا - ان کی پولیس اپنی تمام قوتوں کے باوجود انسانی زندگی کو حفاظت مہیا نہیں کر سکتی - میں سمجھتا ہوں - انسانی جان اور انسانی مال جسقدر آج خطرے میں ہیں - شاید اس سے پہلے کبھی نہ تھے - رات مجھے کراچی سے ایک ٹیلیفون آیا - اور وہ بھی ان کے حق میں آیا - اس طرح کہ بیگم اختر سلیمان نے مجھے ٹیلیفون پر کہا کہ یہ وزرا اور گورنر صاحب اتنے پتھر دل نہیں ہو سکتے - چنانچہ ان بیگم صاحبہ نے مجھ سے کہا کہ میں ان سے اپیل کروں کہ وہ انسانیت کے نام پر - اور خدا کے نام پر وہاں فسادات روکیں - کیونکہ وہاں بیگناہ انسان ہلاک ہو رہے ہیں

اور کٹ رہے ہیں ۔ لوگوں کے گھر جل کر برباد ہو رہے ہیں ۔ اس کا فوری طور پر ازالہ کیا جائے ۔

جناب سپیکر ۔ ابھی کل کی بات ہے ۔ کل پھر لانڈھی میں اسی طرح غنڈوں نے ٹرکوں میں جا کر بنگالی واڑہ میں جہاں بیچارے بنگالی لوگ رہتے ہیں ۔ انہیں لوٹا اور ان کے گھروں کو آگ لگائی ۔ ۴۰ گھر آگ سے جل گئے ۔ اور دو آدمی آگ میں جل کر ہلاک ہوئے ۔ اس کے علاوہ کئی لوگ آگ میں جھلس گئے ۔

وزیرصحت (بیگم محمودہ سلیم خان) ۔ جناب والا ۔ بلوچ صاحب جو کراچی میں جھونپڑیوں کو آگ لگنے کا ذکر کر رہے ہیں ۔ اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ وہاں جھونپڑیوں کے پاس ہی ایک ہوٹل ہے جہاں سے آگ کی ایک چنگاری اٹھی اور ان پھوس کی جھونپڑیوں پر پڑی ۔ جس سے آگ لگ گئی ۔ ورنہ حکومت کی طرف سے کسی قسم کی غنڈہ گردی نہیں ہوئی ۔ غالباً بلوچ صاحب نے اس رپورٹ کو اچھی طرح سے نہیں پڑھا ۔ اگر پڑھ لیں تو ان کی تسلی ہو جائے ۔

مسٹرعبدالباقی بلوچ ۔ جناب والا ۔ اخبارات میں آج کل سب باتیں نہیں آتیں ۔ مجھے کراچی سے بیگم اختر سلیمان کا ٹیلیفون آیا اور انہوں نے مجھے یہ سب کچھ بتایا ہے ۔ بیگم اختر سلیمان مرحوم سہروردی صاحب کی صاحبزادی ہیں ۔ اور کراچی میں ان کا نہایت اہم کردار ہے ۔ وہ جھوٹ نہیں بول سکتیں ۔ ان کا کردار بہت بلند ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن باقی صاحب اس کا Sudsidisation of the Ration of Ranges سے کیا تعلق ہے؟

میرعبدالباقی بلوچ ۔ جناب ۔ رینجر کھا کر ہی وہاں لوگوں کی حفاظت کرتے ہیں ۔ اگر بغیر کھائے ہوئے کرتے ہیں تو پھر ٹھیک ہے ۔ میں کچھ نہیں کہتا ۔ اور پھر میری وہی بات درست آئے گی ۔ کہ وہ آدمی important ہے یا وہ چیز جو اس آدمی کے لئے مانگی جائے ۔ فرض کیجئے ۔ آپ کسی وزیر کے لئے ایک کرسی منگا لیتے ہیں ۔ تو میں وزیر کو discuss کرونگا یا اس کرسی کو discuss کرونگا ۔

مولانا غلام غوث ۔ جناب ۔ یہ عورت کی گواہی منظور نہیں ہو سکتی ۔ (قہقہہ)

میرعبدالباقی بلوچ ۔ مولانا صاحب ۔ وہ عورت آپ سے زیادہ طاقتور ہے ۔

مسٹر سپیکر - وہ گواہی نہیں دے رہیں - بلکہ صرف اطلاع دے رہی تھیں -

میر عبدالباقی بلوچ - جناب والا - میں ان سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ انسانیت کے نام پر پاکستان کی بقا کے نام پر یہ خون بہانا بند کرادیں - اور کراچی کو عام حالت پر لانے کی کوشش کریں -

جناب والا - کل جو کچھ کراچی میں ہوا - انہوں نے اسے بھی اخبارات میں آنے نہیں دیا - پریس میں اسی بات کو یوں دیا گیا کہ وہاں ایک جھگی کو خود بخود آگ لگ گئی جس سے چھ سات گھر جل گئے - میں پوچھتا ہوں - اگر ایسا ہی ہوا - تو پھر طلبا پر لاٹھی چارج کیوں کیا گیا - کل ان کی پولیس نے پاکستان چوک میں طلبا کو بری طرح پیٹا - اور سات طالبعلم پھر گرفتار کئے گئے ہیں -

Mr. Speaker I am sorry the member is not relevant.

وزیر تعلیم - جناب والا - ان معاملات کے متعلق کچھ Adjournment Motions بھی آرہی ہیں -

میر عبدالباقی بلوچ - لیکن جناب وہاں تو لوگ قتل ہو رہے ہیں - جن Adjournment Motions کا آپ ذکر کر رہے ہیں - وہ تو دو مہینے کے بعد اس ایوان کے سامنے پیش ہونگی -

Mr. Speaker: The member should only discuss the subsidization of the ration of Rangers.

Minister of Education: Inspite of everything which is being discussed, the member should be relevant.

میر عبدالباقی بلوچ - جناب میں اور تو کچھ کہنا نہیں چاہتا - آخر میں صرف ایک فقرے میں ان سے ایک اپیل کرنا چاہتا ہوں - وہ یہ کہ آخر وہ لوگ بھی انسان ہیں - وہ بھی دل رکھتے ہیں - کم از کم اتنا تو سوچیں کہ وہ بھی اس ملک کے باشندے ہیں - وہ روس - چین یا افریقہ سے نہیں آئے - آپ کی طرح وہ بھی پاکستانی ہیں - لیکن اگر آپ فاتح ہیں - اور آپ نے اس ملک کو فتح کیا ہے - تو پھر بیشک فاتحوں کی طرح ان پر قبضہ جمائے رکھیں - اور جس طرح چاہیں - انہیں قتل کریں - اور اس ملک میں قتل و غارتگری کا آغاز کریں -

وزیر تعلیم - جناب والا - اس معزز ایوان میں ایسی باتیں کہنا عوام کے جذبات سے کھیلنے کے مترادف ہے - جہاں تک اس حکومت کا تعلق ہے ہم ہر پاکستانی کی عزت آبرو اور جائداد کی حفاظت کرینگے - (تحسین و آفرین) -

میر عبدالباقی بلوچ - کیا یہی ان کی آبرو کی حفاظت کی جا رہی ہے کہ وہاں لوگوں کو قتل کیا جا رہا ہے -

مسٹر افتخار احمد خاں (جھنگ - ۱) - صدر محترم - تخفیف زر اور مطالبہ زر جس کا تعلق صرف Border Police Rangers سے ہے - میں تسلیم کرتا ہوں کہ اس مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے Discussion تدریے محدود ہی ہوگی - لیکن یہ بات میں واضح طور پرعرض کر دینا چاہتا ہوں کہ جب بھی ہمارے سامنے - اس معزز ایوان کے سامنے ایک شہری اور مغربی پاکستان میں رہنے والے کے سامنے پولیس کا نام آتا ہے - یا جب اس کے کانوں میں پولیس کی آواز پڑتی ہے - تو یقینا ہر شخص کے ایک ہی جیسے جذبات ہوتے ہیں - اس کو میں کوئی شبہے کی بات نہیں کہ کچھ تو ان کے جذبات - اور صدر محترم - مجھے یہ بات کہنے میں کوئی حجت نہیں - کوئی عار نہیں کہ جب بھی پولیس کا نام لیا جاتا ہے تو لوگوں کے دلوں میں نفرت اور حقارت کا جذبہ موجزن ہو جاتا ہے - میں تو اختصار کے طور پر پولیس کا لفظ استعمال کرتا ہوں - ورنہ آئندہ جب بھی میں اپنی تقریر میں پولیس کا لفظ استعمال کروں - تو اس سے Police Rangers مراد لی جائے - اور اس کے ساتھ Rangers کا لفظ شامل فرما لیا کریں - کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ Rangers کا لفظ بار بار دھرانے سے ایک تو تضیع اوقات ہے - اور دوسرے میرے لئے بھی تکلیف دہ بات ہے - نیز یہ سننے والوں کے لئے بھی تکلیف دہ چیز ہے - تو اس لئے جب کبھی بھی پولیس کا لفظ آئے تو آپ یہ محسوس فرما لیا کریں کہ میں Rangers کے متعلق عرض کر رہا ہوں - جیسا کہ مطالبہ زر زیر بحث سے ظاہر ہے - (قہقہہ) اس کی کچھ وجوہات تو تاریخی ہیں - اور اس کا پس منظر بھی تاریخی ہے - جب سے ہم نے ہوش اور یاد داشت سنبھالی ہے - غلامی کے دور میں - انگریز کے استبداد اور اس کی سامراجیت کے زمانے میں پولیس کا مقصد ہی محض یہ تھا کہ انگریز کا اقتدار - اس کی سلطنت اور سامراجیت کو یہاں ہر قیمت پر قائم رکھا جائے - اور اس کی حفاظت کی جائے -

مسٹر سپیکر - کیا Rangers کا بھی یہی مقصد تھا ؟

مسٹر افتخار احمد خان - جناب - ان کو بھی اس میں شامل کر لیا جائے -

وزیر تعلیم - جناب والا - Rangers اور عام پولیس میں فرق ہے Rangers تو وہ force ہے جو صرف بارڈر پر رہتی ہے - اور عام پولیس اس سے بالکل علیحدہ ہے - اس کا Border سے کوئی تعلق نہیں -

مسٹر سپیکر - لیکن نوابزادہ صاحب کے نزدیک کوئی فرق نہیں -

مسٹر افتخار احمد خان - جناب میں نے عرض کیا ہے کہ آئندہ میں جہاں بھی پولیس کا لفظ استعمال کروں - تو جناب اس سے Ranger Police سمجھا کریں - بہر حال ہمارا تو یہی پس منظر ہے - ہمارے دلوں میں یہی تاثر ہے - خواہ وہ بارڈر پولیس ہو اور خواہ وہ ضلع کی پولیس ہو - لوگوں کے دلوں میں حقارت کے جذبات پیدا ہو جاتے ہیں - تاریخ ان کے پس منظر کی گواہ ہے - یہ لوگ آزادی کے دشمن رہے ہیں - بنیادی حقوق کے دشمن رہے ہیں - عزت اور قومی وقار کے دشمن رہے ہیں اور بدیشی حکومت کے غلام رہے ہیں -

جناب صدر - ملازمین کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے کس کا دل نہیں چاہتا - ہر مالک کی خواہش ہوتی ہے - کہ اس کا ملازم صاف ستھرا رہے - اس کے بچے تعلیم پائیں - اور وہ اس کی دیگر ضروریات کی طرف توجہ دیتا رہتا ہے - لیکن اس وقت ضرورت اس چیز کا تقاضا کرتی ہے - کہ رینجر پولیس کو جو سہولتیں دی جا رہی ہیں - اگر آپ یہی سہولتیں واپڈا کو یا ڈاک خانوں کو یا ریلوے کے ملازمین کو دیتے - تو میں سمجھتا کہ پھر تخفیف زر کی تحریک پیش نہ ہوتی - مگر اب جب کہ یہ سہولتیں اور یہ رعایت آپ ایک ایسی force کو دے رہے ہیں - جو قوم کی امنگوں کی دشمن ہے - اس سے یقیناً ہمارا ایمان ہے - اور اخلاق فرض ہے - کہ ہم اس سے نفرت کریں - اور اس ملک کے رہنے والوں کے دلوں میں پولیس کے خلاف یقیناً نفرت کے جذبات پیدا ہونگے -

صدر محترم - افسوس کی بات ہے - کہ انگریز کے چلے جانے کے بعد بہت سے اور محکمے - بہت سی ملازمتیں اور کئی نئے شعبے بنائے گئے - اور نظریات - خیالات اور حالات اور افعال میں تبدیلی کی گئی - دلوں میں قومی جذبہ اور حب الوطنی پیدا ہوئی - لیکن یہ بد بخت اور نامراد محکمہ ایسا ہے - کہ حب الوطنی تو کیا - اس میں وہی ظلم و ستم - جبرو تشدد اور بچوں پر گولیاں چلانے کی عادت ہے - یہ قوم کے نونہالوں پر بے دریغ لاٹھی

چارج کرنے لگتے ہیں ۔ یہ بے رحم ہیں ۔ ان کا کوئی ضمیر نہیں جب یہ سپاہی بن کر آتے ہیں تو اپنے ضمیر کو گھر پر چھوڑ آتے ہیں۔ آپ دوسرے ممالک کی پولیس کی حالت دیکھیں ۔ یورپ میں چلے جائیں ۔ وہاں پر پولیس حقیقت میں عوام کی خدمات سر انجام دیتی ہے ۔ لوگوں کی اعانت کرتی ہے ۔ اگر آپ کو راستہ بھول گیا ہے ۔ تو وہ پولیس آپ کو راستہ بتائے گی ۔ آپ کو کوئی تکلیف ہے ۔ یا ڈاکٹر کی ضرورت ہے ۔ تو وہ ڈاکٹر لائے گی ۔ لیکن ہماری اس پولیس کا کام صرف یہی ہے ۔ کہ اسے جائز کام کہیں ۔ تو وہ جائز کریگی ۔ ناجائز کہینگے ۔ تو وہ ناجائز کام کریگی ۔ ظلم کرنے کو کہیں تو وہ ظلم کریگی ۔ اسلام کے خلاف کوئی بات کرنے کو کہیں۔ تو وہ اسلام کے خلاف بات کہنے کو آمادہ ہوگی ۔ غرضیکہ اس کا کام بس آپ کا حکم بجا لانا ہے ۔ وہ حکم غلط ہو یا صحیح ۔ آپ ان کے ایمان اور ان کی حب الوطنی کو اس تین ماہ کے عرصہ میں بخوبی دیکھ چکے ہیں ۔ ان میں خواہ کوئی **PSP** ہو یا **CSP** ہو ۔ تھانیدار ہو یا انسپکٹر پولیس جس ضمیر کے ساتھ انہوں نے کام کیا ہے ۔ وہ عوام کو معلوم ہو چکا ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ رینجرز میں **other than officers** کے تحت **C.S.P.** اور **PSP** کیسے آتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اب چھوڑئیے انہوں نے اپنی تقریر ہی ختم کر دی ہے ۔
(اس مرحلہ پر مسٹر سینئیر ڈپٹی سپیکر ۔ مسٹر محمد اسحق خان کنڈی ۔ کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

مسٹر عبدالراز ق خان (مردان ۔۳) جناب سپیکر ۔ اس وقت جو مطالبہ زر **Rangers** کے لئے ۲۹ لاکھ اور چند ہزار کا ان کو راشن میں امداد دینے کے لئے پیش کیا گیا ہے ۔ اس کے خلاف تخفیف زر کی تحریک پیش کرنے والوں نے جو تقریریں کی ہیں وہ میں نے سنی ہیں ۔ میں کچھ کہنا نہیں چاہتا تھا ۔ لیکن ان کی تقریریں سن کر میں مجبور ہوگیا ہوں ۔ کہ ضرور کچھ نہ کچھ کہوں ۔

جناب والا ۔ **Rangers** کا کام یہ ہے ۔ کہ ہمارے ملک کی سرحدوں کی حفاظت کریں ۔ اور وہاں پر اگر کوئی سمگلر ہندوستان کوئی چیز لے جائے ۔ تو اسے پکڑ لے ۔ اس میں شک نہیں کہ رینجرز کے متعلق جن خیالات کا اظہار حزب مخالف کے معزز ارکان نے کیا ہے ۔ یہ ۱۹۵۸ سے پہلے درست تھے ۔ کیونکہ اس سے پہلے حکومت نے اس کے لیڈروں نے اور وزراء کرام نے بے باکانہ اس چیز پر عمل کیا ۔ اور یہ کام وہ **Rangers**

کے ذریعہ کراتے تھے ۔ میں نے اس زمانہ کے کچھ اخبارات میں پڑھا تھا ۔ اگر مرکزی وزراء اور صوبائی وزراء سمگلنگ کے کاروبار میں شریک ہوتے تھے ۔ اور یہی لوگ اب متحدہ محاذ میں جمہوریت اور مساوات کے بڑے علمبردار بن گئے ہیں ۔

Khawaja Muhammad Safdar. Question.

مسٹر عبدالرازق خان ۔ یہ جو Rangers کو رعایت دی جا رہی ہے ۔ ۱۹۵۸ سے اب تک انہوں نے جو اچھا کام کیا ہے ۔ اور حکومت نے ان کو جب اچھے راستہ پر لگایا ۔ اور وہ اس پر چلے ۔ تو پھر اس بات کا تقاضا ہے ۔ کہ اس رینجر پولیس کو زیادہ سے زیادہ مدد دی جائے ۔ اور ان کی تکالیف کو کم کیا جائے ۔

جناب والا ۔ معزز ارکان نے دوسرے ممالک کی پولیس کی مثال دی ہے ۔ میں یہ پوچھتا ہوں ۔ کہ آپ کیا ان سے وہ توقعات رکھتے ہیں ۔ جو امریکہ اور یورپ میں پولیس سے رکھی جاتی ہیں ۔ آپ کو معلوم ہے ۔ کہ یورپ میں ایک سپاہی کو کتنی تنخواہ دی جاتی ہے ۔ برطانیہ میں ایک Constable کو ۸۵۸ روپیہ ماہوار تنخواہ دی جاتی ہے ۔ تو میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں ۔ کہ آپ اپنے سپاہی کو ۵۰ روپے یا ۶۰ روپے دیکر اس سے ایسی توقع کس طرح رکھ سکتے ہیں ۔ حکومت نے یہ مطالبہ زر ان لوگوں کی سہولیت کے لئے پیش کیا ہے ۔ جو اتنی کم تنخواہ پاتے ہیں پھر بھی آپ اس کی مخالفت کرتے ہیں ۔ اب اس بات کی ضرورت ہے ۔ ان کی زیادہ امداد کی جائے تاکہ وہ اچھا کام کر سکیں ۔ میں اپنے دوستوں کو یقین دلاتا ہوں ۔ کہ اس دور حکومت میں حکومت کے ارکان نے نہ تو سمگلنگ کی پشت پناہی کی ہے ۔ نہ اس میں ان کا حصہ ہے ۔ Rangers بھی ان کے نقش قدم پر چل رہے ہیں ۔ اسی لئے امریکہ سے جو گندم منگائی جا رہی ہے ۔ اس میں ان کی امداد کی جائے گی ۔ لہذا میں اس تخفیف زر کی تحریک کی سخت مخالفت کرتا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں گذارش کرونگا ۔ کہ محترم وزیر مال ہمیں یہ بتائیں ۔ کہ انہوں نے ۲۹ لاکھ کی رقم مانگی ہے ۔ یا نہیں ۱۱ لاکھ روپیہ کی ضرورت ہے ۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان) ۔ آپ ہمیں Dictate نہ کرائیں صرف ہماری باتیں سنیں ۔ آپ کے سب شکوک رفع ہو جائینگے ۔

جناب والا ۔ میں عرض کرونگا ۔ کہ اس وقت میرے دوستوں نے جو اعتراضات کئے ھیں ۔ اور گالیاں دی ھیں ۔ میں حیران ھوں کہ اس مطالبہ زر کے سلسلہ میں C.S.P. اور P.S.P. کیسے آگئے ۔ یہ تو موضوع بحث نہیں اس سے ایوان کا وقت ضائع ھوا ھے ۔ معاملہ بالکل مختصر ھے ۔ اور وہ یہ ھے کہ ۲۹۶۳۰۰ روپیہ کے مطالبہ زر کی منظوری دی جائے ۔ اسی میں Other than Officers کی امداد Contingency میں سے کی جائے ۔ اس میں گزٹیڈ افسران شامل نہیں ھیں ۔ یہ وہ لوگ ھیں ۔ جو سرحد کی حفاظت کرتے ھیں ۔ اور دور افتادہ جگھوں میں رھتے ھیں ۔ میرے دوست کے آبائی شہر سیالکوٹ سے لے کر کراچی تک پاکستان کی سرحد کی یہ لوگ حفاظت کرتے ھیں ۔ بدمعاشوں کی مخالفت کرتے ھیں ۔ ان کے ساتھ سختی سے کام لیتے ھیں ۔ چونکہ وہ دور افتادہ جگھوں میں رھتے ھیں ۔ دشوار گزار علاقوں میں ان کی ڈیوٹی ھوتی ھے ۔ ان کو سخت اور مشکل کام کرنا پڑتا ھے ۔ بعض اوقات سمگلروں کے خلاف فائرنگ کرنا پڑتی ھے اور ھمارے دوست روزانہ اخبار میں پڑھتے ھیں ۔ کہیں سے سونا برآمد کیا گیا کہیں سمگلر بھاگ گئے اور چونکہ ان کا کام بہت سخت ھے اور تنخواھیں تھوڑی ھیں اس لئے ھم نے مناسب سمجھا کہ ان کو Subsidy دیں ۔ رھی یہ بات جیسا کہ میرے دوست نے کہا ھے ۔

This expenditure will be shared by the Central and Provincial Governments in the usual ratio of 60:40.

ھمیں ۶۰—فیصدی تک سر دست اس مطالبہ کی ضرورت ھے ھم اس کو خرچ کرینگے ۔ اور وہ پراونشل گورنمنٹ کا Share ھوگا جو سنٹرل گورنمنٹ کا Share ھوگا وہ ھم بعد میں ادا کر دینگے ۔ یہ Common Sense کی بات ھے کہ پوری ڈیمانڈ ۲۹—لاکھ ۴۶—ھزار تین سو کی ھے اس میں سنٹرل گورنمنٹ کے ذمہ ۱۷—لاکھ سے زیادہ ھے ۔ ھم اسے Indue Course of time ڈیمانڈ کرلینگے تو میرے جن دوستوں کا اعتراض ھے کہ اس میں خورد برد ھوگی تو خورد برد کا سوال ھی پیدا نہیں ھوتا جو ھمارے ذمہ خرچ ھوگا وہ ھمارے حساب میں لکھا جائے گا اور جو سنٹرل گورنمنٹ کے ذمہ ھوگا وہ ان کے کھاتے میں جائیگا ۔ عبدالرازق صاحب نے جیسا کہا ھے کہ یہ رینجر پولیس وہ نہیں ھے جو رینجر ان کے خیال میں ھے یہ بڑا اچھا کام کر رھی ھے ھمیں ان کے اچھے کام میں ان کی حوصلہ افزائی کرنی چاھئے ان سے الیکشن میں ھم نے کوئی کام نہیں لیا یہ صرف بارڈر کے بد معاشوں کی روک تھام کے لئے ھیں اور یہ سمگلنگ کی روک تھام کے لئے ھیں ۔ میں امید کرتا ھوں کہ یہ تخفیف کا مطالبہ رد کر دیا جائے گا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: I wil now put the cut motion.

The question is:

"That the total of Rs. 29,46,300 on account of 20—Police—Total New Expenditure be reduced by Rs. 29,46,299."

(*The motion was lost*).

Mr. Senior Deputy Speaker: The question is:

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 29,46,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on 30th June, 1965, in respect of Police."

(*The motion was carried*).

Mr. Senior Deputy Speaker: Next Demand.

(**Demand No. 5**)

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan): Sir, I beg to move:

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,71,980 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Frontier Regions."

Mr. Senior Deputy Speaker: Demand moved is:

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,71,980 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Frontier Regions."

There is one cut motion from Mir Abdul Baqi Baloch. He may please move it.

Mir Abdul Baqi Baluch: Sir, I beg to move:

"That the total of Rs. 1,71,890 on account of 34—Frontier Regions—Total New Expenditure be reduced by Rs. one."

Mr. Senior Deputy Speaker: The motion moved is:

"That the total of Rs. 1,71,980 on account of 34—Frontier Regions—Total New Expenditure be reduced by Rs. one."

Yes, Mr. Baqi Baluch.

میر عبدالباقی بلوچ (مکران۔۱) جناب سپیکر۔ یہ رقم ایک انٹر میڈیٹ کالج کے قیام کے لئے مانگی گئی ہے اور اس میں اس رقم کے جواز کے لئے جو وجہ یہاں چھاپی گئی ہے وہ یہ ہے

"To provide full educational facilities in the tribal Area the opening of an Intermediate College at Miranshah (North Waziristan Agency) was considered necessary."

گویا یہ Full Educational Facility ہو جائیگی اور اس کے بعد شاید ٹرائیبل ایریاز میں شاید کسی Facility کی ضرورت نہ رہیگی ۔ یہ More ایجوکیشن نہیں ہے یہ Full ایجوکیشن Facility ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ واقعی یہ Full ایجوکیشن ہے اور جسے جناب یسین وٹو صاحب اس ایوان میں لائے ہیں۔ ٹرائیبل ایریا میں تعلیم کی جو حالت ہے وہ ہمیں معلوم ہے ۔ وہاں پڑھے لکھے لوگوں کا تناسب تین اور پانچ فیصد آدمی ہے ۔ دستور میں ایک واضح حکم ان کے لئے موجود ہے کہ وہ پسماندہ علاقوں میں خاص طور پر اور خاص اہتمام کریں تاکہ وہاں کے تعلیمی مسائل اور تعلیمی معاملات جلد طے ہوسکیں ۔ Principles of Policy میں چوتھا Principle جو ہے وہ یہ ہے

"Special care should be taken to promote the educational and economic interests of people of backward classes or in backward areas."

جہاں تک اس کالج کے کھولنے کا تعلق ہے مجھے اس میں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن اعتراض صرف اس بات پر ہے کہ ان کے یہاں بغیر سوچے سمجھے پلاننگ ہوتی ہے بلکہ میں یہ کہونگا کہ پلاننگ کے بغیر یہ ملک کے روپے کو بیدردی سے تباہ و برباد کر رہے ہیں جن سے وہ اثرات پیدا نہیں ہوتے جس کی ہمیں ضرورت ہے۔ ان کی پلاننگ کی مثال تو آپ کو یہیں مل گئی ۔ وہ کہتے ہیں To provide full Educational facilities

اور صرف ایک انٹر میڈیٹ کالج کے ذریعہ سے ۔ یہ ان کا ذہن تھا اور ان کا انداز فکر ہے میں ان سے گذارش کرونگا کہ بجائے اس کے وہاں صرف ایک انٹر میڈیٹ کالج کھولیں ان کے پاس اور بھی ذرائع اور طریقے ہو سکتے ہیں کہ وہ پسماندہ عوام کو دوسرے پسماندہ عوام کے برابر لے آئیں ۔ وہاں کے عوام کا سب سے بڑا مسئلہ معاشی بد حالی ہے جس کی وجہ سے وہ اپنی تعلیم جاری نہیں رکھ سکتے اور نہ اپنے بچوں کو مزید تعلیم دے سکتے ہیں ۔ علاقوں میں تناسب آبادی بمشکل پانچ سے سات فی مربع میل ہے ۔ انہوں نے ہمیں یہ نہیں بتایا کہ انٹر میڈیٹ کالج کھولنے سے قبل انہوں نے وہاں اور کیا اہتمام کیا ہے کیا انہوں نے ایسا اہتمام کیا ہے کہ اس انٹر میڈیٹ کالج میں وہاں کے باشندے اگر تعلیم حاصل کر سکینگے کیا انہوں نے معاشی حالت اس قدر بہتر کر دی ہے کہ وہ طلبا اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں اگر ایسا نہیں کیا ہے تو ان پر جو دستوری فرض عائد ہوتا ہے اس فرض کو پورا کرنے کے لئے انہوں نے کیا کیا ہے ۔ میں ان سے گذارش کرونگا کہ بجائے اس کے کہ وہ ان دور دراز علاقوں میں زیادہ سے زیادہ سکول یا زیادہ سے زیادہ کالج کھولیں ۔ انہیں چاہئے کہ ایک خاص علاقہ لیکر وہاں کوئی مڈل سکول یا کوئی ہائی سکول یا کوئی انٹرمیڈیٹ کالج کھولکر دوسرے علاقوں کے طلبا کو موقع دیں کہ وہاں اگر Residential Students کی طرح رہیں اور ان Residential Students کے پورے اخراجات یعنی کھانا پینا کپڑا حکومت برداشت کرے تاکہ وہ جلد سے جلد ایک خاص مدت میں دستور کی یہ ضرورت پوری کر سکیں اور ان پسماندہ علاقے کے لوگوں کو جو اپنی معاشی بد حالی کے باعث اپنی تعلیم جاری نہیں رکھ سکتے ان کو موقع ملے کہ وہ تعلیم حاصل کر سکیں اور دوسروں کے برابر آ سکیں ورنہ موجودہ صورتحال میں زیادہ سے زیادہ پرائمری سکول کھولے جانے سے جن کے اخراجات بھی زیادہ آ رہے ہیں اور پرائمری تعلیم حاصل کرنے کے بعد ان علاقوں کے طلبا اپنے اخراجات پر مڈل سکول تک نہیں جا سکتے ۔ اور وہ رقم جو پرائمری سکول پر انہوں نے استعمال کی ہوئی ہوتی ہے وہ بھی رائگاں جاتی ہے تو میری گزارش ہے کہ پرائمری سکول زیادہ سے زیادہ نہ کھولیں اور مڈل سکول ہائی سکول اور انٹر میڈیٹ کالجز بھی کم کھولیں لیکن وہاں Residential بندوبست کریں تاکہ دوسرے علاقوں اور دور دراز علاقوں سے آئیں اور ان کو تعلیمی سہولتیں فراہم کی جائیں اور ان کے اخراجات بھی پورے کئے جائیں اس طرح وہ تعلیم آسانی سے جاری رکھ سکینگے اور آپ کے دستور کی ضرورت بھی پوری ہو سکے گی ۔

جناب والا ایک لطیفہ بھی یہاں سامنے آگیا ہے اور وہ یہ ہے کہ Principles of Policy

میں چھٹا Principle یہ ہے -

"The people of different areas and classes, through education, training, industrial development and other method, should be enabled to participate fully in all forms of activities, including employment in the service of Pakistan."

اس موقعہ پر انہوں نے غالباً دنیا میں ایک نیا طریقہ ایک نئی سکیم ان پسماندہ علاقوں کو دوسرے علاقوں کے برابر لانے کی تیار کی ہے - وہ یوں ہے کہ ان دنوں ایک طرف سے جو ترقی یافتہ علاقے ہیں وہاں کے تمام کالج سکول اور تعلیمی ادارے بند کر رکھے ہیں اور اب میری سمجھ میں بات آئی کہ غالباً اسی لئے بند کر رکھے ہیں کہ جب تک پسماندہ علاقوں کے عوام پڑھے لکھے نہ ہو جائیں اور ان کے برابر نہ ہوں تو یہ یونہی بند رہینگے - اگر اس صورت سے انہوں نے ایک دستوری ضرورت کو پورا کرنے کی کوشش کی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک لاجواب بات ہے اور غالباً آج سے ۱۰۰ سال پہلے پنجاب کی تاریخ کو دوہرایا ہے جب کہ خالصوں کی حکومت تھی - پتہ نہیں جناب وزیر تعلیم یاسین خاں صاحب وٹو تو اس قسم کے نہیں لگتے لیکن اس ماحول میں ان کا یہ کالج کھولنا اور ان کا یہاں لے آنا اور دوسری طرف تمام کالجوں کو بند رکھنا کم از کم میرے ذہن میں یہ سوال پیدا کر دیتا ہے کہ وہ چاہتے ہیں یا نہیں -

وزیر تعلیم (میاں محمد یسین خاں وٹو) - جناب والا جو کچھ میر عبدالباقی بلوچ صاحب نے فرمایا ہے ابتداً انہوں نے جو اعتراضات کئے ہیں ان الفاظ کے بارے میں جو کہ ضمنی بجٹ میں چھپے ہوئے ہیں وہ اس قسم کے ہیں کہ ان کا جواب دینے کی ضرورت نہیں -

خواجہ محمد صفدر - وہ غلط انگریزی ہے بس اتنی بات ہے -

وزیرتعلیم - میرے خیال میں ایوان کا وقت ضائع کرنا مناسب نہیں ہوگا میرے خیال میں ان کا اعتراض برائے اعتراض کرنے کے لئے ہے باقی انہوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ آئینی طور پر حکومت پر یہ ذمہ داری ہے کہ وہ پسماندہ علاقوں کو تعلیم اور اقتصادی میدان میں دوسرے علاقوں کے برابر لانے کے لئے کوشاں رہے - اس سلسلے میں میں عرض کرونگا کہ یہ عین اس آئینی ضرورت کے تحت ہے کہ میرانشاہ میں انٹر میڈیٹ کالج کھولا گیا ہے اور ایسے پسماندہ علاقوں کے لئے یقیناً اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے کہ جو کچھ دوسرے علاقوں کے لئے کالج کھولنے کی بنیادی ضرورت یا بنیادی اصول

ہوتے ہیں ان کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ چنانچہ ٹرائیبل علاقوں میں یہ کالج اسی غرض کے لئے کھولے گئے تاکہ پسماندہ لوگوں کو تعلیمی میدان میں فائدہ پہنچ سکے۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ ارد گرد سکول ہونے چاہئیں میں ان کو عرض کر دوں کہ وہاں پہلے ہی سے مڈل اور ہائی سکول موجود ہیں۔ اور جس طرح ان کی باتوں سے خود ظاہر ہوگیا تھا کہ پرائمری سکول خاصی تعداد میں کھولےجا رہے ہیں اور مڈل سکول بھی خاصی تعداد میں کھولے جا رہے ہیں۔

میر عبدالباقی بلوچ - میں یہ کہہ رہا ہوں کہ پرائمری سکول زیادہ کھولے جا رہے ہیں وہ زیادہ ہو گئے ہیں۔ میں تو یہ آپ سے عرض کرنا چاہتا تھا کہ بجائے پرائمری سکولوں کے مڈل اور ہائی سکول زیادہ کھولنے چاہئیں اور ان کی ضرورت ہے۔ آپ ہائی سکول Residential کھولیں جہاں طلباء کے رہنے سہنے کا کھانے پینے کا انتظام ہو اور ان کے تمام اخراجات برداشت کئے جائیں۔

وزیرتعلیم - جناب والا میرا خیال ہے کہ میرے فاضل ممبر میرے ساتھ متفق ہونگے کہ مڈل سکولوں میں جانے سے پہلے بچوں کو پرائمری سکولوں میں تعلیم حاصل کرنی ضروری ہے اور اس کے بعد مڈل سکولوں میں تعلیم حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اور پھر آئندہ مقام ان کے لئے ہائی سکول اور کالج کا ہوتا ہے۔ میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کروں کہ ان چیزوں کو مد نظر رکھا جاتا ہے۔ باقاعدہ پلاننگ کرکے جتنے پرائمری سکول کھولے گئے ہیں ان کے لئے بچوں کی تعداد ان کے مطابق ہوگی اور اس کے مطابق پھر مڈل اور ہائی سکول اور اسی طریقہ پر یہ انٹرمیڈیٹ کالج قائم کئے جا رہے ہیں۔ باقی جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ ان لوگوں کے سارے اخراجات برداشت کئے جائیں تو میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ پسماندہ علاقوں کے لئے پہلے ہی خاص کر ٹرائیبل علاقوں کے تمام طلباء کے لئے وظائف مقرر کئے ہوئے ہیں۔ ان کو تعلیم کے لئے وظائف مل جاتے ہیں۔

میر عبدالباقی بلوچ - ان کو وظائف دئے جائیں اور ان کو پڑھائیے۔

وزیرتعلیم - جناب والا یہ خیال رکھا جاتا ہے کہ ان کو تعلیمی سہولتیں زیادہ سے زیادہ دی جائیں۔ ان معروضات کے ساتھ میں یہ عرض کروں گا ایک بات جو انہوں نے لطیفہ کے طور پر کہی ہے کہ ہم ایک جگہ پر کالج بند کرکے دوسری جگہ پر کالج

کھول رہے ہیں یہ ان کو میرے خیال میں غلط فہمی ہوئی ہے یا وہ یہ بات بھول گئے ہیں کہ اس میں حکومت کی ذمہ داری نہیں ہے بلکہ ہم نے کوشش کی ہے کہ ہر جگہ پر یہ ادارے کھولے جائیں۔ اگر کوئی مجبوری پڑ جاتی ہے حالات کے مطابق یا کسی جگہ پر لا اینڈ آرڈر کی صورت پیدا ہو جاتی ہے تو اس وقت تعلیم کے Larger Interest میں اگر کالج اور یونیورسٹی بند کرنی پڑے تو کر دی جاتی ہے۔ میں عرض کرونگا کہ اگر میرے فاضل بھائی اگر خود بھی ذرا Heart Searching کریں اور ان چیزوں کو دیکھیں کہ وہ ذمہ داری کن پر عائد ہوتی ہے ان پر یا ہم پر۔ یہ الفاظ عرض کرنے کے بعد میں استدعا کرتا ہوں کہ جہاں تک انٹر میڈیٹ کالج کا تعلق ہے اور جس کے متعلق تحریک التوا آ رہی ہے میں تفصیل سے اس کا جواب دونگا لیکن اس میں کٹ موشن جو ہے وہ مسترد کی جائے اور یہ ڈیمانڈ پاس کی جائے۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The question is:

"That the total of Rs. 1,71,980 on account of 34—Frontier Regions—Total New Expenditure be reduced by Rs. one.

(*The motion was lost*).

Mr. Senior Deputy Speaker: Now I will put the principal motion.

The question is:

That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,71,980 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Frontier Regions.

(*The motion was carried*).

(Demand No. 6)

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): Sir I beg to move—

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 43,00,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment

for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Education."

Mr. Senior Deputy Speaker: Demand moved is:

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 43,00,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Education."

There are cut motions. First is from Allama Arshad and he is not present. Next is of Amir Habibullah Khan Saadi.

امیر حبیب اللہ خاں سعدی (لائلپور - ۷) صاحب صدر۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ ۴۳ لاکھ چار سو کا کل مطالبہ زر بسلسلہ مد نمبر ۳۷ تعلیمی میزانیہ اخراجات نو میں بقدر ۴۳ ہزار تین سو ۹۹ روپیہ کی تخفیف کی جائے۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The motion moved is-

"That the total of Rs. 43,00,400 on account of 37—Education—Total New Expenditure be reduced by Rs. 43,00,399."

امیر حبیب اللہ خاں سعدی- یہ oppose تو کسی نے نہیں کیا - صاحب صدر میں نے یہ تحریک تخفیف پیش کرتے وقت یہ تصریح عرض کی تھی کہ مطالبہ زر کی کار فرما حکمت عملی کو میں زیر بحث لانا چاہتا ہوں۔ اس مطالبہ زر کے تین حصے ہیں

ایک تو یہ ہے

"(1) Grants-in-aid to the Institute of Education and Research, New Campus, University of the Punjab, Lahore."

"(2) Lump sum provision for High Schools maintained by the District Councils and Town Committees to be provincialised during 1964-65."

دوسرا ہے

تیسرا ہے جناب

"(3) Grant-in-aid to the institute of Development of Economic, Karachi.

تو صاحب صدر۔ میں اس مطالبہ زر کے پہلے حصے کے متعلق اس تحریک کی مخالفت نہیں کر رہا ہوں لیکن اس کا جو دوسرا حصہ ہے میری تحریک تخفیف کا اس کے متعلق جو غلط پالیسی ہے محکمہ تعلیم کی اس کو زیر بحث لانا ہے۔ اس سے پہلے Provincialisation کے سوال پر عام ابتدائی اور مڈل سکول Provincialise کئے گئے تو اس سلسلے میں صوبہ کے اساتذہ جن مشکلات میں مبتلا ہیں اس کا سب سے واضح اور بین ثبوت آج کے اخبارات کی وہ خبر ہے کہ ۴۰ ہزار اساتذہ جب اپنے مطالبات منوانے میں جائز طریقہ سے ۔ وزرا کی منت خوشامد کرنے ہے۔ اخبارات میں اپنے مطالبات دھرانے ہے۔ محضر نامے پیش کرنے سے عاجز ہوئے۔ کچھ نہ بنا۔ تو انہوں نے آخر ہڑتال کر دی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس لحاظ سے اساتذہ بڑے ہی قابل تحسین لوگ ہیں کہ انہوں نے اتنی دیر صبر کیا۔ وزیر صاحبان سے ملے۔ اور ان سب کی خوشامد کی۔ خدا کے لئے ہمارے مسائل پر غور کرو۔ ہماری مشکلات کو دیکھو۔ لیکن اس حکومت کا ذہن عجیب ہے۔ یہ مسائل پر کبھی غور نہیں کرتے ۔ وہ صرف اپنی کرسیوں کا خیال رکھتے ہیں اور اپنے آقایان نعمت کی خوشامد کرتے ہیں ۔ لیکن یہ چیز زیادہ دیر تک اس حکومت کے لئے مفید ثابت نہیں ہو سکتی۔ ہمارے بے اختیار وزرا کو لوگوں کے اصل مسائل سے چشم پوشی اور ٹال مٹول سے کام نہیں لینا چاہئے۔ اساتذہ کے ساتھ ان پر بھی بہت ذمہ‌داری ہے ۔ یہ تمام ذہنی کام کرنے والے لوگ اگر پریشان ہوں تو تعلیم کا مقصد کیسے حاصل ہو سکتا ہے ۔ وہ بچوں کی تربیت پر کس طرح توجہ دے سکتے ہیں ۔ اور انہیں کیسے ہمدردی اور توجہ سے پڑھا سکتے ہیں۔ میں ان کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ وہ ان کے مطالبات پورے کر دیں ۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ جن کے پاس سی اے بی ای ڈی ۔ یا بی ایس سی ۔ بی ای ڈی ۔ یا ایم اے بی ای ڈی یا ایم ایس سی ایم ای ڈی کی ڈگریاں ہوں ان سب کی تنخواہ ۱۱۰ روپے ہونی چاہئے ۔ میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ ان اساتذہ کا مسئلہ پہلے ہی اتنا الجھا ہوا ہے کہ جو نام نہاد پروگرام ان کے سکولوں کو اپنی تحویل میں لینے کا یہ بنا رہے ہیں وہ ان کے مسئلہ کو اور بھی الجھا دیگا ۔ کیونکہ وہ سارے سکولوں کو ایک ہی بار اپنی تحویل میں نہیں لے رہے ۔ جو سکول اس سال گورنمنٹ کی تحویل میں آ جائینگے وہاں کام کرنے والے اساتذہ کے گریڈ اور تنخواہیں بڑھ جائینگی اور انہیں دوسروں پر فوقیت حاصل ہو جائیگی ۔ اور اس طرح ایک ایسا چکر چلے گا جس سے الجھنیں بڑھینگی ۔ لیکن شاید وہ اپنے مخصوص مقاصد حاصل کرنے کے لئے ایسا کر رہے ہیں ۔ جس جگہ سے انہیں ووٹ زیادہ مل گئے ہیں وہاں کے سکولوں کو پہلے سرکاری تحویل میں لے رہے ہیں یا وہ یہ چاہتے ہیں کہ اساتذہ ان کی قصیدہ خوانی

کریں جسے وہ خود اپنی حکومت عالیہ کی کرتے ہیں ۔ وہ زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ان کے پاس اتنا روپیہ نہیں کہ وہ ایک دم سارے سکولوں کو اپنی تحویل میں لے لیں ۔ لیکن ان کا یہ عذر لنگ کسی کو مطمئن نہیں کر سکتا ۔ اس لئے کہ انہوں نے ضلعوں کے صدر مقامات میں ۳۲—۳۲ لاکھ کے خرچ سے ماڈل سکول قائم کئے ہیں ۔ ایچی سن کالج کی مرمت پر ایک لاکھ روپیہ خرچ کر دیا ہے ۔ یہ حاکم طبقہ کے لئے الگ درسگاہیں بنا رہے ہیں اور باقی کے لئے الگ ۔ اس سے لوگوں کے شکوک ان کے خلاف یقین میں تبدیل ہو رہے ہیں کہ اس حکومت کا مقصد عوام کا فائدہ نہیں ہے ۔ ان کے سامنے صرف چند آدمیوں کی تعلیم ہے ۔ جب تک ان کی حکومت کسی نہ کسی طرح سے قائم ہے یہ ملک کو زیادہ سے زیادہ لوٹنا چاہتے ہیں ۔ مجھے آپ دنیا کی کسی منطق کے ذریعہ بتا دیں کہ ایک ہی ملک کے اندر مختلف شکول کیوں ہوں ۔ اور پھر یہ لوگ مسلمان ہونے کا دعوے کرتے ہیں ۔ مساوات کو اس طرح سے کچلا جا رہا ہے کہ جو بڑے لوگ ہیں ان کے مدرسے الگ ہیں اور عوام کے لئے الگ ۔ خدا کے لئے سوچیں ۔ چند روز کی بات ہے ۔ اس کے بعد آپ کو زوال بھی آنا ہے ۔ حکومت کے نشہ میں سرشار نہ ہوں ۔ ایسے کام کریں کہ بعد میں منہ دکھانے کے قابل رہیں ۔ ورنہ بعد کی نسلیں کہینگی کہ یہ لوگ نئیرے تھے اور انہیں منہ چھپانے کی جگہ نہ ملیگی ۔

مسٹر سنئیر ڈپٹی سپیکر ۔ راؤ خورشید علی خاں ۔

راؤ خورشید علی خان (منٹگمری ۔ ۳) ۔ جناب والا ۔ میں اس پر زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا ۔ اس حیثیت سے کہ اساتذہ کا جو مظلوم طبقہ ہے وہ زیادہ سے زیادہ انصاف کا مستحق ہے ۔ اس لحاظ سے میں اس مطالبہ کی خاص تائید کرنا چاہتا ہوں ۔ ظاہر بات ہے کہ جو قوم اور ملک کو بنانے والا طبقہ ہے ۔ جن پر آئندہ نسلوں کے کیریکٹر ۔ سیرت اور کردار کی تعمیر کا انحصار ہے اس پر زیادہ سے زیادہ توجہ دینی چاہئے ۔ زیادہ سے زیادہ اخراجات کرنے چاہئیں ۔ کم از کم ان کے جو مبنی بر انصاف مطالبات ہیں ۔ جو جائز مطالبات ہیں ۔ زیادہ وقت ضائع کرنے سے پہلے پورا کر دینا چاہئے ۔ جب اس اصول کو مانا جا رہا ہے کہ حکومت ان اداروں کو اپنی تحویل میں لے لیگی پھر یہ لیت و لعل کی پالیسی کیوں ۔ کہ ہم ان سب کو اس سال نہیں لے سکتے ۔ ادھر یہ ہے کہ پٹواریوں تک کی تنخواہیں بڑھا دی گئی ہیں ۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اخراجات اصل مسئلہ نہیں ۔ شاید ان سے الیکشن میں کچھ کام لینا مقصود تھا ۔ اور وہ زیادہ کام نہیں دے سکے اس لئے ان سے کہہ دیا کہ صاحب ہمارے پاس تو رقم ہی نہیں ۔ لیکن اس سلسلے میں صرف

چند باتوں کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں۔ جس سے معلوم ہوگا۔ کہ یہ مسئلہ بالکل مصنوعی ہے۔ ایک طرف تو مشاہروں میں اضافہ کیا گیا ہے اور اس غرض سے کروڑوں روپیہ خرچ کیا گیا ہے۔ لیکن ان صاحبان کا نام نہیں لینا چاہتا۔ کیونکہ خواہ مخواہ ہم پر یہ الزام بھی لگ جائے گا۔ کہ شاید یہ لوگ اس بات کے مخالف ہیں کہ ان لوگوں کی تنخواہیں کیوں بڑھائی گئی ہیں۔ دراصل ہم ان کے مخالف نہیں ہیں۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ جہاں ایک طبقہ ملازمین کے لئے آپ کروڑوں روپے کا خرچہ بڑھاتے ہیں۔ دوسری طرف جو مستحق طبقہ ہے۔ اور جس پر کہ ملک و ملت کی تعمیر کا انحصار ہے۔ ان پر آپ چند لاکھ روپے بھی خرچ کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ اگر اس صورت میں کوئی یہ کہے۔ کہ شاید آپ کے دل میں گڑ بڑ تھی۔ یا خلوص نہیں تھا۔ یا چونکہ آپ کو ان سے کوئی ناجائز مفاد حاصل نہیں ہو سکتا تھا۔ اس لئے ان کے لئے آپ چند لاکھ روپے بھی خرچ کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ اور اس کے برعکس آپ ضلعی صدر مقام پر تیس بتیس لاکھ روپے ایک ماڈل سکول پر خرچ کرنے کے لئے تیار ہیں۔ لیکن چالیس ہزار اساتذہ کے مسائل اگر آپ کے سامنے آئیں۔ تو آپ ان کے ساتھ انصاف کرنے کے لئے قطعی تیار نہیں ہیں۔ ڈویزنل صدر مقام پر آپ ایک سکول پر چالیس چالیس ہزار روپے خرچ کر رہے ہیں۔ لیکن چالیس ہزار اساتذہ کو اتنے مسائل ہیں۔ لیکن آپ کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ صرف لاہور میں ایک سکول پر پچاس لاکھ روپے خرچ کئے جا رہے ہیں۔ ماڈل سکول اور پبلک سکول بنانے پر لاکھوں روپے خرچ کئے جا رہے ہیں۔ اور صرف چیف کالج کی مرمت پر پچاس لاکھ روپے خرچ کئے جا رہے ہیں۔ لیکن یہ چیزیں پیش کرکے آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ کہ خدارا انصاف کیجئے۔

رائے منصب علی خاں کھول (شیخوپورہ۔ ۳) جناب والا۔ متحدہ حزب اختلاف اور ان کے رہنماؤں نے صدارتی مہم میں اپنی شکست فاش کے بعد ایک اور فحش غلطی کی ہے۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ انہوں نے اپنی شکست کو تسلیم نہیں کیا۔ اور اس شکست پر پردہ ڈالنے کے لئے انہوں نے اہتمام اور الزام لگانے کا کچھ ایسا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔ جو میرا خیال ہے۔ کہ آئندہ پنجسالہ منصوبے تک اسی طرح جائینگے۔ انہوں نے گالیاں دینے کا ایک منصوبہ بنایا ہوا ہے۔ اور ان کی باتوں کا حقائق سے کوئی تعلق ہی نہیں ہوتا نہ وہ مسئلے کو سمجھتے ہیں۔ اور نہ ہی وہ ایسی باتوں کے نتائج سے باخبر ہیں۔

خواجہ محمد صفدر۔ ہم یہاں اچھی روایات قائم کرنے کے لئے آئے ہیں۔ ایجوکیشن کا میجر ہیڈ نمبر ۷۷ ہے۔ اور اس کی اسے بی۔ سی۔ تین گرانٹس ہیں۔ مجھے یہ معلوم نہیں۔ کہ یہ الیکشن کس ضمن میں آیا ہے۔ ذرا مجھے یہ ارشاد فرمادیں۔

رائے منصب علی خان کھرل۔ لیکن میں یہ عرض کر رہا ہوں۔ کہ میں اس امر کی طرف آرہا ہوں۔ کہ جو بھی تحریک تخفیف زر حزب اختلاف والے کسی مطالبہ زر پیش کرتے ہیں۔ تو ان کی طرف سے بار بار یہ کہا جاتا ہے۔ کہ۔۔۔۔

خواجہ محمد صفدر۔ وہ تو ہم نے ضمنی بجٹ کی بحث کے دوران کہا ہے۔ ہم مناسب جگہ پر ہی بات کرتے ہیں۔ اور آپ کا یہ حال ہے۔ کہ مشت کہ بعد از جنگ باد آید برکلۂ خود باید زد۔

پیر غلام علی چشتی۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر۔ دراصل یہ تقریر انہوں نے کل کرنی تھی۔ لیکن غلطی سے وہ آج کر رہے ہیں۔ اسی لئے الیکشن کا ذکر بھی آج ہی آیا ہے۔

مسٹر سنئیر ڈپٹی سپیکر۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔

رائے منصب علی خان کھرل۔ جناب والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ اس طرف بیٹھنے والوں نے جو کچھ کہا ہے۔ کل سے تقریروں کا سلسلہ شروع ہے۔ اور ہر مقرر نے اس بات کا ذکر کیا ہے جس سے ان کی جھنجھلاہٹ اور احساس شکست عیاں ہے۔ میں بھی اس بات کا ذکر کرنا یہاں اس لئے مناسب سمجھتا ہوں۔ کہ ابھی ابھی جن حضرات نے تقاریر فرمائی ہیں۔ انہیں نے بھی اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں۔ کہ خواجہ محمد صفدر صاحب کا یہ اعتراض درست نہیں ہے۔ تو میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ ان مسائل کو کہ جو انتہائی غور و فکر کے مستحق ہیں۔ ان پر اسی سنجیدگی کے ساتھ غور کرنا اور انہیں سمجھنا چاہیے۔ اورہر بات میں صداقی انتخاب اور فتح و شکست کو درمیان میں نہیں لانا چاہئے۔ جہاں تک مسئلہ تعلیم کا تعلق ہے۔ اس حکومت نے جس احساس ذمہ داری اور جس ہمدردی کے ساتھ ان پر غور کیا ہے۔ اور اس کو حل کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس کی مثال پیش نہیں کی جا سکتی۔ جہاں تک اساتذہ کے مطالبات سکولوں اور کالجوں کے طلباء کی ہڑتال اور ہمچو قسم دیگر تعلیمی کا تعلق ہے۔ میں انتہائی افسوس کے ساتھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ اس تمام قضیے میں بیرونی اثرات بھی کارفرما ہیں۔ اور ان حضرات نے بھی جو جمہوریت اور حق پرستی کا دعوئی کرتے ہیں۔ اس میدان میں باطل پرستی کا ثبوت دیا ہے۔ اور انہوں نے اس مسئلے کو حل کرنے میں ہر میدان میں اور ہر راہ میں حکومت کی راہ میں روڑے

الگائے ہیں ۔ اور اس جانب حکومت کی طرف سے جو بھی کوشش ہوتی ہے ۔ وہ یہ کوشش کرتے ہیں ۔ کہ یہ مسائل حل نہ ہوں ۔ اور پھر اس ایوان میں تشریف لاکر جمہوریت کی سر بلندی کے نعرے لگاتے اور اساتذہ اور طلباء سے ہمدردی کے دعوے کرتے ہیں ۔ میں دعوے سے کہتا ہوں کہ ان کے یہ دعوے غلط ہیں ۔ اگر وہ اپنے گریبانوں میں منہ ڈال کر دیکھیں ۔ تو ....

Mr. Senior Deputy Speaker: Rai Sahib be relevant. You are not discussing Supplementary Budget.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ اساتذہ کے مطالبات بہت حد تک جائز ہیں ۔ اور ان جائز مطالبات کے بارے میں حکومت کا رویہ چاہے کچھ بھی ہو ۔ میں ان سے اپنی طرف سے بھی یہ درخواست کرونگا ۔ کہ ان کو تسلیم کرلے ۔ اور حکومت کا رویہ اس بات سے ظاہر ہے ۔ کہ آج ہی قائد ایوان نے اس ایوان میں یہ اعلان فرمایا ہے ۔ کہ اساتذہ کے بچوں کے لئے میٹرک تک مفت تعلیم کا انتظام کر دیا گیا ہے ۔ اس کے علاوہ جہاں تک **Provincialization of School** کا تعلق ہے ۔ حکومت نے یہ بھی اعلان کر دیا ہے ۔ کہ اس پروگرام کو سلسلہ وار ترتیب دے کر پہلے بلدیاتی اداروں کو اپنی تحویل میں لے لیا جائے گا ۔ حزب اختلاف اور دیگر معزز ممبران کا یہ اعتراض کہ ان تعلیمی مسائل کی طرف حکومت کوئی توجہ نہیں دے رہی ہے ۔ بالکل غلط ہے ۔ جہاں تک ان تمام سکولوں کو پوری طرح اپنی تحویل میں لینے کا تعلق ہے ۔ اس سلسلے میں یقیناً کئی ایک رکاوٹیں اور دقتیں ہیں ۔ جن کو رفع کرنے کے لئے وقت درکار ہوگا ۔ ہمیں چاہیے ۔ کہ اس مقصد کے حصول کے لئے حکومت کو وقت دیں ۔ تاکہ حکومت پوری توجہ کے ساتھ ان مسائل کو حل کرے ۔ کم از کم انہیں سوچنے کا موقع دینا چاہئے ۔ کیونکہ بلا سوچے سمجھے کسی نئے کام کو شروع کرنا بھی عقلمندی نہیں ہے ۔ صرف اعتراض برائے اعتراض کرکے محض حکومت کو بدنام نہیں کرنا چاہئے ۔ اور جہاں تک طلباء کے مسائل کا تعلق ہے ۔ میں پہلے عرض کر چکا ہوں ۔ کہ حکومت نے انہیں تعلیمی سہولتیں دینے کے لئے بہت سے ضروری اقدامات کئے ہیں ۔ جن سے حزب اختلاف کے حضرات بھی انکار نہیں کر سکتے ۔ اور ان ہڑتالوں کے سلسلے میں میری یہ گزارش ہے ۔ کہ اس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر ہی نہیں عائد کی جا سکتی ۔ اس کی کئی ایک اور بھی وجوہات ہیں ۔ جن کے بارے میں پہلے بھی اشارہ کر چکا ہوں ۔ جن کو دور کرنے کے لئے

حزب اختلاف کو خود ھی اپنا دست تعاون دراز کرنا چاھئے - اس کے ساتھ ھی میں آپ کی وساطت سے محترم وزیر تعلیم صاحب سے یہ ضروری گزارش کرونگا - کہ اساتذہ کے مطالبات پورا کرنے میں ان جذباتی باتوں اور ان جذباتی نعروں سے قطع نظر کرکے ان کی جانب اپنی پوری اور ھمدردانہ توجہ دینی چاھئے - اور ان کو جلد از جلد پورا کرنا چاھئے - اور چونکہ ان کے مطالبات جائز ھیں - اس لئے بھی ان کو تسلیم کرنے میں کسی قسم کی پس و پیش نہیں کرینگے -

Mr. Senior Deputy Speaker: I will now put the cut motion.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: No Sir, you promised to give me time.

Mr. Senior Deputy Speaker: You can speak later.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: No Sir, I want to speak on Education. Thi is very important.

Mr. Senior Deputy Speaker : I will give you five minutes.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: Ten minutes.

صرف سابقہ صوبہ پنجاب کے علاقے میں ہی نہیں ہیں۔ بلکہ بہاولپور اور سندھ کے علاقوں میں بھی ہیں۔ اگر اساتذہ کی طرف سے یہ مطالبہ سابق صوبہ پنجاب کے بارے میں ہی ہوتا رہا ہے۔ لیکن ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے۔ کہ ساری وحدت مغربی پاکستان میں ایک اصول پر فیصلہ کیا جائے۔ اور ہم نے فیصلہ کیا کہ ہم سارے مغربی پاکستان میں جہاں کہیں بھی مقامی طور پر بلدیاتی ادارے سکول چلا رہے ہیں۔ وہ سارے کے سارے حکومت کی تحویل میں لے لئے جائیں۔ چنانچہ اس سکیم پر بھی اب اسی سال عمل درآمد شروع کردیا جائیگا۔ کئی اطراف سے یہ تجویز آئی ہے۔ کہ اس کو فوری طور پر کیا جائے۔ ہم یہ کوشش کریں گے۔ اور جیسا کہ میں نے عرض بھی کیا ہے۔ کہ یہ کام جلد از جلد ہو جائے گا۔ اور تقریبا تین سکول حکومت اسی سال اپنی تحویل میں لے لیگی۔ اورباقی سکول اگلے سال۔ اور باقی تین اقساط جو ہیں جو ہونگی۔ وہ ٦٦—٦٧ء کے بجٹ میں لی جائینگی۔ اور کوشش یہ کی جائیگی کہ اس معاملے کو جو اہمیت حاصل ہے اس اہمیت کے مطابق اس سلسلے میں کارروائی کی جائے۔ پہلے پرائمری سکول پورے طور پر شاید سارے معاملے کو صحیح طور پر پلان کئے بغیر حکومت نے اپنی تحویل میں لے لئے تھے۔ اور جسکی وجہ سے بہت سی دقتیں پیش آئی تھیں۔ اور ان میں سے ایک دقت کو جسے ہم آرڈیننس کے ذریعے رفع کر رہے ہیں۔ وہ کچھ دنوں میں اس معزز ایوان کے سامنے پیش ہونے والا ہے۔ اور جس طرح میرے معزز دوستوں نے فرمایا ہے۔ کہ ہر کام کو plan کر کے باقاعدہ اسکے متعلق سارے معاملات مد نظر رکھنے چاہئیں۔ تو زیادہ مناسب یہی ہے کہ ان ساری چیزوں کو اس طریقے سے پلان کر کے منصوبہ بندی کر کے اور جو جو دقتیں ہمیں پیش آئیں۔ اسے رفع کریں۔ تاکہ اساتذہ کو کوئی تکلیف نہ پہنچے۔ اور کسی معاملے میں بھی ہمارے سامنے کوئی الجھن نہ آئے۔ اور ان سکولوں کو حکومت کی تحویل میں لینے کے بعد ان دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اور ہم یہ کوشش کریں گے۔ ضلع وار سکولوں کو حکومت کی تحویل میں لیتے رہیں۔ اور کسی صاحب نے یہ خدشہ بھی بیان فرمایا ہے۔ کہ ہم سکولوں کو تحویل میں لینے کا فیصلہ سیاسی اغراض کی بناء پر کریں گے۔ تو میں انکی اطلاع کے لئے انکی خدمت میں عرض کرونگا۔ کہ ہم صرف اس بات کو مد نظر رکھیں گے۔ کہ صحیح طور پر تعلیمی اداروں کا مفاد کس بات میں ہے۔ اور جہاں جہاں زیادہ دقتیں اور زیادہ

تکالیف ہیں اور جن بلد یاتی اداروں کی مالی پوزیشن زیادہ خراب ہوگی۔ ہم یہ کوشش کریں گے۔ کہ ہم ان اداروں کے سکولوں کو پہلے اپنی تحویل میں لیں۔ اور دوسرے سکولوں کو بتدریج لیتے جائیں۔ اور اس سلسلے میں صرف ایک ہی بات کو مد نظر رکھا جائیگا۔ اور وہ تعلیم کا مفاد ہوگا۔ کسی سیاسی وجوہ کے بناء پر یا کسی اور سیاسی بناء پر یہ فیصلہ نہیں کیا جائیگا۔ دوسری بات میں اساتذہ کے بارے میں یہ عرض کردوں۔ کہ جس وقت سکول حکومت کی تحویل میں لے لئے جائینگے۔ تو انکو یقینا وہی گریڈ ملیں گے۔ جو حکومت کے دوسرے اساتذہ کو ملتے ہیں۔ اور انکو بھی وہی مراعات حاصل ہونگی۔ جو حکومت کے دوسرے اساتذہ کو حاصل ہیں۔ اب صرف دو معاملات رہ جاتے ہیں۔ جو خدشات اساتذہ کی طرف سے ظاہر کئے گئے ہیں۔ وہ دوہیں پہلا خدشہ تو یہ ہے۔ کہ انہیں یکم دسمبر ۱۹۶۴ سے گریڈ دیا جائے۔ تو اس سلسلے میں یہ عرض کرونگا۔ کہ میں نے ایک کمیٹی کی تشکیل کی ہے۔ جس کے چیئرمین ایجوکیشن سیکرٹری ہونگے۔ اور فنانس سیکریٹری اور سیکرٹری B. D. اسکے ممبر ہوں گے۔ اسکے متعلق سارے اعداد و شمار ہم نے جمع کئے ہیں اور یہ سارے اعداد و شمار جمع کرنے کے بعد حکومت کی مالی پوزیشن کو مد نظر رکھ کر یہ چیز انکے حوالے کردی جائیگی۔ اور کوشش کی جائیگی۔ کہ اس معاملے کے فیصلے تک پہنچا جائے۔ میں آپکی وساطت سے اس معزز ایوان کی خدمت میں اور اساتذہ صاحبان کی خدمت میں بھی اطلاعان کرونگا۔ کہ ہم اساتذہ کے مقام کو بلند کرنا چاہتے ہیں۔ اگر ذرا حکومت کی گذشتہ پالیسی پر نظر کی جائے۔ تو یقیناً یہ بات ابھر کر سامنے آتی ہے۔ کہ ہم نے ہر معاملے میں اساتذہ کے مقام کو بلند کرنے کی کوشش کی ہے۔ یونیورسٹیوں میں کالجوں اور سکولوں میں ہر جگہ پر اس بات کا خیال رکھا گیا ہے۔ انکی تنخواہوں میں اضافے کئے گئے ہیں۔ اور انکے مقام اضافہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انکے وقار کو بلند کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن جو ضربات ایک عرصے سے پہنچتی آئی ہیں۔ اور ان میں شاید آج کے نقادوں کے کئی دوستوں کا بھی حصہ ہوگا۔ آخر وہ باتیں ایک ہی وقت میں ایک ہی لمحے میں تو حل نہیں ہو سکتیں۔

خواجہ محمد صفدر۔ کیا آپکے لئے چھ سال کافی نہیں ہیں۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا۔ ایک اور بات جسکے متعلق میرے فاضل دوست تنقید کرتے وقت کئی باتیں بھول جاتے ہیں ۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ ہم نے تو ایسا نظام تعلیم ورثے میں پایا تھا ۔ آزادی کے وقت جو کسی آزاد قوم کے شایان شان نہیں تھا ۔ اور کسی آزاد قوم کے قومی تقاضوں کو پورا نہیں کرتا تھا۔ اس لئے اس میں بتدریج انقلاب لانا ہے۔ اور ہر معاملے میں انقلاب لانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اور بہت سے معاملات میں انقلاب لایا جا چکا ہے۔

نوابزادہ افتخار احمد خان ۔ اور ٹیچروں پر لاٹھی چارج کر کے انقلاب لایا جا رہا ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا۔ در اصل بات یہ ہے۔ کہ اگر دن کو کوئی کہے ۔ کہ میں اندھا ہوں۔ تو اس کا کوئی کیا علاج کر سکتا ہے ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ جب کسی معاملے میں انقلابی اقدامات اٹھائے جاتے ہیں۔ اور کسی چیز میں تبدیلی لائی جاتی ہے۔ اور نظام تعلیم جو اتنا بڑا نظام ہوتا ہے۔ جسکے متعلق ایک ماہر تعلیم نے کہ جس نے انگریزوں کے زمانے میں ہندوستان میں نظام تعلیم بنایا تھا۔

اس نے لکھا تھا ۔ کہ " جو کچھ ہم آج کر رہے ہیں ۔ اس سے سو سال کے بعد استفادہ کریں گے " ۔

میر عبدالباقی بلوچ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ وزیر تعلیم صاحب ہر بات میں بار بار انقلاب لانے کو کہہ رہے ہیں ۔ یہ Treason ہے ۔ اس ایوان میں انقلاب کا نام لینا بھی Treason ہے ۔

Mr. Speaker: This is not a point of order.

وزیر تعلیم ۔ تو جناب والا ۔ میں اس ماہر تعلیم کا ذکر کر رہا تھا ۔ جس نے انگریزوں کے لئے ہندوستان میں نظام تعلیم رائج کیا تھا۔ تو اس شخص نے اپنی رپورٹ میں لکھا ہے۔ کہ یہ نظام تعلیم جو کہ وہ آج رائج کر رہا ہے ۔ سو سال بعد ثمر لائیگا ۔ نظام تعلیم ایسی چیز ہے ۔ کہ اس میں تبدیلی لانے میں وقت لگتا ہے ۔ اور اسکے اثرات دیکھنے میں بھی وقت لگتا ہے۔ انسان جو بھی کوئی کام کرتا ہے ۔ اس میں غلطی کا امکان ہوتا ہے۔ ہر چیز میں نیا

کام کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ہر چیز کو بلند کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ تو ضروری ہے۔ کہ اس میں غلطی کا امکان ہو۔ اور جب بھی انسان کوئی نیا کام کرتا ہے۔ اس میں غلطی ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ جہاں کہیں بھی ایسی غلطیاں ہمارے علم میں لائی جائینگی۔ اور جہاں انکے لئے ضروری ہوگا۔ تو ہم اس میں کسی وقت بھی اصلاح سے گریز نہیں کریں گے۔ بلکہ اس غلطی کی طرف اشارہ کرنے والے کے ہم مشکور ہوں گے۔ کیونکہ تو کیلئے ہماری بھی ذمہ‌داری ہے۔ اور اس طرف بیٹھنے والوں کی بھی ذمہ داری ہے۔ اس سلسلے میں ہر فرد بشر کی ذمہ داریاں ہیں۔ اور ہم نے ملکر اتحاد کے ساتھ اور مجموعی کوشش اور سوچ و فکر سے قوم کو استفادہ دینا ہے۔ جناب والا۔ اساتذہ کرام کا جو مطالبہ تھا۔ میں اس سلسلے میں عرض کر رہا تھا۔ ہم یقیناً انکے مقام کو بلند کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس چیز کا جواب صرف یہ نہیں ہے۔ کہ کھوکھلے نعروں سے ایک بات پر تنقید کی جائے۔ اور بس۔ اور ہم یہ سمجھ لیں۔ کہ ہم نے اپنا فرض ادا کر دیا ہے۔ فرض حقیقت میں کسی کام کی تکمیل سے ادا ہوتا ہے۔ اور اساتذہ کے مقام کو جتنا اس حکومت نے بلند کیا ہے۔ اس سے پہلے کی حکومت نے بھی نہیں کیا ہوگا۔ انکا یکم دسمبر سنہ ۱۹۶۲ء سے تنخواہ کا جو مطالبہ ہے۔ وہ اس کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ انکے دوسرے خدشات یہ تھے۔ کہ اس phase پروگرام میں سکولوں کو بتدریج حکومت کی تحویل میں لینے سے کچھ اساتذہ کی Seniority پر اور انکی دوسری شرائط ملازمت پر اس قسم کا اثر پڑیگا۔ جس سے کچھ حضرات کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔ چنانچہ اس سلسلے میں، میں نے اساتذہ کے وفد کو بھی بتا دیا ہے۔ اس سے پہلے بھی اس سلسلہ میں گفتگو ہوئی تھی۔ میں نے کہا تھا کہ وہ اپنے خدشات ہمیں بتادیں۔ ہم یقیناً ان خدشات کو مد نظر رکھ کر۔ ان کی تکالیف کو مد نظر رکھ کر Condition of Service جو اساتذہ کی ہونگی اور ان اساتذہ کی جو بلدیاتی اداروں میں کام کرتے ہیں ان ساری ان کی تجاویز کو مد نظر رکھ کر پھر اس بارے میں فیصلہ کریں گے۔ اور ہم کوشش کریں گے کہ کوئی ایسا فیصلہ نہ ہو جس سے اساتذہ کو کسی قسم کی تکلیف پہنچے۔

جناب والا۔ ایک چیز اس معزز ایوان کی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ اساتذہ کی سٹرائک کے بارے میں بھی ابھی کچھ کہا گیا اور جیسا کہ

خواجہ صفدر صاحب نے کل فرمایا کہ بلدیاتی اداروں اور ثانوی سکولوں کے پانچ ہزار اساتذہ ہڑتال کر رہے ہیں ۔ ان کے نمائندگان سے ہڑتال سے پہلے بھی اور ہڑتال کے بعد بھی میری گفتگو ہوتی رہی ہے ۔ آج رات بھی وہ کافی وقت تک میرے پاس رہے اور ان کے ساتھ تمام معاملات پر تفصیلی گفتگو ہوئی ہے ۔ اور کل شائد ان کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس ہو رہا ہے ۔ مجھے امید ہے کہ اساتذہ کرام اس ساری گفتگو کے نتیجہ میں وہ اپنی عظیم ذمہ داریوں کو مد نظر رکھتے ہوئے اور بچوں کی تعلیم کے مفاد کو مد نظر رکھتے ہوئے کل اپنے فیصلے پر نظر ثانی کریں گے اور اس بارے میں ضرور سوچیں گے ۔ اور میں اس معزز ایوان کی وساطت سے ان سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنی ہڑتال کو ختم کردیں ۔ حقیقت میں جن چیزوں کا مطالبہ کیا گیا ہے حکومت سنجیدگی سے اور پوری کوشش سے ان کو حل کرنے کی پہلے ہی پوری کوشش کر رہی ہے ۔

اب جناب والا ۔ ایک چیز جس کے بارے میں شیخ مسعود صادق صاحب قائد ایوان نے اس سے پیشتر اعلان کیا کہ اساتذہ کے بچوں کے لئے تعلیم جو ہے اس کے بارے میں حکومت نے فیصلہ کر لیا ہے ۔ ان کے ارشاد کے مطابق میٹرک تک مفت تعلیم دی جائے گی ۔ ایوان کے ریکارڈ پر یہ الفاظ موجود ہیں یہ رعایت اساتذہ کے بچوں کو دی جائے گی ۔ یہ بھی سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری اسی کوشش کی ایک کڑی ہے جو اساتذہ کو تمام آسائش پہنچانے کیلئے کی ہیں ۔ جناب والا ۔ ایک بات جس کا ذکر شاید اس ڈیمانڈ کے تحت نہیں آتا تھا مگر کچھ دوستوں نے طلبا کے مطالبات ۔ اور بہت سی باتیں زیر بحث لائیں ان کا جواب دوسری کسی ایڈجرنمنٹ موشن میں دینا چاہتا تھا لیکن چونکہ اب یہ بات آ گئی ہے اس لئے آپ کی اجازت سے میں ان باتوں کا جواب دینا چاہوں گا کیونکہ بہت باتیں آ گئیں ہیں ۔

(قطع کلامیاں)

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ وزیر صاحب ضرور irrelevant ہوں ۔

(قطع کلامیاں)

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ طلبا کے متعلق کچھ صاحبان نے ارشادات فرمائے تھے ۔ اس سلسلہ میں ، میں اپنی معروضات پیش کرنے سے پہلے ضرور عرض کروں گا کہ خواجہ صاحب نے استادوں کے مقام کے بارے میں ۔ تعلیم کے بارے میں ۔ اس قسم کے دوسرے اداروں کے بارے میں فرمایا ۔ میں یقیناً قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس جذبہ کے ساتھ سوچنا ہے ۔ استاد کو وہی مقام دینا ہے ۔ تعلیم کے بارے میں وہ رویہ اختیار کرنا ہے ۔ نوجوان طالب علموں کے بارے میں اچھا رویہ اختیار کرنا ہے تا کہ کل کو وہ لوگ بہتر شہری ثابت ہو سکیں ۔ اس سلسلہ میں ، میں عرض کروں گا کہ طلبا کے معاملے اور تعلیم کا معاملہ ایک ایسا ہی معاملہ ہے جس کے بارے میں ہمیں اب اقتدار یا اختلاف کی حیثیت سے نہیں سوچنا ہے بلکہ سب سے زیادہ عظیم مقصد مد نظر رکھ کر سوچنا ہے ۔ اور اگر آج کوئی شخص طلبا کے کسی معاملہ کو سیاسی طور پر استعمال کرے گا ۔ ان چیزوں سے حکومت کو بدنام کرنے کی کوشش کرے گا تو میں سمجھتا ہوں اس سے وہ کوئی قوم کی خدمت سر انجام نہیں دے رہا ہے ۔ طلبا کو قوم کیلئے ایک مقدس امانت سمجھنا چاہئے اور وہ مقدس امانت آپ کیلئے بھی ۔ حزب اختلاف کیلئے بھی ۔ ہر فرد بشر کیلئے بھی ۔ والدین کیلئے بھی ۔ اساتذہ کے لئے بھی اور ہر ایک سوسائٹی کے فرد کیلئے بھی طلبا کو مقدس امانت سمجھنا چاہئے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: Point of Order this is developing into a Convocational address.

Mr. Speaker: This is not a point of order. He is replying to the debate.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ یہ خوشی کی بات ہے کہ مجھے Convocational Address سے کوئی اتنی نفرت نہیں لیکن میرے خیال میں اتنا عرصہ لا° سے تعلق رکھنے کے شائد ان کو پتہ نہیں ہے کہ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔ ان کی طرف سے کوئی اور چیز بھی کہی جا سکتی ہے ۔ چاہے یہ Point of disorder تک فرما دیں ۔ مگر یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں تھا ۔

تو جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ طلبا کے بارے میں ہر شخص کی ذمہ داری کو دور نہیں رکھنا چاہئے ۔ اس میں حکومت کا بھی فائدہ ہے ۔ عوام کا بھی فائدہ ہے اور ان بچوں کا بھی فائدہ ہے جو کل اس ملک کے

شہری بننے والے ہیں۔ اگر ہم نے اس چیز سے کسی حیثیت سے کوئی کوتاہی برتی یہ کتنی بڑی ذمہ داری ہوگی۔ میں سمجھتا ہوں یہ قوم کے ساتھ زیادتی ہوگی جس کا شاید بہت لمبے عرصے تک ہمارے پاس کوئی جواب نہ ہوگا۔

جناب والا ۔ ایک چیز اور ہے کہ کراچی کے طلبا نے یکم دسمبر کو ہڑتال کی ۔ میں نے بہت سوچا ہے اور بہت سے لوگوں سے تبادلۂ خیال کیا ہے۔ طلبا سے بھی باتیں کی ہیں کہ آخر کون سی وجوہات تھیں جن وجوہات نے یکم دسمبر کا دن ہڑتال کیلئے منتخب کرنے پر آمادہ کیا تھا۔

جناب والا ۔ یونیورسٹی آرڈیننس تین سال سے پہلے بھی موجود تھا۔ ۱۹۶۲ سے یہ آرڈیننس تھا لیکن یکم دسمبر ۱۹۶۴ کا دن جبکہ ۲ جنوری ۱۹۶۵ کو صدارتی انتخابات ہونے والے تھے۔ طلبا کے امتحانات کے نہایت قیمتی دن تھے اس وقت کون سی بات تھی، وہ کون سے لوگ تھے جن لوگوں نے یہ مشورہ دیا کہ ۲ جنوری سے پہلے یکم دسمبر کو ہڑتال کی جائے ۔ جناب والا! جتنا سوچا گیا اس میں وجوہات کچھ اور نظر آئیں ہیں۔ میرے یہاں بیٹھے ہوئے دوستوں کو بھلی معلوم نہیں ہونگی ۔ اچھی نہیں لگیں گی ۔ اپنے دل کی بات کرنے کے لئے بلا وجہ اعتراض کرنے کیلئے پوائنٹ آف آرڈر کا بہانہ تلاش کیا گیا ہے۔ جناب والا۔ یکم دسمبر سے ہڑتال پر جانے کے بارے میں فیصلہ ہوں معلوم ہوتا ہے کہ اس کے پیچھے فیصلہ کرنے والے کوئی ایسے لوگ تھے جنہیں دو جنوری کے ساتھ خاص واسطہ تھا۔ تعلق تھا۔ پھر جناب والا۔ اسکے بعد کیا ہوا۔ طلبا کا وفد شیخ مسعود صادق صاحب سے ملا۔ میں بھی ان سے ملا ۔ ان سے وعدہ کیا کہ یونیورسٹی آرڈیننس کے بارے میں تین وزراء پر مشتمل جس کے صدر قائد ایوان جس میں جناب میمن صاحب دونوں شامل تھے کہ ۳۱ مارچ سے پہلے جو اعتراضات ہیں اس کی روشنی میں یونیورسٹی آرڈیننس میں ترمیم کر دیں گے۔ اگر پہلے ۶ سال گذر گئے ہیں وہاں ایک مہینہ یا تین مہینے اور بھی گذر سکتے ہیں ۔ یہی بات اگر ان کے کہنے کے مطابق کہ ۶ سال گزر گئے ہیں کیا اب دو مہینے نہیں گزارے جا سکتے تھے۔ یہ بات غمازی کرتی ہے کہ یہ بات ہمارے دوستوں کی اس سلسلہ میں درست نہیں تھی۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب یامین وٹو صاحب نے وزراء کا ذکر کیا ہے ۔ وزراء کے بارے میں عام مشہور ہے کہ وہ بے تدبیر ہیں ۔ بے اختیار وزراء ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میرے دوست کو ہمیشہ بے اختیاری کے بارے میں بہت دکھ رہتا ہے ۔ اگر ہم بے اختیار ہیں تو انہیں خوشی ہونی چاہئے کہ وہ ہم پر تنقید کرتے ہیں ۔ اگر ہم اختیار میں نہیں ہیں تو وہ ناراض کیوں ہوتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ طلبا کے دیگر مطالبات کے بارے میں بھی تفصیلی طور پر ان سے گفتگو ہوئی ۔ میں نے بار بار عرض کیا ۔ میں اسلامیہ کالج میں جہاں یہ واقعہ ہوا لاٹھی چارج وغیرہ کا وہاں بھی ان سے ملا ۔ وہاں پر ان کی باتیں سنی ۔ پھر خود ان کو اپنے پاس بھی مدعو کیا ۔ وہاں بھی تفصیل سے دو دو تین تین گھنٹے تک باتیں ہوتی رہیں ۔ لیکن وہ حضرات اس بات پر مصر تھے کہ چوبیس گھنٹے کے اندر ابھی ابھی یونیورسٹی آرڈیننس ریپیل کر دیا جائے ۔ جب ان سے کہا گیا کہ آپ تجاویز دیں ۔ اگر یونیورسٹی آرڈیننس فوراً ریپیل کر دیا جائے نہ یونیورسٹی کے ملازمین کو، نہ یونیورسٹی کے لیکچرار کو نہ خود انکو ہم ڈگریاں دے سکتے ہیں، نہ ڈپلومے دے سکتے ہیں، نہ اور کوئی چیز کر سکتے ہیں لیکن ان حضرات سے کہا کہ آپ تجاویز دیں اس بات پر ان اصحاب نے ناراضگی کا اظہار فرمایا اور کہا کہ چوبیس گھنٹے کے اندر اندر یہ کام ہونا چاہئے ۔

جناب والا ۔ میں یہ تفصیل سے عرض کردوں کہ میری ان سے ہر معاملے پر بڑی تفصیل سے باتیں ہوئیں ۔ میرے فاضل دوست باقی بلوچ صاحب نے کل بعض مطالبات پیش کئے تھے ۔ ان میں سے انہوں نے صرف چند مطالبات دوسری قسط میں رکھے تھے کہ یہ long term کے مطالبات ہیں ۔ یہ بھی ان میں شامل کردئیے جائیں ۔

میں جناب والا۔ آپ کی اجازت سے یہ بھی عرض کردوں کہ میں ۸ دسمبر کا پورا ہفتہ وہاں تھا ۔ ایک دوست نے فرمایا تھا کہ وزیر تعلیم وہاں گیا اور پھر فوراً ہی واپس بھاگ آیا ۔ میں ان کی اطلاع کیلئے عرض کردوں کہ میں پورا ایک ہفتہ وہاں رہا ۔ اور محض اس غرض سے وہاں رہا کہ اس مسئلے کو سلجھا سکوں ۔ چنانچہ میں نے اس سلسلے میں اپنی ہر ممکن کوشش کی۔ جب طلبا کا وہ وفد جو مجھے ملتا رہتا تھا ، کسی بات پر نہ آیا ۔ اور انہوں نے اعلان کردیا کہ اب ہم گفتگو نہیں کرتے ہیں ۔ تو پھر بھی میں نے ان سے یہی عرض کیا کہ ہم گفتگو اور Negotiations کے دروازے ہمیشہ کھلے رکھیں گے۔ اس سلسلے میں میں مزید کچھ نہیں کہوں گا ۔ کیونکہ میں خودستائی کا قائل نہیں ۔ بس صرف ایک بات ہی عرض کرونگا ۔

جناب والا ۔ نوائے وقت اخبار نے دو Editorials لکھے تھے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ وہ کسی حیثیت سے بھی ہماری کسی کوتاہی کو کبھی نظرانداز نہیں کیا کرتا۔ اس نے بھی لکھا ہے کہ وزیر تعلیم نے صحیح طور پر کوشش کی ۔ (مداخلتیں اور شور) میں سمجھتا ہوں کہ کم از کم جہانتک میری کوششوں کا تعلق تھا ۔ نوائے وقت کی اتنی سی بات بھی کافی ثبوت ہے کہ میں نے انتہائی کوشش کی ۔ اور میں جناب کی اطلاع کیلئے یہ بھی عرض کردوں کہ ۸ تاریخ کو جب میں وہاں سے آیا ہوں تو میں نے ہر مطالبے کے بارے میں بڑی تفصیل سے ایک بیان جاری کیا تھا ۔ جس کے بارے میں میں جناب کی اجازت سے صرف چند چیزیں آپکے سامنے پیش کرونگا۔ تاکہ ایوان کا زیادہ وقت صرف نہ ہو۔

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, the Minister is highly irrelevant. I will again bring it to your notice that he is absolutely irrelevant.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ یہ تو بڑے دکھ کی بات ہے۔ لیکن یہ مسئلہ تو انہوں نے خود ہی چھیڑا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ یہ عجیب بات ہے۔ معاملہ کچھ ہے۔ اور تقریر کچھ ہو رہی ہے ۔ یہ اس لئے کہ وہ وزیر ہیں ۔ اس لئے ہمیں ان کی تقریر سننے پر مجبور کیا جائے ۔ (قہقہہ)

سردار عنایت الرحمن خان عباسی ۔ On a Point of Order Sir.

جناب صدر ۔ اگر ہم مطالبات زر کی عام بحث کے دوران پریذیڈنٹ کے الیکشن پر بحث کرسکتے ہیں ۔ تو پھر کیا وجہ ہے کہ وزیر تعلیم صاحب حزب اختلاف کے جواب میں اپنے دلائل پیش نہیں کر سکتے؟

Mr. Speaker: Yes please.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں تو ان کی باتوں کا جواب دے رہا ہوں۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب ! ابھی بہت سی Demands اور بھی ہیں، اس لئے آپ جلدی ختم کریں ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ چونکہ یہ مسئلہ ہی ایسا ہے ۔ اس لئے میں آپکی اجازت سے یہ عرض کرونگا کہ میں نے Repeal of Ordinance کے بارے میں یہ عرض کیا کہ اب تین وزراء پر مشتمل ایک کمیٹی بنادی گئی ہے ۔ جس نے اس امر کا Positive طور پر وعدہ کیا ہے ۔ وہ مکمل طور پر ۳۱ مارچ سے پہلے فیصلہ کردینگے ۔

دوسرا مطالبہ جناب طلبا کے مقدمات واپس لینے کا تھا ۔ تو اس سلسلے میں جو کچھ کیا گیا ۔ وہ یہ ہے ۔

> "While it is possible to release the students detained for the violation of Section 144 Cr. PC after they call off their strike and restore academic atomosphere in educational institutions, the judicial cases involving criminal substantive offences are still under investigation and nothing can be said at this stage. As regards the detention of Mr. Ali Mukhtar Rizvi, I have given assurance that his period of detention will not be extended if normal conditions prevail."

لیکن اب جیسا کہ آپکے علم میں ہے ۔ علی مختار رضوی کو بھی رہا کردیا گیا ہے ۔

Fee, cinema and bus concession: پھر جناب

At it I had said:—

"The question of reduction of fee by 50 per cent in private educational institutions will be taken up by the Educational authorities with the managements concerned. All cinemas and buses are privately owned in Karachi. The Administration will recommend to them to grant 50 per cent concession to *bona fide* students and exert its influence to ensure acceptance of students demand in this behalf."

Three-Year Law Course. بارے جناب تھا

"The period of Law Course has been increased from two to three years on the recommendations of the high Court of West Pakistan. If the High Court has no objection, Government will recommend to the Inter-University Board to examine this demand sympathetically."

بارے جناب ایک اور Demand تھی کہ ۵۰ فیصدی کی بجائے ۴۵ فیصد نمبروں پر 2nd Division کردی جائے۔

"As in all universities in West Pakistan Division starts from 50 per cent marks, same is the case in Karachi. If we reduce the percentage from 50 per cent to 45 per cent in Karachi, it would not be in the best interest of the students of Karachi themselves."

Post-Graduate Classes ۔ بارے جناب تھا

"The possibility of introducing Post-Graduate classes in the colleges will be referred to the University for examination."

Police entry in educational institutions بارے تھا جناب

"Police has been advised not to enter the educational institutions without the permission of the head of the institution. Respectful behaviour towards teachers will also be ensured. It is, however, hoped that the students will also respect the sanctity of educational institutions and not make them the venue for their persistent agitation and violation of law and order."

Admission کے بارے میں جناب یہ تھا ۔ Admission

"It is Government's endeavour to ensure admission for as many students as possible subject, however, to the unavoidable limitation of availability of seats in schools and colleges. A large proportion of the budget is allotted to the Education Department and numerous schools and colleges are opened every year.

During the next academic session, two colleges including one for girls will be opened in Karachi. The position about the withdrawal of rustication of Mr. Husain Naqvi and the admission of Mr. Mairaj Mohammad Khan and Mr. Amir Hyder Kazmi, is that Mr. Kazmi did not qualify for admission on merit, while the other two cases are within the exclusive discretion of the University authorities".

جناب والا ۔ ایک Demand کے بارے میں تھوڑی سی غلط فہمی رہ گئی ہے۔ جس کے متعلق بعض حضرات نے اظہار خیال فرمایا ہے ۔ میں اس کی وضاحت کردیتا ہوں ۔

ایک Demand میں دو تین چیزیں mention کی گئی تھیں۔ جن میں سے ایک بات کو میں نے تسلیم کیا تھا۔ اور اس پر ہم عمل کر رہے ہیں ۔ وہ تھی جناب ۔

"The demand for the grant of Diploma of Associate Engineering to graduates of Polytechnic Institute shall be sympathetically considered."

اس کے بارے میں میں نے کہہ دیا کہ ہم کردینگے۔ لیکن در اصل اس کے ساتھ تین چار اور Demands تھیں۔ جن کے متعلق میں نے کہا تھا کہ ہم انہیں Sympathetically consider. کرینگے۔ چنانچہ اس کے بارے میں یہ کیا گیا۔ وہ جو تھی۔ The demand mentioned وہ جو تھی اسکو گورنمنٹ under this head sympathetically consider کریگی۔

یہ تھی جناب جس کے متعلق میرے دوست نے فرمایا کہ میں نے ان کی کسی بات کو ماننے سے انکار کیا۔ یا طلبا کی کسی بات کو سننے سے انکار کیا۔ میں یقین سے کہتا ہوں کہ ہم نے ہر ممکن کوشش کی کہ طلبا کیلئے کوئی ایسی وجہ جواز نہ ہو جس کی بنا پر صحیح یا غلط طور پر ان کے ذہنوں میں کوئی ایسی چیز پیدا ہو جس سے وہ اپنے تعلیم کے ماحول کو چھوڑ کر کسی اور چیز کی طرف چلے جائیں۔ چنانچہ جب وہ اس بات پر بھی مطمئن نہ ہوئے تو جناب کو بھی علم ہے کہ محترم صدر مملکت نے ایک ایسا High Powered کمیشن بنادیا ہے جس کے صدر سپریم کورٹ کے ایک جج ہیں۔ جس کے ایک ممبر ہائی کورٹ کے ایک جج ہیں۔ اور جس کے باقی دو ممبروں میں سے ایک

سنٹرل پبلک سروس کمشن کے چیرمین اور دوسرے مغربی پاکستان پبلک سروس کمیشن کے چیرمین ھیں ۔ اس کو Reference یہ دیا گیا ھے کہ University Ordinance میں کن تبدیلیوں کی ضرورت ھے۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ On a point of information Sir

جناب میں عرض کرنا چاھتا ھوں کہ اس قسم کا ایک High Powered Constitution Commission بھی بنا تھا ۔ جو سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کی سرکردگی میں تھا ۔ اس کی سفارشات پر جہانتک عمل ھوا ھے ۔ اس کمیشن سے بھی اس سے کوئی زیادہ بہتر توقعات نہیں ھیں ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رھا تھا کہ دوسری چیز دیکھنے والی یہ ھے کہ اس کمیشن کے پاس کیا کیا References ھیں ۔ چنانچہ ان میں سے پہلا یہ ھے کہ یونیورسٹی آرڈیننس میں کن کن تبدیلیوں کی ضرورت ھے ۔

پھر حکومت کے دئے گئے وسائل سے طلبا کی Physical facilities کیلئے کیا کچھ کرنا چاھئے ۔

تیسرا یہ ھے کہ ان کی تعلیمی سہولتوں اور مراعات کیلئے حکومت کے وسائل کے مطابق کیا کیا اقدامات کئے جانے چاھئیں ۔ اور

چوتھا اتنا بڑا معاملہ ھے یعنی یہ کہ اس کمیشن کے سامنے طلبا کا کوئی مسئلہ پیش کیا جا سکتا ھے۔

Mr. Speaker: Please wind up the debate.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ یہ مسئلہ ان حضرات نے اٹھایا ھے ۔

میر عبدالباقی بلوچ ۔ On a point of order Sir جناب کیا یہ کمیشن ان کی نااھلی کے جواب میں نہیں بنایا گیا ۔ کیونکہ یہ اس مسئلے کو حل کرنے میں ناکام رھے ھیں ۔

Mr. Speaker: This is no point of order.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ یہ بالکل غلط بیانی فرما رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب ۔ کیا یہ بالکل غیر متعلقہ باتیں نہیں کر رہے ہیں ؟

چلو بھئی باہر چلیں ۔

(اس مرحلے پر حزب مخالف کے ممبران ایوان سے باہر چلے گئے)۔

وزیر تعلیم ۔ چنانچہ جناب اس کمیشن کے قائم ہو جانے کے بعد علی مختار رضوی کو رہا کردیا گیا ہے ۔ اب دیگر چیزوں کے متعلق جو کچھ میں نے عرض کیا ہے ۔ ان کے پیش نظر کیا مزید کوئی وجہ جواز رہ جاتی ہے کہ اس بات کو محض ضد کی بناء پر جاری رکھا جائے ۔ چنانچہ میں آپکی اور اس معزز ایوان کی وساطت سے کراچی کے طلبا سے اپیل کرونگا کہ وہ اپنے عام مفاد اور آئندہ عملی زندگی کے مفاد کے پیش نظر اس ہڑتال کو ختم کردیں ۔ اپنی کلاسوں میں جائیں اور پڑھنے لکھنے کی طرف پوری توجہ دیں ۔ اسی موقع پر میں سارے صوبے کے طلبا سے بالعموم یہ اپیل کرونگا کہ وہ اپنے تعلیمی ماحول کو خراب نہ ہونے دیں ۔ کیونکہ ہم ان کے حالات کے متعلق پوری ہمدردی سے غور و خوض کرینگے ۔ ہمیں کمیشن کی سفارشات کا انتظار ہے ۔ وہ جو سفارشات کریگا ۔ ہم یہ کوشش کرینگے کہ طلبا کے مفاد کو پورے طور پر مدنظر رکھکر اس کے مطابق فیصلے کئے جائیں ۔

لیکن یہ ذمہ داری سیاسی جماعتوں کی ہے ۔ طلبا کے والدین کی ہے ۔ اخبارات کی بھی ہے ۔ اور خود طلبا کی بھی ہے کہ وہ تعلیمی ماحول کو خراب نہ ہونے دیں ۔ اور زندگی کے قیمتی دن ضائع نہ ہونے دیں ۔ ان کے لئے قومی خزانہ سے کروڑوں روپیہ خرچ ہو رہا ہے ۔ اس سے استفادہ کریں اور آئندہ اپنی زندگی کو صحیح طور پر چلانے کی کوشش کریں ۔

ان معروضات کے ساتھ میں یہ عرض کروں گا کہ اس تخفیف زر کی تحریک کو رد کر دیں اور مطالبہ زر کو منظور کیا جائے ۔

Mr. Speaker: I will now put the cut motion to the House.

The question is:—

That the item of Rs. 30,000,00 on account of 37-Education—Total Item (2)-B (h) Grant to Local Body for Secondary Education be reduced by Rs. 1.

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker: I will put the Demand now.

The question is:—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 43,00,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Education.

(*The motion was carried*)

(DEMAND No. 7)

Minister of Health: I beg to move:—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 4,87,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Public Health.

Mr. Speaker: The motion moved is:—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 4,87,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Public Health.

There are two cut motions and the first one is by Allama Rehmatullah Arshad.

Allama Rehmatullah Arshad: I am not moving it.

Mr. Speaker: The cut motion is not moved. Mr. Abdul Baqi Baluch to move his cut motion.

Mir Abdul Baqi Baluch: I beg to move:—

That the total of Rs. 4,87,000 on account of 39-Public Health—Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,86,999.

Mr. Speaker: The motion moved is:—

That the total of Rs. 4,87,000 on account of 39-Public Health—Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,86,999.

میر عبدالباقی بلوچ ۔ جناب سپیکر ۔ Public Health Engineering Department کے لئے وزیر صاحب نے یہ رقم مانگی ہے اور جو وضاحت کی ہے اس میں یہ بتایا گیا ہے ۔

Creation of one Circle, four Divisions and fourteen Sub-Divisions in the Public Health Engineering Department.

The Public Health Engineering Department came into being on 1st August 1961, with 3 Circles, 9 Divisions and 32 Sub-Divisions. Due to increase in the work load additional charges were sanctioned during 1962-63 and 1963-64 making in all 6 Circles, 19 Divisions and 62 Sub-Divisions.

The activities of the Public Health Engineering Department are increasing day by day. A work load of Rs. 625.75 lakh has been admitted during the year 1964-65. Taking into the prescribed financial yardstick for determining field charges for construction and maintenance works 1 Circle, 4 Divisions and 14-Sub-Divisions have been sanctioned for the present.

جناب سپیکر ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ ۱۹۶۲ میں جب پہلی بار ہم اس اسمبلی میں آئے تو ایک تحریک التوا پیش ہوئی تھی جو مکران میں گوادر کے پانی کے متعلق تھی ۔ وہاں پر اس وقت پینے کا پانی دو روپیہ کے چار گیلن کے حساب سے بکتا تھا ۔ اس تحریک التوا پر حکومت نے فوراً اپنے چیف انجنیئر پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ ڈیپارٹمنٹ کو بذریعہ ہوائی جہاز گوادر بھیجا تاکہ وہ بتائیں کہ وہاں پانی کا سلسلہ کس طرح حل کیا جائے ۔ اور یہ تاثر دیا کہ گورنمنٹ سات دن کے اندر بڑا پہاڑ گرانے والی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ وہ اسمبلی کا پہلا اجلاس تھا اور یہ اسمبلی کا آخری اجلاس ہوگا لیکن اس دوران میں کیا ہوا ۔ وہاں پانی کی دقت اسی طرح ہے ۔ اور اسی طرح پانی کی قلت ہے ۔ مگر اب یہ تاثر دیا جارہا ہے کہ چونکہ تم لوگوں کا نمائندہ حزب اختلاف میں بیٹھتا ہے اس وجہ سے تمہیں کوئی چیز نہیں دی جائے گی ۔ اگر آپ کی یہ ذہنیت ہے تو پھر یہ درست نہیں کہ ایک حلقۂ انتخاب کو پیاسا مارا جائے اور وہاں کربلا بنا دی جائے جب اس کا نمائندہ حزب اختلاف میں بیٹھے ۔ میں حیران ہوں کہ آئندہ ہم لوگ اس اسمبلی میں آکر کیا لینگے ۔ ذاتی طور پر جو کچھ میرے ساتھ کرنا تھا وہ کر چکے ہیں اور اب بھی وہ جو کچھ میری ذات کے ساتھ کرنا چاہیں ۔ بسم اللہ ۔

ان ہی کے کام الٰہی مرا لہو آئے
رنگیں جو ہاتھ لہو میں حنا کی ہو آئے

جناب سپیکر۔ ۱۹۶۲ میں جب چیف انجنیئر صاحب گوادر گئے اور واپس آئے تو اپنے ساتھ دو سکیمیں لے آئے۔ ایک سکیم تو یہ تھی کہ گوادر میں ۴۰ میل دور دریا سے پائپ لائن کے ذریعہ پانی لایا جائے۔ دوسری سکیم یہ تھی کہ امریکہ سے ایک مشین یا پلانٹ منگایا جائے جس کے ذریعہ سمندر کے پانی کو تبدیل کرکے اسے پینے کے قابل بنایا جائے۔

ہیلتھ انجنیئر صاحب نے پہلی سکیم تو نامنظور کرادی۔ وہ اس لئے کہ اس میں زرمبادلہ زیادہ خرچ نہیں ہوتا تھا اور اس لئے کہ اس میں اخراجات زیادہ تر ملکی ہوتے تھے۔ مثلاً بند باندھنا۔ پائپ لائن لگانا اور اس میں زرمبادلہ نہیں لگتا تھا۔ چنانچہ انہوں نے کیا کیا کہ نہایت ہی ماڈرن اور نئی مشین منگانے کی تجویز پیش کی۔ جو حال ہی میں کیلیفورنیا میں دریافت ہوئی ہے۔ بغیر اس بات کے اندازہ کئے کہ وہ کامیاب بھی ہو سکتے ہے یا نہیں۔ چونکہ یہ مشین کیلیفورنیا میں بنی ہے اور ابھی تک دو تین مقامات پر یہ مشین لگی ہے ہیلتھ انجنیئر صاحب کی نگاہ کرم اس پر پڑی ہے۔ امریکہ کی اس بنی ہوئی مشین کے لئے ۸۰ لاکھ روپیہ کی سکیم بنائی گئی۔ اس میں ۷۰ لاکھ روپیہ کی فارن کرنسی ہے۔ یہ سکیم پاس کرکے سنٹرل ورکنگ کمیٹی کے پاس بھیج دی گئی۔ اسے بھیجے ہوئے کافی عرصہ ہوگیا اور یہ معلوم نہ ہو سکا کہ ان کے ارادوں کی تکمیل ہوئی ہے یا نہیں۔ اور گوادر کے عوام کے لئے پانی کا مسئلہ حل ہوگیا ہے یا نہیں۔ بالآخر مجبور ہوکر ۱۹۶۳ میں ایک سال بعد میں نے سوال بھیج کر دریافت کیا کہ گوادر کے لئے آپ نے کیا کیا ہے یا آپ کیا کر رہے ہیں۔ جواب دیا گیا کہ ۸۰ لاکھ روپیہ کی جو سکیم بنی تھی چونکہ اس میں ۷۰ لاکھ کی فارن کرنسی لگتی تھی اس لئے سنٹرل ورکنگ کمیٹی نے نامنظور کردی ہے۔ اس وقت سے ابتک وہ صم ''بکم' عمی' فہم لایرجعون کی سی کیفیت بن کر بیٹھے رہے۔ گوادر گویا اس ملک کا حصہ ہی نہیں۔ اس ملک میں ہی نہیں۔

جناب سپیکر۔ حکومت مکران کے ساحل کی مچھلی اور جھینگا سے سالانہ اڑھائی کروڑ کا زرمبادلہ کماتی ہے۔ چونکہ گوادر میں پانی اچھا نہیں ملتا اس لئے وہاں جس قدر مچھلی اور جھینگے ہوتے ہیں ان کو پیک (PACK) کرنے کے کارخانے کراچی میں بنائے جا رہے ہیں۔ اس لئے کہ وہاں ان کارخانوں کیلئے صاف اور میٹھے پانی کی ضرورت ہے۔ اسکے نہ ہونے

کی وجہ سے مکران coast کی تمام مچھلیاں اور جھینگے lots کے ذریعے کراچی لائے جاتے ہیں وہاں انہیں pack کیا جاتا ہے اور پھر کہیں اور بھیجا جاتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر پبلک ہیلتھ انجنیرنگ ڈپارٹمنٹ ہر وقت اس مسئلہ کو طے کردے تو نہ صرف یہ کہ گوادر کے عوام کو پینے کا پانی مل جائے بلکہ گوادر کا انڈسٹریل ڈیلوپمینٹ بھی کچھ ہو جائے۔ اس قسم کے کارخانے جو کراچی یا دوسری جگہوں میں بن رہے ہیں انکے لئے سہولتیں مہیا کی جا رہی ہیں۔ اگر اس قسم کے کارخانے گوادر میں بنائے جائیں تو وہاں کے عوام اور وہاں کے لوگوں کو کاروبار مل جائے اور اس طرح آپ زر مبادلہ کمائیں اور قوم، ملک اور غریبوں کو زیادہ فائدہ ہو جائے۔ لیکن انکی بے رخی یہ ہے کہ اولاً وہاں ڈیلولپمنٹ نہیں ہوتا۔ ثانیاً لوگوں کو پینے کا پانی نہیں ملتا۔ فی الحال وہاں یہ عالم ہے کہ اکثر بارشوں کے پانی پر لوگوں کا انحصار ہے۔ گوادر coast کا جو پہاڑ ہے اس پہاڑ پر بارشوں کے زمانے میں پانی جمع ہو جاتا ہے اور لوگ بڑی مشکلوں سے تین چار میل دور سے اس پہاڑ سے پانی بھر کر لاتے ہیں لیکن جب بارشیں نہ ہوں تو وہاں پانی ختم ہو جاتا ہے اور پھر لوگوں کو کھارا پانی پینا پڑتا ہے، جس کی وجہ سے انکی صحت برقرار نہیں رہ سکتی اور نہ انکے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ گوادر ۱۹۵۸ء میں پاکستان میں شامل کیا گیا تھا۔ پاکستان میں شمولیت سے قبل گوادر مسقط کے زیر اثر تھا اور اس وقت گوادر کا فری پورٹ تھا اور گوادر کے عوام کو بڑی سہولتیں میسر تھیں تمام چیزیں انکو سستی ملتی تھیں۔ صرف پانی اور گندم کی انکو دقت ہوا کرتی تھی۔ انہوں نے ان تمام سہولتوں کو چھوڑ کر پاکستان کے حق میں نعرہ لگایا اور پاکستان میں شامل ہوگئے لیکن انکی بد بختی کہ پاکستان میں شمولیت کے بعد مارشل لاء لگ گیا اور وہ مارشل لاء انکے پانی کا مسئلہ آج تک حل کر رہا ہے۔ وہ مارشل لاء جس نے انکی خوراک کا مسئلہ کٹھن کر دیا ہے۔ آج یہ عالم ہے کہ لوگ پینے کے پانی کو ترستے ہیں۔ ۱۹۵۸ء سے قبل یہ عالم تھا کہ انکو ہر چیز میسر تھی۔ فری پورٹ تھا۔ اب بتائیے کہ ان حالات میں انکی قربانیوں کے پیش نظر کہ وہ اس ملک میں شامل ہوئے اور آپ ۸۰ لاکھ یا ۷۰ لاکھ انکے لئے مخصوص نہیں کرتے اور وہ محض اس لئے کہ انکا نمائندہ حزب اختلاف میں بیٹھا ہے۔ میں استدعا کرتا ہوں کہ اس پر ٹھنڈے دل سے آپ غور کریں اور جس قدر جلد ممکن ہو سکے تو انکے مسائل حل کئے جائیں۔ آپ اپنے چیف انجنیر پبلک ہیلتھ ڈپارٹمنٹ

کو فوراً بھیجئے۔ وہ وہاں صرف ۴ میل دور سے پانی کا انتظام کر سکتے ہیں اور یہ انتظام دائمی ہو جائیگا۔

سر خاجی محمد بخش تالپور (تھرپارکر۔ ۴): جناب والا۔ میں اس محکمہ کے متعلق کچھ عرض کروں گا اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ محکمہ اپنے فرائض میں بری طرح بے پروا اور بے توجہ ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ یہ محکمہ پہلے بہت تھوڑے سٹاف سے start ہوا تھا جو جو اسکو رقمیں ملتی گئیں اس میں سٹاف بڑھتا رہا لیکن سٹاف بڑھنے کے ساتھ اسکی کارکردگی اور جو عمل ہے وہ اتنا نہیں بڑھا۔

جناب والا۔ اس پبلک انجنئیرنگ کا کام تو یہ ہونا چاہئے کہ یہ ان علاقوں میں سرگرمیاں تیز کرے جو بارانی علاقے ہیں اور جہاں پانی میسر نہیں ہے اور بہت گہرے کنویں ہیں اور پانی ملتا ہے تو کڑوا ملتا ہے۔ اسکے علاوہ میں انکی کارکردگی کی ایک دوسری مثال دیتا ہوں۔ تھرپارکر کے علاقے کیلئے ۱۹۶۱—۱۹۶۲ء سے سکیمیں چلائی جا رہی ہیں اور ہر سال بجٹ میں اسکے پیسے منظور ہوتے ہیں لیکن ایک پیسے کا بھی کام اس سر زمین پر نہیں ہوا اور نہ کوئی انڈسٹری کی گئی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ محکمہ کیا کر رہا ہے اور اسکے کرنے کی کیا نیت ہے۔ اس کے بعد میں میرپورخاص شہر کے متعلق بھی کچھ عرض کروں گا۔ یہاں کے لئے ڈرینج سکیم اور واٹر سپلائی کیلئے نوٹس ہوتے رہتے ہیں لیکن کام کچھ نہیں ہوتا۔ اس شہر میں انڈر گراؤنڈ واٹر ۳۵ فٹ پر ملتا تھا اور اب ۹ فٹ اوپر آگیا ہے۔ دو چار برس میں سارا شہر برباد ہو جائیگا اور صرف اس محکمہ کیوجہ سے برباد ہو جائیگا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ منسٹر صاحبہ کا فرض ہے کہ یہ سالہا سال سے جو رقم منظور ہوتی ہے وہ خرچ بھی ہو۔ یہاں دکھایا تو یہ جاتا ہے کہ فلاں ڈویژن کو اتنا روپیہ دیا ہے اور وہاں کیلئے اتنی سکیمیں ہیں لیکن وہاں خرچ نہیں ہوتا۔ وہاں کیوں خرچ نہیں ہوتا اس کے لئے جو عملہ جواب دہ ہو اس سے باز پرس کیجائے اگر یہ محکمہ بیکار ہے اور کام نہیں کر سکتا تو اس کو توڑ کر کسی اور محکمہ میں ملا دیا جائے۔

Haji Gul Hassan Mangi (Sukkur-I) : Mr. Speaker, Sir, the duty of this Department is to keep the health of the public good. But on the contrary they are not doing so. Before this some medicines were being provided through the Medical Department or the Health Department.

Minister of Health: We are discussing Public Health.

Haji Gul Hassan Mangi: I am coming to that. Now after the Public Health Department, no proper attention is being given to Mofassal areas so far as Sind is concerned, specially the Khairpur Division. It is a malarial tract and there is a scheme for purification of water. For instance, about rupees three lakhs were sanctioned in 1963-64. Now this Department has failed so far to put this scheme in progress. The reason is that there is no piece of land and the Barrage Department and the Irrigation Department have refused and are fighting as to who should give this land where this scheme is put in force. I think this will not come during our times and this grant is being lapsed and renewed again and again by year to year. There is one water-supply scheme in Pannu Aqal. Tenders have been invited for this scheme for 3 years and the work is not being given to anybody.

(At this stage Mr. Senior Deputy Speaker left the chair and it was occupied by Mr. S. M. Sohail)

The reason, as they say, is that they have not been able to find a proper contractor for this work. I had discussed this matter with the Commissioner of Khairpur and Mr. Junejo who was then the Health Minister, but up to this time nothing has been done.

There is another scheme for supply of water in Rohri taluka. Though the work has been started but it is very slow and I think, instead of three years it will take ten years to complete the work. There the drinking water is full of dust and is not fit for human beings and they are losing health day by day.

Now the other thing that I want to say is that *rain* water from the Rohri Station is collecting on the national highway, and there is every possibility of some disease spreading in that area. Neither the Railway Department nor the B & R Department have taken any action to remove this water from there. If immediate action is not taken this will become the centre of disease.

Sir, it is said that the Health Department is doing something for the public. May I know what they are doing for the malarial tracts. The Assistant Health Officers there are not visiting the area. They have opened health centres but they are useless and I feel that the Government is spending money unnecessarily. These Health Officers never give medicines to anybody free of charge. If any patient goes to them he is charged visiting fee, injection fees, etc. What is the need of having these centres there?

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خان): پوائنٹ آف آرڈر معاملہ زیر بحث پبلک ہیلتھ کا ہے اور محترم ممبر اس وقت ہیلتھ ڈپارٹمنٹ discuss کر رہے ہیں۔

Haji Gul Hassan Mangi: I am speaking of the Health Department.

Mr. Chairman: Public Health Department.

Haji Gul Hassan Mangi: Sir, I may say that the Public Health Department is making unnecessary delay in implementing schemes. They have sanctioned a scheme for water supply in Jacobabad district but it is only on paper. Unfortunately, they are not implementing those schemes.

The other thing I want to say is regarding medicines and doctors. These things are part and parcel of the Health Department and unless and until you provide these things the health of the people cannot be assured. And this cannot be done unless you open a Medical College at Sukkur instead of Bahawalpur. There is already one Medical College at Multan which is at a distance of sixteen miles from Bahawalpur.

ایک ممبر۔ جناب یہ relevant نہیں ہے۔

حاجی گل حسن منگھی۔ ابھی آتا ہوں relevant پر

This College should be at Sukkur instead of Bahawalpur.

علامہ رحمت اللہ ارشد۔ کیوں جناب بہاول پور میں کیوں نہیں اور سکھر میں ہو؟ کیا سکھر میں خو بصورت لوگ رہتے ہیں۔ بہاولپور میں کیوں نہ ہو۔ بہاولپور میں میڈیکل سکول بند ہوا ہے۔ ہمیں میڈیکل کالج دو۔ ہمارا مطالبہ بڑا جائز ہے۔

Mr. Chairman: Allama Sahib, no cross talk. Mr. Abbasi.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی (ہزارہ ۱) ۔ صدر گرامی ۔ مجھے اس امر سے تو انکار نہیں ہے کہ مغربی پاکستان کے اندر ہمارا پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ جو ہے یہ کافی اچھا کام کر رہا ہے ۔ مجھے اس امر سے بھی اتفاق ہے کہ صوبہ مغربی پاکستان کے دیہاتی علاقوں میں بھی اس نے کافی کام کیا ہے، لیکن میں آپکی وساطت سے اپنی واجب الاحترام محترمہ ہیلتھ منسٹر صاحبہ کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ بقول شخصے 'چراغ تلے اندھیرا' والی بات ہے۔ ہزارہ کے دیہاتی علاقوں کیطرف اگر یہ محکمہ اپنی توجہ مبذول کرے اور وہاں دیکھے تو میں آپکے نوٹس میں ایسے مقامات لاسکتا ہوں جہاں کہ انسان اور حیوان ایک جگہ پانی پیتے ہیں اور یہ بات محض کہنے سے تعلق نہیں رکھتی بلکہ یہ اثر واقعہ ہے کہ ایک گاؤں ڈگران جس کا نام ہے وہ تحصیل ایبٹ آباد میں واقع ہے وہاں کی تین چار ہزار آبادی کے لئے صرف ایک جوہڑ ہے جس کو بند کہتے ہیں ۔ وہاں بارشی پانی جمع ہوجاتا ہے اور وہاں کے انسان اور حیوان اسی پانی کو پینے کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں ۔ اور وہ ایسا پانی ہے کہ اسی سے لوگ اپنے کپڑوں وغیرہ کی صفائی کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ تو ان حالات میں اگر میں یہ کہہ دوں تو بیجا نہ ہوگا کہ پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی activities بھی شہری علاقوں اور ان کے ملحقہ دیہات جو ہیں انکی طرف ہی ہر وقت مبذول رہتی ہے ۔ اس ایٹمی دور میں جناب والا جبکہ

آپ اپنے لوگوں کے لئے دنیا کے عظیم ترین وسائل مہیا کرنے کے لئے کوشاں ہیں تو ان لوگوں کیطرف پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو توجہ دینی چاہئیے جنکی بنیادی ضرورت ہے اور آپ حیران ہونگے کہ ایک تو پینے کے پانی کا ذکر ہے اس کے لانے کے ذرائع کا ذکر ہو اس کو ٹیوب ویل کے ذریعے یا کسی چیز کے ذریعے عجیب و غریب طریقہ سے واٹر سپلائی کو لانے کا ذکر ہو تو وہ تو علیحدہ بات ہے وہ ڈیولپمنٹ ہوگی ایک ماڈرن طریقے کی لیکن دوسرے حالات یہ ہوں کہ انسانوں کے لئے پینے کا پانی موجود نہ ہو۔ تو میں پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ سے متعلق یہی کہوں گا کہ کام کرنا تو در کنار انہوں نے کوئی کام کیا ہی نہیں ہے۔ تو ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی واجب الاحترام وزیر صحت صاحبہ کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ اپنی توجہ وہاں بذول فرمائیں اور جو انہیں ایک گاؤں کا ذکر مثال کے طور پر میں نے بتایا ہے اسکی وہ تفتیش کرائیں اور اگر میری گذارش درست ہو تو پھر یہ بڑی معیوب بات ہے کہ وہاں پانی کی یہ حالت ہو۔

علامہ رحمت اللہ ارشد۔ میں closure move کر رہا ہوں کافی بحث ہو چکی ہے۔ بڑا اہم مضمون خوراک کا آرہا ہے۔ جناب یہ کٹ موشن بھی میری جانب سے تھی اور کسی کی جانب سے نہ تھی۔ اس کے لئے آپ وقت مقرر کردیں۔

Mr. Chairman : One member is on his legs, yes, Mr. Abbasi.

قاضی محمد اعظم عباسی (حیدرآباد ۔۱) : جناب صدر میں علامہ صاحب کو اطمینان دلاتا ہوں کہ میں صرف چند الفاظ عرض کروں گا اور پھر بیٹھ جاؤں گا۔ میں خالی منسٹر صاحبہ کی توجہ حیدرآباد کی طرف لے جاتا ہوں کیونکہ باقی صاحب نے کچھ یہ فرمایا ہے کہ پبلک ہیلتھ جو ہے وہ شہری علاقوں کیطرف توجہ دے رہا ہے اور دوسرے جو دیہاتی علاقے ہیں ان کی طرف توجہ کم دیا جا رہا ہے۔ میں حیدرآباد کے لئے یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ حیدرآباد کے شہری حلقوں میں اور ہم نے یہ سوچ سمجھ کر کہ پبلک ہیلتھ ڈپارٹمنٹ زیادہ اچھی طرح سے کام کریگا اور میونسپل کمیٹی کا انتظام یعنی پانی کا انتظام جو میونسپل کمیٹی کا تھا وہ ہم نے پبلک ہیلتھ کے حوالے کیا لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ میونسپل کمیٹی زیادہ اچھی طرح سے اس انتظام کو دیکھ سکتی تھی بنسبت پبلک ہیلتھ کے۔ پبلک ہیلتھ کا انتظام وہاں بالکل ناقص ہے۔ وہاں فلٹر شدہ پانی کی بجائے غیر فلٹر

شدہ پانی پینے کے لئے ملتا ہے۔ وہاں پانی بالکل بند ہوگیا ہے تو میں وزیر صحت صاحبہ سے گزارش کروں گا کہ وہ اس طرف توجہ فرمائیں کہ انکا محکمہ ٹھیک طرح سے کام کرے۔

وزیر صحت (بیگم محمود سلیم خان)۔ جناب والا۔ وقت تنگ ہے اس لئے میں بہت زیادہ تفصیل میں نہیں جانا چاہتی ہوں میں صرف چند الفاظ میں اپنے اس ایوان کے تمام معزز ممبران کو واضح کرنا چاہتی ہوں کہ انکا یہ خیال کہ حکومت محض صرف ان علاقوں کی ڈیولپمنٹ کی خواہاں ہے کہ جو ان کی پارٹی سے وابستہ ہیں یہ سراسر غلط ہے۔ حکومت کو تمام پاکستان اور تمام پاکستان کے عوام سے اتنی ہی ہمدردی اور دلچسپی ہے جتنی کہ اسے اپنی ذاتی پارٹی کیساتھ۔ اس لئے یہ کہنا کہ محض گوادر کے علاقے جیسا کہ مسٹر عبدالباقی بلوچ نے کہا کہ اس لئے اس میں ترقی نہیں ہوئی کیونکہ انکا حزب اختلاف کے ممبر کا علاقہ ہے تو میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہ سراسر بہتان ہے۔ اور میں انکی یہ غلط فہمی دور کرنے کے لئے کھڑی ہوئی ہوں۔ پانی پینے کی سکیم جو گوادر کی ہے اس سے متعلق دو سکیمیں بنی تھیں جیسا کہ انہوں نے خود ہی بتایا کہ وہ بہت بھاری تھیں اور وہ کہتے ہیں کہ فارن ایکسچینج کا بھی معاملہ involved تھا۔ تو ان سکیموں کو جب ہم نے پلاننگ اینڈ ڈیپارٹمنٹ کے محکمہ میں بھیجا تو انہوں نے کہا کہ اس میں فارن ایکسچینج بہت ہے تو ان کو انہوں نے منسوخ کردیا۔ اس کے بعد ڈپارٹمنٹ نے ایک اور تجویز بھیجی ہے جو ابھی زیر غور ہے اور ہمیں اس کا ابھی تک جواب نہیں آیا۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ جلدی یہ طے ہوکر اس کا جواب آجائے تاکہ ہم اس پر کچھ عمل کر سکیں اور میں یقین دلاتی ہوں کہ انشاء اللہ بہت جلد ہم ان کی تکالیف کو دور کریں گے۔ جناب والا۔ ان کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ باہر کے فارن ایکسچینج کی بات نہیں ہے بلکہ وہاں کے سمندر کے پانی کو سورج کی روشنی سے تبدیل کرکے اس کو میٹھا کرنے کی تجویز ہے اور اس کے لئے ٹیکنیکل تجویز کی ضرورت تھی۔ تو جب ٹیکنیکل ہینڈ آگیا تو ہمیں امید ہے کہ کام مکمل ہوگا اور ہم اس پر عمل درآمد کریں گے۔

اسکے بعد جناب تھرپارکر کے متعلق معزز ممبر نے کہا ہے کہ وہاں کام

بے توجہی سے ہو رہا ہے۔ عرض یہ ہے کہ کام بہت بڑھ گیا ہے اور اسے مکمل کرنے کیلئے زیادہ سٹاف کی ضرورت ہے۔ دن بدن کام بڑھتا جا رہا ہے۔ ڈیمانڈ بہت زیادہ ہے۔ ہم نے زیادہ سٹاف کیلئے لکھا ہوا ہے۔ انشاءاللہ ان کی یہ تکلیف بھی جلد دور کرنے کی کوشش کی جائیگی۔ منگھی صاحب کی خدمت میں یہ عرض ہے کہ روہڑی سکیم بھی اس وجہ سے آہستہ چل رہی ہے کہ کام زیادہ ہے اور سٹاف ہمارے پاس کم ہے۔ جتنی جلدی اور سٹاف مل جاتا ہے ان کی تمام سکیم پوری کردی جائیگی۔

حاجی گل حسن منگھی۔ سکھر کے بارہ میں بھی کچھ فرمائیے۔

وزیر صحت۔ اسکے متعلق بھی یہی صورت حال ہے۔ عباسی صاحب کی خدمت میں یہ عرض ہے کہ رول ایریا کی جتنی ڈیمانڈز ہیں وہ ڈسٹرکٹ کونسلوں کی طرف سے اوج آتی ہیں۔ گورنمنٹ از خود وہاں کچھ نہیں کرسکتی۔ اگر وہ ہماری مدد نہ مانگیں کچھ تو ہم خود بخود کام نہیں کرسکتے۔ اگر انکی طرف سے کوئی سکیم بن کر آگئی تو اسے انشاءاللہ جلد از جلد مکمل کردیا جائیگا۔

اب میں کچھ تھوڑا سا اپنے محکمہ کے متعلق عرض کرونگی۔ ۱۹۶۳-۶۲ میں محکمہ پبلک ہیلتھ کے پاس جو سکیمیں تھیں اسکے مقابلہ میں اب ہمارے پاس ۲ کروڑ ۸۹ ہزار سکیمیں زیادہ ہیں۔ اسکے علاوہ جو میونسپلٹیوں کی سکیمیں ہیں وہ ۱۰ کروڑ ۱۷ لاکھ کے قریب پہنچ چکی ہیں۔ انکو مکمل کرنے کیلئے زیادہ سٹاف کی ضرورت ہے۔ موجودہ مطالبہ صرف ایک ہی سرکل کیلئے ہے۔ ہم تین سرکلز کیلئے ڈیمانڈ کر رہے ہیں۔ ہماری سکیمیں ۲۲۰ فیصد بڑھ گئی ہیں اور سٹاف صرف ۱۶ فیصد بڑھا ہے۔ اگر یہ تمام سرکل منظور ہوگئے تو کام کو انشاء اللہ جلد مکمل کردیا جائیگا۔ اس محکمہ کے متعلق بے توجہی کی جو شکایت ہے اسکے متعلق یہ عرض ہے کہ یہ سٹاف کی کمی ہے اگر ہمیں سٹاف مل گیا تو آپ دیکھینگے کہ کوئی شکایت کا موقع نہیں رہیگا۔ آخر میں میری درخواست یہ ہے کہ اس مطالبہ زر کو منظور کیا جائے اور اسے مسترد نہ کیا جائے۔

Mr. Chairman (Mr. S.M. Sohail): The question is:—

That the total of Rs. 4,87,000 on account of 39-Public Health-Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,86,999.

(*The motion was lost.*)

Mr. Chairman: Now the question is:—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 4,87,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Public Health.

(*The motion was carried.*)

DEMAND No. 8

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan): Sir I beg to move:—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 54,27,740 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Relief.

Mr. Chairman: Motion moved is:—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 54,27,740 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Relief.

There is a Cut Motion from Amir Habibullah Saadi.

امیر حبیب اللہ سعدی ۔ میں یہ تحریکات پیش نہیں کرنا چاہتا ۔

Mr. Chairman: There is another Cut Motion; I now call upon Mir Abdul Baqi Baluch to move his Cut Motion.

میر عبدالباقی بلوچ ۔ جناب چیئرمین ۔ آپ میری بغل سے اٹھ کر وہاں تشریف لے گئے ہیں۔ چاہئے تھا کہ آپ مجھے کوئی خلعت دیتے ۔ مگر آپ نے مجھے کچھ نہیں دیا ۔ بہرکیف میں یہ خراج آپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں کہ اپنی کٹ موشن پیش نہیں کرتا۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

Mr. Chairman: There were two Cut Motions and they have not been moved. Now I will put the original Demand before the House.

The question is:—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 54,27,740 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Relief.

(*The motion was carried.*)

DEMAND No. 9.

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan): Sir I beg to move:—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,00,00,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Miscellaneous.

Mr. Chairman: Motion moved is:

That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,00,00,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Miscellaneous.

Now there are a number of Cut Motions. Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar: Not moving Sir.

Mr. Chairman: Mr. Hamza; he is absent. Next is Amir Habibullah Khan Saadi.

Amir Habibullah Khan Saadi: Not moving.

Mr. Ahmad Mian Soomro: Sir, I want to discuss the working of the Land Commission. The Land Reforms were brought with a view to having them implemented as expeditiously as possible. . . . . .

Mr. Chairman: I understand that the member should first formally move his cut motion and thereafter make a speech.

Mr. Ahmad Mian Soomro: Sir, I beg to move:—

That the total of Rs. 1,00,00,000 on account of 57-Miscellaneous—Total New Expenditure be reduced by Rs. 99,99,999.

Mr. Chairman: The motion moved is:—

That the total of Rs. 1,00,00,000 on account of 57-Miscellaneous—Total New Expenditure be reduced by Rs. 99,99,999.

Mr. Ahmad Mian Soomro: Sir, the Land Reforms were one of the god reforms brought in by our present Head of State and the object was that it should

be implemented as expeditiously as possible. The main criterion of these Land Reforms was to reduce unwieldy holdings because zamindars, in many cases, possessed lands to an extent of which even they were not aware of what they had. Now, this main object could have easily been achieved by providing time-limit within which the landowners could have been allowed to dispose of this land. Instead, big organization, like Land Commission Secretariat, was established. I would say it is a burden on the exchequer because ultimately those amounts which are being paid into and directly go from the public exchequer and ultimately fall on those zamindars concerned. Now, Sir, it is over six years, almost seven years, since the Land Reforms were introduced but what do we find? This is another sort of Rehabilitation Department of the Centre and would, probably, never complete its work. Just as in the case of Rehabilitation Department we are entering the seventeenth year, similarly we are now at the end of seventh year in this case. We find that there are still a number of cases awaiting decision. Not only a number of cases are awaiting decision but decisions already made are being reviewed. Demands have been made that at least some time-limit should be prescribed for reviewing orders. The Chief Land Commissioner can review the orders of his predecessor at any time and even his own orders at any time. In fact, what do we find is that the orders of the predecessors are changed and his own orders are changed with the result that there is no finality at all. Even today Government can see how many review petitions are there against the orders of the predecessors. There should be some time-limit. Give them one year, give them two years but have some finality not that after three years or four years or five years again previous orders are to be reviewed and people have to go back. This is against the very object of the Land Reforms where one of the terms and conditions which the people were told was that these reforms were going to be implemented as expeditiously as possible. I would, therefore, request that Government may be pleased to consider this demand and impose some time-limit—a reasonable time-limit—within which the powers of review should be exercised.

Mr. Speaker : The subject-matter of that motion is quite different.

As the facts alleged in this motion have been denied by the Government and there is no authentic proof to show that such and such officers of the Provincial Government forced the electorate not to participate in the meeting and moreover the member should have given the names of officials to make his motion definite, the motion, as it stands, is vague and indefinite and is, therefore, ruled out of order. Next motion.

FAILURE OF GOVERNMENT TO MAINTAIN LAW AND ORDER DURING ELECTIONS TO ELECTORAL COLLEGE

Rao Khurshid Ali Khan (Montgomery III) : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the utter failure of Government to maintain Law and Order during the recent elections to Electoral College resulting in the loss of life and property.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, the motion is objected to on two grounds. Firstly, it is couched in a language which is very general which is vague and covers the whole province and thousands of incidents. Secondly, the motion of this nature has been amply and adequately covered by the general discussion on the budget and various cut motions. I will, in this connection, refer you to a passage in May's Parliamentary Practice, at page 364 (17th Edition).

The author has noted that:

"The motion is not admissible and not in order if it is couched in general terms or covers a great number of cases."

راؤ خورشید علیخان — جناب میں ذرا دوسری طرف مصروف ہو گیا تھا کہ - - - -

خواجہ محمد صفدر - راؤ صاحب وزیر قانون صاحب کہتے ہیں کہ کوئی Definite بات آپ نے نہیں بتائی - کچھ جنرل Terms میں بات کی ہے -

Mr. Speaker: It is couched in general terms. It is not a single specific matter of public importance.

راؤ خورشید علیخان — Specific اور جنرل Terms کے سلسلے میں ایک مثال میں پیش کئے دیتا ہوں -

پریذائڈنگ افسر پر حملہ کرنیوالوں کیخلاف مقدمہ درج کر لیا گیا

پولیس تفتیش کر رہی ہے

''راولپنڈی - ۱۱ - نومبر (سٹاف رپورٹر) پریذائڈنگ افسر مسٹر ابوالقاسم محمد عبداللہ کی رپورٹ پر پولیس تھانہ چھاؤنی نے ان پر حملہ کرنے والوں کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعات ۱۴۷- ۱۴۹- ۳۳۲- ۳۵۳ اور ۵۰۰ کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے - پولیس کی ابتدائی اطلاع کے مطابق مسٹر ابوالقاسم محمد عبداللہ سی - بی گرلز پرائمری سکول ڈلہوزی روڈ صدر کے پولنگ سٹیشن کے پریذائڈنگ افسر تھے - الیکشن کا نتیجہ نکلنے کے بعد جب وہ گھر جانے کیلئے باہر نکلے تو کچھ لوگوں نے ان پر حملہ کر دیا - انکی ڈاڑھی نوچی، ان کے منہ پر تھوکا اور انہیں طمانچے مارنے کے ساتھ انہیں گالیاں بھی دیں - ان افراد میں جن لوگوں کو پریذائڈنگ افسر نے پہچان لیا انکے نام یہ ہیں - مرتضیٰ علی زیدی - عبدالرحیم - منصور علی - کبیر علی - محمد اشرف - مجتبیٰ علی - میاں عبدالعزیز - حافظ سید محمد عرف محمد میاں اور میاں محمد - پولیس تفتیش کر رہی ہے -''

مسٹر سپیکر —یہ ایک واقعہ ہے آپ کچھ اور واقعات بیان فرمائیں -

The motion is couched in general terms and is, therefore, ruled out of order. Next motion.

ATTACKS ON MAULANA ABDUS SATTAR NIAZI BY GOONDAS AND DEPRIVING HIS PROTECTORS AT KALABAGH OF THEIR ARMS LICENCES

Rao Khurshid Ali Khan (Montgomery III): Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely failure of Government to protect Maulana Abdus Sattar Khan Niazi who has been repeatedly attacked by goondas and depriving the armed persons who protected Maulana Abdus Sattar Niazi at Kalabagh of their arms licences without assigning any reasons therefor.

مسٹر سپیکر — خواجہ صاحب اسکے ساتھ آپ کا ایک ایڈجرنمنٹ موشن نمبر ۴۴ ہے اور وہ اسی سبجکٹ پر ہے۔

خواجہ محمد صفدر — یہ عبدالستار خان نیازی کی ؟

Should I read it out to you?

Mr. Speaker: Yes please.

Khawaja Muhammad Safdar (Sialkot-I): Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of Provincial Government to check lawlessness and goondaism in the Province. The goondas in different parts of the Province have become so immune from any legal action by the police, that they in broad day light attack prominent Opposition Leaders such as Maulana Abdus Sattar Khan Niazi, who, as reported in the Press on 30th November, 1964, was attacked at the Bus Stop of Kalabagh by such a group of goondas and along with his companions while going to Isa Khel from Mianwali was injured by lathi blows. Maulana Abdus Sattar Niazi and his companions saved their lives by reboarding the bus. This sad incident coupled with such incidents has caused great resentment amongst the public of the Province.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): I will again respectfully submit that the question of Maulana Abdus Sattar Khan Niazi having fallen a victim to the wrath of goondas who seem to be very much fond of him, has been by name discussed practically by many of the Members on that side during the General Budget.

Khawaja Muhammad Safdar: Nobody even named him.

Mr. Speaker: I don't think so.

Khawaja Muhammad Safdar: As far as I remember nobody even named him.

Mr. Speaker : So far as I was present in the House nobody discussed this matter.

Minister of Law : I will invite the attention of the Speaker to the paper reports in which it is stated that Rao Khurshid Ali Khan had mentioned the name of Maulana Abdus Sattar Khan Niazi and said that he had been molested and beaten by the goondas.

Then, Sir, about the facts alleged in the motion. It is alleged in the motion that the persons who protected Maulana Abdus Sattar Khan Niazi have been disarmed, and their arms have been cancelled without assigning any reasons.

The true facts are that Maulana Abdus Sattar Khan Niazi had two persons with him—namely Zafrullah and Akbar Khan—according to his own statement recorded. None of them has been deprived of his arms. As such the report mentioned in question is not correct. Maulana Abdus Sattar Khan Niazi actually mentioned two persons who had accompanied him while he was beaten, according to him, by certain goondas and none of them names given have been disarmed. The arms licences continue till today. If any licence of any person has been cancelled the motion will again suffer from the same defect that no specific instance has been cited and that no name has been given of the persons whose arms licences have been cancelled.

مسٹر افتخار احمد خاں — جناب میری بھی ایڈ جرن منٹ موشن آپ نے ملاحظہ نہیں فرمائی۔

خواجہ محمد صفدر — جناب جہاں تک میری تحریک التوا کا تعلق ہے میں نے کہیں ذکر نہیں کیا کہ کس بنا پر آرمز لائیسنس منسوخ ہو گئے ہیں۔

Mr. Speaker : I think the member's motion will be taken up at number forty.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Then, Sir, my motion will also be taken up and this ruling will not stand.

Mr. Speaker : Yes. Rao Khurshid Ali Khan wants to discuss two matters in this motions :

(*i*) that Government failed to protect Maulana Abdus Sattar Khan Niazi, and

(*ii*) deprived the armed persons who were protecting Maulana Abdus Sattar Khan Niazi of their arms licences.

The motion does not relate to a single specific matter and, therefore it is ruled out of order.

WITHDRAWAL OF PUBLIC ADVERTISEMENTS FROM THE DAILY 'NAWA-I-WAQT'

Mr. Speaker : Next motion. Rao Khurshid Ali Khan.

Rao Khurshid Ali Khan (Montgomery-III) : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the situation arising out of the decision of the Government to withdraw the public advertisements from the Daily Nawa-i-Waqt, because this newspaper publishes news of the Opposition Parties and expresses independent views.

Khawaja Muhammad Safdar : Hear, hear.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Memon.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, the Government has made its policy very clear, from time to time, about advertisements. No individual, no paper and no association can claim as a matter of right any advertisements from the Government.

Mian Abdul Latif : They can claim fair play at least.

Mir Abdul Baqi Baluch : They can claim, Sir.

Minister of Law : Mr. Baluch should realise that it is the Speaker who has to decide and give a ruling and not he. He may decide his disputes in Mekran and not here in the Assembly.

I was making a submission that nobody has a right to claim any advertisements. It is not even alleged that the Government has stopped advertisements to Nawa-i-Waqt on account of any writings against the Government and I challenge the Member if he can prove that the advertisements have been cut off on account of any of its writings against the Government or any individual or anybody else. My respectful submission is that it is entirely with the Government to choose a paper or agency or media where it should advertise. There is no rule, there is no law, there is no precedent and there is no convention which has been broken or which has been breached by the Government in disallowing or not giving advertisements to any paper.

Mr. Speaker : Is there any decision of the Government to withdraw public advertisements from Nawa-i-Waqt?

Minister of Law : Yes Sir the decision is there.

Mir Abdul Baqi Baluch : This is a wrong decision.

Mr. Speaker : Yes Khawaja Sahib

Just one minute, Sir. — (۱) خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ —

جناب والا ۔ میں نے اس موضوع پر پچھلے سیشن میں ایک تحریک التوا پیش کی تھی کہ جناب وزیر قانون نے بہاولپور کے سٹیشن پر انٹرویو دیتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ آئندہ ہم گورنمنٹ کے اشتہارات ان اخبارات کو دیا کریں گے جو گورنمنٹ کی پالیسی سے متفق ہوں ۔

Minister of Law : On a point of order. Sir, I deny that. I never said 'writtings against the Government'. I had said that we will have no sympathy with those who are opposed to national policies.

Mian Abdul Latif : Is it a point of order ?

Mr. Speaker : This is no point of order.

خواجہ محمد صفدر — تو اس وقت جناب وزیر نے ارشاد فرمایا تھا کہ یہ تحریک التوا درست نہیں ہے ۔ میں نے ایسا بیان کوئی نہیں دیا ۔ ہم صرف سرکولیشن کی بنا پر اشتہارات اخبارات میں تقسیم کرتے ہیں اور آئندہ کرتے رہیں گے ۔ اس کے بعد ایک اور بیان انہوں نے دیا اور اسی پر میری تحریک التوا تھی اور اس زمانے میں بھی انہوں نے اس امر سے انکار کیا کہ ہماری کوئی پالیسی نہیں ہے ۔ ہم سرکولیشن کی بنا پر جس طرح کہ پرانی حکومتیں اور پیش رو حکومتیں جو ان کے خیال میں غلط کار تھیں سرکولیشن کی بنا پر وہ اشتہارات اخبارات کو تقسیم کرتی رہی ہیں ۔ لیکن اب انہوں نے حال ہی میں بورڈ بنایا ہے ۔ خیر وہ بات بعد میں کریں گے ۔ یہ پالیسی بنائی ہے کہ جس کو یہ چاہیں دیں ۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہاں کوئی قانون نہیں ۔ جیسا کہ انہوں نے ارشاد فرمایا کہ ہمارا کوئی ضابطہ نہیں ، کوئی رولز نہیں ، کوئی قاعدہ

نہیں ۔ میں مانتا ہوں کہ کوئی قاعدہ نہیں لیکن اخلاق کا تو قاعدہ ہے ۔ کیا اخلاق کا کوئی قاعدہ اس ملک میں نہیں ہے ؟ ۔ اخلاق کے قاعدے کے مطابق سرکولیشن کے مطابق اشتہارات دیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہو گا ۔ نوائے وقت کو کوئی اعتراض نہ ہو گا اور کسی اور اخبار کو بھی اعتراض نہیں ہو سکتا ۔ اگر وہ اخلاق کے قاعدے پر اخلاق کے اصول کو مد نظر رکھتے ہوئے ان اشتہارات کو تقسیم کریں تو کسی کو اعتراض نہ ہوگا ۔ کسی کو حق نہیں پہنچتا کہ وہ اعتراضات کرے ۔ اگر آپ اتنے ہی اچھے اور نیک دل ہیں تو آپ اپنے لئے ضابطہ بنائیے ۔ آپ اخبارات کو تو کہتے ہیں کہ وہ ضابطہ بنائیں ۔ آپ اپنے لئے بھی تو ضابطہ بنائیں ۔ اگر آپ بغیر ضابطے کے کام چلانا چاہتے ہیں تو اس ملک کا کیا بنے گا بغیر ضابطے کے ؟ آج آپ نے کہہ دیا کہ جس کو ہم چاہیں اشتہارات دیں تو کل آپ کسی اور مسئلے کے متعلق کہہ دیں گے کہ جس کو ہم چاہیں ہم دیں ۔ یہ ملک ان کے باپ دادا کی جاگیر نہیں ہے ۔ یہ ملک اس ملک میں بسنے والوں کا ملک ہے ۔ یہ ہمارا ملک ہے ۔ ہم ایسا کام نہیں ہونے دیں گے ۔ یہ کوئی قاعدہ نہیں ۔ اس کے ہم پابند نہیں ۔ اخلاق اور ضابطہ ہی قاعدہ ہے ۔ ہم انہیں مجبور کریں گے کہ یہ قاعدے کے مطابق کام کریں ۔

Mr. Speaker : I hold the motion in order.

Opposition Members : Hear, hear.

Mr. Speaker : Rao Khurshid Ali Khan asks for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely the situation arising out of the decision of the Government to withdraw the public advertisements from the Daily "Nawa-i-Waqt" because this newspaper publishes news of the Opposition Parties and expresses independent views.

Now I would request those Members who are in favour of leave being granted to rise in their places.

(As less than twenty five Members rose in their places, leave to move the motion was refused)

خواجہ محمد صفدر — جناب عالی ۔ راؤ صاحب کاغذات لائے ہوئے ہیں ۔ انہیں تو موقع دیا جائے ۔

سردار عنایت الرحمن خاں عباسی—**********

Mr. Speaker : The remarks made by Mr. Abbasi are expunged from the proceedings of the Assembly.

خواجہ محمد صفدر — ہم اس ملک کے بنانے والے ہیں کون اس سے انکار کر سکتا ہے **********

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) — جناب والا ۔ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ جو اس طرف بیٹھے ہیں وہ ****** ہیں ۔ یہ ریمارکس ایوان کی کارروائی سے حذف کئے جائیں ۔

Mr. Speaker : Those remarks are also expunged from the proceedings.

نوابزادہ افتخار احمد انصاری — یہ انگریزوں کے ملازم ہوا کرتے تھے ۔

Mr. Speaker : The Member may please take his seat. Order please ; no cross-talk. Yes, Rao Sahib to move his adjournment motion.

OFFICIAL INTERFERENCE IN PRESIDENTIAL ELECTIONS

Rao Khurshid Ali Khan : Sir I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent Public importance, namely the situation arising out the official interference in Presidential elections, which is disclosed from the fact that the Tehsildar of Rahim Yar Khan, called a meeting of the newly elected members of the electoral college of his Tehsil, and made them available to be addressed by Mr. Hasan Mahmood, an Ebdoed politician.

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) : This is opposed Sir, on so many grounds. First is that this is so vague and indefinite. The

*Expunged as ordered by the Speaker.

Mover says the tehsildar of Rahimyar Khan District. Which tehsildar he means. He does not mean the tehsildar of Rahimyar Khan. Secondly, he does not disclose the date and place. And the question of fact also is denied.

I, therefore, submit that this is not in order.

Mr. Speaker : The motion is vague and it is ruled out of order.

راؤ خورشید علی خاں – جناب والا ۔ مجھ سے پوچھ تو لیجئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ جہاں تک اس اعتراض کا تعلق ہے .....

خواجہ محمد صفدر – جناب آپ کے جو اختیارات ہیں مجھے اس سے انکار نہیں ۔

مسٹر سپیکر – میں اپنے اختیارات کے متعلق عرض نہیں کرونگا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ یہ جو اعتراض خان صاحب نے کیا ہے وہ بہت واضح ہے یعنی رحیم یار خاں ضلع میں آخر صرف ایک تحصیل دار تو نہیں ہے ۔ پھر تحصیلدار کونسا ہے ؟

راؤ خورشید علی خاں – پہلے آپ نے موقع دیا تھا ۔ کہ documents پیش کر دوں اب جو document پیش کر رہا ہوں وہ نوائے وقت میں اس کا عکس دیا ہوا ہے ۔

Mr. Speaker : But the motion should be very clear and definite.

FAILURE OF GOVERNMENT TO HANDLE PROPERLY THE STUDENTS UNREST

Mr. Speaker : Next motion of Rao Khurshid Ali Khan.

Rao Khurshid Ali Khan (Montgomery-III) : Sir, I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Government to handle properly the students unrest and deal with their agitation sympathetically as disclosed from the following facts :

There have been disturbances and agitation in almost all the imortant cities of West Pakistan, viz., Karachi, Hyderabad, Sukkur, Lahore,

Rawalpindi and Peshawar. There has been loss of life and property. Educational institutions are closed for a major part of the year and Universities have become agitation centres.

Students are being harassed and their education is badly suffering. University Ordinances, which are being resented by students, are not being repealed although the Minister are giving promises for the last two years. The situation is deteriorating day by day and immediate steps are badly needed.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, again my objection is that Rao Khurshid Ali Khan has only been definite about vagueness as in his previous adjournment motions. The matter is not single specific one mentioned by him.

The Second objection that I would raise that this motion, if admitted, shall revive discussion on a matter, which has been discussed in this session. About the students disturbances Sir, matter has been discussed from the Opposition side, and I have already replied to these matters.

So on these two grounds, I object to the admission of this adjournment motion, and it should be ruled out of order.

راؤ خورشید علی خاں — جناب والا ۔ ! یہ ایک ایسا Burning Question ہے کہ جب اس پر بحث ہوئی تھی تو اس کے بعد بھی گڑ بڑ اور گرفتاریاں ہو رہی ہیں اور ہڑتال جاری ہے ۔

Mir Abdul Baqi Baluch : Does the Minister mean that since the Education department has been discussed, no adjournment motion on any part of education can be moved?

Minister of Education : I only mean that the unrest of the students has been discussed in detail and I have replied to that discussion. So this matter should not be discussed in this adjournment motion.

Mir Abdul Baqi Baluch : This adjournment motion has never been discussed.

Minister of Education : But the subject matter has been discussed, and if this adjournment motion is admitted, it shall revive the discussion, which has already taken place in this session only yesterday and day before yesterday.

راؤ خورشید علی خاں — پہلے بحث ہوئی تھی ۔ مگر اس کے بعد بھی یہ واقعات جاری ہیں اور ہڑتالیں ہو رہی ہیں ۔

Minister of Education: Only yesterday the matter had been discussed.

خواجہ محمد صفدر — میں جناب ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ جہاں تک پہلے اس بحث کا تعلق ہے ۔ اس کے متعلق یہ گذارش ہے کہ وہ بحث کسی قاعدہ کے تحت نہیں ہو سکتی تھی ۔ اس وقت آپ کی توجہ دلانے کے باوجود بحث جاری رکھنا ممبر صاحبان کی سینہ زوری تھی ۔ قاعدہ اور ضابطہ اس کی اجازت نہیں دیتا مگر یہ معاملہ یہاں زیر بحث آیا بھی تھا تو رک رک کر ۔

مسٹر سپیکر —یہ تو مان لیجئے کہ معاملہ فی الواقعہ زیر بحث آیا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر — میں یہ کہوں گا Partly زیر بحث آیا تھا ۔

Minister of Education : Part is included in the whole.

خواجہ محمد صفدر—لیکن جناب ہول بڑا ہوتا پارٹ چھوٹا ہوتا ہے ۔

Minister of Education : But the discussion did take place according to the version of the Leader of the Opposition.

خواجہ محمد صفدر—Part چھوٹا ہوتا ہے ۔ مثال کے طور پر میں اس بحث میں حصہ نہیں لے سکا ۔ کیونکہ میں اسے قاعدہ کے مطابق نہیں سمجھتا تھا ۔ میں نے دوبار اس طرف توجہ دلائی تھی ۔ ہمیں بھی تو موقعہ ملنا چاہئے ۔

وزیر تعلیم — میں نے اپنی جوابی تقریر میں ، جو اعتراضات کئے گئے تھے ، ان کا جواب عرض کر دیا تھا ۔ اور جس وقت یہ اعتراضات اٹھائے گئے تھے میں نے اعتراض کیا تھا اور ان حضرات نے ان اعتراضات کے باوجود سوال اٹھائے تھے جن کا جواب دینا میرے لئے ضروری ہو گیا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر — میری گذارش یہ ہے کہ میرے جیسے کمزور انسان کو بھی موقع ملنا چاہئے ۔ جو اس وقت بحث میں حصہ نہیں لے سکا تھا ۔

Mr. Speaker : The motion shall revive discussion on a matter which has already been discussed in the same session. The motion is, therefore, ruled out of order.

INTIMIDATION OF MEMBERS OF THE ELECTORAL COLLEGE, BY POLICE AND CIVIL OFFICERS

Mr. Speaker : Next motion.

Rao Khurshid Ali Khan (Montgomery-III) : Sir, I beg leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the situation arising out of the intimidation of members of the Electoral College by the Police and other Civil Officers to vote for Mr. Ayub Khan, the Presidential Candidate. The governmental machinery is being utilised for convassing and it has become a source of nuisance for a free and fair presidential election.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir again the motion is couched in such a language that it makes neither head nor tail. It is vague. No Police Officer or civilian has been mentioned. Any individual has not been mentioned by name. I very respectfully submit that even this has been amply covered by the entire debate about the police, students, and members of the electoral college, not having been allowed to exercise their vote freely during the general discussion on budget. Therefore, on these grounds I oppose the admissibility of this motion.

راو خورشید علی خان — جناب والا۔ بنیادی جمہوریتوں کے منتخب ارکان سے پولیس افسروں کا استفسار کہ صدر محمد ایوب خان اور مس فاطمہ جناح میں سے کسے ووٹ دینگے ۔ اور یہ جناب حقیقت ہے کہ حزب اختلاف کے وہ ارکان جو کہ صوبائی لیڈرز ہیں ان کی طرف سے یہ الزام لگایا گیا ہے کہ شہر میں مختلف پولیس سٹیشنوں کے retired افسر بنیادی جمہوریتوں کے انتخاب میں کامیاب ہونے والے ارکان کے گھروں میں جا کر یہ کہتے ہیں کہ آئندہ انتخاب میں صدر محمد ایوب خان اور مس فاطمہ جناح میں کس کو ووٹ دینگے ۔ ہم ایسے تمام افسروں کو متنبہ کرتے ہیں کہ وہ ان ناجائز حرکات سے باز آ جائیں۔ ووٹروں کو ہراساں نہ کریں - نہ ہی انہیں دھمکائیں ۔ ہم نئے منتخبہ ارکان کو مطلع کرتے ہیں کہ اگر کوئی پولیس افسر ایسی حرکت کرے تو اس کی اطلاع متحدہ حزب اختلاف کے دفتروں کو پہنچائی جائے تاکہ ایسے پولیس افسروں کے خلاف موثر کارروائی کی جائے ۔ اور صدر محمد ایوب خان کو اعلان کرنا چاہئے کہ کسی بھی پولیس افسر کی

ایسی حرکت کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی اور ہم الیکشن کمیشن سے بھی درخواست کرتے ہیں کہ وہ بھی بلا تاخیر اس مسئلے کا جائزہ لے تاکہ صدارتی انتخاب آزادانہ اور غیر جانبدارانہ ہو سکے۔

Mr. Speaker : The motion is couched in general terms and is vague. It is, therefore, ruled out of order.

POLITICAL PROPAGANDA THROUGH GOVERNMENTAL MACHINERY

Rao Khurshid Ali Khan (Montgomery-III) : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, carrying on political propaganda through governmental machinery as disclosed from confidential letter No. C-78/10, dated 20-7-64 from Malik Hasib Ahmad, PRS, to all Divisional Superintendents including D.S .(Workshops) and extra Divisional Offices, P.W. Railway, which stated :—

> "The under-mentioned number of copy/copies of the Pamphlets entitled "Pakistan Aur Jamaat-e-Islami" and "Jamaat-e-Islami Aur Qaumi Press" in Urdu are enclosed and may please be circulated amongst the officers and staff without revealing the source of supply."

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, the distribution of literature is not denied by the Railway Department. The pamphlets under reference do not constitute all the literature which the Railway receives from a number of sources not only inside the country but from all over the world and which comprises booklets, catalogues, magazines, technical bulletins, etc. All public material received by the Railway is circulated amongst the officers and staff for their information and perusal, in case they are interested therein. While circulating such literature it is never sought to impose on any individual any particular set of views or to prescribe for anyone a particular mental attitude. My respectful submission, therefore, is that the distribution of literature by the Railway Department, as I have already said, does not constitute breach of any rule or privilege.

Mr. Speaker : Was it a Government publication ?

Minister of Law : Which one, Sir ?

Mr. Speaker : These pamphlets, namely,

"Pakistan Aur Jamaat-e-Islami"

and

"Jamaat-e-Islami Aur Qaumi Press"

Minister of Law : So far as the publications are concerned I am not at present in a position to say whether they were Government publications or not. But the publications that have been referred to do not purport to be Government publications. They purport to have been written by a gentleman whose name I have forgotten.

راؤ خورشید علی خان – فنڈز حکومت نے مہیا کئے تھے ۔ لیکن انہیں جعلی ناموں سے چھاپا گیا تھا ۔ یہ سیاسی پراپیگنڈہ کیا جا رہا ہے ۔

میر عبدالباقی بلوچ – انکے پاس اشتہارات دینے کیلئے تو پیسے نہیں ہیں ۔ ''نوائے وقت،، کو دینے کیلئے تو پیسے نہیں ہیں ۔

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

راؤ خورشید علی خان –جناب والا ۔ گورنمنٹ کی طرف سے ایک خالص سیاسی پراپیگنڈہ ایک سیاسی جماعت کے خلاف اور دوسری سیاسی جماعت کو فائدہ پہنچانے کیلئے انتہائی بد دیانتی کے ساتھ کیا گیا ہے ۔ اسکا Serious نوٹس لینا چاہئے تاکہ اس چیز کا سد باب ہو سکے ۔ حد یہ ہے کہ گورنمنٹ نے خود اس پبلیکیشن کو چھاپا ہے ۔ اور اسکے چھاپنے کے اخراجات برداشت کئے ہیں ۔ اور پھر جعلی ناموں سے اسے مشتہر کیا گیا ہے ۔ اور گورنمنٹ کے تمام محکموں کو کہا گیا ہے کہ اسے پھیلاؤ ۔ جماعت اسلامی کو بدنام کرو اور اسکے خلاف پروپیگنڈہ کرو ۔

Mr. Speaker : I hold the motion in order.

Rao Khurshid Ali Khan to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, carrying on political propaganda through Governmental machinery as disclosed from confidential letter No. C-78/10, dated 20-7-64 from Malik Hasib Ahmad, PRS, to all Divisional Superintendents including D. S. (Workshops) and extra Divisional Offices, P.W. Railway, which stated :—

"The under-mentioned number of copy/copies of the Pamphlets entitled "Pakistan Aur Jamaat-e-Islami" and "Jamaat-e-Islami Aur Qaumi Press" in Urdu are enclosed and may please be circulated amongst the officers and staff without revealing the source of supply."

Now I would request those Members who are in favour of leave being granted to rise in their places.

(As less than twenty-five members rose in their places, leave to move the motion was refused).

Mr. Speaker : Next motion by Mr. Iftikhar Ahmed Ansari.

Minister of Law : May we not now revert to the regular business? I hope the Leader of the Opposition will agree with me.

خواجہ محمد صفدر — ان کو ختم کر لینے دیجئے -

Mr. Speaker : Let this be the last one.

REFUSAL OF D.C. HYDERABAD TO PERMIT USE OF LOUDSPEAKER IN A MEETING TO BE ADDRESSED BY MADAR-I-MILLAT MOHTARIMA MISS FATIMA JINNAH

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari (Jhang-I) : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the refusal of the Deputy Commissioner, Hyderabad, to grant the permission for the use of loudspeaker in a public meeting to be held there on the 14th December and which was to be addressed by Madar-i-Millat, Mohtarima Miss Fatima Jinnah. This unwarranted and unlawful action of the Deputy Commissioner has not only inconvenienced lakhs of people who had collected there at the Jinnah Stadium but has also vitiated the political atmosphere required for fair and free Presidential Elections in the country.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): The motion is opposed on two grounds. Firstly, the facts are not correctly stated and, secondly, the action has been taken by the District Magistrate of Hyderabad, as alleged by the member, in the ordinary course of administration of the law. I did not hear the member to say that mere refusal is unwarranted or uncalled for. The facts as reported by the District Magistrate are these :

"It is not a fact that permission for use of loudspeakers in the public meeting to be addressed by Miss Fatima Jinnah at Hyderabad on 14-12-64 was refused. The fact is that late in the evening on the 13th December, 1964, an application was submitted by Nawab Muzaffar Hussain Khan, Secretary, Council Muslim League, for such a permission and the same was sent to the Superintendent of Police, Hyderabad, for a report. Next morning, before S.P's. report could be received, it was learnt that the idea of a public meeting was given up and, instead, an address of welcome by the local Advocates at The Sind Law College was arranged. Application for use of loudspeakers for this function was accordingly received and permission granted."

Sir, even the address by the law students was in honour of Miss Fatima Jinnah where the revered lady came and addressed the students. My submission is that application was made and permission given.

نواب زادہ افتخار احمد خاں — صدر گرامی - ہمارے لاء منسٹر صاحب نے متضاد بیانات دئیے ہیں - وہ فرماتے ہیں کہ تیرہ تاریخ کو درخواست دی گئی اور چودہ تاریخ کو یہ معلوم ہوا کہ جلسے کا Idea ختم کر دیا گیا ہے - یعنی ان کو کوئی اطلاع نہیں دی گئی - وہ یہ allege نہیں کرتے ہیں کہ جلسہ کرنے والوں نے ڈپٹی کمشنر کو واپسی کی درخواست دی ہے یا تحریری طور پر درخواست دی ہے کہ ہم جلسہ کرنے کے خواہش مند نہیں - بلکہ وہ صرف یہ کہتے ہیں کہ افسران نے یہ presume کر لیا کہ اب انہوں نے جلسے کا ارادہ ترک کر دیا ہے - اصل واقعہ یہ ہے کہ جلسہ کیا گیا اور باقی صاحب وہاں موجود تھے - اور وہ آپکو پورے واقعات بتائیں گے -

Minister of Law : I emphatically deny. No public meeting was held in Hyderabad on the 14th.

خواجہ محمد صفدر — ٹھیک ہے - اسی لئے نہیں ہے -

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر - میں نے تحریک التوا اسی موضوع پر دی ہوئی ہے - اس کا نمبر ۹۳ ہے - مجھے بھی اس چیز کی اجازت دی جائے کہ میں جناب وزیر قانون صاحب نے جو عذر ، اگر اسکو عذر کہا جا سکے، پیش کیا ہے اس کے بارے میں کچھ معروضات پیش کر سکوں -

مسٹر سپیکر — جی فرمائیے -

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر - ۱۰ دسمبر کے نوائے وقت میں یہ خبر پہلے صفحہ پر شائع ہوئی ہے -

"مادر ملت کے پبلک جلسہ کے لئے لاؤڈ سپیکر کی اجازت نہیں دی گئی۔ لاکھوں کے ہجوم کو جناح سٹیڈیم سے مایوس لوٹنا پڑا،،

"نمائندہ خصوصی نے اطلاع دی ہے کہ حزب اختلاف کی صدارتی امیدوار مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کو آج سہ پہر چار بجے یہاں جس جلسہ سے خطاب کرنا تھا مقامی سرکاری حکام نے اس میں لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت دینے سے انکار کر دیا۔ عوام دو بجے ہی لاکھوں کی تعداد میں جناح سٹیڈیم پہنچ گئے تھے لیکن لاؤڈ سپیکر کے بغیر ان تک آواز نہیں پہنچ سکتی تھی۔ اس لئے مادر ملت اس جلسہ میں تقریر نہ کر سکیں۔ جب چار بجے عوام کو اس صورتحال کا علم ہوا تو وہ مختلف گروہوں میں بٹ کر مختلف نعرے لگاتے ہوئے لاء کالج کے قریب جمع ہو گئے جہاں مادر ملت کو چھ بجے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے اجتماع سے خطاب کرنا تھا۔،،

جناب سپیکر۔ ہمارے وزراء صاحبان کیطرف سے جو بھی بیان دیئے جاتے ہیں، ان کا جہاں تک اس اسمبلی کی سابقہ روایات کا تعلق ہے، ان کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔ آپکی بہت سی رولنگ اسی قسم کی موجود ہیں جن میں کہا جاتا ہے کہ چونکہ گورنمنٹ نے حقائق سے انکار کیا ہے لہذا تحریک التوا مسترد کی جاتی ہے۔ لیکن اگر ان کے بیانات کو اس قدر اہمیت حاصل ہے کہ ان کی طرف سے غلط حقائق پیش کئے جائیں تو میں سمجھتا ہوں یہ مجرمانہ رویہ ہے۔ جبکہ خاص طور پر اس قسم کے معاملات میں جیسا کہ صوبہ یا ملک کی آزادی کا تعلق ہے اور خاص طور پر ان ایام میں جبکہ ہمارے ملک میں صدر کا انتخاب ہونے والا تھا ایک صدارتی امیدوار کے ساتھ اگر اس قسم کا سلوک کیا جاتا ہے۔ آپ خود اندازہ لگائیں اس ملک میں کس قسم کی جمہوریت قائم ہے۔ یہ ہمارے وزراء کرام ہیں انہوں نے ہماری انتظامیہ کو کنٹرول کرنا ہے۔ میں تو سمجھتا ہوں آپ تو انتظامیہ کو خواہ مخواہ موردالزام ٹھہراتے رہے ہیں وہ جو کچھ کرتے ہیں ان کے اشارے پر کرتے ہیں۔ ان کو خوش کرنے کے لئے کیا جاتا ہے۔ اور وہ الزام جو ہمیشہ آپوزیشن کی طرف سے درست طور پر لگایا جاتا ہے کہ اس ملک میں جمہوریت نام کو بھی نہیں۔ یہ ڈکٹیٹر شپ ہے

اور بڑی ڈھٹائی کے ساتھ اس ملک میں ڈکٹیٹرانہ رویہ کے مطابق کام کیا جاتا ہے۔

میر عبدالباقی بلوچ (مکران۔۱) — جناب سپیکر۔ وزیر قانون صاحب نے نہایت ہی دیدہ دلیری سے غلط بیانی کی ہے اور مجھے افسوس ہے کہ حکومت کا اتنا بڑا ذمہدار رکن جو خود بھی حیدر آباد سے ہو اور جان بوجھ کر غلط بیانی کرے، میں یہ مان نہیں سکتا۔

Minister of Law : I was not at Hyderabad. I was here.

میر عبدالباقی بلوچ — میں نہیں مان سکتا کہ اس علاقہ سے آیا ہوا وزیر اپنے علاقے کی باتیں نہیں جانتا۔

جناب والا۔ ۳۱ تاریخ کو میں حیدر آباد میں موجود تھا۔ وہاں مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کے جلسہ میں مجھے بھی خطاب کرنا تھا۔ صبح ہمیں بتایا گیا کہ جلسہ ہو گا اور دوپہر کو ہمیں یہ بتایا گیا کہ اجازت نہیں ملی۔ انہوں نے اجازت دینے سے انکار کر دیا ہے۔ عوام بےحد پریشان رہے۔ لیکن اسی شام لاء کالج میں بار ایسوسی‌ایشن کا ایک جلسہ تھا۔ لوگوں کو یہ پتہ چلا کہ پبلک مٹینگ کی اجازت نہیں ملی ہے۔ لوگ کافی دور سے اور باہر سے آئے ہوئے تھے۔ انہوں نے مجبوراً لاء کالج پر ہلہ بول دیا۔ جب مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح بار ایسوسی‌ایشن کو خطاب کرنے کیلئے لاء کالج پہنچی وہاں کوئی دو لاکھ آدمی جمع تھے۔ وہاں اسقدر بھیڑ تھی کہ مادر ملت کو لاء کالج کے اندر پہنچنے میں ایک گھنٹہ لگا۔ اتنے دھکم پیل کے بعد وہ بیچاری اندر پہنچی۔ میں سمجھتا ہوں اگر ان کا صدارتی امیدوار ہوتا تو وہ وہیں سے اتنی بھیڑ دیکھ کر بھاگ جاتا۔ یہ جناب انہوں نے جان بوجھ کر اس لئے Confusion پیدا کی تھی کہ لوگ بددل ہو جائیں اور وہاں فساد ہو جائے۔ لیکن ہم نے نہایت تحمل سے لوگوں کو سمجھایا کہ وہ واپس چلے جائیں۔ اس کے باوجود انہوں نے کیا کیا کہ ڈنڈے دے کر غنڈوں کو وہاں بھیجا .....

Minister of Law : How is that relevent for the purpose of discussing that motion.

میر عبدالباقی بلوچ — یہ اسی کا حصہ ہے ۔ آپ کو تکلیف کیوں ہو رہی ہے ۔ جناب والا حقیقت یہ تھی کہ ڈپٹی کمشنر نے انکار کر دیا تھا ۔ تمام حزب اختلاف کو بتایا ، مادر ملت کو بتایا اور اس کے باوجود آپکے وزیر قانون اس ایوان میں ایسی غلط بیانی کریں تو میں سمجھتا ہوں یہ پھر اخلاق کمزوری کی نشانی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب آپ بھی بولیں گے ؟

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔۱)— جناب والا ۔ محترم وزیر قانون نے اس تحریک التوا پر دو اعتراضات کئے ہیں ۔ ایک یہ تھا کہ جو واقعات تحریک التوا میں بیان کئے گئے ہیں وہ غلط ہیں ۔ اس کے متعلق ہی میں عرض کروں گا ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ پارلیمنٹ اور اسمبلیوں کی ڈیبیٹ کی کتابیں اس قسم کی رولنگ سے پر ہیں کہ جب گورنمنٹ واقعات سے انکار کر دے تو سپیکر صاحبان گورنمنٹ کی اس Statement کو درست تسلیم کرتے اور تحرک التواء کو خلاف قاعدہ قرار دے دیتے ۔ ماسوائے اس صورت میں جب معزز ممبر حکومت کے دعویٰ کے خلاف کوئی ثبوت پیش کر دے۔ اس قسم کے تمام رولنگ کی بنیاد دراصل یہ ہے کہ حکومت کی طرف سے جو بیان بھی اس معزز ایوان یا دوسرے معزز ایوانوں میں دیا جاتا ہے وہ پوری ذمہ داری کے بعد ، پوری چھان بین کے بعد ، حق و صداقت پر مبنی بیان دیا جاتا ہے ۔ اپنی کسی کمی یا خامی کو چھپانے کیلئے، کسی غلط اقدام پر پردہ پوشی کرنے کیلئے حالات کو توڑ مروڑ کر غلط طریق پر پیش کیا جاتا ہے ۔ یہ Presumption ہے حکومت کیطرف سے کہ جو Statement آئے گی وہ نہایت دیانتداری پر مبنی ہو گی اور اسی Presumption کی بنا پر جناب والا آپکے پیش رو، اس اسمبلی یا دوسری اسمبلیوں یا پارلیمنٹ میں، سپیکر صاحبان نے اس قسم کی رولنگ دی ہیں ۔ لیکن یہاں تو حساب الٹا ہے ۔ ہم ہر روز دیکھتے ہیں کہ نہایت ہی غیر ذمہ دارانہ طریقے سے

ٹریزری بنچوں سے سوالات کے جوابات غلط دیئے جاتے ہیں۔ ان پر تحریک استحقاق اس ایوان میں پیش ہو چکی ہیں۔ اس طرح تحریک التوا کے سلسلہ میں خصوصیت سے حالات کو توڑ مروڑ کر بیان کیا جاتا ہے اور کسی نہ کسی طرح ان حالات میں ، ان تحریک التوا میں سے نکلنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ یہ قطعاً دیانتداری پر مبنی نہیں ہے۔ اس لئے جناب والا۔ ان پرانی رولنگ کے مطابق میرے دوست کے بعض بیانات پر یقین کر لینا یہ کسی طور پر بھی درست نہیں ہو گا۔ کیونکہ ہم ان کے بیانات ہر روز دیکھتے ہیں۔ کہ انکی کیا وقعت اور قدر و قیمت ہے۔

Mr. Speaker: Should we make rule that we should .....

Khawaja Muhammad Safdar: No. No, not al all, not all ways.

لیکن یہ sift کر لینا چاہئے۔ اگر ہماری جانب سے کوئی واضح ثبوت پیش کیا جائے تو اس ثبوت کو قبول کر لینا چاہئے۔

Decisions from the chair Vol I 21—40, page 18, Ruling 26.

"A member desired to move the adjournment of the House to discuss the forcible occupation by the military of a Moslem Idgah in the Central Provinces. After hearing the Government Member, the President said that the Government denied the correctness of the facts stated in the motion and he had to accept Government Member's statement

لیکن ایک Proviso ساتھ ہے۔

unless there was any proof to the contrary.

تو جناب ہم ایسی Press Reports پیش کر رہے ہیں جن کو آج تک deny نہیں کیا گیا۔ اس لئے ان کا پہلا اعتراض درست نہیں۔

Thank you very much.

قاضی محمد اعظم عباسی — جناب والا۔ میں حیدر آباد کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

مسٹر سپیکر — سوال admissibility کے متعلق ہے۔

Yes in one minute please.

قاضی محمد اعظم عباسی (حیدر آباد ۔۱) :— جناب صدر ۔ بلوچ صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ حزب اختلاف کے لیڈران نے ان کو یہ بتایا کہ ان کو Permission refuse کر دی گئی ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ میں اس وقت ڈپٹی کمشنر کے پاس موجود تھا جب کہ نواب مظفر صاحب دوسری درخواست Law College کے function پر لاؤڈ سپیکر کی Permission کیلئے لائے تھے ۔ تو ڈپٹی کمشنر نے ان سے یہ کہا کہ آپکی پہلی درخواست pending ہے ۔ اس پر ابھی ہمیں فیصلہ کرنا ہے ۔ ایس ہی صاحب سے ابھی درخواست آ رہی ہے ۔ آپ یہی درخواست وہاں کیوں نہیں کر رہے ۔ تو اس پر انہوں نے جواب دیا کہ وکلا صاحبان نے ہمیں مجبور کیا ہے کہ محترمہ ہمیں address کریں ۔ اس لئے ہم اسے postpone کر رہے ہیں اور اس کیلئے اجازت لے رہے ہیں ۔ چنانچہ ڈپٹی کمشنر نے ان سے درخواست لے کر ان کو لاؤڈ سپیکر کی اجازت دیدی ۔ بلوچ صاحب نے فرمایا ہے کہ اگر ان کا صدارتی Candidate ہوتا تو وہ وہاں سے بھاگ جاتا ۔ لیکن میں عرض کر دوں کہ وہ ان کے ہی صدارتی Candidate تھے ۔ دراصل محترمہ نے وہاں تقریر کرنے سے انکار کر دیا ۔ انہوں نے کہا کہ یہ Lawyers کی میٹنگ نہیں ہے ۔ یہ تو ہنگامہ ہے میں اسے address نہیں کروں گی ۔ (خوب ۔ خوب کی آوازیں) ۔

Mr. Speaker: There are contradictory versions about the facts which have been alleged by the learned mover and that which have been stated by the Law Minister. Without basing my ruling on that ground I hold that the action proposed to be discussed in this motion has been taken in the ordinary administration of Law.

The motion is, therefore, ruled out of order.

We will take up the rest of the adjournment motions tomorrow.

PRESENTATION OF REPORTS OF THE STANDING/SELECT COMMITTEES

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, I beg to present the Report of the Select Committee on the West Pakistan (Amendment and Revival of Civil Laws) Bill, 1963.

Mr. Speaker: The report of the Select Committee on the West Pakistan (Amedment and Revival of Civil Laws) Bill, 1963, stands presented to the House.

Minister of Law: I beg to present the Report of the Standing Committee on Industries and Commerce on the Provincial Industrial Development (West Pakistan) (West Pakistan Amendment) Bill, 1964.

Mr. Speaker: The Report of the Standing Committee on Industries and Commerce on the Provincial Industrial Development (West Pakistan Amendment) Bill, 1964, stands presented to the House.

علامہ رحمت اللہ ارشد - جناب صدر — میں آپکی اجازت سے مسودہ قانون قومی زبان مغربی پاکستان مصدرہ ۱۹۶۴ء کے بارہ میں مجلس منتخبہ کی رپورٹ پیش کرتا ہوں -

Mr. Speaker: The Report of the Select Committee on the West Pakistan National Language Bill, 1963, stands presented to the House.

Next, Babu Muhammad Rafiq (Not present). Next, Sahibzadi Mahmooda Begum.

صاحبزادی محمودہ بیگم — جناب والا - میں آپکی اجازت سے مسودہ قانون (ترمیم مغربی پاکستان) ملازمین تجارتی ادارہجات مصدرہ ۱۹۶۳ء کے بارہ میں مجلس قائمہ برائے سماجی بہبود کی رپورٹ پیش کرتی ہوں -

Mr. Speaker : The Report of the Standing Committee on Social Welfare on the Punjab Trade Employees (West Pakistan Amendment) Bill 1963 stands presented to the House.

Next Rai Mansab Ali Khan Kharal (Not Present). Next Khwaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to present the Report of the Standing Committee on Home Affairs on the West Pakistan Criminal Law (Amendment) Act (Repeal) Bill, 1964.

Mr. Speaker : The Report of the Standing Committee on Home Affairs on the West Pakistan Criminal Law (Amendment) Act (Repeal) Bill, 1964, stands presented to the House.

Next, Sardar Muhammad Ramzan Khan Drishak (not present). Next, Amir Habibullah Khan Saadi.

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جناب صدر - میں آپکی اجازت سے مسودہ قانون (انسداد) حادثات سڑک مغربی پاکستان مصدرہ ۱۹۶۴ء کے بارہ میں مجلس قائمہ برائے مواصلات وتعمیرات کی رپورٹ پیش کرتا ہوں -

Mr. Speaker : The Report of the Standing Committee on Communications and Works on the West Pakistan Road Accidents (Minimising) Bill, 1964 stands presented to the House.

Next motion again by Mr. Saadi.

امیر حبیب اللہ خان سعدی — جناب صدر - میں آپکی اجازت سے مسودہ قانون (اعتراف خدمات برائے حصول آزادی) مغربی پاکستان مصدرہ ۱۹۶۴ء کے بارہ میں مجلس قائمہ برائے قانون و پارلیمانی امور کی رپورٹ پیش کرتا ہوں -

Mr. Speaker : The Roport of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the West Pakistan (Independence Recognition of Service) Bill, 1964 stands presented to the House.

Next Rai Mansab Ali Khan Kharal. (Not present). Mr. Hamza

Mr. Hamza : Sir, I beg to present the Report of the Standing Committee on Home Affairs on the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1963.

Mr. Speaker : The Report of the Standing Committee on Home Affairs on the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1963, stands presented to the House. Mian Abdul Latif.

Mian Abdul Latif : Sir, I beg to present the Report of the Standing Committee on Home Affairs on the Pakistan Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill, 1963.

Mr. Speaker : The Report of the Standing Committee on Home Affairs on the Pakisian Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill, 1963, stands presented to the House. Major Abdul Majid Khan.

Major Abdul Majid Khan : Sir, I beg to present the Report of the Standing Committee on Social Welfare on the West Pakistan Eradication of Child Beggary Bill, 1963.

Mr. Speaker : The Report of the Standing Committee on Social Welfare on the West Pakistan Eradication of Child Beggary Bill, 1963, stands presented to the House.

Major Abdul Majid Khan : Sir, I beg to present the Report of the Standing Committee on Social Welfare on the Workmen's Compensation (West Pakistan Amendment) Bill, 1963.

Mr. Speaker : The Report of the Standing Committee on Social Welfare on the Workmen's Compensation (West Pakistan Amendment) Bill, 1963, stands presented to the House.

Next, Babu Rafiq. (Not present). Next, Maulana Ghulam Ghaus. (Not present). Next Chaudhri Abdul Rahim. (Not present). Mr. S.M. Sohail.

Mr. S.M. Sohail : Sir, I beg to present the Report of the Standing Committee on Public Accounts on the Appropriation Commercial and Finance Accounts of the Government of West Pakistan for the year 1957-58 and the Audit Report thereon.

Mr. Speaker : The Report of the Standing Committee on Public Accounts on the Appropriation, Commercial and Finance Accounts of the Government of West Pakistan for the year 1957-58 and the Audit Report thereon stands presented to the House.

COMMERCIAL ACCOUNTS OF THE GOVENMENT OF WEST PAKISTAN FOR THE YEAR 1959—60 AND THE AUDIT REPORT 1961 (*laid in the table*)

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq) : Sir, as required by Article 198 sub-section (2) of the Constitution of the Islamic Rupublic of Pakistan I beg to lay on the Table of the Assembly the Commercial Accounts of the Government of West Pakistan for the year 1959-60 and the Audit Report 1961.

EXTENSION IN TIME FOR THE PRESENTATION OF STANDING COMMITTEE REPORTS

Mr. Speaker : There is one more motion by Mr. Sohail.

Minister of Law : It is not on the Order of the Day.

Mr. S.M. Sohail : Sir I beg to move :

That the time for the presentation of the following Reports of the Standing Committee on Public Accounts and Financial Accounts of the Government of West Pakistan be extended upto the 31st December, 1965.

(i) Appropriation, Finance and Commercial Accounts for the year 1958-59.

(ii) Appropriation, Finance and Commercial Accounts for the year 1960-61.

(iii) Appropriation, Finance and Commercial Accounts for the year 1961-62.

Mr. Speaker: The question is—

That the time for presentation of the Report of the Standing Committee on Public Accounts and Financial accounts of the West Pakistan be extended upto 31st December, 1965.

(1) Appropriation, Finances and Commercial Accounts for the year 1958-59.

(2) Appropriation, Finances and Commercial Accounts for the year 1959-60.

(3) Appropriation, Finances and Commercial Accounts for the year 1960-61.

(4) Appropriation, Finances and Commercial Accounts for the year 1961-62.

(*The motion was carried*).

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN HORSE RACE BETTING TAX (SECOND AMENDMENT) ORDINANCE 1964.

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq) : Sir, I beg to move—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Horse-Race Betting Tax (Second Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 1st August, 1964.

Mr. Speaker: Motion moved is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Horse-Race Betting Tax (Second Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 1st August, 1964.

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاولپور—۲) — Opposed ۔ جناب صدر۔ اس حقیقت کو بار بار دھرانے کی ضرورت نہیں کہ آئین کے اندر قانون سازی کے اختیارات محدود ہیں ۔ اور ہمارے آئین کے اندر نہایت ہی وضاحت کے ساتھ لکھ دیا گیا ہے کہ ہم کوئی قانون اسلامی ضابطہ اور اسلامی تعلیمات کے خلاف نہیں بنا سکتے ۔ اس وقت جو ہنگامی قانون اس ایوان میں

زیر غور ہے وہ واضح طور پر اسلام اور اسکی تعلیمات کے خلاف ہے ۔ میں جناب کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ امیر حبیب اللہ خان سعدی صاحب نے ایک مسودہ قانون پیش کیا جس کا تقاضا یہ تھا کہ گھوڑ دوڑ پر شرط باندھنا ممنوع قرار دی جائے ۔ جسے وزیر قانون صاحب نے ایڈوائزری کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کی طرف بھیج دیا ۔ اس کونسل کی طرف سے واضح ہدایت کے بعد کہ گھوڑ دوڑ پر شرط باندھنا قطعی طور پر اسلامی تعلیمات کے خلاف ہے ۔ ایسا قانون پیش کرنا نا واجب ہے ۔

"In the opinion of the Council gambling of all sorts is prohibited irrespective of the fact that it is done in a public palce or a private place. Betting on a horse-race on which a betting tax is levied by the Government is included in gambling.

ایک اخلاق اور سیاسی ظلم یہ حکومت پہلے ہی اس ملک کے ساتھ کر رہی ہے ۔ جو ملک اسلام کے نام پر اسلامی تعلیمات کو بروئے کار لانے کے لئے ، اور اسلامی نظام حیات کو بروئے کار لانے کے لئے اور اسلامی قانون کے نفاذ کے لئے بنایا گیا تھا اب اسی ملک کے بنانے کے لئے قرارداد جس جگہ پر پاس ہوئی تھی وہاں پر ایک یادگار تعمیر کی جا رہی ہے ۔ اس کا صرفہ اور اس کے لئے اینٹ گارے کا خرچ گھوڑ دوڑ سے جمع کیا گیا ہے ۔ اس چیز سے اس صوبہ کے ساتھ، اس قرارداد کے ساتھ اور پاکستان کے ساتھ بہت بڑا ظلم ہے ۔ میں نے اس وقت بھی ایوان کے اندر عرض کیا تھا ۔

راؤ خورشید علی خان — جناب سپیکر ۔ ہاؤس میں کورم نہیں ۔

Mr. Speaker: The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is now in quorum.

علامہ رحمت اللہ ارشد — اس وقت بھی میں نے حکمران جماعت کے سامنے اپنا نقطہ نظر پیش کیا تھا ۔ اس کے بعد دوبارہ موقع آیا اور جناب امیر حبیب اللہ خان سعدی صاحب نے اپنا مسودہ قانون پیش کیا ۔ اس کو بھی معرض التوا میں ڈالنے اور تاخیر و تعویق کے لئے اسلامی مشاورتی کونسل کے پاس بھیج دیا ۔ اس میں یہ تھا کہ جوا خواہ کسی قسم کا ہو اور

خوا کسی جگہ پر ہو، اسلام کے نقطہ نظر سے حرام ہے ۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ حکمران جماعت نے گذشتہ تین یا پونے تین سال کے اندر یہ طے کیا ہوا ہے ۔ کہ اکثریت کے بل بوتے پر جو سمجھ میں آئے وہ اس ہاؤس سے پاس کرالے ۔ خواہ دوسرے ہی دن اسے ناکارہ پرزے کی حیثیت سے پرے پھینک دیا جائے ۔ جب لاؤڈ سپیکر کے قانون کو عدالتوں نے کالعدم قرار دے دیا تو دوبارہ لگا دیا گیا ۔ اب وہ بھی عدالت میں چیلنج کیا ہوا ہے ۔ ان حالات کے پیش نظر حکومت نے کسی قانون کو کالعدم ، خلاف قانون یا خلاف اسلام قرار دینے کے کام کو پارلیمنٹ کے سپرد کر دیا ہے ۔ تو گویا اس حکمران جماعت کا مطلب اور منشا یہ ہے کہ جو قانون اکثریت کی بنا پر یہاں پاس ہو جائے ہم اسے عدالتوں میں لے جائیں اور وکیل کی بحث کے بعد عدالتیں اس کا فیصلہ کریں ۔

جناب صدر ۔ قانون سازی کا شائستہ اور معروف طریقہ یہ ہے کہ جب قانون سازی ہمارے حدود و اختیار سے باہر ہو تو ہم اس قانون سازی سے باز رہیں ۔ اس لئے میں آپ کے توسط سے عرض کروں گا کہ اس مسودہ قانون کو واپس لے لیا جائے ۔ اب اگر یہ عدالتوں میں چیلنج ہوا تو پھر کالعدم قرار دیا جائے گا کیونکہ یہ کلیتاً اسلام کے خلاف ہے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ —۱)— جناب والا ۔ اس صوبہ کا ہر فرد چہ جائیکہ میں اپنے معزز دوست کے متعلق عرض کروں ، اس امر کو بخوبی جانتا ہے کہ اس ایوان کو کس غرض سے معرض وجود میں لایا گیا تھا ۔ اس ملک میں کونسا ایسا انسان ہے جو صوبائی اسمبلی کی غرض و غایت سے واقف نہ ہو ۔ سبھی جانتے ہیں کہ اس کی غرض و غایت یہ ہے کہ یہاں عوام کے منتخب نمائندے آئیں ۔ اگر انہیں ایسا کہا جا سکتا ہے تو مجھے انتہائی خوشی ہوتی اور میرا سر فخر سے بلند ہوتا اگر ہم حق بالغ رائے دہی کی بنا پر اس ایوان میں بیٹھے ہوتے ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یسین خان وٹو) — اب آپ اپنے آپ کو کیا سمجھتے ہیں ۔

راؤ خورشید علی خان — پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ وزیر صاحب نے ایک بڑا pertinent سوال کیا ہے ۔ ان کو معلوم نہیں جب ہم انتخاب لڑ کر آئے تھے ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر — آپ تشریف رکھیں ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

وزیر خزانہ — آپ منٹگمری کی لڑائی یہاں کیوں لے آئے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس معزز ایوان کے معزز اراکین کا اولین اور آخری فرض یہ ہے کہ وہ اپنی فہم و فراست اور جو عقل انکو خدا نے دی ہے، اسکے ذریعہ وہ اس صوبے کے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے قانون سازی کریں ۔ یہ ادارہ قانون سازی کیلئے معرض وجود میں آیا ہے۔ اسکا اور کوئی کام نہیں ہے اسکے ذمہ اور کوئی فرض عائد نہیں ہوتا ۔

وزیر خزانہ — کیوں نہیں ہوتا ۔

خواجہ محمد صفدر — شاید یہ میرے دوست کہیں گے کہ اسکے ذمہ یہ فرض بھی عائد ہوتا ہے کہ وہ بجٹ کے ذریعے اس صوبے کے اخراجات کو کنٹرول کر سکتا ہے اور تبدیل کر سکتا ہے ۔ میں مانتا ہوں کہ یہ نہایت اہم فرض ہے لیکن جہاں تک قانون سازی کا تعلق ہے کوئی بھی دوست اس سے انکار نہیں کریگا کہ وہ محض اس ایوان کی قدرت میں ہے اور اس ایوان کے فرائض میں ہے ۔ کسی اور شخص کے فرائض میں نہیں ہو سکتا اور نہیں ہونا چاہئے ۔ جمہوریت کی کوئی معروف صورت کیوں نہ ہو ۔ وہ صدارتی نظام ہو یا کابینہ کا نظام جسے کیبنٹ سسٹم کہتے ہیں ۔ اس دنیا میں دو ہی معروف طریقے رائج ہیں ۔ ان میں سے کسی کو لے لیجئے آپ یہ محسوس کریں گے اور آپ یہ پائیں گے کہ دونوں صورتوں میں ہر صورت میں مقننہ کے پاس ہی وہ اختیارات ہوتے ہیں جسے قانون سازی کے اختیارات کہتے ہیں ۔ انگلستان میں پارلیمنٹ کے پاس یہ اختیارات ہیں اور کسی ادارے کے پاس

یہ اختیارات نہیں ہیں ۔ وہاں کیبنٹ سسٹم رائج ہے ۔ جمہوریت کی معروف قسم ہے حالانکہ یونائیٹڈ سٹیٹس میں صدارتی نظام رائج ہے لیکن وہاں قانون سازی کے جملہ اختیارات بلا استثنیٰ گورنر کو حاصل ہیں ۔ امریکن پریذیڈنٹ کو قطعاً کسی قانون سازی کا اختیار نہیں ہے اور اسی طرح آپ ان دونوں قسم کی حکومتوں کو خواہ وہ دنیا کے کسی حصہ میں ہوں، ماسوائے ان ملکوں کے جو کہ ایک عرصہ تک انگریزوں کی غلامی میں رہ چکے ہیں ہر ملک میں آپ یہ پائیں گے کہ قانون سازی کے اختیارات صرف اور صرف مقننہ کو حاصل ہیں۔ اسمیں کوئی تنازع نہیں اسمیں کوئی جھگڑا نہیں کہ جمہوری نظام صدارتی ہو یا کیبنٹ سسٹم ہو ان دونوں نظاموں میں کوئی جھگڑا نہیں ہے ۔ آپ دونوں نظاموں میں یہ بات مشترک پائیں گے۔

جناب والا ۔ ہمارے یہاں کیا صورت حال ہے میں اپنی جانب نہیں، میں ایک بہت ہی ادنیٰ اور حقیر انسان ہوں ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یسین خان وٹو)— یہ کسر نفسی نہ فرمائیے۔

خواجہ محمد صفدر — میں اپنی طرف سے اس ملک کے نظام کے متعلق کسی قسم کی کوئی گذارش نہیں کرتا ہوں بلکہ میں اس ملک کے سربراہ اور صدر مملکت کی زبان ہی سے آپ کی خدمت میں کچھ عرض کرنے کی جسارت کرونگا ۔ میرے ہاتھ میں منشور نامہ کا ایک پمفلٹ ہے جو فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے صدارتی امیدوار کی حیثیت سے شائع کیا ہے۔ اسکے صفحہ ۱۱ پر یہ عبارت ہے :—

''ہمارا واحد مقصد یہ ہے کہ عوام کی حاکمیت قائم ہو پاکستان ترقی کرے۔ پاکستان کے عوام خوشحال زندگی بسر کر سکیں'' ۔ پہلے مقصد کو واحد مقصد لکھا ہے لیکن مقاصد اسمیں تین موجود ہیں۔ بہر حال ان میں ایک یہ ہے کہ عوام کی حاکمیت قائم ہو اور جمہوریت کی کوئی تعریف کر لی جائے ۔ پولیٹیکل سائنس کی کوئی کتاب کو اٹھا کر اسمیں جمہوریت

کی تعریف دیکھ لی جائے عوام کی حاکمیت سب پر آپ کو درج ملے گا۔ یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ جہاں عوام کی حاکمیت ہو گی ۔ وہ طرز حکومت جمہوری ہو گا خواہ وہ صدارتی ہو یا دوسری قسم ۔ یہ اپنے اپنے حالات ہیں جسے کوئی مناسب سمجھے بنائے لیکن اسبات سے' اس خواہش سے' اس مقصد کا اظہار ہو جاتا ہے جو جناب صدر مملکت نے اپنے منشور میں فرمائی ہے ۔ کہ اگر یہاں جمہوریت نہیں تو کم سے کم اسکو قائم کرنے کی خواہش ضرور ہے ۔ لیکن اسمیں جناب صدر کو یہ دعویٰ ہے کہ یہاں جمہوریت قائم ہے ۔ مجھے ان سے اختلاف ہے یہ علیحدہ بات ہے ۔ لیکن انکااپنادعویٰ یہ ہے کہ یہاں جمہوریت قائم ہے ۔ جناب والا ۔ میرے ہاتھ میں ایک مقامی اخبار ہے ۔ یہ اخبار ۱۹ اکتوبر ۱۹۶۴ء کا ہے اسمیں گجرات کے جلسہ کی رپورٹ درج ہے اور اسکی سرخی یہ ہے ۔

''اس سے پہلے پاکستان میں اتنا مکمل جمہوری نظام کبھی رائج نہیں تھا ''

ایک آواز — بالکل ٹھیک ہے ۔

خواجہ محمد صفدر — اسکے آگے اس رپورٹ میں یہی سرخی جناب صدر کی تقریر کا ایک حصہ ہے اور اسکے آگے جناب صدر فرماتے ہیں کہ ''کون کہتا ہے کہ اس ملک میں جمہوریت موجود نہیں ۔ اس سے قبل ملک میں اتنا مکمل جمہوری نظام کبھی رائج نہیں تھا۔'' یہی نہیں بلکہ ایک اور ۔ میں زیادہ آپکی سمع خراشی نہیں کروں گا ۔ اس مسئلے کے متعلق مثال کے طور پر ایک دو انکے ارشادات گرامی آپکی خدمت میں پیش کروں گا ۔ چاٹگام کے تعارفی جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے سابقہ صدارتی امیدوار اور صدر مملکت نے ارشاد فرمایا کہ میری حکومت کے تحت پاکستان میں آزاد جمہوریت ختم نہیں ہوئی بلکہ بدستور موجود ہے ۔ تو میری گذارش ان دو تین حوالوں سے یہ ہے کہ یہ دعویٰ کہ اس ملک میں جمہوریت قائم ہے کسی چھوٹے آدمی کا نہیں ، اس ملک کے سربراہ کا دعویٰ ہے کہ اس ملک میں جمہوریت قائم ہے ۔ جب اس دعوے کو سامنے رکھیں تو پھر لازم

ہے کہ ہم عمل کیطرف آئیں گے اور اس کو عمل سے پرکھنے کی کوشش کریں گے کہ آیا یہ دعویٰ درست ہے یا غیر درست ہے نا درست ہے یا غلط ۔ جناب والا۔ جمہوریت کے متعلق میں نے ابھی ابھی عرض کیا تھا کہ اس کی بنیادی چیز یہ ہے کہ مقننہ صرف قانون سازی کرتی ہے اور اگر یہ جمہوریت ہے اور یہ بھی مقننہ قانون سازی یقیناً کرتی ہوگی لیکن ہم دیکھتے کیا ہیں ۔ جناب والا میں کیا یاد دلاؤں ہم نے اس ایوان میں بیٹھ کر ۶۴ آرڈیننس منظور کئے ۔

وزیر تعلیم — منظور کئے تو قانون سازی ہوگئی ۔

خواجہ محمد صفدر — لیکن افسوس کہ جناب وزیر تعلیم صاحب جن کے متعلق خاصے اچھے پڑھے لکھے ہونے کا شبہ ہے وہ اس شبہ کو دور کر رہے ہیں ۔

وزیر تعلیم — انہیں خود اپنے نمائندہ ہونے کا شبہ ہے ۔

خواجہ محمد صفدر — میں بی ڈی ممبرز کا نمائندہ ہوں ۔

وزیر تعلیم — جناب والا ۔ اسمبلی کے انتخابات قریب آ رہے ہیں اور اس اسمبلی کی term بھی آخری ہے اور پھر بھی خواجہ صاحب شبہات کے سمندر میں ڈوبے چلے جا رہے ہیں ۔

وزیر خزانہ — خواجہ صاحب بیڑی کے پتوں کے نمائندے ہیں ۔
(قہقہہ)

خواجہ محمد صفدر — ماشا اللہ کیا خوب فرمایا جناب شیخ نے ۔ تو جناب والا میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس صوبے میں تقریباً ڈھائی سال ہے یہ معزز ایوان معرض وجود میں آیا ہوا ہے اور اس ڈھائی سال کے عرصے میں اس معزز ایوان نے اپنے اولین اور آخری فرائض کو کس طرح ادا کیا اس کے متعلق میں عرض کر رہا ہوں ۔ سابقہ سال میں تقریباً ۶۴ آرڈیننس

پاس کئے ۔ تقریباً ہر ہفتہ میں ایک آرڈیننس ۔ سال کے ۵۲ ہفتے ہوتے ہیں آپ نے چھ کی کمی رہنے دی ۔ افسوس ہے ۔ ہر ہفتے اوسطاً ایک آرڈیننس اس صوبہ میں نافذ ہوتا رہا ہے اور اس سال ۲۷ آرڈیننس ہیں ۔

وزیر خزانہ — بہت کم ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر — ہر پندھرواڑے میں ایک آرڈیننس ۔

Minister of Finance : Improvement.

خواجہ محمد صفدر — تو جناب والا میرے دوست بار بار یہ ارشاد فرما رہے ہیں کہ چونکہ اسمبلی نے انہیں منظور کر لیا ہے ۔ لہذا قانون سازی کا جو مقصد و مطلب تھا وہ پورا ہو گیا ۔ میرے دوست خوب جانتے ہیں کہ انگلستان کے بادشاہ کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ آرڈیننس بنا کر ہاؤس آف کامنز یا پارلیمنٹ میں بھیجے ۔ جمہوری اس کا نظام ہے اور میں بھی یہاں جمہوریت کے مسئلے کے متعلق ذکر کر رہا ہوں اور جس کا ذکر جناب صدر صاحب نے اپنی تقریروں اور منشور میں کیا ہے ۔ میں ان تمام باتوں کے متعلق عرض کروں گا اور میں نے پہلے ہی گذارش کر دی تھی کہ ماسوائے ان ممالک کے جو انگریز کی غلامی سے آزاد دو پانچ دس یا بیس سال میں ہوئے ہیں آپ کسی سربراہ مملکت کو یا اس کے کسی لیفٹننٹ کو ان اختیارات کے ساتھ نہیں پائیں گے ۔ میں ابھی آتا ہوں اس طرف ابھی آتا ہوں ۔ تو جناب والا یہ جمہوریت جس میں جس ارادے، جس ایوان کا جو فریضہ ہے اس کو چھین کر لا ڈیپارٹمنٹ کے چند افسران کے حوالے کر دیا گیا ہے کہ وہ قانون سازی کریں اور ہم اس پر ربڑ کی مہر کی طرح ٹھپہ لگاتے جائیں ۔ لا ڈیپارٹمنٹ کا فرض ہے کہ قانون سازی کے متعلق مشورہ دے لیکن آج وہ قانون ساز ادارہ بن گیا ہے اور ہماری حیثیت مشیر کی سی بھی نہیں رہی ۔ ہماری حیثیت ٹھپہ لگانے والے کی طرح کی بن گئی ہے ۔ یہ کس قدر دیدہ دلیری، کس قدر بڑا دھوکا اس ایوان کے حقوق پر ہے کہ

لا ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین بڑے ہوں یا چھوٹے ہوں میرے دل میں ان کا بڑا احترام ہے جہاں تک احترام کا تعلق ہے لیکن جہاں تک ہمارے وہ فرائض غصب کرنے کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ میں اس کے متعلق عرض کر رہا ہوں کہ وہ اپنے حدود سے بہت آگے بڑھ گئے ہیں۔ انہوں نے تو ہمیں محض ایک مشیر کی حیثیت میں، ایک ایکسپرٹ کی حیثیت میں مشورہ دینا تھا تاکہ قانون سازی میں کوئی سقم نہ رہے۔ جہاں کچھ غلط الفاظ ہم استعمال کر جائیں وہ انکی اصلاح کر دیں۔ لیکن دو اڑھائی سال سے انہوں نے قانون سازی اپنے قبضہ میں لے لی ہے اور اس ایوان کا جو مقام اور جو غرض و غایت اس ایوان کی تھی، وہ چھن گئی ہے۔ میں اس سے پہلے بھی اس ایوان میں اس موضوع پر اپنی گذارشات وقتاً فوقتاً پیش کرتا رہا ہوں لیکن افسوس ہے کہ میرے محترم دوستوں نے اپنے اختیارات کو نہیں پہنچانا۔ اپنے فرائض کو نہیں جانا، اپنے بلند مقام کو نہیں پہنچانا اور یہ نہیں دیکھا کہ ان کے حقوق کون غصب کر رہا ہے۔ ہم محض یہاں کیا کرتے ہیں کہ آئے، لاہور میں سیر کی ادھر اُدھر گھومے، پھر سیشن ختم ہوا واپس چلے گئے۔ لیکن اپنے فرائض کو ایک لمبی مدت تک بھلائے رکھا۔ یہ اس اسمبلی کا آخری سیشن ہے اور یہ یقیناً آخری سیشن ہو گا۔ میں اپنے محترم دوستوں کو یاد دلاتا ہوں کہ ہم نے اپنے فرائض سے غفلت کی ہے۔ جو اختیارات ہمیں حاصل تھے وہ ہم نے اپنے ہاتھوں سے گنوا دئیے۔ جہاں تک یہ سوال ہے کہ جس کا حوالہ جناب وزیر تعلیم صاحب نے دیا ہے کہ اس ملک میں موجودہ دستور سے پہلے بھی جو دستور نافذ رہے ہیں۔ ان میں بھی یہ اختیارات آرڈیننس سازی کے کسی نہ کسی صورت میں موجود تھے۔ مجھے یہ تسلیم ہے۔ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ کے تحت اور اس کے بعد سن ۱۹۵۶ کے دستور کے تحت بھی یہ قوت ایک اور شکل میں اس زمانے کے گورنر صاحبان کو حاصل تھی۔ لیکن میرا یہ دعویٰ ہے کہ وہ شکل پھر بھی موجودہ شکل سے بہتر تھی۔

اب ۱۹۳۸ کا گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ اٹھا کر دیکھ لیجئے ۔ اس میں آرڈی نینس جاری کرنے کی قوت گورنر صاحبان اور گورنر جنرل صاحب کو حاصل تھی ، مگر ساتھ یہ بھی تھا کہ مقررہ میعاد کے اندر وہ آرڈی ننس لیجسلیٹو اسمبلیوں میں پیش ہونگے اور وہ ایوان ان میں رد و بدل کر سکتے ہیں ۔ کمی بیشی کر سکتے ہیں اور بالکل ایک بل کی طرح ان میں ترامیم کر سکتے ہیں ۔ لیکن اگر ہم اپنے موجودہ آئین کو دیکھیں جس کے متعلق ہمارے سر براہ مملکت کا یہ دعویٰ ہے کہ یہ مکمل جمہوریت بخشتا ہے ، تو اس کے آرٹیکل ۹۷ کی رو سے اس معزز ایوان کے ۱۰۰ منتخب افراد کو کسی آرڈی نینس میں کوئی تبدیلی کرنے کا اختیار نہیں ۔ خواہ اس کی عبارت غلط ہو ۔ یا اس میں کوئی اور واضح نقص ہو ۔ اور اس کے لئے ترمیم کی ضرورت ہو ۔ اسی طرح ۱۹۵۶ کے دستور میں بھی یہ اختیار اس ایوان کو حاصل تھا کہ وہ گورنر صاحب کی طرف سے جاری شدہ آرڈیننس کی ترمیم کر سکے ۔ لیکن وہ اختیار ہمیں اس آئین میں حاصل نہیں ہے ۔ اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کرونگا کہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ۱۹۵۶ کے آئین میں گورنر صاحبان کو قطعاً یہ اختیار نہیں ہونا چاہیئے تھا ۔ ایک آزاد مملکت میں کوئی ایسی صورت پیدا نہیں ہو سکتی جس میں اسمبلیوں کو بلایا بھی نہ جائے پارلیمنٹ کو بلایا بھی نہ جائے اور قانون سازی کی جائے ۔ آخر انگریزوں نے بھی گذشتہ ساٹھ سال میں دو بہت بڑی لڑائیاں لڑی ہیں ۔ اس سے زیادہ ہنگامی صورتحال اس ملک کے لئے کیا ہو سکتی تھی ۔ لیکن وہاں کسی ایسے قانون کا اختیار نہیں تھا ۔ ہمارے بعض دوستوں کا خیال ہے کہ ہنگامی حالات میں یہ اختیارات سربراہ مملکت یا ان کے نائبین کو حاصل ہونے چاہئیں ۔ اختلاف رائے ہو سکتا ہے ۔ چودھری محمد علی جو ۵۶ کے دستور کے مصنف ہیں ، اسی خیال کے تھے ۔ لیکن میں ان کی رائے کو درست خیال نہیں کرتا ۔

لیکن اگر یہ کہا جائے کہ ۱۹۳۵ کے ایکٹ میں گورنروں کو یہ اختیارات حاصل تھے - تو میں یہ کہوں گا کہ بھئی ان دنوں ہم غلام تھے - انگریز حاکم تھے - ہم محکوم تھے - ۱۹۳۵ کے ایکٹ سے موجودہ دستور کا مقابلہ بے سودھے - پھر بھی میں نے یہ عرض کر دیا ھے کہ اس لحاظ سے ، اس اعتبار سے یعنی ہنگامی قانون سازی کے اعتبار سے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ اس آئین سے بہتر تھا - اگرچہ میں یہ کہوں گا کہ ہمیں یہ جسارت کرنی ھی نہیں چاھیئے تھی کہ انگریزوں کے دئے ہوئے قانون کا اپنے اس آرڈیننس کے زمانہ کے دستور کے ساتھ مقابلہ و موازنہ کرتے - میں خود کہتا ہوں کہ اس میں خامیاں تھیں اور زیادہ خامیاں تھیں ، لیکن میں اپنے اس دستور کو بھی خامیوں سے پاک نہیں کہتا - اس وقت ہم بے بس ہیں ، معذور ہیں - اور کہا یہ جاتا ھے کہ یہاں جمہوریت کاملہ نافذ ھے - اگر ایسا ھے تو پھر اس آئین میں کیوں ایسی شق کو رکھا جاتا ھے - کہ جس سے عوام کی حاکمیت کو - میں صدر صاحب کے الفاظ استعمال کرتا ہوں - ٹھیس پہنچے - عوام کی حاکمیت کا مطالبہ یہ ھے کہ عوام کی طرف سے چنے ہوئے جو معزز اراکین اسمبلیوں میں آئیں انہیں صرف یہ اختیار ہو کہ وہ عوام کے لئے قانون سازی کریں ، اور کسی ایسے شخص کو ، جو صرف ایک شخص کا نمائندہ ہو ، قطعاً یہ حق حاصل نہ ہو کہ وہ ۵ کروڑ انسانوں کے لئے ، جن سے اسے قطعاً کوئی تعلق نہیں ، جن کی وہ قطعاً نمائندگی نہیں کرتا ، وہ ان کے لئے قانون سازی کرے -

جناب والا - آرڈی نینس کا اردو میں ترجمہ ہنگامی قانون ھے - جو دوست اس حق میں ہیں کہ یہ اختیارات جناب صدر اور جناب صدر کے نمائندگان گورنر صاحبان کے پاس ہونے چاھئیں ، کہ وہ کسی وقت اپنے صوابدید سے ضرورت کے ماتحت قانون سازی کریں - تو میں یہ کہتا ہوں کہ یہ ہنگامی قانون سازی ہونی چاھیئے - عام حالات میں نہیں ہونی چاھیئے - اس کا نام ھی ہنگامی قانون ھے - ہنگامی حالات اس ملک میں

پیدا ھی کب ھوئے ، کب ختم ھوئے ۔ یہ سلسلہ لامتناھی ھے ۔ کیا یہ کبھی ختم نہیں ھو گا ۔ ایک سال میں ۴۶ آرڈی نینس اور دوسرے میں ۲۷ ۔ گویا ایک سال میں ھر ھفتہ اور دوسرے میں ھر دس دن کے بعد ایک آرڈی نینس ۔ اگر اس اسمبلی کی ساری عمر آرڈی نینسوں پر پھیلا دی جائے تو اوسط تقریباً ھر دس دن کے بعد ایک آرڈی نینس آتا رھا ھے ۔

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : No quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*)

The House is not in quorum. Let the bells be rung.

(*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

خواجہ محمد صفدر — تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رھا تھا کہ ایک مکتب خیال یہ بھی ھے کہ جناب صدر اور ان کے نمائندگان اور نائبین کو ھنگامی حالات میں قانون سازی کے اختیارات ھونے چاھئیں ۔ ان میں یہ تخصیص نہیں کہ کس پارٹی کا یہ خیال ۔ شاید آج بھی چودھری محمد علی صاحب جو کہ C.O.P کے ایک ممتاز رھنما ھیں ، ان کا یہ خیال ھے ۔ یہ میں نہیں کہہ سکتا ۔ اور جو میرے سامنے کنونشن لیگ کے اراکین تشریف فرما ھیں ۔ ان کا بھی خیال ھے ، میں یہ بھی نہیں کہہ سکتا ۔ مختلف پارٹیوں کے مختلف افراد یہ خیال رکھ سکتے ھیں ۔ کہ جناب صدر اور ان کے نائبین کو ھنگامی حالات میں ھنگامی قوانین نافذ کرنے کا اختیار ھونا چاھیے ۔ اور اس جانب میرے محترم دوست میاں محمد یاسین خاں صاحب وٹو نے میری توجہ دلانے کی سعی فرمائی تھی ۔ کہ گذشتہ دونوں آئین کہ جن کے تحت ھمارا ملک کام کر چکا ھے ، ان میں بھی یہ صورت حال تھی ۔ یہ میں مانتا ھوں اور میں یہ عرض کردوں کہ یہ صورت حال صرف اور صرف ان ھی ملکوں میں ھے جو انگریزوں کے غلام رہ چکے ھیں ۔ یہ ایک Typical قسم ھے ۔ یعنی آئین میں دفعہ ۹۷ ایک Typical دفعہ ھے ۔ جو کہ آپ کو کامن ویلتھ ملکوں میں ھی ملیگا ۔ دوسرے ملکوں میں نہیں ھے ۔ اور یہ دفعہ انگریزوں نے اپنے مخصوص اغراض و مقاصد کو پورا کرنے کے لئے

آن آئینوں میں رکھی جو کہ وہ وقتاً فوقتاً اپنی Colonies کو دیتے رہے۔ ہمارے ہاں بھی ۱۹۳۵ء کے دستوری ایکٹ میں یہ دفعہ رکھا گیا۔ حالانکہ میں نے ابھی عرض کیا ہے۔ کہ اس دفعہ کے تحت مزید پابندیاں اور سختیاں جو کہ ہمارے اس آئین میں ہیں جو کہ ایک آزاد ملک کا آئین ہے، وہ پابندیاں اور سختیاں اس میں نہیں ہیں۔ بہر حال میں اسے دھرانا نہیں چاہتا۔ دیکھنا یہ ہے کہ ان لوگوں نے بھی جنہوں نے اپنی حکومتوں اور Imperial colonial مقاصد کی غرض سے یہ دفعہ اپنے اس آئین میں رکھا تھا۔ کہ اس دفعہ کے ذریعے ہم ہندوستان کو زیادہ سے زیادہ قابو میں رکھ سکینگے۔ اور اپنے من مانے قوانین ان پر نافذ کر سکیں گے۔ تو انہوں نے اس پر عمل کیسے کیا۔ ۱۹۳۶ سے ۱۹۳۰ء تک کے زمانے میں آپ یہ سن کر حیران ہوں گے، کہ سابقہ صوبہ پنجاب میں ۱۹۳۶ء میں آپ کے اس دستور کے تحت پر یہ اسمبلی معرض وجود میں آئی۔ تو ۱۹۳۶ سے ۱۹۳۰ء تک سابق صوبہ پنجاب میں ایک بھی ہنگامی قانون نافذ نہیں کیا گیا۔ اور یہاں انگریز ہی گورنر تھا۔ اور اس ملک سے اس کے مخصوص مفادات وابستہ تھے۔

مسٹر عبدالرازق خاں — ان کو ملک سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔

خواجہ محمد صفدر — میرے دوستوں کو ملک سے بہت زیادہ دلچسپی ہو یا نہ ہو۔ اپنی ذات سے ضرور ہے۔ تو میں انگریز حکومتوں کی مثال دے چکا ہوں۔ اس نے اس آرٹیکل کو جو ۳۵ء کے آئین میں موجود تھا، کسطرح استعمال کیا۔ آپ نے سابق سیاستدانوں کو جو کہ آپکی نظروں میں بے پناہ گناہ گار تھے، بد کردار اور ناہنجار تھے، اور پتہ نہیں کیا کیا تھے۔ اور جن کو آپ دن رات گالیاں دیتے ہیں۔ ان کا رویہ اسکے متعلق کیسا تھا۔ تو وہ میں آپکو عرض کئے دیتا ہوں۔ ۴۸ء میں چار آرڈیننس جاری کئے گئے۔

۱۹۶۴ میں کوئی نہیں جاری کیا گیا -

۱۹۶۵ء میں کوئی نہیں جاری کیا گیا -

۱۹۵۱ء میں تین آرڈیننس جاری کئے گئے -

۱۹۵۲ء میں ایک ,, ,, کیا گیا

۱۹۵۳ء میں سات ,, ,, کئے گئے

۱۹۵۴ء میں نو ,, ,, ,, ,,

۱۹۵۵ء میں چھ ,, ,, ,, ,,

یعنی قیام پاکستان سے لیکر ۱۹۵۵ء کے آخر تک پنجاب کے حکمرانوں نے ان آٹھ سالوں میں تیس آرڈی نینس سابق صوبہ پنجاب میں نافذ کئے - اور اسکی وجوہات بھی ہیں - ا

وزیر خزانہ — باقی صاحبان نے جتنے آرڈی‌نینس سابقہ سندھ اور صوبہ سرحد وغیرہ میں جاری کئے تھے ، ان کی تعداد بھی بتائیے -

خواجہ محمد صفدر — یہ مجھے علم نہیں ہے کہ انہوں نے کتنے آرڈیننس اپنے دور حکومت میں نافذ کئے تھے - لیکن اتنا ضرور ہے کہ اگر ان تمام صوبوں میں وقتاً فوقتاً جاری کئے گئے آرڈیننسوں کی تعداد جمع بھی کر لی جائے - تو بھی آپکے عہد میں جاری کئے گئے آرڈیننسوں سے کم ہی ہو گی - ویسے ان کی تعداد تو میرے پاس نہیں ہے - انہوں نے اپنے زمانے میں جو کچھ کیا ہے - میں وہ آپکے سامنے پیش کر رہا ہوں -

وزیر خزانہ — خواجہ صاحب حساب کتاب کے ذرا کچے ہیں یہ صوبہ ایک صوبہ نہیں ہے - بلکہ سابقہ سات صوبوں پر مشتمل ہے - یہ صرف پرانا صوبہ پنجاب نہیں ہے - سات صوبے مل کر مغربی پاکستان کا صوبہ بنا ہے -

خواجہ محمد صفدر — جناب والا - میں پنجاب کی بات کر رہا ہوں میرے پاس دوسرے سابقہ صوبوں کے اعداد و شمار نہیں ہیں۔ اور مجھے اپنے محدود علم کا احساس ہے - میرے پاس صرف سابقہ پنجاب کے اعداد و شمار ہیں - اگر میرے دوستوں کے پاس سابقہ سندھ اور سرحد وغیرہ کے اعداد و شمار ہوں - اور اگر ان اعداد و شمار سے ان کے نقطہ نظر کو Support ملتی ہے تو میں اسے قبول کر لونگا - لیکن میں تو پہلے ہی عرض کر چکا ہوں کہ اگر آئین سازی میرے اختیار میں ہو تو میں اس شق کو ہی آئین سے نکال دوں - میں ذاتی طور پر کسی کو بھی یہ اختیار دینے کے لئے تیار نہیں ہوں - جو اس خیال کے ہیں اور اس مکتبہ فکر سے تعلق رکھتے ہیں - میں تو ان کی بات کر رہا ہوں - کہ جناب صدر اور ان کے نائبین کو یہ اختیار دیا جائے - اور میں نے اس بات کا موازنہ اس لئے کیا ہے - کہ گذشتہ اڑھائی سال کا مطالبہ ہمارے سامنے ہے کہ یہاں کیوں ہنگامی حالات پیدا ہیں - اور ۴۸ء سے ۵۵ء تک حالات بھی آپ کے سامنے ہیں - کروڑوں کی تعداد میں مہاجرین یہاں تشریف لائے - یہاں نظم و نسق کی کوئی صورت نہ تھی - یہاں دفاتر کے لئے عمارات اور ان کے لئے افسران اور کلرک موجود نہ تھے - یہ ایسے حالات تھے کہ جن حالات کے اندر حکومت کا کار و بار چلانا ناممکن تھا - آپ خود حکومتوں میں رہے ہیں - یا حکومتوں کے ساتھ رہے ہیں - آپ کو علم ہے کہ ایسی حکومتوں کو چلانا واقعی کٹھن کام تھا - آج حالات سازگار ہیں - آج ایسی کوئی بات نہیں ہے - اور انہوں نے ان حالات کے پیش نظر بھی آٹھ سال میں صرف تیس آرڈیننس جاری کئے - اور آپ نے ایک سال میں چھیالیس آرڈیننس جاری کئے - اور اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ آپ نے اس ایوان کے اختیارات چھین لئے -

وزیر خزانہ — یہ غلط ہے -

خواجہ محمد صفدر — اس ایوان کے حقوق ہمارے یہ دوست غصب کر رہے ہیں۔ اس ایوان کے وقار کو میرے ان محترم دوستوں نے ٹھیس پہنچائی ہے۔ اس ایوان کے بلند مرتبے کو صدمہ پہنچایا ہے۔

وزیر خزانہ — نعوذ باللہ۔ اتنا غلط۔۔۔

خواجہ محمد صفدر — اگر ان کے اس فعل کی وجہ سے ان ہنگامی قانون سازی کے لامتناہی سلسلہ کیوجہ سے اگر اس ایوان کے وقار میں اضافہ ہوتا ہے تو میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں ورنہ شیخ صاحب کو تسلیم کرنا پڑیگا اس قانون سازی، اس لامتنائی سلسلہ قانون سازی سے اس معزز ایوان کے وقار کو یقیناً نقصان پہنچا ہے۔

جناب والا۔ ہم اس ایوان کے اختیارات کو جہاں اس طور پر روزانہ، اگر میں کہوں تو یہ کہیں گے یہ مبالغہ کرتا ہے کہ ہفتہ وار مجروح کیا جاتا ہے۔ یہی بس ہے۔ اب اس جمہوریت کاملہ جس کا دعویٰ صدر مملکت نے بار بار گذشتہ تین ماہ میں کیا ہے اور جیسا کہ وہاں اپنے دستور میں عوام کی حاکمیت کا لفظ استعمال کرکے کہا ہے۔ اس کی ایک اور مثال عرض کرتا ہوں۔ اسی ایوان کی دوسری ڈیوٹی، دوسرا فرض اور بہت بڑا فرض یہ ہے کہ اس صوبہ کی آمدنی اور خرچ پر کنٹرول کرے۔ ضابطہ تیار کرے۔ اس کو منظور کرے اس کو نا منظور کرے۔ لیکن وہاں جسطرح اس دفعہ ۷۹ نے اس ایوان کے اختیارات کو چھین کر جناب گورنر صاحب کے حوالے کر دیئے ہیں۔ اسی طرح دفعہ ۴۲ سے لیکر دفعہ ۴۷ تک کے تمام اختیارات جو اس دستور میں ہیں اور مالی اختیارات جو اسی ایوان کا حصہ چھین کر جناب گورنر صاحب کے حوالے کر دیئے ہیں۔ آپ کسی ایک بجٹ کو جو کہ گذشتہ دو سالوں کا اس ایوان نے پاس کیا ہے، اٹھا کر دیکھ لیں۔ بمشکل ۱۰ فیصدی حصہ اس معزز ایوان کے ووٹ کا طالب ہے اور ۹۰ فیصدی حصہ ہمارے بجٹ کا اس ایوان کے ووٹ کا طالب نہیں ہے۔ یہی نہیں

اس کی ایک اور مثال بھی لی جائے کہ اگر آپ سارا ایوان مل کر یہ تمام معزز اراکین جو کہ صوبہ کے مختلف حصوں سے تشریف لائے ہیں، مل کر اگر چاہیں کہ کسی Preventive Law کو مثال کے طور پر West Pakistan Maintenance of Public Order, or Ordinance میں معمولی سی تبدیلی کر دیں یہ اس سارے ایوان کے اختیار میں نہیں ہے۔ اس لحاظ سے یہ بے بس ایوان ہے۔ لیکن جہاں آرڈیننس سازی کے اختیارات ہیں وہاں Preventive Law میں مداخلت کے اختیارات اور قانون سازی کے اختیارات بھی اس ایوان کو نہیں ہیں۔ ایک دو آنے خرچ کا کوئی بل اگر اس ایوان میں آ جائے۔ در اصل وہ تو جناب والا۔ آپکی فراخ دلی ہے وہاں جس طور پر یہ آئین ہے۔ کوئی بھی کسی قسم کا بل یہاں پیش نہیں ہو سکتا۔ اگر میں پیش کروں آپ نے اسے چھپانے کیلئے بھیجنا ہے۔ سیکرٹریٹ نے اسے چھپانا ہے۔ فوری اس پر دو تین آنے خرچ آ جائیں گے۔ کوئی ایک بل جس میں خرچہ آتا ہو۔ آرٹیکل ۴۲ کے تحت اس ایوان میں پیش نہیں کیا جا سکتا۔ وہ تو آپکی اعلیٰ ظرفی ہے کہ آپ نے صرف وہی بل نا منظور کئے جن میں کسی ٹیکس کو اتارنے یا لگانے کا تعلق تھا۔ وہاں صرف ٹیکس کو اتارنے اور لگانے سے تعلق نہیں۔ اگر کسی بل کے ذریعہ سے آ جائے اور یہ ایوان اس کو سننے کا حق دار نہیں۔ اس کو ایسے اختیارات حاصل نہیں۔ بہر حال وہ کون سی چیز ہے جس پر اختیار ہے۔ جناب والا۔ میں آپکی وساطت سے اپنے معزز دوستوں کی خدمت میں عرض کروں گا جن کے ذریعہ سے یہ دعویٰ ہے کہ اس ملک میں جمہوریت کاملہ رائج ہے، غلط ثابت ہوتا ہے۔ وہ کون کون سے دلائل ہیں میں جناب والا۔ آپ کے توسل سے ان معزز اراکین کی خدمت میں پیش کروں گا جن کے ذریعہ سے میں ثابت کروں کہ یہ وعدہ جو ہیں۔۔۔۔

Mian Abdul Latif : The House is not in quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

(*All this stage, Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi, took the Chair*).

خواجہ محمد صفدر:— جناب والا ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ ایک طرف یہ دعویٰ ہے کہ اس ملک میں کامل جمہوریت نافذ ہے ۔ اور دوسری طرف میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس معزز ایوان کو جو کچھ جمہوریت کی خواہ کوئی بھی شکل کیوں نہ ہو ہر جمہوری شکل میں اس ایوان کو جو اختیارات حاصل ہونے چاہئیں وہ حاصل نہیں ہیں ۔ ایک ایک کرکے میں نے وہ اختیارات گنوائے ہیں لیکن جہاں تک قانون سازی کا تعلق ہے آرڈیننس کی بھرمار سے ان ہفتہ واری آرڈیننسز سے اس معزز ایوان کے حقوق تلف ہوگئے ہیں ۔ اس ایوان کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ Preventive detention کے متعلق قانون سازی میں کوئی ترمیم کر سکے ۔ اس ایوان کو حق حاصل نہیں ہے کہ وہ بجٹ کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کر سکے ۔ اس ایوان کو یہ بھی حق حاصل نہیں ہے کہ کوئی ایک معمولی سا قانون پاس کر سکے ۔ کیونکہ اس کے پاس ہونے کے باوجود اگر ۱۰۰ کے ۱۰۰ معزز اراکین ایک معمولی قانون کو جس میں کوئی خرچہ ہے جو کسی Preventive detention کے متعلق نہیں ہے، پاس کر دے تو پھر بھی جناب گورنر صاحب کی صواب دید پر ہے کہ وہ اس کو منظور کریں یا نہ کریں ۔ اسے اس ایوان میں واپس بھیج دیں اور ساتھ ہی یہ حکم دیدیں کہ اس میں یہ ترمیم ہونی چاہئے ۔ اور اگر یہ ایوان جناب گورنر کی طرف سے مجوزہ ترمیم منظور نہ کرے ۔ اور اس قانون کو من و عن پاس کر دے ۔ تو پھر بھی جناب گورنر صاحب پابند نہیں کہ وہ اسے منظور کریں ۔ بلکہ اس صورت میں اس دستور کے تحت اس کی کچھ اس قسم کی شکل بنا دی گئی ہے کہ اس اسمبلی کو توڑ دیا جائے ۔ چونکہ گورنر صاحب اور اسمبلی کے درمیان تنازعہ پیدا ہوگیا ۔ اسمبلی نے ضد کی اور ایک ہی قانون دوبارہ پاس کر دیا ۔ حالانکہ جناب گورنر صاحب نے ہدایت کی تھی کہ تنازعہ پیدا ہو گیا ہے ۔ اس تنازعے کے حل کیلئے ہمارے آئین میں ایک ہی طریقہ دیا ہوا ہے ۔ اور وہ یہ کہ اس اسمبلی کو توڑ دیا جائے ۔ یعنی اس کا نتیجہ یہ ہے کہ اس اسمبلی کو توڑ دیا جائے ۔

تو جناب والا ۔ جمہوری تقاضا یہ تھا کہ وہ عوام کی حاکمیت جس کا دعویٰ اس ایوان کے اندر اور باہر کروڑوں انسانوں کے سامنے کیا گیا ، پورا کیا جاتا ۔ میں یہ درخواست کرونگا کہ اگر وہ دعویٰ غلط اور باطل ہے، تو اسے جانے دیجئے ۔ آئندہ کیلئے جو وعدہ کیا گیا ہے۔ اسی کی طرف توجہ دیجئے ۔ اس وعدے کو پورا کیجئے ۔ اس ایوان کو وہ اختیارات لوٹا دیجئے ۔ وہ اسے واپس کر دیجئے ۔ جو اس سے چھینے گئے ہیں ۔ میرا مطلب یہ ہے۔۔۔

وزیر خزانہ — اگلی دفعہ نیشنل اسمبلی میں چلے جاؤ ۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ! مجھے نیشنل اسمبلی میں جانے کی ضرورت نہیں ۔ میں اس وقت آپکے آرڈیننس کے متعلق عرض کر رہا ہوں جس کے متعلق میں نے ابھی چند گذارشات کی ہیں ۔ اگر آپ تھک گئے ہیں تو پھر میں اس آرڈیننس کی طرف آتا ہوں ۔

جناب والا ۔ یہ دستوری پوزیشن تو ہر آرڈیننس کے ساتھ جاری رہیگی ۔ بہر حال اب میں آپکی تھکن محسوس کرتے ہوئے اصل آرڈیننس کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں ۔ در اصل ہمارے دستور کے ابتدائی صفحات میں ہی یہ امر درج ہے کہ اس ملک میں کوئی ایسا قانون نافذ نہیں ہوگا جو دین حقہ کی خلاف ورزی کرتا ہو ۔ میرے محترم دوست جناب علامہ ارشد صاحب اس امر کی طرف اس ایوان کی توجہ مبذول کرا چکے ہیں ۔ لیکن بعض صورتوں میں شکوک و شبہات ہو سکتے ہیں کہ فلاں چیز دین متین کے مطابق ہے اور اسکے متعلق شریعت نے کوئی احکام واضح الفاظ میں دئے ہوئے ہیں یا نہیں۔ علمائے کرام میں بھی اختلاف ہوتا رہا ہے ۔ بعض مسائل کے متعلق آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہیگا ۔ لیکن بعض مسائل ایسے ہیں جو متنازع فیہ نہیں ہیں ۔ جن کے متعلق اختلاف نہیں ۔ لہذا جس امر کے متعلق کوئی شک و شبہ نہ ہو ۔ اس کیلئے تو ہمارا راستہ واضح ہے ۔ اور وہ یہ کہ ہمارا فرض ہے ہم اس قسم کا قانون وضع نہ کریں ۔ اور جس قانون کے متعلق اس معزز ایوان کو شبہ ہو کہ آیا یہ قانون واقعی کسی حد تک متناقض ہے ۔ اور یہ شریعت

حقہ کے کسی صریح اور واضح حکم کی خلاف ورزی کرتا ہے یا نہیں - اور پھر ہمارے اس آئین نے اس ایوان پر یہ فرض عائد کیا ہے کہ ایسا مسودہ قانون Council of Islamic Idealogy کو بھیج دیا جائے - اور ان علمائے کرام سے جو اس کونسل کے رکن ہیں ، درخواست کی جائے کہ وہ اس مسئلہ کے متعلق اپنی رائے دیں - اگر میرے محترم دوست کو اس بات میں شک ہے کہ ہمیں دین اسلام پر چلنا چاہئے یا نہیں - تو وہ اور بات ہے -

وزیر خزانہ —مجھے تو ذرہ بھر شک نہیں خواجہ صاحب - آپکو ہوگا -

خواجہ محمد صفدر — بہت اچھا - مجھے بڑی خوشی ہوئی ہے -

وزیر خزانہ —آپکی اس کے متعلق کیا رائے ہے ؟

خواجہ محمد صفدر — جناب یہی تو میں آدھے پونے گھنٹے سے عرض کر رہا ہوں -

وزیر خزانہ — وہ تو گیلری کیلئے ہے - آپ اصل بات کی طرف آئیے -

خواجہ محمد صفدر— بہت اچھا -

جناب والا - جناب صدر پاکستان نے ڈھاکہ میں ایک تقریر کرتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ حکومت نے ایک اسلامی مشاورتی کونسل قائم کر رکھی ہے - تاکہ وہ ملک کے عام قوانین کا جائزہ لے اور حکومت کو اس بارے میں اسلامی زاویہ نظر سے مشورہ دے - اور بتائے کہ عوام کی زندگی کو کس طرح اسلامی رنگ دیا جا سکتا ہے - اور پھر انہوں نے یہیں پر بس نہیں کی - گجرات میں تقریر کرتے ہوئے انہوں نے ارشاد فرمایا کہ ملک کا قانون اسلامی شریعت کے مطابق ہونا چاہئے - اور آگے چل کر وہ ارشاد فرماتے ہیں کہ میرا ایمان ہے کہ ہر قانون شریعت اسلامی کے مطابق ہونا چاہئے - اسمبلی اب جو قانون بھی مرتب کریگی - وہ قرآن اور سنت کے مطابق ہوگا اور مجھے تسلیم کرنے میں کوئی تامل نہ ہوگا - ایسے قوانین کیلئے میں پہلے ہی سادہ کاغذ پر دستخط کرنے کیلئے تیار ہوں - یعنی جلسوں میں آپکی اسلام

دوستی کا یہ مظاہرہ تھا ۔ اور آج میں آپکی اسلام دوستی اور اپنے لیڈر اور رہنما کی فرمانبرداری کا مظاہرہ بھی دیکھنا چاہتا ہوں ۔ آپکے رہنما اور لیڈر کا یہ دعویٰ ہے کہ میں سفید کاغذ پر دستخط کرنے کیلئے تیار ہوں ۔ بشرطیکہ علمائے کرام مجھے یہ بتائیں کہ یہ شریعت کے عین مطابق ہے ۔

وزیر خانہ — ہم اسے قبول کرتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر—اگر قبول کرتے ہیں تو الحمدللہ ۔ پھر تو بات طے پا گئی ۔ جناب والا ۔ میرے دوست نے کہا ہے ۔ ۔ ۔

وزیر خزانہ — اچھا تو پھر بیٹھ جائیے اور میرا جواب سن لیجئے ۔ اور اس کے بعد آرڈیننس کے متعلق Let the House decide میں نے کہا ہے کہ جو کچھ جناب صدر مملکت نے فرمایا ہے۔ میں اسے قبول کرتا ہوں ۔ میں آپکو سمجھانے کی کوشش کرونگا ۔ اور اگر آپکی سمجھ میں نہیں آیا تو ان کی سمجھ میں ضرور آ جائیگا ۔ (قہقہہ) آپ تو اسے کبھی بھی سمجھ نہ سکیں گے۔ (ایک آواز ۔ کیا اسلام میں جوا حرام نہیں ؟)

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ آرٹیکل نمبر ۲۰۳ میں ایڈوائزری کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کے جو فرائض دئیے ہیں ۔ وہ اس طرح ہیں ۔

and to examine all laws in force immediately before the commencement of the Constitution First Amendment Act 1963 with a view to bringing them into conformity with the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah.

and further

"to advise the National Assembly, a Provincial Assembly, the President or a Governor on any question referred to the Council under Articles 6, that is to say..." as to whether a proposed law is or is not repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah.

اور اس کے آگے یہ درج ہے ۔

"when, under Article 6, a question is referred by an Assembly, the President or a Governor to the Council for advice, the Council shall, within seven days thereafter, inform the Assembly, the President or the Governor, as the case requires, of the period within which the Council expects to be able to furnish that advice."

and

"where the Assembly, the President, or the Governor as the case may be, considers that, in the public interest the making of the proposed law in relation to which the question arose should not be postponed until. . ."
so on and so forth.

اس لئے یہ اور بات ہے۔ کہ اس کی Advice آ جائے۔

جناب والا ۔ نہ صرف یہ کونسل ہے۔ بلکہ آرٹیکل ۲۰۷ کے تحت ایک اور ادارہ Islamic Research Institute بھی بنایا گیا ہے۔ اس کے فرائض یہ ہیں۔

"The function of the Institute shall be to undertake Islamic research and instruction in Islam for the purpose of assisting in the reconstruction of Muslim Society on a truly Islamic basic"

جناب والا ۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ کیا اس ہنگامی قانون کے متعلق ہمارے پاس کوئی رائے ایسی ہے۔ جیسے ہم وقیع کہہ سکیں جسے ہم مستند کہہ سکیں۔ اور جناب والا اس سے زیادہ مستند وقیع بلند مرتبہ رائے اور کونسی ہو سکتی ہے۔ کہ ایڈوائزری کونسل نے متفقہ طور پر ہر قسم کے جوئے کو خلاف شریعت قرار دیا ہے۔ کونسل کا فتویٰ آپ کے سامنے ہے۔ اب آپ کو مصر جانے کی ضرورت نہیں ۔ بعض مسائل کے لئے آپ کو زحمت اٹھانا پڑی ہے اور مصر جانا پڑا ۔ لیکن یہ فتویٰ اس مجلس نے دیا ہے جس کو خود جناب صدر صاحب نے نامزد کیا ہوا ہے۔ یہ فتویٰ دو مجالس نے دیا ہے۔ یعنی ایڈوائزری کونسل اور اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ جسے جناب صدر نے مقرر کیا ہوا ہے۔ دونوں مجالس کا فتویٰ آپ کے سامنے ہے۔

اب میں اپنے دوست کو ایک اور حوالہ دیتا ہوں ۔ ایڈوائزری کونسل بڑے واضح الفاظ میں جوئے کے متعلق یہ ارشاد فرماتی ہے —

"in the opinion of the Council, Gambling of all sorts is prohibited irrespective of the fact that it is done in a public place or a private place, Betting on a horse-race on which a betting tax is levied by the Government is included in Gambling."....

اب کیا فرماتے ہیں جناب شیخ صاحب ؟

وزیر خزانہ ۔ میں اس کا جواب دوں گا ۔ آپ مطمئن رہیں۔

Khawaja Muhammad Safdar :

"Betting on a horse-race on which a betting tax is levied by the Government is included in Gambling."

"and to make it an exception will be repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah. The Council realises that the deletion of the exception about betting on horse-race will entail loss to the Government revenue."

آنہوں نے اس امر کا جائزہ لے لیا ہے کہ ایسا کرنے سے ہمارے محاصل میں کمی واقع ہو جائے گی ۔ اور صوبہ کی آمدنی جو اس وقت ہے وہ قائم نہیں رہے گی ۔ اور ہمیں خسارہ ہو گا ۔ اس کا ہمیں پورا پورا احساس ہے ۔ اس کے باوجود ہماری پختہ رائے یہ ہے ۔ کہ

"The Council realises that the deletion of the exception about betting on horse-race will entail loss to the Government revenue, but it would like to point out"

"This is important, that the retention of this exception will directly oppose," please note the words, "directly oppose the Principles of Policy as stated in clause (1) Article 7 of the Constitution which reads as—

"No law shall be repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah."

میرے محترم دوست امیر حبیب اللہ خاں سعدی نے ایک بل اس معزز ایوان میں پیش کیا تھا۔ جس میں وہی بات آجاتی ہے ۔ ابتداً ہر قسم کے جوئے کو ممنوع قرار دینے کے لئے یہ بل پیش کیا گیا تھا ۔ اور اس میں گھوڑ دوڑ کا جوا بھی شامل ہو جاتا ہے ۔

قواعد کے مطابق ٹیکس کے لئے کسی قسم کا پرائیویٹ یا آفیشل بل اسمبلی میں پیش نہیں ہو سکتا ۔ جب تک گورنر صاحب اسے پیش کرنے کی منظوری نہ دیں یا Recommend نہ کریں ۔ وہ نہیں چاہتے تھے کہ اسے مستثنیٰ قرار دے دیں ۔ اس طرح آئینی مجبوری کے تحت کسی حد تک اصلاح معاشرہ ہو جاتی لیکن انہوں نے گھوڑ دوڑ کو مستثنیٰ قرار دے دیا ۔ اور جب وہ بل ایوان میں پیش ہوا ۔ تو میرے دوستوں کو اس بات کا شک ہوا کہ آیا جوا شریعت کے خلاف ہے یا موافق ۔ یہ سمجھتے ہیں کہ ایسا شک صرف ان کو ہی ہو سکتا ہے ۔ کسی مسلمان کو نہیں ہو سکتا ۔ کیونکہ قرآن مجید کے مطابق شراب اور جوا شیطانی فعل ہے ۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ شک کے بغیر اس بل کو قبول کر لیتے ۔ لیکن آنہوں نے سر سے بلا ٹالی اور سمجھا کہ اگر مخالفت کی جائے گی تو پریس میں یہ بات آ جائے گی کہ یہ لوگ شریعت کی خلاف ورزی کر رہے ہیں ۔ لہذا اسے کونسل کے پاس

رائے کے لئے بھیج دیا گیا اور سر سے بلا ٹل گئی - لیکن انہیں یہ معلوم نہ تھا کہ اس طرح بلا نہیں ٹلی - کیونکہ اس سے اور کئی قانون اس کی زد میں آجائیں گے - کونسل کے یہ واضح الفاظ ہیں - کہ ''ہر قسم کا جوا جس میں گھوڑ دوڑ بھی شامل ہے - حرام ہے -''

اس کو کسی صورت سے جائیز قرار نہیں دیا جا سکتا - یہیں پر اکتفا نہیں یہ کونسل آف اسلامک ائیڈیالوجی کی رائے ہے - اور اس رپورٹ میں اس بل کے متعلق جس کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے صفحہ ۴ پر سنٹرل انسٹیٹیوٹ آف اسلامک ریسرچ کراچی نے اپنی رائے دی ہے - جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے - اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے اراکین کو بھی جناب صدر مملکت نے اس دستور کے آرٹیکل ۲۰۷ کے ماتحت اپنے دست مبارک سے نامزد کیا ہے - اور انہوں نے بھی ایک صفحہ سے زیادہ لمبی چوڑی رائے دی ہے - اور واضح الفاظ میں یہ کہا ہے

"So far as Islamic position on gambling is concerned, there is little doubt that Islam wants to remove it."

جناب والا - میں اپنے دوستوں کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ توجہ سے سنیں - ابھی شاید ان سے کہا جائے کہ ووٹ دیں - تو ان کو معلوم ہونا چاہیئے کہ ووٹ اسلام کے حق میں دے رہے ہیں یا اسلام کے خلاف دے رہے ہیں - میں ان کے سامنے فتویٰ بیان کر رہا ہوں - جو کہ ان کے اپنے نامزد علمائے کرام کی طرف سے جاری ہوئے ہیں - یہ میں اپنے کسی ہم خیال ملا کے فتوے نہیں بیان کر رہا ہوں -

Minister of Finance : It is a reflection on the poor fellows.

میں اپنا ہمنوا کہتا ہوں - آپ نامزد پر اسلئے زور دے رہے ہیں جیسے کہ وہ صحیح آدمی نہیں ہیں -

خواجہ محمد صفدر - میرے دل میں ان کا احترام ہے - میں بار بار آپ کے ''نامزد،، اس لئے کہتا ہوں کہ اگر کسی دوسرے صاحب کا نام لوں

گا تو اس کی عقل و فکر پر شبہہ ہونے لگے گا۔

وزیر خزانہ - آپ شک و شبہہ سے بالا ہیں۔ ہم آپ کی عقل پر بھی شک نہیں کرتے۔

راؤ خورشید علی خاں - پوائنٹ آف آرڈر - جناب شیخ صاحب نے جو اعتراض فرمایا ہے۔ حقیقت یہ ہے ان لوگوں کی بعض حرکات کی وجہ سے مشاورتی کونسل کے بعض ارکان نے پروٹسٹ کے طور پر Resign کر دیا ہم نے ان کے خلاف کوئی حرکات نہیں کیں۔

Minister of Fhiance : What is this point of odrer. It is just waste of time.

Mr. Senior Deputy Speaker : This is no point of order.

وزیرخزانہ - بھائی تم وکیل تو بن گئے ہو۔ لیکن یہ نہیں معلوم کہ پوائنٹ آف آرڈر کسے کہتے ہیں۔

(قہقہہ)

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں یہ سنٹرل انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک ریسرچ کراچی کا پورا فتویٰ نہیں پڑھ کر سناتا ہوں - دو ایک سطریں ان کی خدمت میں پڑھتا ہوں تا کہ واضح ہو جائے مجھ سے زیادہ ان کو ادراک ہے مجھ سے زیادہ یہ فہیم ہیں ذہین ہیں۔ میں اس سے زیادہ اور کیا کہوں۔

"So far as the Islamic position on gambling is concerned, there is little doubt that Islam wants to remove it. In Quran II, 219 and V. 90-91, gambling and wine drinking have been mentioned together." and so on and so forth.

اور آخر میں انہوں نے کہا ہے۔

"In so far as the amendment proposed to the Prevention of Gambling Ordinance, 1961, seeks to extend the ban on gambling from public places to private places, it seems to us Islamically justified."

یہیں تک بس نہیں - جناب صدر کو یہ بھی اختیار ہے کہ وہ اس انسٹی ٹیوٹ کیلئے ایڈوائزر مقرر کریں اور انہوں نے جناب ان فاضل

بزرگوں کو اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے ماسوا مقرر کیا اور ان میں سے ایک مسٹر ایس ۔ اے ۔ حسنی ہیں جو کہ اپنے علم و فضل کیوجہ سے اس ملک میں بلند مقام رکھتے ہیں اگرچہ موجودہ پوزیشن بحیثیت گورنر سٹیٹ بنک کے انکا مقام بہت بلند ہے لیکن اس سے بھی زیادہ مقام انکا اپنے علم و فضل کیوجہ سے ہے انہوں نے یہ ارشاد فرمایا ہے اور ان کی Opinion صفحہ ے پر ہے انہوں نے کہا ہے —

"In Islam all sorts of gambling at the stake of wager or bet are disapproved. Any law that aims at abolishing of gambling would enjoy the support of shariat.

The fundamental principle appears in the Quran in the following words :

"O, ye, who believe ! Strong drink and games of chance and idols and divining arrows are only an infamy of Satan's handiwork."

یہ شیطانی کام ہیں ۔

"Leave it aside in order that ye may succeed.

"Satan seeketh only to cast among you enmity and hatred by means of strong drinks and games of chance and to run you from remembrance of Allah and from His worship. Will ye then have done ?"

اللہ تعالیٰ آیت کریمہ میں یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ اس قسم کے کام ہیں جو شیطان سے متعلق ہیں ان سے پرہیز کرو ورنہ تمکو یاد خدا سے غافل کر دیں گے ۔ تو جناب والا ۔ ان واضح اور بین فتاویٰ کے بعد اس ایوان میں کسی کے ذہن میں یہ شک نہ رہنا چاہئے کہ جوا حرام ہے ۔ اور ہو سکتا ہے کہ کسی دوسرے دوست کے ذہن میں دیانت داری سے یہ شک ہو کہ جوا حرام ہے یا نہیں ہے ۔ یہ شک قطعی طور پر ذہنوں سے نکل جانا چاہئے اور جب ہم بہت تھوڑے عرصے کے بعد کل یا پرسوں اس آرڈیننس کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کریں تو ہمارے ذہنوں میں یہ بات بڑی واضح ہونا چاہئے کہ یہ بل وہی بل ہے جس کے متعلق ہمارے مستند علما نے فتوی دیا ہے کہ یہ خلاف شریعت ہے ۔ ہمارے آئین میں یہ لکھا ہوا ہے کہ کوئی قانون سازی اس ملک میں نہیں ہو گی اور اگر کوئی قانون اس ملک میں ایسا موجود ہو جو خلاف

شریعت، جو خلاف سنت اور خلاف قرآن ہو تو اسکو باطل قرار دیدیا جائیگا اور اسکو منسوخ کر دیا جائیگا ۔ یہ واضح وعدہ نہ صرف ہمارے آئین میں موجود ہے بلکہ ہمارے سربراہ مملکت نے جو اس آئین کے خالق ہیں، انہوں نے اس کا حوالہ دیا ہے اور کھلے جلسوں میں اور پبلک جلسوں میں یہ اعلان کیا ہے ۔

Minister of Finance : Repetition.

خواجہ محمد صفدر — اگر آپ میں تھوڑی سی قانونی سمجھ ہوتی تھوڑی سی عقل ہوتی تو اپنے رہنما اور اپنے لیڈر پر تھوڑا بہت ایمان اور بھروسہ ہوتا تو اس کے حکم کی تعمیل کی جسارت کرتے اور مجھے امید تھی کہ ایک گھنٹہ قبل یہ مسودہ قانون واپس لے لیا جاتا ۔

وزیر خزانہ — خواجہ صاحب مجھے آپ نے بولنے کا موقع ہی نہیں دیا میں آپ کی تقریر کا جواب دونگا ۔

خواجہ محمد صفدر — میں کون ہوتا ہوں کہ آپ کو یعنی قائد ایوان کو موقع دوں ۔ میں حزب اختلاف کا اپنے آپ کو لیڈر بھی نہیں سمجھتا ہوں بلکہ میں ایک رکن ہوں ۔ یہ تو آپ کے اختیار میں ہے کہ کل میں نے اس ایوان میں کوشش کی کہ تقریر کروں لیکن میری درخواست ٹھکرا دی گئی ۔

وزیر خزانہ — اب آج تو آپ ماشاالله دو گھنٹے سے تقریر کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر — یہ مجھ پر قطعاً مہربانی نہیں ہے یہ میرا آئینی حق ہے ۔

وزیر خزانہ — ہمیں بھی آئینی حق ہے ۔ ہم بھی ۱۰ گھنٹے تقریر کرینگے اور انشاالله یہاں ہر ایک ممبر بیٹھا ہوگا آپ فکر نہ کریں خواجہ صاحب ۔ میں لمبی چوڑی تقریر کرونگا اور یہ سب آرڈیننس پاس

کراؤنگا ۔ آپ ہی بھاگ جائیں گے ۔ کل بھی بھاگ گئے تھے ، پرسوں بھی بھاگ گئے تھے ۔

خواجہ محمد صفدر —جناب والا ۔ کل میں نے اس ایوان میں یہ درخواست کی تھی کہ اس ایوان کا وقت ڈیڑھ گھنٹہ بڑھا دیا جائے کیونکہ نہ صرف مجھے تقریر کرنی ہے بلکہ میرے اور دوست بھی جو رمضان کے باوجود عرق ریزی کرنے کے بعد تیاری کر کے یہاں آتے ہیں، ان کو بھی وقت مل جائے ۔

وزیر خزانہ — کیا وہ قوم کے نمائندے نہیں ہیں ؟ (قطع کلامی)

خواجہ محمد صفدر — اور کل کا موضوع بہت اہم تھا اور وہ ۵ کروڑ انسانوں کے پیٹ کا مسئلہ تھا اور ان کی خوراک کا مسئلہ تھا جو ان کی بے اعتدالیوں کیوجہ سے اور ان کی بیوقوفیوں کیوجہ سے ۔ ۔ ۔

وزیر خزانہ — جناب یہ بیوقوفیوں Unparliamentary ہے It should be withdrawn.

خواجہ محمد صفدر — میں واپس لیتا ہوں ۔

وزیر خزانہ — وہ قوم کے نمائندے نہیں رہے۔

خواجہ محمد صفدر — یہ کن کے نمائندے ہیں۔

وزیر خزانہ — میں پانچ کروڑ آدمیوں کا نمائندہ ہوں ۔ آپ کسی کے بھی نمائندے نہیں ہیں ۔ آپ کو شکست فاش ہوئی ہے ۔ آپ کو شرم نہیں آتی ۔ آپ اس ہاؤس میں بیٹھے ہیں ۔ آپکو شرم آتی تو اس ہاؤس سے باہر چلے جاتے ۔

خواجہ محمد صفدر —میرا خیال ہے کہ ریکارڈ کو اس طرح درست کر لیا جائے ۔ لیکن ہم تو پھر بھی چند سو بی ڈی ممبرز کے نمائندے

ہیں اور شیخ صاحب جب سے وزیر بنے ہیں ان کی وہ حیثیت بھی نہیں رہی۔

وزیر خزانہ — معاف کریں۔ آپ غلط باتیں کرتے ہیں۔ میں آپ سے زیادہ ووٹ لیکر یہاں آیا ہوں۔

خواجہ محمد صفدر — مجھے پتہ ہے۔ میں تو کہتا ہوں کہ آپ نے بہت ووٹ لئے تھے۔

وزیر خزانہ — آپ بیٹھ جائیں۔ مجھے پتہ ہے کہ آپ کے پانچ ووٹ بھی نہیں آئے ہیں۔ آپ اپنے گھر میں بھی نہیں گھس سکتے۔ آپ یہاں ایوان میں کیا باتیں کرتے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا۔ میں گذارش کر رہا تھا....
(قطع کلامی)

وزیر خزانہ — تم کس کے نمائندے ہو۔.....
(شور اور قطع کلامیاں)

مولانا غلام غوث — جناب والا۔ میں تجویز کرتا ہوں کہ یہ لڑائی لاٹھیوں کے ساتھ ہو تو زیادہ بہتر ہے۔

وزیر خزانہ — مجھ کو جناب یہ تجویز منظور ہے لیکن خواجہ صاحب بھاگ جائیں گے۔

خواجہ محمد صفدر — میں تو کمزور ہوں۔ جناب یہ لاٹھی جناب مولانا کو دیجئے یہ بحث کیا کرتے ہیں یا وعظ فرمایا کرتے ہیں۔

وزیر خزانہ — مولوی صاحب کا کہا مان جاؤ۔ وہ آپ کے پاس بیٹھے ہیں۔ خدا کا خوف کرو۔

خواجہ محمد صفدر — جی— میں جناب والا یہ عرض کر رہا تھا کہ جہاں تک میرے دوست کا کہنا ہے کہ پرسوں میں بھاگ گیا تھا

واقعہ یہ ہے کہ وہ خود یہاں تشریف فرما نہیں تھے ۔ جناب وٹو صاحب موجود تھے اور میں نے بصد ادب جناب سپیکر صاحب کی خدمت میں درخواست کی تھی کہ پونے دو ہو گئے ہیں میں نے ابھی بہت سی باتیں کہنی ہیں لہذا وقت آپ مزید بڑھا دیجئے ۔ آپ کرسی پر اس وقت رونق افروز تھے ۔ مجھے افسوس ہے کہ وزرا صاحبان میں اتنی خوش خلقی بھی نہیں ہے کہ اگر کوئی شخص اتنا اہم موضوع اور پھر خوراک جیسا ہو اس پر بحث کرنا چاہئے تو اس کو بھی وقت دینے سے گریز کرتے ہیں ۔ اس وقت جب میں بول رہا ہوں یہ جناب میرا وقت ہے ۔ مجھے آئین نے حق دیا ہے کہ میں اپنے معروضات اس آرڈیننس کے متعلق پیش کروں اور جتنا وقت میں چاہوں اسے دوں ۔

میں جناب اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں ۔ تو میں یہ عرض کررہا تھا تو بہر حال جناب والا میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اس آرڈیننس میں جو کہ اس وقت زیر بحث ہے یہ گھوڑ دوڑوں پر ٹیکس عائد کرنا ہے ۔ ایک پہلے آرڈیننس موجود ہے اس میں ترمیم کی گئی ہے اور بیس فیصدی ٹیکس عائد کیا گیا ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ میرے دوست یہ کہیں کہ ہم نے ٹیکس بڑھا دیا تھا اور اس Incidence of Tax کو تبدیل کر دیا تھا یہ ٹھیک ہے ۔ میرا ان سے کوئی اختلاف نہ ہو گا ۔ تو میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ گھوڑ دوڑ پر شرط لگانا، اور گھوڑ دوڑ پر شرط جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا ہے، کہ وہ خلاف شرع ہے ۔ اس لئے میں نہایت ادب سے جناب والا آپ کی وساطت سے جناب قائد ایوان اور ان کے رفقاء کار اور معزز دوستوں کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا کہ وہ ٹھنڈے دل سے سوچیں کہ اس آرڈیننس کو پاس کرنے سے کہیں وہ تمام دعوے جنکا حوالہ میں نے ابھی دیا ہے باطل تو نہیں ہو جائیں گے ۔ کہیں ان کے اثرات ان کی رہنمائی، انکی ذات گرامی پر تو نہیں پڑیں گے ۔ میں ان کے فائدے کی بات عرض کر رہا ہوں ۔ کہیں انکی پارٹی

میں تو اس کا reaction نہ ہو گا؟ کہیں اگلے جہان میں ، کیونکہ اگلے جہان میں بھی تو انہوں نے جانا ہے وہاں ان سے اس قسم کی باز پرس تو نہ ہو گی ؟ تو اس کے متعلق وہ ٹھنڈے دل سے سوچیں اور غور فرمائیں اور پھر اپنی رائے کا اظہار فرمائیں ۔ میں ایک اور بات قائد ایوان کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں جو بحیثیت وزیر ہونے کے وہ Horse Race Betting Tax کے انچارج بھی ہیں ۔ ان سے میں درخواست کروں گا کیونکہ ان کا جمع کرنا بھی انہیں کا ذمہ ہے ۔ ان سے درخواست کروں گا کہ وہ قرآن اور حدیث کے نام پر جس کا بار بار وہ ملک کے ایک کونے سے لیکر دوسرے کونے تک گذشتہ تین ماہ میں واسطہ دیتے رہے ہیں اور جس کے متعلق لاہور کے در و دیوار پر نبی اکرم، نبی کریم کے نام پر بڑے بڑے اشتہار چسپاں کرتے رہے ہیں میں اسی نبی کریم کے فرمان کو اور اللہ کے حکم کو انہیں ناموں سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ اس ٹیکس کو واپس لے لیں ۔ اس آرڈیننس کو واپس لے لیں ۔ یہ خلاف شریعت ہے ۔ اس اسمبلی کو قطعاً اختیار نہیں ہے کہ اسے خلاف شریعت قانون کو پاس کرے۔ ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

وزیر خزانہ — ایک عرض کروں جناب وہ یہ ہے کہ جو اصحاب چیزوں کا اعادہ کر رہے ہیں اور اگر وہ ایسا کرتے گئے تو یہ بحث کبھی ختم نہ ہو گی ۔ وہ بیشک بولیں مگر نئے arguments دیں ۔ آپ بولیں ۔

خواجہ محمد صفدر — میرا یہی خیال ہے جناب ۔

وزیر خزانہ — آپ پڑھ لیجئے یہ آپ کا آئین ہے There is no re-petition یہ آپ کا آئین ہے ۔ میں نے ان کی توجہ مبذول کرائی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر — کیا آپ سپیکر کے اختیارات بھی لینا چاہتے ہیں ؟

وزیر خزانہ — No Sir آج آپ غلط باتیں کر رہے ہیں۔

I know it is a swan song

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ-۱) — جناب صدر۔ مجھے یہ توقع تھی کہ اس آرڈیننس کو ہاؤس کے سامنے پیش کرتے وقت اس کی منظوری کی توقع کرتے مگر کیا لیڈر آف دی ہاؤس ہمیں یہ بتائیں گے کہ انہوں نے یہ کیا چیز ہے جو ہمارے سامنے پیش کی ہے۔ یہ آرڈیننس کیا ہے۔ اس کے اندر کیا کیا چیزیں ہیں جو ہمارے سامنے پیش کی ہیں۔ کیا کیا تبدیلیاں ہیں جو وہ موجودہ قانون میں لانا چاہتے ہیں۔ مجھے یہ بھی توقع تھی کہ چونکہ وہ بڑے پرانے Parliamentarian ہیں۔ سن ۱۹۵۱ سے اس ہاؤس کے بڑے اہم ممبر رہ چکے ہیں۔ وزیر رہ چکے ہیں اور اب ایک طرح سے چیف منسٹر بھی ہیں کیا وہ ہمیں یہ بتائیں گے کہ یہ چیز اس صوبے پر آرڈیننس کی شکل میں کیوں نافذ کی گئی ہے؟ کیا وہ حالات تھے جن کے تحت ان کو مجبوری محسوس ہوئی کہ ہاؤس کا انتظار کئے بغیر ایک قانون ہنگامی شکل کا قانون ہم پر نافذ کر دیا۔

وزیر مال — آرڈیننس پر تو کافی کہا گیا ہے۔ This is repetition Sir.

میاں عبداللطیف — میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔ مجھے بتا دیں کہ میں نے اپنے بھائی کے کونسے فقرے کو repeat کیا ہے۔ میں الزام لگا رہا ہوں لیڈر آف ہاؤس پر کہ انہوں نے ہاؤس میں ایک بم کی شکل میں وہ چیز پھینک دی ہے۔ وہ کیا چیز تھی وہ کیوں بنائی گئی۔ اس پر روشنی نہیں ڈالی۔ میں نے لیڈر آف دی ہاؤس پر الزام لگایا ہے میرے فاضل بھائی نے بھی ان پر الزام لگایا تھا۔ ابھی میں نے بتانا ہے کہ آرڈیننس اور بل وغیرہ کیا ہوتے ہیں۔ جب میں اس مضمون پر آؤں گا تو پھر ان کو پریشانی غالباً زیادہ ہوگی لیکن وہاں بھی میں repetition

نہیں کروں گا ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس سے مجھے قطعاً انکار نہیں کہ گورنر صاحب کو یہ اختیار حاصل ہے کہ جب صوبہ میں ہنگامی حالات ہوں یا جیسے کہ آئین میں الفاظ استعمال کئے گئے ہیں ایسی Circumstances exist کرتی ہوں ۔ حالات موجود ہوں ۔ آگے اس چیز کی تشریح ہے ۔ لیکن کس قسم کے حالات جہاں فوری قانون سازی کی اشد ضرورت ہو ۔ تو ان حالات میں جہاں صوبے کے مفاد کا تقاضا ہو ۔ جہاں اسمبلی کے سیشن کا انتظار نہ کیا جا سکتا ہو ۔ مثال کے طور پر سیلاب یک لخت آ گیا یا ٹڈی دل آ گیا ہے یا صوبے میں کوئی ایجیٹیشن ہو گئی ہے یا درہ خیبر سے لیکر واہگہ تک صوبے کو آگ کی لپیٹ میں لے آئے تو وہاں نہ اسمبلی summon کی جا سکتی ہے اور نہ سیشن کا انتظار کیا جا سکتا ہے تو ان خصوصی حالات میں گورنر کو قانون اختیارات دیتا ہے کہ وہ ہنگامی قانون ہنگامی حالات کے لئے بنا دیں ۔ کہ وہ ہنگامی قانون ہنگامی حالات کے لئے بنا لیں اور اس کے بعد جب یہ ہاؤس اجلاس میں بیٹھے تو اس کی تصدیق کی جائے ۔ لیکن جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے ۔ یہ قائد ایوان کا فرض تھا کہ وہ آرڈی نینس کو تصدیق کے لئے پیش کرتے وقت ہمیں بتاتے کہ وہ کیا حالات تھے جن کے تحت انہوں نے یہ قانون بنایا ۔ اُن کا یہ خیال ہے کہ وہ جب چاہیں غیر مشروط طور پر آرڈیننس بنا سکتے ہیں ، میں اُن کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ بل اور آرڈیننس میں زمین و آسمان کا فرق ہے ۔ بل ہاؤس میں پیش ہوتا ہے یہاں سے اس کی ابتدا ہوتی ہے ۔ یہاں اس پر بحث ہوتی ہے ۔ یہاں سے پاس ہو کر پھر وہ گورنر کی منظوری کے لئے جاتا ہے ۔ آرڈی نینس پہلے ہی ایک آدمی ہمارا تنخواہ دار ملازم ، جس کو ہم تنخواہ دیتے ہیں ، جو ہمارا نمائندہ نہیں جناب صدر صاحب کا نمائندہ ہے ۔ خصوصی اختیارات سے بنا دیتا ہے اور ہمیں اسے بلا ترمیم قبول کرنا ہوتا ہے ۔ ہمارا فرض تو صرف قانون سازی ہے ۔ لیکن ذرا دیکھیں کہ ۱۹۶۲ء سے آج تک ہم نے اس فرض کو کہاں تک پورا کیا ہے ۔ ۱۹۶۲ء میں یہ اسمبلی بنی ۔ اس سال گورنمنٹ نے ۴۹ آرڈیننس

نافذ کئے ۔ جہاں تک قانون سازی کا تعلق ہے اس سال ہم نے صرف ۵ قانون بنائے ۔ ان میں سے ایک تو ہمارے اپنے الاؤنسوں کے متعلق تھا اور ایک فنانس ایکٹ تھا ۔ یہ ہماری سال بھر کی کار گذاری تھی ۔ باقی حکومت کا سارا کام ۴۹ آرڈیننسوں کے ذریعہ چلایا گیا ۔ اس پر قائد ایوان فخر کریں تو کریں صوبہ فخر نہیں کر سکتا ۔ ادھر کی یہ پارٹی فخر نہیں کر سکتی ۔ میرے خیال میں آدھر بھی با ضمیر حضرات ہیں ۔ ان کا ضمیر بھی انہیں بتاتا ہوگا کہ وہ بھی اس پر فخر نہیں کر سکتے ۔

اس کے بعد جناب ۱۹۶۳ء کا سال آیا ۔ ۱۹۶۳ء میں، جناب جیسا کہ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے، ہماری حکومت نے وقتاً فوقتاً ۴۶ آرڈیننس نافذ کئے ۔

Minister of Agriculture : Sir, it is repetition.

Mr. Senior Deputy Speaker : This point has been exhaustively dealt with by Khawaja Sahib.

Mian Abdul Latif : My friend has not uttered one single sentence about the Acts passed by this House.

میں نے خواجہ صاحب کے پیش کردہ اعداد و شمار نہیں دیئے ۔ ان کی کسی بات کا اعادہ نہیں کیا ۔

ان ۴۶ کے مقابلہ میں اس ہاؤس نے کیا قانون سازی کی ۔ جناب ! ۱۷ ایکٹ جن میں ہمارے Privileges کا ایکٹ بھی شامل ہے ۔ فنانس ایکٹ بھی شامل ہے ۔ جن میں ترمیمی قوانین بھی شامل ہیں ۔ سات پرائیویٹ بل بھی شامل ہیں ۔ اس کے بعد جناب ۱۹۶۴ء میں ۲۷ آرڈیننس پاس ہوئے ہیں ۔ ان کے مقابلہ میں ایوان نے مع ان تمام پرائیویٹ بلوں کے جو یہاں وقتاً فوقتاً پاس ہوئے، ۳۴ ایکٹ پاس کئے ۔ تو جناب یہ ہے ہماری کارکردگی جو ہم نے ۳ سال کے اندر کی ۔ ۵۶ ایکٹ پاس کئے ہیں ۔ اس کے مقابلہ میں ذرا اندازہ فرمائیے ۱۲۲ آرڈی نینس ہماری یہ حکومت جاری کر چکی ہے ۔ ۱۲۲ ۔ آرڈیننسوں کے مقابلہ میں ۵۶ بل جن میں

پرائیویٹ ممبروں کے ۹ بل بھی شامل ھیں۔ اس کے بعد جناب اب سوال یہ پیدا ھوتا ھے کہ آخر ان آرڈی نینسوں سے کس نے فائدہ حاصل کیا ۔ کیا ھم نے آنے والی نسلوں کے لئے یا صوبہ میں آئندہ آنے والی اسمبلی کے لئے کوئی اچھی روایات قائم کر دیں ۔ کیا اس سے ملک کا فائدہ ھوا ۔ ھاؤس کے وقار کو فائدہ ھوا ۔ کیا گورنر صاحب کی شخصیت یا ان کے اعزاز میں کوئی اضافہ ھوا یا عوام کے حقوق میں اضافہ ھوا ۔ یا اس سے کنونشن لیگ کو فائدہ پہنچا ۔ میری ناقص رائے میں عالیجاہ اس آرڈی نینس سے ملک کے کسی حصہ کو فائدہ نہیں پہنچا ۔ اس ھاؤس کو فائدہ نہیں پہنچا ۔ اس گورنمنٹ کو فائدہ نہیں پہنچا ۔ عالیجاہ ۔ گورنر صاحب کو فائدہ نہیں پہنچا ۔ اس کے بعد اگر گورنر صاحب کے بعض دوستوں نے انہیں یہ مشورہ دیا کہ وہ ایسے قوانین بنائیں ، جنہیں لوگ کالے قوانین کہیں اور اس کے بعد ''کا لکھ،، ان کے منہ پر بھی آئے ، تو یہ ان کے نادان دوست تھے ، ایسے نادان دوستوں کے باعث گورنر صاحب کے وقار اور عزت میں کمی ھوئی ھے ۔ اس ھاؤس کے وقار کو ٹھیس پہنچی ھے۔ یہ آرڈی نینس ھمارے حقوق پر چھاپہ ھیں ۔ اگر یہ آرڈی نینس صوبہ کے مفاد کے لئے نافذ ھوتے تو ھم بھی کہتے کہ ھنگامی حالات تو نہ تھے مگر یہ سب کچھ صوبہ کے فائدہ کے لئے کیا گیا ھے۔ لیکن ان ۱۲۲ آرڈی نینسوں کا لب لباب اور مقصد پیشتر کیا تھا ۔ کسی غریب کا ۶ لاکھ کی مالیت کا مکان ۵۰ ھزار میں چھین لیا ، کیونکہ آن کے ایک سیکرٹری کو مکان مہیا کرنا تھا ۔ دوسرا ھم نے یہ شیر مارا کہ مہاجرین کی دکانیں چھینیں ۔ اپنی مرضی سے ، قانون کے ذریعہ سے آن کی قیمت مقرر کی اور انہیں ایک محکمہ کے حوالہ کر دیا ۔ یا ایک آرڈی نینس بنایا جس کے ذریعہ طلبہ کے سروں پر تلوار لٹکا دی کہ جب چاھیں ان کی ڈگری چھین لیں ۔ ایک اور آرڈی نینس نافذ کیا جس کے تابع یہ احکام دیئے کہ ناپسندیدہ اساتذہ کو جب چاھیں نکال دیں گے۔ کسی کے خلاف فرد جرم کی ضرورت نہیں۔ یہ بھی بتانے کی ضرورت نہیں کہ اس نے رشوت لی یا بد عنوانی کی یا وہ پڑھا نہیں سکتے ۔ یا ان میں کوئی نقص ھے۔ ۔ محض یہ بتانا ضروری ھے کہ مابدولت کے خیال مبارک میں تم ناپسندیدہ

شخص ہو ۔ لہذا اس کالج سے نکل جاؤ۔یا ہم نے اپنے ایک آرڈیننس کے ذریعے سے صحافیوں کے قلم کو توڑ ڈالا ہے ۔ انکی آزاد خیالی کو توڑ ڈالا ہے۔ ہم نے اخبارات کی دنیا کو مفلوج کر دیا ۔ کیا اس چیز کیلئے اور اس پر کوئی شخص فخر کر سکتا ہے۔ یہ ہے انکا کارنامہ ۔ آخر یہ کس بات کیلئے کیا جا رہا ہے ۔ میں انہیں آپکی وساطت سے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ وہ لارڈ ولنگٹن کی حکومت کے پرزے نہیں ہیں ۔ یہ انکا فتح کیا ہوا ملک نہیں ہے۔ یہ پانچ کروڑ انسانوں کے خادم ہیں۔ نوکر ہیں۔ وہ احساس پیدا کریں اور دیانتداری سے اس پر عمل کریں ۔ یہ پانچ کروڑ نفوس کے نمائندے ہیں۔ انکا کام یہ ہے کہ ان پانچ کروڑ انسانوں کو سر بلند کریں ۔ انکو اونچا کریں اور انکو دلیر بنائیں۔ آج انہوں نے کیا وطیرہ اختیار کر رکھا ہے۔ محض خوشامدیوں کا ایک ٹولہ بنا کر آپ فخر نہیں کر سکتے ہیں۔ اس سے پاکستان زیادہ مضبوطی کی شکل میں نہیں رہ سکتا ۔ پاکستان ہمارے قائد ایوان کا نام نہیں ہے۔ ملک قادر بخش کا نام نہیں ہے۔ اور اس ایوان کا بھی نام نہیں ہے۔ کسی گندھارا انڈسٹری کا نام نہیں۔ کوہ نور ملز کا نام نہیں۔ پاکستان اگر ہے تو ان دس کروڑ قلاش اور غریب عوام کا ملک ہے۔ اگر وہ مضبوط ہیں تو آپکا بھی وقار ہے اس ہاؤس کا بھی وقار ہے۔ ہماری حکومت بھی مضبوط ہے ۔ اگر آپ نے انکو اس آرڈیننس کے ذریعے اپاہج کر دیا ۔ آپ نے انکو بیکار بنا دیا تو پھر آپ نے ملک کی کوئی خدمت نہیں کی ۔ آپ نے ملک پر ظلم کیا ہے۔ اور اس ظلم میں کم از کم یہ پارٹی جو خدا کے فضل سے نہایت محب وطن افراد پر مشتمل ہے ، آپ کا ساتھ نہیں دے سکتی ۔ آپ اپنی ذمہ داری پر جو کچھ چاہیں کریں ۔ تو جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر رہا تھا ۔ یہ اختیارات غیر مشروط نہیں ہیں ۔ اور اسکی دو تین موٹی موٹی مثالیں آپکی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ فرض کیجئے کہ ہم قائد ایوان کو ولایت بھیجتے ہیں کہ جائیے ۔ فلاں کام کیجئے ۔ یہ دس کروڑ روپیہ آپکے لئے وہاں بھیج دیا گیا ہے۔ اور یہ دس لاکھ روپے کا ڈرافٹ آپکو مزید دیتے ہیں ۔ جونہی آپکا پہلا دس لاکھ روپیہ خرچ ہو جائے اور آپکا باقی کام پڑا ہو۔

تو آپ اس دس لاکھ روپے میں سے استعمال کر سکتے ہیں ۔ تو ہم نے ان پر ایک پابندی عائد کر دی ۔ لیکن ہمارے وزیر صاحب لنڈن پہنچتے ہی پہلا کام یہ کرتے ہیں کہ اس ڈرافٹ والے بنک کا پتہ لگاتے ہیں اور وہاں سے وہ دس لاکھ روپیہ نکلوا لیتے ہیں ۔ انکو اس بات کا اختیار تو تھا ۔۔۔۔

وزیر خزانہ— جناب والا ۔ وہ کیا کہہ رہے ہیں ۔ وہ ذرا اسے دھرا دیں ۔ کیونکہ جب تک میں انکی بات نہ سمجھوں ۔ انکو جواب کیسے دونگا ۔

میاں عبداللطیف — ہاں میں دھرا دیتا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر—آپکو انہوں نے ولایت بھیجا تھا ۔

میاں عبداللطیف—میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آرڈیننس بنانے کا اختیار غیر مشروط نہیں ہے ۔ اس پر حد بندی ہے اور کچھ شرائط ہیں ۔ میں ان شرائط کی مثال آپکو سمجھا رہا تھا ۔ کہ فرض کیجئے ہم جناب قائد ایوان کو ولایت بھیجتے ہیں ۔ جس مشن پر بھیجتے ہیں ۔ اسکی تکمیل کیلئے ان کے خرچ کیلئے ہم بیس لاکھ روپے وہاں بنک میں رکھتے ہیں ۔ کہ جائیے فلاں کام کیجئے اور اس رقم میں سے خرچ کیجئے ۔ لیکن اگر آپکا کام ادھورا رہ جائے اور رقم ختم ہو جائے تو یہ دس لاکھ کا ڈرافٹ لیجئے ۔ اس میں سے بھی آپ خرچ کر سکتے ہیں ۔ گویا شرائط یہ ہیں کہ کام نا مکمل ہو ۔ اور وہ بیس لاکھ کا بیس لاکھ خرچ ہو چکا ہو ۔ تو پھر اس دس لاکھ کو استعمال کر سکتے ہیں ۔ لیکن جناب شیخ صاحب لنڈن کے ہوائی اڈے پر اترتے ہی قلی سے پوچھتے ہیں کہ لائیڈز بنک کہاں ہے ۔ اور روپیہ جاتے ہی نکال لیتے ہیں ۔ تو جناب والا ۔ اسکو آپ کیا کہیں گے ۔ تو شیخ صاحب آپکے دربار میں اس قسم کی آرڈیننس سازی ہے ۔

وزیر خزانہ— اسکے لئے آپ نے مجھے چنا ہے ۔ کسی اور کا انتخاب کر لیتے ۔

میاں عبداللطیف — اسکے علاوہ ہم نے ایک ریوالور پیر محمد خان

صاحب کو دیا ہے ۔ اور اجازت دی ہے کہ یہ لیجئے ۔ اور فلاں جگہ تشریف لے جائیے وہاں ایک جلسہ ہو گا ۔ اگر خدانخواستہ وہاں آپ پر حملہ ہو جائے ۔ اور آپکی جان کو سخت خطرہ لا حق ہو جائے کہ آپ بچ نہ سکیں ۔ تو پھر آپ اس ریوالور کو استعمال کر سکتے ہیں ۔ لیکن پیر محمد خان صاحب کیا کرتے ہیں ۔ جا کر پہلے ہی پوچھتے ہیں کہ مخالف پارٹی والے کہاں ہیں اور جاتے ہی چھ کی چھ گولیاں مخالفین کے پیٹ میں اتار دیتے ہیں ۔ انکو یہ اختیار تھا اور انکی جیب میں ہمارا پستول تھا ۔ انکو اختیارات تھے، لیکن محدود اور مشروط اختیارات تھے ۔ محض اس شکل میں کہ اگر انکی جان پر حملہ ہو جائے اور کوئی چارہ کار نہ ہو تو پھر وہ اسے استعمال کر سکتے ہیں ۔ لیکن انہوں نے جاتے ہی پوچھا کہ مخالف پارٹی کہاں ہے اور چھ آدمیوں کو مار ڈالا ۔ تو شیخ صاحب اس قسم کی قانون سازی ہے جو آپ کر رہے ہیں ۔ آپ محض اس اجازت کا سہارا لیکر وہ کام کر رہے ہیں جسکی اجازت قانون آپکو نہیں دیتا ۔

وزیر خزانہ — کچھ ملک قادر بخش کے متعلق بھی کہیں۔

سید احمد سعید کرمانی — انہیں حافظ سمجھ کر چھوڑ دیا ۔

21. Abbottabad.	Nara-Comprising of the revenue estates of :— Nara. Mohri badbenan. Gohra. Meraotla. Dakhan. Kehan. 8 Marri. Kangerhoter- Satoara. Chanih.	1. Nara. Mohri badbenan. 2. Gohra. Meraotla. 3. Dakhan. 4. Kehan. Marri. Kangerhoter. 5. Satora. Chanah.
22. Abbottabad.	Majoouan-Comprising of the revenue estates of :— Chamnaka.	1. Chamnaka. Hajia. 2. Chandoumera.

Hajia.	Dhank.
Chandoumera.	Karach
Dhank.	Moharri.
Karach.	3. Samwala.
Moharri.	Rovala.
Samwala.	4. Girba.
Revala.	Merateria.
Girba.	Majhoun.
Mareterla.	5. Masngorjri.
Najhouan.	Masahayedalan.
Masngojri.	6. Manji.
Masahasayedalan.	Bassera.
Manji.	7. Chotala.
Basera.	Faqir moh.
Chotala.	Dananoralan.
Faqir Moh.	Lassan.
Danaooralan.	8. Kehrakki.
Lassan.	Gali Batgram.
Kehrakki.	Langrial.
Gali Batgram.	9. Drban.
Langrial.	
Dabran.	

23. Abbottabad. Lora-Comprising of the revenue estates of :—

Dakhan Pasir.	1. Dakhan Pasir.
Rahi.	2. Rahi.
Mera.	Mera.
Sherpur.	Sher pur.
Cherbat.	3. Cherbat.
Phajjoora.	Phajjoora.
Battal Kund.	Battal Kund.
Ropar.	4. Ropar.
Phallah.	Phallan.
Attraran.	Attran.
Gammer 8.	5. Gammer.
Galli.	Galli.
Kashmir.	Kashmir.
Dehri Reihala.	6. Dheri Reihala.
Summa Karagau.	7. Summa Karaga.
Banawarri.	8. Banawarri.
Danna.	Danna.

	Dumni Keyala.	9. Dumni Kayala.
	Thath Karamshah.	10. Thath Karamshah.
	Garhi.	Garhi.
	Ghora.	Ghora.
	Noorpur.	Noorpur.
	Seeri.	Seeri.
	Nerhoter.	11. Nerhoteri.
	Lore.	12. Lora.
24. Abbottabad.	Nagri Totial-Comprising of the revenue estates of :—	
	Kotal.	1. Kotal.
	Goreeni.	2. Goreeni.
	Busher.	3. Busiher.
	Malmola.	Malmola.
	Palasi.	Palasi.
	Nagri totiall	4. Nagri Totiol.
	Seer Gherbi.	5. Seer Gherbi.
	Neer Sharqi.	6. Seer Sherqi.
	Torore.	7. Torore.
	Batian.	Batian.
25. Abbottabad.	Comprising of the revenue estates :—	
	Soor Jal.	1. Soor Jal.
	Palak.	2. Palak.
	Arwar.	Arwar.
	Derwaza.	3. Derawaza.
	Malkot.	4. Malkot.
	Kalabum.	5. Knlabun
	Langal.	Langal
	Reyala.	6. Reyala.
26. Abbottabad.	Bakot-Comprising of the revenue estate-	1. Bakot
	Bakot.	2. Barotkelan.
	Barotkalan.	3. Kahou Sherqi.
	Kahou Sherqi.	4. Barot Khurd.
	Kahou Gharbi.	5. Kahou Garbi.
27. Abbottabad.	Namal-Comprising of the REVENUE ESTATES OF :—	1. Molia.
	Molia.	2. Singal.
	Singal.	3. Namal.

	Namal.	4. Majhoonan.
	Majhoohan.	
28. Abbottabad.	Patan Kalan-Comprising of the revenue estates of :—	
	Patan Khurd.	1. Patan Khurd.
	Patan Kalan.	2. Patan Kalan.
	Bandi Sarara.	3. Bandi Sarara.
	Chamyali.	4. Chamyali.
	Khokheryala.	5. Khokheryala.
	Banota.	Banota.
	Sialkot.	6. Sialkot.
	Beeragali Underseeri.	7. Beerrangali Underseeri.
29. Abbottabad.	Boie-Comprising of the revenue estates of :—	
	Kakmung.	1. Kakmung.
	Kothialal.	Kothiala.
	Larri.	Larri.
	Similideri.	2. Similideri.
	Bandi Bahar.	3. Bandi Bahar.
	Bandi Hamza.	Bandi Hamza.
	Phugran.	4. Phugran.
	Ckack.	Chack.
	Goli Mohri.	Gali Mohri.
	Rankot.	5. Rankot.
	Barheen.	6. Barheen.
	Pall.	Pall.
	Bandi Sammand.	Bandi Sammand.
	Boie.	7. Boie.
	Batangi.	Batangi.
	Tori.	Tori.
	Deedal.	8. Deedal.
	Nakka.	Nakka.
30. Abbottabad.	Dalola-Comprising of the revenue estates of the	
	Naroka.	1. Naroka.
	Dalola,	2. Dalola.
	Dabin.	3. Doban.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SEVENTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Friday, the 15th January, 1965

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلرَّحْمٰنُ ۙ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ○ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ○ وَّالنَّجْمُ
وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ○ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ۙ اَلَّا تَطْغَوْا فِى الْمِيْزَانِ ○ وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ
وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ○ وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۙ فِيْهَا فَاكِهَةٌ ۙ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ۙ وَالْحَبُّ
ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۙ
وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○

(پارہ ۲۷۔ س ۵۵۔ رکوع ۱۱۔ آیات ۱ تا ۱۶)

رحمن ۔ جس نے قرآن کی تعلیم دی ۔ اسی نے انسان کو پیدا کیا ۔ اسی نے اسکو بولنا سکھایا ۔ سورج اور چاند ایک حساب مقررہ کے ساتھ گردش کر رہے ہیں ۔ اور بوٹیاں اور درخت سجدہ ریز ہیں ۔ اور اسی نے آسمان کو بلند کیا اور انصاف کی ترازو قائم کردی ۔ تاکہ وزن کرنے میں حد سے تجاوز نہ کرو ۔ اور انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو اور کم مت تولو ۔ اور اسی نے خلائق کے لئے زمین بطور فرش بچھادی ۔ اس میں (ہر طرح کے) میوے اور کھجور کے درخت ہیں جنکے خوشوں پر غلاف چڑھے ہوئے ہیں ۔ اور اناج جس کے ساتھ میں بھس ہوتا ہے ۔ اور خوشبو دار پھول ۔ پس اے (گروہ جن وانس) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ۔ اسی نے انسان کو ٹھیکری کی طرح کھنکھناتی مٹی سے بنایا اور جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا ۔ پس تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ۔

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Babu Muhammd Rafiq.

DEVELOPMENT SCHEME OF DEGHARI MINES

***4767. Babu Muhammad Rafiq**; Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state whether it is a fact that a sum of Rs. 150 lakhs was provided for the Development Schemes of Deghari Mines in the Second Five Plan period; if so –

(*i*) the amount spent year-wise so far on the said scheme alongwith the year-wise Budgetary provisions;

(*ii*) the month-wise expenditure on the said scheme for 1962-63 and 1963-64 upto 31st October, 1963:

(*iii*) the date on which the work will be completed;

(*iv*) the detail of work done so far ;

(*v*) reasons for delay, if any in the implementation of the said scheme.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, I have to do the job of the Parliamentary Secretary today if you permit.

Mr. Speaker: Is the gentlemen sick?

Minister of Law: Yes, he is not, well. Answer to this question is:

جی ہاں ۔

(۱) میزانیے کی سال وار گنجائش اور اخراجات ۔ حسب ذیل ہیں

میزانیے کی گنجائش	اخراجات
۱۹۶۲-۶۳ ۴۰ لاکھ روپے	۱۵ء ۵ لاکھ روپے
۱۹۶۳-۶۴ ۱۱ لاکھ روپے	۱۵ء۶۱ لاکھ روپے

(۲) سال ۱۹۶۲-۶۳ء اور ۱۹۶۳-۶۴ء (۳۱ اکتوبر ۱۹۶۳ تک) ماہوار اخراجات براہ کرم منسلکہ کیفیت نامہ ''الف،، میں ملاحظہ کئے جائیں۔

(۳) ۱۹۶۷ء

(م) معاون ڈیگاری کا تمام پٹے کا علاقہ تین بلاکوں میں تقسیم کردیا گیا ہے یعنی بلاک نمبر ۱ بلاک نمبر ۲—۳ اور بلاک نمبر ۳ ۔ کوئلہ کی حمل و نقل کے لئے سامان بلاک نمبر ۲—۳ اور نمبر ۳ میں نصب کیا جاچکا ہے ۔ بلاک نمبر ۱ اس کی تنصیب میکانکی سامان کی کمی کے باعث بند کردی گئی ہے جو توقع ہے کہ جلد ہی جائے وقوع پر پہنچ جائے گا ۔

۲۵۰ کلوواٹ کے ڈیزل جنریٹروں کے دو سیٹ پہلے ہی نصب کئے جاچکے ہیں اور کام کر رہے ہیں ۔

۳۰۰ ہارس پاور کے کمپریسروں کے دو سیٹ نصب کئے جا چکے ہیں اور ان کا چالو ہونا بجلی کی تنصیب نہ ہونے کی وجہ سے ملتوی ہے جس کا انتظار کیا جارہا ہے ۔

علاقے کی ڈھلوائی سمت میں کوئلے کی مقدار کا جائزہ لینے کے لئے ۸۰۰ فٹ تک کھدائی کی جا چکی ہے ۔ کھدائی کے نتائج کا انتظار ہے ۔

(ہ) کوئی تاخیر نہیں ہوئی ہے۔ جوں ہی جیالوجی کل سروے آف پاکستان کی طرف سے بورنگ کے نتائج کا اثبات کردیا جائے گا مزید کام جدول کے مطابق شروع کردیا جائے گا ۔

منسلکہ '' الف ،،

	اخراجات
۱۹۶۲-۶۳ء	
جولائی ۱۹۶۲ء	۰٫۳۹ لاکھ روپے
اگست ۱۹۶۲ء	۰٫۳۷ لاکھ روپے
ستمبر ۱۹۶۲ء	۰٫۵۷ لاکھ روپے
اکتوبر ۱۹۶۲ء	۰٫۳۵ لاکھ روپے
نومبر ۱۹۶۲ء	۰٫۳۷ لاکھ روپے
دسمبر ۱۹۶۲ء	۰٫۳۸ لاکھ روپے
جنوری ۱۹۶۳ء	۰٫۵۰ لاکھ روپے
فروری ۱۹۶۳ء	۰٫۳۷ لاکھ روپے
مارچ ۱۹۶۳ء	۰٫۵۰ لاکھ روپے
اپریل ۱۹۶۳ء	۰٫۵۰ لاکھ روپے
مئی ۱۹۶۳ء	۰٫۳۵ لاکھ روپے
جون ۱۹۶۳ء	۰٫۳۵ لاکھ روپے
	۵٫۱۰ لاکھ روپے
۱۹۶۳—۶۴ء	
جولائی ۱۹۶۳ء	۱۱٫۳۹ لاکھ روپے
اگست ۱۹۶۳ء	۱٫۲۵ لاکھ روپے
ستمبر ۱۹۶۳ء	۱٫۳۷ لاکھ روپے
اکتوبر ۱۹۶۳ء	۱٫۵۰ لاکھ روپے
	۱۵٫۶۱ لاکھ روپے

INSTALLATION OF LOW TEMPERATURE COAL CARBONIZATION PLANT IN QUETTA

*4793. **Babu Muhammad Rafiq:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that a total amount of Rs. 78.52 lakhs was provided for the Scheme of installing a low temparature Coal Carbonization Plant in Quetta during the year 1963-64; if so;

(*i*) the amount spent on the said Scheme and the budgetary provision for it in the 2nd Five Year Plan period;

(*ii*) the month-wise expenditure for 1962-63 and 1963-64 up to 31st October 1963;

(*iii*) the date on which work will be completed;

(*iv*) the detail of work done so far;

(*v*) the date of acceptance of tender for the work;

(*vi*) reasons for delay, if any, in the implementation of the scheme?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریاں میمن) : (الف) جی ھاں ۔ سکیم پر تین سال کے عرصہ میں کل رقم ۷۷ء۱۹۵ لاکھ خرچ ھوگی ۔ ۱۹۶۳ — ۶۴ء کے لئے ۵۲ء۷۸ لاکھ روپے مخصوص ھے ۔

(۱) تا حال ۱ء۶۴ لاکھ (۵ء۵۶ لاکھ ملکی اور ۱ء۸۰ لاکھ زر مبادلہ) سکیم پر خرچ ھوچکا ھے ۔ یہ رقم میسرز لرگی آف جرمنی کو بسلسلہ معائنہ و قیمت ۶۲ ٹن کوئلہ و اخراجات بار برداری ادا کی گئی ھے ۔ ۳۰ء۱۶۷ لاکھ روپے دوسرے پنجسالہ منصوبے میں مہیا کیا گیا ھے ۔

(۲) ۱ء۶۴ لاکھ کے علاوہ جس کا اوپر ذکر کیا جا چکا ھے کوئی اخراجات نہیں کئے گئے ۔

(۳) سکیم کی منظوری کی تاریخ سے تین سال تک ۔

(۴) ۱۹۶۱ء میں میسرز لرگی آف جرمنی کو ۶۲ ٹن کوئلہ گول کے امتحان کا کام سپرد کیا گیا تھا ۔ امتحانی رپورٹ سے جو مذکورہ کمپنی نے ۱۹۶۱ء میں پیش کی ثابت ھوگیا ھے کہ کوئٹہ کی کوئلہ کانوں میں کافی کوئلہ موجود ھے ۔ اور اسے

صنعتی اور دوسرے کاموں میں لایا جا سکتا ہے ۔ کوئلے کو سوختی بنانے کی سکیم اسی رپورٹ پر مبنی ہے ۔ مشینری اور پلانٹ کے واسطے متعدد ممالک سے ٹنڈر موصول ہوئے ہیں جن کی جانچ پڑتال ڈبلیو پی آئی ڈی سی کر رہا ہے ۔ ڈبلیو ۔ پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی مشیر بھی مقرر کر رہا ہے جو کہ ٹنڈر کی فنی تفصیلات کا جائزہ لیں گے ۔ ٹنڈر کی وصولی کی آخری تاریخ ۳۱-۸-۶۳ء تھی لیکن اس کو ۳۱—۱۰—۶۳ تک بڑھا دیا گیا تھا ۔ ٹنڈر کی منظوری فنی مشیر کی رپورٹ بسلسلہ تفصیلات فنی پر ہوگی ۔

(ہ) کوئی تاخیر نہیں کی گئی ۔ جونہی مرکزی حکومت سے سکیم منظور ہوجائے گی۔ مشینری کے واسطے فرم کو آرڈر دے دیا جائے گا ۔

INSTALLATION OF INDUSTRIES

***5711. Babu Muhammad Rafiq:** Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state:—

(*a*) the number of applications for installing industries received by Government after the promulgation of the Ordinance restricting the installation of industries without Government sanction alongwith (*i*) the number of the industries sanctioned, (*ii*) the names of places for which the said industries were sanctioned alongwith the estimated cost of each Project;

(*b*) whether any such applications were also received from Quetta and Kalat Divisions; if so, the number of such applications alongwith action taken thereon?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریاں میمن)—

(الف) مغربی پاکستان انڈسٹریز (قیام اور توسیع پر کنٹرول) آرڈی ننس ۱۹۶۳ کے نفاذ کے بعد سے اب تک صوبے میں نئے صنعتی یونٹ قائم کرنے کی اجازت کے لئے ۱۹۶۹۰ کروڑ روپے بیرونی اخراجات پر مشتمل ۴۴۵ درخواستیں مغربی پاکستان نظامت صنعت کو موصول ہوچکی ہیں ۔ ان درخواستوں کے صنعت وار تجزیے پر مشتمل ایک کیفیت نامہ ایوان کے روبرو پیش ہے ۔

(۱) , (۲) منظور کردہ صنعتیں جگہ جہاں کے لئے ان کی منظوری دی گئی ہے سے ہر منصوبہ کے لئے مختص کردہ غیر ملکی زر مبادلہ کی تفصیلات کیفیت نامہ میں دی گئی ہیں جو ایوان کے روبرو پیش ہے ۔

(ب) موصول شدہ درخواستوں میں سے ۱۲ درخواستیں جو ۱۶.۴ء لاکھ روپے کی رقم پر مشتمل ہیں کوئٹے—قلات کے ڈویژنوں سے تعلق رکھتی ہیں ۔ صوبائی پرمیشن کمیٹی—صوبائی حکومت نے ان درخواستوں کو بھی دیگر درخواستوں کے ساتھ غور کیا اور مندرجہ ذیل یونٹ منظور کئے گئے ۔

نام یونٹ	جائے وقوع	رقم غیر ملکی زر مبادلہ برائے مشینری و ساز و سامان روپے
(۱) پاکستان فروٹ پراڈکٹس (پھلوں کو ڈبوں میں بند کرنا اور محفوظ کرنا)	کوئٹہ ..	۲,۵۰,۰۰۰
(۲) سردار کولڈ سٹوریج (کولڈ سٹوریج اور آئس فیکٹری)	کوئٹہ	۲,۰۰,۰۰۰
(۳) ایس - ایم - اے قراقلی انڈسٹریز (قراقلی کلاتھ)	کوئٹہ	۹۰,۰۰۰

FOREIGN LOANS FOR ESTABLISHING SMALL INDUSTRIES IN QUETTA/KALAT DIVISIONS

***5872. Babu Muhammad Rafiq:** Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state:—

(*a*) the Division-wise number of applications received during the last 2 years for foreign loans for establishing small industries;

(*b*) the amount of loan sanctioned so far in each Division separately;

(*c*) whether it is a fact that nothing was given to Quetta-Kalat Division out of 70 lakhs Foreign Loan received during 1962-63 and all applications from this Region were rejected; if so, reasons therefor and whether Government intend to give Foreign Loan to the Industrialists of Quetta-Kalat Division; if so, up to what limit and if not, reasons therefor?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) :—(الف) مغربی پاکستان میں چھوٹے صنعتی یونٹ قائم کرنے کی غرض سے غیر ملکی قرضہ جات کے لئے گذشتہ دو سال کے دوران میں موصول شدہ درخواستوں کی قسمت وار تعداد منسلکہ ''الف،،میں درج ہے *

(ب) پاکستان کے صنعتی ترقیاتی بنک کو پیش کردہ قرضے کی درخواستیں اور اب تک قسمت وار منظور کردہ قرضے کی رقوم منسلکہ ''ب،، میں درج ہیں *

(ج) جی نہیں - یہ درست نہیں ہے - فی الحقیقت سارے مغربی پاکستان میں چھوٹی صنعتوں کے استفادے کے لئے ۶۲۵۰ لاکھ روپے کی غیر ملکی قرضوں کی تعین کی گئی تھی - اس میں سے ۲۰ لاکھ روپے کا یوگوسلاوی قرضہ چھوٹے صنعت کاروں کی طرف سے ناقابل استفادہ ہونے کی بنا پر واپس کرنا پڑا کیوں کہ اس ملک میں چھوٹے صنعت کاروں کے استعمال کی عام مشینری دستیاب نہیں تھی - لہذا صرف ۴۲۵۰ لاکھ روپے کے غیر ملکی قرضہ جات سے استفادہ کیا گیا تھا جس میں سے کوئٹہ ڈویژن

* Please See Appendix I at the end.

کے لئے ۵ لاکھ روپے کی مالیت کے منصوبوں کی ترقیاتی بنک پاکستان سے سفارش کی گئی ہے۔ اور یہ منصوبے وہاں زیر معائنہ ہیں ۔ گویا اسی طرح کوئٹہ ڈویژن کے لئے دستیاب کارآمد تعین کے ۱۱۶۸ کے مناسب حصہ کی سفارش کی گئی ہے۔

SETTING UP OF JUTE MILLS IN THE PROVINCE

***7159. Mir Haji Muhammad Bux Talpur**: Will the Parliamentary Secterary Industries be pleased to state whether it is a fact that Government have given approval for setting up Jute Mills in the Province; if so—

(*i*) the time by which the said mills are expected to start working;

(*ii*) the amount proposed to be spent on each mill; and

(*iii*) whether the said mills will be set up by Public Sector or the Government?

وزیر قانون(مسٹر غلام نبی محمد وریاہ میمن) :— جی ہاں ۔ حکومت نے صوبے میں پٹ سن کے دو کارخانوں کے قیام کی منظوری دیدی ہے ۔ یعنی (۱) ایک میسرز امین فیبرکس لمیٹڈ کی طرف سے کوٹری ضلع (دادو میں اور (۲) دوسرا میسرز کریسنٹ جوٹ پراڈکٹس لمیٹڈ کی طرف سے ۔

(۱) کوٹری میں میسرز امین فیبرکس لمیٹڈ کے کارخانے نے پہلے ہی کام شروع کردیا ہے جب کہ میسرز کریسنٹ جوٹ ملز جڑانوالہ کی منظوری حال ہی میں دی گئی ہے اور توقع ہے کہ یہ کارخانہ تقریباً دو سال تک کام شروع کردیگا ۔

(۲) میسرز امین فیبرکس لمیٹڈ کی طرف سے قائم کردہ پٹ سن کے کارخانے پر ۹۰ لاکھ روپے اور میسرز کریسنٹ جوٹ پراڈکٹس لمیٹڈ کی طرف سے قائم ہونے والے کارخانے پر ۳۱۴ لاکھ روپے ۔

(۳) میسرز امین فیبرکس لمیٹڈ کوٹری ایک نجی ملکیت ادارہ ہے جب کہ کریسنٹ جوٹ پراڈکٹس لمیٹڈ جڑانوالہ مغربی پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کی طرف سے میسرز محمد امین محمد بشیر لمیٹڈ کراچی کی شرکت سے قائم کیا جائیگا ۔

AMOUNT ALLOCATED EOR INDUSTRIAL DEVELOPMENT DURING FIRST AND SECOND FIVE YEAR PLANS

***7163. Mir Haji Muhammad Bux Talpur**: Will the Parliamentary Secretary Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) the total amount allocated for Industrial Development during First and Second Five Year Plans alongwith (*i*) the total amount actually spent,

(*ii*) the industries set up during the said periods in Hyderabad Division and particularly in Tharparkar District and (*iii*) the names of places where such industries have been located;

(*b*) whether any amount has been earmarked for development of industries during Third Five Year Plan; if so, the names of industries alongwith their locations proposed to be set up or improved in Hyderabad Division;

(*c*) whether it is a fact that no heavy or small industry has been set up during the First and the Second Plans in Thar Desert of Tharparkar District which comprised an area of 8,500 sq. miles and a population of 3 lakhs;

(*d*) whether it is a fact that (*i*) best quality of ceramic clay has been found in the said area, (*ii*) caster seed amounting to more than one lakh maunds is being produced there and (*iii*) Gawar about 5 lakhs maunds and wool of best quality are also good raw materials of the said area;

(*e*) whether it is a fact that a factory to produce gum from 'Gawar' is being set up outside Thar at Nawabshah about 400 miles away from Nagarparkar;

(*f*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons for setting up of the said factory at a far of place instead of installing it in Thar area which, besides being backward, produces the required raw material in large quantity?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon):(*a*) In the First Five Year Plan approximately Rs. 162 crores were allocated to West Pakistan for industrial development.

Under the Second Five Years Plan, the allocation was Rs. 251 crores.

(*i*) Under the First Plan about Rs. 173 crores were invested in various industries of the Public and Private Sectors. As regards the Second Plan, so far as investment of about 429 crores has been committed.

(*ii*)&(*iii*) A statement showing the industries sanctioned for Hyderabad Division is placed on the Table of the House.*

(*b*) The Third Five Year Plan has not yet been finalized. However, Hyderabad Division is likely to get a fair share of the investment envisaged.

(*c*) No large industrial projects have been set up in the Thar Desert during the First or Second Five Year Plan periods as the natural or economic advantages of industrial development are still uncertain. However, in other parts of the Tharparkar District, three industrial units (one sugar mill, one *Particle Board factory* and one agricultural implements mfg. unit) have been sanctioned.

* Please See Appendix II at the end.

(*d*) (*i*) Clay suitable for ceramics has recently been found at Nagarparkar Peninsula of Tharparkar Distt. (*ii*) No. It is not a fact that castor seed amounting to more than one lac maunds on the average is produced annually in Tharparkar Distt. or Hyderabad Division. Caster seed in the Division is mostly grown in Thar area under rainfed (Barani) conditions and, as such, its production is highly fluctuating. A detailed statement giving the production of castor seed from 1959-60 todate is placed on the Table of the House* (Annexure 'B'). (*iii*) Yes. It is a fact that on the average 5 lacs maunds Gowar seed is produced annually in Hyderabad Division which is mostly concentrated in Thar areas of Tharparkar Distt. A statement showing production of Gowar seed from 1959-60 todate is placed on the Table of the House* (Annexure 'C').

(*e*) A factory has been set up at Nawabshah to *manufacture gum from the Gowar* that is obtained from neighbouring areas including Thar.

(*f*) The proposed factory is being set up by a private party at Nawabshah for the reason that most of the facilities like communications, electricity, etc., are easily available at Nawabshah.

ALLOCATION OF FUNDS FOR DEVELOPMENT SCHEMES BY INDUSTRIES DEPARTMENT

***7629. Master Khan Gul**: Will the Parliamentary Secretary Industries be pleased to state:--

(*a*) the total amount allocated in the 2nd Five Year Plan for implemention of Developmental schemes by Industries Department in the Province;

(*b*) the amount out of that mentioned in (*a*) above allocated to each region;

(*c*) the amount out of that mentioned in (*b*) above so far spent in each region?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریاہ میمن)—ہم انفارمیشن حاصل کرنے کے لئے کوشش کررہے ہیں ۔ ابھی تک موصول نہیں ہوئی ۔ جب مل جائیگی ۔ تو ہم Next Turn پر مہیا کردیں گے ۔

ماسٹر خان گل —یہ معاملہ اپریل ۱۹۶۴ء سے چلا آرہا ہے ۔ اگر اب بھی کوئی اطلاع نہ ملی تو ہماری باری تو نہیں آئے گی ۔

Mr. Speaker: Please try to answer the question on the next turn.

---

* Please See Appendix II at the end.

INDUSTRIAL UNITS SANCTIONED FOR LYALLPUR DISTRICT

*7750. **Mr. Hamza:** Will the Parliamentary Secretary Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) the number of Industrial Units sanctioned for each Tehsil of Lyallpur District during the last two financial years alongwith the amount of foreign exchange allocated in each case;

(*b*) the number of industrial units out of those mentioned in (*a*) above so far established in each tehsil;

(*c*) the criterion according to which the industrial units are sanctioned or recommended by the Industries Department?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): (*a*) During the last two years *i.e.*, 1962-63 and 1963-64, 9 units were sanctioned for Lyallpur Tehsil and one for Jaranwala Tehsil involving a total foreign exchange allocation of Rs. 702.80 lacs.

(*b*) The work of establishment of these Units is in progress.

(*c*) The criteria for considering proposals for setting up new industrial units include—

(*i*) Technical and economic feasibility of the project.

(*ii*) Financial position of the entrepreneurs.

(*iii*) Recurring liability of foreign exchange for raw materials, spare parts, etc.

(*iv*) Location of the unit.

(*v*) Availability of foreign exchange.

(*vi*) Export potential.

In the case of small in dustries, prefe rence is given to industries to be set up in the Small Industries Estates.

مسٹر حمزہ ۔ کیا وزیر صاحب یہ بتا سکتے ہیں۔ کہ جب لائل پور تحصیل میں Industrial Units موجود ہیں ۔ تو اس میں اور انڈسٹری کیوں لگائی جا رہی ہے ۔ اور کیا وجہ ہے ۔ کہ لائل پور کی دوسری تحصیلوں کو نظر انداز کیا جا رہا ہے ۔ جہاں تک Resources کا تعلق ہے ۔ یا Requirements اور Requisites کا تعلق ہے ۔ یہ دوسری تحصیلوں میں بھی موجود ہیں ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) ۔ اس کے متعلق ہم نے پہلے ہی عرض کر دیا ہے ۔ کہ

The factors which govern the setting up of New Industrial Units include 6 factors which you have mentioned.

کسی جگہ انڈسٹری قائم کرنے کے لئے Factors کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اگر ان میں سے ایک کی بھی کمی ہو ۔ تو انڈسٹری نہیں لگ سکتی یہ نہیں کہ ہم ایک تحصیل کو Feed کر رہے ہیں ۔ اور دوسری کو نہیں کرتے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا حکومت اس بات کو اہمیت نہیں دیتی ۔ معلوم ہوتا ہے ۔ صورت حال کچھ اور ہے ۔ اور وہ یہ کہ بعض لوگ Industrialists ہونے کے علاوہ زیادہ سیاست دان ہوتے ہیں ۔ اور حکومت ان کو نوازتی ہے ۔ پھر ان میں گٹھ جوڑ اور محبت ہو جاتی ہے ۔ اس کے علاوہ اور کوئی وجہ نظر نہیں آتی ۔ کیونکہ دوسری تحصیلوں میں تمام Requisites موجود ہونے کے باوجود انہیں نظر انداز کیا جا رہا ہے ۔ آپ تمام Industrial Units کو لائل پور کے گرد و نواح میں کیوں Concentrate کرتے جا رہے ہیں ۔

Mr. Speaker: This is the same supplementary question which the member has already put and got the answer.

مسٹر عبدالرازق خاں ۔ کیا وزیر متعلقہ ارشاد فرمائینگے ۔ کہ لائل پور میں جب پہلے ہی بہت زیادہ صنعتیں قائم ہیں ۔ وہاں پر اور کارخانے کیوں بنائے جا رہے ہیں ۔ اس کے علاوہ صوبہ کے دوسرے جو غیر ترقی یافتہ علاقے ہیں ۔ جہاں صنعتوں کی ضرورت ہے ۔ وہاں کارخانے لگانے کی اجازت کیوں نہیں دی جاتی ۔

وزیر قانون ۔ ہم یہ بات نہیں مان سکتے ۔ کہ اور علاقوں کو نہیں دے رہے ۔ ہم اور علاقوں کو بھی صنعتیں لگانے کی اجازت دے رہے ہیں ۔

SETTING UP OF NEW INDUSTRIES

***7864. Mr. Iftikhar Ahmed Khan:** Will the Parliamentary Secretary Industries, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Central Government have recently released a certain amount of Foreign Exchange to the Provincial Government for the setting up of new Industries in the Province; if so, the amount so released alongwith the balance of foreign exchange from the previous allotment;

(*b*) whether it is a fact that applications were invited by Industries Department,—*vide* its Notice No. DIW/PIP/63, dated 17th April, 1963 from the public for the distribution of the said foreign exchange for setting up new industries, if so, the number of applications so far received;

(*c*) whether it is a fact that the Permission Committee set up for the purpose held its meetings on the 6th and 8th June 1964 and considered the said applications;

(*d*) if answers to (*b*) and (*c*) above be in the affirmative, the names and addresses of the applicants whose applications were accepted and the criterion kept in view by the said Committee at the time of distributing the foreign exchange mentioned in (*a*) above for setting up new industries?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) ۔ (الف) مرکزی حکومت نے اپریل ۱۹۶۴ میں ۸۰ لاکھ روپے زر مبادلہ کی ایک انتہائی رقم صوبائی حکومت کی تحویل میں دیدی تھی تاکہ اس سے نئے صنعتی یونٹ قائم کئے جائیں ۔ اس کے علاوہ زر مبادلہ کی مختلف تخصیصات سے زر مبادلہ واگزار کر دیا گیا جو مجموعی طور پر ۶۰ لاکھ روپے بنتا تھا ۔

(ب) پہلا نوٹ نمبر ڈی آئی ڈبلیو۔ بی آئی بی ۔ ۶۳ مورخہ ۱۷—۴—۱۹۶۳ میں درخواستیں موجودہ صنعتی یونٹوں سے توازن۔ تجدید اور مشینری کی تبدیلی کے لئے طلب کی گئی تھیں نہ کہ نئے صنعتی یونٹ قائم کرنے کے لئے تاہم نئی صنعتیں قائم کرنے کے لئے درخواستیں اپریل مئی ۱۹۶۴ میں طلب کی گئی تھیں ۔ مشینری اور سازو سامان درآمد کرنے کے لئے ۱۷۸۰ کروڑ روپے کے زر مبادلہ کی طلب پر مشتمل ۵۱۳ درخواستیں موصول ہوئی تھیں ۔

(ج) جی ہاں ۔

(د) ان فریقوں کے کوائف پر مشتمل ایک کیفیت نامہ جنہیں نئے یونٹوں کے قیام کی منظوری دیدی گئی ہے ایوان کے روبرو پیش ہے * نئے یونٹ منظور کرتے وقت جو امور پیش نظر رہے ان میں یہ امور شامل تھے :—

(۱) سکیموں کا ممکن العمل ہونا ۔

(۲) درخواست دہندگان کی مالی حالت اور وسائل ۔

(۳) آر ۔ آئی ۔ آئی جدول میں اس صنعت کے لئے گنجائش ماسوائے ان صنعتوں کے جن کے لئے منظوری کا جواز جدول سے باہر موجود تھا ۔

* Please See Appendix III at the end.

(۴) یونٹ کا محل وقوع

(۵) سرپرستوں کی طرف سے یونٹ کو جلد از جلد قائم کرنے کی اہلیت۔

(۶) درمیانہ درجے کی صنعتوں کو جن کا انحصار بیشتر ملکی خام مال پر ہے اور چند ملکی صنعتیں بھی جو ضروری مقامی طلب کے لئے ضروری تھیں یا جن کے برآمدی امکانات تھے پر مناسب توجہ دی گئی۔

HEAD OFFICE OF WEST PAKISTAN INDUSTRIAL DEVELOPMENT CORPORATION

***7870. Maulana Ghulam Ghaus:** Will the Parliamentary Secretary Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the Head Office of the West Pakistan Industrial Development Corporation is located at Karachi;

(*b*) the cadre wise number of posts of all categories sanctioned for Headquarter Office of the West Pakistan Industrial Development Corporation along with the scale of pay prescribed for each cadre;

(*c*) the cadre wise number of posts out of those mentioned in (*b*) above which have been filled by persons belonging to former N.W.F.P., Sind and Baluchistan?

وزیر قانون(مسٹر علام نبی محمد وریاں میمن) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب و ج) ۔ مغربی پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کے مرکزی دفتر کے ملازمین کی ہر نوع کی آسامیوں کی تعداد کا زمرہ وار کیفیت نامہ جس میں سابق صوبہ سرحد سندھ اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اشخاص سے پیش کی گئی آسامیوں کے ساتھ پیمانہ ہائے تنخواہ دئے گئے ہیں ایوان میں پیش کیا گیا ہے *

NEW FLOUR MILLS TO BE SET UP UNDER 2ND FIVE YEAR PLAN

***7871. Mr. Iftikhar Ahmed Khan:** Will the Parliamentary Secretary for Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) the number of new Flour Mills which were to be set up under the 2nd Five Year Plan and whether these Mills have already been set up;

(*b*) whether it is a fact that premission for setting up more Flour Mills than those included in the 2nd Five Year Plan has been granted, if so, reasons therefor?

---

* Please See Appendix IV at the end.

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریاہ میمن) (الف) دوسرے پنجسالہ منصوبے میں ملز کے لئے چار لاکھ ٹن کی کل استعداد رکھنے والی ۱۰ گندم اور غلہ پیسنے کی مشینوں کی تنصیب کی وقتی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ اس گنجائش کی مد میں سے ۲ اوسط درجے کی ملیں جن کی کل استعداد ۲۰۰ ، ۳۵ ، ۲ ٹن سالانہ ہے مغربی پاکستان میں نصب کر دی گئی ہیں ۔ اس کے علاوہ ۱۵ اوسط درجے کی ملیں جن کی کل استعداد ۲,۷۶,۰۰۰ ٹن سالانہ ہے اور جن کے تنصیب کی منظوری پی ۔ آئی ۔ سی آئی سی صنعتی ترقیاتی بنک پاکستان انویسٹمنٹ پروڈکشن اور سپلائیز ڈیپارٹمنٹ اور صوبائی حکومت نے دی ۔ توقع کی جاتی ہے کہ تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں مکمل ہو جائینگی ۔

(ب) گندم سے تیار ہونے والی اشیاء کی زیادہ کھپت آبادی کا بتدریج شہروں میں ارتکاز، مرغوب غذاؤں میں تبدیلی ۔ آبادی میں اضافہ اور دیگر اسباب کی بنا پر اوسط درجہ کی آٹا پیسنے کی ملوں میں اضافہ کرنے کی احتیاج بڑھ گئی ہے اس لئے نجی سیکٹر اور دیگر صنعت میں زیادہ دلچسپی لے رہے ہیں اور منظوریوں کے لئے مطالبات آ رہے ہیں جو موزوں جانچ وقوع پر مناسب عمل پذیری کی پڑتال کرنے کے بعد دے دی جاتی ہیں ۔ ان میں کچھ ایسی ملیں بھی شامل ہیں جو تیسرے پنجسالہ منصوبے کی ابتدا میں لگائی جاتی تھیں جن کی منظوری کے اجراء اور تنصیب کی درمیانی مدت کے پیش نظر ما قبل ہی منظوری دیدی گئی تھی ۔ تاہم دوسرے پنجسالہ منصوبے کے دوران میں نصب کی جانے والی ملوں کی تعداد اور استعداد مجوزہ گنجائش سے بڑھ رہی ہے ۔

CONSTRUCTION OF A BUILDING FOR THE CO-OPERATIVE TRAINING INSTITUTE, PESHAWAR

***7909. Master Khan Gul:** Will the Minister of Co-operation be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that an amount of Rs. 6,75,000 was provided in 1963-64 budget for constructing a building for the Co-operative Training Institute, Peshawar;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the progress so far made on the construction of the said building?

پارلیمنٹری سیکرٹری (ارباب محمد افضل خان) Cooperative Training Institute, کی سکیم تیار کی گئی تھی بعد میں پندرہ Lahore, Bahawalpur and Peshawar لاکھ روپیہ بہاولپور۔ لاہور اور پشاور کوآپریٹیو Institute کے لئے منظور کئے گئے تھے جس میں

سے ۹,۳۶۰۰۰ روپیہ بہاولپور اور حیدرآباد کے لئے خرچ کئے گئے ہیں اور باقی ماندہ رقم جو ہے Chief Engineer B. & R. پشاور کے سپرد کر دی گئی ہے مگر اب تک جگہ کا تعین نہ ہونے کی وجہ سے یہ رقم خرچ نہ ہو سکی جب اس بات کا فیصلہ ہو جائیگا تو یہ رقم اسی وقت خرچ ہو جائیگی۔

ماسٹر خان گل - جناب یہ سنہ ۱۹۶۳—۶۴ کی بات ہے اور اب سنہ ۱۹۶۵ آگیا ہے - اتنے عرصے میں اس کا فیصلہ نہ ہونا یہ بات سمجھ میں نہیں آتی -

وزیر امداد باھمی (سید احمد نواز شاہ گردیزی) ان کے ساتھ یہ پہلے فیصلہ نہیں ہوا تھا وہ Drop ہوگئی تھی - دوبارہ اٹھا - دوبارہ منظور کرائی - اب انشاءاللہ فیصلہ ہو جائیگا -

مسٹر عبدالرازق خان - کیا معزز وزیر صاحب بتائینگے کہ جگہ کے انتخاب کے لئے اب تک انہوں نے کون سے اقدامات کئے ہیں - آیا جگہ دیکھ لی ہے یا اس کو حاصل کرنے کے لئے کوئی کارروائی آپ نے شروع کی ہے -

وزیر امداد باھمی - یہ میں معلوم کرکے پھر بتا سکتا ہوں -

Co-operative Training Institute, Peshawar

***7915. Master Khan Gul:** Will the Minister of Co-operation be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the Co-operative Training Institute, Peshawar was established in April 1958;

(*b*) whether it is a fact that arrangements for imparting training to sub-Inspectors of Co-operative Department and the Secretaries of the big Co-operative Societies were also made in the said Institute;

(*c*) whether it is a fact that the above said practice of giving training to the said Sub-Inspectors and the Secretaries was discontinued in January 1963;

(*d*) whether it is a fact that there is a similar Institute at Hyderabad where the Sub-Inspectors of Co-operative Department and the Secretaries of big Co-operative Societies undergo training;

(*e*) if answers to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, reasons for discontinuing the practice of imparting training to the Sub-Inspectors of Co-operative

Department and the Secretaries of big Co-operative Societies in the Institute mentioned in (*a*) above?

پارلیمنٹری سیکریٹری (ارباب محمد افضل خان) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) جی ہاں ۔

(د) جی ہاں ۔

(ہ) وجوہات حسب ذیل ہیں :۔

(۱) مختلف ریجنوں میں بھرتی کردہ سب انسپکٹروں کی تعداد بہت کم تھی اور ان کے لئے ہر انسٹیٹوٹ میں کلاسیں شروع نہیں کی جا سکتی تھیں اس لئے کالج میں ایک مخلوط تربیتی کلاس شروع کر دی گئی تھی ۔

(۲) اب یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ سب انسپکٹروں اور ڈیویلپمنٹ سوسائٹیوں کے سکیرٹریوں کی کلاسیں ریجنل کوآپریٹو ٹریننگ انسٹیٹوٹ میں شروع کی جائینگی لیکن اگر کسی صورت میں کسی علاقے میں تربیت یافتگان کی تعداد ایک اوسط کلاس کے لئے ناکافی ہو تو پھر اس علاقے کے تربیت یافتگان کو کسی دوسری انسٹیٹوٹ یا کالج میں بھیج دیا جائے گا ۔

ماسٹر خان گل ۔ تینوں ادارے حیدر آباد ۔ لائلپور ۔ پشاور ۔ لیکن پشاور کے ساتھ یہ خاص مہربانی کیسے کی گئی کہ اس کا مرکز وہاں سے ہٹا دیا اور باقی دو ادارے وہیں موجود ہیں ۔

وزیر امداد باہمی (سید احمد نواز شاہ گردیزی) مرکز کو ہٹایا نہیں گیا ۔ یہ چیز جواب میں بہت واضح ہے کہ جہاں Students کی تعداد زیادہ ہوتی ہے وہاں رکھتے ہیں اور جہاں ناکافی ہوتی ہے وہاں نہیں رکھتے اکٹھا کر دیتے ہیں اور جہاں تعداد زیادہ ہوتی ہے وہاں رہنے دیتے ہیں ۔

ماسٹر خان گل ۔ جناب آپ نے جواب میں کہا ہے ''ہاں،، سنہ ۱۹۶۳ء سے اس کو ختم کر دیا گیا اس کے معنی یہ ہیں کہ پشاور میں ختم کر دیا گیا ۔

وزیر امداد باھمی - نہیں ختم نہیں ہوا - یعنی اس میں اس وقت تربیت نہیں ہوئی تھی تعلیم نہیں دی گئی تھی اس واسطے کہ تعداد کم تھی -

ماسٹر خان گل - یہ صاف ظاہر ہے کہ سنہ ۱۹۶۳ء کے بعد وہ جو پشاور میں تربیت پاتے تھے اب وہ لائلپور میں آ رہے ہیں -

وزیر امداد باھمی - وہ ختم نہیں ہوا وہ اس طرح ہے کہ جب دوبارہ کلاسز ہونگی اور اتنے لڑکے ہونگے ان کی تعداد کافی ہوگی تو پھر شروع ہو جائے گی - جواب پہلے دیا ہے آپ نے سنا نہیں -

ماسٹر خان گل - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ کتنے لڑکے لائلپور اور کتنے لڑکے حیدر آباد اور کتنے لڑکے پشاور کے تربیت کے لئے جاتے ہیں -

وزیر امداد باھمی - یہ ریجن کے لحاظ سے ہوتا ہے مثال کے طور پر اگر Minimum تعداد ۱۰ - یا پندرہ ہے تو کم سے کم اتنی ہونا چاہئے اگر اس سے کم ہونگے تو وہاں کلاس کیا ہوسکے گی -

مسٹر عبدالرازق خان - کیا میں معزز وزیر صاحب کو یہ یاد دلاؤں کہ اسی طرح کا ایک سوال کے جواب میں پچھلے سشن میں انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ وہاں کے سنٹر کو ختم نہیں کیا گیا ہے وہاں لڑکے اس وقت بھی ٹریننگ حاصل کر رہے ہیں لیکن اب اس وقت جو آپ جواب دے رہے ہیں تو اس سے یہ معلوم ہوا کہ وہاں لڑکوں کی تعداد کم ہے اس لئے ان کو کسی اور انسٹی ٹیوٹ میں منتقل کر دیا گیا ہے تو آپ کا یہ جواب درست ہے یا پچھلا جواب - یا ان دونوں میں سے کون درست ہے -

وزیر امداد باھمی - کافی عرصہ ہوگیا ہے مجھے Exact الفاظ یاد نہیں ہیں - اس وقت Exactly اسی قسم کا سوال تھا اور اسی طرح جواب دیا گیا تھا انہوں نے سوال کیا تھا کہ وہاں کیوں کلاسز نہیں ہوتیں - لہذا اب بھی میں یہی کہہ رہا ہوں کہ وہ ختم نہیں کیا گیا ہے وہ قائم ہے جب Students کی تعداد اتنی ہو جائے گی کہ وہاں تعلیم پوری ہو سکے تو تعلیم شروع ہو جائے گی -

مسٹر سپیکر - اگر وہاں سے Students لائلپور آتے ہیں تو اس کے معنی یہ ہیں کہ وہاں ختم کر دیا گیا ہے -

وزیر امداد باھمی - اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ بالکل بند کر دیا گیا ہے بلکہ عارضی طور پر ایسا ہوا ہے - کیونکہ لڑکوں کی تعداد وہاں اتنی نہیں ہوتی کہ تربیت جاری رکھی جائے اس لئے اس کو عارضی طور پر بند کر دیا گیا ہے اور ایک دوسری جگہ ایک دو تین چار آدمیوں کو اکٹھا کر کے تعلیم دے دی جاتی ہے اور جب دوسری بھرتی ہوگی تو اس وقت وہاں پھر تربیت شروع ہو جائے گی تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ بند ہوگیا ہے بلکہ عارضی طور پر ایسا کر دیا گیا ہے -

مسٹر عبدالرازق خان - میں جناب وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ انسٹی ٹیوٹ میں کلاس کھولنے کے لئے کتنے لڑکوں کی ضرورت ہوتی ہے - پہلے یہ بتائیں اور پھر یہ بتائیں کہ کتنے سب انسپکٹر لائلپور میں ٹریننگ حاصل کر رہے ہیں -

Mr. Speaker: The member may please give a fresh notice for the question.

مسٹر عبدالرازق خان - جناب والا اس کو ٹسچن کے کرنے کا مقصد یہ تھا کہ وزیر صاحب کی توجہ اس طرف دلائی جائے تاکہ وہ سنٹر جو پہلے سے وہاں قائم تھا اس کو جاری رکھا جائے انہوں نے گول مول جواب دے کر اس سوال کے مقصد کو ختم کر دیا گیا ہے اب یہ واضح طور پر ہمیں بتائیں اور آج نہیں کل یا پرسوں بتائیں کہ وہاں کے سنٹر کے کتنے لڑکے لائلپور بھیجے گئے ہیں ان کی تعداد کتنی ہے اور سنٹر کھولنے کے لئے کتنے لڑکوں کی ضرورت ہے -

وزیر امداد باھمی - آپ Fresh Question دیدیں - ہم جواب دیدینگے -

مسٹر عبدالرازق خان - جناب والا اس میں Fresh Questien دینے کا سوال نہیں ہے سوال نہایت واضح ہے اور ان کا جواب واضح نہیں ہے یہ ہماری تسلی نہیں کر سکے کہ وہاں کے سنٹر کو معطل کرنیکی وجوہات کیا ہیں اور یہ واضح طور پر ہمیں نہیں بتاسکے -

وزیر امداد باھمی - میں نے جناب بتادیاہے آپکی سمجھ میں نہ آئے تو میں کیا کروں -

ماسٹر خان گل - جناب سپیکر جب آپ کو یہ اطمینان نہیں ہے تو پھر ختم کرنے کے اور کیا معنی ہیں یا تو یہ بتا دیں کہ ختم کرنے کے معنی کیا ہیں یا یہ بتا دیں کہ ختم نہیں ہے اور آئندہ ہم سمجھ لیں کہ وہاں کلاسز ہونگے یا نہیں ہونگے -

مسٹر سپیکر - میرے خیال میں ان کا مطلب یہ ہے کہ ختم نہیں ہے معطل ہے -

ماسٹر خان گل - یہ کب تک معطل رہیگا -

وزیر امداد باھمی - جب تک Students اتنی تعداد میں نہیں ہوتے - بھرتی نہیں ہوگی اسوقت تک یہ معطل رہیگا -

مسٹر عبدالرازق خان - میں جناب وزیر صاحب سے یہ نہایت مودبانہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ سنٹر کھولنے کے لئے کتنے Students کی ضرورت ہوتی ہے -

وزیر امداد باہمی - آپ کو میں اس کا جواب دے چکا ہوں -

مسٹر عبدالرازق خان - جناب وزیر صاحب جواب نہیں دے رہے ہیں میں دوبارہ یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ سنٹر کھولنے کے لئے اور سنٹر میں تعلیم دینے کے کتنے Stduents کی ضروری ہوتا ہے -

مسٹر سپیکر - اس کے لئے وہ فرما چکے ہیں کہ وہ اس وقت نہیں بتا سکتے -

مسٹر عبدالرازق خان - جناب والا میں یہ گزارش کرونگا کہ جناب وزیر صاحب اس کا جواب پہلے دیں اور ہمیں واضح طور پر بتائیں کہ کتنے Students کی ایک سنٹر میں ضرورت ہوتی ہے اور کتنے Students لائلپور میں پشاور کے تعلیم پا رہے ہیں اور کتنی کمی ہے جب تک یہ واضح جواب نہیں دیا جائیگا ہمیں پتہ کیا لگے گا کہ یہ کیا کر رہے ہیں -

ماسٹر خان گل - ان کا یہاں سارا محکمہ موجود ہے ان سے یہ پوچھ لیں کہ پوزیشن کیا ہے اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے -

وزیر امداد باہمی - جناب والا یہ پوچھنا چاہیں ہر وقت پوچھ سکتے ہیں اور یہ معلومات کر سکتے ہیں لیکن یہاں کھڑے ہو کر سوالات کرینگے تو ظاہر ہے کہ جب تک یہ Fresh Notice نہ دینگے تو میں کیسے سوال کا جواب دونگا -

Mr. Speaker: The member may please give short notice question. He will admit notice of the question.

مسٹر عبدالرازق خان - یہ وعدہ کریں کہ یہ شارٹ نوٹس کوئسچن کو Admit کرینگے - تو میں دے دونگا -

وزیر امداد باہمی - سپیکر صاحب نے کہدیا ہے -

SETTING UP OF A 500 LOOM JUTE MILL IN G. M. BARRAGE

*7920. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state whether it is a fact that the Government decided on 11th October, 1963 to set up a 500 Loom Jute Mill in G. M. Barrage area in collaboration with private enterprise; if so, the details of the scheme be placed on the table of the House?

وزیر قانون(مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) اب تک حکومت کی طرف سے غلام محمد بیراج ایریا میں پٹ سن کا کارخانہ قائم کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے ۔ تاہم پرائیوٹ سیکٹر میں میسرز امین فیبرکس لمیٹڈ نے پٹ سن کے باریک اور اعلیٰ قسم کے باریک سوت غالیچہ بافی کے سوت ٹاٹ بوروں اور ٹسر کے کپڑے کی صنعت کے لئے پٹ سن کا ایک کارخانہ قائم کیا ہے ۔ اس کارخانہ میں ۱۷۱ کرگے پٹ سن کی مصنوعات کے لئے اور ۱۰ کرگے ٹسر کپڑے کے لئے موجود ہیں ۔ یہ کارخانہ ضلع دادو میں کوٹری کے مقام پر قائم ہو چکا ہے اور کام کر رہا ہے ۔

ESTABLISHMENT OF THREE SUGAR MILLS IN FORMER SIND AREA IN THE PRIVATE SECTOR

***7933. Mir Haji Muhammad Bux Talpur:** Will the Parliamentary Secretary Industries be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that on 28th July 1963 W.P.I.D.C. accorded sanction to the establishment of three Sugar Mills in the former Sind area in the Private Sector;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the names of parties who have been permitted to set up the said Mills; (*ii*) the dates on which the said parties submitted applications to the authorities concerned seeking the said permission; (*iii*) the dates on which the said permission was granted in each case and in case there has been any delay in disposing of the said applications, reasons therefor?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) (الف) جی نہیں ۔

(ب) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

SCHEMES FOR CO-OPERATIVE SHEEP SHEARING AND WOOL MARKETING OF THAR DESERT

***7968. Mir Haji Muhammad Bux Talpur:** Will the Minister of Co-operation be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that two schemes for Co-operative sheep shearing and wool marketing costing Rs. 12 lakhs and 77 thousands and 1 lac 50 thousands for Thal and Quetta respectively have been prepared by the Co-operative Department for the year 1964-65; if so, the sheep census of the abovesaid areas;

(*b*) whether any scheme for sheep shearing or wool marketing has been prepared for Thar Desert of Tharparkar District also; if not, reasons therefor alongwith the sheep census of the said Desert?

Parliamentary Secretary (Arbab Muhammad Afzal Khan): (*a*) Yes, the two schemes have been approved at a total cost given against each.

(*i*) Cooperative sheep shearing, grading and marketing of Wool, Quetta Division .. .. .. 5.40 Lac.

(*ii*) Cooperative sheep shearing, grading and marketing of wool, Thal and adjacent area. .. .. .. 5.42 Lac

The allocation for the year 1964-65 is Rs. 75,000 for each of twc sohemes making a total of Rs. 1.50 lac for the two schemes.

Total sheep and goat wealth of these areas is us under:

Thal	Sheep	2,57,000
	Goats	1,77,000
	Total	4,34,000
Quetta	Sheep	8,48,000

(*b*) Yes. The scheme has been prepared at a total cost of Rs. 10.74 lac and has been sent to the Planning and Development Department, Government of West Pakistan for approval, whereafter it will be implemented in the Third Five Year Plan from 1965-66.

Sheep census of the area is as under:—

Sheep	2,17,854
Goats	5,57,061
Total	7,74,915

میر حاجی محمد بخش تالپور- جناب یہ ''بی،، کے جواب میں کہا گیا ہے کہ ہم نے پلیننگ اور ڈیویلپمنٹ کے محکمہ کو یہ سکیم بھیجی ہوئی ہے تو برائے مہربانی ہمیں یہ بتائیں کہ یہ کب بھیجی ہے اور اس کو **Priority** دینے کے لئے کیا اقدام کر رہے ہیں تاکہ یہ جلد عمل میں آ جائے۔

وزیرامداد باہمی - ہم ان کو بھیج چکے ہیں امید ہے کہ جواب انشاللہ جلد جائیگا۔

میر حاجی محمد بخش تالپور- آپ کو یاد ہے کہ کب بھیجی تھی؟

وزیر امداد باہمی - نہیں جی - مجھے یاد نہیں -

ESTABLISHMENT OF SMALL AND BIG SCALE INDUSTRIES IN KAHUTA AND MURREE TEHSILS

*7973. **Raja Ghulam Sarwar:** Will the Parliamentary Secretary Industries and Commerce please refer to answer to my starred question No. 7030 given on the floor of the House on 3rd July, 1964 and state:—

(*a*) the reasons for not setting up large scale industry so far in the Tehsils of Murree and Kahuta alongwith the authority responsible for this delay and the date by which the said industries are likely to be set up in the said areas;

(*b*) the details of small scale Industries to be set up in Tehsil Kahuta?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) (الف) مغربی پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن نے ابھی تک مری اور کہوٹہ کی تحصیلوں میں بڑے پیمانے کی صنعت قائم کرنے کا کوئی پروگرام وضع نہیں کیا ہے کیونکہ ایسی صنعت قائم کرنے کے لئے بنیادی ضروریات یعنی موزوں خام مواد ماہر مزدور سہل ذرائع حمل و نقل وغیرہ کا مندرجہ بالا تحصیلوں میں فقدان ہے - تاہم اگر کوئی پرائیوٹ سرمایہ کار کوئی ممکن العمل منصوبہ پیش کرے تو اسے ضروری امداد مہیا کی جائے گی -

(ب) مغربی پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کی طرف سے کہوٹہ تحصیل کے دیہی رقبوں کے معاشرتی اقتصادی حالات اور صنعتی امکانات کا جائزہ لیا جا رہا ہے - جونہی سروے مکمل ہو جائے گا سروے رپورٹ کی بنیاد پر ممکن العمل سکیمیں مرتب کی جائینگی -

راجہ غلام سرور - جناب والا - میرے ایک سوال نمبر ۷۰۳۰ کے سلسلے میں جو کہ میں نے ۳ جولائی سن ۱۹۶۴ کو کیا تھا اور انہوں نے دوبارہ انفارمیشن یہاں پیش کرنی تھی لیکن اب بھی جناب وزیر صاحب نے جو جواب دیا ہے وہ میرے سوال کے بالکل برعکس ہے - جزو ''ب'' میں میں نے پوچھا تھا کہ تحصیل کہوٹہ میں چھوٹے پیمانے پر قائم کی جانے والی صنعتیں جو ہیں ان کی تفصیل کیا ہے - میں نے یہ پوچھا تھا - پچھلی دفعہ تو وزیر قانون صاحب نے وعدہ فرمایا تھا کہ چھوٹی صنعتیں قائم ہونگی اور ان کی تفصیل پیش کی جائے گی اور آج بھی جناب پھر یہ جواب اس کے بالکل برعکس ہے -

Minister of Law: May I submit that the question of the Member is:—

"the reasons for not setting up large scale industry so far in the Tehsils of Murree and Kahuta."

and the reply is:—

"That the PIDC has not yet chalked out a programme for setting up large scale industries in the Tehsils of Murree and Kahuta because the basic requirement for establishing such an industry, *i.e.* suitable raw material, skilled labour, easy transport facilities, are lacking in the Tehsil."

That is the reason why large scale industry has not been set up in the Tehsils of Murree and Kahuta. I don't know what else the Member really wants.

راجہ غلام سرور۔ جناب میں جزو ''ب،، کے متعلق عرض کر رہا ہوں۔

Minister of Law: Answer to (b) is that "Survey of social economic conditions and industrial potential of the rural areas of Kahuta Tehsil is being carried out by PIDC."

تو چونکہ یہ سروے مکمل نہیں ہوا جب سروے کی رپورٹ آ جائے گی تو فیصلہ ہو سکے گا۔

راجہ غلام سرور۔ ابھی وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ جب سروے کی رپورٹ آئے گی تو فیصلہ ہو سکے گا تو میری گذارش ہے کہ کیا آئندہ ٹرن پر اس کی رپورٹ آسکتی ہے تا کہ آپ تفصیلات پیش کر سکیں۔

وزیر قانون۔ صاحب وہ تو ہم نہیں کہہ سکتے لیکن یہ جو سروے رپورٹ ہے اگلی ٹرن تک آ سکے گی یا نہیں اس وقت کہنا ذرا مشکل ہے۔

راجہ غلام سرور۔ میں جناب کی اطلاع کے لئے عرض کرونگا کہ پہلے جو رپورٹ آئی تھی وہ بھی غلط تھی اور آج کی رپورٹ پر بھی میں اتفاق نہیں کرتا۔ پسماندہ علاقوں کو ایسی چیزوں کی بیحد ضرورت ہے۔ برائے مہربانی توجہ فرما کر آئندہ ٹرن پر ان سوالات کا جواب دیں۔

وزیر قانون۔ حاضر۔

DAMAGE OF FERTILIZER (AM. NITRATE) IN FERTILIZER FACTORY, MULTAN

***7975. Chaudhri Muhammad Ibrahim:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state whether it is a fact that Fertilizer (Am. Nitrate) has recently been damaged in the Fertilizer Factory, Multan; if so,

the quantity thereof and the responsibility for the loss caused due to the said damage alongwith the manner of disposal of the said damaged fertilizers?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) No. The Fertilizer (Am. Nitrate) has not been damaged.

ENGINEERS AND FOREMEN SENT BY FERTILIZER FACTORY, MULTAN TO JAPAN AND FRANCE

*7976. **Chaudhri Muhammad Ibrahim:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) the number of Engineers and Foremen who were sent by Fertilizer Factory, Multan to Japan and France for advanced training;

(*b*) the amount spent on the training of said Engineers and Foremen, separately;

(*c*) the number of Engineers and Foremen separately out of those mentioned in (*a*) above who are no longer working in the said factory and reasons for their leaving the said factory?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon:) (*a*) 43 Engineers and 19 Foremen were sent to France for specialised training in Fertilizer Industry. No Engineer or Foreman was sent to Japan for training.

(*a*) An amount of Rs. 4,87,290.23 and Rs. 2,14,857.08 was spent on the training of Engineers and Foreman respectively.

(*c*) Out of those mentioned in (*a*) above, 21 Engineers and 10 Foremen are not working in the Fertilizer Factory, Multan. A statement giving their names and the reasons for their leaving the service of the factory is placed on the Table of the House.*

چودھری محمد ابراھیم —ان انجینیرز اور فورمین کی ٹریننگ پر کوئی سات لاکھ روپیہ سے زیادہ خرچ ہوچکے ہیں - کیا وجہ ہے کہ انہیں کھلی چھٹی ہے کہ جب جی چاہے چلے جائیں - آخر سات لاکھ سے زیادہ جو رقم خرچ کی گئی ہے اس کے بالمقابل انہیں کچھ سروس Put کرنی چاہئے تھی - یہ جو آپ نے Satement دی ہوئی ہے اس میں بعض خانوں کے آگے یہ دیا ہوا ہے کہ وہ resign کرکے چلے گئے - بعض ان میں سے ایسے بھی لوگ ہیں جنہوں نے پانچ سال کا period اپنا ختم لیا ہے - خیر انہیں تو اس معاہدہ کے مطابق اجازت دی جاسکتی تھی لیکن جو resign کرکے پانچ سال سے پہلے چلے گئے کیا ان سے وہ رقم وصول کرائی جائیگی ؟

Please See Appendix V at the end.

Minister of Law: Under the rules, the period for anybody sent out on Government scholarship or Government expense for training to specialise in any particular subject is three years, and those three years have expired in case of each one of them, who has left. Therefore, they were free to go. The Government has no mind to compel them.

مسٹر حمزہ—جناب وزیر صاحب صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمائیں کہ جو فورمین دوسرے نمبر کے سامنے لکھا ہوا ہے (یعنی مسٹر رضا علی) اس کی طرف توجہ فرمائیں ۔ ایک طرف آپ فرماتے ہیں کہ تمام کی تمام شرائط پوری کیں ۔ وجوہات میں بتایا گیا ہے کہ وہ میعاد کے اندر ہی چلے گئے تھے تو آپ نے جو جواب دیا ہے اس سے تو یہ غلط ثابت ہوتی ہے۔

Minister of Law: Item No.

Mr. Hamza: Item No. 2, Foremen, at page 13 of the Answer Book.

Minister of Law: Mr. S. Raza Ali:—Mech. Foreman—Went away without permission within the contract period."

I stand corrected Sir. The member has pointed out a case in which it appears that the fellow has left within the contract period. I will answer this on the next turn.

مسٹر حمزہ—جناب والا میں آپ سے دریافت کرنا ہوں کہ وہ تمام لوگ جنہوں نے میعاد کے مطابق کام نہیں کیا کیا آپ کے محکمہ نے ان کے خلاف کوئی کارروائی کی ہے؟

وزیر قانون—میں نے عرض کیا کہ وہ ہم اگلی ٹرن پر بتائیں گے کہ جو Contract Period سے پہلے چلے گئے ان کے خلاف کیا ایکشن لیا گیا۔

EXPLOSION IN FERTILIZER FACTORY, MULTAN

*7977. **Chaudhri Muhammad Ibrahim :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that an explosion occurred in the Fertilizer Factory, Multan on the night of 28/29 February 1964; if so, the details of damage done to the (*i*) workers (*ii*) the buildings, (*iii*) the equipment, of the said factory;

(*b*) the name of the officer incharge of the shift at the time of the said explosion, alongwith the action, if any, taken against those who were held responsible for the said explosion?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): (*a*)Yes. It is correct that a minor explosion occurred in the Fertilizer Factory, Multan.

Details:

No worker was injured as a result of this explosion. No damage was done to the equipment also except that a few electric cables were burnt. As regards the building, a portion of a small partition wall received cracks and some window panes were broken.

(*b*) The name of the officer who was incharge of the shift at the time of explosion is Mr. Ejaz Ahmad. He and his subordinate officers are not responsible for the explosion because it was entirely accidental and was due to a sudden leak through the bursting of packing on the electrical current conductor. There was no operational or mechanical fault whatsoever.

DATE PROCESSING FACTORIES IN WEST PAKISTAN

***7982. Mir Abdul Baqi Baluch:** Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state:—

(*a*) the names of the places in West Pakistan where date processing factories have been installed;

(*b*) the total number of date processing factories in West Pakistan and their annual production and capacities;

(*c*) in case there is any difference in the production capacity of the factories mentioned in (*b*) above; reasons therefor;

(*d*) the steps Government intend to take regarding improvement of date industry;

(*e*) whether the Government of West Pakistan has requested the Central Government to revise their policy regarding import of dates in order to encourage local date industries?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) (*a*) Turbat, Kalat Division.

(*b*) There is only one factory in operation at Turbat having an annual capacity of 12 lacs lbs. of processed dates. During the last season 8,40,000 lbs. of dates were produced. Being a seasonal factory, it works for five months in a year (two months at double and three months single shift.)

(*c*) Question does not arise.

(*d*) Government will sponsor any private sector project for the improvement of date industry. As regards the Turbat Unit, the concern has been allocated an interest free loan worth $ 21,000 sponsored by the UNESCO for the import of the following machinery:—

(i) Automatic Wrapping Machine.

(ii) Five Station Packing Line.

(iii) Maserator (Deseeding Machine).

This machinery would improve the efficiency of the Plant as well as the quality of the products.

(*e*) No.

SPINDLES SANCTIONED FOR TEXTILE MILLS

***7988. Mr. Hamza :** Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state:—

(*a*) the year-wise number of spindles sanctioned for the Textile Mills all over West Pakistan during the last five years alongwith the names of such Textile Mills;

(*b*) the names of Textile Mills running 100 power-looms or above with dates of their installation which have not been sanctioned spindles inspite of their demand of the same alongwith reasons, if any;

(*c*) criterion kept in view by the Government while sanctioning the said spindles?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن)—(الف) گذشتہ پانچ سالوں کے دوران میں مغربی پاکستان کی کاٹن ٹیکسٹائل ملوں کے لئے جس قدر تکلے منظور ہوئے ہیں ان کی تفصیلات کا کیفیت نامہ ایوان کے سامنے پیش ہے *

(ب) دو کاٹن ٹیکسٹائل ملیں یعنی (۱) میسرز گوجرہ ٹیکسٹائل ملز گوجرہ ضلع لائلپور اور (۲) میسرز لائلپور کاٹن ملز لائلپور جن میں ۱۰۰ سے زائد برقی کرگے ہیں بغیر تکلوں کے ہیں ۔ گوجرہ ٹیکسٹائل ملز حکومت کی منظوری سے ۱۹۵۷ میں قائم کی گئی تھی اور اس میں ۲۰۰ کرگے اور ۱۰,۰۰۰ تکلوں کی تنصیب کی گنجائش بھی شامل تھی ۔ اس مقصد کے لئے ضروری درآمدی لائسنس بھی جاری کئے گئے تھے لیکن متعلقہ فریق نے صرف بنائی کی مشین درآمد کی تھیں اور تکلوں کو وقت پر درآمد نہیں کیا تھا نتیجتہً یہ لائسنس سوخت ہوگیا تھا ۔ ''کماؤ اور ادا کرو'' کے منصوبہ کے تحت

* Please See Appendix VI at the end.

۱۲,۳۰۰ تکلے تنصیب کرنے کی اجازت کی منظوری حاصل کرنے کے لئے ان کی درخواست زیر غور ہے ۔ جہاں تک لائلپور کاٹن ملز لائلپور کا تعلق ہے یہ بجٹ ۱۹۶۰ء میں حکومت کی اجازت کے بغیر صرف بطور بنائی یونٹ قائم کیا گیا تھا ۔

(ج) مذکورہ تکلوں کی منظوری دیتے وقت جو معیار پیش نظر رکھا گیا تھا اس کی وضاحت (الف) بالا میں متذکرہ کیفیت نامہ کے خانہ تصریحات میں کی گئی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا وہ بتا سکتے ہیں کہ ان تمام ملوں کو جنہیں پچھلے سالوں میں انہوں نے نئے تکلوں کی منظوری دی ہے گوجرہ کی اس مل پر کیوں ترجیح دی گئی ہے؟ جبکہ اس مل کے مالکان جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے پچھلے کئی سال سے انتہائی کوشش کر رہے ہیں ۱۲۳۰۰ نئے تکلے لگانے یا درآمد کرنے کی اجازت دی جائے؟

Minister of Law: We have already replied that the Gojra Textile Mills did not avail of the opportunity given to it and failed to import the machinery for which the licence was granted. On account of this default, we are sorry, we cannot accommodate the man as a right. But as I have said, his application on the basis of "pay as you earn" is now under consideration of the Government and I assure the Member that it will receive earnest attention and due consideration.

مسٹر حمزہ ۔ مجھے یہ بات تسلیم ہے کہ انہوں نے ۵۳ سے پہلے اجازت شدہ مشینری درآمد نہ کی ۔ لیکن میں یہ پوچھتا ہوں کہ ۵۳ سے آج تک وہ درآمد کی اجازت کے لئے انتہائی کوشش کر رہے ہیں ۔ اور پچھلے ۵ سال میں بہت سی ملوں کو نئے تکلے درآمد کرنے کی اجازت ملی ہے ۔ یہ ایک ان اکنامک یونٹ موجود تھا انہوں نے اسے بار بار مطالبہ کے باوجود تکلے درآمد کرنے کی اجازت نہ دی ؟

Minister of Law: I have already said that it is the Five Year Plan. It is not decided on year-wise basis. The Five Year Plan contemplated the allocation of quota to Gojra Textile Mills but that has not been availed of. The target of the Second Five Year Plan has already been achieved. Allocations have been made and distributions have also been made. We are sorry that during this Five Year Plan we could not accommodate him because he has missed the bus.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر صاحب نے میرا سوال نہیں سمجھا ہم یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ۱۹۵۳ میں انہوں نے اجازت شدہ تکلے درآمد نہیں کئے ۔ مگر اس کے بعد آج تک تقریباً ۱۲ سال گزر چکے ہیں ۔ جب دوسرا پانچ سالہ منصوبہ جاری ہوا اس وقت بھی یہ مطالبہ موجود تھا ۔ اس کے باوجود انہیں اجازت نہیں دی گئی ۔

یہ محض ایک فرد کا نقصان نہیں ہے ۔ قوم و ملک کا نقصان ہے ۔ اس علاقہ کی آبادی بہت گنجان ہے ۔ بیروزگاری بہت عام ہے ۔ اس صورت حال کے پیش نظر انہیں نئے تکلے لگانے کی اجازت دینی چاہئے تھی ۔ اس قسم کے ان اکنامک یونٹ کو پنج سالہ منصوبہ کے باوجود خاص طور پر کیوں اجازت سے محروم رکھا گیا ؟

مسٹر حمیداللہ خاں روکڑی ۔ جناب یہ آپ کی وجہ سے ہے ۔

Mr. Speaker: That remark is uncalled for.

Minister of Law: I have already said that being a defaulter he cannot claim anything as a matter of right. The Government cannot have any sympathy with a defaulter. His claim is being considered and as and when possible he will be accommodated. We are sorry that we cannot give him any preferential treatment as he is a defaulter.

مسٹر حمزہ ۔ ان کا یہ فرمانا بجا ہے ۔ کہ ۳۰ میں انہوں نے درآمد نہیں کیا اگر آپ اس defaulter کو سزا دینا چاہتے ہیں تو اس کے ساتھ ساتھ قوم اور ملک کو سزا دیں اور اس علاقہ کی آبادی کو بھی سزا دیتے ہیں ؟

وزیر قانون ۔ وہ ڈی فالٹر ہے ۔

Mr. Speaker : These are arguments.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر وہ کہتے ہیں کہ defaulter ہے ۔

Mr. Speaker : The member wanted the reasons and the Minister has given the reasons. The member should not argue his case in the Question Hour.

FIXATION OF HOURS OF WORK AND MINIMUM WAGES FOR EMPLOYEES OF PRIVATE TRANSPORT COMPANIES

***7991. Mr. Hamza :** Will the Minister of Labour be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Government has fixed hours of work and minimum wages for the employees of private Transport Companies operating in West Pakistan;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether any transport company in District Lyallpur is alleged to have violated the said orders for which action is being taken if so, name of such company?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (*a*) Yes.

(*b*) Partly yes.

In Lyallpur District, the following Transport Companies violated the provisions of the Road Transport Workers Ordinance. However no violation of the Minimum Wages Ordinance was detected.

Name of Companies:

(1) Sher Brothers Transport Company, Lyallpur.
(2) Sharif Transport Company.
(3) Niaz Bus Service, Lyallpur.
(4) Evergreen Transport Company, Lyallpur.
(5) Punjab Transport Co., Lyallpur.
(6) Government Transport Service, Lyallpur.
(7) Lyallpur Muslim Cooperative Transport Company, Lyallpur.
(8) Jullender Cooperative Transport Company, Lyallpur.
(9) Local Bus Service, Lyallpur.
(10) Pak Punjab Transport Company, Lyallpur.
(11) Western Transport Company, Lyallpur.
(12) Iqbal Transport Company, Lyallpur.
(13) Lyallpur Cooperative Transport Company, Lyallpur.
(14) Moghal & Mehar Transport Company, Lyallpur.
(15) Al-Rehman Passenger & Goods Transport Company, Lyallpur.
(16) Mohd Nazir & Inayatullah Transport Company, Lyallpur.
(17) Lyallpur Ex-Servicemen, Lyallpur.
(18) Azad Transport Company, Lyallpur.
(19) Lyallpur Omni Bus Service, Lyallpur.
(20) Mahboob Transport Company, Lyallpur.
(21) New Kisan Transport Company, Lyallpur.
(22) Al-Kisan Transport Company, Lyallpur.
(23) Raja Transport Company, Lyallpur.
(24) Chinab Transport Company, Lyallpur.
(25) Miran Corporation, Lyallpur.
(26) Nehmat Transport Company, Lyallpur.
(27) Rajua Transport Company, Lyallpur.
(28) Pakistan Lyallpur Samundri Transport Company, Lyallpur.

POST OF INDUSTRIAL DEVELOPMENT OFFICER IN HAZARA DISTRICT.

*8080. **Mr. Sultan Muhammad Awan:** Will the Parliamentary Secretary Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that there are posts of Industrial Development Officers in the Districts of Mardan, Peshawar, Kohat and Dera Ismail Khan;

(*b*) whether it is fact that there is no post of Industrial Development Officer in Hazara District, and an Assistant Industrial Development Officer is working there;

(*c*) whether it is a fact that from the industrialization point of view Hazara District is more important than Kohat, Dera Ismail Khan and Mardan District;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, reasons for not providing an Industrial Development Officer in Hazara District?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) The industrialization of all these districts is equally important.

(*d*) The criterion of posting of Industrial Development Officers in different circles is the volume of work and not the District/Division. Some of the Circles looked after by the I.D.Os. comprise more than one District and in some cases one Circle consists of the whole Division as, for instance, the Kalat Division where only one I.D.O. has been provided for all the Districts comprising the Division. As industry in Hazara develops, additional staff could be provided in the future.

سردار عنایت الرحمن خان عباسی - یہ غور کرنے کی بات ہے کہ تین ضلعوں مردان پشاور اور کوہاٹ میں انہوں نے ایک ایک ڈولپمنٹ افسر تعینات کیا ہے - لیکن ضلع ہزارہ میں یہ آسامی ہی نہیں رکھی - حالانکہ ضلع ہزارہ میں انڈسٹری کو ترقی دینے کے مواقع زیادہ ہیں -

وزیر قانون - جناب ہمارے پاس تفاصیل موجود ہیں - اگر معزز ممبر ہر ضلع کے متعلق الگ الگ انفارمیشن چاہتے ہیں تو میں انہیں دے دونگا -

سردار عنایت الرحمن خان عباسی - جناب میرا مقصد یہ نہیں تھا - یہ تفصیل جو وہ فراہم کرینگے یہ تو ڈولپمنٹ افسروں کی تعیناتی کے بعد انڈسٹری کو جو ترقی ہوئی ہے

اس کی تفصیل ہوگی۔ میں یہ پوچھ رہا ہوں کہ ضلع ہزارہ میں آئی ڈی او لگایا کیوں نہ گیا حالانکہ وہاں انڈسٹری کی ترقی کے امکانات باقی تین اضلاع کی نسبت زیادہ تھے؟

وزیرقانون ۔ اس کے لئے مجھے نوٹس درکار ہے ۔

ماسٹرخان گل ۔ کیا آپ کی جو تفصیل ہے ۔ اس میں اس بات کی گنجائش نہیں ہے ۔ کہ ضلع ہزارہ کو بھی ایک پوسٹ دی جائے ۔

وزیر قانون ۔ میں نے پہلے ہی عرض کر دیا ہے ۔ کہ ہمارے پاس گنجائش ہے ۔ اور ہم انشاءاللہ ضلع ہزارہ کو اس سے الگ نہیں رکھیں گے ۔ اور آپ کا جو کہنا ہے ۔ اور جو کچھ آپ چاہتے ہیں ۔ وہ ہم محکمے کے گوش گزار کرینگے ۔ اور پھر انشاءاللہ آپ کو کوئی شکایت نہیں رہیگی ۔

مسٹر سلطان محمد اعوان ۔ جناب سپیکر۔ میں نے یہ پوچھا تھا ۔ کہ کیا یہ امر واقع ہے ۔ کہ صنعتی ترقی کے نقطہ نظر سے کوہاٹ مردان اور ڈیرہ اسمٰعیل خان کے مقابلے میں ضلع ہزارہ زیادہ اہم ہے،، تو وہ فرماتے ہیں ۔ کہ ان تمام اضلاع کی صنعتی اہمیت یکساں ہے،، جب کہ کوہاٹ میں کپڑے کا ایک کارخانہ ہے اور ضلع ہزارہ میں اس کے مقابلے میں دو کپڑے کے کارخانے ہیں ۔ ایک ٹیلیفون فیکٹری ہے ۔ اور ایک ماچس فیکٹری کے علاوہ W.P.I.D.C کی ایک روزن فیکٹری بھی ہے ۔ لیکن اس کے باوجود آپ نے اسے ایک ہی Assistant Development Officer کی آسامی دی ہوئی ہے ۔ کیا آپ اس پر غور کر سکتے ہیں ۔ کہ آپ وہاں پر ایک Development officer کی آسامی جلد دیں ۔

Mr. Speaker: He has already replied, to that.

SHORTAGE OF CEMENT IN THE PROVINCE

***8125. Mr. Wali Muhammad Haji Yacoob:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether Government are aware of the fact that there is acute shortage of cement in the Province and that the same is being sold at exorbitant rates by the cement dealers;

(*b*) whether it is a fact that the public have brought to the notice of the Government through the Press the shortage of cement and have also submitted representations to Government in this connection;

(*c*) whether it is a fact that the public have also demanded establishment of more cement factories in various regions;

(*d*) if answers to (*a*) and (*c*) above be in the affirmative, the time since which the scarcity of cement has been prevailing in the province and the dates on which public representations were received by Government in this connection;

(*e*) whether it is a fact that Government in compliance with the instructions of the President of Pakistan selected four sites, one each at Kohat, Sibi, Sangjani and Rohri for setting new cement factories ; if so, the dates on which the instructions were received by Government and the said sites were selected for the purpose;

(*f*) whether any applications were received by Government from private persons or firms for the grant of permission for the establishment of cement factories by them at the sites; if so, number of applications so received;

(*g*) whether it is a fact that none of the applicant mentioned at (f) above have so far been granted the requisite permission; if so, reasons therefore?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): (*a*) There was slight shortage of cement in the past, but the position has greatly improved as a result of the commissioning of two new factories, namely, Ismail Cement Factory, Gharibwal, and Valika Cement Industries, Karachi. In Karachi cement is reported to be available at the factory prices.

(*b*) The shortage of cement was brought to Government's notice through various means including through the press and in the Provincial Assembly. The question of any formal representation having been made by the public does not arise.

(*c*) No formal written representation on behalf of the public was made for new capacity for cement. However, Government have been aware of the need for creating more cement capacity in view of the complaints of shortage that were brought to its notice.

(*d*) The shortage of cement has been felt mostly during 1963 and the beginning of 1964. At present, as already explained, the position is much easier with the commissioning of the two new cement factories.

(*e*) In April, 1964, the Executive Committee of the National Economic Council approved five sites, namely, Rohri, Sangjani, Kohat, Sibi and Taunsa Barrage area for setting up of new cement factories. This decision was communicated to the Provincial Industries Department in May, 1964. It was, however, made clear that the proposals should be finalised after feasibility studies had been carried out by P.I.C.I.C.

(*f*) The Provincial Government received 17 applications for grant of permission for setting up of cement factories at various sites. These applications have been forwarded to the PICIC for necessary feasibility studies of the projects, and it is expected that PICIC would approve the cases as soon as possible.

(*g*) As indicated in the answer to part (*f*), the applications in question are under examination. The question of separate permission being granted for new cement capacity does not arise. The moment PICIC have scrutinized each proposal pending with them, they would approve the loan and the approval of the loan would virtually mean sanction for the project so that with the approval of the PICIC loan parties concerned would be enabled to go ahead and import the plant and machinery and set up the cement units in question.

Khanzada Taj Muhammad: The Minister said that sites for the five cement factories at various places named by him were approved but the permission could not be given until the feasibility report was received. Are these projects sanctioned by such a high-powered committee, that is the Economic Council, to be decided by the Ministry of Finance without finding out the feasibility report?

Minister of Law: It appears, as the reply shows, that the National Economic Council, which is a high-powered body, sanctioned these projects without first knowing the feasibility report from the PICIC. As soon as these projects are sanctioned they go to the PICIC as directed by the high-powered committee and as soon as the feasibility report is received necessary sanction is given by PICIC because it is the PICIC who sanctions alone.

Khanzada Taj Muhammad: In other words the sanction of the Economic Council is no criterion for the fact that the industry could be set up there.

Minister of Law: The member is free to draw any inference. I have given the reply and he may interpret it in his own way.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر صاحب نے سوال کے حصہ الف میں یہ بتایا ہے - کہ صوبے میں سیمنٹ کی معمولی قلت رہی ہے - اور یہ ۱۹۶۳ء سے لیکر ۱۹۶۴ء کے آغاز تک رہی ہے - میں ان سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں - کہ وہ وزیر ہونے کے علاوہ ہمارے ملک کے عام باشندے بھی ہیں - کیا یہ جو جواب انہوں نے دیا ہے - ان کی ذاتی معلومات اگر کوئی ہیں - تو ان کے ماتحت وہ درست ہیں -

وزیر قانون - اگر وہ میری معلومات کے متعلق دریافت کرتے ہیں - تو میں معزز ممبر کو بتانا چاہتا ہوں - کہ کراچی میں ولیکا سیمنٹ فیکٹری جب Set up ہوئی - تو انہوں نے اپنے ڈسٹری بیوشن ایجنٹس مقرر کئے تھے - وہاں مجھے علم ہے - کہ تین

ایجنٹوں نے اپنے پرمٹ ولیکا کو Surrender کر دئے ہیں ۔ کیونکہ جو کوئی بھی چاھتا ہے ۔ سیدھا فیکڑی میں جا کر سمینٹ لے آتا ہے ۔ اور کوئی بھی قلت نہیں ہے ۔ نتیجہ یہ ہوا ۔ کہ جو Salesmen ہیں ۔ وہ بیکار بیٹھے ہیں ۔

ماسٹر خان گل ۔ کیا آپ اے ۔ سی ۔ سی ۔ کو Press نہیں کر سکتے ۔ کہ جس کی مرضی ہو ۔ اس کو بھی اسی طرح ہمارے ضلع میں بھی فیکڑی سے سیمنٹ ملے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا جناب وزیر کے علم میں ہے کہ سمینٹ آج بھی پاکستان کے مختلف شہروں میں بلیک مارکیٹ میں فروخت ہو رہا ہے ۔ یعنی صارفین کو اس کی مقررہ قیمت سے زائد قیمت ادا کرنا پڑتی ہے ۔ کیا یہ ان کے علم میں ہے ۔

وزیر قانون ۔ میں نے ابھی عرض کیا ہے ۔ کہ سمینٹ پر کوئی کنٹرول نہیں ہے ۔ اس لئے بلیک مارکیٹ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اس میں کوئی شک نہیں ۔ کہ سمینٹ پر کنٹرول نہیں ہے ۔ لیکن فیکڑی والوں نے اس کی جو قیمت مقرر کی ہے ۔ وہ اس سے زیادہ قیمت پر فروخت ہو رہا ہے ۔ کیا آپ کو علم ہے ۔ یا نہیں ہے ۔

وزیر قانون ۔ میں تو کہتا ہوں ۔ کہ جو ایجنٹ ہیں ۔ وہ تو پرمٹ (Surrender) کر رہے ہیں ۔

مسٹر تاج محمد خان زادہ ۔ منسٹر صاحب نے کہا ہے ۔ کہ سمینٹ پر کنٹرول نہیں ہے ۔ لیکن مجھے ان سے بصد ادب اختلاف ہے ۔ سمینٹ جب حکومت لیتی ہے ۔ تو وہ فیکڑیوں کی شرح assess کرتی ہے ۔ اور ان کو Margin of profit دیتی ہے ۔ وہ قیمت ان کی Capital return پر Margin of profit پر دیتی ہے ۔ تو اس کا کیا مطلب ہے ۔ کہ کنٹرول نہیں ہے ۔ کنٹرول اور کس کو کہتے ہیں ۔ کہ ان سے پرمٹ لیا جائے ۔ ذرا آپ کنٹرول کی وضاحت کریں ۔

Mr. Speaker: I think he means control on distribution.

Minister of Law: I mean the control on the price fixed under any statute, the contravention of which is an offence. I mean the control in that sense which is not there.

مسٹر حمزہ ۔ میرا خیال ہے کہ جناب وزیر صاحب مغربی پاکستان کے وزیر ہیں ۔

Mr. Speaker : I think the Member is sure about that.

مسٹر حمزہ - مجھے یقین ہے۔ لیکن انہوں نے میرے سوال کا جو جواب دیا ہے - اس سے صاف ظاہر ہے - کہ وہ محض کراچی کے وزیر ہیں میں ان سے پوچھتا ہوں - کہ تمام صوبے میں سیمنٹ کی سپلائی کی کیا حالت ہے - اور یہ سوال تمام صوبے کے بارے میں ان سے پوچھا گیا ہے - انہوں نے کہا ہے کہ معمولی قلت موجود تھی اور وہ محض ۱۹۶۴ء کے آغاز تک تھی - انہوں نے فرمایا ہے کہ کراچی میں ولیکا سیمنٹ انڈسٹریز والوں سے صارفین بذات خود جا کر سیمنٹ خرید سکتے ہیں - اور حکومت نے اس کی قیمت مقرر کی ہے - میں ان سے دریافت کرتا ہوں کہ جو کچھ بھی صورت حال انہوں نے سوال کے جواب میں بتائی ہے - اگر وہ درست ہے - تو کیا وہ اس سلسلے میں انتظام کر سکتے ہیں - کہ تمام صوبے میں یا کم از کم اضلاع میں یا بڑے بڑے شہروں میں وہ مل مالکان کو اس بات پر مجبور کریں - کہ وہ اپنے ڈپو کھولنے کے بعد جب کسی صارف کو سیمنٹ کی ضرورت ہو - وہ وہاں سے خرید سکے -

Mr. Speaker: That is a suggestion.

مسٹر حمزہ - میں نے ان سے محض اس لئے دریافت کیا ہے - کہ انہوں نے جو جواب دیا ہے - وہ سراسر غلط ہے -

سردار عنایت الرحمن خان عباسی - پوائنٹ آف آرڈر - ہمارے بہت سے ضروری سوالات ہمیشہ حمزہ صاحب کی تقریروں کی وجہ سے رہ جاتے ہیں - تو میں آپ سے گذارش کرونگا - کہ وقفہ سوالات میں آپ تقریروں کی اجازت نہ دیں - کیونکہ ان کی وجہ سے ہمارے بہت سے ضروری سوالات رہ جاتے ہیں -

Mr. Speaker : That is his way of putting a question but no speeches are allowed during question hour.

Sardar Inayatur Rehman Khan Abbasi: A strange way of putting a question.

مسٹر عبدالرازق خان—جناب والا - اگر میں جناب وزیر قانون صاحب کی توجہ اس طرف دلاؤں کہ مقررہ نرخ پر سیمنٹ ساڑھے چھ روپیہ فی بوری ہے - بازار میں اس وقت ۱۲ سے ۱۴ روپیہ تک بوری بکتا ہے - کیا ملز والوں کو مجبور کرکے ایسا انتظام کریں گے جس طرح ولیکا ٹیکسٹائل ملز والے کراچی میں سیمنٹ مہیا کررہے ہیں - کیا باقی سارے مغربی پاکستان میں جو کارخانہ دار ہیں وہ بھی اس قسم کا انتظام کریں تاکہ عام لوگوں کو سیمنٹ مقررہ نرخوں پر مل سکے -

وزیر قانون—جناب والا ۔ میں اس کے متعلق عرض کروں کہ گورنمنٹ اس پوزیشن میں ہے ۔ اور جلد از جلد سیمنٹ کی پوزیشن بہت آسان ہوجائے گی ۔ زیادہ فیکٹریاں بن جائیں گی جہاں تک فیکٹریوں کو گورنمنٹ کی طرف سے کہنے کا تعلق ہے کہ وہ مقرر شدہ بھاؤ پر فروخت کریں ۔ میں ممبر کو یہ یقین دلاتا ہوں ۔ کہ گورنمنٹ بےشک کرے گی ۔ ان کو لکھ کر بھیجیں گے ۔ جہاں تک ہوسکے کسی کو شکایت نہ ہو اور مقررہ قیمت پر سیمنٹ ملے ۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی—جناب والا ۔ میرا سوال یہ ہے کہ محترم وزیر صاحب اس صورت حال کو کس طرح حق بجانب قرار دے سکتے ہیں کہ جو مقررہ قیمت فیکٹریوں کی ہے اس پر سیمنٹ نہیں ملتا لیکن جو قیمت بازار میں ہے اس پر جتنا چاہیں مل سکتا ہے ۔ اس کے مطابق کمی کہاں سے ہوتی ہے ۔ یعنی کمی کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ سوال صرف قیمت کا ہے ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ آیا یہ واقعہ نہیں ہے ۔ کہ یہ فیکٹریاں خود بلیک کراتی ہیں ۔

وزیر قانون — اگر یہ پوزیشن ہے کہ سپلائی زیادہ ہے ۔ ڈیمانڈ بھی پوری ہوسکتی ہے لیکن مقرر شدہ نرخوں پر بھی مل سکتا ہے ۔ تو میں اس سے یہ اندازہ لگاتا ہوں کہ آپ چاہتے ہیں گورنمنٹ سیمنٹ پر کنٹرول لگائے ۔ اگر میں نے صحیح سمجھا ہے تو ڈیپارٹمنٹ کو لکھ کر بھیجوں گا ۔

They should consider the advisability of imposing control on it.

PURCHASE BY GOVERNMENT OF TWO CEMENT FACTORIES BELONGING TO A. C. C. AT ROHRI AND WAH.

***8126. Mr. Wali Muhammad Haji Yacoob:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Provincial Government is negotiating purchase of the cement factories belonging to A.C.C. situated at Rohri and Wah; if so, (*i*) the terms of sale offered by A.C.C., (*ii*) the names of the Government agencies which are liking to run the said factories, (*iii*) the amount of foreign exchange to be paid by Government in the said bargain and the manner in which it is to be paid to the said Indian concern;

(*b*) the policy of Government to encourage private sector to establish cement factories;

(*c*) whether it is fact that a few Pakistani firms had offered to purchase the said factories, but the Provincial Government did not permit them to do so; if so, reasons therefor and the names of the said firms;

(*d*) whether Government is aware of the fact that according to the terms of the lease of the land over which the Wah Factory stands, the said land alongwith the factory is to revert to the owners of the land after a few years; if so, reasons for which Government is purchasing the above said factory;

(*e*) the number of applications made for permission to set up new cement factories in the Province pending disposal alongwith the names of the applicants?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Vāryal Memon): The requisite information is being collected and will be supplied on the next turn.

مسٹر حمزہ--کیا میں وزیر صاحب سے دریافت کرسکتا ہوں کہ یہ سوال کس تاریخ کو دیا گیا تھا ۔

Mr. Speaker: The Member may please take his seat. It will be answered on the next turn.

DIRECTOR INCHARGE OF CO-OPERATIVE PROJECT, ISLAMABAD, RAWALPINDI

*8128. **Sardar Inayatur Rehman Khan Abbasi:** Will the Minister of Co-operation be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Mr. Shamshad Nasir is the Director Incharge of Co-operative Project, Islamabad, Rawalpindi, if so, his monthly pay and allow ance, etc.;

(*b*) whether the said person was directly recruited for the above-mentioned post, if so, the date on which his recruitment was made alongwith his academic qualifications;

(*c*) whether it is fact that prior to his recruitment to the said post the said official was serving in the Army; if so, the rank held by him in the Army; and whether he was (*i*) retired (*ii*) released or (*iii*) dismissed from the Army?

(*d*) whether a copy of the order under which the services of the said official were terminated from the Army is available in the Co-operative Department, if so, whether a copy of this order will be placed on the Table of the Assembly?

Parliamentary Secretary (Arbab Muhammad Afzal Khan):

(*a*) Yes.

Monthly basic pay : .. .. Rs. 1,000

Allowances .. .. Rs. 175

(*b*) Yes.

Date of recruitment: 26-11-1962

Academic qualifications:

(*a*) F.A.

(*b*) Graduated as a commissioned officer from Indian Military Academy, Dehradun.

(*c*) No. Prior to his recruitment Mr. Shamshad Nasir was holding post of Senior Executive Officer in Industrial and Commercial concerns.

He served in the Army from November, 1941 to November, 1949. His substantive rank was 'Major'. He was made to leave the Army as a result of a disciplinary case.

(*d*) Not available please.

سردار عنایت‌الرحمن خان عباسی—جناب والا ۔ میں اس ضمن میں گذارش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ان کا جواب قطعی غلط ہے ۔ میں نے وزیر متعلقہ سے گذارش کی تھی کہ ان جوابات کو Re-consider کرکے ان دو سوالوں کے جواب (سوال نمبر ۸۱۲۸ اور ۸۱۲۹) مجھے Next trun پر دیں ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری—جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ اگر یہ اپنے سوالات واپس کرنا چاہتے ہیں تو یہ ان کی مرضی ہے ۔ جواب ہماری طرف سے ٹھیک دئے گئے ہیں ۔ اگر واپس لینا چاہیں تو یہ علیحدہ بات ہے ہمارے جواب بالکل ٹھیک ہیں ۔ ہم جواب دینے کے لئے تیار ہیں ۔

Mr. Speaker: Will the Parliamentary Secretary answer both these questions on the next turn.

وزیر امداد باهمی—جناب والا— ایک دو چیزیں انہوں نے بتائی ہیں جو ان کے کہنے کے مطابق درست نہیں ہیں ۔ میں دوبارہ چیک کرکے جواب دے دوں گا ۔

Mr. Speaker: These two questions will be answered on the next turn.

TOTAL QUANTITY OF FERTILIZER PRODUCED BY EACH FERTILIZER FACTORY IN MULTAN AND LYALLPUR DISTRICTS.

*8163. **Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state:—

(*a*) the total quantity of fertilizer produced by each Fertilizer Factory in Multan and Lyallpur districts during the period from 1st October, 1963 at 30th September, 1964;

(*b*) the quantity supplied to stockists of the said factories in each of the following Divisions during the above period:—

(1) Peshawar Division.
(2) Dera Ismail Khan Division.
(3) Sargodha Division.
(4) Multan Division.
(5) Lahore Division.
(6) Khairpur Division.
(7) Hyderabad Division.
(8) Quetta Division

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): (*a*) The total quantities of fertilizers produced by each Fertilizer Factory in Multan and Lyallpur during the period from 1-10-1963 to 30-9-1964 is as under:—

FACTORY AT MULTAN	FACTORY AT LYALLPUR	
Urea	Ammonium Nitrate	Superphosphate
40171.081	61782.850	8071 M. Tons.

(b) The quantity supplied to stockists in each of the following Divisions during the period from 1-10-1963 to 30-9-1964 is given below:—

(1)	Peshawar Division ..	980	3,140	530 tons
(2)	Dera Ismail Khan Division..	—	—	—
(3)	Sargodha Division ..	6,780	14,060	1,195 ,,
(4)	Multan Division ..	3,420	22,860	560 ,,
(5)	Lahore Division ..	2,160	6,600	880 ,,
(6)	Khairpur Division ..	2,260	1,940	100 ,,
(7)	Hyderabad Division ..	1,620	1,940	460 ,,
(8)	Quetta Division ..	—	—	—
		17,220	50,540	3,725 tons

Mr. Speaker : The Question Hour is now over.

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

APPOINTMENT OF SEPARATE OFFICERS AGAINST POSTS OF DIRECTOR LABOUR WELFARE WEST PAKISTAN CHIEF INSPECTOR OF FACTORIES AND LABOUR WELFARE COMMISSIONER.

*8265. **Mir Nabi Bakhsh Khan Zehri:** Will the Minister of Labour and Social Welfare be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that Malik Abdul Latif Khan, C.S.P., Secretary to Government of West Pakistan, Labour Department is also holding the charge of the posts of (*i*) Director, Labour Welfare, West Pakistan, (*ii*) Chief Inspector of Factories and (*iii*) Labour Welfare Commissioner;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is possible physically for an officer to shoulder responsibilities of all the three posts satisfactorily and if not, whether Government intend to appoint separate officers against the abovesaid three posts; if not, reasons therefor?

Minister of Labour and Social Welfare (Mr. Ahmed Nawaz Shah Gardezi);

(*a*) (*i*) Yes.

(*ii*) and (*iii*). There are no separate posts of Chief Inspector of Factories and Labour Welfare Commissioner. The Director of Labour Welfare, by virtue of his post, looks after the functions of Chief Inspector of Factories and Labour Welfare Commissioner.

(*b*) Government is of the view that the existing work-load of Secretary, Labour can conveniently be performed by the Director of Labour Welfare in addition to his own duties. In fact, the officer has creditably acquitted himself of the responsibilities placed on him and there does not appear to be any reason to appoint a separate Secretary and Director at the moment.

TIME-BARRED CLAIM OF ONE SHAMSHAD KHAN RETIRED SUB-INSPECTOR, CO-OPERATIVE SOCIETIES (CONSOLIDATION OF HOLDINGS) FOR RS. 392.

*8306. **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Minister of Co-operation and Labour be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that one Shamshad Khan, who retired as Sub-Inspector, Co-operative Societies (Consolidation of Holdings) in 1963 presented a time-barred claim for Rs. 392 to the Secretary to Government of West Pakistan, Co-operation and Labour Department and the latter referred the matter to the Finance Department for Finance Department's concurrence to the investigation of the said claim;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the Finance Department has since given its concurrence in the matter and if not, reasons therefor and whether Government would place on the Table of the House a copy each of the communications so far exchanged between the two Departments in the matter?

Minister of Co-operation and Labour (Mr. Ahmed Nawaz Shah Gardezi):

(*a*) Yes.

(*b*) F.D. has not given its concurrence on the ground that the claimant himself was at fault for the delay in submitting his claim which was badly time-barred. The Member may, however, consult the Secretariat File placed on the table, if necessary.

SUPPLY OF AMMONIUM SULPHATE TO STOCKISTS IN THE PROVINCE

***8314. Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state:—

(*a*) the total quantity of Ammonium Sulphate produced by Pakistan American Fertilizer Factory, Daud Khel, during the period from 1st October 1963 to 30th September 1964,

(*b*) the total quantity of Ammonium Sulphate supplied to stockists of Mardan and Peshawar Districts during the said period;

(*c*) the total quantity of Ammonium Sulphate supplied to the Stockists in other districts of the Province along with the quantity supplied to each of them during the above said period?

Parliamentary Secretary (Haji Sardar Mehboob Ali Bhayo):

(*a*) 54,490 tons.

(*b*) Mardan Distt. 13,180 tons, Peshawar Distt. 5,200 tons, during the said period.

(*c*) 23,960 tons.

The district-wise break up of 23,960 tons of Ammonium Sulphate is being worked out by the W.P.I.D.C. and will be supplied on the next turn.

REVISION OF EXISTING LABOUR LAWS.

***8317. Major Abdul Majid Khan:** Will the Minister of Labour and Co-operation be pleased to state whether it is a fact that the existing Labour Laws are being revised by Government ; if so, the progress so far made in this regard?

Minister of Labour and Co-operation (Mr. Ahmed Nawaz Shah Gardezi): Yes; the drafts are being scrutinized by the Law Department, and they are in final stages now.

EXECUTION OF AWARDS AGAINST CERTAIN DEFAULTERS OF SIND REGIONAL CO-OPERATIVE BANK LTD.

*8330. **Mr. Ahmed Mian Soomro:** Will the Minister of Co-operation be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that a number of awards against certain defaulters of Sind Regional Co-operative Bank Ltd., are pending execution with the Registrar Co-operative Societies concerned;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons therefor and the total number of the said awards along with the number of those amongst them (*i*) which have been pending for one year; (*ii*) two years and (*iii*) more than two years;

(*c*) the amount involved in each of the said awards;

(*d*) the action proposed to be taken against those responsible for the non-execution of the said awards?

Minister of Co-operation (Mr. Ahmed Nawaz Shah Gardezi):

(*a*) Yes.

(*b*) (i) One year—24 cases.

(ii) Two years—59 cases.

(iii) Three years or more 74 cases.

Total—157 cases in all.

(*c*) Amount in (i) Rs. 1,59,593.

„ (ii) Rs. 4,05,164.

„ (iii) Rs. 24,86,919.

Total : Rs. 30,51,676.

(*d*) Delay in not effecting recoveries in the past is being enquired into and suitable action is being taken against the defaulters.

QUESTION OF PRIVILEGE

RE: STATEMENT OF MAULANA GHULAM GHAUS ABOUT A MEMBER OF THE OPPOSITION HAVING INFORMED HIM ABOUT A CONSPIRACY TO MURDER THIRTY PERSONS INCLUDING THE PRESIDENT.

Mr. Speaker: There is a privilege motion by Khawaja Safdar. The Member may please ask for leave to raise it.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I ask for leave to raise a question involving a breach of privilege of all the members of the Provincial Assembly of West Pakistan in so far as Maulana Ghulam Ghaus, a Member of this august House during his speech on the 12th January, 1965 is quoted by the Daily "Hurriyat" to have said:

اس معزز ایوان کے ایک معزز رکن نے جن کا نام وہ لینا نہیں چاہتے انہیں اطلاع دی تھی کہ صدر ایوب کا نام ان تیس آدمیوں کی فہرست میں درج کرلیا گیا ہے جنہیں قتل کردیا جائیگا ۔۔۔

This statement of the Maulana Sahib has cast doubts in the minds of the public of the Province as well as the country, that at least one member of the august House is privy to the conspiracy of murder, or at least knowing such conspiracy, has failed to report the same to the Police, which under law he was bound to do. I being a Member of this august House would like to get my name cleared from such doubts which otherwise are sure to harm my reputation.

جناب والا — میں مختصراً اس کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ اس روز اتفاق کی بات ہے میں ایک نہایت ضروری کام کی وجہ سے ایوان سے ڈیڑھ بجے چلا گیا کیونکہ اوقات کار بڑھا دئے گئے تھے ۔ یہ ایوان غالباً دو بجے تک ضمنی بجٹ کی بحث میں مشغول رہا ۔ اس روز بھی پتہ نہ چلا ۔ اگلے روز بھی پتہ نہ چلا ۔ اس سے اگلے روز بھی پتہ نہ چلا ۔ مجھے یہ بات کل معلوم ہوئی جبکہ حریت کا ایک پرچہ میری نظر سے گذرا کہ محترم مولانا غلام غوث ہزاروی نے اس قسم کی بات کی ہے کہ اس معزز ایوان کے ایک معزز رکن نے یہ بتایا ہے کہ حزب اختلاف نے کوئی ایسی فہرست تیار کی ہے جس کی میں سختی سے تردید کرتا ہوں کہ ایسی کوئی فہرست نہیں تھی نہ ہی کسی کے ذہن میں یہ بات ہے ۔ یہ صرف الیکشن کا مسئلہ تھا ایک فریق نے ہارنا تھا ۔ ایک فریق نے جیتنا تھا ۔ ان کو قتل کرنے کا یا ایسی باتیں کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ یہاں کسی کے خلاف مقدمہ چل رہا ہے ۔ کسی نے کوئی قتل کیا تھا ۔ یہ صرف شر انگیزی ہے ۔ اگر کسی نے مولانا کو ایسی بات کہی ہے یہ اس کی ایک شرارت ہے ۔ اس نے شر انگیزی کی ہے ۔

میں یہ پوچھتا ہوں کہ اس شرارت کے بانی کون بزرگ ہیں جنہوں نے مولانا کو یہ کہا کہ سی او پی والے کوئی اس قسم کی واحیات حرکت کرنے والے تھے ۔ ایسی بات کسی کے ذہن میں بھی نہیں آسکتی ۔ کوئی چیز بھی نہیں ہوسکتی ۔ یہ ہمارا ملک ہے ۔ ہم نے الیکشن لڑا ہے ۔ یہ اور بات ہے کسی کی ہار ہوگئی ہے کسی کو جیت ہوگئی ہے اس سے قطع نظر یہ چیز قطعی طور پرانتہائی لغو ۔ بے بنیاد اور غلط ہے ۔ اگر سی او پی نے کسی شخص کے خلاف کوئی منصوبہ بنانا تھا چہ جائیکہ قتل کرنے کا یا کسی کو معمولی سی اذیت پہنچانے کا.....

مسٹر سپیکر — خواجہ صاحب کیا آپ صرف نام پوچھنا چاہتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ میں اصرار کروں گا کیونکہ میں بھی اس ایوان کا ادنی سا رکن ہوں ۔ میں مولانا صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ مجھے بتائیں۔

مسٹر سپیکر — خواجہ صاحب اس کے لئے طریقہ یہ ہے کہ آپ Privately ان سے سوال پوچھ لیں ۔

He can ask the question from Maulana Sahib

خواجہ محمد صفدر — یہ تو ایسا مسئلہ ہے جس کی اہمیت سے کسی صاحب کو انکار نہیں ہے ۔

ایک آواز—وہ بتادیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر—وہ بتائیں کہ کس شخص نے ان کو بتایا ہے کم ازکم میں تو اپنی بریت کا اعلان کرتا ہوں کہ نہ ایسی کوئی بات میرے علم میں ہے اور نہ ہی ہوسکتی ہے ۔

مولانا غلام غوث—(ہزارہ — م)—جناب صدر ۔ میرے نزدیک یہ تحریک استحقاق اس بات کی مستحق نہیں کہ اس پر غور کیا جائے ۔ کیونکہ اس سے نہ کسی خاص ممبر کی پوزیشن گرتی ہے اور نہ ہی کسی ممبر پر اس کا اثر پڑتا ہے ۔ اس لئے جب انہوں نے بات اڑا ہی دی ہے ۔ تو میں اتنا اب بھی کہے دیتا ہوں کہ وہ معزز ممبر آپوزیشن سے تعلق رکھتے ہیں ۔ (شور اور قطع کلامیاں) ۔

خواجہ محمد صفدر — ان کا نام بتائیے ۔

مولانا غلام غوث — جناب والا ۔ میں حیران ہوں کہ اتنے معزز اور مہذب شرفا اور معزز ایوان کے بلند پایہ ممبر حضرات بیک وقت سب کے سب شور مچا رہے ہیں ۔ یہ بات ان میں سے ایک کو کہہ دینا چاہئے تھی ۔ سب کا یہ کہنا کہ بتاؤ ۔ بتاؤ ۔ یہ طریقہ کم از کم میری سمجھ میں نہیں آتا ۔ اور نہ ہی میں اس سے مرعوب ہوسکتا ہوں ۔ یہ بات میں واضح کردینا چاہتا ہوں کہ میں نام ہرگز نہیں بتاؤں گا ۔ یہ بات میری پوزیشن کے بھی خلاف ہے ۔ تاہم میں اعلان کرتا ہوں کہ آپ مجھ پر عدالت میں کیس چلائیں ۔ وہاں میں نام ضرور بتاؤں گا ۔ چونکہ میں مورخہ ۱۰ جنوری کو یہاں کہہ چکا ہوں کہ میں نام نہیں بتاؤں گا ۔ اس لئے اب یہ میری پوزیشن کے بھی خلاف ہے ۔ لیکن اگر آپ کو اس پر اصرار ہے کہ میں نے غلط کہا ہے ۔ تو آپ عدالت کی طرف رجوع کریں ۔ میں وہاں نام بتادوں گا ۔ یہ تو میں اب بھی کہتا ہوں کہ وہ ممبر آپوزیشن سے تعلق رکھتا ہے ۔

جہاں تک اس تحریک استحقاق کا تعلق ہے ۔ میری گذارش یہ ہے کہ اس کی عبارت—ابتدا اور انتہا میں تضاد ہے ۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ صوبائی اسمبلی مغربی پاکستان کے جملہ ارکان کے استحقاق کی پامالی ہوئی ہے ۔ اب کم از کم اس سے حزب اقتدار کے ارکان کے استحقاق کی پامالی تو نہیں ہوئی ۔ وہ تو اس سے بری ہوگئے ۔ اب بہت چھوٹا سا شر ذمہ قلیلہ رہ گیا ہے ۔ تو ان کو میں یہ بتادوں کہ ان میں سے جو جو بھی چاہے قرآن اٹھاتا جائے کہ میں نہیں ہوں ۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہوگا ۔ (تحسین و آفرین) (شور اور قطع کلامی) اب جب آپ نے بات چھیڑی ہے ۔ تو اسے کسی قاعدے سے ہونا چاہئے جو جو آپ میں سے قسم کھاتا جائے اس کی صفائی ہوتی جائیگی ۔

خواجہ محمد صفدر— جناب والا ۔ مولانا صاحب خود ہی کیوں نہ قسم کھائیں ۔ کیونکہ انہوں نے اس ایوان میں غلطبیانی کی ہے xxxxxx (قطع کلامیاں اور شور)۔

*xxxxxxxxxxxxxxxx

مولانا غلام غوث — جناب ۔ میں کس بات کی قسم کھاؤں۔ میں نے بالکل صحیح کہا ہے ۔

Mr. Speaker: No interruptions please. Let him finish.

خواجہ محمد صفدر—جناب ۔ یا تو یہ اس الزام کو واپس لیں یا اس کا ثبوت پیش کریں ۔ (قطع کلامیاں اور شور) ۔

* Expunged ar ordered by the Speaker.

مولانا غلام غوث—جناب والا ۔ بات ابھی صاف ہوجاتی ہے۔ معزز ممبر پریشان کیوں ہوگئے یہ بوکھلا کیوں گئے ۔ ان کو بوکھلاہٹ اور گھبراہٹ سے الگ رہنا چاہئے ۔ (قطع کلامیاں اور شور ۔)

وزیر مال (خان پیر محمد خاں)—On a point of order Sir. ۔ جناب والا ۔ آپوزیشن کے لیڈر صاحب نے مولانا صاحب کے متعلق کہا ہے کہ انہوں نے جھوٹ بولا ہے۔جناب جھوٹ کا لفظ unparliamentary ہے ۔ وہ اسے withdraw کریں ۔

Mr. Speaker: Order please. The remarks made by Kh. Muhammad Safdar are expunged from the proceedings of the Assembly.

سردار عنایت الرحمن خاں عباسی— On a point of order Sir. ۔ جناب والا ۔ مولانا غلام غوث صاحب ہمارے لئے ہر لحاظ سے قابل احترام ہیں ۔ وہ عالم دین ہیں ۔ ان کے متعلق حزب اختلاف والوں کو لعنت اللہ علی الکاذبین ،، کے الفاظ استعمال نہیں کرنے چاہئیں ۔ (قطع کلامیاں اور شور) ۔

مولانا غلام غوث—جناب والا x x x x x x x x x x x x x x x x

*xxxxxxxxxxx

مسٹر سپیکر — Order Please ۔ مولانا صاحب تشریف رکھیں ۔

These remarks made by Maulana Sahib are expunged from the proceedings of the Assembly. These are unparliamentary.

مولانا غلام غوث—جناب والا ۔ جو کچھ آپ نے فرمایا ہے ۔ میں سمجھ نہیں سکا ۔

مسٹر سپیکر—میں نے یہ عرض کیا ہے کہ جو کچھ آپ نے آپوزیشن کے ممبران کے متعلق فرمایا ہے ۔ میں نے اسے ریکارڈ سے حذف کردیا ہے ۔

مولانا غلام غوث—جناب والا ۔ انہوں نے یہ الفاظ پہلے کہے ہیں ۔ میں نے ان میں سے کسی پر نہیں کہا ۔ میں نے تو صرف یہ کہا ہے کہ میں بھی اتنی تعداد میں پڑھتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر—مولانا ۔ اب آپ تحریک استحقاق کے متعلق کچھ فرمائیں ۔

مولانا غلام غوث—بہت اچھا جناب ۔ میں اس تحریک استحقاق کے متعلق یہ عرض کر رہا تھا کہ ابتدا میں تو انہوں نے یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی ہے کہ اس معزز ایوان کے تمام ممبران کی توہین ہوئی ہے ۔ اور آخر میں بڑے بچ کر فرماتے ہیں کہ

---

* Expunged as ordered by the Speaker.

چونکہ مولانا موصوف اس معزز ایوان کے رکن ہیں ۔ اس لئے وہ یہ مناسب سمجھتے ہیں کہ ان کا نام اس آلائش سے پاک کر دیا جائے ۔ بصورت دیگر یہ ان کی شہرت کو نقصان پہنچانے کا باعث بن سکتی ہے ۔ کیا یہ تحریک استحقاق میری خاطر پیش کی گئی ہے ۔

مسٹر سپیکر—نہیں ۔ نہیں ۔ مولانا صاحب ۔ یہ تو ترجمے میں غلطی ہے ۔ انہوں نے اپنے متعلق فرمایا ہے ۔

مولانا غلام غوث—بہر حال یہ غلط فہمی بھی رفع ہوگئی ۔

میرا مقصد یہ ہے کہ چونکہ میں ۱۲—جنوری کو کہہ چکا ہوں کہ میں وہ نام نہیں بتاؤں گا ۔ میں ان کے اس دباؤ ۔ اس اثر اور اس ہنگامے سے متاثر ہوئے بغیر اپنے وعدے کے خلاف جانا نہیں چاہتا ۔ میں پھر اپنی اسی بات کو دہراتا ہوں کہ وہ آپوزیشن ہی کا ایک ممبر ہے ۔ لیکن میں اسے ننگا نہیں کرنا چاہتا ۔ میں اسے نقصان پہنچانا نہیں چاہتا ۔ نہ میں اس کی پوزیشن کے خلاف بات کرنا چاہتا ہوں اور نہ ہی اپنی پوزیشن کو خراب کرنا چاہتا ہوں ۔ میں نے ایک بات کہی ہے جو اس کے خلاف کہی ہے ۔ رہی یہ بات کہ اگر آپ لوگوں کو اس بات میں شبہ ہے کہ میں نے غلط بیانی سے کام لیا ہے ۔ تو آپ اس کے متعلق قانونی چارہ جوئی کریں ۔ اگر بات عدالت میں گئی تو میں وہاں ضرور بتادوں گا ۔ مجھے یقین ہے کہ اب وہ آپوزیشن کا ممبر انکار نہیں کریگا ۔ اس سے میری مراد نہ تو یہ تھی کہ آپوزیشن کے کسی ممبر کی توہین ہو اور نہ ہی میری مراد حزب اقتدار یا حکومت کی توہین تھی میں تو افواہوں پر بحث کر رہا تھا ۔ جن میں سے ایک یہ بھی تھی کہ جناب صدر کے بھاگنے کے لئے تین جہاز کھڑے ہیں ۔ جس طرح اور افواہوں کے متعلق اس معزز ممبر نے کہا ۔ اسی طرح میں نے اسے بھی ان ہی افواہوں میں شامل کیا ۔ اور اسی لئے میں نے پولیس کو اطلاع نہ دی ویسے مجھے قطعی طور پر اس بات کا یقین نہ تھا کہ ایوب خان قتل ہورہے ہیں۔ یا اسی طرح کل تیس آدمی قتل ہورہے ہیں۔

پھر دوسری بات یہ ہے کہ محترم شیخ مسعود صادق صاحب نے مورخہ ۱۲ ۔ جنوری کو یہ فرمایا کہ تیسرا نام اس فہرست میں ان کا بھی تھا ۔ کیا یہی بات ان پر بھی عاید ہوتی ہے ۔ انہوں نے بھی میری اس بات کی تصدیق کی تھی ۔ لہذا یہ غلط بیانی صرف میری ہی نہ تھی ۔ بلکہ قائد ایوان کی بھی تھی جنہوں نے میرے اس بیان کی یا جس افواہ کا میں نے ذکر کیا ۔ تصدیق کی ۔ کیا اس فہرست کا ان کو بھی علم

تھا ۔ یہ بات چونکہ ان کے خلاف تھی اس لئے انہوں نے میری اس بات کی تصدیق کردی ۔

جہاں تک قائد ایوان کا تعلق ہے ۔ میں ہزار ان کی مخالفت کروں ۔ لیکن میں اس معزز ایوان میں یہ کہنے کے لئے ہرگز تیار نہیں کہ انہوں نے اس پورے ایوان میں اتنے غیر ذمہدارانہ طریقے سے غلط بیانی سے کام لیا ہے ۔ اگر انہوں نے اپنا نام تیسرے نمبر پر بتایا ۔ تو دراصل انہوں نے میری اس بات کی تائید کی ۔ اور میں نے

قطعاً یہ الزام نہیں لگایا کہ آپوزیشن کا کوئی آدمی یا اس معزز ایوان کا کوئی ممبر اس قتل کی سازش میں شریک ہے ۔ یا قتل کرنا چاہتا ہے ۔ میں نے تو جو پراپیگنڈا چل رہا تھا ۔ جو افواہیں پھیل رہی تھیں یا جس قسم کی دھاندلیاں مچ رہی تھیں ۔ اور جس قسم کی بے پر کی اڑائی جارہی تھیں ۔ ان کا ذکر کرتے ہوئے صرف یہ کہا کہ ایک معزز ممبر نے مجھسے یہاں تک کہا ہے ۔ اور یہ عام بات تھی کہ جناب صدر مملکت کو بھگانے کے لئے تین جہاز تیار ہیں ۔ بنکوں سے روپیہ نکال کر باہر بھیج دیا گیا ہے اس چیز سے میرا مقصد کسی معزز ممبر کی توہین ہرگز نہ تھا ۔ اس وقت اسی قسم کی افواہوں کا ذکر تھا ۔ اس لئے میں نے بالکل صحیح کہا ۔ ورنہ آپ حضرات کے متعلق میرے دل میں احترام کے سوا اور کوئی جذبہ نہیں ۔ لیکن اگر آپ سمجھتے ہیں کہ میں نے غلط بیانی کی ہے ۔ تو میں آپ کو چیلنج کرتا ہوں کہ آپ عدالت میں جائیں ۔ وہاں آپ کو پتہ چل جائیگا کہ آپ سچے ہیں یا میں سچا ہوں ۔ (سرکاری بنچوں کی طرف سے تالیاں) ۔

مسٹر سپیکر—مولانا صاحب کے بیان کے بعد کیا اب پوزیشن Clarify ہوگئی ہے ۔ یا نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر—مولانا صاحب نے گول مول بات کرنے کی کوشش کی ہے ۔ اور کہا ہے ۔ کہ میں نے افواہوں کا ذکر کیا تھا ۔ اس لئے ایک حد تک تو Clarify ہوگئی ہے ۔ لیکن میں پھر درخواست کروں گا ۔ کہ اس ممبر کا نام بتادیں ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ (جھنگ ۔) —صدر گرامی ۔ میں اس تلخی اور کشیدگی میں اضافہ نہیں کرنا چاہتا ۔ اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ مولانا غلام غوث ہزاروی صاحب کا میرے دل میں بڑا احترام ہے ۔ اور بڑی عزت ہے ۔ وہ دو تین سال سے اس ایوان میں ہمارے ساتھ بیٹھتے رہے ہیں ۔ اس لئے بھی ان کی عزت اور احترام ہمارے دلوں میں

ہے ۔ معزز رکن ہونے کے علاوہ وہ عالم دین بھی ہیں ۔ میں اس کشیدگی کو بڑھانا نہیں چاہتا ۔ لیکن اس مسئلہ کے متعلق انہوں نے جو موقف اختیار کیا ہے ۔ قابل افسوس ہے اور ناقابل پذیرائی ہے ۔ میں ان سے دریافت کروں گا ۔ کہ کیا انہوں نے اس شخص کا نام نہ بتانے کا عہد کیا ہوا ہے ۔ کوئی حلف اٹھایا ہوا ہے ۔ یا کوئی وعدہ کیا ہوا ہے ۔ جس شخص نے ان کو خفیہ یا راز کی بات بتادی ۔ ان سے اگر واقعی نام نہ بتانے کا وعدہ کیا ہوا ہے ۔ تو ان کا یہ موقف درست اور صحیح ہے ۔ اور چونکہ انہوں نے حلف لیا ہوا ہے ۔ ان کو واقعی اس شخص کا نام ظاہر نہیں کرنا چاہئے ۔ لیکن اگر ان کا یہ موقف ہے ۔ کہ ایوان میں انہوں نے پہلے یہ کہا ہے کہ نام نہیں بتائیں گے۔ اسی لئے آج بھی نہیں بتانا چاہتے ۔ تو یہ درست نہیں ۔ اب جتنے معزز ارکان یہاں بیٹھے ہوئے ہیں ۔ ہم سب نے اعلان کیا ہے ۔ کہ یہ بات غلط ہے اور یہ ہمارے متعلق نہیں ۔ اس لئے مولانا پر یہ شرعی پابندی عاید ہو جاتی ہے ۔ اور ایک عالم دین ہونے کی حیثیت سے نیز ایک نیک آدمی ہونے کی حیثیت سے ان کے لئے لازم ہے ۔ کہ وہ نام بتادیں ۔ ہم سب نے ان کو Challenge کیا ہے ۔ اور یہ کہا ہے ۔ کہ اس سے ہمارا کوئی تعلق نہیں اور یہ بات صحیح معلوم نہیں ہوتی ۔ ان حالات میں ایک عالم دین ہونے کی حیثیت سے ان کا فرض ہے ۔ کہ اپنی پوزیشن Clear کردیں ۔ اور اس شخص کا نام برسر اجلاس بتادیں ۔ یہ بات اتنی اہم ہے کہ صدر مملکت کے قتل کی تیاری ہو۔ ایک سازش اور Plan تیار کیا گیا ہو ۔ اس طرح ان کا اخلاقی اور مذہبی فرض تھا ۔ کہ اس معاملہ کی اطلاع حکام کو دیتے ۔ اس لئے بھی کہ صدر مملکت ہزارہ کے رہنے والے ہیں ۔ یہ مولانا کا فرض تھا ۔ کہ ضرور اطلاع دیتے دراصل ہمارے مولانا صاحب کی حیثیت دو طرح کی ہے ۔ ایک تو وہ " مولانا غلام غوث صاحب " ہیں ۔ جو آپوزیشن میں ہمارے ساتھ بیٹھتے ہیں ۔ اور دوسری ہے ۔ " حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی" کی ۔ اگرچہ پچھلے تین سال سے وہ ہمارے ساتھ بیٹھتے رہے ہیں ۔ لیکن ان کا دل دوسری طرف رہا ہے ۔ اور جسم ہماری طرف ۔ اس عرصہ میں انہوں نے یہ تاثر دیا ہے کہ وہ عالم دین ہیں ۔ لیکن ہم نے دیکھا ہے کہ کوئی بھی مسئلہ درپیش ہو ۔ کوئی تحریک اٹھتی ہو ۔ انہوں نے ہمیشہ گورنمنٹ کا ساتھ دیا ہے ۔ اور اس کی امداد کی ہے ۔ اور ہمیشہ ہزارہ کا پارٹ لیا ہے ۔

انہوں نے جو یہ کہا ہے ۔ کہ ہم عدالت سے چارہ جوئی کریں ۔ اس سے اچھا ہوا ۔ ہمیں معلوم ہوگیا ہے ۔ اور ان کی تقاریر سے واضح ہوگیا ہے ۔ کہ وہ اصل میں کیا ہیں ۔ اور ان کا ذہن کیسا ہے ۔ کیا وہ مجھے بتا سکیں گے ۔ کہ ہم کس

قانون کے تحت عدالت کا دروازہ کھٹکھٹائیں ۔ کوئی فوجداری ہوئی ہے ۔ کوئی چوٹ آئی ہے ۔ کوئی زبردستی ہوئی ہے یا ہتک عزت ہوئی ہے ۔ آخر کس لئے ہم عدالت میں جائیں ۔ جب کوئی Locus Standi نہ ہو ۔ کوئی وجہ جواز نہ ہو ۔ ہم کس طرح عدالت میں جاسکتے ہیں ۔ ہم اس ایوان میں کسی ہوئی بات کے لئے نہیں جاسکتے ۔ کیا اس قسم کی باتیں کرکے مولانا پبلک کو بے وقوف بنارہے ہیں ۔ اب جب سب نے کہہ دیا ہے ۔ کہ یہ بات غلط ہے ۔ تو پھر یہ کذب بیانی نہیں تو اور کیا ہے ۔ وہ کیوں نہیں اس شخص کا نام بتادیتے ۔

مسٹر سپیکر—خواجہ صاحب ۔ مولانا نے اپنی پوزیشن واضح کردی ہے ۔ اب آپ فرمائیں ۔ کہ آپ اسے Press کرتے ہیں ۔

مسٹر افتخار احمد خان—اس غلط بیانی کے متعلق میں صرف ایک بات اور عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اس لئے مجھے اجازت دی جائے ۔

مسٹر سپیکر—مولانا نے مختلف قسم کی افواہوں اور اس قسم کے پراپیگنڈے کی بنا پر کہدیا ہے ۔ میرا خیال ہے ۔ اب اس کے بعد پوزیشن Clarify ہوجانی چاہئے ۔ He did not mean you.

راؤ خورشید علی خان—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ اس معاملہ کو جو اتنی اہمیت کا حامل ہے ۔ جس کے نتائج انتہائی خوفناک اور بے حد ہولناک ہوسکتے ہیں ۔ اس کے متعلق یہ کہہ کر ٹال دینا اور نہایت سختی سے اس کا تجزیہ نہ کرنا اس چیز کو ظاہر کرتا ہے ۔ کہ اصل حقائق سے گریز کیا جارہا ہے ۔

Mr. Speaker- This is no point of Order

راؤ خورشید علی خان— I am Coming to that میں تو یہ بتادینا چاہتا تھا ۔ کہ اس کی Back ground کیا ہے ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے ۔ کہ یہ بات کہنا کہ یہ محض ایک افواہ کا ذکر کیا گیا ہے ۔ یہ بات نہیں ۔ بلکہ اصل بات تو یہ ہے کہ اس کا ذکر کسی منصوبہ کے تحت کیا گیا ہے ۔ اس کا جواب ہم خواجہ صاحب سے سننا چاہتے ہیں ۔

Mr. Speaker- is the member replying to me or raising a point of order.

راؤ خورشید علی خان— I am Coming to my point of order. خواجہ صاحب بھی اپنا جواب دے دیں گے مجھے اس سے غرض نہیں میں جو بات کہنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ کراچی میں جو غنڈہ گردی ہوئی ۔ جس طرح سے وہاں جشن منایا گیا ۔

اس کے متعلق مولانا نے یہ وجہ جواز پیش کی تھی ۔ کہ اگر آپوزیشن والے بر سر اقتدار آجاتے ۔ تو برا ہوتا ۔ انہوں نے یہ الزام لگایا تھا کہ صدر سمیت ۳۰ آدمیوں کے قتل کا منصوبہ بنایا تھا اب یہ کہنا چاہتے ہیں ۔ کہ اب یہ آپوزیشن کے لیڈروں کے قتل کا منصوبہ بنا رہے ہیں ۔ اور پھر کہیں گے ۔ کہ آپوزیشن نے جو پہلے منصوبہ بنایا تھا ۔ وہ ناکام ہوگیا ۔

Mr. Speaker. The member may please take his seat. This is no point of order.

مولانا غلام غوث—جناب صدر ۔ مجھے اجازت دی جائے ۔ کہ میں کچھ عرض کروں۔

مسٹر سپیکر—مولانا ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

خواجہ محمد صفدر۔ محترم مولانا صاحب نے اپنے لمبے چوڑے وضاحتی بیان میں اس بات کو گول کرنے کی کوشش کی ہے کبھی کہتے ہیں ۔ کہ یہ افواہیں تھیں اگر یہ افواہ تھی تو انہیں یہ بات سوچ لینا چاہئے تھی ۔ کہ یہ افواہ ہے ۔ اور کسی نے یونہی اڑا دی ہے ۔ پھر اس کے متعلق اتنا ہی کہہ دیتے تو شاید کسی پر کوئی قانونی ذمہ داری نہ آتی ۔ اور اگر انہوں نے اسے درست سمجھا ہے ۔ تو پھر ان کو چاہئے تھا ۔ کہ اس شخص کا نام بتا دیتے ۔ جس نے ایسی بات کہی ہے یا جس سے انہوں نے سنی ہے ۔ اس کا نام بر سر اجلاس بتا دیتے ۔ لیکن انہوں نے یہ موقف اختیار کیا ہے ۔ کہ عدالت سے چارہ جوئی کی جائے ۔ وہاں ان کا نام بتا دینگے ۔ اتنا کہہ دینا کافی نہیں ۔ ان کو اس معزز ایوان کے وقار اور عزت کا خیال ہونا چاہئے ۔ اور اس آدمی کا نام بتا دینا چاہئے ۔

Mr. Speaker: Can we force him to disclose the name?

Khawaja Muhammad Safdar: I leave it to you.

ماسٹر خان گل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جس طرح ہوائی جہازوں کی افواہ پھیلی تھی ۔ میرا خیال ہے یہ بات بھی بالکل اسی طرح ہے ۔ اب اس کو ہوا دینے سے اور گرمی کھانے سے کچھ حاصل نہیں ہوگا ۔ یہ عقل کی بات نہیں ہے ۔ ۲۱ دسمبر ۱۹۶۴ کو ہمارے دوستوں نے جو تقریریں کی تھیں ان سے صاف طور پر ظاہر ہوتا تھا ۔ کہ ۲ جنوری ۱۹۶۵ کو شاید قیامت آ جائے گی ۔

Mr. Speaker. This is not a Point of order.

Does Khawaja Sahib press it or not?

خواجہ محمد صفدر- جناب میرے محترم دوست نے اس رنگ میں سمجھا ہے تو میں یہ Presume کروں کہ باقی ایوان نے اور اس صوبے کے عوام نے اس رنگ میں سمجھا ہے تو میں اسے Press نہیں کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The Motion is not Pressed.

مولانا غلام غوث ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ میں اس معاملے میں ضروری وضاحت کرنا چاہتا ہوں تاکہ خواجہ صاحب کو معلوم ہو جائے۔ جناب نوابزادہ افتخار احمد خاں صاحب نے فرمایا کہ میں یہاں بیٹھا ہوں اور میرا اصول یہ ہے ۔ ان کا یہ کہنا غلط ہے ۔ اب میں کہتا ہوں اور میں یہ بتلانا ہوں کہ میرا جرم صرف یہ ہے کہ میں نے ماں کا ساتھ نہیں دیا میں اس کو قابل نہیں سمجھتا تھا میں نے اس کا اس لئے ساتھ نہیں دیا۔

مسٹر سپیکر- یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

ایک آواز — ماں بیچاری کو پریشان کیا۔

مولانا غلام غوث ۔ مجھ پر کوئی جبر نہیں ہے میں خوشی سے بیٹھا ہوں ۔

مسٹر سپیکر۔ مولانا صاحب آپ تشریف رکھئے ۔ (قطع کلامیاں) ۔ آرڈر۔ آرڈر۔

مولانا غلام غوث ۔ میں مزید وضاحت کے لئے ایک منٹ کی اجازت چاہتا ہوں۔

مسٹر سپیکر ۔ اب آپ کچھ نہ فرمائیے ۔ مولانا صاحب اب وہ معاملہ ختم ہو چکا ہے ۔ اب تشریف رکھیں ۔ (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Nasrullah Khan Khattak: On a point of privilege. A member of this House has been personally attacked. He should be given time to explain his position.

Mr. Speaker: He can bring a privilege motion about that.

Khawaja Muhammad Safdar: He has explained.

POINT OF ORDER

RE: THE READING OF ADJOURNMENT MOTIONS BY THE MEMBERS (*Speaker's ruling*).

مسٹرسپیکر ۔ پیشتر اس کے کہ ہم تحریک التوا پر غور کریں میں کل کے پوائنٹ آف آرڈر کے متعلق اپنی رولنگ دینا چاہتا ہوں ۔ فاضل وزیر قانون نے یہ پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا تھا کہ اس ہاؤس میں ایک ممبر جب کہ وہ اپنی تحریک التوا پیش کرتا ہے تو اس کو پڑھنے کی اجازت نہ ہونی چاہئے ۔ میں نے اس ضمن میں قواعد کا مطالعہ کیا ہے ۔ رول (۴۷) تحریک التوا کے متعلق ہے اور وہ کس معاملے کے متعلق تحریک التوا پیش کی جا سکے گی ۔ رول ۴۸ ۔ اس کے متعلق ہے کہ ایک تحریک التوا کا نوٹس کس طرح دیا جائیگا ۔ رول ۴۹ ۔ اس کے متعلق ہے کہ ایک تحریک التوا پر کون کون سی پابندیاں اور قیود ہیں رول ۵۰ ۔ اس کے متعلق ہے کہ ایک تحریک التوا کس وقت لائی جائے گی اور رول ۵۱ ۔ اس کے متعلق ہے کہ تحریک التوا کس طرح پیش کی جائے گی ۔ فاضل وزیر قانون نے رولز کا حوالہ دیتے ہوئے رول ۵۱ ۔ کا حوالہ دیا تھا اور یہ فرمایا تھا کہ اس بات کا فیصلہ کرنا کہ کیا ایک تحریک التوا خلاف ضابطہ ہے یا حسب ضابطہ ہے ۔ یہ سپیکر نے دیکھنا ہے اس کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ ایک فاضل ممبر اپنی تحریک التوا کو پڑھے لیکن رول ۵۰ ۔ میں یہ چیز واضح طور پر دی گئی ہے کہ ایک تحریک التوا کو پیش کرنے کے لئے اس کی اجازت مانگی جائیگی اور وہ اجازت سوالات کے وقفہ کے بعد اور ایوان کی باقاعدہ کارروائی سے پیشتر ہوگی تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ کسی چیز کی اجازت طلب کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ اس چیز کو ایوان میں پیش کیا جائے اور اس چیز کو پڑھا جائے ان حالات میں یہ قرار دیتا ہوں کہ رول ۵۰ ۔ کے تحت ایک ممبر کو ایوان میں تحریک التوا کا پڑھنا ضروری ہوتا ہے اور یہ پوائنٹ آف آرڈر مسترد کیا جاتا ہے ۔

ADJOURNMENT MOTIONS

FAILURE OF HYDERABAD DISTRICT ADMINISTRATION TO MAINTAIN LAW & ORDER ON 15th DECEMBER, 1964.

Mr. Iftikhar Ahmad Khan Ansari: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Hyderabad District Administration in maintaining law and order in that town on the evening of 15th December, 1964 when nearly 400 armed hooligans attacked and injured

a number of students and other innocent people. These goondas were given such a free hand that they even trespassed into the old University campus, injured the students there and then commit'ed acts of arson and looting in the main bazaar. Many a people have been seriously injured.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, the facts that on December 15 supporters of a certain political party, including some students wearing black badges and carrying playcards marched towards the venue of the projection meeting and started raising abusive slogans against another political party and its leaders. And this they did despite the fact that the District Magistrate, Hyderabad, had earlier promulgated Section 144 in the area surrounding the venue of the projection meeting, so as to guard against the possibility of a clash between the rival political parties.

Supporters of the other political party objected to this derogatory and abusive slogans mongering and they ensured a free fight between the members of the two groups. The main responsibility for the clash rests with the political party which organised the demonstration outside the venue of the projection meeting in contravention of Section 144 and tried to misguide and mislead the student community to further its own ends.

These are the facts as disclosed in the press note issued by the Commissioner, Hyderabad on December 17, 1964. In connection with the incident that took place and beating cases have been registered with the police and are under investigation. Therefore, my respectful submission is that on the ground that the matter is under investigation and is *subjudice* the motion may be ruled out of order.

مسٹر افتخار احمد خان۔ صدر گرامی میرا نہ ان Cases سے تعلق ہے اگر کوئی رجسٹر ہوئے ہیں ۔ میری اپنی تحریک التوا صرف اتنی ہے کہ ۱۵ ۔ تاریخ کی شام کو حیدر آباد کی پولیس ناکام ہوئی ہے ان غنڈوں کو روکنے میں اور ان غنڈوں نے سٹوڈنٹس کے ہوسٹل اور کیمپس میں جا کر ان پر حملہ کیا ۔ یہ ہے اتنی ساری بات ۔ اور یہ چیز Prejudice کیسے ہو سکتی ہے ۔ نہ وہ Case discuss ہوئے اور نہ کچھ اور ہوا ۔ سیدھی سی بات ہے مگر معلوم ایسا ہوتا ہے کہ صدر گرامی کہ ملک میں امن و امان کا حال یہ ہے کہ پولیس امن و امان رکھنے کے لئے مناسب سمجھتی ہے کہ حزب اختلاف کو دبایا جائے اور ان کی حفاظت کرے اور پولیس اپنے آپ کو ان کا پرائیوٹ ملازم قرار دے چکی ہے ۔

مسٹر سپیکر۔ کیا آپ کے ایڈجورنمنٹ موشن سے وہ Cases prejudice نہیں ہونگے ۔

Mr. Iftikhar Ahmad Khan: It is the failure of the police to stop four hundred goondas from going into the University Campus.

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریاں میمن) جناب والا ۔ ان کے خلاف کیس رجسٹر ہو چکا ہے ۔

مسٹر افتخاراحمد خان ۔ جناب یہ دیکھئے کہ انہوں نے جو پریس نوٹ دیا انہوں نے واقعات صبح کے بیان کئے ہیں ۔ میری تحریک التوا شام کے واقعات کے متعلق ہے ۔ شام کو یہ غنڈے اکٹھے ہوئے اور اکٹھے ہونے کے بعد یونیورسٹی کیمپس میں گئے ۔

Mr. Speaker: The incident has not been denied.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: This fact has not been denied?

Mr. Speaker: Yes. And, therefore, I hold the motion in order.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Hyderabad District administration in maintaining law and order in that town on the evening of 15th December, 1964 when nearly 400 armed hooligans attacked and injured a number of students and other innocent people. These goondas were given such a free hand that they even trespassed into the old University campus, injured the students there and then committed acts of arson and looting in the main bazar. Many a people have been seriously injured.

Those Members who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

(*As less than 25 members rose in their places, leave to move the motion was refused.*)

FAILURE OF PROV'L GOVT. TO TAKE ACTION AGAINST DR. FAZLUR RAHMAN FOR WRITING AN ARTICLE IN "UMMA" ATTACKING MOHTARIMA FATIMA JINNAH.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the situation created by the publication of an article by one, Dr. Fazlur Rehman Director, Islamic Research Centre, Karachi, in the October issue of the official Organ "Umma" in which indecent and unwarranted attacks and remarks have been made against Madar-e-Millat Mohtrama Fatima Jinnah. This centre of which he is a paid employee has been established under the Constitution and is financed by public exchequer. The Provincial Government has failed to take action against this man and has also shirked its

responsibility in not recommending departmental action against him by the Central Government.

مولانا غلام غوث - جناب اس کا مطلب اردو میں مجھے سمجھا دیا جائے -

مسٹر سپیکر - نوابزادہ صاحب آپ اردو میں مولانا صاحب کو اس کا مطلب سمجھا دیں -

مسٹر افتخار احمد خان - اس کا مطلب جناب مولانا صاحب یہ ہے کہ ایک اخبار نکالتے ہیں ڈاکٹر فضل الرحمان - وہ کراچی میں ڈائریکٹر ہیں ریسرچ سینٹر کے - ان کے اخبار کا نام ''امہ'' ہے اس میں اکتوبر کے شمارہ میں نامناسب - ناجائز اور غیر معقول الفاظ مادر ملت کے متعلق انہوں نے استعمال کئے ہیں - تو مجھے اعتراض یہ ہے کہ ایسے اخبار کو جو سرکاری پیسے سے نکلتا اور عوامی خزانے سے ان کو تنخواہ ملتی ہے تو ان کا یہ حق نہیں ہے اور انہوں نے سیاسی معاملات میں حصہ لیا اور صدارتی انتخاب میں بھی حصہ لیا ہے -

مسٹر سپیکر - نوابزادہ صاحب یہ ڈاکٹر فضل الرحمان صوبائی حکومت کے ملازم ہیں یا مرکزی حکومت کے ؟

مسٹر افتخار احمد خان - میں نے لکھا ہے کہ پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس کے تحت تو صوبائی حکومت نے ایکشن لینا ہے -

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): The member upto this minute has not produced the article in question. For what we know the unwarranted attacks, as he calls them, exist in his imagination. The Journal and the article in particular has been examined and the Government is of the opinion that no offence under the Press Law is made out and, therefore, the Government cuold not possibly take action against him.

So far as the personal responsibility that could be attacked to him is concerned the Speaker put the question to the Member and the reply has been made that not only this gentleman is under the Central Government but the Institute to which he belongs is also a centrally-controlled Organisation. Therefore, under the circumstances the Provincial Government cannot take any action even if any action could be taken departmentally against the Officer.

مسٹر افتخار احمد خان - صدر گرامی دو جواز میں نے پیش کئے ہیں - صوبائی حکومت کا ایکشن لینے کے متعلق failur یعنی پریس اینڈ پبلیکشن کے تحت یہی میری مراد ہے -

مسٹر سپیکر - نوابزادہ صاحب وہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے اس چیز کو دیکھا ہے اور گورنمنٹ اس نتیجہ پر پہنچی ہے کہ کوئی بات ایسی نہ تھی کہ جس پر ایکشن لیا جائے - They have already taken action.

مسٹر افتخار احمد خان - یہ اور بھی زیادہ افسوس ناک بات ہے - نیشنل اخبارات نے احتجاج کیا ہے اس مضمون کے متعلق اکثر اخبارات نے احتجاج کیا ہے اور اس کو غلط کہا ہے اور یہ حکومت پھر جناب اچھی ہے تو خیر یہ تو فیصلہ آپ نے کرنا ہے - اس کو پنڈنگ کر لیجئے - اس کو منگا لیتے ہیں -

Mr. Speaker: The responsibility of the Provincial Government is not involved in it, and the motion is therefore ruled out of order. Next motion.

FAILURE OF PROV: GOVT. IN NOT ADVISING W. P. ELECTION AUTHORITY TO WITHDRAW ITS ORDERS DISALLOWING INSPECTION OF BALLOT PAPERS, COUNTERFOILS & ELECTORAL ROLLS.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: Sir, I ask for leave to make a Motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Provincial Government in not advising the West Pakistan Election Authority to withdraw its order directing the Returning Officers throughout the Province that Ballot Papers, counterfoils and copies of Electoral rolls should not be made available to anyone for inspection nor should any copies be supplied. As a result of these restrictions a large number of people shall be deprived of their legal right to file election petitions properly. The public at large has been forced to conclude that the Authority wants to conceal its shortcomings during the recent elections.

مسٹر سپیکر - نوابزادہ صاحب صوبائی حکومت کی ذمہ داری کے متعلق فرمائیں -

مسٹر افتخار احمد خان - انہوں نے advise نہیں کیا - ان کو بتانا چاہئے تھا ان کو تجربہ نہیں تھا - صوبائی حکومت کو تجربہ زیادہ ہے -

Mr. Speaker: That ist heir concerns.

مسٹر افتخار احمد خان - ان کو بتانا چاہئے -

Mr. Speaker: The responsibility of the Provincial Government is not involved. The motion ts ruled out of order.

ACTION OF PROV: GOVT, IN MAKING AVAILABLE ITS ADDITIONAL COMMISSIONERS TO THE ELECTION AUTHORITY FOR DISPOSAL OF ELECTION PETITIONS.

Mr. Speaker: Next motion.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the action of the Provincial Government in making available the services of its Additional Commissioners to the Election Authority for the trial and disposal of election petitions. These officers are already overworked and there is not a ghost of a chance of speedy and fair trial by them. This move has thrown a wave of indignation and resentment against the Government throughout the Province.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): This is again, Sir, the responsibility of the Election Commission. Under the Electoral Colleges Act the Government is bound to render such assistance to the Election Commission as it may require. The Election Commission sent for recommendations and the recommendations were sent to the Election Commission. It was entirely up to the Election Commission to nominate any individual, any officer as Election Tribunal and to that extent there is no responsibility or any failure on the part of the Provincial Government to have supplied an officer who has been accepted and nominated by the Election Commission as Election Tribunal.

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا۔ غالباً وزیر قانون صاحب کسی غلط فہمی میں مبتلا ہیں بنیادی جمہوریتوں کے متعلق بنیادی جمہوریتوں کا انتخاب الیکشن کمیشن کی ذمہ داری نہیں تھا بلکہ وہ پراونشل الیکشن اتھارٹی کی ذمہ داری تھی۔ میں آپ کو یاد دلاؤں جسٹس اقبال نے ایک پریس بیان میں واضح طور پر کہا تھا کہ بنیادی جمہوریتوں کے الیکشن کا تعلق ہمارے ساتھ کوئی نہیں اس لئے وہ ان کی ذمہ داری نہیں ہے۔

مسٹر سپیکر۔ کیا الیکشن اتھارٹی کو الیکشن کمیشن نے Constitute کیا تھا؟

I think the Election Authority has been constituted by the Election Commission.

Minister of Law: Sir, I will make the position clear. Under the Electoral Colleges Act the Election Commission does not come into the picture as such. It talks of Commissioner and it has been said there that 'Commissioner' means the Chief Election Commissioner as defined in the Constitution so that the Chief Election Commissioner who has nominated the Election Authority and the Election Tribunal under the Electoral Colleges Act is again, Sir, an officer who is under the administrative control of the Provincial Government.

خواجہ محمد صفدر - میرا مطلب یہی ہے -

مسٹر افتخار احمد خان - پوزیشن یہ ہے کہ انہوں نے یہ ان سے نہیں کہا تھا - اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ صوبائی حکومت کی ذمہ داری نہیں ہے اور یہ ان کی ذمہ داری ہے تو انہوں نے ان سے یہ نہیں کہا تھا کہ آپ ایڈیشنل کمشنروں کے نام دے دیجئے - انہوں نے تو افسروں کے نام مانگے تھے تاکہ وہ الیکشن پٹیشن کو بھگتا سکیں اور اس کو کہہ سکیں کہ انہوں نے چن کر اور تلاش کر کے ایسے پٹیشن دئے کہ پانچ سال فیصلہ ہی نہ ہو -

مسٹر سپیکر - نوابزادہ صاحب آپ کا خیال ہے کہ ایکسائز افسر کو بھیج دیتے؟

مسٹر افتخار احمد خان - نہیں جناب مجسٹریٹ کو کرنا چاہئے تھا - سول ججوں کو کرنا چاہئے تھا -

Mr. Speaker: Are they not over-worked?

مسٹر افتخار احمد خان - ایک ڈویژن میں ایک ایڈیشنل کمشنر مقرر کیا ہے ایک ڈویژن میں کم از کم چار پانچ ہزار الیکشن پٹیشن ہیں - اب بتائیے کہ ایک ایڈیشنل کمشنر ان کی تاریخیں بھی نہیں دے سکتا - ہر ضلع کے لئے ایک ٹریبونل ہونا چاہئے تھا مگر انہوں نے جناب کام یہ کیا ہے کہ فیصلہ ہی نہ ہونے پائے - تلوار ان پر لٹکی رہے - جو ممبر بن گئے باقی جو پٹیشن دائر کریں وہ دھکے کھاتے پھریں -

Mr. Speaker: The Provincial Government could not refuse them under Article 163 of the Constitution and it was duty-bound to render assistance to them. The motion is ruled out of order.

REGISTRATION OF A FALSE CASE AGAINST SIKANDAR HAYAT KHAN S/O SARDAR SHAUKAT HAYAT KHAN.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter or recent and urgent public importance, namely, the situation created by the registration of a completely false and bogus case against Sikandar Hayat Khan S/o Sarder Shaukat Hayat Khan, a prominent leader of COP and General Secretary of the All Pakistan Muslim League. This young man was arrested on the 21st Novmber in Lahore by the Lahore police. This unwarranted falsification against an innocent boy has thrown a wave of indignation throughout the Province and law abiding citizens are forced to the conclusion that their life and honour are not safe under the present Government.

Mr. Speaker: Yes. Mr. Memon.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon). The case has been challaned under Section 16 before the competent court and it is pending. The matter is, therefore, sub-judice. I would not like my friend to unnecessarily go into the facts of the case.

Mr. Speaker: Section 16?

Minister of Law: Section 16 of the Maintenance of Public Order Ordinance, to be tried by a First Class Magistrate.

Mr. Speaker: There would be a regular trial.

Minister of Law: Yes Sir, subject to appeal, revision under the Criminal Procedure Code.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, Maintenance of Public Order Ordinance is a special Ordinance, a special law, and whenever there is an arrest under any special law, the Speaker has allowed adjournment motions against such orders.

Mr. Speaker: But if there is a regular judicial trial, then what is the necessity of this adjournment motion.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ صدر محترم ۔ اس معصوم اور نوجوان بچے کو اس طرح جگایا گیا اور اتنی اذیت دی گئی کہ اس کا دماغی توازن خراب ہوگیا ہے ۔ یہ وہی بچہ ہے جس کے دادا اس ایوان میں سالہا سال وزیر اعلیٰ رہے ہیں۔

Minister of Law: Sir I would object to this; after the Chair has given the ruling, he should not discuss it.

Mr. Speaker: As the matter is sub-judice, the motion is ruled out of order. Next motion.

FAILURE OF SIALKOT ADMINISTRATION TO PROVIDE PROTECTION AGAINST GOONDAS WHO WANTED TO DISTURB PUBLIC MEETING BEING ADDRESSED BY MOHTARIMA FATIMA JINNAH.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: Sir I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent Public importance, namely, the failure of the Sialkot Administration in providing necessary protection against the hooliganism of a handful of goondas who wanted to disturb the public meeting which was being addressed by Madari Millat Mohtarama Miss Fatima Jinnah on the 18th November in the Jinnah Park, Sialkot. In fact the Police kept standing as a silent spectator completely negligent to its basic duty to maintain law and order.

Minister of Law: (Mr Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Facts are denied. Facts, as reported, are as under;

> "A public meeting was held under the auspices of the Combined Opposition Parties on the 18th November, 1964, in the Jinnah Park, Sialkot. All facilities were provided to the organisers for this meeting. A large number of police was deputed for security measures at the meeting. Before arrival of Miss Fatima Jinnah to the meeting place a few students raised slogans "President Ayub Zinda Bad". But fearing any likely clash they were driven away by the Police. No untoward incident after this occurred. The Police did not stand as silent spectators. In fact, it was due to great sense of vigilance and duty that the law and order was maintained at the public meeting. The meeting ended in a very peaceful manner. The local organisers in fact thanked the administration for the arrangements made for providing adequate security arrangements at the meeting."

مسٹر افتخار احمد خان ۔ صدر محترم ۔ بات اصل میں یہ تھی کہ غنڈے وہاں آئے پولیس کھڑی تماشا دیکھتی رہی ۔ اور جلسہ کے منتظمین نے خود ان غنڈوں کو جلسہ گاہ سے باہر نکالا ۔

مسٹر سپیکر ۔ نوابزادہ صاحب ۔ کیا آپ وہاں تشریف فرما تھے ؟

مسٹر افتخار احمد خان ۔ میں نے اخبارات میں پڑھا ہے جیسا کہ آپ نے بھی پڑھا ہوگا اگر میں ہر جگہ تشریف فرما ہونے لگوں تو پتہ نہیں کہاں کہاں تشریف فرما ہو جاؤں ۔

Mr. Speaker: As the facts have been denied by the Government, the motion is ruled out of order.

Minister of Law: Sir it is now eleven of the Clock and the rest of the adjournment motions may be taken up on the next working day.

Mr. Speaker: Nawabzada Iftikhar to move his next motion only.

BLACK-FLAG DEMONSTRATION AGAINST GENERAL AZAM KHAN AT LAHORE AIRPORT.

Nawabzada Iftikhar Ahmed Khan: Sir I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the Police organized black flag demonstration by nearly 200 booligans against General Azam Khan at the Lahore Airport on 16th November. These goondas besides shouting other

slogans were also calling out names of the Police officials and some Lahore politicians for Zindabad. Those who had come to receive the General were abused attacked and injured. The property of the Airport was seriously damaged. Those who had seen this were forced to the irresistable conclusion that all this hooliganism was being done under official patronage.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): The case has been registered Sir, in respect of this incident, and is still under investigation. For the benefit of the member, I would give the firs t information report No. 83, dated 16th November, 64.

"As a matter of fact, the PIA plane carrying Lt. General Muhammad Azam Khan landed at Lahore Airport at about 13.30 hours. As the General was moving towards VIP Lounge about 300/400 persons who were present at the Airport started waving black flags. They also raised slogans. The supporters of General Mohammad Azam Khan, numbering 40/50 also retaliated and hurled the flower pots at the crowd. This resulted in a scuffle as a result of which Mr. Parvez, a local photographer, was injured and besides damage to the flower pots, a glass pane of the VIP Lounge was also broken.

On receipt of information regarding the incident, the SHO South Cantt. Police Station, along with his ASI rushed to the Airport and the situation was brought under control. The DSP Cantt. and Additional Supdt. of Police, Lahore, also reached the spot soon after. A case reported as FIR No. 83 dated 16.11.1964 u/s 147,427 and 325 PPC was registered at Police Station South Cantt. This case is still under investigation on the ground that most of the witnesses being busy in connection with the election campaign are not available. No person except the photographer came forward to say that he had also received injuries during the incident.

The unhappy incident was the result of political rivalry. There was no official patronage involved. The police took all the necessary measures to control the situation. As already stated, a case was also registered against the miscreants."

The allegation that the Police organized the black flag demonstration by nearly 200 hooligans against General Muhammad Azam Khan at Lahore Airport is emphatically denied.

مسٹر افتخار احمد خان۔ صدر محترم ۔ میں بھی ان لوگوں میں سے تھا جنہوں نے اس تمام ڈرامہ کو۔ اس افسوس ناک واقعہ کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے ۔ یہاں میں تشریف فرما تھا ۔ اور نہ صرف میں بلکہ قائد حزب اختلاف بھی ۔ ہم اکٹھے وہاں گئے تھے ۔ راستہ میں ہم نے دیکھا کہ تین چار ٹرک پولیس والے اپنی قیادت میں ایرو ڈرم کو لے جا رہے تھے ۔ ان لوگوں کے ہاتھوں میں کالی جھنڈیاں تھیں ۔ جب ہم ایرو ڈرم پہنچے

تو وہاں پولیس والے موقع پر موجود تھے ۔ ڈی ایس پی ۔ سارجنٹ اور علاقہ کے سب انسپکٹر سب وہاں موجود تھے ۔ جب جنرل اعظم خان ہوائی جہاز سے تشریف لائے تو انہیں نہایت لغو گالیاں دی گئیں ۔ یہ گالیاں دینے والے عوام نہ تھے ۔ بلکہ سارے بھاڑے کے آدمی تھے ۔ وہاں کا ایک لطیفہ مشہور ہوا ہے ۔ کسی نے ان آدمیوں میں سے ایک سے پوچھا "دو روپے میں آئے ہو"۔ اس نے جواب دیا ۔ "دو روپے والے زمانے گئے ۔ اب دس روپے ریٹ ہے"۔ اس کے بعد ڈیانسٹریشن ہوئی ۔ پولیس پاس کھڑی دیکھتی رہی ۔ تھانیدار انچارج کے زندہ باد کے نعرے لگائے گئے ۔ اس سے بڑا ثبوت اور کیا ہو سکتا ہے ۔ لاہور کے لیڈروں کے نعرے لگتے رہے ۔ کتنی افسوس ناک بات ہے ۔

Mr. Speaker: The matter is sub-judice and is ruled out of order.

The rest of the adjournment motions would be taken up on the next working day.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN HORSE-RACE BETTING TAX (SECOND AMENDMENT) ORDINANCE 1964 (*Resumption of discussion*).

Mr. Speaker: The House will now resume discussion on the West Pakistan Horse-Race Betting Tax (Second Amendment) Ordinance 1964. Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔ ۲)۔ جناب سپیکر ۔ جہاں تک اس ہنگامی قانون کا تعلق ہے ۔ میں اس کو بلاواسطہ اس نظریۂ حیات کے خلاف سمجھتا ہوں ۔ جس کی تکمیل کے لئے پاکستان معرض وجود میں آیا تھا ۔ اور جیسا کہ آپ کو علم ہے ۔ نظریۂ حیات اس قسم کی مثبت چیز ہے ۔ کہ جس کی مقتضیات کو محض زبانی جمع خرچ سے پورا نہیں کیا جا سکتا ۔ اور وہ لوگ جن کے ذہن کسی نظریۂ حیات کو قبول کرتے ہیں ۔ وہ وقتی مصلحتوں کو تج کر بلکہ ہر قسم کی قربانی دے کر اس کو حاصل کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ نظریۂ حیات خیالات یا آراء کا ایک ایسا مجموعہ ہوتا ہے جس میں کائنات یا دنیا کے کسی شعبے کی تشریح کی گئی ہو ۔ اس کو طرز عمل طرز زندگی یا مخصوص راستہ تسلیم کیا گیا ہے ۔ ایک قوم تو کیا اگر ایک فرد بھی ایک بے مقصد زندگی بسر کرتا ہے تو وہ کسی لحاظ سے قابل تحسین نہیں ہوتا ۔ لیکن کسی نظریۂ حیات کو طے کرنا یا اس کا مدعی بننا کافی نہیں ہوتا ۔ جب تک کہ اس کی جانب عملی قدم اختیار نہ کئے جائیں ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ نظریہ حیات کی کسوٹی عمل ہوتا ہے ۔ لیکن ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ پاکستان جس کو کہا جاتا ہے ۔ کہ اسلامی تعلیمات کے

مطابق زندگی گزارنے کے لئے حاصل کیا گیا ہے۔ کہنے کو تو یہ دعوے بہت بلند اور اونچا ہے۔ لیکن آج تک یہ دعوی غلط اغراض کا آلہ کار بنا رہا ہے ابھی چند دن گزرے۔ کہ صدارتی انتخاب جس کی دھوم دھام اور شور و شغف کی گونج ابھی تک اس ملک میں موجود ہے۔ اور الیکشن میں حزب اقتدار کی طرف سے ہی نہیں۔ بلکہ اس فرد کی طرف سے بھی جس کو آج اس ملک کا جائز یا ناجائز طور پر صدر کہلانے کا بھی شرف حاصل ہے۔ اس نے بھی وقتاً فوقتاً یہ دعوی کیا تھا۔ کہ وہ تمام کے تمام قوانین جو اس وقت ملک میں رائج ہیں۔ ان کو اسلامی تعلیمات یا اسلامی مقتضیات کے مطابق ڈھالینگے۔ لیکن بڑے ہی افسوس کا مقام ہے۔ کہ ابھی کل ہی جناب صدر نے گورنروں کو یہ ہدایات دی ہیں۔ کہ وہ دعوے یا وہ وعدے جو کہ انہوں نے الیکشن مہم کے دوران اپنی قوم سے اس بدقسمت قوم سے کئے تھے۔ ان کو پورا کرنے کے لئے عملی اقدامات کریں۔ لیکن آج اس اسمبلی میں اگر عملی اقدام کیا جاتا ہے تو محض یہ کہ ہم ان تمام دعوؤں اور باتوں کی تعمیل کرنے کے لئے یہاں اکھٹے ہوں۔ چنانچہ یہ آرڈیننس اگر کچھ تھا تو محض یہ تھا کہ پہلے تو اس ہنگامی قانون کے بارے میں بعض لوگوں کو احتلاف ہو سکتا تھا۔ بلکہ میں تو یہ کہونگا۔ کہ ہماری حکومت یا برسر اقتدار طبقہ ہمیشہ لوگوں کے مذہب یا دینی اختلافات کا سہارا لیکر بعض غلط قسم کے قانون رائج کرتا رہا ہے۔ لیکن آج جہاں تک اس ہنگامی قانون کا تعلق ہے وہ اس قسم کا عذر بھی جس کو وہ بڑے شدومد کے ساتھ استعمال کرتے رہے ہیں۔ آج وہ عذر بھی پیش نہیں کر سکتے۔ لیکن آج میں ان کے ان ٹھیکیداروں سے پوچھتا ہوں۔ کہ جب کہ آج سے چند دن پہلے C.O.P. پر الزام لگتا تھا۔ کہ ان کے ساتھ بعض ایسے عناصر شامل ہیں۔ جو کہ پاکستان کے نظریہ کے بھی خلاف ہیں ان کا یہ دعوی تھا۔ کہ C.O.P. میں ایک دو ایسی پارٹیاں بھی شامل ہیں۔ جو کہ اس ملک میں لادینی حکومت چاہتے ہیں۔ لیکن آج میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آج اس ملک میں جو دینی ریاست قائم کرنے کا تصور ہے۔ آج اس قسم کے ہنگامی قانون جن کے بارے میں اس حکومت نے اور اس حکومت کی اسلامی مشاورتی کونسل نے یہ فیصلہ دیا ہے۔ کہ یہ قرآنی احکامات کے خلاف ہے۔ لیکن اس کے باوجود انہیں یہ جرأت کیوں نہیں ہوئی۔ کہ وہ اس قسم کے قانون کو اسمبلی میں پیش کریں۔

جناب سپیکر۔ بعض اوقات گئے گزرے آدمی بھی بڑے پتے کی بات کہتے ہیں۔ ابھی پچھلے سرمئی اجلاس کے دوران میں بلکہ آخری ایام میں جب کہ یہ چیز زیر بحث تھی۔ کہ آیا ابھی سرمئی اجلاس جاری رکھا جائے۔ یا نہ رکھا جائے۔ تو ایک پارلیمنٹری

سیکٹری نے لابی میں بیٹھے ہوئے کہا۔ کہ رمضان شریف کا مہینہ ابھی چند دن کے بعد شروع ہو جائیگا۔ اور اب ہمارے لئے بڑی مشکل ہو جائیگی۔ کہ ہم رمضان شریف میں اسمبلی میں بیٹھیں۔ کیونکہ ہمیں روزانہ اس قدر جھوٹ بولنا پڑتا ہے۔ یا غلط بیانی کرنی پڑتی ہے۔ کہ اگر یہی سلسلہ رمضان میں بھی جاری رکھا گیا۔ تو بڑی مشکل ہو جائے گی اور یہ آپ کو بھی علم ہے۔ کہ تمام مسلمانوں کے لئے یہ مہینہ کتنا متبرک ہے۔ یا وہ اسے کتنا متبرک اور مقدس سمجھتے ہیں۔ لیکن آج ہم رمضان شریف کی حرمت اور اس کا احترام اس قسم کے قانون کو پاس کرنے سے کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں۔ اور جیسا کہ یہ حقیقت ہے۔ کہ اگر حکمران ٹولے کا نظریۂ حیات محض دین کو کھلونے کے طور پر استعمال کرنا ہے۔ اور وہ ان چند اسلامی اصولوں کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ اور یا وہ یہ سمجھتے ہیں۔ کہ وہ ان کی ذاتی یا جماعتی مفادات کو پورا نہیں کرتے۔ تو کیا ہی اچھا ہو۔ کہ وہ کھل کر اس امر کا اعلان کر دیں۔ لیکن افسوس ہے۔ کہ ان کو اس ہتھیار کو استعمال کرنے کی ضرورت محض ووٹوں کا شکار کرنے کے لئے پڑتی ہے۔ ووٹوں کے شکار کا زمانہ بھی گزر چکا ہے۔ یا ابھی اور چند دن باقی ہیں۔ اور مجھے افسوس ہے۔ کہ صوبائی اسمبلیوں اور مرکزی اسمبلی کے انتخابات ابھی کچھ دنوں کے بعد ہونے والے ہیں۔

Mr. Speaker: Mr. Hamza should say some thing about the Ordinance, now.

مسٹر حمزہ۔ جناب سپیکر۔ میں یہ عرض کرتا ہوں اور میں حیران ہوں کہ آنے والے انتہائی سیاسی اہم موقع کے پیش نظر انہوں نے اس قسم کے ہنگامی قوانین کو اس اجلاس میں پیش کرنے کی زحمت کیوں گوارا کی۔

جناب سپیکر۔ کل قائد ایوان نے اجلاس کے دوران یہ وعدہ کیا تھا کہ میں اپنی پارٹی کے ممبران کو سمجھاؤنگا کہ یہ جو ہنگامی قانون ہیں چونکہ اس کے بارے میں اسلامی مشاورتی کونسل نے بھی رائے دے دی ہے کہ یہ اسلامی تعلیمات کے خلاف ہے وہ اس کو واپس لے لیں۔ آج جیسا کہ صبح اخبارات سے علم ہوا ہے اور پتہ چلا ہے کہ کل مسلم لیگ کنونشن اسمبلی پارٹی کی میٹنگ ہوئی اس میں تمام کے تمام ۷ ہنگامی قوانین کی توسیع کی اجازت دے دی گئی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کل جو وعدہ جناب قائد ایوان نے کیا تھا آج اس کے پورا ہونے کی کوئی امید نہیں ہے۔

جناب سپیکر۔ جناب صدر نے اپنی ایک تقریر میں جو کہ وہ بنیادی جمہوریت کے ممبران کے سامنے کر رہے تھے یہ فرمایا تھا کہ اگر صوبائی اسمبلی ایسے قوانین پاس کرے

جن کے ذریعہ وہ قوانین کو اسلام کے بتائے ہوئے اصولوں کے مطابق ڈھالے گی تو میں ان کے راستہ میں حائل نہیں ہونگا۔ میں آج برسر اقتدار پارٹی کے ممبران سے عرض کرتا ہوں کہ یہ ذمہ داری آج ان پر نہیں ہے انہوں نے وعدہ کیا ہے اگر آپ لوگ اس قسم کے قوانین پاس کرینگے جو اسلامی اصولوں کے مطابق ہونگے وہ ان کو بخوشی قبول کرینگے بلکہ خوش آمدید کرینگے۔ جناب سپیکر۔ ویسے تو میں سمجھتا ہوں اب اس ملک کا ہر باشعور اور سیاسی ذہن رکھنے والا شخص سمجھتا تھا کہ جناب صدر کی طرف سے اس قسم کے جو وعدے ہیں۔ میں ساتھ ہی ساتھ کہونگا وہ مشروط وعدے کیا ہیں وہ محض وقتی تقاضوں اور وقتی مصلحتوں کو پورا کرنے کے لئے تھے۔ ان سے جن کے بارے میں میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ۔

عمر ساری تو کٹی عشق بتاں میں مومن
آخری وقت میں کیا خاک مسلماں ہونگے

جناب صدر سے جن کا کردار ہمارے سامنے ہے ان سے قطعاً یہ توقع نہیں کر سکتے تھے کہ جس قسم کے اب وہ دعوے ان ایام میں کر رہے وہ پورے ہونگے۔ اور آج اس کا ثبوت ہمارے معزز بھائی ہماری اس اسمبلی کے رکن دے رہے ہیں۔ جو میں نے صدر ایوب کے بارے میں تاثر قائم کیا تھا وہ بجا طور پر ٹھیک تھا۔

Rai Mansab Ali Khan Kharal: Sir, I protest. He should not mention the President. He is again making allegations against the President.

Mr. Speaker: Yes, he should not do so. He should say something about the ordinance.

مسٹر حمزہ۔ جناب میں آرڈیننس کے بارے میں عرض کر رہا ہوں کہ آرڈیننس اسلامی تعلیمات کی روشنی اور واضح احکامات کے خلاف ہیں۔ اور میں اپنی اس اسمبلی کے معزز ممبران کو یاد دلاتا ہوں۔.....

مسٹر سپیکر۔ اس کے متعلق حمزہ صاحب بہت کچھ کہا جا چکا ہے۔ میاں عبداللطیف صاحب نے بھی کہا ہے اور خواجہ صفدر صاحب نے فرمایا ہے۔

مسٹر حمزہ۔ جناب سپیکر۔ جو کچھ میں ان کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں۔ (میں یہاں موجود رہا ہوں) ۔ ان کی طرف سے قطعاً نہیں کہا گیا۔ جناب سپیکر۔ اس اسمبلی کی کارروائی کے دوران یا اس سے قبل کبھی کبھار اس قسم کے قانون اس ایوان میں آتے رہے۔ اس اسمبلی کے حزب اقتدار سے تعلق رکھنے والے ممبران ان میں چند خوش قسمت

بھی ھیں ۔ اپنی ضمیر کی آواز کے پیش نظر گورنمنٹ کے اس قسم کے قوانین کے خلاف ووٹ دیتے رھے ھیں یا کم از کم ایوان سے اپنا پیچھا چھوڑانے کے لئے یا اپنے وزرا کی ناراضگی مول نہ لینے کے لئے باھر تشریف لے جاتے رھے ھیں ۔ جناب سپیکر افسوس یہ ھے کہ یہ مسودہ ھنگامی قانون ایسے وقت پیش کیا جا رھا ھے جس وقت کہ ھمارے ممبران کو ھماری گورنمنٹ پارٹی کے ممبران کو اس چیز کا خطرہ لاحق ھے کہ آیا کل کو اسمبلی کا الیکشن لڑنے کے لئے گورنمنٹ کی طرف سے ٹکٹ دئے جائینگے ۔

Mr. Speaker: The member is not relevant. If he is not relevant I will ask him to finish his speech.

مسٹر حمزہ۔ ممبران کا طریقہ کار جو ھے اور ان کی طرف سے جو رویہ اختیار کیا جا رھا ھے میں اس کی وجہ آپ کی خدمت میں عرض کرونگا کیونکہ موسم ٹکٹوں کا ھے اس لئے تمام تر وعدوں کے باوجود اپنی موجودہ برسر اقتدار حکومت اور ٹولے کو آج اپنی ذمہ داریاں جتلانے کے لئے یہاں موجود ھیں ۔

Mr. Speaker: The member may please take his seat. Now Mr. Raziq

مسٹر عبدالرازق خان (مردان۔ ۳)۔ جناب سپیکر ۔ جو ترمیمی آرڈیننس اس ایوان میں پیش کیا گیا ھے اس کا مقصد یہ ھے کہ گھوڑ دوڑ میں شرط لگانے کے متعلق جو قانون موجود ھے اس میں کچھ ترمیمات کی گئی ھیں ۔ جناب سپیکر ۔ اس آرڈیننس پر جناب قائد حزب اختلاف اور اس ھاؤس کے معزز ارکان حزب اختلاف میاں عبداللطیف صاحب اور دیگر مقرر اراکین نے جو تقریریں کی ھیں انہوں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ھے یعنی دو باتیں انہوں نے ثابت کرنے کی کوشش کی ھے ۔ ایک تو یہ ھے کہ آرڈیننس کے نفاذ کرنے کا کوئی جواز نہیں تھا اور اگر ایسی کوئی ترمیم کرانی مقصود تھی تو اس کو بل کے ذریعہ اس اسمبلی میں پیش کیا جاتا اور اس ھاؤس سے اس کی منظوری لی جاتی ۔ دوسرا اعتراض انہوں نے جناب والا یہ کیا ھے کہ یہ قانون قطعی طور پر غیر اسلامی ھے اور شریعت کے خلاف ھے ۔ اور اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کے صدر یا اراکین نے اس کے متعلق جو فتوی صادر فرمایا ھے ۔ وہ بھی انہوں نے اس ایوان میں پیش کیا ھے ۔ مغربی پاکستان کے عوام کو اور مشرقی پاکستان کے عوام کو یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی ھے ۔ کہ یہ قانون قطعی طور پر غیر اسلامی ھے اور حزب اقتدار کی طرف سے اگر اس قانون کو منظور کیا جاتا ھے ۔ تو یہ غیر اسلامی فعل کے مرتکب ھونگے ۔

جناب سپیکر ۔ جہاں تک ان کے پہلے اعتراض کا تعلق ہے اصولاً میں ان سے متفق ہوں کہ اس اسمبلی کے ہوتے ہوئے کوشش یہ ہونی چاہئے کہ کوئی بھی آرڈیننس جاری نہ کیا جائے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) اور جتنے بھی قوانین ہم بنانا چاہیں وہ بل کی شکل میں اس اسمبلی میں پیش ہوں اور اس کی منظوری اس اسمبلی سے لی جائے ۔ لیکن جناب والا اس امر کے لئے آئین میں اجازت دی گئی ہے کہ اگر اسمبلی سیشن میں نہ ہو اور گورنر صاحب چاہیں کہ کسی قانون کا نفاذ کریں یا کسی قانون میں ترمیم کریں تو یہ آئینی حق ان کو پہنچتا ہے اور وہ اسے استعمال کرنے کا پورا پورا حق رکھتے ہیں ۔ اس کے علاوہ اس کے حق میں اور بھی باتیں ہیں ۔ ایک یونٹ کے قیام کے بعد اس امر کی انتہائی سخت ضرورت تھی کہ مختلف صوبوں میں جو قانون نافذ ہیں ان کی Unification کے لئے ایسے قانون وضع کئے جائیں جو علیحدہ علیحدہ قانون کو منسوخ کر دیں اور ان کی جگہ سارے مغربی پاکستان میں ایک قانون نافذ ہو ۔ جناب والا اس وقت کے حالات ایسے تھے کہ مسٹر مشتاق احمد گورمانی اس یونٹ کے قیام کے بعد یونٹ کے سب سے پہلے گورنر تھے ۔ اور ان کے متعلق حزب اختلاف کے معزز ارکان جو کہ آج کل حزب اختلاف کے بڑے بڑے لیڈر ہیں انہوں نے پبلک جلسوں میں یہ تقریریں کی ہیں ۔ جس کا ریکارڈ موجود ہے ۔ کہ لاہور کا گورنر ہاؤس اب کوئی ایسی محترم جگہ نہیں رہی ۔ باوقار جگہ نہیں رہی ۔ وہ سیاسی سازشوں کا اکھاڑا بن گیا ہے ۔ اگر اس وقت کے حالات کو سامنے لایا جائے یہ بات بالکل عیاں ہے کہ اس وقت کی اسمبلی کے پاس قطعی طور پر Unification of Law کرنے کا وقت نہ تھا ۔ اس وقت سارا وقت اس اسمبلی پر گزرتا تھا کہ آج ایک ممبر یہاں سے floor cross کرکے دوسری طرف چلا گیا ۔ پھر اس نے رشوتیں لیں اور مراعات حاصل کیں اور پھر اس طرف آگیا ۔ اور اس وقت حالات ایسے تھے کہ ان کو فرصت ہی نہ تھی کہ قانون سازی کا کام جو انہیں اس وقت کرنا چاہئے تھا ۔ وہ کر سکتے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ان دنوں اس اسمبلی سے دس گنا قانون سازی ہوئی ۔ مجھے معلوم ہے ۔ کیونکہ میں ان دنوں بھی اسمبلی کا ممبر تھا ۔ آپ نہیں تھے ۔

مسٹر عبدالرازق خاں ۔ جناب والا اگر اعداد و شمار کا مطالعہ کیا جائے تو ان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اس وقت کے گورنر صاحب اور اس وقت کے لیڈروں نے ایک یونٹ کے قیام کے وقت تک جو وعدے کئے تھے اور جو ذمہ داریاں پورا کرنا تھیں ۔ وہ قطعی طور پر اس میں ناکام ہوگئے ۔ اور تین سال کے بعد ملک میں ایسے حالات پیدا ہوئے جن

کا تقاضا یہ تھا کہ ملک میں مارشل لا کا نفاذ ہونا چاہئے۔ تو وہ آئینی حکومت اور سازشوں والی حکومت ختم کرنا پڑی۔ چنانچہ اس پر لوگوں نے یوم نجات منایا۔

Mr. Speaker: Now the member should say some thing about the Ordinance.

مسٹر عبدالرازق خاں۔ جناب والا چونکہ حزب اختلاف کے معزز ارکان نے اپنی تقریروں میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی تھی کہ وہ صحیح مسلمان ہیں۔ اسلام کے پابند اور پارسا لوگ ہیں۔ اور ہمارے متعلق یہ تاثر دینے کی کوشش کی ہے۔ کہ ہم غیر اسلامی کام کر رہے ہیں۔ اس لئے میں وہ پس منظر پیش کرنا چاہتا ہوں جس کی بنا پر آرڈیننس جاری کئے جاتے ہیں۔

جناب والا۔ جو کام ان سے ادھورا رہ گیا تھا۔ وہ سارے کا سارا کام اس اسمبلی کو کرنا پڑا۔ اس اسمبلی نے بہت سے قوانین بھی پاس کئے ہیں۔ کئی آرڈیننسوں کی تصدیق کی ہے۔ یہاں کئی ایسے آرڈیننس بھی آئے ہیں جن کو اس اسمبلی نے رد کر دیا اور نامنظور بھی کیا ہے۔ (تالیاں) اب جناب۔ اس ترمیمی آرڈیننس کے متعلق میں ان سے کہتا ہوں کہ چلو ہم آپ کی بات ہی مان لیتے ہیں۔ اس آرڈیننس کو ہم رد کر دیتے ہیں۔ تو اس کے بعد اس صوبے میں گھوڑ دوڑ اور شرط باندھنے کا کام بند ہو جائیگا۔ قانون موجود ہے۔ اس ترمیمی آرڈیننس کے منظور ہو جانے کے بعد اس میں صرف ایسی باتیں آئینگی۔ یعنی جہاں پہلے Net income پر ٹیکس لگایا جاتا تھا۔ اب اس ترمیمی قانون کے بعد Gross income پر ٹیکس لیا جائے گا۔ پہلے انسپکٹر مقرر تھے جو حکومت کے خزانے سے تنخواہ پاتے تھے۔ ان کے خلاف بہت سے الزامات تھے۔ اب یہ انسپکٹر نہیں ہونگے۔ صرف ان کی پانچ سالہ آمدنی سے ٹیکس وصول کیا جائے گا۔ یہ نہایت معمولی سی بات ہے۔

خواجہ محمد صفدر۔ کچھ شرائط آئین میں بھی ہیں۔

مسٹر عبدالرازق خاں۔ اس آرڈیننس کو رد کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا۔ اگر اسے منظور کیا جائے تو کوئی نقصان کی بات نہیں۔ قانون تو پہلے سے موجود ہے۔ اگر حزب مخالف کے ارکان یہ چاہتے ہیں کہ یہ قانون منسوخ کر دیا جائے۔ تو ان کا فرض تھا کہ وہ اس سلسلے میں کوئی بل لاتے۔ یا کوئی اور آئینی یا قانونی کارروائی کرتے لیکن ان کا مقصد جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں قطعی طور پر یہ نہیں کہ اس صوبے میں کوئی ایسا قانون بنایا جائے جو اس صوبے کے لئے مفید ہو یا کسی ایسے قانون

کو اس صوبے سے ختم کیا جائے جو اس کے لئے نقصان دہ ہو۔ وہ تو محض نکتہ چینی کرنا جانتے ہیں ۔ اور وہ بھی اس لئے کہ حزب اقتدار کے ارکان کو بدنام کیا جائے۔ حکومت کے خلاف پراپیگنڈا کیا جائے اور اخبارات اور عوام میں اپنی بہادری اور جوانمردی کے قصے بیان کئے جائیں ۔

مولانا غلام غوث (ہزارہ ۔ م)۔ جناب سپیکر۔ یہ ترمیمی آرڈیننس مذہب سے تعلق رکھتا ہے۔ اور مذہب کو پاکستان میں اولیت حاصل ہے ۔ چنانچہ یہ بات عوام کے نکتہ نگاہ اور تاسیس پاکستان کے لحاظ سے اظہر من الشمس ہے ۔ آج سے چند سال قبل ہمارے ملک میں ۔ عام الفاظ ۔ بیانات اور مضامین میں اور ہر خاص و عام کی زبان پر یہ بات تھی کہ اقتدار اعلیٰ اللہ تعالیٰ کو حاصل ہے ۔ حاکمیت اعلیٰ کا مالک اللہ تعالیٰ ہے قانون سازی کا حق صرف اللہ تبارک و تعالیٰ سے متعلق اور مخصوص ہے ۔ مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ موجودہ صدارتی انتخاب کے زمانے میں مسلمان یہ نعرہ بھول گئے ۔ انہوں نے اللہ کے اقتدار اعلیٰ کی بجائے جمہور کے اقتدار اعلیٰ کا نعرہ لگایا ۔ خدا کے مقابلے میں عوام کی حاکمیت ہے ۔ چنانچہ انہوں نے جمہوریت کا نعرہ لگایا ۔ اس سے خدانخواستہ میری یہ مراد نہیں کہ جمہور کو حکومت کرنے اور حکومت سازی کا کوئی حق نہیں ۔ یا جمہور کو آپس میں مل کر اپنے ملک کی سود و بہبود پر جمہوری طریقوں سے سوچنا نہ چاہئے ۔ میری مراد یہ ہے کہ جمہوریت کے ساتھ کوئی نہ کوئی قید ضرور لگانا پڑیگی ۔ جیسا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے نام سے ظاہر ہے۔ پہلے اس کا نام جمہوریہ پاکستان تھا ۔ پھر اس میں ترمیم کی گئی ۔ اور اس کا نام پھر اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا ۔ حالانکہ پہلے اس کا نام اسلامی جمہوریہ تھا ۔ پھر صرف جمہوریہ ہوا ۔ اور اس کے بعد دوبارہ اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا ۔ اس سے قبل بعض مرحوم وزرا کے زمانے میں لفظ " اسلام " کی مخالفت کی گئی ۔ جو کہ بظاہر مشکل بات تھی ۔ لیکن ایک لحاظ سے میں اسے صحیح تصور کرتا تھا ۔ کیونکہ جب اسلام لانا ہی نہیں ۔ تو پھر غیر اسلامی قوانین کو اسلام کے نام پر کیوں لایا جائے ۔ اس لحاظ سے تو وہ صحیح بات تھی ۔ لیکن جب ہماری موجودہ اسمبلیوں نے یہ پاس کردیا ہے اور اکثریت کی بنا پر منظور کردیا ہے کہ ہماری حکومت اور مملکت کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہوگا ۔ تو اس سے یہ بات بالکل صاف ہوجاتی ہے کہ ہمارے عوام کا ذہن کیسا ہے ۔ اس سے یہ فائدہ سمجھ میں آتا ہے کہ ہم اس نام کے پابند ہوگئے ہیں کہ ہم آئندہ اسلامی قوانین کے خلاف کوئی قانون نہ بنائیں گے ۔

جناب صدر ۔ مرحوم شہید ملت لیاقت علی خان کے زمانے میں ہمارے سامنے جب قرار داد مقاصد آئی تو ملک میں ایک خاص قسم کی لہر دوڑ گئی ۔ اور یہ توقع پیدا ہوگئی کہ اس ملک کا مستقبل خوش آئند ہوگا ۔ کیونکہ تاسیس پاکستان کی یہی بنا تھی ۔ جن چیزوں پر اس کی بنیاد اور تاسیس رکھی گئی تھی ۔ وہ چیزیں اور وہ پروگرام سامنے آجائیگا ۔ لیکن سترہ سال تک ایسا نہیں ہوسکا ۔ خوش قسمتی سے ۔ میں تو اسے خوش قسمتی کہوں گا ۔ موجودہ قومی اسمبلی کے ڈھاکہ کے اجلاس میں یہ چیز منظور ہوچکی ہے کہ ہمارے ملک کے غیر اسلامی قوانین کو کتاب و سنت کے مطابق بنایا جائیگا ۔ اور آئندہ کوئی قانون اسلام کے خلاف نہ بنایا جائیگا ۔ یہ ایک بہت بڑی ضمانت ہے ۔ لیکن میں اس کی روشنی میں عرض کروں گا کہ میں اسے مانتا ہوں ۔ کسی نے کہا تھا کہ رام نکلتے نکلتے ہی نکلے گا ۔ یکدم تو شاید موجودہ فضا اور ذہنیت میں کچھ نہ ہوسکے ۔ تاہم ہمارا رخ اپنی منزل کی طرف ہونا چاہئے ۔

جناب صدر ۔ ہماری ایک تہذیب اور ایک تمدن ہے ۔ ہماری ایک خاص قسم کی تعلیم و تربیت ہے ۔ چنانچہ اس تعلیم و تربیت اور ان اسلامی خصوصیات کی وجہ سے مسلمان ایک ہزار سال تک دنیا میں غالب قوت کی حیثیت سے حکمران رہے ۔ اورنگ زیب غازی رحمتہ اللہ علیہ کے زمانے میں رنگون سے تاشقند تک اور سلطنت عثمانیہ افریقہ اور جنوبی ایشیا میں عدن سے لے کر یورپ کے میدانوں تک پھیلی ہوئی تھی ۔ یہ کوئی زیادہ ماضی بعید کا قصہ نہیں ۔ یعنی انگریز سے کچھ دن پہلے دنیائے اسلام کا یہ عالم تھا ۔ تو جناب صدر ۔ جب سے ہم نے اپنے ان اصلی خدو خال کو چھوڑا ہے ان صفات سے پہلو تہی کی ہے اور ان سے الگ ہوئے ہیں ۔ ہم روبہ زوال ہیں ۔ خوش قسمتی سے جب ہماری قومی اسمبلی نے یہ چیز پاس کردی ہے کہ آئندہ کتاب و سنت کے خلاف کوئی قانون نہ بنے ۔ تو پھر ہمیں اس بات کو پیش نظر رکھنا چاہئے ۔

جناب والا ۔ اس میں شک نہیں جیسا کہ جناب عبدالرازق خان صاحب نے کہا ہے کہ ترمیمی آرڈیننس کو پیش کرنے کا کوئی فائدہ نہیں گھوڑدوڑ اور جوئے پر تو پہلے ہی ٹیکس ہے اور بجائے اس کے کہ ترمیمی آرڈیننس کی مخالفت کرتے ہمیں کوئی مثبت چیز لانی چاہئے ۔ اس لئے میں درخواست کرتا ہوں کہ بجائے اس کے کہ اس آرڈیننس کے ذریعہ آپ جوئے کو ممنوع قرار دیں آپ شرطیں لگانے کو ممنوع قرار دیں ۔

ہمیں یہ کہنے کا حق ہے کہ اگر اصلاح کی طرف قدم نہیں اٹھایا جاسکتا تو پیچھے کی طرف تو قدم نہ اٹھانا چاہئے ۔ رجعت قہقری نہیں ہونی چاہئے اس کا مطلب یہ

ہے کہ اگر ہم اپنی تجاویز کے خلاف کارروائی کریں گے تو دنیا ہنسے گی ۔ کہ یہ کہنے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں ۔ ہمارا فعل کچھ ہے اور قول کچھ ہے ہماری نیت اور افعال میں فرق ہے اس میں تضاد نہیں ہونا چاہئے ۔ آپ کو چاہئے کہ آپ دو بیڑیوں پر پاؤں نہ رکھیں ۔ اس سلسلہ میں میں ایک مثال پیش کرتا ہوں ۔ ایک شخص درخت پر چڑھا ۔ اتفاقاً وہ گرنے لگا ۔ اس نے خدا کا نام لیا ۔ پھر اس نے کہا رام سچا ہے۔ پھر شبہ ہوا اور کہا خدا رام ۔ اور پھر خدا رام خدا رام کرتے کرتے وہ نیچے آگیا ۔ لیکن یہ صحیح ہے کہ نہ تو اس کو رام پر یقین تھا نہ خدا پر ۔ ایسے ہی مسلمان کا نام ہم نے رام خدا یا مسلمان رکھا ہوا ہے ۔ میں تو کہتا ہوں کہ آپ اسلام پر یقین کریں اور اس کے احکام کو اپنائیں اس ملک میں جب تک قوانین اسلامی نہیں ہوں گے یہ ملک ترقی نہیں کرسکتا ۔ ہمارے سامنے ٹرکی کی حکومت ہے جس طرح پاکستان کی عام رعایا اسلامی ذہنیت رکھتی ہے اسی طرح ٹرکی کی رعایا بھی رکھتی ہے لیکن ارباب اقتدار جس طرح وہاں اپنے خیالات میں بعد رکھتے ہیں اسی طرح یہاں ہے ۔ میں بدقسمتی کا لفظ استعمال نہیں کیا کرتا ۔ مگر یہاں مجھے بدقسمتی سے کہنا پڑتا ہے کہ ابھی تک جو اقتدار ہم پر مسلط ہوتا آرہا ہے ۔ موجودہ اقتدار تک حکومت اسے اسلامی بنانے میں ہمیں تکلیف ہورہی ہے ۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اس حقیقت پر غور کریں اور اسلام کو ہم اسلام سے سمجھیں ۔ اسے سمجھنے کے لئے ہمیں چاہئے کہ ہم ماہرین سے سمجھیں ۔ جس وقت افتخار احمد خان صاحب نے تحریک التوا پیش کی اور اس میں ڈاکٹر فضل الرحمن کا نام آیا تو میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے ۔ کیا جانے اس بزرگ نے کیا کہا ہو ۔ یہ وہ بزرگ ہیں جنہوں نے کہا کہ شراب خدا کی نعمت ہے ۔ بہر حال مجھے یہ کہنا ہے کہ گھوڑ دوڑ پر پہلے سے ٹیکس موجود ہے تو آپ کو وہ ٹیکس بھی منسوخ کرنا چاہئے اس طرف آپ کا قدم اٹھنا چاہئے ۔

میں جناب گورنر صاحب کو حق دیتا ہوں کہ وہ احکام نافذ کرسکتے ہیں ۔ اسلام نے امیر کو اور بڑے کو حق دیا ہے کہ وہ حکم نافذ کرے ۔ جناب صدر کو یہ حق دیا ہے۔ '' اطیع اللہ و اطیع الرسول و اولوا الامر منکم '' کے تحت ۔ لیکن اللہ اور رسول کی اطاعت کے ساتھ اولوا الامر کی اطاعت حاصل نہ کی جائے ان مسائل میں جو خدا اور رسول کے متعلق نہ ہوں ۔ جو صاف صریح اور قطعی نہ ہوں ۔ ان باتوں میں ڈسپلن کے احکام کو جاری اور نافذ نہ کیا جائے تو ملک میں نہ ضبط رہ سکتا ہے نہ استحکام نصیب ہوسکتا ہے ۔ میں اس بات کو مانتا ہوں لیکن باوجود اس کے قرآن میں ہے '' وشاورھم فی الامر '' کہ کاموں میں اور حکومت میں صحابہ سے مشورہ کرلیا کیجئے ۔ '' و امرھم

فی ما بینہم ،، ان کا کام باہمی مشورے سے ہوا کرتا ہے ۔ اگر یہ کہا جا سکتا ہے تو ممکن ہے کہ محترم رازق صاحب یہ فرمائیں کہ یہ یہاں مشورہ کے لئے پیش کیا گیا ہے ۔ تو میں کہوں گا کہ مشورہ یعنی گھوڑے کو گاڑی کے پیچھے نہ لگائیں بلکہ آگے لگائیں ۔ مشورہ اگر پہلے ہوجائے اور بعد میں حکم جاری کریں ۔ تو یہ تو ایک بات ہے ۔ لیکن حکم پہلے جاری کردیں بعد میں مشورہ پوچھیں تو یہ اصول اور وضع کے خلاف ہے ۔ بہر حال میری درخواست ہے کہ جہاں محترم گورنر صاحب نے چکنوں اور انسداد عصمت فروشی کے لئے ایک آرڈیننس جاری کیا ہے جہاں وہ اس طرح اصلاح کی طرف جارہے ہیں ۔ ان کو چاہئے کہ وہ باقی تمام باتوں میں بھی اصلاح کے لئے قدم اٹھائیں ۔ نہ کہ بعض باتوں میں آگے کو جائیں اور بعض میں پیچھے کو جائیں ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اس ترمیمی آرڈیننس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی (لائل پور - ۷)—جناب صدر ۔ اس West Pakistan Horse-Race Betting Tex (Second Amendment) Ordinence, 1964 پر گذارش کرنے سے پہلے میں اپنی تقریر کے عنوان کو اس شعر سے شروع کرتا ہوں ۔

اک جفا تیری کہ کچھ بھی نہیں پر سب کچھ ہے
اک وفا میری کہ سب کچھ ہے مگر کچھ بھی نہیں

ہم یہاں بات کرتے ہیں ۔ قانون سازیاں ہوتی ہیں رسومات اور تکلفات سب کے سب پورے کئے جاتے ہیں لیکن ہمیں سوچنا چاہئے کہ ہمارے تمام اعمال کے لئے جو افراد اس ملک کی تاریخ پر اور اس کے معاشرہ پر مسلط ہوتے ہیں آیا ان کی ذمہ داری ہم پر آپ پر اور اس معزز ایوان پر عاید ہوتی ہے یا نہیں ۔ ہنگسی قانون نافذ کرنے کے متعلق ہمارے محترم قائد خواجہ صاحب بہت کچھ کہہ چکے ہیں اور جب بھی ہنگامی قانون آئے گا اس کے متعلق یہ اعتراض اور یہ استدلال اپنی جگہ قائم رہے گا کہ آپ کے پاس کوئی جواز نہیں کہ آپ یہ قوانین نافذ کرتے چلے جائیں۔ لیکن میرا نقطہ نظر جو قانون سازی اور ان تمام کارروائیوں کے متعلق ہے وہ یہ ہے کہ تمام قوموں میں ارباب بست و کشاد کی زندگی اور ان کا روز مرہ کا عمل اپنے ساتھ ایک فلسفہ بناتا رہتا ہے ۔ یہ ایک مسلسل عمل ہے ۔ یہ فلسفہ ان کے روز مرہ عمل ہی کا دوسرا نام ہوتا ہے ۔ گذشتہ سالوں میں اور خاص طور پر گذشتہ ۶ سالوں میں پاکستان اسلامی نظریہ کے قریب نہیں ہوا ہے بلکہ وہ اس سے دور ہٹا ہے اور مجھے اجازت دیں کہ میں عرض کروں کہ ہمارے ارباب بست و کشاد نے جس قسم کا فلسفہ پیش

کیا ہے اس کو ایک ہی لفظ میں ادا کیا جاسکتا ہے اور وہ ہے ۔ ''منافقت،، یہ وہی منافقت ہے جس نے پاکستان کے نظریہ کا تیا پانچا کرکے رکھ دیا ہے ۔ میں یہ امید تو نہیں رکھتا کہ موجودہ حکومت کے چلانے والوں پر کوئی اثر ہوگا لیکن ان کے عمل سے حقائق نہیں بدل سکتے ۔ قوم ہے کہ اسلامی آئین یا وہ شریعت کے قوانین مانگتی ہے ۔ آپ کا ملک قائم اسی بنا پر ہوا ہے ۔ وہ آپ وعدے کرتے ہیں لیکن جب آپ اسمبلی کے سامنے کوئی چیز لاتے ہیں تو اسے بغیر سوچے سمجھے پھینک دیتے ہیں کہ اس کو قبول کرو اور اس پر انگوٹھا لگاؤ ۔ آپ جتنے بھی قوانین لائے ہیں وہ سب ہنگامی صورت میں لائے ہیں لیکن آپ نے کہا ہے کہ ہم مسودوں کی صورت میں لائینگے ۔ اس گذشتہ تین سال کی زندگی میں ہم نے یہ دیکھا ہے کہ اغوا کو آپ نے قابل راضی نامہ قرار دیا جو قرآن کی نص کے خلاف ہے ہم چیختے رہے لیکن آپ ٹس سے مس نہیں ہوئے ۔ جیسا کہ مجھ سے پہلے مقررین کہہ چکے ہیں کہ اگر آپ ہنگامی قوانین ہی لانا چاہتے تھے تو کیا آپ جوا ختم کرنے کے لئے ہنگامی قانون نہیں لا سکتے تھے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ جب آپ اپنے ادنیٰ جنبش قلم سے یہاں ہنگامی قوانین لا سکتے ہیں تو اس میں آپ کو کیا تکلیف کرنا پڑتی کہ آپ جوا ختم نہیں کر سکتے ۔ آپ چاہیں تو اسے ختم کر سکتے ہیں ۔ مجھے شبہ ہے کہ اس قدر غیر معقول طور پر سوچنے والی کوئی حکومت نہیں ہو سکتی اس کے پیچھے کوئی بات ضرور ہے اور جہاں تک میں سمجھ سکتا ہوں وہ صرف یہ ہے کہ یہاں انگریز استاد کے شاگرد رہ گئے ہیں وہ ذریت جو یہاں چھوڑ گئے ہیں وہ ان فرنگی جذبات کی تمام باتوں کو نہ صرف یہاں قائم رکھنا چاہتی ہے بلکہ اس کو ترقی دینا چاہتی ہے تو ہمارے حکمران جوئے کو جو خالص طور پر مغربی لعنت ہے وہ اس کو قائم رکھنے پر مصر ہیں کیا میں ان سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ آخر آپ اسی ملک کے تو باشندے ہیں اسی ملک کی حکومت بھی چلا رہے ہیں یا آپ کہیں باہر سے امپورٹ ہوئے ہیں آپ کے اختیار میں ہے کہ آپ جب چاہیں اس لعنت کو ختم کر دیں ۔ کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر آپ یہ لعنت ختم کر دیں گے تو آپ کے پرانے دوست انگریز ناراض ہو جائینگے اور امریکہ ناراض ہو جائیگا اور گندم نہیں دیگا ۔

وزیر زراعت (ملک قادر بخش) کوئی نوبل کل کرو ۔

امیر حبیب‌اللہ خان سعدی ۔ آپ کے لئے تو پرانی ہیں آپ تمام باتوں کو کھو بیٹھے ہیں ۔

علامہ رحمت‌اللہ ارشد ۔ کیا کوئی قادر بخش رپورٹ چاہتے ؟ ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی - صاحب صدر- اس دور کی بات کر رہا ہوں کہ منافقت کا ذکر ہو رہا تھا -

Mr. Speaker: That is not a proper word. The member should not use it.

امیر حبیب اللہ خان سعدی - یہ اسلام کا لفظ ہے - جو لوگ جان بوجھ کر کہتے کچھ ہیں اور ان کی نیت کچھ اور ہوتی ہے ان کو منافق ہی کہا جاتا ہے -

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) اس کا جواب میں دونگا -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - گذشتہ صدارتی انتخابات جسے ہم پولیس ایکشن کہتے ہیں اس کے دوران ایک وقت آیا کہ ایک امیدوار نے کہا کہ مجھ سے سفید کاغذ پر دستخط کروا لو-

Mr. Speaker: That has got nothing to do with the Presidential election.

امیر حبیب اللہ خان سعدی - میں بالکل relevant ہوں - گھوڑ دوڑ کے جوئے کا ٹیکس ایک انتہائی ''اہم معاملہ ہے،، - یہ بنیادی چیز ہے جو اس ملک کے عوام کے ذہنوں کو پریشان کر رہی ہے کہ آیا یہاں کوئی اسلامی قانون بھی نافذ ہوگا -

Mr. Speaker: That has amply been debated in this House.

امیر حبیب اللہ خان سعدی - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ انہوں نے یہ وعدہ کیا تھا کہ ہم اسے عدلی جامہ پہنائینگے -

Mr. Speaker: The member may please speak about the ordinance under discussion.

امیر حبیب اللہ خان سعدی - خیر میں اس کو چھوڑتا ہوں - بہر حال ان ہنگامی قوانین لانے کا کوئی جواز نہیں پیش کیا گیا - میں مملکت میں موجودہ جو دور چل رہا ہے اس کی زیادہ وضاحت نہیں کرتا صرف وہ عرض کرونگا جو مجھ سے پہلے نہیں کہا گیا ہے - یہ تمام مقررین نے کہا ہے کہ یہ اسلامی احکام کے خلاف ہے اور میں اپنا یہ فرض سمجھتا ہوں کہ وہ احکام آپ کو سنا دوں جسکی وجہ سے یہ چیز ہم پر حرام کی گئی ہے - سورۃ مائدہ کی آیت ہے- '' یا ایھاالذین آمنو انما الخمر و المیسر والا نصاب والا زلام رجس من عمل الشیطن فاجتنبوہ لعلکم تفلحون -،،

''اے ایمان والو شراب اور جوا یہ سب ناپاک کام ہیں اور اعمال شیطان میں سے ہیں بس ان سے الگ رہو تاکہ نجات پاؤ ۔

اور اس سے اگلی آیت کا ترجمہ یہ ہے کہ شیطان تو یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے سے تمہارے درمیان دشمنی اور رنجش ڈلوادے اور تمہیں اللہ تعالی کی یاد سے اور نماز سے روک دے تو تم یہ جان کر اور سمجھکر پھر کیا ان دونوں برائیوں سے باز نہیں آؤ گے ۔۔

یہ ہیں احکام اور اس کے متعلق اسلامک ایڈوائزری کونسل نے جو رائے ظاہر کی ہے اس کا میں صرف ایک حصہ عرض کرونگا اس میں ہے ۔

Present day 'fuqaha' include it in gambling.

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ یہ تو پڑھی جاچکی ہے

امیر حبیب‌اللہ خاں سعدی ۔ میں نے ساری نہیں پڑھی ہے ۔ میں آپ کے سامنے نہیں گذارش کر رہا ہوں کیونکہ آپ تو ان سب چیزوں سے بے نیاز ہیں ۔ دوسرے اراکین سے گذارش کرنا میرا فرض ہے ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ اس واضح حکم کے بعد کوئی ہمارے پاس جواز نہیں رہ جاتا کہ ہم جوئے کو جاری رکھیں اور گھوڑ دوڑ پر شرط لگانا بھی جوا ہے اور اس کو تمام اہل علم جوا ہی قرار دیتے ہیں تو آپ ہمیں بتائیں کہ آپ جوئے کو قائم رکھ کر آپ اسلام کی کیا خدمت کر سکتے ہیں ۔ مجھے معلوم ہے کہ اسلام کا نام بار بار آپ کے کانوں میں کھٹکتا ہے کہ اسلام کا نام کیوں یہاں لیا جا رہا ہے ۔ مجھے اپنے ان معزز اراکین سے پوری توقع ہے جو اسلام کے نام کو ناگوار نہیں سمجھتے ۔

وزیر خزانہ ۔ تسی ان اوٹ ہوگئے ہو۔ اب ختم کرو (قہقہہ)

امیر حبیب اللہ خاں سعدی ۔ نہیں میں اوٹ نہیں ہوا ہوں ۔ آپ تو No بال ہی کرتے رہتے ہیں (قہقہہ)

ایک آواز— یہ ان اوٹ Unparliamentary ہے ۔

وزیرخزانہ— نہیں جناب یہ انگریزی کا لفظ ہے میں نے پنجابی میں کہا ہے ۔

Mr. Speaker: The member may please conclude his Speech.

امیر حبیب اللہ خاں سعدی ۔ نہیں جناب مجھ کو پورا وقت دیجئے ۔

اب میں اس کے متعلق محترم حسنی صاحب کی جو تحقیق ہے وہ پیش کرنا چاہتا ہوں اور وہ اسی رپورٹ میں درج ہے ۔

مسٹر افتخار احمد خان- اور پھر وہ مقدمہ عدالت میں نہیں جاتا یعنی وہ کبھی عدالت میں نہیں جائیگا۔ نہ اس بیچارے کا قصور ہوتا ہے نہ کوئی اس سے برآمدگی ہوتی ہے۔ نہ کوئی حملہ کیا اس لئے وہ کافی ہاؤس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ انہیں جاکر پکڑ لیا گیا۔

Minister of Education: Is the member arguing the case in the court?

مسٹر افتخار احمد خان— اس نے کورٹ میں تو جانا نہیں پھر یہ آپ کیوں تسلیم نہیں کرتے کہ اور کوئی اس کا علاج نہیں ہے۔

Mr. Speaker: As the matter is sub-judice, the motion is ruled out of order. Next motion.

USE OF FORCE BY THE PESHAWAR POLICE AGAINST STUDENTS OF PESHAWAR UNIVERSITY.

Mr. Iftikhar Ahmad Khan Ansari: I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the use of force by the Peshawar Police on the peaceful students of Peshawar University on the 11th December, 1964, without any provocation and cause. Several students were injured.

Minister of Education : I oppose it, Sir.

جناب میرے فاضل دوست نے Specialise کرلیا ہے ۔ کہ وہ نا درست ارشادات فرماتے جائیں ۔ لیکن اس سلسلے میں جو حقائق ہیں وہ میں ایوان کی خدمت میں رکھے دیتا ہوں ۔

On 11th December, 1964, the students of various colleges of Peshawar University and Islamia College, Peshawar, went on strike. They held a meeting in the Convocation Hall of the Peshawar University and marched into a procession towards Peshawar City. An order under section 144 Cr. P.C. had been imposed the previous day which prohibited taking out of processions, holding of public meetings and assembly of five or more than five persons throughout the Peshawar District. The Deputy Commissioner, Peshawar, and the Senior Superintendent of Police, Peshawar, alongwith a contingent of police were standing on the Peshawar-Jamrood road and they warned the students not to violate Section 144. The students started throwing stones at the police and a few shots were also fired. The police resorted to a lathi charge and also use of tear gas. The students dispersed but again collected and started brick-batting the police officers and other officers on duty. The police again resorted to lathi charge and the use of tear gas and then the students dispersed. It may be mentioned that actually more policemen were injured than the students. Some students received minor injuries who were discharged from the hospital later.

اس لئے میں یہ عرض کرونگا کہ انہوں نے جو واقعات ارشاد فرمائے۔ ہیں وہ درست نہیں ہیں ۔ درست وہ ہی ہے جو میں نے عرض کر دیا ہے دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ تھا۔ جب پولیس نے یہ اعلان کیا تو طلبا کو منتشر ہو جانا چاہئے تھا ۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ میں یہ گذارش کرونگا کہ حقائق کا جان بوجھ کر اخفا کیا گیا ہے ۔ گھوڑ سوار پولیس کانووکیشن ہال میں داخل ہوئی اور وہاں طلبا کو پیٹا ۔ ہوسٹل کے کمروں میں داخل ہو کر وہاں طلبہ کو پیٹا گیا ۔ کانووکیشن ہال میں تو دفعہ ۱۴۴ نافذ نہ تھی ۔ ہاسٹل کے کمروں میں تو دفعہ ۱۴۴ نہ تھی ۔ دفعہ ۱۴۴ تو Public place میں ہوسکتی ہے ۔ جان بوجھ کر طلبہ پر سختی روا رکھی جارہی ہے ۔

وزیر تعلیم — یہ غلط بات ہے ۔

Mr. Speaker : He should not be interrupted. He should be allowed to conclude hisn speech.

خواجہ محمد صفدر– جناب جمرود سے لے کر کراچی تک بچے واویلا کر رہے ہیں۔ کسی کی ٹانگ توڑدی ہے اور کسی کا ہاتھ (قطع کلامیاں) کیا کراچی میں ایک طالبہ نے انہیں اپنا ٹوٹا ہوا ہاتھ نہیں دکھایا تھا؟ صوبہ بھر میں ان کے خلاف شکایت پائی جاتی ہے۔ وہ اخفا کیوں کرتے ہیں۔ انہیں چاہئے کہ حقائق کا مردانہ وار مقابلہ کریں۔

مسٹر افتخار احمد خاں– جناب وزیر صاحب کو بتایا جائے کہ یہ سلیقہ اور پارلیمنٹری روایات کے خلاف ہے۔ جب کوئی شخص بول رہا ہو تو وہ تشریف رکھا کریں۔

Minister of Education: Sir, the member has simply forgotten that perhaps he is one of the members who always interrupt the speakers. If there is something which is not based on parliamentary conventions and practice I will not stand for it. Here I may submit my point of order and it is this that when some matter before the House is the subject-matter of an adjournment motion, it is not a matter on which general discussion should be allowed. The Leader of the Opposition was mentioning everything about the problem and he started from Peshawar and ended with Karachi.

Mr. Speaker: When I have allowed him there should be no interruption. The Minister can raise a point of order but he cannot interrupt him.

مسٹر افتخار احمد خاں انصاری – جناب بات یہ ہے۔ کہ انہوں نے اس بات کو تسلیم کر لیا ہے۔ کہ طاقت کا استعمال ہوا ہے۔ دوسری بات یہ ہے۔ کہ اس دن دفعہ ۱۴۴ نافذ نہ تھی۔ اُن کا یہ کہنا بھی غلط ہے کہ اس دن دفعہ ۱۴۴ نافذ تھی۔

Mr. Speaker: Any proof?

مسٹر افتخار احمد خاں– اخبارات میں آیا ہے۔

مسٹر سپیکر– کوئی پریس رپورٹ ؟

مسٹر افتخار احمد خاں– میں اخبارات پیش کردوں گا۔ اور ثابت کروں گا کہ اس دن دفعہ ۱۴۴ نافذ نہ تھی۔

Mr. Speaker: The matter relates to students and he is the Education Minister.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari : The responsibility is on him for creating this mess in the student Community.

Minister of Education : Sir, I again object to it.

Mr. Speaker : The member should not use such offensive remarks.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari : I do not know whether these remarks are oppressive or not, but I say it is true that student community was fired at and lathi charged.

Mr. Speaker : As the action has been taken under section 144 Cr. P.C., the motion is ruled out of order.

The rest of the adjournment motions will be taken up tomorrow.

EXTENSION IN TIME FOR THE PRESENTATION OF STANDING COMMITTEE REPORT.

Babu Muhammad Rafiq : Sir, I beg to move.—

That the time for presentation of the Report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the West Pakistan Dower (Restriction) Bill, 1964 (Bill No. 45 of 1964) be extended upto 25th January, 1965.

Mr. Speaker :The question is.—

That the time for presentation of the Report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the West Pakistan Dower (Restriction) Bill. 1964 (Bill No. 45 of 1964) be extended upto 25th January, 1965.

(The motion was carried).

PRESENTATION OF REPORTS OF THE STANDING/SELECT COMMITTEES

Mr. Speaker : Babu Muhammad Rafiq.

Babu Muhammad Rafiq : Sir, I present the Report of the Select Committee on the Punjab Minor Canals (West Pakistan Second Amendment) Bill 1963.

Mr. Speaker : The Report stands presented.

Rai Mansab Ali and S. Muhammad Ramzan Drishak *(Not present).*

Babu Muhammad Rafiq : Sir, I beg to present the Report of the Standing Committee on Home Affairs on the West Pakistan Prohibition of Walver (Amendment) Bill, 1964.

Mr. Speaker: The Report stands presented to the House. Maulana Ghulam Ghaus.

مولانا غلام غوث– جناب والا میں مسودہ قانون انسداد زنا مغربی پاکستان مصدرہ ۱۹۶۴ کے بارہ میں مجلس قائمہ برائے امور داخلہ کی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The Report stands presented to the House. Next.

چودھری عبدالرحیم– جناب والا۔ میں مسودہ قانون (ترمیم) تجدید کرایہ جات شہری مغربی پاکستان مصدرہ ۱۹۶۴ کے بارہ میں مجلس قائمہ برائے امور داخلہ کی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The report stands presented to the House.

STATEMENT SHOWING THE ACTION TAKEN BY GOVERNMENT ON THE ELEVEN RESOLUTIONS PASSED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN.

(Laid on the Table).

Minister of Education: Sir, I beg to lay on the Table of the House* a statement showing the action taken by Government on the eleven resolutions passed by the Provincial Assembly of West Pakistan.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN SUPPRESSION OF PROSTITUTION (AMENDMENT)

ORDINANCE 1964 *(Resumption of discussion).*

Mr. Speaker: Now, the House will resume discussion on the Resolution moved by a Minister that the Assembly do approve of the West Pakistan Suppression of Prostitution (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Government of West Pakistan on 8th August, 1964.

Allama Rehmatullah Arshad.

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاولپور-۲) – صاحب صدر گرامی قدر۔ اس وقت اس ایوان کے اندر قحبہ خانے کے انسداد کا قانون زیر بحث ہے۔ میں اسکے متعلق گذارش کر رہا تھا۔ کہ بالکل بعینہ اسی قسم کا ایک مسودۂ قانون اس معزز ایوان کے اندر مولانا غلام غوث صاحب ہزاروی نے

*Please see Appendix IX at the end.

آج سے دو اڑھائی سال پیشتر پیش کیا تھا۔ اور اس کے اغراض و مقاصد بھی یہی تھے۔ اور مولانا نے خدا جانے کہاں سے یہ اعداد و شمار جمع کئے تھے۔ اور انکے پاس وہ کونسا عملہ ہے۔ کہ جہاں سے انکو یہ اطلاع ملی تھی۔ بہرحال انہوں نے یہ کہا تھا۔ کہ مغربی پاکستان میں ایک کروڑ زنا فی سال ہوتا ہے۔ تو اس وقت ہماری اس معزز حکومت کو اس بات کا جواب دینا چاہیئے۔ کہ وہ بات، وہ مسودہ قانون جو بعینہ انہی اغراض و مقاصد کے ساتھ اس معزز ایوان کے سامنے پیش ہوا۔ اسکو اکثریت کے غرور میں مسترد کردیا گیا تھا۔ اگر مولانا غلام غوث صاحب کے اعداد و شمار صحیح ہیں۔ تو اس صوبے میں اگر اڑھائی ہونے تین کروڑ زناؤں کی اور اجازت دی گئی۔ تو اسکا حساب کون دیگا۔ (قطع کلامی)۔

میں انہیں آپکی وساطت سے کہہدوں۔ کہ میں کبھی اُن بنچوں پر نہیں بیٹھا ہوں۔ اور میں ہمیشہ حزب مخالف کی بینچوں پر بیٹھتا رہا ہوں۔ یہ بات وہ خواجہ محمد صفدر اور میاں عبداللطیف صاحب سے کہا کریں۔ اس کے لئے پہلی حکومتوں کی ذمہ داری مجھ پر عائد نہیں ہوتی۔

جناب والا۔ اب اسکے متعلق مجھے یہ عرض کرنا ہے۔ کہ جہانتک اسکے متعلق اسلامی تعلیمات کا تعلق ہے۔ ایک چیز میں عرض کردیتا ہوں۔ کہ اسلام نے اسے نہایت ہی سنگین، گھناؤنا اور قابل نفرت جرم قرار دیا ہے۔ اور اسکی سزا بھی بڑی سنگین اور عبرت ناک مقرر کی ہے۔ میں یا میری پارٹی اس پوزیشن میں نہیں۔ کہ قحبہ گری کے انسداد کی مخالفت کریں۔ ہم کہتے ہیں۔ کہ یہ ایک اچھا اقدام ہے۔ لیکن اسکے ساتھ ہمیں اس بات کا خدشہ ہے۔ کہ جو نتائج ایک انسدادی قانون کے نفاذ سے برآمد ہونے چاہئیں۔ وہ غالباً اس ادھورے اور نیم دلانہ اقدام سے برامد نہ ہونگے۔ اس لئے کہ کسی معصیت اور سیاہ کاری کے انسداد کا قدرتی اور معروف طریقہ یہ ہے۔ کہ اس معصیت اور سیاہ کاری کے جتنے دواعی اور محرکات ہوسکتے ہیں۔ اسکے لئے جتنے اسباب ہوسکتے ہیں۔ سب سے پہلے انکو یک بیک قطع کرنا چاہیئے۔ اور اگر

وہ اسباب اور محرکات اور دواعی اسی طرح اپنی جگہ پر موجود رہیں۔ اور انکا انسداد نہ کیا جائے۔ تو پھر جبتک وہ اسباب موجود ہونگے۔ سبب مرتب ہوتے رہیں گے۔ اور نتیجہ وہی ہوگا۔ جوکہ محرک آج دور کرنا چاہتے ہیں۔ اسکے لئے ایک جگہ قرآن نے اس طرح بیان کیا ہے۔ کہ زانیہ اور زانی مرد کی سزا یہ ہے۔ اور دوسری جگہ ہمیں یہ فرمایا۔ کہ ولا تقرب الزنا۔ یعنی زنا کے قریب بھی نہ جاؤ۔ اسکا مطلب یہ ہے۔ کہ وہ اسباب و محرکات وہ عمیال و مراقب اور وہ دواعی جو انسان کو زنا کے قریب لے جاتے ہیں۔ انکے قریب بھی نہ جاؤ۔ اب میں دیانت اور عمال کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے ایک بات — — جو آواز اسطرف سے برابر دو اڑھائی سال سے اٹھتی رہی ہے۔ کہ اگر ایک ملک کے اندر آرٹ کونسلوں کے ذریعے فواحش کی سرپرستی ہو۔ ہوٹلوں اور کلبوں کے اندر ننگے ڈانسوں کی اجازت ہو۔ آبرو باختگی کی کسی قدر پر کوئی قدغن، کوئی پابندی نہ ہو۔ تو یہ انسداد قحبہ گری کا قانون کس حد تک کارگر ہوگا۔ اور جناب والا اس معزز ایوان کے معزز ممبران اس بات کو جانتے ہیں۔ کہ ہمارے ہاں نوجوان نسل پوری بے راہروی کا شکار ہوچکی ہے۔ انکی بے راہروی کیلئے، انکی آبرو باختگی کے لئے بڑے جاذب اور دلکش مقامات موجود ہیں۔ اس قانون نے اگر قحبہ خانوں کا انسداد کر بھی دیا۔ تو میں پوچھتا ہوں۔ کہ مال روڈ پر آن چلتے پھرتے قحبہ خانوں کا انسداد کس قانون کے ذریعے ہوگا۔ اگر آپ یہی چاہتے ہیں۔ کہ اس قانون کا نتیجہ بھی وہی ہو۔ جو نتیجہ کہ قمار بازی کے قانون کا ہوا۔ ہوٹلوں میں، کلبوں میں، امراء کے ہاں افسران کے لئے ایسی سہولتیں پیدا کی گئیں۔ کہ وہ جرم جرم نہ رہا۔ لیکن اگر وہی جرم کوئی آدمی سڑک کے اوپر تاش کے چند پتوں کے ذریعے کرے۔ تو وہ جوا قرار پاتا ہے۔ اگر گھوڑ دوڑ پر شرط بدھ دی جائے۔ تو وہ جرم نہیں ہے۔ لیکن اگر وہی شرط باہر بدھی جائے۔ تو وہ حرام ہے۔ قابل تعزیر ہے۔ اسی طرح اگر قوم کے نوجوان قوم کی بہو بیٹیوں کی عزت و عصمت بیچنے اس مقام پر پہنچ جائیں۔ جسے قحبہ خانہ کہا جاتا ہے۔ تو وہ قابل تعزیر ہے۔ اسکے علاوہ میں اس معزز ایوان کو اور اس حکومت کو

آپکے توسل سے متوجہ کراؤنگا۔ کہ ہمیں دوسرے ممالک کی مثالیں بھی اپنے سامنے رکھنی چاہیئں۔ انکے علم میں ہوگا۔ کہ پیرس کے اندر بھی اور لنڈن میں بھی اور متحدہ ہندوستان میں کشمیر کے اندر بھی قحبہ گری کو قانون کے ذریعہ ممنوع قرار دیا گیا تھا۔ لیکن یہ سب جانتے ہیں۔ کہ آج یہ شہر عالمی قحبہ خانے بنے ہوئے ہیں۔ اس لئے کہ قحبہ گری کا قانون کے ذریعے تو انسداد کردیا گیا۔ لیکن انکے محرکات اور اسباب کو بند نہیں کیا گیا۔ وہ تعزیر متعین نہیں کی گئی۔ جو سخت ہوتی۔ جوعبرتناک ہوتی۔ اور اسکا نتیجہ یہ ہوا۔ کہ ان سے زناکاری کا انسداد نہ ہوسکا۔ ایک قانون ضرور قانون کی کتاب کے اندر مرجود تھا۔ لیکن اسکے باوجود تعزیر کے سخت نہ ہونے کی وجہ سے وہاں قحبہ گری ممنوع نہ ہوئی۔ اسکے بعد میں اسکی مثال وہی دونگا۔ جو ایک مفکر اور حکیم نے دی ہے۔ کہ مار را کشتن و عفہ را گذاشتن کار خرد مندان نیست۔ یعنی سانپ کو تو مار دیا جائے۔ لیکن سانپ کے بچے کو باقی رکھا جائے۔ تو اس سے کوئی قابل قدر نتیجہ برآمد نہیں ہوسکتا۔ ہمیں بڑی صاف ذہن کے ساتھ اور صاف دماغی کے ساتھ دو ٹوک فیصلہ کرنا چاہیئے۔ کہ کیا ہم اس ملک کے اندر تعزیرات جو اسلام نے بنائی ہیں۔ انکو جاری کرنے کیلئے تیار ہیں۔ یا نہیں۔ اگر جرائم کے انسداد کیلئے ہم وہ قانون بنانے کیلئے تیار ہیں۔ تو میں انکو یقین دلاتا ہوں۔ کہ یہ جرائم بھی، یہ معصیت کاری بھی، یہ بد اخلاقی اور بے راہروی اور آبرو باختگی بھی۔ ان تمام جرائم کا انسداد ہوجائیگا۔ میں آپکے سامنے ایک مثال عرض کرنا چاہتا ہوں۔ سعودی عرب کے زنا کاری اور باقی معاصی کیوں نہیں ہوتے۔ بیشک اس میں سعودی حکمرانوں کی بھی کرامت ہوگی۔ لیکن اصل کرامت اور معجزہ اسلام کی ان تعزیرات کا ہے۔ جو انہوں نے اپنے ملک پر نافذ کئے ہوئے ہیں۔ اگر ہم ان تعزیرات کو ان معاصی کے انسداد کے لئے نافذ کرنے کیلئے تیار ہوں۔ تو جیسا کہ ہمارا دعویٰ ہے۔ کہ یہ اسلامی مملکت ہے۔ اور یہ اسلام کے نام پر معرض وجود میں آیا ہے۔ اور ہم بیچارے اسلام کی گفتگو اٹھارہ سال سے۔ ادھر سے یا اُدھر سے اسکا نام استعمال ہو رہا ہے۔ اگر صاف ذہنی کے ساتھ ہم یہ طے

کرلیں۔ تو ان معاصی کا انسداد ہوگا۔ اور یہ سیاہ کاریاں ختم ہونگی۔ لیکن اس طرح کے ایک ادھورے اقدام کے ساتھ کوئی مفید مطلب انجام برآمد نہ ہوگا۔

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ۔ ۱) — صدر محترم۔ جنوری ۶۳ع سے لیکر آجتک ہم اس ہاؤس میں واویلا کرتے رہے ہیں۔ کہ حکومت ہمیں آرڈیننسوں سے محفوظ رکھے۔ اور جس قسم کا قانون وہ بنانا چاہیں۔ اسے بل کی شکل میں اس ہاؤس کے اندر لے آئیں۔ ضابطے کے تحت، دستور کے تحت وہ کامل اور مکمل شکل میں صوبے میں نافذ ہوجائے گا۔

لیکن ہمیں اکثر یہ بتایاجاتا رہا ہے کہ دستور گورنر کو اختیار دیتا ہے کہ وہ آرڈیننس نافذ کریں۔ ہم اس کے برعکس اس حکومت کے خلاف ان کے سامنے الزام تراشی کرتے رہے۔ الزام لگاتے رہے اور علی الاعلان یہ کہتے رہے کہ میرے بھائی اس لفظ کو اگر یہ برا منائیں بددیانتی کے ساتھ کرپشن کی جاتی ہے۔ حلف بھی انہوں نے دستور کی حفاظت کا اٹھایا ہے۔ پھر اسکو توڑتے ہیں۔ ایوب صاحب نے اپنا کام کرانے کیلئے جو رولز دیئے ہیں یہ ان کو توڑتے ہیں۔ قانون میں غلط روایات قائم کرتے ہیں۔ یہ اکثر طرح طرح کی باتیں کرتے رہتے ہیں لیکن ہمیں کبھی بھی ان کی طرف سے سچا جواب نصیب نہیں ہوا۔ لیکن میں لا منسٹر صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ۱۶ تاریخ کو ہمیں اس کی اصلی وجہ بتاکر ممنون کیا۔ انہوں نے فرمایا (میں نے یہ درخواست کی تھی کہ وہ بتائیں) کہ ہم نے آرڈیننس کیوں نافذ کئے ہیں۔ انہوں نے فرمایا اصل وجہ یہ ہے کہ ضابطہ کے تحت ہر بل کو سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس جانا ہوتا ہے اور سٹینڈنگ کمیٹی کا بدقسمتی سے کورم پورا نہیں ہوتا اس وجہ سے ہم آرڈیننس نافذ کرتے ہیں۔ ورنہ یہ نہیں کہ صوبہ میں ہنگامی حالات ہوگئے ہیں یا آرڈیننس کی کوئی شدید ضرورت لاحق ہوگئی ہے۔ دوسرے معنوں میں انہوں نے اپنی مختصراً سٹیٹمنٹ میں اقبال جرم کرلیا ہے کہ یہ حقیقت ہے کہ صوبہ میں ہنگامی حالات نہیں ہوتے یہ عادت کے مطابق آرڈیننس جاری کرتے ہیں۔ اس چیز

کے ثبوت میں، میں آپکی خدمت میں چند فگرز پیش کرنا چاھتا ھوں کہ وہ کیا کرتے ھیں اس سٹیٹمنٹ میں جیسا کہ انہوں نے تسلیم بھی کیا ھے میں ھاؤس سے درخواست کروں گا کہ ھاؤس یہ قرار دے کہ یہ ان کی عادت میں داخل ھے کہ یہ آرڈیننس جاری کریں۔ اس بات سے قطع نظر نہیں دیکھتے کہ اس وقت ھنگامی حالات ھیں یا نہیں یہ آرڈیننس جاری کردیتے ھیں۔ جناب والا میرے پاس ۱۹۶۳ کے آرڈیننسز کی لسٹ ھے انہوں نے جب ۱۹۶۳ میں پہلا آرڈیننس West Pakistan Urban Immovable Property Tax (Amendment) Ord. 1968. جاری کیا۔ پھر ۱۷ جنوری کو جاری کیا دوسرا ۲۴ جنوری کو جاری کیا۔ تیسرا ۲۶ جنوری کو جاری کیا۔ چوتھا ۵ فروری کو جاری کیا۔ پانچواں ۹ فروری کو جاری کیا۔ اسکے بعد ۳ مارچ کو جاری کیا۔ ۱۴ مارچ سے ھمارا سیشن شروع ھوا اور آخیر اپریل تک چلا یہ مہینہ معافی کا گزرا۔ اسکے بعد ھم گھر پہنچے ۳۰ اپریل کو پہلا آرڈیننس نازل ھوگیا۔ اسکے بعد ۷ مئی۔ ۱۳ مئی۔ ۱۶ مئی۔ ۱۷ مئی۔ ۲۲مئی ۲۴ مئی۔ ۲۷ مئی۔ ۲۸ مئی۔ ۲۹ مئی اسکے بعد ۶ جون۔ ۶ جون۔ ۶ جون کو ھمارا ھاؤس meet کر رھا تھا۔ انہوں نے سوچا یہ ھاؤس تو آگیا ھے۔ یہ مصیبت تو آگئی ھے اب کیا کہا جائے۔ اس وقت ھمیں یہ بتایا گیا تھا۔ ھم لوگ یہاں ھاؤس میں موجود تھے۔ ۷ تاریخ کو پچھلی تاریخوں میں ڈال کر انہوں نے وہ تمام ھول سول پلندہ ھاؤس میں پیش کردیا۔ یہ جناب ۷ آرڈیننسز ھیں۔ جو مندرج ذیل ھیں۔

1. West Pakistan Bus Stands and Traffic Control (Lahore Ordinance, 1963.
2. West Pakistan Bus Stands and Traffic Control (Gujranwala) Ordinance, 1963.
3. West Pakistan Vegetable Market (Lahore) Ordinance, 1963.
4. West Pakistan Establishment and Improvement of Parks and Historical Places (Lahore) Ordinance, 1963.
5. West Pakistan Timber Market (Lahore) Ordinance, 1963.
6. West Pakistan Acquisition of Property (WAPDA Office) Ordinance, 1963.
7. West Pakistan Acquisition of Property (Residence of Government Officials) Ordinance, 1963.

یہ جناب ۶ آرڈیننس ایک دن میں جاری کئے۔ ساتواں جب ہم یہاں آگئے آخیر جولائی تک ہم رہے۔ آگست کو پھر شروع ہوگئے۔ ۳۱ آگست۔ ۳ ستمبر۔ ۶ ستمبر۔ ۷ ستمبر۔ ۱۰ آکتوبر۔ ۲۲ نومبر اور ۲۳ نومبر کو کو جاری ہوئے۔ یہ جناب ۱۹۶۳ میں آرڈیننسز کو جاری کرنے کی ان کی سپیڈ تھی۔ آکتوبر میں ہم موجود تھے۔ پہلا آرڈیننس ۱۱ نومبر کو جاری ہوا پھر ۱۶- ۱۶- ۱۶- ۱۶ نومبر کو ۲۰- ۲۱- ۲۴- ۲۴- پھر ۲۴- ۲۴ پھر ۲۵ نومبر کو جاری ہوئے۔ گویا جناب والا ہمیں آرڈیننس سے نجات محض ان ایام میں ملتی ہے جن ایام میں ہم سیشن میں موجود ہوتے ہیں۔ اس لئے ان دنوں اگر یہ کہیں آرڈیننس جاری کردیں تو وہ Null and void ہوگا۔ اس کو نچلی کچہری بھی Null and void قرار دی دے گی۔ جناب والا ان اعداد و شمار کی بناء پر میں نے پہلے بھی گذارش کی تھی اور آج بھی گذارش کرتاہوں کہ یہ اس بات کے محتاج نہیں ہیں کہ اگر قانون کے مطابق صوبہ میں ہنگامی حالات ہوں اور ہنگامی حالات کے تحت یہ آرڈیننس کا نفاذ کریں۔ یہ اپنی عادت کے مطابق کرتے ہیں یہ ۱۹۶۳ تھا۔ اب جناب ۱۹۶۴ کو لے لیجئے۔ فروری اور مارچ کے مہینہ میں ہمارا سیشن تھا۔ اسکے بعد ۱۳ اپریل کو پھر قصہ شروع ہوگیا۔ ۱۹ دسمبر ۱۹۶۴ تک انہوں نے اپنی قانون سازی محض آرڈیننس کے ذریعے سے کی تھی۔ میرے اس الزام کو جناب وزیر قانون صاحب نے اقبال جرم کی شکل میں تسلیم کیا ہے۔ یہ حقیقت ہے ہم عادتاً ہنگامی حالات کے محتاج نہیں۔ سنگین Circumstances کے محتاج نہیں شدید ضرورت کے محتاج نہیں یہ عادتاً کرتے ہیں۔ اور اس لئے قانون اجازت نہیں دیتا ان کا اقبال جرم یہ ہے کہ یہ قانون کو توڑتے ہیں۔ قانون یہ کہتا ہے کہ سنگین حالات کے تحت۔ شدید ضرورت کے تحت ہنگامی حالات تحت کے آرڈیننس جاری کر سکتے ہیں۔ اس بات کا انہوں نے اقبال جرم کیا ہے۔ اس بات کی واقعی انہوں نے قانون شکنی کی ہے۔ اور عام حالات میں یہ ہنگامی قوانین نافذ کئے ہیں۔ اس کے بعد جناب والا اسی سلسلہ میں ایک یہ بات بھی پیدا ہوتی ہے۔ کہ وہ کہتے ہیں

کہ سٹینڈنگ کمیٹیز میں قانون لے جاتے پڑتے ہیں۔ اُس لئے ہم اس سٹینڈنگ کمیٹیز سے بچنے کیلئے دوسرے معنوں میں اس اسمبلی سے بچنے کیلئے تیسرے معنوں میں اس قانون سے بچنے کیلئے جو ان کو پابند کرتا ہے کہ تم اس ضابطہ کے تحت چلو آرڈیننس لاتے ہیں۔ یہ لوگ جس دن وزارت کا قلمدان سنبھالتے ہیں یہ حلف اٹھاتے ہیں کہ ایوب کے دستور کی تابعداری کریں گے۔ اس کی حفاظت کریں گے۔ میں نے بارہا الزام لگایا ہے کہ اسی کے قانون کی اسی کے دستور کی اسی ضابطے کی توہین کرتے ہیں۔ بار بار اسے توڑتے ہیں۔ کم از کم جناب والا ۱۲۲ مرتبہ اس ہاؤس میں یہ قانون شکنی اس دستور کی کر چکے ہیں۔ ورنہ جناب دستور ان پر پابندی لاتا ہے کہ تم ہر چیز کو پہلے یہاں پیش کرو یہاں سے سٹینڈنگ کمیٹی میں جائے۔ سٹینڈنگ کمیٹی جناب کوئی بری چیز نہیں ہے۔ سٹینڈنگ کمیٹیز میں یہاں کے چند ایکسپرٹ آدمی شامل ہوتے ہیں۔ جو ان کے قانون کی چھان بین کرتے ہیں۔ سات آٹھ سر مل جل کر اس میں کمی بیشی کرتے ہیں۔ اگر وہ نہ ہوں تو پھر یہ ہاؤس کام کرتا ہے۔ پچھلے تین سال کی ہسٹری آپ کے سامنے ہے۔ وہ دیکھ لیجئے کتنے قانون ہیں جو آرڈیننس کی شکل میں آئے جو روز مرہ کے استعمال کی چیزیں ہیں یہ نہیں کہ کوٹھیاں ایکوائر کرلیں۔ کوٹھیاں ایکوائر کرلیں۔ روز مرہ کے استعمال کے قانون آرڈیننس کے ذریعہ سے بنائیں اس کے بعد اگلے سیشن میں اس کی ترمیم نہ لائیں اور اسکے بعد سیشن میں دوسری ترمیم بھی نہ لائیں۔ نتیجہ کیا ہوتا ہے نامکمل قانون۔ غلط قانون۔ کچا قانون۔ ناقابل استعمال قانون رہ جاتا ہے بڑے بڑے ججز جن میں ملک قادربخش صاحب اور آپ بھی شامل ہیں ان کو پتہ نہیں ہوتا (میری گستاخی معاف کیجئے) کہ latest قانون کیا ہے۔ ججز آف دی ہائی کورٹ وکلا کو کہتے ہیں کہ latest قانون کیا ہے بعض اوقات بڑے بڑے وکیل پریشان ہوجاتے ہیں کہ latest قانون کیا ہے۔ جناب والا یہ ہر مہینے آرڈیننس کے ذریعہ ترمیم کرتے ہیں۔ اسکی کتابت ہی مشکل ہے جاننا تو در کنار ہے۔ جناب والا یہ ہے نقصان جو سٹینڈنگ کمیٹی سے بچنے کیلئے ان کے ذریعہ سے ہوتا ہے۔ نفع نہیں ہوتا نقصان ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ ہم نے ان پر یہ الزام لگایا کہ لوگ یہ کہتے ہیں ۔ ان کے آداب کے باعث ہماری حکومت اور اس ہاؤس کی توہین ہے۔ وہ اس ہاؤس کو ربڑ کی مہر سمجھتے ہیں ۔ یہ لوگ کہتے ہیں ۔ میں نہیں کہتا ۔ بعض اخبارات بھی کہتے ہیں کہ یہ حکومت اس ہاؤس کو *××××× جن میں میں بھی شامل ہوں۔

Mr. Speaker : The member should withdraw those remarks and these are also expunged from the proceedings of the Assembly.

Mian Abdul Latif : I withdraw Sir.

سسٹر افتخار احمد خاں— جناب۔ بات تو سچی ہے۔

میاں عبداللطیف — تو جناب میں عرض کررہا تھا کہ اس حرکت سے ان بزرگواروں نے اس ہاؤس کی جتنی توہین ہوسکتی تھی ۔ جو تصور میں آسکتی تھی ۔ وہ کرڈالی آخر جب ان کے ۱۲۰ جوان اس ہاؤس میں ان کے ہر نیک و بد پر مہر لگانے کیلئے تیار ہیں ۔ پھر کیا وجہ ہے کہ وہ ایک سیدھے راستے کو چھوڑ کر ایک غلط راستہ ۔ لمبا راستہ اور خراب راستہ اختیار کرتے ہیں ۔ جس سے خواہ مخواہ بدنامی ہوتی ہے ۔

تو میں یہ عرض کررہا تھا ۔ کہ وزیر قانون صاحب نے اپنے جرم کا اقبال کرکے کم از کم آپ کو اور اپنی پارٹی کو مقنبہ کردیا ہے کہ بھئی ہم ضابطے کی خلاف ورزی کرتے ہیں ۔ ہم دستور کی بھی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ یہ دستور میرا نہیں۔ اور نہ وہ پرانے سیاستدانوں کا بنایا ہوا ہے ۔ وہ تو ہمارے موجودہ آقائے نامدار فیلڈ مارشل صاحب کا بنایا ہوا ہے ۔ کم از کم اس کا احترام تو ان کیلئے لازم ہے ۔ وہ ہمیں مجبور کرتا ہے کہ بھئی تم جو قانون بنانے کیلئے آؤ تو اس بل کو ہاؤس کے سامنے پیش کرو۔ انہوں نے اس دستور کو توڑا ہے ۔ تو ایسی حالت میں ظاہر ہے ۔ کہ یہ اس ہاؤس کی اپنی عزت کا سوال ہے ۔ یہ اس کی اپنی Self respect کا سوال ہے ۔ میں آپ کے توسل سے ان حضرات سے اپیل کرونگا کہ اگر آپکو آپکی ضمیر کچھ بتاتی ہے جیسے کہ انہوں نے اپنے جرم کا اقبال کیا ہے ۔ اگر آپکو اپنی

*Expunged as ordered by the Assembly.

خودداری اور غیرت کا احساس ہے ۔ تو اپنے حقوق کی حفاظت کی خاطر اس آرڈیننس کو نا منظور کیجئے ۔ اور انہیں مجبور کیجئے کہ اسے ہمارے سامنے بل کی شکل میں لائیں ۔ ہم اسے پاس کردیں گے۔ لیکن اسے اس غلیظ شکل میں ہر گز پاس نہ کرینگے جس میں یہ آج ہمارے سامنے ہے ۔

جناب والا ۔ میں آگے چل کر بتاؤنگا کہ یہ ایک نہایت ہی نا مکمل اور کچا قانون ہے ۔ یہ بالکل بے مطلب قانون ہے اور اس کا جو مقاصد بھی آپکے ذہن میں ہے وہ کبھی پورا نہ ہوگا ۔

مسٹر سپیکر— ہمیں ایک بات اور بھی ذہن میں رکھنا ہے اور وہ یہ کہ موجودہ دستور نے ہمیں بڑے وسیع اختیارات دے رکھے ہیں ۔ ہمیں نیا قانون پاس کرنے کا اختیار ہے۔ ہمیں کسی قانون میں ترمیم کرنے کا اختیار ہے ۔ دوسرا اختیار ہمیں نئی Taxation کرنے اور نئے بجٹ پر رائے دینے کا ہے ۔ ہم پرانے بجٹ پر رائے نہیں دے سکتے ۔ نہ ہی Ordinances میں ترمیم کرسکتے ہیں ۔ ہم Money Bills بھی نہیں لا سکتے ۔ ہمارے اختیارات بڑے محدود ہیں ۔ لیکن جناب صدر۔ کسقدر افسوس کا مقام ہے کہ ان دو اختیارات سے بھی اس وزارت نے اس معزز ایوان کو یکسر محروم کر رکھا ہے۔ ۱۹۶۳-۶۴ ع کی ہسٹری اٹھا کر دیکھئے ۔ آپ کے Money Bills گورنر ہاؤس میں مکمل طور پر بن کے یہاں محض تصدیق کیلئے آتے ہیں ۔ Money Bills پر آرڈیننس کی شکل میں دو دو تین تین دن بحث کے بعد عدالت یہ رولنگ دینے پر مجبور ہوجاتی ہے کہ آرڈیننس جاری ہو سکتا ہے ۔ افسوس ہے اس وزارت پر جو اپنے آپ پر بعض اوقات mocratic Institution ہونے کا دعوی کرتی ہے ۔ انہوں نے صدر مملکت سے یہ Ruling seek کیا کہ Money Bills یعنی ٹکیشن کے بارے میں بھی آرڈیننس جاری ہوسکتا ہے ۔

جناب صدر۔ ہمارے دستور نے ہمیں لے دیکر یہ اختیار دیا ہے کہ ہم صوبے کیلئے قانون بنائیں ۔ انہوں نے ہم سے وہ اختیار بھی چھین لیا اور ہم حقیقتاً ان آرڈیننسوں کے سلسلے میں محض ربڑ کی مہر کی طرح چپک کر

وہ گئے ہیں۔ چنانچہ ہم ان میں ترمیم وتنسیخ بھی نہیں کرسکتے۔ اور نوبت بایں جارسید کہ ہمارے اس دربار میں Democracy غریب کی یہ حالت ہوئی ہے ۔ گویا موجودہ زمانے میں ۔ صدر ایوب اور نواب کالاباغ کے زمانے میں جمہوریت کا نمونہ یہ ہے ۔ کہ یہ پانچ کروڑ کا نمائندہ ایوان یا اسے چالیس ہزار کا نمائندہ کہہ لیجئے۔ اس میں ہم یہ اختیار بھی نہیں رکھتے کہ اس آرڈیننس میں سے ایک Comma بھی حذف کرسکیں یا اس میں کسی جگہ ایک full stop Comma یا Semi Colon کا اضافہ کرسکیں یا ہم ان کو بتاسکیں کہ تم نے فلاں غلطی کی ہے ۔ اس کے باوجود بھی ہم مجبور ہیں کہ ہم اسے تسلیم کریں ۔ اگر چہ اس میں واقعی ترمیم ضروری ہو اس لئے ہم مجبور ہیں کہ ہم اس پر مہر لگا

Mr. Hamza : Sir, there is no quorum in the House.

Mr. Speaker : Let there be a count (Count was taken)

The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

میاں عبداللطیف — جناب والا۔ میں یہ گذارش کررہا تھا کہ ہم نے اپنے ہاتھوں سے اپنے ہاتھ کے اختیار کو نیچا دکھا دیا ۔ جو اختیارات ہمیں دستور نے دئے ہیں خواہ وہ دستور کتنا ہی ناقص کیوں نہ ہو اگر ہم قدرے dignity اور Grace کے ساتھ روایات کو مدنظر رکھتے ہوئے اچھے طریقے پر چلتے تو ہم اسی آئین کی حدود کے اندر رہتے ہوئے بھی اچھی روایات قائم کرسکتے تھے ۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ آج تک ہر قسم کی گھٹیا اور ادنیٰ قسم کی کوشش محض اس غرض سے کی گئی ہے ۔ کہ یہ بتایا اور ثابت کیا جائے کہ اس ہاؤس کو قطعی طور پر کوئی اختیار نہیں ۔ یہ ایک بے بس ادارہ ہے ۔ بلکہ یہ ایک لنگڑا اور بے جان ادارہ ہے ۔ اور حقیقی طاقت کہاں ہے ؟ وہ گورنر ہاؤس میں ہے ۔ یہ ایک ایسی کوشش تھی جس نے ہماری گردن جھکادی ہے ۔ اس میں نہ گورنر کی سر بلندی ہے نہ اس حکومت کی سر بلندی ہے اور نہ ہی اس ہاؤس کی سربلندی ہے ۔ قانون کے استعمال میں estraint ہونا چاہئے ۔ اور self restraint ایک

بہترین virtue ہے جسکا استعمال grace کو ضائع کر دیتا ہے - بدنامی کا باعث نہیں بلکہ خفت اور ذلت کا باعث ہوا کرتا ہے۔ آخر ہم نے ان قوانین کے ذریعے صوبے کیلئے کیا کمایا ہے ؟ ہم نے اپنی آئندہ نسل کیلئے کیا کمایا ہے ؟ ہم نے اپنے نام کیلئے کیا کمایا ہے ؟ دراصل ہم نے سب کچھ ہی کھو ڈالا ہے - ورنہ کوئی ایسا کام ہے جو یہ پارٹی کرنا چاہے۔ اور نہ کر سکے - کوئی ایسا کام ہے جو یہ پارٹی کرنا چاہے اور ہم اس میں رکاوٹ پیدا کرسکیں - ہم تو آٹے میں نمک کے برابر بھی نہیں - ہم تو محض یہ بتا دینا ہی اپنا حق سمجھتے ہیں - کہ آپکے کام میں فلاں فلاں نقص ہے - اسے ٹھیک کردو۔ اگر ٹھیک کرنا ہے تو انہوں نے کرنا ہے - اور اگر انکار کرنا ہے تو وہ بھی انہوں نے کرنا ہے - اگر یہ ایک اچھا قانون بنائینگے - تو شہرت ان کی ہے - ہماری نہیں ہم اس میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہیں کرسکتے - اور اگر یہ کوئی برا کام کرتے ہیں تو بدنامی بھی ان کی اور ان کی پارٹی کی ہو گی - ہماری نہیں۔ ہم تو قوم کے سامنے سرخ رو ہیں - اور علی الاعلان کہتے ہیں کہ اس میں یہ نقائص ہیں۔ جن کی وجہ سے صوبے اور قوم کیلئے نقصان ہے۔

عالی جاہ ہمارے پیش رو شہنشاہ شاہجہان نے اپنی یادگار چھوڑی ہے - تاج محل - شہنشاہ اورنگ زیب نے اپنی یادگار چھوڑی ہے - بادشاہی مسجد۔ ملوکونی نے اپنی یادگار چھوڑی ہے - وائرلیس - فلپ نے اپنی یادگار چھوڑی ہے - بجلی کی روشنی - اور ہم نے جو اپنی یادگار چھوڑی ہے وہ ہے - ۱۲۲ آرڈیننس -

وزیر زراعت (ملک قادر بخش) - اور ایک ہزار تحریکات التوا۔

میاں عبداللطیف — وہ اس لئے - کہ آپ لوگوں کی آنکھیں کھولیں اور ہر قسم کا نقص آپ کو دکھائیں -

وزیر زراعت — دنیا میں اس کی مثال نہیں ملتی -

میاں عبداللطیف — اس نکمی حکومت کی بھی کہیں مثال نہیں ملتی - جس کی آنکھیں کھولنے کے لئے ہمیں ایک ہزار تحریکات التوا

پیش کرنے کی ضرورت ہوئی ۔ خدا کا شکر ہے ۔ کہ یہاں چھوٹی سی آپوزیشن ہے ۔ آپ کو بھی شکر ادا کرنا چاہئے ۔ کہ چھوٹی سی آپوزیشن آپ کو نقائص سے آگاہ کرتی رہتی ہے ۔

وزیر زراعت — یہ قوم کا وقت ضائع کیا جارہا ہے ۔

میاں عبداللطیف — جناب سپیکر ۔ یہاں یونیورسٹی آرڈیننس ہے ۔ پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس ہے ۔ جرگہ آرڈیننس ہے ۔ اور ایک اور آرڈیننس ہے ۔ جو میرے متعلق ہے ۔ خواجہ صاحب کے متعلق ہے ۔ ملک قادر بخش کے متعلق ہے ۔ وٹو صاحب کے متعلق ہے ۔ وہ ہے ۔ وکیلوں کا آرڈیننس ۔ اس آرڈیننس سے وکیلوں کی روزی کو کنٹرول کیا جائے گا ۔ یہ ہے ۔ اس حکومت کی اونچائی ۔ یہ ہے اس حکومت کی بلندی اور یہ ہے ۔ grace of dignity ایسی حکومت کی جن کی نگاہ کہاں تک جاتی ہے ایک وکیل کی ۵۰ روپے فیس پر کہ وہ بھی یہ نہ کہا کھائے ۵۰ روپیہ بطور فیس لینے کے لئے بھی ان کے دروازے پر جائے ۔ علاوہ ازیں حکومت نے واپڈا وغیرہ کو ہدایت کی ہے ۔ کہ اگر تمہیں کوئی مقدمہ درپیش ہو ۔ تو کسی اچھے وکیل کو مقرر نہ کریں ۔ بلکہ ان وکیلوں میں سے کسی کو مقدمہ دیں ۔ جن کی فہرست ان کے پاس ہے ۔ ان جامہ بردار ۔ چمچوں اور خوشامدی وکیلوں کو دیں ۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی — پوائنٹ آف آرڈر کیا وکیلوں میں چمچے بھی ہیں ۔

Mr. Speaker: That is not a point of order.

میاں صاحب آپ اس لفظ کو واپس لیں ۔

میاں عبداللطیف — میں واپس لیتاہوں ۔

جناب سپیکر — ہم سمجھتے ہیں ۔ کہ جس قسم کا آرڈیننس یہاں پیش کرنا چاہتے ہیں ۔ اس کو کوئی شخص پسند نہیں کرے گا ۔ بلکہ

لوگ اس کے مصنفوں پر لعنت کریں گے ۔ کیونکہ ایسے آرڈیننس سے کوئی فائدہ نہیں ۔ نہ تو اس سے صوبہ کی عظمت ہوگی ۔ اور نہ اس سے قوم کی بلندی ہوگی ۔ یہ غلط ہے ۔ کہ کسی کی روزی پر ہاتھ ڈالا جائے ۔ پھر یہ کہیں گے ۔ کہ تحریک التوا آجاتی ہے ۔

Mr. Speaker : Please speak on the ordinance under discussion.

میاں عبدالطیف — یہ تو میں آرڈیننس کے متعلق عرض کر رہا تھا ۔ اب یہ دھندا کسی اور روز کے لئے اٹھا رکھتا ہوں ۔ اور اپنی تمام گذارشات پس پشت ڈال دیتاہوں ۔ اس کے بعد زیر بحث آرڈیننس کے متعلق اپنی معروضات پیش کروں گا ۔

جناب سپیکر ۔ اگر یہ آرڈیننس اس نیت سے پیش کیا جاتا ۔ کہ ملک سے زناکاری کو ختم کرنا ہے ۔ تو میں یہ سمجھتا کہ یہاں اس ہاؤس میں ہی نہیں ۔ باہر کی پانچ کروڑ کی آبادی میں سے ۴ کروڑ ۹۹ لاکھ آدمی بھی کہتے ۔ کہ اس سے بہتر کوئی قانون نہیں ہوسکتا ۔ لیکن یہ قانون اس نیت سے نہیں بنایا جارہا ۔ اس کی نیت کچھ اور تھی۔ در اصل بیٹھے بٹھائے ان کو خیال آگیا ۔ کہ الیکشن قریب ہے ۔ اس لئے انہوں نے نمائش کے طور پر ۔ دکھاوے کے لئے اور لوگوں کی آنکھوں میں دھول ڈالنے کے لئے یہ آوڈیننس جاری کردیا تاکہ صوبہ میں زناکاری ختم کردی جائے۔ اس کا نتیجہ "Brothel" کی definition کے الفاظ سے ظاہر ہوجاتا ہے ۔

اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ ہمارے صوبہ میں رنڈی بازی ایک بہت بڑی Social evil ہے ۔ اور بہت پرانی ہے ۔ یہ محض پاکستان میں نہیں ۔ اس مٹی کا خمیر ہی ایسا ہے ۔ کہ یہ ہر جگہ ہے ۔ جہاں بھی خون کا رنگ سرخ ہے ۔ یہ وہیں پر ہے ۔ اور خون کا رنگ تو ہرجگہ سرخ ہے ۔ اس لئے یہ evil ہر جگہ ہے ۔ اور اسی طرح ہرجگہ جاری رہے گی ۔

آپ جانتے ہیں ۔ کہ قتل کی سزا موت مقرر ہے ۔ لیکن یہ فعل ہر روز ہوتا ہے ۔ ہر ملک میں ہوتا ہے ۔ اب دیکھنا یہ ہے ۔ کہ اس کے علاوہ اور Social evils کیا ہیں عالی جاہ ۔ اس واحد مغربی پاکستان میں پانچ لاکھ گداگر موجود ہیں ۔ حدیث شریف میں گداگری کے خلاف نفرت کا اظہار کیا گیا ہے ۔ وہاں تو اس حد تک ارشاد ہوتا ہے ۔ کہ اگر تم گھوڑے پر سوار ہو ۔ اور تمہارا ہنٹر نیچے گرجائے تو کسی دوسرے کو اٹھانے کے لئے نہ کہیں بلکہ خود نیچے اتر کر پکڑیں ۔ اور خود داری کو ملحوظ خاطر رکھیں اگر کسی قوم میں خود داری اور غیرت ہے ۔ تو گداگری اس کی نفی کرتی ہے ۔ جس قوم میں گداگری ہوگی ۔ اس میں حیا نہیں رہے گی ۔ اس لئے میں یہ دریافت کرتا ہوں ۔ کہ آپ نے گداگری کو ختم کرنے کے لئے کونسی تدابیر اختیار کی ہیں ۔

اس وقت ملک میں پانچ لاکھ گداگر ہیں ۔ اس صوبہ میں حکومت کی امداد کی مستحق ۳۶ ہزار بے بس نابینا لوگ ہیں وہ کس مپرسی کی حالت میں دربدر پھرتے ہیں ۔ ان میں سے اکثر بچپن سے نابینا ہیں ۔ ان کے علاوہ ۶۰ ہزار بے بس ۔ بے کار اور بے زر بیوائیں ہیں ۔ یہ destitute widows قوم پر ایک بوجھ ہیں ۔ پھر اس صوبہ میں تقریباً ۱۱۰ یا ۱۲۰ بچے جنکی عمر ۱۲ سال سے کم ہوتی ہے۔ اغوا کر لئے جاتے ہیں ۔ ان تمام باتوں کے علاوہ ایک اور تکلیف Social evil کے طور پر ہر گھر میں نمودار ہوتی ہے ۔ اور وہ ہے ۔ "جہیز" ہمارے معاشرہ میں اتنی زیادہ Social evils ہیں لیکن ہماری دور اندیش حکومت نے اولیت رنڈی بازی کو دی ہے ۔ میں اس کے حق میں ہوں کہ اسے ضرور بند کیا جائے ۔ اس کے ساتھ ہی میں ایک بات عرض کروں گا کہ ضلع شیخوپورہ میں ۱۲ لاکھ کی آبادی ہے ۔ وہاں نہ تو کوئی رنڈی بازی ہے ۔ نہ کوئی Brothel ہے ۔ صرف لاہور میں ۱۵ لاکھ کی آبادی ہے ۔ اور یہاں مشکل سے پونے

دو سو رنڈیاں ۔ اگر رنڈی کی حیثیت کو اس سارے صوبہ میں دیکھا جائے ۔ تو ہمیں معلوم ہوگا ۔ کہ پچیس یا تیس ہزار کی آبادی کے بعد ایک بدکار عورت آتی ہے ۔ جس کے لئے یہ آرڈیننس جاری کیا گیا ہے ۔ اور عصمت فروشی کے انسداد کی ضرورت محسوس ہوئی ہے ۔

مسٹر سپیکر — گداگری جس نے قوم کو تباہ کردیا ہے ۔ اسے روکنے کے لئے نہیں سوچا گیا ۔ ۶۵ ہزار بیوگان ہیں ۔ ان کے متعلق ان کے دماغ پر کوئی بوجھ نہیں۔ صوبہ میں ۳۶ ہزار طوائفیں ہیں ۔ وہ لوگ ان کے سر کا درد نہیں بنتے جہیز کی بیماری ان کے لئے تکلیف کا باعث نہیں ہوتی اس قدر بڑھتی ہوئی فیشن پرستی اور غلیظ قسم کے سنیما جہاں ایسی بیماری پیدا ہوتی ہے۔ اس کی طرف حکومت توجہ دینا نہیں چاہتی ۔ اور نہ ہی غالباً اس کو فرصت ہے۔

اب جناب اس قانون میں جو الفاظ ہیں میں ان کو پیش کرتا ہوں۔ میں نے جیسا پہلے عرض کیا ہے کہ ہمارا مقصد یہ ہے۔

" 'Brothel' means any house, part of a house, room or place in which a prostitute resides, or carries on, or is likely to carry on, prostitution; or any place or institution where facilities are known to be available for prostitution;"

عالیجاہ کام کرنے کا بھی کچھ ڈھنگ ہوتا ہے کسی کے مکان میں ایک چوہا آ گیا تو وہ ہمارے کسی قانون دان مسٹر میمن کے پاس گیا کہ میں اس کا علاج کیا کروں تو انہوں نے کہا کہ یہ بہت بری بات ہے کہ مکان میں چوہا آ گیا ۔ پھر انہوں نے پوچھا کہ میں کیا کروں۔ قانون دان نے کہا کہ گھر میں آگ لگا دو ۔ آخر یہ طریقہ تو ہے ۔ طریقہ بتایا اس دانشور نے ۔ کچھ دن ہوئے ایک کتاب میں ایک کہانی پڑھی ۔ ولایت میں کسی دو منزلہ مکان میں آگ لگ گئی ۔ گھر والی تھی نہیں ۔ ایک بوڑھی خادمہ تھی ۔ گھر میں ایک نیا ڈنر سیٹ آیا تھا ۔ اس نے سب چیزوں کو چھوڑ دیا اور اس ڈنر سیٹ کو اٹھا کر بازار میں پھینک دیا اس لئے کہ وہ آگ سے بچ جائے ۔ ڈنر سیٹ گر کر چور چور ہو گیا تو اسی طریقہ کی دانشمندی اس قانون کے ذریعہ کی گئی ہے ۔ نقص کیا ہے اگر آپ

رنڈی بازی کو بند کرنا چاہتے ہیں جیسا کہ یہ بتائیں گے ان کا یہ مطلب ہے کہ ہم رنڈی بازی کو بند کرنا چاہتے ہیں تو میں ان قانون دانوں سے پوچھتا ہوں کہ اس کی رہائش کو کیوں بند کیا ہے یعنی جہاں کوئی Prostitute کوئی رہائش رکھے وہ بھی جرم ہے جہاں کاروبار کرتی ہے وہ تو ٹھیک ہے کہ جرم ہے لیکن وہ کہیں رہ بھی نہیں سکتی اس کے لئے رہائش ناممکن ہے۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ رنڈی ایک بیمار عورت ہے وہ Mentally بیمار ہے آپ کو اسے ٹھیک کرنا ہے اور اس طرح ٹھیک کرنا ہے کہ وہ ٹھیک ہو جائے اور آئندہ کوئی رنڈی نہ آئے لیکن آئندہ رنڈیوں کو بند کرنے کے لئے آپ کی سکیم میں کوئی چیز نہیں ہے اور آپ نے کوشش نہیں کی کہ معلوم کیا جائے کہ رنڈیاں کیوں پیدا ہوتی ہیں۔ اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ ۶۰ — فیصدی عورتیں محض مالی مشکلات کی وجہ سے یہاں پہنچتی ہیں اور ۳۴ فیصدی عورتیں خراب ماحول کے باعث غلط صحبت کے یا کسی اور کے باعث یہاں پہنچتی ہیں۔ محض ۶ — فیصدی عورتوں کے متعلق کہا گیا ہے کہ وہ Temperamentally wishes ہوتی ہیں جس کی وجہ سے وہاں پہنچ جاتی ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ ۹۴ — فیصدی عورتیں جن کو آپ درست کر سکتے ہیں اور جن کا آنا بھی اور طریقوں سے بند کر سکتے ہیں ان کے متعلق آپ نے اس قانون میں کوئی توجہ نہیں دی ہے معلوم کرنے کی بھی کوشش نہیں کی آپ نے سوچا تک نہیں اور آپ نے محض یہ کہہ دیا کہ Prostitute کہیں رہ بھی نہیں سکتی۔ آپ نے اس کو Brothels سے ڈبی بازار سے تو نکال دیا لیکن اس نے کہیں رہنا تو ہے کیا اس کا Residence بھی جرم ہے۔ عالیجاہ یہی نہیں اس سے آگے چلئے۔ جہاں وہ بزنس کرتی ہے وہ جرم ہے ٹھیک ہے وہ بزنس آپ نے بند کر دیا۔ اس نے سوچا چلو چرخہ کات کر وقت کاٹیں گے۔ اس نے ساندھے میں مکان بنانے کے لئے جگہ لے لی لیکن وہاں کیا ہوتا ہے ایک اے۔ ایس۔ آئی اگر کہدے کہ ــــ Is likely to ابھی اس نے پلاٹ لیا ہے مکان کی تعمیر کی ہے تب بھی وہ جیل میں بھیج دی جائے گی۔

وزیر زراعت — آپ نے اس سے فیس تو نہیں لے لی ہے۔

میاں عبداللطیف — ملک صاحب فیس دینے کے آپ وہاں عادی ہیں۔ مجھے پتہ نہیں تھا اس لئے اب بھی آپ کو ان کی فیس یاد آتی ہے۔

وزیر زراعت — یہ جواب نہ تھا یہ بدسزگی تھی۔

میاں عبداللطیف — آپ کو اس کا مزہ نہیں آیا۔ اس کے بعد۔

".....or any place or institution where facilities are known to be available for prostitution;"

بڑے تجربہ کار اور ملک صاحب ماہر ہیں۔ ذرا تشریح تو کریں کہ اس کلاز سے ان کا مطلب کیا تھا جہاں Facilities Exist کرتی ہیں بدکاری کی۔ ہم تو دیہاتی سے آدمی ہیں ہمیں معلوم نہیں کہ کیا اس کے لئے Facilities ہیں۔ لیکن میں اس کلاز کی تفصیل میں نہیں جاتا۔

اب جناب آخر میں چند الفاظ میں عرض کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہیں کہ میں محض رنڈی کے خلاف نہیں ہوں میں زناکاری کے بھی خلاف ہوں اور آپ نے زناکاری کو روکنے کے لئے سوچا تک نہیں۔ ذرا آگے چلئے اور مال روڈ سے آگے چلئے۔ آپ کے جم خانوں میں کیا ہوتا ہے آپ کے نائٹ کلب میں کیا ہوتا ہے۔

وزیر زراعت — ہمیں پتہ نہیں آپ تو وہاں ہوتے ہوں گے۔

میاں عبداللطیف — ملک صاحب جہاں ہوتے ہیں وہاں کے لئے انہوں نے قانون تجویز کیا ہے۔

خواجہ محمد صفدر — ہم جہاں ہوتے ہیں وہاں کے لئے قانون لائیں گے۔ آپ جہاں ہوتے ہیں آپ وہاں کے لئے قانون لائے ہیں۔

وزیر زراعت — یہ جواب نہیں ہوا۔

مسٹر افتخار احمد خان— ملک صاحب جواب تو ہو گیا۔

میاں عبداللطیف— اصل چیز جس کو بند کرنے کی ضرورت تھی اس کو بند نہیں کیا گیا کہ ایک عورت صحیح راستے سے بھٹک کر ایسی جگہ پہونچتی ہے اس کی طرف توجہ نہیں دی گئی اور وہ حالات اور وہ ماحول جو اس قسم کی بدکاری کی طرف آدمی کو راغب کرتا ہے اس کی طرف ہماری حکومت نے توجہ نہیں دی اور مجھے یقین ہے ان کا اس طرف توجہ کرنے کا ارادہ بھی نہیں ہے۔ یہ تو محض ایک نمائش کرنی تھی وہ نمائش کر دی ورنہ اگر آپ کو صحیح خیال ہوتا آپ ان چیزوں کی طرف توجہ کرتے اس کی جڑ کی طرف آپ کو توجہ کرنی تھی اس کے منبع اور چشمے اور Stream کی طرف توجہ کرنی تھی جو یہ حالات پیدا کرتے ہیں جو یہ بدکار انسان سے بدکار مرد پیدا کرتا ہے اور بدکار عورتیں پیدا کرتا ہے اس کی طرف توجہ نہیں دی گئی جو اس کی اصل غرض و غایت ہو سکتی ہے۔ اور جس کے ساتھ ہم عام طور سے متفق ہیں اور ہر شخص متفق ہے لیکن جس طریقے سے یہ کیا گیا ہے ہم اس کے خلاف ہے۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی (ہزارہ۔ ۱)— صدر گرامی یہ ایک اتنی اہمیت والا آرڈیننس تھا اور مجھے تو یہ یقین کامل تھا کہ میرے اپوزیشن کے واجب الاحترام دوست کم از کم اس آرڈیننس کے نفاذ پر اور اس آرڈیننس کو اس ایوان میں منظوری کے لئے پیش کرنے کے لئے مبارکباد پیش کریں گے لیکن ان کے ارشادات گرامی سن کے اور ان کے یہ بڑی بڑی قیمتی رائے رکھنے والوں کے جو ارشادات ہیں ان کو سن کر میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ انہوں نے تو حکومت کی ہر پالیسی اور ہر بات کی مخالفت کی قسم کھا رکھی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جس طرح سے جناب میاں صاحب نے یہ ارشاد فرمایا ہے اور جو آرڈیننس کی تاریخ انہوں نے پیش کی ہے لیکن جب سے یہ اسمبلی معرض وجود میں آئی ہے آرڈیننسوں کا ایک سلسلہ جاری ہو چکا ہے۔ مجھے کسی حد تک تو شرطیہ طور پر ان کے ان ارشادات گرامی سے اتفاق ہے لیکن جناب والا ..... (قطع کلامی)

میاں عبداللطیف — کی میرے قتل کے بعد انہوں نے جتنی توبہ ہائے اس زود پشیمان کا پشیمان ہونا

سردار عنایت الرحمان خان عباسی — تو انہوں نے جناب والا تصویر کا محض ایک رخ پیش کیا ہے اور محض ایک قانونی نکتہ نکال کر یہاں فاضل وزیر قانون صاحب کے اس ارشادات کی تشہیر کی ہے کہ وہ صرف اس لئے بل نہیں لاتے کہ سٹینڈنگ کمیٹی کے کورم پورے نہیں ہوتے اس لئے مشکلات ان کے سامنے ہیں۔ میں میاں صاحب سے یہ گذارش کروں گا جناب کی وساطت سے کہ جہاں تک ان کی حکومت کی ذمہ داری ہے بڑے کھلے الفاظ میں انہوں نے بیان کیا کہ آرڈیننسوں کی بجائے انہیں بل لانے چاہئیں تاکہ اس ہاؤس کو اختیارات اور اس ہاؤس کا جو اصل مقام ہے وہ اسے حاصل ہو سکے۔ لیکن میں ان کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراتا ہوں کہ وہ اپنے اعمال پر بھی غور کریں اور اس بات پر غور کیا جائے کہ اس ہاؤس کے اندر تین سال سے وہ تشریف لائے ہوئے ہیں اور یہاں قیام پذیر ہیں مجھے ایک دن بھی وہ ایسا بتائیں کہ ایک دن کے لئے ہاؤس کے اندر کورم پورا ہوا ہو۔ یہ کہہ دینا کہ سٹینڈنگ کمیٹی کا کورم پورا نہیں ہوتا یہ حکومت پر ایک چارج لگا دینے کے مترادف ہے۔ کیا ہم کو اس بات پر شرم یا ندامت نہیں ہوتی کہ ہم اس امر کا دعویٰ کرتے ہیں اس امر کا ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ قانون سازی ہمارے ذریعے ہونی چاہئے تو وہ آپ نے اپنے فرض کی ادائیگی کس حد تک کی ہے۔ جناب والا میں عرض کرتا ہوں۔ جناب ہوتا کیا ہے*

× × × × × × × × × × ×
× × × × × × × × × × ×
× × × × × × × × × × ×
* × × × × × × × × × ×

*Expunged as ordered by the Speaker.

خواجہ محمد صفدر – وہاں عباسی صاحب کو بھجوا دیں۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی – مجھے بھجوا دیجئے مجھے کوئی اعتراض نہیں وہ تو ان کی مرضی پر ہوگا۔ تو جناب جب تک یہ مینٹل ہسپتال والی شق کا Rules of Procedure میں اضافہ نہیں کریں گے تب تک میں سمجھتاہوں کہ یہ کارروائی اسی طریقہ سے التوا میں پڑتی رہے گی۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمیں ان تمام حقائق پر غور کرنا چاہئیے اور ہمیں اپنی ذمہ داریوں کا احساس ہونا چاہئیے کہ آرڈیننسوں پر قانون سازی کریں۔ میرے ایک بڑے سینیئر بڑے قانون دان اور وہ واجب الاحترام بھی ہیں ..... (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker: I want to make one thing clear to the member that the language, which he has used in reference to Mr. Hamza, is unparliamentary. That should not be used. His remarks are expunged from the proceedings of the Assembly. Moreover, it is not for me to amend the rules, it is for the members to amend the rules.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی – میں ان سے بھی معافی مانگ لیتاہوں وہ میرے بھائی ہیں تو جناب والا جس طرح آپ نے یہ ارشاد فرمایا کہ آرڈیننس نہیں آنے چاہئیں ہمیں بل پیش کرنے چاہئیں۔ یہ پارلیمانی روایات ہیں۔ یہ پارلیمانی طریقہ کار ہے۔ تو اس طریقہ سے متعلق میں جناب نہایت ادب سے جناب میاں صاحب اور اپنے آپوزیشن کے فاضل اور دیگر بھائیوں سے یہ دریافت کرنا چاہتاہوں کہ کوئی پارلیمانی روایت اس ہاؤس کے اندر اس سے پہلے یا دنیا کے کسی حصہ کی کوئی پارلیمانی روایت آپ ایسی بتادیں کہ جس میں ایک دن میں ۶۰ تحاریک التوا پیش کی گئی ہوں۔ جناب والا یہاں تو طریقہ کار یہی وضع کرلیا گیا ہے کہ حکومت کے کاموں میں جس طریقہ سے بھی ہوسکے رکاوٹ پیدا کیجائے اور رکاوٹ کھڑی کی جائے۔ جناب والا آپ وقفہ سوالات کو دیکھ لیجئے۔ جب سوالات شروع ہوتے ہیں تو پھر اس کا کیا نتیجہ ہوتا ہے کہ جواب سننے کے باوجود بحث شروع ہوجاتی ہے تو میں نہایت ادب سے یہ عرض کروں گا کہ ہم بھی اس بات کے حق میں ہیں۔ اور ہم بھی کہتے ہیں کہ اس معزز ایوان

کو لیجسلیشن کا کام جو ہے اور اس کا جو بنیادی حق ہے وہ اس کے سپرد ہونا چاہیئے لیکن مشکلات کا بھی جائزہ لینا چاہیئے اور اگر مشکلات موجود ہوں اور اگر آپ ان کو رفع نہیں کرسکتے تو یک طرفہ قانون سازی جو جناب والا ہے میں اس کو مناسب خیال نہیں کرتا اور اس معزز ایوان اور ان معزز حضرات کے شایان شان بھی نہیں سمجھتا کہ وہ ایسی باتیں کریں۔ آپ ان حالات کو درست کریں۔ جناب میں اپنے اصل موضوع کیطرف آتا ہوں۔ یہ زنا کا قانون جس کے ذریعے حکومت اس طریقہ کار پر کچھ پابند یاں عائد کرنا چاہتی ہے میں تو سمجھتا کہ یہ کسی اچھے کام کیطرف ایک بہت بڑا قدم ہے اور اس قدم کو ہمیں appreciate کرنا چاہیئے لیکن یہاں تو اس خیال کے لوگ موجود ہیں جناب والا میں آپکی یہ یاد داشت کے لئے ایک بڑے ضروری بڑے اہم اور بڑے عالم دین کے ارشاد کی طرف آپکی توجہ مبذول کرانا چاہتاہوں۔ یہاں تو یہ خیال لوگ لئے بیٹھے ہیں اور پھر یہاں تو اسلامی قوانین میں اس قسم کے فسطائی قوانین کا حوالہ دیکر ہم پر چارج لگانے کے لئے یہ واویلا اور شور کردیاجاتا ہے کہ حکومت ان میں ایسے قوانین کو بھی نہیں لاتی اور عوام کو ان کی طرف راغب بھی نہیں کرتی ورنہ اس ہاؤس کے اندر ایک بار مجھے یاد ہے کہ ہمارے وزراء صاحبان میں سے کسی نے ایک بحث کے دوران ایک کتاب کا حوالہ دیا تھا یعنی واجب الاحترام مولانا ابواعلیٰ مودودی کی طرف اشارہ کیا گیا تھا اور وہ انکی اپنی ہی کتاب تھی اور جو صفحہ تھا وہ مجھے غالباً یاد نہیں رہا لیکن وہ عبارت جس حد تک میں اپنے ذہن میں رکھ سکا ہوں وہ یہ ہے کہ اس ایٹمی دور میں اور اس ماڈرن دور میں جبکہ دنیا ترقی کی انتہا پر پہنچ چکی ہے تو زنا کی سزا وہ نہیں ہونی چاہیئے اور ایسی ظالمانہ بھی نہیں ہونی چاہیئے جو آج سے ۱۴۰۰ سال پہلے تھی۔

چودھری محمد ابراھیم — بالکل غلط ہے۔ (شور وقطع کلامیاں)

Mr. Speaker: Please address the chair.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی — آپ سننے کی ہمت کیجئے۔ آپ نے گالیاں دیں اور ہم نے سنیں اب آپ حقائق بھی نہیں سن سکتے۔؟

Mr. Speaker : Abbasi Sahib should please address the chair.

خواجہ محمد صفدر — ہم حقائق سننے کے لئے تیار ہیں۔

Mr. Speaker : Abbasi Sahib may please address the chair.

خواجہ محمد صفدر — اگر وہ کسی کتاب کا حوالہ دیتے تو اچھا ہوتا۔ میری گزارش ہے کہ اس کتاب کو وہ ہاؤس میں لاکر پیش کریں۔ زبانی طور پر آپ کہہ رہے ہیں پتہ نہیں کہ اس میں کیا لکھا ہے۔ اور آپ کیا ارشاد فرما رہے ہیں۔ بہر صورت کتاب کل آپ لائیں گے۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی — سنئے جناب تحمل سے سنیئے۔ اس ایوان میں وہ کتاب پیش ہوچکی ہے اور آپ جانتے ہیں کہ اس ایوان میں وزیر مال صاحب نے وہ کتاب پیش کی تھی اور پڑھ کر بتایا تھا اور اب اس امر کو تسلیم کرلیا جائے کہ آپ نے مذہب کی آڑ لیکر صرف اسے Fraud بنا رکھا ہے۔ حقائق کو سمجھنے کی کوشش کیجئے۔

خواجہ محمد صفدر — مگر جناب جنکا نام انہوں نے حقائق رکھا ہے ہم ایسے حقائق کو تسلیم نہیں کریں گے۔

اسپر حبیب اللہ خان سعدی — کیا اس لفظ Fraud کے معنی انکو آتے ہیں۔ یہ کیسا لفظ ہے ؟

Mr. Speaker : I do not know but this word should not be used.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی — میں سعدی صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ اس کے معنی مجھے بتادیں۔ تو جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہاں دین کی طرف کسی کو ترغیب دینا یا برائیوں کو روکنا یہ تو کسی کے ذہن میں ہے ہی نہیں۔ اگر حکومت اس قسم کا اقدام کرے کہ ان برائیوں کو روکا جائے اور اس کے اصلاحی پہلوؤں پر غور کیا جائے تو یہ ایک اچھی چیز ہے۔ اگر میرے واجب الاحترام میاں

صاحب یا میرے اپوزیشن کے دوسرے بھائی اس آرڈیننس پر اس طور پر نکتہ چینی نہ کرتے اور اس کا اصلاحی پہلو واضح کرتے اور حکومت کو اس طرف متوجہ کرتے کہ آپ ان چکاوں کو اور ان برائی کے اڈوں کو بند کرنا چاہتے ہیں لیکن آپکا کیا خیال ہے کہ یہ لوگ کدھر جائیں گے۔ کیا معاشرے میں ایسے لوگ ہیں جو انکو اپنے گھروں میں رکھنا چاہتے ہیں۔ معاشرہ انکے لئے کیا انتظام کرے گا۔ کیا وہ انکو اپنے گھروں میں رکھیں گے وہ کیا ان کو قبول کرنے کے لئے تیار ہیں۔ میں تو یہ گزارش کرتاہوں کہ یہ ہمیں اس امر کی طرف ترغیب دلاتے کہ ان میں سے بہت سی ایسی بھی ہیں جو مائیں بن سکتی ہیں۔ ان میں ایسی بھی ہیں جو بہنیں ان سکتی ہیں۔ ان میں ایسی بھی ہیں جو بیویاں بن سکتی ہیں۔ یہ بھی کسی کی بہنیں ہیں۔ یہ بھی کسی کی بیٹیاں ہیں۔

ان کے قیام کے لئے ، ان کے طعام کے لئے۔ ان کی دوسری ضروریات کے لئے حکومت کو توجہ دینی چاہیئے اور انہیں نگاہ میں رکھنا چاہیئے۔ حزب اختلاف کی طرف سے جو تقریریں ہوئی ہیں، ان سے میں نے جو کچھ سمجھا ہے۔ میرے واجب الاحترام قائد حزب اختلاف کہہ دیں گے کہ حوالہ دو۔ ان کے ارشادات گرامی سے میں نے یہ اخذ کیا ہے کہ وہ دوسرے سے اس اقدام ہی کے حق میں نہیں ہیں۔ میں یہ عرض کروں گا جناب والا۔ کہ اگر انہیں اس آرڈیننس کے کسی طریق کار سے اختلاف ہے اور ان کے سامنے کوئی بہتر طریق کار ہے تو وہ اسے پاس ہونے دیں اور پھر اس میں ترمیمی بل لے آئیں۔ ہم ان کا ساتھ دیں گے ہم پہلے بھی ایسے حالات و واقعات میں ان کا ساتھ دیتے رہے ہیں۔ ہمارا یہ طریقہ کار نہیں کہ ہم ہر بات پر نکتہ چینی کریں اور ہر چیز میں برائی تلاش کریں، وہ کہتے ہیں کہ یہ آرڈیننس اس لئے لایا گیا ہے کہ صوبائی اور قومی الیکشن آرہے ہیں اور ہم سستی شہرت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کا تو یہ مطلب ہوا کہ اگر حکومت کسی کو نماز کی ترغیب دے یا کوئی اور اچھا کام کرے تو وہ اسے الیکشن کی خاطر سستی شہرت کہہ دیں گے۔ ان گزارشات کے ساتھ میں اس آرڈیننس کی پوری تائید کرتا ہوں اور حکومت کو اس کے لئے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

مسٹر عبدالرازق خان (مردان— ۳) — جناب سپیکر۔ انسداد بدکاری ترمیمی آرڈیننس پر، جو اس معزز ایوان میں پیش ہے۔ بہت سے حضرات اپنے خیالات کا اظہار کرچکے ہیں۔ جناب والا۔ بات یہ بہت مختصر اور تھوڑی سی ہے۔ انسداد بدکاری کا ایک قانون پہلے موجود ہے یا تھا۔ اب گورنر صاحب نے یہ آرڈیننس جاری کرکے ایک ترمیم کے ذریعہ اسے سخت کردیا ہے۔ اور بدکاری کے مواقع جو اس سے پہلے نہایت آسانی سے فراہم ہو جاتے تھے۔ انہیں مسدود کردیا ہے۔ جہاں تک اس آرڈیننس کے اصول کا تعلق ہے۔ اس سے کسی کو اختلاف نہیں ہو سکتا۔ چیز یہ ہے کہ جن حضرات نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اگر وہ اس سے بہتر قانون چاہتے تھے تو اس کے لئے اپنی تجاویز پیش کرتے اور کم از کم اس آرڈیننس کی مخالفت تو نہ کرتے۔ یہ معاشرہ کی سخت ضرورت تھی۔ جسے پورا کیا گیا ہے۔

جناب والا۔ اس قانون کے نافذ ہوجانے کے بعد جہاں تک میں سمجھتاہوں اس مسئلہ کا پورا حل نہیں نکلتا۔ میں جناب وزیر متعلقہ کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ وہ اس قانون سے متعلق چند باتوں کی طرف توجہ فرمائیں۔ اور اُن کا حل سوچیں۔ اس کے نفاذ کے بعد جناب اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ برائی جو اس وقت تک ایک جگہ جمع تھی اور برسر بازار تھی۔ وہ وہاں سے نکل کر شہر کے مختلف حصوں میں پھیل جائے گی۔ اور ہوسکتا ہے کہ اس کے پھیلنے سے اور زیادہ نقصانات پیدا ہوں۔ اس لئے میری یہ گزارش ہے کہ اس برائی کے انسداد کے لئے اس کے معاشرتی پہلو پر بھی نظر رکھی جائے۔ میری یہ تجویز ہے کہ محکمہ معاشرتی بہبود کی طرف سے ضرور کوئی سنٹر کھولا جائے جہاں اس کام سے تعلق رکھنے والی خواتین کو جواب بے کار ہیں۔ جمع کیا جائے۔ ان کی ضروریات کا مناسب بندوبست کیا جائے۔ اور انہیں حکومت کی طرف سے مالی امداد دی جائے۔ اگر ایسا نہ ہوا تو اس ترمیمی آرڈیننس کو پیش کرنے کا جو مقصد ہے وہ فوت ہوجائے گا۔ اور اس سے خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکلے گا۔

میری دوسری گذارش یہ ہے کہ اسلامی مشاورتی کونسل کے صدر اور اراکین نے جو سفارشات پیش کی ہیں حکومت انہیں پیش نظر رکھے۔ جب تک پوری طرح اسلامی طرز کا قانون نافذ نہیں ہوجاتا۔ جو مقصد ہم چاہتے ہیں حاصل نہیں ہوگا۔ ان مختصر گزارشات کے ساتھ میں اس آرڈیننس کی تائید کرتا ہوں۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی (لائلپور-۷)— صاحب صدر۔ آج سے تقریباً دو سال پہلے میں نے یہ گذارش کی تھی کہ یہ حکومت ہر اچھا کام نہایت بھونڈے اور غلط طریقہ سے کرتی ہے اور ہر برا کام نہایت ہنرمندی اور فن کارانہ مہارت کے ساتھ کرتی ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ دو سال گزرنے کے بعد بھی میں اپنی اس رائے میں کوئی تبدیلی کرنے کی ضرورت نہیں سمجھتا۔ آج بھی حکومت کا طریقہ وہی اک چال بے ڈھنگی جو پہلے تھی سو اب بھی ہے۔

صاحب صدر۔ موجودہ ہنگامی قانون کے بطور ہنگامی قانون نافذ ہونے کا جو اعتراض ہے، مجھ سے پہلے میرے محترم دوست میاں عبداللطیف صاحب اس پر تفصیل کے ساتھ بحث کر چکے ہیں۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اس میں براتھل کی جو تعریف کی گئی ہے۔ معزز ایوان کو یاد ہوگا کہ میں نے جب انسداد قمارہازی کے متعلق ایک مسودۂ قانون پیش کیا تھا، تو اس وقت ہمارے وزیر قانون ملک قادربخش صاحب تھے۔ میں نے اس میں یہ ترمیم کی تھی کہ قمارہازی کی تعریف کو وسیع کردیا تھا تاکہ اسے زیادہ سے زیادہ روکا جا سکے۔ تو اس وقت ملک قادربخش صاحب کا استدلال یہ تھا کہ پولیس کو زیادہ اختیارات دیئے جا رہے ہیں اور شہریوں کی عزت محفوظ نہیں رہے گی۔ جب چاہینگے کسی کے گھر کو جوأخانہ قرار دے کر وہاں چھاپہ مار لینگے۔ اور اسے پکڑ لیں گے۔ لیکن اب اس انسداد عصمت فروشی آرڈیننس میں میرے دوستوں نے براتھل کی تعریف کو اسی طرح وسیع کردیا ہے۔ کیا اب اس پر یہ اعتراض عائد نہیں ہوتا؟ اب وہ براتھل کی تعریف کو وسیع کر کے اس پولیس کو زیادہ اختیارات دے رہے ہیں، جو پہلے ہی نیک نام ہے۔

جہاں تک اس اصول کا تعلق ہے، میں سمجھتا ہوں کوئی مسلمان اس کی حمایت کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ لیکن ہر کام کرنے کا ایک طریقہ ہوتا ہے۔ مسئلہ کے تمام پہلوؤں کو سامنے رکھ کر علاج سوچیں تو اس مرض کا علاج موثر ہوتا ہے۔ ورنہ ادھورے اور بھونڈے طریقہ سے مرض اور بڑھنے کا خطرہ پیدا ہوسکتا ہے۔

عصمت اور عفت کا اگر کوئی صحیح مفہوم ہے تو وہ یہی ہے کہ عورت ہمیشہ اپنی نسائیت اور پاکیزگی کے تقاضوں کو ملحوظ رکھے ان کو محفوظ رکھے اور وہ کوئی ایسا طریق کار اختیار نہ کرے کہ جس سے حیات انسانی کے یہ دو لطائف یعنی نسائیت اور پاکیزگی ان دونوں کو صدمہ پہنچے ان تمام اطوار سے گریز کرے جس سے نسائیت رائگاں ہو۔ مجھے اس تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں ہے کہ اسلام عورت کی ان ہردو چیزوں کی پوری حفاظت کرنا چاہتا ہے اور ان کو مد نظر رکھ کر کسی اسلامی ملک یا اسلامی معاشرے میں تصور بھی نہیں کیا جا سکتا کہ ایک مسلمان عورت اپنے آپ کو کرائے کا کھلونا بنا دے لیکن یہ رجحان بدقسمتی سے ایک عرصے سے موجود ہے اور گذشتہ چند سالوں میں اس میں ترقی ہوئی ہے۔ اور اس کا رجحان ترقی ہی کی طرف ہے اور ہمارے اس قانون کے باوجود میں یہ ثابت کر سکتا ہوں کہ صرف تھوڑی سی مدت میں جب یہ آرڈیننس نافذ ہوا اسوقت سے لیکر آج تک اس رجحان میں اضافہ ہوا ہے اس میں کمی نہیں ہوئی۔ حقیقت یہ ہے کہ کھلے بازار سے تو یہ کام ختم ہوگیا لیکن اب یہ وبا محلوں اور گلیوں میں اسقدر تیزی کے ساتھ پھیل گئی ہے کہ اگر اسکی توسیع کا اندازہ کیا جائے تو میرا خیال ہے کہ ہماری حکومت ایک دن بھی قائم نہیں رہ سکتی اس لئے کہ وہ لوگ جو قانون کے محافظ ہیں اب انہوں نے اس کاروبار کی سرپرستی قبول کرلی ہے۔ اور میں بلا خوف تردید یہ کہہ سکتا ہوں کہ لاہور ہی کے شہر میں جہاں پہلے ایک بازار تھا اور اب وہاں یہ کاروبار بند کر دیا گیا ہے۔ اس کے گردوپیش کے محلوں میں چار سو سے زائد مکان ایسے ہیں کہ جہاں اب کاروبار باقاعدہ ان علاقوں کے تھانیدار کی سرپرستی میں ہوتا ہے اور جہاں سے وہ ہر گھر سے دو روپے فی گھر کے حساب سے روزانہ

وصول کرتا ہے اور یہ رقم اس تھانیدار اور اس کے باقی عملے میں تقسیم ہوتی ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ طریقہ آپ نے وضع کیا ہے۔ اور آپکی نیت صحیح ہے۔ لیکن طریقہ آپکا ناکارہ ہے اور نامکمل ہے۔ اور اس میں بہت زیادہ کام کرنے کی ضرورت ہے اور اس مسئلے کے بہت سے پہلوؤں پر سوچنے کی ضرورت ہے۔ یہ نہ ہو کہ نیکی برباد اور گناہ لازم۔ آپ نے ایک حکم جاری کر دیا مگر اس پر عمل نہیں ہوتا۔ آپ کا مقصد کیا ہے۔ سستی شہرت حاصل کرنا یا واقعی اسکو بند کرنا۔ اس کے علاوہ وہ سب سے بڑی دقت جو یہاں ہے۔ وہ ہمارا اونچا طبقہ ہے۔ یہ برائے نام اونچا طبقہ جس نے ۱۹۴۷ء کے بعد انگریزی معاشرہ اختیار کر لیا ہے۔ لکھا نہ پڑھا نام محمد فاضل۔ صرف لباس، طرز رہائش اور طور طریقہ بدل لیا ہے۔ اور اپنے آپ کو اونچا سمجھنے لگے ہیں۔ اس طبقے کا یہ حال ہے۔ کہ شام ہوتے ہی وہ تمام حرکتیں کرتے ہیں۔ جو عصمت فروشی کے فروغ کا باعث ہیں۔ شہروں کے تمام بڑے ہوٹلوں میں یہ کاروبار باقاعدگی کے ساتھ ہو رہا ہے۔ اور لاہور میں رات کے وقت جو بلند پایہ سڑک ہے۔ اور جو مال روڈ کہلاتی ہے۔ وہ ایسی ایسی حرکتوں کا مرکز بنی ہوئی ہے ... ...

ایک آواز— آپ وہاں کیا کرتے ہیں۔

اسیر حبیب اللہ خاں سعدی— میں اس بات کی ٹوہ میں ہوں کہ آپ بڑے لوگ کیا کرتے ہیں۔ اس لئے میں حقائق سے باخبر رہتا ہوں۔

وزیر تعلیم— میں تو آپ کو بڑا آدمی سمجھتا ہوں۔

اسیر حبیب اللہ خاں سعدی— اس میں ہمارے غیر ملکی سرپرست امریکن صاحبان آجکل اس مال روڈ پر وہ خوش فعلیاں کرتے نظر آتے ہیں۔ کہ جیسے میں سمجھتا ہوں۔ کہ یہ ہمارا ملک نہ ہو۔ آپ عصمت فروشی کو روتے ہیں۔ اور ہم کہتے ہیں۔ کہ— حیران ہوں دل کو روؤں یا پیٹوں جگر کو میں — ذرا آپ یہ حالت دیکھیں۔ کہ دو امریکن بدمعاش مال روڈ

پر آجائیں۔ اور آپ کی تمام پولیس انکے آگے غلاموں کی طرح ہاتھ جوڑتی ہے۔ میں آپ سے سترہ جولائی کو تھانہ صدر کی ایک رپورٹ کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ کہ جس میں ہیکو ریسٹورنٹ کے سامنے دو امریکنوں نے ایک پاکستانی لڑکی کو پکڑا۔ اس پر انکے ساتھ کچھ لوگوں نے دھینگا مشتی بھی کی۔ اور انہوں نے پاکستانیوں کو مارا۔ اور اسکے بعد جب زیادہ لوگ جمع ہوگئے۔ تو پولیس کو بھی آنا پڑا۔ پرچہ درج ہوا۔ وہ بھی وہاں کے لوگوں کے اصرار پر ہوا۔ اور ایک آدھ گھنٹہ کے اندر اندر مغربی پاکستان کی حکومت ہل گئی۔ اسکے بعد امریکی سفارت خانے کا ایک ملازم آیا۔ اور ان دونوں کو لے گیا۔ انہوں نے پولیس کو نام تک نہ بتایا۔ کہ وہ کون ہیں۔ آپ کے پاس فارن ایکٹ اور دوسری چیزیں ہیں۔ تو پولیس اصرار کرتی رہی۔ لیکن انہوں نے اپنے نام نہ بتائے۔ بہرحال یہ ضمناً ذکر آگیا ہے۔ تو یہ وبا شہروں سے اٹھکر مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے۔ قصبات اور دیہات میں پھیل گئی ہے۔ اور وہاں بھی یہ ایک واقع ہے۔ کہ آپکی نیکنام پولیس کی سرپرستی میں یہ کاروبار ہو رہا ہے۔ آپ یہ اندازہ کریں۔ کہ جو ایجنسی، جو وسیلہ آپ قانون کو نافذ کرنے کیلئے ڈھونڈتے ہیں۔ وہ خود ہی ناقص ہے۔ اور پولیس کے محکمہ میں جو عصمت فروشی ہو رہی ہے۔ اسکی روک تھام آپ نہیں کرتے۔ تو آپ ان عورتوں کی بدکاری اور ایسی چیزوں کو نہیں روک سکتے۔

صاحب صدر۔ آپکو یاد ہوگا۔ کہ ایک کمیشن مقرر ہوا تھا۔ "Commission for irradication of Social Evils" معلوم نہیں کہ اسکی رپورٹ کو کیا ہوا۔ شاید جس طرح دیگر High powered کمیشن یہاں بنتے ہیں اور ان کا جو نتیجہ ہوتا ہے۔ وہ بھی اس طرح ردی کی ٹوکری میں ڈال دی گئی۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ مسئلہ اتنا بڑا ہے۔ میں آپکی ذات پر حملہ نہیں کرتا۔ لیکن یہ ضرور کہونگا۔ کہ آپ کے اندازے جو ہیں۔ کام کرنے کیلئے کافی نہیں ہیں۔

ازاں حساب تو ہردم تفاوت دارد — کہ قد سرو نہ بینی و سایہ پیمائی

آپ سایہ تو ناپتے رہتے ہیں۔ سرو کے قد کو نہیں دیکھتے۔ آپ مسائل کے طول و عرض کو نہیں دیکھتے۔

صاحب صدر۔ اس بدکاری یا عصمت فروشی کے جو اسباب ہیں۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ اسکے لئے وہ پابندیاں جو اس حکومت نے لگا رکھی ہیں۔ اور وہ ازادیاں جو اس حکومت نے دے رکھی ہیں۔ دونوں ہی اسکے اسباب ہیں۔ دونوں کی دونوں ہی عصمت فروشی کے رجحان کو ترقی دینے والی ہیں۔

نوابزادہ افتخار احمد خاں — پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ کورم نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Let there be a count (count was taken). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (Quorum bells rung). The House is in quorum. Yes Saadi Sahib.

امیر حبیب‌اللہ خان سعدی — صاحب صدر۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ محض ایک عدد ہنگامی قانون لے آنے سے مسئلہ کا حل نہیں ہوسکتا۔ یہ تو ہوسکتا ہے کہ آپ چند روز کے لئے چند پیشہ ور مولویوں اور فتویٰ فروش علمائے سوء اور بعض خطابیں لوگوں کی واہ واہ لے لیں گے لیکن جو حقیقت میں علما ہیں اور جو مسئلہ کے تمام پہلوؤں سے واقف ہیں وہ اس سے کبھی مطمئن نہیں ہوسکتے (قطع کلامیاں) جب تک عصمت فروشی کے اصل محرکات کو ختم نہیں کرتے اس وقت تک اس میں کامیابی نہیں ہوسکتی۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو اسباب میں نے عرض کئے ہیں اور جو پابندیاں ہیں وہ یہ ہیں۔ کہ آپ نے کچھ لوگوں کو مجبور کردیا ہے۔ کہ وہ عسرت میں رہیں وہ بڑی اکثریت ہے۔ دولت کی غلط تقسیم نے انسانوں کی زندگیوں کی آسائشوں اور ضرورتوں کے مطابق اور ان کی فراہمیوں کے مطابق جو ادنیٰ مساوات پیدا کر دی ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں وہ بھی ایک وجہ ہے۔ اس لئے کہ آپ اقتصادی اور صنعتی نظام کو اپنی ان تمام پابندیوں کےساتھ جو پرمٹوں اور لائسنسوں کی صورت میں جاری کر رکھے ہیں اور کنٹرول نافذ کر رکھے ہیں۔ اور اجارہ داریاں قائم کر رکھی ہیں۔ اس کی وجہ سے صرف ایک قلیل طبقہ کو امیر سے امیر تر بنا رہے ہیں۔ لیکن وہ اکثریت کے

خلاف ہے کیونکہ وہ اتنے وسائل رکھتے ہیں۔ کہ وہ اپنی عیش و آسائش کی زندگیوں کو برسرعام جاری رکھ سکتے ہیں۔ اس کی وجہ سے باقی ماندہ اکثریت وسائل کی کمی کے باعث بداخلاقی کی طرف بھاگتی ہے یہ ایک بڑی وجہ ہے جو اس ملک میں اور اس ملک کے انسانوں کی زندگیوں میں ایک زہر گھول دیا ہے۔ دوسرے یہ ہے کہ آپ نے کچھ آزادیاں بھی دے رکھی ہیں مثلاً شراب پینے کے طریقے ہیں جو آپ نے وضع کر رکھے ہیں۔ اپنی حکومت کے زیر سایہ جوا ہوتا ہے۔ کچھ مہذب طریقے سے کچھ غیر مہذب طریقے سےسینما چلتے ہیں۔ آرٹ اور کلچرل کے تماشے ہوتے ہیں۔ اور برسرعام جو بےحیائی کا لباس ہماری اونچی سوسائٹی میں پھیلا ہے۔ پھر نحش لٹریر ہے۔ ریڈیو پر فلمی گانے لگاتا ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ آپ نے مخلوط تعلیم کی اجازت دے رکھی ہے۔ یہ سب کچھ جسقدر گذشتہ ۶ سالوں میں بڑھا ہے ہمارا دعویٰ ہے اس سے پہلے اتنا نہیں تھا۔ اور یہ براہ راست بدکاری اور عصمت فروشی کی انگیخت ہے۔ چنانچہ میں ایک چھوٹا سا اقتباس آپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ یہ روزنامہ کوہستان نے ۱۶ فروری کو شجرہ لکھا تھا۔ اور اگر آپ حقیقتاً اس مسئلہ کو حل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کی آنکھیں کھولنے کیلئے یہ کافی ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ:

"طوائفوں کی بحالی کے سلسلے میں معاشرتی بہبود سے وابستہ ماہرین نے جو رپورٹ تیار کی ہے۔ اس کے بعض پہلو بہت چونکا دینے والے ہیں۔ مثال کے طور پر اس رپورٹ میں یہ انکشاف بھی شامل ہے کہ لاہور اور دوسرے بڑے شہروں میں بعض ایسے قحبہ خانے بھی ہیں، جنہیں غیر ملکی سرمایہ دار اور با اثر پاکستانی چلا رہے ہیں۔ ان کے علاوہ بعض طالبات، استانیاں، ٹیلیفون آپریٹر خواتین اور خانہ دار عورتیں بھی اسے پارٹ ٹائم کاروبار کے طور پر چلا رہی ہیں

جہاں تک قحبہ خانوں کے کاروبار میں غیر ملکیوں کا تعلق ہے تو ان کیلئے یقیناً یہ ایک نفع بخش صنعت ہے اور دنیا کے

ہر گوشے میں اس ''صنعت،، میں کام آنے والے خام مال کی کثرت ہے۔ بعض مخصوص ہوٹلوں کے بیرے رنگین مزاج مسافروں کی ٹوہ میں لگے رہتے ہیں اور خریداروں کو ہر رنگ، نسل اور عمر کا مال پیش کرتے ہیں۔ اتنے منظم کاروبار کے پیچھے غیر ملکیوں کا ہاتھ لازماً ہوگا۔ رہے بااثر پاکستانی تو وہ اگر اپنے اثر و رسوخ سے چور بازاری۔ ملاوٹ اور سمگلنگ کا ناپاک کاروبار کر سکتے ہیں تو قحبہ خانوں کے نفع بخش کاروبار کی سرپرستی کیوں نہیں فرماسکتے، جب مقصد زندگی ہی روپیہ کمانا ٹھہرا تو پھر پاک اور ناپاک کاروبار کی تمیز کیسے رہ سکتی ہے۔

آخر میں ان طالبات، استانیوں، ٹیلیفون، آپریٹروں اور خانہ دار خواتین کا ذکر کرنا چاہتے ہیں، جنہوں نے عصمت فروشی کو پارٹ ٹائم کاروبار کا درجہ دے رکھا ہے۔ یہ طائفہ مادر پدر آزاد ثقافت اور اونچے معیار زندگی کے جنون کی تخلیق کیا ہے۔ سب سے پہلے بے حجابی اور غیر مردوں کے ساتھ آزادانہ میل جول نے ان سے ان کی حیا چھینی اور پھر زرق برق لباس پہننے، آرائش جمال کا سامان حاصل کرنے اور اونچے طبقے کی نسل کی ریس کرنے کے جنون نے انہیں ناپاک سے ناپاک ذرائع سے پیسہ کمانے کی راہ پر ڈال دیا اور اگر ہم اپنی ثقافت سے اسی طرح دور ہٹتے گئے تو یہ المیہ اور زیادہ سنگین صورت بھی اختیار کر سکتا ہے۔

آخر میں ہم اس رپورٹ کا ایک پہلو زیر بحث لانا چاہتے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ عصمت فروشی کے خاتمے کے لئے صرف طوائفوں کی اکھاڑ پچھاڑ اور پکڑ دھکڑ ہی کافی نہیں، ان بدکار مردوں کا بھی کوئی محاسبہ ہونا چاہئے، جن کے نفس کی سرکشی اس کاروبار کا اصل باعث ہے۔ ہمارے نزدیک معاملے کا اصل پہلو یہی ہے اور ہمارے یہاں سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ اولاً بدکاری کی سزا بڑی غیر موثر ہے اور ثانیاً ہمارے نظام قانون و تعزیر میں

اس قدر جھول ھیں کہ بدکار کو کوئی معمولی سزا دلانا بھی قریب قریب ناممکن ھے۔ حالانکہ اس معاملے میں ھمارے مذھب کا مزاج اس قدر سخت گیر ھے کہ وہ بدکار مرد اور عورت کے لئے سنگ ساری اور کوڑوں کی سزا تجویز کرتا ھے۔ - - - - - - - -

مسٹر سپیکر— سعدی صاحب یہ اقتباس کتنا لمبا ھے۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی— ختم ھوگیا ھے۔ صاحب صدر اگر آپ اس کی طوالت سے گھبرائے ھیں تو آپ ھمیں کہہ دیں کہ اس مسئلہ پر ھم بحث نہ کریں۔

مسٹر سپیکر— جہاں تک اس اقتباس کا تعلق ھے۔

It should not be lengthy.

امیر حبیب اللہ خاں سعدی— یہ lengthy نہیں ھے یہ بالکل to the point ھے۔

مسٹر سپیکر—آپ کافی دیر سے پڑھ رھے ھیں ۔ آپ کو معلوم ھونا چاھئے کہ اقتباس جو آپ پڑھیں وہ lengthy نہیں ھونا چاھیئے۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی— اس لئے جب تک ھم بدکار مردوں کے لئے سخت تعزیری ضابطے نافذ نہیں کریں گے بدکاری کا انسداد ممکن نہیں ،،

اقتباس ختم ھوگیا ھے۔ میں وزرا صاحبان کی تسلی کرادوں۔

وزیر زراعت — اقتباس ختم ھوگئے ھیں ؟

امیر حبیب اللہ جان سعدی— کیا فرماتے ھیں۔ پھر دیکھئے آپ بزرگ ھیں۔ صاحب صدر یہ مجھے ٹوکیں گے۔ میں بھی اسی زبان میں بات کرتا ھوں جس میں آپ کر رھے ھیں (قطع کلامیاں)

صاحب صدر۔ میں آخر میں دو چار تجاویز عرض کرتا ھوں اگر اس حکومت کو اس میں جان نظر آئے اور اس معاملہ میں مخلص ھو تو شائد ان

سے کچھ کام لے سکے۔ سب سے پہلی تجویز یہ ہے کہ زنا اور عصمت فروشی کے جو اسباب ہیں۔ جو ترغیبات ہیں ان کو ختم کرنا ہوگا اس کے بغیر کیسی ہی تعزیر لگائیں ختم نہیں ہوگا۔

(۲) دولت کی تقسیم کا جو نظام ہے۔ اس کو اسلامی مساوات پر لائیں۔ تاکہ 85 فیصدی آبادی بھی 15 فیصدی آبادی کے برابر ہوسکے۔

(۳) قوم کے نوجوانوں میں زندگی کا صحت مند تصور پیدا کرنے کیلئے مردانہ کھیلوں اور عمدہ بدنی تربیت کو موجودہ صورت سے زیادہ بڑھنا چاہیئے اور عام ہونا چاہیئے۔ اور عام فوجی تربیت ہو۔ آپکی فوجوں میں زیادہ سے زیادہ لوگ شامل ہوتے جائیں۔ اور فوجوں میں توسیع ہونی چاہیئے۔ سب میں کام اور محنت پر فخر کرنے کا ایک ایسا جذبہ پیدا کیجیئے تاکہ لوگ بیکار وقت نہ گزاریں۔ بلکہ اتنی محنت کریں کہ فواحش کیلئے ان کے پاس وقت ہی نہ بچے۔ اور نہ ہی ان کا ان کی طرف دھیان ہی جائے۔ جرم زنا اور عصمت فروشی کے نہ صرف مرتکب کو موجودہ سزاؤں سے شدید تر سزاؤں کا قانون ہونا چاہیئے۔ بلکہ جن لوگوں نے سرکاری افسر ہوتے ہوئے یا اپنی سرپرستی میں یہ اڈے کھلوا رکھے ہیں۔ ان کیلئے ان سے بھی شدید تر سزا ہونی چاہیئے۔

اور صاحب صدر سب سے آخر میں یہ کہ ہر شعبۂ زندگی اور حکومت کے محکموں کے سربراہوں کو اپنے اپنے شعبے اور محکمے کی عصمت کا خیال رکھنا اور اسے تحفظ دینا چاہیئے اگر وہ اپنے فرائض کی بجا آوری میں یوں ہی قوم کا روپیہ کھا رہے ہیں۔ ضائع کر رہے ہیں یا رشوت لے رہے ہیں۔ اور محض کسی پارٹی یا فرد کو فائدہ پہنچا رہے ہیں۔ اور ان لوگوں کی مثال کی وجہ سے جو لوگ اپنے فرائض منصبی پوری طرح ادا نہیں کرتے۔ وہ خود عصمت فروش ہیں۔ وہ اپنے منصب کی عصمت کو نہیں سمجھتے۔ لہذا ان کی وجہ سے تمام معاشرہ خراب ہو رہا ہے۔

مسٹر سپیکر — چودھری محمد ابراھیم ۔

چودھری محمد ابراھیم (سیالکوٹ ۔ ۳) — صاحب صدر۔ سردار عنایت الرحمان صاحب نے اپنی تقریر میں بڑی خواھش ظاھر کی تھی کہ انہیں اس بارے میں مبارکباد ملنی چاھیئے ۔ بہرحال بات یہ ھے کہ انہوں نے مسئلے کے صرف ایک جزو کو لیا ھے ۔ اگر حکومت سارے مسئلے کو اپنے سامنے رکھتی اور اس کے متعلق پورا اھتمام کرتی ۔ تو اس کے تمام اجزا اپنی اپنی جگہ مناسب ھوتے ۔ اس صورت میں اس وقت جو ترمیم پیش کی گئی ھے ۔ وہ بھی اس آرڈیننس کی رو سے قابل قدر ھوتی ۔ حقیقت یہ ھے کہ Prostitution کی جو تعریف Oxford Dictionary میں کی گئی ھے ۔ وہ اسطرح ھے :—

"Prostitution is to sell for base gain one's honour or ability"

اگر اس نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو جیسا کہ مسٹر سعدی صاحب نے کہا ھے ۔ وہ تمام اعمال اس کی زد میں آتے ھیں جن سے یہ حکومت ترک نظر کر رھی ھے ۔ حقیقت میں ان کا مقصد مستی شہرت ۔ حاصل کرنا ھے ۔ کسی مسئلے کو اس کے تمام جزئیات کے ساتھ طے کرنا نہیں ۔ یہ جو کچھ کر رھے ھیں ۔ اس سے ھوسکتا ھے کہ زنا کاری کے اڈوں کو ختم کردیا جائے ۔ لیکن زنا جو بذات خود ایک ملعون فعل ھے ۔ اسے یہ آرڈیننس فروغ دینے کا باعث ھوگا ۔ میری یہ خواھش تھی کہ حکومت کوئی ایسا اقدام کرتی جس میں معقولیت ھو ۔ معقولیت کے ساتھ social evils کو ختم کرنے کیلئے کوئی مؤثر اقدام کرے ۔ صورت حال یہ ھے کہ تمام محرکات جن سے عصمت فروشی کی ترغیب ملتی ھے اور اسے فروغ ھوتا ھے ۔ وہ تو حکومت کی سرپرستی میں ۔ بلکہ میں تو یہ کہونگا کہ ایک منصوبہ بندی کے تحت ان تمام محرکات کو تقویت دی جا رھی ھے ۔ اور صرف ایک Patchwork کی صورت میں لوگوں کو اور عام آدمیوں کو دھوکہ دینے کیلئے کہ یہ حکومت فی الحقیقت Social Evils کی Eradication کی خواھشمند ۔ اس قسم کی چھوٹی چھوٹی باتیں اس معزز ایوان میں لے آتی ھے ۔

صاحب صدر۔ قرآن حکیم نے اس بارے میں ایک نہایت صاف حکم دے رکھا ہے۔

یا ایہا الذین آمنوا ادخلو فی السلم کافۃ

یعنی اس پورے کے پورے مسئلے کو لو۔ اور اس کے متعلق اسلام نے جو حدود مقرر کی ہیں۔ ان کا احترام کرو۔ اور ان کیلئے مناسب فضا پیدا کرو جن لوگوں کا بھی آپ کوئی کام کرتے ہیں۔ اگر اس میں نیک نیتی اور خلوص کو دخل نہیں۔ تو در حقیقت وہ کام بجائے نفع کے نقصان کا موجب ہوتا ہے۔ چنانچہ اس اقدام اور اس تدبیر سے جو بظاہر دکھانے کیلئے اس غرض سے کی گئی ہو کہ زنا ختم کیا جانا مقصود ہے۔ جیسا کہ مسٹر سعدی نے مسلسل اس Quotation اور اعداد و شمار کے ذریعے بھی اس ہاؤس کے سامنے بیان کیا ہے۔ اسے یقیناً فروغ مل رہا ہے۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ یہ جو ریڈیو پر اور ریڈیو سے بڑی چیز اب ٹیلیویژن آ رہی ہے۔ یہ جو اس قسم کے پروگرام ہیں۔ ان سے آپکی نیت ظاہر ہوتی ہے کہ آپ کہاں تک اس بدکاری فحش کاری اور زناکاری کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ ریڈیو پر صبح و شام جو گانے آتے ہیں۔ اور ٹیلیویژن پر آپ جو تماشے دکھا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ سنیما گھروں میں آپ جس قسم کے کھیل عوام کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ جس طرح ان کے گاڑھے پسینے کی کمائی برباد کی جا رہی ہے۔ اور جسطرح انہیں اقتصادی طور پر بد حال کیا جا رہا ہے۔ کیا یہ سب محرکات اس لئے ہیں کہ آپ زنا کو فی الحقیقت بند کرنا چاہتے ہیں۔ در اصل ان لوگوں کی یہ نیت ہی نہیں۔ یہ تو جیسا کہ نوابزادہ صاحب نے فرمایا۔ محض ایک Election Stunt ہے۔ ہم تو اسے Election Stunt ہی کہیں گے۔ چنانچہ ایک Stunt کے طور پر یہ شوشہ چھیڑ دیا گیا ہے۔

صاحب صدر۔ یہ عجیب بات ہے کہ یہ حکومت لائسنس تو دے رہی ہے کہ بدکاری کرو۔ کیا وہ بند کر دئے گئے ہیں؟

وزیر تعلیم— جناب والا۔ اب کوئی لائسنس جاری نہیں کئے جاتے۔

چودھری محمد ابراھیم— انہیں آپ protection تو دے رہے ہیں بہر حال ان لوگوں کو جو بدکاری کرنا چاہتے ہیں۔ آپکی حکومت protection دے رہی ہے۔ تو میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ لٹریچر جو اس وقت بازار میں آ رہا ہے۔ اور جو اس ملک کے authors پیش کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ جو لٹریچر باہر سے آرہا ہے۔ کیا آپ اسے بند نہیں کرسکتے۔ کیا وہ لٹریچر جو خاص طور پر اس قسم کی ترغیبات پر مشتمل ہے۔ اسے ختم کرنا آپکے بس میں نہیں ہے۔ اسی طرح یہ راگ رنگ کی محفلیں جو آپکے بڑے بڑے افسر یہاں منعقد کر رہے ہیں۔ اور جن میں سے ایک کے متعلق سوال و جواب کے موقع پر بتایا گیا کہ ایک عورت کو ایک رات کا ۲۲۵۰ روپیہ دیا گیا۔ کیا یہ زنا کاری ختم کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔ یہ عجیب بات ہے کہ آپ گڑ تو کھائیں مگر گلگلوں سے پرہیز کریں۔

Running with the rabbit and hunting with the hound

یعنی ادھر سے وہ کام بھی ہو اور یہ بھی ہوتا جائے۔ آخر یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ بیک وقت دونوں کام کرتے چلے جائیں۔ ایک طرف تو زنا کاری کے محرکات کو تقویت پہنچاتے جائیں۔ اور دوسری طرف زبان سے یہ بھی کہتے جائیں کہ ہم اسے ختم کرنا چاہتے ہیں۔

صاحب صدر۔ یہ حکومت فی الواقع اس بات کی اہل ہے نہیں کیونکہ جس کام پر انہیں مبارکباد دی جانی چاہئے۔ اسے وہ کچھ ایسے بے ڈھنگے طریق سے کرتے ہیں کہ انہیں جو credit ملنا چاہئے۔ وہ بھی ہم انہیں نہیں دے سکتے۔ اس ہاؤس میں اسی حکومت نے زنا کاری کے قانون کو جو انگریز کے زمانے سے چلا آتا تھا۔ توسیع دے کر اس کے اور کئی دروازے کھول دئے ہیں۔ چنانچہ میں ان حضرات سے پوچھتا ہوں کہ اس وقت جو قوانین ہمارے اس ملک میں رائج ہیں۔ ان کی رو سے ایک شخص دوسرا نکاح نہیں کر سکتا۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ انہوں نے وہ کونسی پابندی لگائی ہے جس کی وجہ سے وہ دس داشتائیں بھی نہ رکھ سکے۔ آپکی تعزیرات نے اس پر نکاح تو حرام کردیا ہے۔ لیکن یہ جو داشتاؤں کا سلسلہ ہے اسے آپنے جائز قرار دیا ہے۔ آخر آپکے سامنے مقصود کیا چیز ہے۔ آپ اسے اس نکتہ نگاہ سے دیکھیں کہ اس سے پہلے زنا کاری ایک بڑا انسداد کا ذریعہ تھا۔ کوئی عورت اس برائی سے ڈرتی تھی کہ اگر اس کے ہاں ناجائز بچہ ہوگیا تو سوسائٹی اسے ملعون قرار دیگی۔

اب آپ نے ایک منصوبہ بندی کر کے ہسپتالوں میں اس چیز کا انتظام کر دیا ہے کہ زنا کاری کے لئے اس کے نتیجہ سے بالکل بے پرواہ ہو جائیں اب ان کے راستہ میں ڈر اور خوف باقی نہ رہے گا۔

صاحب صدر۔ میں صرف یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ جب حکومت کوئی نیک کام کرنا چاہے تو نیک نیت اور خلوص نیت سے کرے۔

ع۔ وفا داری بشرط استواری اصل ایمان ہے۔

اس لئے ہمارے سامنے پورے خلوص کے ساتھ جو قاعدہ یا ضابطہ رکھیں گے اس پر خود بھی عمل کریں اور اپنے عملہ کو بھی مجبور کریں کہ وہ اپنے ضابطہ اور قاعدہ پر سختی سے عمل کریں تاکہ اصلاح معاشرہ ہو۔

مولانا غلام غوث (ہزارہ—م) — جناب والا۔ یہ آرڈیننس دراصل ایک طرح سے ایفائے وعدہ کے طور پر جاری کیا گیا ہے اس معزز ایوان کے گذشتہ سیشن میں میں نے ایک بل بدکاری کے انسداد کے سلسلہ میں پیش کیا تھا۔ اس وقت مجھے وزیر قانون نے اطمینان دلایا تھا کہ تم یہ بل واپس لے لو حکومت خود غور کر رہی ہے اور فواحش کو بند کرنے کے لئے ایک جامع قانون لانا چاہتی ہے۔ میں نے پوچھا تھا کہ کیا وہ قانون یا بل شریعت کے مطابق ہوگا اور اس میں سزاؤں کا ذکر بھی ہوگا تو انہوں نے فرمایا تھا اور وعدہ کیا تھا کہ اسی طرح کریں گے بلکہ اسی سیشن میں پیش کردیں گے۔ چنانچہ محترم سپیکر صاحب نے مجھسے دریافت کیا (اس وقت غالباً جناب ہی کرسی صدارت پر تھے) اور کہا تھا کہ کیا وزیر قانون صاحب کی یقین دہانی پر آپ واپس لے لیں گے تو میں نے کہا کہ مجھے ان کے ایمان پر شعبہ نہیں ہے۔

لیکن اب مجھے یہ بات افسوس کے ساتھ کہنا پڑتی ہے کہ اس سیشن میں اپنا کوئی بل پیش نہیں کیا گیا۔ دوسرے اجلاس میں بھی پیش نہیں ہوا اور اب جو آیا ہے تو آرڈیننس کی شکل میں نامکمل طور پر آیا ہے۔ مگر میری یہ رائے نہیں کہ جو قدم آگے کی طرف اٹھایا گیا ہے اسے پیچھے کر دیا جائے اور میں مخالفت برائے مخالفت بھی نہیں کرنا چاہتا۔

اس میں شک نہیں کہ جب سے پاکستان بنا ہے معاشرہ کی اصلاح کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ اور کسی حکومت نے نہیں دی۔ اس چھ سال کے عرصہ میں معاشرہ زیادہ خراب ہوا ہے۔ جب تک معاشرہ کی

اصلاح کے لئے بھر پور کوشش نہ کی جائے گی اس وقت تک فواحش مکمل طور پر بند نہیں ہو سکتے۔ بعض دوستوں نے فرمایا ہے کہ مخلوط تعلیم جاری ہے اور بے حیائی اور عریانی کی سرپرستی کی جارہی ہے۔ ثقافت اور آرٹ کے نام پر کئی قسم کے شو دکھائے جاتے ہیں اس قسم کی ہزاروں برائیاں ہیں۔ بازاروں میں برہنہ اور ننگی عورتوں کی تصویریں لگی ہوئی ہیں۔ ان حالات کی موجوگی میں معاشرہ پورے طور پر اصلاح پذیر نہیں ہو سکتا۔ میں یہ عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ایسے محرکات اور معاشرہ میں فساد ابتدا سے چلے آ رہے ہیں۔ انگریز نے یہ زہر معاشرہ میں پیدا کیا تھا۔ اس کے چلے جانے کے بعد اصلاح کی طرف کوئی توجہ نہیں ہوئی۔ ابھی تک وہ زہر موجود ہے اور معاشرہ کی اصلاح میں رکاوٹ بنا ہوا ہے اس لئے میں عرض کروں گا کہ اصلاح کے لئے ایسے طریقے اختیار کریں کہ ان برائیوں کو یکدم روک دیں۔ اور تمام صحیح چیزوں کو نافذ کر دیں۔ اگر کوئی حکومت ایک برائی روکتی ہے تو اس برائی کے روکنے کے لئے میں اسے مبارک باد دوں گا۔ آرڈیننس کے نافذ کرنے کے سلسلہ میں اپوزیشن کے ممبران نے بڑی بڑی تقریریں کی ہیں اور وہ بڑی حد تک صحیح ہیں۔ دراصل مقصد یہ ہے کہ جس چیز کے قانون بنائیں اسے پوری طرح قائم رہنے دیا جائے۔ ایک مستثنیٰ ضروری ہے اور وہ یہ کہ اگر کوئی خلاف تہذیب برائی کو روکنا چاہے تو اسے بغیر مشورہ کے روکنا چاہئے اس طرح اگر گورنر صاحب یا صدر صاحب کسی خلاف شریعت عمل کو روکنا چاہیں تو ان کو اسمبلی کے مشورہ کی ضرورت نہیں۔

میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ شریعت کے مسائل کے لئے رائے شماری کی ضرورت نہیں اس لئے ایسے مسائل کو بھو مان لینا چاہئے جو قران اور حدیث میں موجود ہوں۔ اگر اصلاح کیلئے قران اور حدیث کی روشنی میں کوئی قانون بنایا جائے جس سے معاشرہ درست ہو تو اس میں دیر یا تاخیر نہیں کرنی چاہئے اور اسمبلی سے مشورہ کی ضرورت نہیں ہونی چاہئے — اب جو یہ آرڈیننس پیش کیا گیا ہے۔ یہ ٹھیک ہے اور اس میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن اگر اسے بہتر شکل میں پیش کیا جاتا تو زیادہ اچھا ہوتا۔ اس وقت جو ہددلی کا اظہار ہوتا ہے اور اصلاح معاشرہ کے ساتھ سرد مہری کا طریقہ استعمال

کیا جاتا ہے اس سے مستقبل خوش آئندہ نہیں ہوگا۔

جناب صدر۔ میں یہ بات بھی عرض کروں گا کہ قوموں کے عروج و زوال کے لئے کریکٹر کا اچھا ہونا نہایت ضروری ہے اخلاقی قوت اور مضبوط ارادوں سے ہی کوئی قوم کم ذرائع سے مضبوط اور کامیاب ہوسکتی ہے۔

حضرت عمر رضہ کے مبارک زمانہ میں ایک لڑائی کے وقت دشمن نے یہ سوچنا شروع کیا کہ مسلمانوں کی فتوحات کے اسباب کیا ہے۔ فوج ہماری زیادہ۔ اسلحہ ہمارا زیادہ۔ سامان جنگ ہمارا زیادہ۔ وسائل ہمارے زیادہ۔ اور حکومت ہماری مضبوط اور مستحکم جو ہزار سال پرانی ہے لیکن یہ عرب کے بدو جو یہاں آگئے ہیں۔ کھانے کو ان کو نہیں ملتا۔ لباس ان کا نامکمل۔ نہ کوئی اسلحہ ہے نہ تلواریں۔ اگر ہیں تو زنگ آلودہ۔ نیزے ہیں تو ٹوٹے ہوئے۔ اور پھر یہ ہمیں آکر مارتے ہیں۔ ہمارا ملک چھیننا چاہتے ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے۔ چنانچہ پورا غور و فکر کرنے کے بعد انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ یہ دیانت دار ہیں۔ یہ امانت دار ہیں۔ یہ صداقت شعار ہیں۔ یہ صبر آزما ہیں۔ عابد شب زندہ دار ہیں۔ روزہ دار ہیں۔ یہ سچ بولتے ہیں اور ان کا کریکٹر بلند ہے۔ یہ خدا سے ڈرتے ہیں۔ سب کام اسی کے لئے کرتے ہیں اور خدا بھی ان کی مدد کرتا ہے۔ ہمارے ہاں شراب ہے۔ بدکاری ہے۔ اور تمام برائیاں ہیں اس لئے خدا ہماری مدد نہیں کرتا۔ ان کی کرتا ہے۔ تو کیا کیا جائے۔ ان حالات میں یہ فیصلہ ہوا کہ کل جب عربوں کی فوج ہمارے ملک کی طرف بڑھے اور مارچ کرتی ہوئی آئے تو دونوں طرف عورتوں کی فوج کھڑی کردی جائے۔ عورتوں کو سیاست میں استعمال کرنے کا یورپ میں پرانا طریقہ ہے۔ چنانچہ اس پر عمل ہوا اور اس کی خبر مسلمان فوج میں بھی پہنچ گئی۔ امیر لشکر نے مسلمان فوج کے سامنے کوئی لمبی چوڑی وعظ یا تقریر نہیں کی قران کی صرف ایک آیت پڑھی اور خدا کا حکم یاد دلا دیا۔ جس وقت مسلمان فوج مارچ کرتی ہوئی گئی تو کیا دیکھتی ہے کہ

شیطانی جال بچھا ہے۔ روم کا تمام حسن و جمال در و دیوار کی زینت بنا ہوا ہے اور پھر عربوں کی فوج ان کے درمیان میں سے اس طرح گذر گئی۔ کان علیٰ عروسہم طیرا۔ جس وقت وہ سپاہی گذر رہے تھے تو انہوں نے یوں سمجھ رکھا تھا کہ جیسے ان کے سروں پر پرندے ہیں اور ڈر سے وہ سر نہیں ہلاتے تھے تاکہ ایسا نہ ہو کہ وہ اڑ جائیں۔ یہاں تک کہ بغیر سر ہلائے ان کا آخری سپاہی گذر گیا اور کسی نے آنکھ اٹھاکر نہیں دیکھا۔ اس کے بارے میں عورتیں یہ کہنے لگیں کہ یہ انسان نہیں کچھ اور ہی ہیں۔ مورخ لکھتا ہے کہ اگر حضرت عمر جیسا امیر ہو ان لوگوں جیسی فوج اور رعایا ہو تو یہ ایک دنیا کافی نہیں یہ تو دس دنیا کو بھی فتح کر جائیں گے۔

جناب صدر۔ آج ہمارا معاشرہ تباہ و برباد ہوگیا ہے۔ جب تک اس کی اصلاح نہ کی جائے گی۔ اس وقت تک ایسی جزوی باتوں سے مکمل فائدہ نہیں ہوسکے گا لیکن میں عرض کروں گا کہ جو اقدام جناب گورنر صاحب نے چکلوں کو بند کرنے کے لئے کیا ہے اور اس کے بعد ترمیمی آرڈیننس پیش کرکے چکلوں کی تعریف کی ہے اور اس کی توسیع کی ہے یہ ان کا دوسرا اچھا قدم ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ ان کا تیسرا قدم بالکل بند کرنے کے متعلق ہو۔

ہمارے ایک معزز بھائی نے کہا کہ یہ زنا خانوں کو بند کیا گیا ہے زنا کو نہیں بند کیا گیا ہے۔ یہ صحیح بات ہے اور صحیح تنقید ہے۔ میں عرض کرونگا کہ میں نے ایک بل پیش کیا ہے جسکی سٹینڈنگ کمیٹی کی رپورٹ آج میں نے پیش کی ہے۔ اسمیں میں نے زنا کی تمام قسموں کو جرم قرار دینے کی تجویز پیش کی ہے حقیقت یہ ہے کہ زنا راضی نامہ سے ہو یا چکلہ میں ہو یا چکلہ کے باہر ہو اسکو جرم قرار دے دینا چاہئے۔ کوئی جرم اسی وقت مضبوط ہوتا ہے جبکہ اسکی سزا مضبوط نہیں ہوتی اور جب اسکی سزا مضبوط ہوگی تو وہ مضبوط نہیں ہوگا لہذا کوئی جرم جب تک اسکی سزا مضبوط نہ ہو اسکو نہیں روکا جا سکتا۔ ہمارے پوزیشن کے بعض دوستوں اور بعض ممبروں نے یہ فرمایا کہ جب تک

محرکات نہ روکے جائیں تو یہ آرڈیننس بیکار ہے۔ میں عرض کرونگا کہ محرکات کا روکنا بھی ضروری ہے اور جرم کے ارتکاب کا روکنا بھی ضروری ہے۔ ان دونوں باتوں کا روکنا ضروری ہے۔ ایک جگہ قتل ہوتا ہے۔ ایک علاقہ میں قتل کئے جاتے ہیں۔ ہم سوچتے ہیں کہ ان قتلوں کے محرکات کیا ہیں۔ وہاں پر فائرنگ اور خاندانی رقابتیں اور مالی وقابت تو بہرحال ان اسباب کا بند کرنا بھی ضروری ہے لیکن قتل کے وقوعہ کو روکنے کیلئے ضمانتیں بھی لیجاتی ہیں قتل کو روکا بھی جاتا ہے اور اسمیں سزا بھی دیجاتی ہے۔ تینوں طریقےاختیار کئے جاتے ہیں تو اس آرڈیننس کے مطابق یہ اسباب بند نہیں ہوئے۔ یہ سب جرم ہیں اور ہم انکو روکیں یا روکنے کی کوشش کریں۔ مجھے اسکا بہت افسوس ہوتا ہے۔ جب میں اخبار میں پڑھتا ہوں کہ طوائف کو بحال کرنے کیلئے یہ کوشش کیگئی اور وہ کوشش کیگئی۔ بڑی مشکلات لوگوں کو پیش آئیں۔ میرے دوست عبدالرازق خانصاحب نے فرما دیا کہ یہ ایک جگہ چمٹی ہوئی مصیبت اب پھیل جائیگی۔ میں عرض کرونگا کہ اس قسم کی باتیں وہ لوگ کرتے ہیں جو ان جرائم کو روکنا نہیں چاہتے۔ میں ادب سے عرض کرونگا مجھے رازق خانصاحب کی نیت پر اعتراض نہیں ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ ایک سلیم الطبع ممبر ہیں اور ہمیشہ سچاری کے ساتھہ تنقید کرتے رہتے ہیں لیکن اس سلسلے میں انکی رائے صحیح نہیں ہے۔ سابق صوبہ سرحد کے چکلوں کو روکنے کیلئے ایک قانون پیش ہوا تو وہاں چکلہ بازوں نے کونسل میں یہ دلائل پیش کئے کہ اب ہر طرف فحاشی پھیل جائیگی اور زناکاری بڑھ جائیگی اور یہ شریفوں کے گھر میں گھس جائینگی لیکن ۱۹۳۴ء سے آج ۱۹۶۵ء تک یہ شریفوں کے گھروں میں نہ گھس سکیں کوئی فحاشی میں اضافہ نہیں ہوا کسی قسم کی برائی نہیں ہوئی۔ حکومت کا کام فحاشی کو روکنا ہے۔ اور معاشرے کو درست کرنا بھی حکومت کا کام ہے اور جو قدم اس سلسلے میں اٹھایا جائے وہ قابل مبارکباد ہے۔

Minister of Education : The time is short. The question may now be put.

Khawaja Muhammad Safdar: Extend the time.

Mr. Speaker: I think there should be some agreement about that.

مولانا صاحب اب آپ ایک منٹ میں ختم فرمائیں۔

مولانا غلام غوث — میں ایک بات عرض کردوں کہ یہ بہت افسوسناک بات ہے کہ جب میرے دوست سردار عنایت الرحمان خان عباسی نے ایک کتاب کا حوالہ دیا تو بڑے نعرے اور گرج کر نعرے لگے کہ یہ غلط ہے۔ میں بتاتا ہوں کہ غالباً وہ حوالہ ان دو وزیروں میں کسی نے پڑھ کر سنایا تھا یا تو وہ پیر محمد خان تھے یا وزیر جنگلات تھے، وہ کتاب ہے "تفہیمات" حصہ دوم صفحہ ۲۸۱ — اسمیں تشریح کے ساتھ لکھا ہوا ہے کہ ایسے معاشرے اور ان حالات کے لئے خدا نے سزا ہی نہیں مقرر کی ہے۔ میں اس کا ذمہ دار ہوں۔ مودودی صاحب نے صاف لکھا ہے کہ جب حالات دگرگوں ہوں جب عورتوں او مردوں کا اختلاط ہو جب کلبوں میں راستوں میں سڑکوں میں سکولوں میں ڈانس گھروں میں عورتوں اور مردوں کا اختلاط ہو اور زنا کو ایسا غیر معمولی جرم نہ سمجھا جاتا ہو ایسی فضا میں زنا کی شرعی سزا جاری کرنا بلا شبہ جرم ہے۔ قرآن کی سزا کو جرم کہا ہے اور بلا شبہ جرم کہا ہے اور تعزیرات اسلامیہ کے عنوان کے تحت ایسا کہا ہے اور میں اس پر بڑا افسوس کرتا ہوں کہ ہمارے اس جلسہ میں ایک دوسرے کی باتیں سنجیدگی سے سننے کی تاب لانا کمزور ہوگیا ہے اور ایسے ماحول میں باتیں کرتے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ جسنے بھی لکھا کوئی بھی کہتا ہو یہ اضافہ کیوں کیا۔ اسلام کے احکام ابدی ہیں جو احکام حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے دئے ہیں۔ وہ قیامت تک کیلئے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ حکومت ان سزاؤں کو اس وقت تک جاری نہ کرے اور ان آرڈیننسوں سے اس وقت تک فائدہ نہ ہوگا۔ حزب اقتدار اسکو واپس کرکے دوبارہ اس آرڈیننس کو مکمل کرکے پیش کرے۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی – پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب آپوزیشن کے حضرات جناب نوابزادہ صاحب چودھری محمد ابراھیم صاحب کی خدمت میں گذارش کرنا چاھتاھوں کہ انھوں نے بڑے گرم ھوکر مجھے ٹوکا تھا۔ اب انکی اطلاع کیلئے کتاب بھی حاضر ھے اور اسکا صفحہ بھی حاضر ھے۔ میں آپ کے توسط سے اپنے واجب الاحترام لیڈر آف دی آپوزیشن کی خدمت میں یہ گذارش کرونگا کہ کسی پر کوئی چارج لگانے سے پہلے انکو کچھ خیال کرنا چاھئے۔

Mr. Speaker: This is no point of order.

راؤ خورشید علی خان – پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب جو پہلے موقف تھا وہ یہ تھا کہ ایک کتاب کا حوالہ دیا جا رھا ھے لیکن اسکا نام نہیں دیا جارھا ھے اور اسکا صفحہ نہیں بتایا جا رھا ھے۔ دراصل اعتراض یہ تھا کہ یہ شرعی مسائل بڑی نازک حیثیت رکھتے ھیں جب تک اسکے **context** کو نہ دیکھا جائےتو کوئی بات کیسے تسلیم کی جاسکتی ھے اور ایسی صورت میں کہ بات پوری نہ کہی جائے اور بات ادھوری کہی جائے تو ظاھر ھے کہ کیسے کسی نتیجہ پر پہونچا جا سکتا ھے۔

مسٹر سپیکر – نہ انکا پوائنٹ آف آرڈر تھا اور نہ آپ کا پوائنٹ آف آرڈر ھے۔

راؤ خورشید علی خاں – جناب میں ختم کر رھا ھوں در اصل مولانا صاحب کیلئے ضروری یہ تھا کہ آپ توقف فرماتے اور بے صبری سے کام نہ لیتے کل وہ کتاب اس ھاؤس میں لے آتے اور اسکے **context** کے ساتھ اسکو پڑھا جاتا تو پھر بات صحیح ھوتی۔ اب اگر ایوان اجازت دےتو میں کتاب لے آؤں۔ در اصل یہ اس حد تک غلط بیانی کیگئی ھے۔

Mr. Ahmed Mian Soomro (Jacobabad I) : Sir, as far as the present Ordinance is concerned, there can be no doubt that it is not desirable for the Executive to tresspass in the limits of the Legislature and so freely resort to Ordinance. (Hear, hear fom the Opposition Benches). No doubt, the Constitution has given them these powers but these powers are supposed to be exercised only in case of necessity and when there is an urgent need and not as

in the present case to make Ordinances the Order of the day even when the Legislature is about to meet. But at the same time the Constitution has also provided that when an Ordinance comes before us all we have to do is either to accept it or reject it. To say that the gambling also should be stopped and certain other things should be stopped, I think, Sir, are irrelevant things to this fact whether we want to approve or wether we want to disapprove. That is all which is the function of this Legislature under the Constitution.

Now, Sir, so far as this Ordinance is concerned what does it seek to do. It merely seeks to amend the definition of the word "brothel" as it existed in in the Act. The definition of a 'brothel' as it existed in the Act permitted a prostitute to carry on illicit intercourse in her room. It says that if a prostitute carried on illicit intercourse in her room she would not be considered to be in a brothel and therefore exempt from the provisions of the Act. This Ordinance merely seeks to bring within the purview of a brothel that room of the prostitute also where she is likely to carry on illicit intercourse. I, therefore, put it to the House and I am sure even the members on the Opposition would realise and agree that this is the Ordinance which merely seeks to enlarge the scope of the word 'brothel' and thereby to stop the licence under which a prostitute oterwise had to carry on illicit intercourse in her room. That licence is now being stopped so that even if she carries on illicit intercourse in her bed-room or any other room within her home that would be considered as a brothel.

Looking to these facts, Sir, I think that this Ordinance is one which the House must welcome and it is a step forward by this Government to the realisation of their responsibility. Therefore, there should be no hestation and no further time should be lost in approving this good measure.

مسٹر سپیکر — مسٹر حمزہ ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور — ۶) — جناب سپیکر۔ آج میاں عبداللطیف صاحب نے اس ایوان میں متعدد بار اور بلا ضرورت بہت سے آرڈیننسوں کی توثیق کے لانے کے لئے اعتراضات کئے بلکہ انہیں جاری کرنے پر اعتراض کیا اور اعتراض کرتے وقت انہوں نے جو زیادتیاں کی ہیں میں ان کی طرف اپنی تقریر میں اشارہ کروں گا۔ جناب سپیکر۔ ہمارے معزز ممبران نے بڑے سخت الفاظ استعمال کئے جو کہ آپ نے **expunge** کردئیے ۔ میں ان کو نہیں دھراتا ۔ اس کے بعد انہوں نے وزارت پر بھی بڑے سخت حملے کئے ۔ ویسے عام طور پر کہاوت ہے اردو میں کہ پانی نیچے کو آتا ہے۔ انتہائی افسوس کا مقام ہے ۔ انکو چاہیئے تو یہ تھا کہ وہ اس آئین کی نکتہ چینی کرتے اور اس کے بعد اس حاکم اعلیٰ کی نکتہ چینی کرتے جو کہ ان تمام اختیارات کو اس طریقہ سے استعمال کرتا ہے ۔ جناب سپیکر ×××*

اور پھر اس کے ساتھ ساتھ ہم نے حکومت کو بھی پرکھ لیا ہے کہ یہ کس قسم کا set-up ہے ۔ اس میں ہم نے کس قسم کا کام ان کے ممبران کو سونپنا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں)

وزیر تعلیم — پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا یہ ممبران ××* کو کہہ رہے ہیں ۔ یہ غیر پارلیمانی ہے ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

Mr. Speaker: Order Please. The remarks of Mr. Hamza are expunged from the proceedings of the Assembly. Mr. Hamza, is aware that I had also expunged the remarks of Mian Abdul Latif.

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh): He should be expelled from the House.

کیونکہ جناب بار بار کہہ چکے ہیں اور یہ کہا نہیں مانتا ۔ اس کو ایک دفعہ تو سارجنٹ کو بلوا کر **physically** باہر نکلوادیں ۔

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ ہماری گورنمنٹ نے اس چیز کو بھانپ لیا ہے کہ انہوں نے ہمارے اس معزز ایوان کے ممبران کو کس قسم کی ذمہ داری سونپ دی ہے ۔ انکا مقصد محض ایک ہے کہ وہ اس ملک کے چند ایک مخصوص انسانوں کی جونا جوازیاں ہیں اور جو انکے مفادات ہیں انکی حفاظت کی جائے اور دوسرے انہوں نے اپنے ذاتی اغراض کو پورا کرنا ہے ۔

Sardar Inayatur Rehman Khan Abbasi: Question!

مسٹر حمزہ — جہاں تک انکے طریقہ کار سے میاں عبداللطیف صاحب کا تعلق ہے میں اس سے اختلاف کرتاہوں وہ یہ کہ جب آپ یہ کہتے ہیں کہ ہمارے ملک میں جمہوریت رائج ہے ۔ جمہوریت میں یہی کچھ ہوا کرتا ہے کہ اکثریت جو فیصلہ کردے اس کو بلا چون و چرا قبول کرلینا چاہیئے ۔ اب ان کو یہ کیوں اعتراض ہے جب اس ملک کے بعض ممبران کی ایک مقررہ شرح یا ایک خاص تعداد میں نوکری کرنے کے لئے اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں اور انکی ایک بڑی اکثریت پیش کرتی ہے ۔ میرے خیال میں انکو اس پر اعتراض بالکل نہیں کرنا چاہیئے ۔

*Expunged as ordered by the Speaker.

جناب سپیکر۔ جہاں تک اس آرڈیننس کے ذریعے عصمت فروشی کے روکنے کا تعلق ہے میں انتہائی افسوس کے ساتھ یہ عرض کرونگا کہ وہ حکومت جس کا محض ایک طرہ امتیاز ہے کہ اس نے اس قوم کو ذہنی عصمت فروشی پر مجبور کیا ہو اور مجبور کر رہی ہو اس حکومت کیطرفسے یہ دعویٰ کرنا کہ وہ اس قسم کا قانون ایوان میں لاتے ہیں یا انکی طرفسے آرڈیننس جاری کرنا تو اس کو کبھی احسن نگاہوں سے نہیں دیکھا جاسکتا ۔

سردار عنایت الرحمان خاں عباسی — جناب سپیکر۔ یہ ذہنی عصمت فروشی سے انکی کیا مراد ہے ۔

مسٹر حمزہ — ذہنی عصمت فروشی کے سمجھنے کے لئے ذرا اونچا دماغ چاہیئے اور اس کے جو بدترین اور خطرناک نتائج پیدا ہوتے ہیں اگر انکو دیکھنا ہو تو آج ہمارے ملک میں چلے جائیے آپ کو پتہ چلے گا کہ ہماری قلم پر کس قسم کے پہرے بٹھائے گئے ہیں ۔ انہوں نے پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس نافذ کرکے لوگوں کے ذہنوں کو کس طرح غلام بنانے کی کوشش کی ہے ۔

Minister of Education : It that relevant Sir?

Mr. Speaker : That is not relevant.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا حکومت اپنا فرض اولین سمجھتی ہے کہ ذہنی طور پر لوگوں کو غلام بنایا جائے اور انکی آواز کو کچلے اور خاص طبقے کی حمایت کیجائے اور اس کے ساتھ ساتھ ایک بڑی تلخ بات بڑے افسوس کیساتھ جناب قادر بخش صاحب کی خدمت میں آپکی وساطت سے عرض کروں گا .....

Mr. Speaker : About the suppression of prostitution?

مسٹر حمزہ — Yes Sir. آج ہی اس ایوان میں انہوں نے ایک فقرہ چست کیا اور جہاں تک میرا اندازہ ہے وہ آپ نے نہیں سنا انہوں نے یہ فرمایا تھا کسی جماعت کے امیر کے بارے میں کہ انہوں نے ۱۴ سال کی لڑکی سے شادی کی ۔

وزیر خوراک و زراعت — میں نے یہ نہیں کہا تھا۔ میں کسی جماعت کا امیر نہیں ہوں کہ ۱۴ سال کی لڑکی سے شادی کروں۔

مولانا غلام غوث — اشارتاً تو اس سے یہی مراد نکلتی ہے۔

مسٹر سپیکر — مولانا صاحب آپ تشریف رکھیں۔

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر۔ جس چیز کی طرف انہوں نے اشارہ کیا جہاں تک مجھے معلوم ہے وہ سراسر غلط ہے۔ میں قادر بخش صاحب کی خدمت میں عرض کردوں کہ آپ عمر رسیدہ انسان ہیں اس معزز ایوان کے ممبر رہ چکے ہیں اور اس وقت وہ وزیر ہیں۔ آپ نے پچھلے پانچ چھ روز سے جو طریقہ کار اختیار کیا ہوا ہے وہ آپکے لئے مناسب نہیں ہے۔ اگر آپ کسی جماعت کے امیر کیطرف اشارتاً ہی ۱۴ سال کی لڑکی سے شادی کرنے کا ذکر کرتے ہیں تو دوسرے لوگ یہ کہینگے کہ بعض جماعت کے امیر ایسے ہیں جنکے ہاں شادی کرنے کی ضرورت ہی نہیں سمجھی جاتی تو وہاں ۱۴ یا ۱۸ سال کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

Mr. Speaker : Now some thing about the Ordinance.

مسٹر حمزہ — میری جناب مختصراً عرض یہی تھی۔ میں اس آرڈیننس کو محض ایک Election stunt سمجھتا ہوں اور اس آرڈیننس کی حمایت میں تقریر کرنے کو ایک ٹکٹ Stunt سمجھتا ہوں اس سے زیادہ اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔

Mr. Speaker : The member may please take his seat. The Minister of Education.

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) — جناب والا۔ میں اس ایوان کا بہت زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ میں دو باتوں کا جواب ضرور عرض کرنا چاہتا ہوں۔ ایک اعتراض تو اس کے آرڈیننس کی صورت میں اجرا کے بارہ میں فرمایا گیا ہے۔ اس بارہ میں اختلاف رائے ہو سکتا ہے کہ آرڈیننس کا اجرا مناسب ہے یا نہیں۔ مگر ایک چیز جو یہاں بار بار فرمائی جاتی رہی ہے یہ ہے کہ اس ایوان کو قانون سازی کے متعلق کوئی اختیار نہیں ہے

جناب والا ۔ آئین کے مطابق قانون سازی کے دو طریقے ہیں ۔ ایک یہ ہے کہ ایوان کوئی بل پاس کرے اور گورنر صاحب اس کی منظوری دے دیں۔ اور اسے قانون بنا دیں ۔ دوسرا یہ ہے کہ وہ بطور آرڈیننس گورنر صاحب کی طرف سے جاری ہو۔ اور پھر یہ ایوان اس کی توثیق کر دے۔ اس ایوان کو ہر قانون کی تصدیق یا تردید دونوں کا اختیار ہے ۔

مسٹر حمزہ— پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر۔ ہمیں اس بات کی اجازت ہونی چاہئے کہ ہاؤس جب کورم میں نہ ہو، تو تقریر کریں۔ لیکن کم از کم جب وزیر صاحب ہوں تو ہاؤس کورم میں ہو۔ (قہقہہ)۔ کورم نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Let there be a count. (*Court was taken*). The House is in quorum.

A voice: Mental case.

نواب زادہ افتخار احمد خان— پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا مینٹل کیس یہ ہیں ۔ انہیں مینٹل ہسپتال بھیجنا چاہئے ۔ پڑھے لکھے آدمی ایسے آرڈیننس کی توثیق کریں ۔ وکیل ہوتے ہوئے توثیق کریں ۔ مینٹل ہسپتال میں انہیں بھیجنا چاہیئے ۔

Mr. Speaker: It is not a point of order.

The language used by the learned member is however un-parliamentary, and it is expunged from the proceedings of the Assembly.

وزیر تعلیم— جناب کے ارشادات اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ جس جگہ وہ مجھے بھیجنا چاہتے تھے، وہاں حقیقت میں گئے جا نا چاہئے ۔ بہر حال میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آرڈیننسوں کے اجراء کے بارہ میں دو رائیں ہو سکتی ہیں ۔ مگر اس بات کے بارہ میں دو رائیں نہیں ہوسکتیں کہ ایوان چاہے تو آرڈیننس کو مسترد کرسکتا ہے۔ جناب والا ۔ جب میرے بڑے فاضل دوست، اور پڑھے لکھے وکلاء اور ذمہ دار اراکین ایوان یہ فرماتے ہیں کہ اس ایوان کو قانون سازی کا کوئی اختیار نہیں، تو اس سے مجھے دلی دکھ ہوتا ہے۔ ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ حزب اختلاف کے ممبروں کی

تعداد اتنی نہ ہو کہ وہ اس ایوان کے فیصلے کو بدل سکیں ۔ مگر جہاں تک اس ایوان کا تعلق ہے اسے پورے طور پر اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بل کو منظور کرکے قانون بنادے یا کسی آرڈی ننس کو جو گورنر صاحب کی طرف سے جاری کیا گیا ہو، اس ایوان میں کثرت رائے سے مسترد کردے۔ ایوان کے بارہ میں یہ کہنا کہ اسے قانون سازی کا حق حاصل نہیں، یہ ایوان کے ساتھ زیادتی ہے اور ایوان کے وقار کے خلاف ہے۔

اب جناب والا ۔ موجودہ آرڈی ننس کے بارہ میں مجھے صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ جہاں تک اس مسئلہ کا تعلق ہے کہ چکلے رہنے چاہئیں یا ختم کردینے چاہئیں، میرے خیال میں اس طرف سے اس بات کی مخالفت کسی نے نہیں کی کہ انہیں ختم نہیں کرنا چاہئے۔ یہ بے حد ضروری بات ہے۔ اور ہمارا آئین ہمارے لئے لازمی قرار دیتا ہے کہ ہم قرآن و سنت کی روشنی میں اپنے قوانین بنائیں اور اس طرف اپنے سارے اقدامات کو جاری رکھیں تاکہ ہم اس آخیری منزل تک پہنچ سکیں، جس کے لئے ہم نے یہ ملک حاصل کیا تھا ۔ اس میں دقتیں ضرور آئیں گی۔ اس میں کئی چیزیں ایسی آئیں گی جنہیں عملی طور پر کرنے کے لئے کئی ایسی باتیں آئیں گی جنہیں سلجھانے اور کرنے کے لئے، ہمیں وقت کی ضرورت ہے ۔ مگر ان دقتوں کی وجہ سے ہم نے ان اچھے کاموں سے رکنا نہیں ہے۔ جیسے مولانا صاحب نے فرمایا ہے اگر اس کام میں ہمارے سامنے کچھ دقتیں آئیں، اس کے باوجود اس کام کو کرنا ہے۔ یہ قرآن و سنت کی روشنی میں ایک آگے قدم رکھنے کے مترادف ہے ۔ اس کے لئے یقیناً اگر حکومت کی طرف سے یہ کہا جائے کہ یہ اچھا قدم ہے اور اس اچھے قدم کے لئے ہمیں اپنے دوستوں کے تعاون کی بھی ضرورت ہے، تو اس بات میں کوئی زیادتی نہ ہوگی۔

ایک چیز اکثر یہ کہی گئی ہے کہ چکلوں کو بند کردینے کے بعد وہ عورتیں باہر نکل جائیں گی۔ اور محلوں گلی کوچوں میں پھریں گی یا وہاں رہیں گی۔ اور اس وجہ سے مزید الجھنیں پیدا ہونے کا خطرہ ہے۔ ہاں یہ ایک مسئلہ ہے اور نہ صرف حکومت بلکہ حزب اختلاف اور سارے صوبہ کے عوام کو اس طرف خصوصی توجہ دینی چاہئے۔ اور ایک مسئلہ ایک جو صحیح تھی۔ جس کو روکنا صحیح تھا اور ہم نے روک دیا ہے۔

اگر اس کی وجہ سے دقتیں پیدا ہوں۔ یا کوئی ایسی چیز پیدا ہونے کا خطرہ ہو، جس کی وجہ سے اس نیک مقصد میں کوئی بات حارج ہوتی ہو۔ تو یہ میرا بھی فرض ہے۔ ایوان کے اس طرف بیٹھنے والے دوستوں کا بھی فرض ہے۔ اس طرف بیٹھنے والے دوستوں کا بھی فرض ہے۔ اور عوام کے ہر فرد بشر کا فرض ہے کہ وہ اس بات کو ختم کرنے کی کوشش کریں۔

میاں عبداللطیف صاحب نے فرمایا ہے کہ ہم نے "براتھل" کی تعریف یہ کی ہے کہ جہاں کوئی بدکار عورت ہے۔ اور اس طرح ایسی عورتوں کا صدر مکان۔ جہاں وہ رہیں چکلہ قرار پائے گا۔ گویا ہم انہیں کہیں رہنے کی اجازت ہی نہیں دیتے۔ میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کردوں کہ ہم انہیں بطور prostitute رہنے کی اجازت نہیں دیتے۔ انہیں بطور انسان رہنے کا حق حاصل ہے۔ صرف بطور prostitute ان کے رہنے کا حق ختم کیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں میاں صاحب نے جو خدشات ظاہر کئے تھے وہ مناسب نہیں۔

جناب والا۔ یہ ایک بہت بڑا تاریخی اقدام ہے۔ یہ ایک جرات مندانہ اقدام ہے۔ یقیناً اس کی دوسری چیزیں ایسی ہیں جن کا مقابلہ ہم نے حوصلہ سے کرنا ہے۔ میں ان معروضات کے ساتھ ایوان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ اس آرڈی ننس کی توثیق کی جائے۔

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is :—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Suppression of Prostitution (Amendment) Ordinance. 1964. promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th August, 1964.

(The motion was carried).

THE LAND CONTROL (CAPITAL OF THE FEDERATION) (REPEAL) ORDINANCE 1964.

Minister of Education: Sir I beg to move:—

That the Assembly do approve of the Land Control (Capital of the Federation) (Repeal) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th September, 1964.

Mr. Speaker : Motion moved is

That the Assembly do approve of the Land Control (Capital of the Federation) (Repeal) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th September, 1964.

Is there any opposition?

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I will say a few words about it.

Mr. Speaker : Yes, Please

Minister of Education : Sir we may extend the time by ten minutes.

Khawaja Muhammad Safdar : Are you going to say something; I will take at the most five minutes.

Minister of Education : The time may be extended by ten minutes Sir.

Mr. Speaker : The time is extended by ten minutes.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) جناب والا - ۱۹۵۸ء میں یہ قانون کراچی کے اس علاقہ کے لئے نافذ کیا گیا تھا، جس کے متعلق اس زمانہ میں یہ خیال تھا کہ اسے پاکستان کا دارالخلافہ بنایا جائے گا - ۱۹۶۰ء میں ہماری حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ پاکستان کا دارالخلافہ اسلام آباد منتقل کیا جائے - تب سے آج تک گذشتہ چار سال میں اس موجودہ قانون کی وجہ سے جو مشکلات کراچی کے عوام برداشت کرتے رہے ہیں یا انہیں پیش آتی رہی ہیں، میں سمجھتا ہوں وہ ساری کی ساری ہماری اس حکومت کی پیدا کردہ ہیں - انہیں چاہیئے یہ تھا کہ ۱۹۶۰ء میں جب کیپیٹل ڈولپمنٹ اتھارٹی آرڈی ننس نافذ ہوا تھا، اسی وقت اس قانون کو فوری طور پر منسوخ کردیا جاتا - اور اسے قوانین کی کتاب سے خارج کردیا جاتا - میرے دوست جانتے ہیں کہ آج اس قانون کی موجودگی میں کراچی میں کس قسم کی ارضی یا غیر منقولہ جائداد بغیر گورنمنٹ کی اجازت کے بیع اور فروخت نہیں ہوسکتی - اس نا اہل وزارت کی وجہ سے گذشتہ چار سال میں عوام کے راستہ میں کس قدر مشکلات رہی ہیں - اس قانون کو آج سے چار سال پہلے

منظور ہونا چاہیئے تھا۔ مگر میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی ان کی مہربانی ہے کہ اسے آج تنسیخ کے لئے ایوان میں لے آئے ہیں۔ میں ان کی اس مہربانی کے لئے بھی ان کا شکر گذار ہوں۔ البتہ جہانتک اصولی بات ہے۔ اگر یہ بل کی شکل میں آتا۔ تو یہ پانچ منٹ بھی میں بات نہ کرتا۔ چونکہ یہ آرڈیننس کی شکل میں آیا ہے اس لئے اصولی طور پر میں اسکے آرڈیننس ہونے کی حیثیت سے اسکی مخالفت کرتاہوں۔ اور اگر یہ بل کی شکل میں آتا۔ تو میں کہتا۔ کہ اسے ایک منٹ میں پاس کر دیا جائے۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) — جناب والا۔ مجھے خوشی ہے۔ کہ خواجہ صاحب نے کہا ہے۔ کہ یہ بات پہلے ہونی چاہیئے تھی۔ جو کہ اب ہو رہی ہے۔ لیکن گذشتہ پانچ سالوں میں خواجہ صاحب نے بھی اسکی طرف توجہ نہیں فرمائی۔ بہر حال میں اس ایوان سے استدعا کرونگا۔ کہ اس آرڈیننس کو پاس کر دیا جائے۔

Mr. Speaker: I will now put the question.

The question is:

That the Assembly do approve of the Land Control (Capital of the Federation) (Repeal) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th September, 1964.

(The motion was carried).

Mr. Speaker: The House is adjourned to meet again tomorrow, the 19th January, 1965, at 9.00 a.m.

(The Assembly then adjourned till 9-00 a.m. on Tuesday, the 19th January, 1965.)

APPENDIX I

(Names of Members present in the House at 9-05 a.m., on 18th January, 1965)

1. Abdul Latif, Mian.
2. Abdul Majid Khan, Major.
3. Ahmed Mian Soomro, Mr.
4. Ajoon Khan Jadoon, Mr.
5. Ali Gohar Khuro, Mr.
6. Ali Muhammad Khan Khakwani, Nawabzada.
7. Aman Ullah Khan Shahani, Khan.
8. Ashraf Abbasi, Dr. Mrs.
9. Atta Hussain Khan, Mr.
10. Ghulam Sarwar, Raja.
11. Hamza, Mr.
12. Haziq Ali Shah, Syed.
13. Iftikhar Ahmed Khan, Mr.
14. Illahi Bux, Mr.
15. Khalid bin Jaffar, Mr.
16. Khuda Bux Talpur, Haji Mir.
17. Manzur Hussain, Chaudhri.
18. Mehboob Ali Bhayo, Haji Sardar.
19. Muhammad Ali Khan Afridi, Nawabzada.
20. Muhammad Amin Khan, Mr.
21. Muhammad Ashraf Khan, Raja.
22. Muhammad Ashraf Khan, Sardar.
23. Muhammad Bux Talpur, Haji Mir.
24. Muhammad Rafiq, Babu.
25. Munnawar Khan, Mr.
26. Niamat Ullah, Chaudhri.
27. Pir Rakhman Khan, Haji Malik.
28. Raza Khan, Mr.
29. Sarfraz Khan, Malik.
30. Taj Muhammad Khanzada Mr.
31. Yaqub Khan, Mr.

APPENDIX II

(Ref: Starred Question No. 6826)

Statement showing the names of Transport Companies operating their Buses in Bahawalpur Division.

Sr.No.	Name of Transport Company.	Route.
1.	M/s. Qaderia Tpt. Service, Ltd., Ahmadpur East.	1. Ahmadpur-Trinda Muhammad Panah *via* Channi Ghot. 2. Khanpur-Chachran *via* Zahirpur. 3. Khanpur-Ahmadpur *via* Liaqatpur. 4. Khanpur-Rajanpur. 5. Liaqatpur-Ahmadpur *via* Trinda Muhammad Panah. 6. Liaqatpur-Malkani. 7. R. Y. Khan-Alipur. 8. Bahawalpur-Rahimyarkhan.
2.	M/s. United Bus Service, Ltd. Ahmadpur East.	1. Bahawalpur-Alipur. 2. Bahawalpur-Ahmadpur East. 3. Rahimyar Khan-Uch Sharif. 4. Bahawalpur-Sectpur *via* Alipur-Uch. 5. Bahawalpur-Rahimyar Khan.
3.	M/s. Nisar Bus Service, Ltd. R.Y.Khan	1. R.Y.Khan-Chachran, *via* Zahirpur. 2. ,, Jamaldinwali. 3. ,, Kot Sabzal. 4. ,, Oberow. 5. ,, -Khanpur *via* Kot Samba.
4.	M/s Medina Bus Service, Ltd. Sadiqabad.	1. Khanpur-Kashmore. 2. R. Y. Khan-Sadiqabad *via* MRQ Road. 3. ,, -Sadiqabad-Head Giddu *via* Dan wala. 4. R.Y. Khan-Head Giddu *via* Kot Sabzal. 5. R.Y. Khan-Sadiqabad-Machka *via* Daudwali. 6. D. G. Khan-Sadiqabad. 7. R.Y. Khan-Khanpur *via* Kot Samaba.
5.	M/s. Punjab Tpt. Co. Ltd. Khanpur ..	1. Khanpur-Rukanpur *via* Sardargarh. 2. ,, -Khanbela *via* Shaidany. 3. ,, -Bagho Bahar *via* Sheja. 4. ,, -Mianwali Qureshian. 5. ,, -Bagho Bahar *via* Rd. 4700. 6. ,, ,, ,, 7. Khanpur-Shaidani.

Sr.No.	Name of Transport Company.	Route.
		8. R.Y. Khan-Sadiqabad.
		9. R.Y. Khan-Sadiqabad *via* Sheja.
		10. R.Y. Khan-Mianwali, Qureshian.
		11. R.Y. Khan-Chak 45 Abey Hayat.
		12. R.Y. Khan-Chak 45 Abey Hayat.
		12. Khanpur-R.Y. Khan *via* Trinda.
		13. Khanpur-Bhatta Sheikhan.
6.	M/s. Chaudhry Tpt. Bus Service, Ltd., Hasilpur.	1. Chishtian-Burewala *via* H. Pollah.
		2. Chishtian-Vehari.
		3. Head Pallah-Vehari.
		4. Hasilpur-Dahranwala *via* Konja Dinja.
		6. Hasilpur-Chak No. 188/189.
		6. Haroonabad-Chichawatni *via* Head Pallah-Vehari.
		7. Bahawalnagar-Chishtian.
		8. Chishtian-Hasilpur.
		9. Chishtian-Fort Abbas.
		10. Chishtian-Multan.
		11. Bahawalpur-Chishtian.
		12. Multan-Mailsi *via* Basti Malick.
7.	M/s. Leghari Bus Service, Sadiqabad. ..	1. Sadiqabad-Bhong.
8.	M/s. Ittihad Bashir Transport Co. Ltd., Rahimyarkhan.	1. R.Y. Khan-Rajanpur.
9.	M/s. Muhammad Afzal and Co. Bahawalpur.	1. Bahawalpur-Chak No. 111.
		2. ,, -Multan.
		3. ,, -Yazman.
		4. ,, Head Rajkhan *via* Yazman
		5. ,, -Hasilpur.

Sr.No.	Name of Transport Company.	Route.
10.	M/s. Ghulam Muhammad Bus Service, Bahawalpur.	1. Sadiqabad-Tillu Ghot.
11.	M/s. Shahid Bus Service, Chishtian. ..	1. Chishtian-Haroonabad *via* Qaziwala. 2. ,, -Haroonabad *via* Dahranwala. 3. ,, -Fortabbas *via* Yateemwala. 4. Khanpur-Rajanpur *via* Mithankotl. 5. Chishtian-Lyallpur.
12.	M/s. Lalika Bus Service, Hasilpur. ..	1. Hasilpur-Chishtian. 2. Hasilpur-Khoonja Dinga. 3. Bahawalpur-Hasilpur.
13.	M/s. Friends Bus Service, Ltd., Haroonabad.	1. Bahawalnagar-Haroonabad 2. Chishtian-Haroonabad *via* Dahranwala. 3. Chishtian-Lyallpur *via* H.Palah-Vehari. 4. Sandawala-Bahawalnagar. 5. Haroonabad-Chichawatni.
14.	M/s. United Haroonabad Bus Service, Haroonabad.	1. Haroonabad-Fortabbas.
15.	Rahimyar Khan Bus Service, Regd., Rahimyar Khan.	1. Khanpur-R.Y. Khan *via* MRQ. Road. 2. R.Y. Khan-Sadiqabad. 3. Uch-R.Y.Khan. 4. Liaqatpur-Head Giddu. 5. R.Y. Khan-Mianwali Qureshian. 6. Bahawalpur-R.Y. Khan.
16.	M/s. Colony Bus Service, Regd. Chishtian	1. Bahawalnagar-Chishtian. 2. Bahawalnagar-Maroot. *via H. Abad.* 3. Hasilpur-Chishtian. 4. Chishtian Haroonabad *via* Dahranwala. 5. Haroonabad-Chichawatni.
17.	Crescent Transport Co. Fortabbas.	1. Chishtian-Burewala *via* Pallah. 2. Chishtian-Vehari.

Sr.No.	Name of Transport Company.	Route.
18.	M/s. BWP. Muslim Bus Service, Bahawalpur.	1. Bahawalpur-Fortabbas *via* Yazman. 2. Bahawalpur-Yazman. 3. Yazman-Ahmadpur East.
19.	M/s. Mahboob Bus Service, Bahawalnagar.	1. Bahawalnagar-Head Sulemanki *via* Amrooka 2. Head Sulemanki-Lahore *via* Bonga Hayat.
20.	M/s. Safdar & Co. Bus Service Haroonabad.	1. Lyallpur-Chishtian.
21.	M/s. Abbasia Transport Co. Ltd., BWP.	1. Lyallpur-Chishtian. 2. Chishtian-Burewala. 3. Chishtian-Multan *via* Head Pallah. 4. Bahawalpur-Ahmadpur. 5. Bahawalpur-Yazman. 6. Chishtian-Burewala *via* Kacha Pacca–Iuddean. 7. Haroonabad-Chichawatni *via* H. Palah.
22.	M/s. Ahbab Bus Service, Ltd. R.Y.Khan	1. Khanpur-R.Y.Khan *via* MRQ. Road. 2. Khanpur-R.Y.Khan *via* Trinda 3 R.Y. Khan-Chachran Shar'f. 4. R.Y. Khan-Sadiqabad. 5. LiaqatpurK-Head Giddu. 6. Khanpur-Luaqatpur. 7. R.Y. Khan-Gulmarg Sharif. 8. Bahawalpur-R.Y. Khan
23.	M/s. Akhtar Bus Service, Ltd .R.Y.Khan	1. R.Y. Khan-Abadpur. 2. R.Y. Khan-Rukanpur. 3. R.Y. Khan-Chachran
24	M/s. Zamirndara Shaheen Bus Service, Bahawalpur	1. Bahawalpur-Alipur. 2. Chishtian-Multan. 3. Bahawalpur Multan *via* Lodhran. 4. Bahawalpur-Musaffergarh *via* Alipur.
25	Aziz Bus Service, Regd; Ahmadpur East,	1. Ahmadpur-Dunyapur *via* Chk. 109

Sr.No.	Name of Transport Company.	Route.
26.	M/s. Dahr Bus Service ,Ahmadpur East.	1. Ahmadpur-Khairpur Deh. 2. Ahmadpur-Hathe i.
6. This Assembly is of the opinion that the Provincial Government should recommend to the Central Government that all such lands in Hazara District as were owned by local Muslims but had been occupied by non-Muslims occupancy tenants before 1st March, 1947 should be excluded from the definition of the term 'Land' under the Displaced Persons (Land Settlement) Act 1959 (Act XLVII of 1958).	12th December, 1963 .	Services and General Administration Department.	Position was explained by the Chief Settlement and Rehabilitation Commissioner, West Pakistan, Lahore to D.C. Hazara, on the request of Sardar Inayat-ur-Rehman Khan, M.P.A., who moved the Resolution in the Provincial Assembly. No action therefore seems to be called for on the Resolution passed by the Provincial Assembly particularly at this late stage of resettlement operations. Any change in policy may result in the upsetting of the work already done.
7. This Assembly is of the opinion that the Provincial Government should recommend to the Central Government that due representation should be given to Members of the Provincial Assemblies in the Parliamentary and other delegations sent abroad.	28th February, 1964	.. Law Department	.. A copy of the Resolution was forwarded to the Central Government for necessary action.
8. This Assembly is of the opinion that the Tanawal Area of Tehsil Abbotabad, desert portions of district Sukkar, Sanghar, Tharparkar and Khairpur should be declared a backward area.	17th March, 1964	.. Services and General Administration Department.	The Resolution was considered by the Council of Ministers in its meeting held on 26th March, 1964 and it was decided that this Resolution should not be implemened.
9. This Assembly is of the opinion that the Provincial Government should take immediate steps for a through revision of the existing Labour Laws.	17th March, 1964	.. Labour Department	Necessary action is being taken with regard to the amendment of Labour Laws.
10. This Assembly is of the opinion that Pushto should be the medium of instructions upto the primary Classes in the former N.-W. .P. area as recommended by the Pakistan Education Commission and arrangements to be made for the implementation of this recommendation.	2nd July, 1964	.. Education Departmen ment.	The West Pakistan Education Deprvtment is examining the various issues involved implementation of this Resolution. No decision has yet been taken in tihs behalf. Final decision when taken will be ciommunicated by that Department.

Resolution passed by the Assembly	Date on which the Resolution was passed	Department concerned	Action taken by the Government Departments.
11. This Assembly is of the opinion that the Provincial Government should survey the backward areas of the province to find out the reasons of their backwardness and to suggest ways and means for removing backwardness of these areas.	3rd July, 1964	.. Planning and Development Department.	Article 145(4) enjoins upon each Government to make the utmost endeavour to remove the disparity in per Capita income between the within a Province even before the Assembly passed this resolution, Government have been taking all possible steps to remove the disparity by various means such as the appointment of National Income Commission and National Finance Commission. Pending recommendations of these Commissions the Provincial Governments are making larger and larger development outlays every year to the relative backward areas as they are known to Government Department. A look at the annual Budget Documents for the Second Plan period will prove the earnestness of the Government to develop the relative backward areas as quickly as possible consistent with the total resources available to the Province and the development potential of each Region. In the formation of Third Five Year Plan, special attention is being paid to the removal of disparity in the various areas in the Province.

(600/10-65 IV.

KARACHI: PRINTED AT THE WEST PAKISTAN GOVERNMENT PRESS.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SEVENTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Tuesday, the 19th January, 1965

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّ جَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا وَّ قَمَرًا مُّنِيْرًا ○ وَ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ○ وَ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ○ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّ قِيَامًا ○ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ○ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ○ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَ لَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ○

(پ ۱۹ - س ۲۵ - رکوع ۳ - آیات ۶۱ تا ۶۷)

بڑی با برکت ہے وہ ذات جس نے آسمانوں میں برج بنائے اور ان میں (آفتاب کا نہایت روشن) چراغ اور چمکتا ہوا چاند بھی بنایا۔ اور وہی تو ہے جس نے رات اور دن کو یکے بعد دیگرے آنے جانے والا بنایا۔ یہ باتیں اس شخص کے لئے جو غور کرنا چاہے یا شکر گذاری کا ارادہ کرے سوچنے اور سمجھنے کی ہیں۔ اور اللہ کے بندے تو وہ ہیں جو زمین پر آہستگی سے چلتے ہیں اور جب جاہل لوگ ان سے (جاہلانہ) گفتگو کرتے ہیں تو وہ سلام کہتے ہیں۔ اور یہی وہ ہیں جو اپنے پروردگار کے آگے سجدے کرکے اور (عجز و ادب سے) کھڑے رہکر راتیں گذار دیتے ہیں۔ اور وہ جو دعا مانگتے رہتے ہیں کہ اے پروردگار دوزخ کے عذاب کو ہم سے دور رکھنا کہ اس کا عذاب بڑی تباہی ہے۔ اور دوزخ ٹھیرنے اور رہنے کی بہت بری جگہ ہے۔ اور وہ جو جب خرچ کرتے ہیں تو نہ بیجا اڑاتے ہیں اور نہ تنگی کو کام میں لاتے ہیں بلکہ اعتدال کے ساتھ نہ ضرورت سے زیادہ نہ کم (درمیانی) راہ اختیار کرتے ہیں۔

(وما علینا الا البلاغ)

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Babu Muhammad Rafiq.

GOVERNMENT VOCATIONAL SCHOOL FOR GIRLS AT KALAT

***4769. Babu Muhammad Rafiq :** Will the Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that a sum of Rs. 1.6 lakhs was provided for the construction of building for Government vocational school for Girls at Kalat; if so.

(i) The amount spent so far on the above said building along with the budgetary provisions in the Second Five Plan period;

(ii) The month wise expenditure on the said building for 1962-63 and 1963-64 up to 31st October 1964;

(iii) The date on which work will be completed;

(iv) details of work done so far ;

(v) reasons for delay, if any, in completing the work ?

پارلیمینٹری سیکریٹری (خان ملنگ خان) _ (الف) قلات میں لڑکیوں کے لئے گورنمنٹ وکیشنل سکول کی عمارت تعمیر کرنے کے لئے کبھی کوئی رقمی گنجائش نہیں رکھی گئی۔ یہ سکول کرائے کی عمارت میں کام کر رہا ہے۔

(۱) ندارد

(۲) ندارد

(۳) ندارد

(۴) ندارد

(۵) ندارد

PRIMARY SCHOOLS IN TALUKA NAGARPARKAR

***5590. Mir Haji Muhammad Bux Talpur:** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) The total number of Primary schools in Taluka Nagarparkar;

(*b*) The number of schools out of those mentioned in (*a*) above which are housed in buildings alongwith the number of those buildings which are in a good condition ?

Parliamentary Secretary (Khan Malang Khan): (*a*)106 Primary schools in all.

(*b*) All the schools are housed in buildings but only 20 school buildings can be said to be in good condition.

میر حاجی محمد بخش تالپور— جواب میں بتایا گیا ہے۔ کہ بیس سکولوں کی حالت خراب ہے۔ تو کیا باقی سکولوں کو بہتر بنانے کے لئے بھی کوئی اقدام کر رہے ہیں۔

پارلیمینٹری سیکریٹری— اسکے متعلق عرض کروں گا کہ تعلقہ نگرپارکر میں بیس سکول ایسے ہیں جن کی حالت اچھی نہیں ہے۔ تو ایک سو چھ میں سے باقی جو سکول ہیں۔ وہ قابل مرمت ہیں۔ اور وہاں کی لوکل باڈیز کے ذمہ انکی دیکھ بھال ہے۔ اور انکی درستگی انکے فرائض میں شامل ہے۔

میر حاجی محمد بخش تالپور— چونکہ یہ اب حکومت کے ذہن میں آیا ہے۔ کہ لوکل باڈیز اسکے جوابدہ ہیں تو کیا آپ انکو لکھیں گے۔ کہ انکی حالت کو بہتر بنائیں۔

وزیر تعلیم(میاں محمد یاسین خان وٹو)— جناب والا۔ یہ ابھی میرے علم میں آیا ہے۔ میں اس سے پہلے اس ایوان کے فرش پر بھی عرض کر چکا ہوں کہ موجودہ پرائمری تعلیم کے قانون کے مطابق جب سے حکومت نے تمام پرائمری تعلیم کو اپنی تحویل میں لے لیا ہے۔ ٹیچرز حکومت مہیا کرتی ہے۔ اور عمارتیں لوکل کونسل یا تعلیم میں دلچسپی لینے والے مقامی لوگ مہیا کرتے ہیں۔ ۶۲ء کے بعد یہ پوزیشن رہی ہے۔ البتہ صرف ان علاقوں میں جو پسماندہ ہیں۔ حکومت عمارت کیلئے -/3,350 روپے اور equipment کےلئے -/700 روپیہ مہیا کرتی ہے۔ اس میں سابق صوبہ سندھ بھی شامل ہے۔ سابق صوبہ سرحد اور بلوچستان کے بھی علاقے ہیں۔اسکے باوجود ذمہ داری لوکل کونسلوں کی ہی رہی ہے۔ گورنمنٹ جتنا روپیہ مہیا کرتی ہے۔ وہ تمام کا تمام پسماندہ

علاقوں میں برابر برابر تقسیم کردیا جاتا ہے۔ کہ اسکے مطابق یہ چیز کریں میں فاضل ممبر کی خدمت میں عرض کرونگا۔ کہ وہ اپنی مساعی سے بھی اور لوکل کونسلوں سے بھی اور جو روپیہ ہم انہیں PL 480 کے تحت مہیا کرتے ہیں الکی طرف توجہ دیں ہم لوگ بھی برابر کوشش کرتے رہتے ہیں۔ میں آپکی وساطت سے ایوان کی خدمت میں عرض کرونگا۔ کہ حکومت نے مغربی پاکستان میں خاص طور پر یہ کوشش جاری رکھی ہے۔ ہم اپنے افسران کو بھی کہتے ہیں۔ کہ وہ جا کر مقامی کونسلوں کے چیرمینوں اور تعلیم سے دلچسپی رکھنے والے دیگر مخیر حضرات کو ترغیب دیں۔ کہ وہ عمارات بنائیں اور اس سلسلے میں ڈویژنل ہیڈ کوارٹر پر ہم خود ذاتی طور پر مقامی حضرات سے اور افسران سے بات بھی کر چکے ہیں۔ کچھ ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز ابھی رہتے ہیں۔ جن میں کچھ عرصے کے بعد جانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ اسلئے ہم اپنی بساط کے مطابق پوری کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن اسکے باوجود لوکل یونین کونسلوں کو اپنی ذمہ داری ادا کرنی ہوگی۔

سیر حاجی محمد بخش تالپور– جناب والا۔ منسٹر صاحب نے میرے سوال کو سمجھا نہیں ہے۔ نگر پارکر میں Compulsory Education نہیں ہے۔ اور وہ ۱۹۶۲ سے ہے۔ جو عمارتیں یونین کونسلوں کی تحویل میں دی گئی ہیں وہ اس آرڈیننس کے بعد کی عمارتیں ہیں یہاں اکثر عمارتوں کی جو ذمہ داری ہے وہ گورنمنٹ کی ہے۔ نہ کہ لوکل یونین کونسلوں کی۔ میں اس وجہ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ حکومت ایسے سکولوں کیلئے کیا کرنا چاہتی ہے۔ جو آپکی تحویل میں ہیں کیا وہ آپ کی ذمہ داری نہیں ہے؟

وزیر تعلیم– جناب والا۔ نہایت افسوس کے ساتھ عرض کرنا پڑتا ہے شاید میری بات آپ سمجھ نہیں سکے یا میں سمجھا نہیں سکا۔ میں نے جناب کی بات سمجھ لی ہے اور میں نے اسی کے جواب میں عرض کیا تھا کہ ۱۹۶۲ کے بعد مقامی کونسلوں اور مقامی لوگوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ سکولوں کیلئے عمارات دیں البتہ اس سلسلہ میں یہ ایک استثنا ہے جہاں پسماندہ علاقے ہیں

وہاں وہ رقم جو میں نے عرض کی ہے ہم دیتے ہیں۔ لوکل ذمہ داری یونین کونسلوں کی ہے۔ اس سلسلے میں عرض کروں گا کہ تمام یونین کونسلوں کو بار بار اس چیز کی طرف توجہ دلا چکے ہیں۔ آپ بھی مقامی رہنما ہونے کی حیثیت سے اس چیز کی طرف ان احباب کو ترغیب دلائیں۔

خان اجون خان جدون— کیا وزیر صاحب اس بات کی وضاحت کریں گے کہ جو سکول بلڈنگ گورنمنٹ نے بنائی ہیں وہ پی۔ڈبلیو۔ڈی کی تحویل میں ہیں۔ کیا اس کی مرمت کی ذمہ داری بھی آپ نے لوکل کونسل پر ڈالی ہے۔

وزیر تعلیم— اس وقت جو بھی لوکل کونسل ہے تمام ذمہ داری پرائمری ایجوکیشن کی عمارات کے بارے میں ان کی ہے۔ لیکن اس استثنا کے ساتھ جو میں نے آپکی خدمت میں عرض کی ہے۔

خان اجون خان جدون— آپ نے میرے سوال کا جواب نہیں دیا۔

وزیر تعلیم— مجھے اس سلسلے میں افسوس سے عرض کرنا ہے کہ آپ فرمائیں کس بات کا جواب آپ چاہتے ہیں۔ جو میں نے نہیں دیا — آپ پھر اپنا سوال دھرالیں میں جواب دیدوں گا۔

بیگم ڈاکٹر اشرف عباسی۔ جناب والا۔ میں عرض کرتی ہوں کہ جہاں تک Compulsory Primary Education کا تعلق ہے وہاں پر تمام ذمہ داری گورنمنٹ کی تھی۔ to maintain the building, to construct the building تو اس وجہ سے وہ پوچھ رہے ہیں۔ جہاں ابھی تک Compulsory Education ہے وہاں پر ان کی ذمہ داری ہے۔

وزیر تعلیم۔ جناب والا۔ میں عرض کرتا ہوں کہ ۱۹۶۲ کے بعد قانون تمام جگہ ایک ہے۔ اس استثنا سے جو میں نے عرض کی ہے کہ ہم صرف پسماندہ علاقوں میں رقم مہیا کرتے ہیں باقی ذمہ داری ہر جگہ لوکل کونسل کی ہے۔

سپیکر۔ اسکا مطلب یہ ہوا کہ جو گورنمنٹ سکولز ہیں وہ بھی لوکل کونسل کی تحویل میں چلے گئے۔

وزیر تعلیم۔ اس سلسلے میں مرمت کرنے کی ذمہ داری لوکل کونسل کی ہے۔

سیٹھ عبدالرازق خان۔ جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ ۱۹۶۲ء کے بعد پرائمری سکولوں کی بلڈنگز کی مرمت کرنے اور تعمیر کرنے کی ذمہ داری یونین کونسل کے سپرد کی گئی ہے۔ جہاں تک ان کے اس جواب کا تعلق ہے یہ درست ہے۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ۱۹۶۲ سے پہلے جو پرائمری سکولز کی بلڈنگز گورنمنٹ نے خود تعمیر کی تھیں ان کی maintenance پی۔ ڈبلیو۔ ڈی کرتی تھی یا اور محکمے کرتے تھے۔ کیا وہ بھی یونین کونسلیں اپنی تحویل میں لے لے گی۔

وزیر تعلیم۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ جہاں تک ان کی مرمت کا تعلق ہے وہ بنیادی طور پر لوکل کونسل کی ذمہ داری ہے۔ استثنا صرف دوسری تعمیر کے بارے میں پس ماندہ علاقوں کے لئے کیا جاتا ہے اسی طرح ہم کوشش کرتے ہیں کہ کچھ رقم مرمت کیلئے مخصوص کی جائے اور اسکو برابر تقسیم کردیتے ہیں لیکن وہ بطور ذمہ داری نہیں بطور استثنا کے۔

CHRISTIAN MISSION SCHOOLS AND COLLEGES IN WEST PAKISTAN

*6160. **Chaudhri Muhammad Ali :** Will the Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) the number of Christian Mission Schools and Colleges at present in West Pakistan ;

(*b*) the number of students enrolled in the said Schools and Colleges;

(*c*) details or grants-in-aid and other amenities provided by Government to the said Schools and Colleges ;

(*d*) whether any lands have been provided by Government to the said Schools and Colleges; if so, the details thereof ;

(*e*) whether the said Schools and Colleges have purchased any lands from Government, if so, details of such lands and the sale proceeds thereof ;

(*f*) number of Muslim religious Schools in the Province which are given grants-in-aid and have been provided with any other amenities ?

Parliamentary Secretary (Khan Malang Khan) :

(*a*) (*i*) No. of Christian Mission Schools. 220
(*ii*) No. of Christian Mission Colleges. 9
(*iii*) No. of Christian Mission Training Institutions. 4

(*b*) (*i*) Enrolment in Christian Mission Schools. 62.415
(*ii*) Enrolment in Christian Mission Colleges. 9.949
(*iii*) Enrolment in Christian Mission Training Institutions 303

(*c*) The following amount has been provided by Government as grant-in-aid to the said schools and colleges during the year 1962-63:—

(*i*) Schools — Rs. 13,03,793.00
(*ii*) Colleges — Rs. 3,63,701.00

This amount includes a sum of Rs. 2,76,000/- paid to these institutions for the salary of teachers for teaching of Islamiat to Muslim Students.

(*d*) Yes, eight institutions have been provided with land by Government List is attached.

(*e*) Yes, four institutions have purchased land from Government. List is attached.

(*f*) The number of Muslim religious schools in the Provinces which have been given grant-in-aid is 174. No other amenities have been provided to these institutions.

Statement Part (d)

Statement showing the names of Christian Mission Institutions which have been provided with land by Government.

Sr. No.	Name and place of the Institution.	Area of land granted. Acres	Kanals
1.	Salvation Army Middle School, 133/16-L (Multan)	4	0
2.	Mission Middle School, 58/4—R, (Mongtomery)	3	0
3.	Mission Primary School, 8/11—L, (Montgomery)	0	2
4.	Mission Middle School, 173/75, (Montgomery)	4	0

Sr. No.	Name and place of the Institution.	Area of land granted. Acres	Kanals
5.	Mission High School, 168/9—L, (Montgomery)	2	0
6.	Mission Middle School, 190/9—L, (Montgomery).	4	0
7.	Kinniard High School, Lahore	4	2
8.	St. Mary's A.V. Middle School, Jamke Cheema (Sialkot).	0	3
	Total ..	21	7

The lands were mainly given during the British period.

PART (*e*)

Statement showing details of Christian Mission Institutions which have purchased land from Government.

Sr. No.	Name and place of the Institution.	Area of Land purchased Acres	Kanals	Marlas.	Sr Cost.
1.	Central Methodist High School, Stanzabad (Multan).	5	0	0	100/-
2.	American Mission Girls Boarding, School, Sangla Hills (Sheikhupura)	19	4	0	1,170/-
3.	St. Dominic Urdu and English School, (Bahawalpur)	12	0	0	48,000/-
4.	La-salle High School, (Multan)	6	1	8	53,252/-
		42	5	8	1,02,522/-

The first two institutions which got land at cheap rates were given this before independence in the time of the British rule.

خان اجون خان جدون - جناب والا۔ مشنری سکولوں کو گورنمنٹ امداد دیتی ہے۔ کیا حکومت کے علم میں ہے کہ مشنری سکول جو لڑکیوں کے ہیں اس میں اکثر مسلمان طالبات تعلیم حاصل کرتی ہیں - اور ان پر کوئی پابندی نہیں ہے کہ وہاں مرد ماسٹر یا پروفیسر تعینات نہ کریں - اس طرف کیا حکومت ایسی پابندی عائد کرنے کیلئے تیار ہے کہ لڑکیوں کے مشنری سکولوں میں مرد ماسٹر یا پروفیسر تعینات نہ کریں۔ بلکہ عورتوں کو تعینات کریں -

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) — جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے لڑکیوں کے سکولوں میں مردوں کو تعینات عام طور پر نہیں کیا جاتا - اگر کسی جگہ کوئی ایسی بات ان کے علم میں ہو کہ لڑکیوں کے سکولوں میں کسی مرد کو ملازم رکھا ہو تو فاضل ممبر میرے علم میں لائیں میں یقیناً اس سلسلے میں کارروائی کروں گا۔

خان اجون خان جدون – جناب والا ۔ میں ان کے علم میں یہ لاتا ہوں کہ پشاور الزبیتھ مشن سکول میں انہوں نے ایک مرد کو تعینات کیا ہوا ہے جس سے لوکل لوگ بڑا اعتراض کرتے ہیں ۔ میں امید کرتا ہوں آپ اس پر غور کریں گے ۔

PRIMARY SCHOOL ZAFARWAL, DISTRICT SIALKOT

*6389. **Chaudhri Muhammad Ibrahim** : Will the Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) the class wise number of boys in the Primary School, Zafar wal, District Sialkot alongwith seating capacity of classrooms of the said school ;

(*b*) whether the furniture has been provided for the said school ;

(*c*) whether any playground has been attached to the said school;

(*d*) if answer to (*b*) and (*c*) above be in the affirmative, the dates on which the furniture was provided and the playground was attached ?..

پارلیمنٹری سیکریٹری (خان سلنگ خان) – (الف) پرائمری سکول ظفر وال، ضلع سیالکوٹ میں جماعت وار تعداد طلباء اور کمروں میں طلباء کے بیٹھنے کی گنجائش حسب ذیل ہے :

جماعت	اول	دوم	سوم	چہارم	پنجم	میزان
تعداد طلباء	۱۰۳	۶۰	۷۹	۸۳	۵۱	۳۷۷
تعداد فریق	۳	۲	۲	۲	۲	۱۱

پانچ فریق کمروں میں بیٹھتے ہیں اور چھ درختوں کے نیچے میدان میں ۔ کمروں میں تقریباً ۱۸۰ طلباء کے بیٹھنے کی گنجائش ہے ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) تقریباً 1½ کنال متروکہ زمین جو کہ سکول کے متصل واقع ہے کھیل کے میدان کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

(د) منسلکہ گوشوارہ میں وہ تاریخیں دی ہوئی ہیں جن پر سامان مہیا کیا گیا۔ کھیل کا میدان اپریل ۱۹۶۲ء سے زیر استعمال ہے۔

(e) List of furniture existing in Primary School, Zafarwal District Sialkot.

Sr. No.	Date of issue	Name of article	No. of article.
1.	31-5-55	Chairs	5
2.	9-6-59	Chairs	8
3.	18-5-60	Chairs	17
4.	29-11-53	Tables	1
5.	31-5-55	Tables	2
6.	22-9-60	Tables	2
7.	21-2-53	Benches	3
8.	9-6-59	Black Boards	2
9.	31-5-55	Black Boards	2
10.	7-7-61	Black Boards	1
11.	2-3-60	Tats	40
12.	28-5-60	Tats	20

چودھری محمد ابراھیم— صاحب صدر۔ سکول کے طلباء کی تعداد ۳۷۷ ہے۔ ۱۱ سیکشن ہیں۔ اور ان کے پاس بٹھانے کیلئے صرف ۱۸۰ طلباء کیلئے جگہ ہے۔ کیا صورت حال وزیر صاحب کی نگاہ میں قابل اطمینان ہے۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)— جناب والا۔ یہ ناقابل اطمینان ہے۔ لیکن میں جناب کی وساطت سے فاضل ممبر کی خدمت میں عرض کروں گا کہ کیا مقامی کونسل کے ذریعہ انہوں نے اس وقت کوشش فرمائی ہے۔ اس سلسلے میں جس طرح میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ ذمہ داری لوکل کونسل کی ہے۔

چودھری محمد ابراھیم — لوکل کونسل سے وزیر تعلیم کی کیا مراد ہے۔ یونین کونسل — کیا یونین کونسل کے پاس اتنے فنڈز ہیں کہ وہ ایک عمارت کی تعمیر کرے اور پھر اس کی نگہداشت بھی کرسکے۔ کون سی وہ یونین کونسل ہے۔ آپ کے علاقے میں شائد وہ یونین کونسل ہو لیکن ہمارے علاقے میں کوئی ایسی یونین کونسل نہیں ہے۔

وزیر تعلیم — جناب والا۔ ہر جگہ یونین کونسل کو پی۔ ایل ۔ ۸۴ کے تحت رقم مہیا کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ سکولوں کی عمارات وغیرہ کی

مقامی حضرات کی ذمہ داری بھی ہے۔ یہ کام اتنا بڑا ہے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ سارے صوبہ میں پرائمری سکولوں کا جال بچھا دیں۔ یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ مقامی احباب بغیر اس بات کے کہ گورنمنٹ پر اعتراض کرنے کی گنجائش کے طور پر اعتراض کریں۔ یہ ہم سب لوگوں کی ذمہ داری ہے۔ گورنمنٹ بھی اپنا فرض ادا کر رہی ہے۔ اور مقامی لوگوں کو بھی اپنا فرض ادا کرنا چاہئے۔ خواجہ محمد صفدر صاحب کئی دفعہ فرما چکے ہیں کہ تعلیم بچوں کو ملنی چاہئے خواہ جس طور بھی ملے۔ خواہ درختوں کے نیچے بیٹھکر یا سڑکوں پر بیٹھکر یا میدانوں میں بیٹھکر ملے۔ اس سلسلے میں جہاں تک ہمارا تعلق ہے میں عرض کر چکا ہوں ہم پوری کوشش کر رہے ہیں لیکن مقامی کونسلوں اور مقامی لوگوں کو بھی اس سلسلے میں پورے طور پر تعاون فرمانا چاہئے۔ یہ مسئلہ اسی صورت میں حل ہو سکتا ہے۔ یہ بہت بڑا مسئلہ ہے۔ ایک ایک ضلع کیلئے کئی کئی لاکھ روپیہ صرف عمارتوں کیلئے درکار ہوگا بلکہ کروڑوں روپیہ کی ضرورت ہوگی۔ کیا یہ ذمہ داری حکومت پر ڈالیں۔ بلکہ یہ اربوں تک پہنچ جائے گی۔ اس لئے یہ تعاون کے ساتھ بات چلے گی۔

چودھری محمد ابراھیم - کیا یہ امر واقع نہیں ہے کہ لاہور کے ایک سکول کے لئے آپ نے ۵۰ لاکھ روپیہ کی رقم year mark کی ہے اور اس کے ساتھ ۱۸۰ کینال زمین بھی دی ہے۔ جب آپ ایک سکول کیلئے دریا دلی کر سکتے ہیں تو چھوٹے سکول جو دیہات میں ہیں اگر آپ ۵۰ لاکھ روپیہ کی رقم پانچ پانچ ہزار روپیہ کر کے ایک ایک سکول کو دیں۔ تو ایک ہزار سکول تعمیر ہو سکتے ہیں۔ کیا آپ نے کبھی حساب نہیں لگایا کہ لاہور کے ایک سکول کو ۵۰ لاکھ روپیہ کی رقم ایک دے رہے ہیں اور ۱۸۰ کینال شہری رقبہ کی زمین ایک دے رہے ہیں۔ جب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ دیہات میں اس قسم کی عمارتیں نہیں ہیں۔ ان کیلئے بیٹھنے اور سر چھپانے کیلئے کوئی سایہ بھی نہیں ہے۔ تو آپ کو یہ عذر مل جاتا ہے کہ ہمارے پاس فنڈز کہاں سے آئے۔ اس کیلئے اگر فنڈز ہوسکتے ہیں تو ان کیلئے آپ کے پاس فنڈز نہیں ہے۔

وزیر تعلیم - جناب والا۔ میں اس سلسلے میں یہ عرض کرونگا کہ ہماری تعلیم نے ہر لحاظ سے متوازن طور پر ترقی کرنا ہے۔ اگر یہی طریقہ

اختیار کیا جائے کہ ہر بات کو غلط کرنا ہے۔ یا کوئی دوسری بات بنائی جائے۔ تو نہ کالج رہ سکتے ہیں۔ نہ یونیورسٹیاں رہ سکتی ہیں اور نہ ہی کوئی سکول رہ سکتا ہے۔ بہر صورت ان سب چیزوں نے متوازن طور ترقی کرنا ہے۔ اور جو چیز اس وقت موجود ہے۔ اسے ہم نے ترقی دینا ہے۔ اسے ختم نہیں کرنا۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی - جناب والا۔ جناب وزیر تعلیم صاحب بڑے معاملہ فہم آدمی ہیں۔ وہ ذرا اس بات پر غور فرمائیں کہ دیہاتی علاقوں میں سکولوں کی عمارتوں کیلئے پیسہ نہیں مل رہا ہے۔ میں ایک بات ان کی خدمت میں نہایت ادب سے عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اور وہ یہ کہ آیا آپ کسی شہر کی میونسپل کمیٹی کی مثال پیش کرسکتے ہیں جس نے اپنی مدد آپ کے اصول پر پرائمری سکول کی عمارت بنائی ہو۔

وزیر تعلیم - جناب والا۔ چونکہ یہ بات حقائق سے تعلق رکھتی ہے اس لئے اگر معزز رکن مجھے نوٹس دیدیں۔ تو میں تمام اطلاعات حاصل کرکے ان کے سوال کا جواب دیدونگا۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی - جناب والا۔ جناب وزیر صرف غور فرمالیں۔

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر۔ کیا وزیر تعلیم بتا سکتے ہیں۔ جیسا کہ ابھی چودھری ابراھیم صاحب نے فرمایا ہے کہ پچاس لاکھ روپیہ کی رقم مخصوص کی گئی ہے۔ کیا وہاں غریبوں کے بچے بھی تعلیم پاتے ہیں جس کی وجہ سے اتنی بڑی رقم بطور امداد دینے کی ضرورت پیش آئی تھی؟

Mr. Speaker : That is not a supplementary arising out of this question.

خان اجون خان جدون - جناب والا۔ اگر یہ بات درست ہے کہ شہر کے کسی سکول کو گورنمنٹ کی طرف سے پچاس لاکھ روپیہ دئے گئے ہیں۔ تو جب دیہات کیلئے یہ اصول بن چکا ہے کہ وہاں سکولوں کی عمارتیں local councils بنائیں۔ تو کیا شہروں میں بھی میونسپل کمیٹیاں نہیں ہیں جن کے لاکھوں اور کروڑوں روپے کے بجٹ ہوتے ہیں یہ رقم ان سے کیوں وصول نہیں کرتے؟ اور اس وقت جو رقم یہ شہر کے

سکولوں کیلئے مخصوص کر رہے ہیں۔ اسے دیہات کے سکولوں پر کیوں خرچ نہیں کرتے؟

وزیر تعلیم۔ جناب والا۔ میرے خیال میں اس سلسلے میں میرے فاضل دوست کو غلط فہمی ہوئی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ بہت سے کالجوں اور سکولوں کو گورنمنٹ grants-in-aid دیتی رہتی ہے۔ کیونکہ سارے نظام تعلیم کو متوازن طور پر چلانے کیلئے ہر طبقے کیلئے سکول مہیا کرنا ہماری ذمہ داری میں سے ہے۔ چنانچہ جس طرح میں نے پہلے سوال کے جواب میں عرض کیا تھا کہ پسماندہ علاقوں میں گورنمنٹ ہر عمارتوں کیلئے ضروری طور پر رقوم مہیا کرتی ہے۔ لیکن بعض علاقے ایسے ہیں جہاں اس ذمہ داری کو برابر طور پر بہر صورت حکومت کو اپنے سر لینا ہوگا۔

مسٹر عبدالرازق خان۔ جناب والا۔ میں جناب وزیر تعلیم صاحب کی توجہ اس پچاس لاکھ روپے والے سکول کی سکیم کی طرف دلاتا ہوں۔ وہ ایچیسن کالج لاہور میں ہے۔ وہاں پر واقعی بہت بڑی رقم خرچ کی گئی ہے۔ تو اس خرچ کی روشنی میں اگر ہم آپ سے یہ مطالبہ کریں کہ آپ اپنی پالیسی میں تبدیلی پیدا کریں۔ اور گاؤں کے پرائمری سکولوں کی مرمت اور نئی عمارتوں کی تعمیر کیلئے بھی گورنمنٹ اپنے خزانے سے کچھ خرچ کرے۔ تو کیا آپ اس تجویز پر غور فرمائینگے؟

وزیر تعلیم۔ جناب والا۔ جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے۔ گورنمنٹ اس سلسلے میں پہلے ہی کافی خرچ برداشت کر رہی ہے۔ لیکن ہر جگہ پر خرچ برداشت کرنا گورنمنٹ کیلئے ممکن نہیں۔ ایسی حالت میں اس خرچ کا بار پچاس لاکھ سے کروڑہا بلکہ ارب ہا روپے تک پہنچ جاتا ہے۔ اور وہ جو پچاس لاکھ روپے میرے فاضل دوست نے ایچیسن کالج کیلئے فرمائے ہیں اس میں سے زیادہ تر روپیہ اساتذہ اور غریب ملازمین کیلئے سکول کے اندر کوارٹر وغیرہ بنانے پر خرچ ہوگا۔ جس سے بالآخر غریبوں کو ہی فائدہ پہنچے گا۔

علاوہ ازیں جب تک ہمارا موجودہ نظام معاشرہ قائم ہے۔ ہمیں بہر صورت امیروں اور غریبوں سب کیلئے تعلیم کا انتظام کرنا پڑیگا۔

Mr. Speaker: I think the concensus of opinion is that Government should spend more on the construction of buildings in rural areas.

وزیر تعلیم— جناب والا ۔ اس وقت یہ دو طریقوں پر خرچ کیا جارہا ہے ۔

چودھری محمد ابراھیم— جناب والا میری گذارش یہ ہے . . .

Mr. Speaker : The member may please take his seat; let the Minister reply.

وزیر تعلیم— جناب ایک تو وہ خرچ ہے جس کیلئے پس ماندہ علاقوں کی خاطر ہم رقوم مہیا کرتے ہیں ۔ دوسرے PL-480 میں سے بھی کچھ رقوم خرچ کی جاتی ہیں ۔ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ یونین کونسلیں۔ مقامی کونسلیں اور مقامی لوگ بھی پورے طور پر تعاون کریں ۔ یہ اتنا بڑا کام ہے کہ باھمی تعاون کے بغیر ممکن نہیں ہوسکتا ۔

چودھری محمد ابراھیم— جناب صدر۔ میں وزیر تعلیم کی بےخبری کی داد دیتا ہوں ۔ وہ پچاس لاکھ روپیہ تو ایک پبلک پرائمری سکول کو دئے گئے ہیں ۔ ایچیسن کالج کیلئے تو ۶۵ لاکھ روپے اس کے علاوہ رکھے گئے اور ۱۸۰ کنال زمین جو شہری رقبہ تھی۔ اس کا حساب بھی آپ اپنے ذھن میں رکھیئے ۔ یہ تو فی الحال پرائمری سکول کی حالت ہے ۔ جس کیلئے حکومت پچاس لاکھ روپیہ اور ۱۸۰ کنال شہری رقبے کی زمین دے رہی ہے۔ یہ ایک پبلک سکول ہے جس کا میں ذکر کر رہا ہوں ۔

وزیر تعلیم— جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے اپنے فاضل دوست کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ میں نے حتی الوسع ان کے نئے سوالوں کا جواب دینے کی بھی کوشش کی ہے اگر اس چیز کے متعلق انہوں نے نوٹس نہیں دیا تو وہ اب نوٹس دیدیں میں ساری بات تفصیل سے انکی خدمت میں پیش کرونگا میں نے جواب دیتے وقت یہ بہانہ تلاش نہیں کیا کہ آپ نیا سوال کریں ۔ جتنی بات میرے علم میں تھی ۔ میں نے آپکی خدمت میں پیش کردی ہے ۔

اسکے علاوہ اپنے اشاروں اور کتابوں میں بھی کچھ بات کی ہے ۔ جسکا آپکو نام لینا چاھئے تھا ۔ انہوں نے نام نہیں لیا ۔ اس لئے میں نے اندازے سے ھی اسکا جواب دیدیا ۔ اب اسطرح تو میں نہیں کہہ سکتا کہ آپ کس بات کا جواب چاھتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ— جناب والا ۔ کیا جناب وزیر تعلیم بتاسکیں گے کہ تعلیمی سہولتیں مہیا کرتے وقت گورنمنٹ فرسٹ کلاس اور تھرڈ کلاس شہری میں تفریق کیوں کرتی ہے ؟

وزیر تعلیم— جناب والا ۔ جو کچھ میرے فاضل دوست فرما رہے ہیں ۔ یہ نادرست ہے ۔ میں تو Class I کو بھی پاکستان کا شہری سمجھتاہوں اور کسی غریب کو بھی ویسا ہی شہری سمجھتاہوں ۔

مسٹر حمزہ— جناب سپیکر۔ جناب وزیر نے میرے سوال کا صحیح جواب نہیں دیا ۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza may please take his seat and let Mr. Abbasi put his supplementary.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی— جناب والا۔ یہ اصل معاملہ اسطرح نہیں جس طرح اسے جناب وزیر تعلیم سمجھ رہے ہیں ۔ اصل جھگڑا یہ ہے کہ میں ان سے صرف یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آیا آپ اس بات سے انکار کرتے ہیں کہ مغربی پاکستان کے دیہی علاقوں میں جتنے پرائمری سکول آپنے جاری کئے ہیں ۔ ان میں سے نوے فیصدی ایسے ہیں جن میں لکھو کھا بچے تعلیم پاتے ہیں ۔ لیکن انکے لئے آپنے آج تک ایک عمارت بھی نہیں بنائی ۔

اس کے مقابلے میں جناب ۔ شہروں میں آپ جتنے بھی جدید پرائمری سکول جاری کرتے ہیں ۔ ان کے لئے پہلی شرط یہ ہوتی ہے کہ آپ بلڈنگ مہیا کرتے ہیں۔ میں صرف یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں۔ کیا آپ اس پالیسی پر غور کرنے کیلئے تیار ہیں کہ شہروں کے مقابلے میں دیہات کے پرائمری سکولوں کیلئے زیادہ سے زیادہ عمارتیں مہیا کی جائیں ۔

وزیر تعلیم— جناب والا ۔ اس بات پر ہم نے اس معزز ایوان کا خاصا وقت لگایا ہے ۔ سوال کرتے وقت غالباً میرے فاضل دوست اس بات کو بھول جاتے ہیں ۔ اور یہ درست نہیں کہ حکومت نے آج تک ایک عمارت بھی مہیا نہیں کی ۔ میرے فاضل دوست کا علاقہ بھی ایک ایسا علاقہ ہے جہاں حکومت پسماندہ علاقوں کی حیثیت سے ملنے والی رقوم وہاں کے پرائمری سکولوں کو مہیا کرتی ہے ۔ جس کا بجٹ ایک خاصا بڑا بجٹ بن جاتا ہے ۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی – جناب والا ۔ ہمارے فاضل پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب نے بڑی سوچ بچار کے بعد جناب وزیر تعلیم کو یہ information مہیا کی ہے۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میرے گاؤں میں بیس سال پہلے نہیں بلکہ پچاس سال پہلے گورنمنٹ نے ایک باقاعدہ بلڈنگ بنائی تھی جو گذشتہ چھ سال سے مسمار پڑی تھی ۔ اگر آپنے اب وہ بنادی ہے تو کونسی بہادری کی ہے۔ سوال تو پالیسی کا ہے۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میرے فاضل دوست کے اس بیان سے اب یہ بات غلط ہوگئی کہ حکومت نے ایک بھی عمارت نہیں بنائی ۔ کم از کم ان کے گاؤں میں تو ہم نے بنائی ۔

بابو محمد رفیق ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ جناب وزیر تعلیم صاحب نے فرمایا ہے کہ حکومت نے پس ماندہ علاقوں کے لئے پیسوں کی گنجائش رکھی ہے ۔ جہاں تک میری معلومات ہے ۔ اس سال کے بجٹ میں انہوں نے سابق بلوچستان کے لئے کوئی provision نہیں کی ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس کے لئے کوئی provision کی گئی ہے ؟

Mr. Speaker : That is a separate question.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ provision یقیناً ہوگی ۔ اگر معزز ممبر مجھے نئے سوال کا نوٹس دیں تو میں ان کو جواب دے سکونگا ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ سوال یہ ہے کہ دیہاتی علاقوں میں آپ نے سکولوں کی عمارتوں کی تعمیر کا کام مقامی کونسلوں پر چھوڑا ہوا ہے میں آپ کے سامنے یہ چیز پیش کرتا ہوں کہ شہروں میں جہاں میونسپل کمیٹیاں ہیں ان کی آمدنی دیہات کی مقامی کونسلوں کی نسبت بہت زیادہ ہے ۔ تو کیا آپ یہ اصول وضع کرنا چاہتے ہیں کہ شہروں میں حکومت سکولوں کی عمارتوں پر کوئی پیسہ خرچ نہ کرے۔ بلکہ یہ کام لوکل کمیٹیوں اور کونسلوں کے حوالے کردے۔ تو میں یہ عرض کرونگا کہ وہ رقم جو آپ یہاں earmark کرنے والے ہیں کیا اسے آپ دیہات کے سکولوں پر خرچ کرنے پر غور کرینگے ؟

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں فاضل ممبر کی اطلاع کے لئے یہ عرض کردوں کہ گورنمنٹ نے پرائمری تعلیم کے سوا میونسپل کمیٹیوں ۔ ڈسٹرکٹ

کونسلوں یا ٹاؤن کمیٹیوں کے تعلیمی اداروں کو اپنی تحویل میں لے لیا ہے اور اس کے متعلق میں نے عرض کردی ہے۔

جہاں تک میونسپل کمیٹیوں کا تعلق ہے۔ وہ ان سکولوں کے لئے خود ذمہ دار ہیں اس میں عمارت اور تعلیم دونوں شامل ہیں۔ ان اخراجات کو وہ خود ہی برداشت کرتی ہیں۔ لیکن شہروں میں کہیں کہیں گورنمنٹ کو بھی اپنے سکول چلانا پڑتے ہیں۔ اس لئے کہ شہروں میں صرف وہی آبادی نہیں جو خالصتاً شہری ہیں۔ بلکہ یہاں تو سارے صوبے کے لوگ آتے رہتے ہیں زمیندار بھی آجاتے ہیں اور ان کے ساتھ ہی ان کے بچے بھی آتے رہتے ہیں۔ اور شہروں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ لہذا شہروں کی آبادی کی ضروریات دیکھکر ہی بہر صورت سکول وغیرہ کھولے جاتے ہیں۔ اور پھر شہر بھی تو پاکستان کے شہر ہیں۔ دیہات بھی پاکستان کا حصہ ہیں اور موجودہ حکومت خاص طور پر انکا خیال رکھتی ہے۔ میں خود دیہاتی ہوں۔ موجودہ حکومت کو دیہات والوں سے جس قدر محبت ہے اور جتنا کام ان کے لئے کیا ہے کسی اور حکومت نے اتنا کام نہیں کیا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ دیہات کی ترقی کے ساتھ ساتھ شہروں کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ آپ کی تکالیف کا ہمیں پورا پورا احساس ہے۔

SCHOOLS TO BE OPENED IN TEHSIL NAROWAL DURING 1964-65

*6390. **Chaudhri Muhammad Ibrahim:** Will the Minister of Education be pleased to state the names of places in Tehsil Narowal where (*i*) new Primary Schools (*ii*) Middle Schools and (*iii*) High Schools for Girls and Boys are proposed to be opened during 1964-65?

پارلیمنٹری سیکریٹری (خان ملنگ خان) ۔۔ مندرجہ ذیل گوشوارہ سے عیاں ہے کہ 1964-65 کے دوران تحصیل ناروال میں کس جگہ لڑکوں اور لڑکیوں کے پرائمری اور مڈل سکول جاری ہوئے۔ ہائی سکول کوئی نہیں کھلا۔

	سکول برائے طلبا	سکول برائے طالبات
(۱) پرائمری مدارس	۱۔ منڈا کی	۱۔ سنجیال
	۲۔ خاص	۲۔ رحیہ خاص
	۳۔ ڈھل	۳۔ کوٹلی باجوہ

۴۔ چک منڈہ ۴۔ چندر کی

۵۔ اگر وال ۵۔ راجپوتان

(ب) مڈل مدارس ۱۔ ہاتھانوالہ (پرائمری سے ۱۔ نونار
۱ درجہ پڑھا)

۲۔ جنڈیالہ ،،

۳۔ چاندو وال ،،

(ج) ہائی مدارس — —

TECHNICAL EDUCATION IN INSTITUTIONS OF DISTRICT SIALKOT

*6391. **Chaudhri Muhammad Ibrahim :** Will the Minister of Education be pleased to state the names of institutions in the Sialkot where Technical Education is provided and is proposed to be provided during the current five years plan period ?

Parliamentary Secretary (Khan Malang Khan) : The only institution unparting technical education in Sialkot is Government Polytechnical Institute and no other institution is proposed to be set up there during the current five years plan period.

ESTABLISHMENT OF PRIMARY SCHOOL IN BACKWARD AREAS

*6650. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a provision of Rs. 8,10,000 was made in the current year's budget for the establishment of Primary Schools in the backward areas of the Province ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmatve 'the number of schools proposed to be opened and whether any schools have since been opened if not, reasons therefor ;

(*c*) whether it is a fact that no primary school has so far been opened in Thar Desert of Tharparkar District; if so, reasons thereof ;

(*d*) whether it is a fact that District Inspector of Schools, Tharparkar opened some primary schools in the District and issued appointment orders to the selected teachers, but these orders were later on cancelled by Director of Education; if so, reasons, therefor ?

Parliamentary Secretary (Khan Malang Khan): (*a*) No. In the current year's developmental budget *viz.* 1963-64, Government has provided an amount of Rs. 40.50 lacs for the establishment of primary schools in backward area of the Province. The sum of Rs. 8,000 represents only a part provision.

(*b*) with the sum provided it was proposed to open 1000 primary schools.

The target has been achieved and all the schools have started functioning since March 1964.

(c) III primary schools have been opened in the Thar Desert of Tharparkar District.

(d) The sanction for the allotment of building and equipment for opening of primary schools in backward areas was issued in October, 1963 which was communicated to District Inspectors concerned. Sanction for the posts of teacher could not simultaneously be issued.

It is not a fact that the Director of Education, Hyderabad cancelled the appointment orders of the primary school teachers issued by the District Inspector of Schools, Tharparkar. The fact of the matter is that the District Inspector of Schools, Tharparkar opened schools in his area by appointing new teachers in these schools. The Director of Education, Hyderabad disapproved of the action of the District Inspector of Schools on the ground of absence of Government sanction for the posts of teachers. Consequently, the District Inspector of Schools, Tharparkar had to cancel the appointment orders of the teachers.

Dr. Mrs. Ashraf Abbassi : In answer to part (a) of the question it has been said, "In the current year's developmental budget, viz. 1963-64" Is it a misprint or is it really 1963-64?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)— یہ سوال پچھلے سال کا ہے اس لئے اس سال کے بجٹ سے متعلق ہے۔

بیگم اشرف عباسی— پچھلے سال کا تھا تو اس میں سال ۱۹۶۳-۶۴ لکھنا چاہئے تھا۔ It is 1965 now

وزیر تعلیم— غلطی کی وجہ یہ ہے کہ اس میں جو یہ لکھا ہے۔

Whether it is a fact that a provision of Rs. 8,10,000 was made in the current years's budget'. In the answer the word current has been used and it has been explained that by the current year it is meant 1963—64.

میر حاجی محمد بخش تالپور— آپ نے میرے سوال جزو (د) کے جواب میں یہ فرمایا ہے۔ پس ماندہ علاقوں میں پرائمری سکولوں کے قیام کے لئے عمارت اور سامان کے تعین کی منظوری اکتوبر ۶۳ میں جاری کی گئی تھی۔ میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ اس کی کیا وجوہات تھیں۔

وزیر تعلیم— میں نہیں سمجھ سکا کہ آپ نے کیا دریافت کیا ہے۔

بیگم اشرف عباسی— آپ سوال کے جزو (د) کا جواب دیکھیں۔

میر حاجی محمد بخش تالپور— میں نے یہ دریافت کیا ہے کہ

آپ نے (ب) میں فرمایا ہے کہ مارچ ۱۹۶۴ میں تمام سکولوں نے کام کرنا شروع کردیا ہے۔ اور (د) میں فرماتے ہیں کہ عمارت اور سامان کے تعین کی منظوری اکتوبر ۶۳ میں دی گئی۔ ان دونوں کی منظوری اکھٹی کیوں نہیں دی گئی۔ سکولوں کے کھلنے میں دیر کیوں ہوگئی۔

وزیر تعلیم— اس سلسلہ میں میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ کہ دیر کی کیا وجہ ہے یہ سکول جو ۱۹۶۳ میں کھلنے تھے کارروائی کرنے اور عملی طور پر احکام دینے میں کچھ دیر لگ گئی ہوگی۔ پھر بھی جون ۱۹۶۴ سے پہلے ہی کھل گئے یعنی مارچ ۶۴ میں ان کا اجرا ہوگیا۔

میر حاجی محمد بخش تالپور— گویا دس ماہ گذرنے کے بعد کھولے گئے۔ اس کی کیا وجوہات ہیں۔

وزیر تعلیم— جو بھی وجوہات ہوں گی میں دیکھ لونگا۔ کہ کیا ہیں۔ اور کوشش کی جائے گی۔ کہ آئندہ اس قسم کی دیر نہ ہو۔

OPENING OF PRIMARY SCHOOLS UNDER ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME

***6651. Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that according to entries on page 14 of West Pakistan Year Book, a sum of Rs. 3,240,000 is to be spent under the "A.D.P" on the opening of primary schools for 3 lakh children during the current financial year;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether any primary schools have been opened in the Province; if not, whether any such schools are expected to be opened before the current fiscal year is over ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the negative, reasons therefor ;

(*d*) the number of primary schools to be opened in each District of the Province alongwith the procedure adopted in fixing quota of such schools for each District ?

پارلیمنٹری سیکریٹری (خان ملنگ خان)— (الف) 1963-64 کے دوران میں پسماندہ اور خاص علاقوں میں ایک ہزار پرائمری سکولوں کی عمارات اور سامان کے لئے در اصل چالیس لاکھ پچاس ہزار روپیہ فراہم کیا گیا تھا۔ اس سوال میں بتیس لاکھ چالیس ہزار روپے کی مذکورہ رقم منظور شدہ رقم کا محض ایک حصہ ہے آٹھ لاکھ دس ہزار روپے کی ایک اور رقم بھی اسی مقصد کے لئے فراہم کی گئی تھی جو مغربی پاکستان کے ترقیاتی پروگرام برائے سال 1963-64 کے صفحہ 249 پر درج ہے۔

(ب) جی ہاں۔ پرائمری سکولوں کی عمارات اور سامان کے لئے 1963-64 کے دوران میں چالیس لاکھ پچاس ہزار روپے کی گرانٹ دی گئی۔ ان (پسماندہ علاقوں کے سکولوں) اور دوسرے سکولوں کو اساتذہ مہیا کرنے کے لئے پانچ ہزار اساتذہ کی تنخواہوں کے لئے بھی گرانٹ دی گئی۔ یہ سکول 1963-64 میں کھل گئے تھے۔

(ج) سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

(د) فہرست جس سے اساتذہ کی ضلع وار تعداد ظاہر ہوتی ہے لف ہذا ہے۔ علاقائی اور ضلعی کوٹہ علاقہ کی تعلیمی ضروریات، آبادی اور بعض علاقوں کی پسماندگی کے پیش نظر مقرر کیا گیا۔

STATEMENT 'A'
NO. OF SCHOOLS / TEACHERS ALLOTTED TO EACH DISTRICT DURING 1963-64.

Sr. No.	District.	Number of Teachers (1400 Teachers)		
	Lahore Region	Boys	Girls	Total
1.	Lahore	69	66	135
2.	Sheikhupura	50	41	91
3.	Gujranwala	53	59	112
4.	Sialkot	68	69	137
5.	Multan	118	53	171
6.	Montgomery	112	53	165
7.	D. G. Khan	59	27	86
8.	Muzaffargarh	40	24	73
9.	Bahawalpur	92	35	127
10.	Bahawalnagar	113	23	136
11.	Rahim Yar Khan	129	38	167
	Total :—	?	—	1400
	Rawalpindi Region	(1,000 Teachers)		
1.	Rawalpindi	81	45	126
2.	Campbellpur	78	38	116
3.	Jhelum	78	40	118
4.	Gujrat	78	42	120
5.	Sargodha	90	50	140
6.	Jhang	70	36	106
7.	Lyallpur	115	65	180
8.	Mianwali	60	34	94
				1,000

III. HYDERABAD REGION

1.	Thatta	50	10	60
2.	Hyderabad			
	(i) Hala Division.	60	29	89
	(ii) Tando Division.	90	19	109
3.	Tharparkar	101	41	142
4.	Sanghar	104	21	125
5.	Dadu	89	35	124
6.	Nawab Shah	71	13	84
7.	Khairpur			
	(i) Khairpur Sub—Division.	30	3	33
	(ii) Mirwah Sub—Division	34	6	40
8.	Sukkur			
	(i) Rohri Division.	32	29	102
	(ii) Shikarpur Division	41		

Sr. No.	District	Number of Teachers		
		Boys	Girls	Total
9.	Jacobabad	69	4	73
10.	Larkana	93	26	119
				1,000

IV. PESHAWAR REGION

1.	Peshawar	98	74	172
2.	Mardan	66	60	125
3.	Hazara	193	140	333
4.	Kohat	90	30	120
5.	Bannu	95	40	135
6.	D. I. Khan	75	40	115
				1,000

V. QUETTA REGION

1.	Quetta	41	28	69
2.	Sibi	23	11	34
3.	Loralai	27	10	37
4.	Zhob	29	10	39
5.	Chagai	15	6	21
6.	Kalat	50	18	68
7.	Mekran	23	7	30
8.	Kharan	2	0	2
				300

VI. KARACHI REGION

Sr. No.	District			Number of Teachers
1.	Karachi.	125	69	194
2.	Lasbela	3	3	6
			Total ..	200

OPENING OF A MIDDLE SCHOOL AT VILLAGE KALOEE OF TALUKA DEEPLO

***6661. Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether any middle school was proposed to be opened at village Kaloee of Taluka Deeplo either in 1962-63 or during the current fiscal year; if so, reasons for not opening the said school so far;

(*b*) whether it is a fact that the residents of village Dano Dhandel of Taluka Nagarparkar have demanded, the establishment of middle school at Dhano Dhandel, if so, reasons for not so far opening the said Schools at Dhano Dhandel ?

Parliamentary Secretary (Khan Malang Khan): (*a*) Yes, a middle school was proposed for Kaloee, Tehsil Deeplo for 1963-64 but as the demand for middle schools in the Hyderabad Region exceeded its quota, Kaloee could not be included in the Annual Development Programme for 1963-64.

(*b*) Yes, the residents of Dhano Dhandel, Tehsil Nagarparkar did demand a middle school and they will get it during 1964-65. A middle school for this place has already been included in the Annual Development Programme for 1964-65.

میر حاجی محمد بخش تالپور—کلوئی کے سکول کو بند کرنے کے لئے یہ بتایا گیا ہے کہ اور جگہ ڈیمانڈ زیادہ کی گئی تھی اس لئے اسے نہیں کھولا گیا۔ شاید یہ منسٹر صاحب کو معلوم نہیں ہے کہ یہ بیک ورڈ ایریا ہے۔ کیا اس کے بعد سے اب تک اس سکول کو کھولنے کے لئے کوئی تجویز نہیں کی گئی اور کیوں نہیں کی گئی کیا اس کی ضرورت نہیں ہے؟

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)— اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرونگا کہ عام جتنے سکولوں کی منظوری ہوئی تھی ان کے انتخاب میں جتنے سکولوں کی تجویز آئی تھی ان کا آپس میں مقابلہ کرتے ہوئے اس کا نمبر نہیں آسکا لیکن میں فاضل ممبر کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم اس سکول کے کھولنے کے بارے میں ضرور غور کریں گے اور اس کے استحقاق کے متعلق غور کریں گے۔

MIDDLE SCHOOL, BARNALI, TEHSIL KHARIAN

*6797. **Mr. Zulifqar Ali Khan Sial :** Will the Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the Divisional Inspector of Schools Rawalpindi accorded recognisation to Middle School, Barnali, Tehsil Kharian, District Gujrat on 21st November, 1963;

(*b*) names and number of the teachers serving in the said school along with their academic qualifications, full addresses and their teaching experience ;

(*c*) the number of rooms in the said school and the details of science equipment provided there along with the number of books available in the school library;

(*d*) whether there is any playground attached to the said school; if so, total area of the school building, the ground appertaining thereto and the play ground;

(*e*) the amount of grant in aid given to the said school and whether the said grant is being put proper use ?

Parliamentary Secretary (Khan Malang Khan): (*a*) Yes, the Middle School Barnali, Khairan, District Gujrat, a privately managed school was recognised provisionally for a period of two years with effect from 1st April, 1963, on the condition that the un-trained staff was replaced by trained and properly qualified hands, etc.

(*b*) Particulars of three teachers serving in the said school are as below :—

Serial No.	Name	Academic Qualification	Address	Teaching experience
1	2	3	4	5
1	Muhammad Masud Ahmad.	F.A.	Barnali, Tehsil Kharian, District Gujrat.	Four Years.
2	Mr. Ghulam Ali	Matric	Barnali, Tehsil Kharian, District Gujrat	Five Years.
3	A. M. Allah Ditta	Matric	Barnali, Tehsil Kharian, District Gujrat.	Four Years.

(*c*) (1) Completed Rooms .. 4 including Officer.
(2) Incomplete Rooms .. 3
(3) No. of Library Books .. 92
(4) Science Appratus .. 93 Articles.

(*d*) Yes, there is a play ground measuring about 150 feet × 60 feet attached to the school. The total area of the school building and play ground is about 8 acres.

(*e*) No grant was given to the school, so the question of its proper use does not arise.

RAISING OF STANDARD OF MIDDLE SCHOOL, JASSAR TO THAT OF A HIGH SCHOOL

*6963. **Chaudhri Muhammad Ibrahim:** Will the Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that there is no High School for boys at Jassar, Tehsil Narowal, District Sialkot ;

(*b*) density of population in this area ;

(*c*) whether there is a High School with four miles radius of Jassar;

(*d*) whether Government intend to raise the standard of the present Middle School at Jassar to that of a High School in view the density of population and there being no such school within four miles radius?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان ملنگ خان)— جی ہاں۔

ب۔ جسٹر کی آبادی تین اور چار ہزار کے درمیان ہے۔

ج۔ جی نہیں۔

د۔ جی نہیں۔ نارووال میں جو جسٹر سے پانچ میل کے دائرے کے اندر واقع ہے۔ تین ہائی سکول موجود ہیں۔ یہ سکول علاقے کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔

RAISING STANDARD OF PRIMARY SCHOOL FOR GIRLS, JASSAR, TEHSIL NAROWAL, DISTRICT SIALKOT TO THAT OF A MIDDLE SCHOOL

*6967. **Chaudhri Muhammad Ibrahim:** Will the Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that there is a Primary School for Girls in village Jassar, Tehsil Narowal, District Sialkot ;

(*b*) whether it is a fact that there is no middle school for girls at the said village ;

(*c*) whether it is a fact that village Jassar and its adjoining areas are thickly populated ;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to raise the standard of the said primary school to that of a middle school; if so, when?

Parliamentary Secretary (Khan Malang Khan):

(*a*) Yes.
(*b*) Yes.
(*c*) Yes, to some extent.

(*d*) There are no feeder primary girls schools in the area and it was feared that a middle school would not flourish there. It is proposed now to open a middle school there in 1965-66. The name has been included in the Development Programme for 1965-66.

EXTENSION OF BUILDING OF GOVERNMENT HIGH SCHOOL, ZAIDA, TEHSIL SWABI

*7341. **Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Minister of Education please refer to answer my starred question No. 6231 given on the floor of the House on 30th March 1964 and state whether Government have prepared any plan for extension of the building of Government High School, Zaida; if so, details thereof and the date by which the said school building are likely to be expanded; if not, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکریٹری (خان ملنگ خان)۔گورنمنٹ ھائی سکول زیدا کی توسیع کا کوئی خاکہ نہیں بنایا گیا۔ کیونکہ موجودہ عمارت میں توسیع کیلئے زمین موجود نہیں ہے۔ اگر اس مقصد کیلئے روپیہ فراہم ہوا تو نئی عمارت کی تعمیر پر تیسرے منصوبہ میں غور کیا جائیگا۔

خان اجون خان جدون۔ جناب جواب میں کہا گیا ہے کہ گورنمنٹ ھائی سکول زیدا کی توسیع کا اسوجہ سے خاکہ نہیں بنایا گیا کہ موجود عمارت میں توسیع کی جگہ نہیں ہے۔ کیا مزید زمین حاصل کرنے کیلئے کوشش نہیں کی گئی یا رقم مہیا نہیں کی گئی؟

وزیر تعلیم (میان محمد یاسین خان وٹو)۔ جناب والا۔ رقم مہیا نہیں کی گئی اور جیسا کہ جواب میں عرض کیا جاچکا ہے کہ تیسرا پنج سالہ منصوبہ اگلے مالی سال سے شروع ہورہا ہے اسمیں پوری کوشش کی جائیگی کہ ہم کو اس کی توسیع کیلئے روپیہ فراہم ہوجائے۔

خان اجون خان جدون۔ کیا آپ وعدہ کرتے ہیں کہ اگلے سال آپ اسکی توسیع کیلئے ضرور رقم رکھیں گے ؟

وزیر تعلیم۔ جناب والا۔ اس سلسلے میں وعدہ کرنا مشکل ہوگا لیکن بہر صورت جو کچھ ہمارے وسائل ہونگے اسکے مطابق ہم اس سکول کے حقوق کو نظر انداز نہیں کریں گے۔

سسٹر عبدالرازق خان۔ جناب وزیر صاحب نے جو جواب دیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ زمین نہ ملنے کی وجہ سے اسکے لئے کوئی خاکہ نہیں بنایا گیا۔ اگر ہم اسوقت یہ وعدہ کریں کہ زمین اسکی توسیع کیلئے مفت مہیا کردیں گے تو کیا آپ اسکے لئے بلڈنگ کے اخراجات دینے کے لئے تیار ہو جائیں گے ؟

وزیر تعلیم— جناب والا جتنی زمین مطلوب ہے ۔ اگر فاضل ممبر وہ مہیا فرمادیں گے تو یقیناً ہم اس مطالبہ پر ہمدردی سے غور کریں گے ۔

مسٹر عبدالرازق خاں— زمین ہم دے دینگے آپ محکمہ والوں سے کہدیں کہ وہ بلڈنگ کا کام شروع کر دیں ۔

وزیر تعلیم— جناب والا ۔ یہ اتنی آسان بات نہیں ہے۔ لیکن وہ گورنمنٹ کے نام زمین لکھوا دیں محکمہ کے نام لکھوا دیں تو اس وقت فوراً کارروائی شروع کردیجائیگی ۔

مسٹر سپیکر— میاں صاحب آپ فرما دیں کہ محکمہ سے فوراً فور کرا لیا جائیگا ۔ (قہقہہ) ۔

وزیر تعلیم— جناب والا ۔ یہ جونہی محکمہ کے نام منتقل کردیجا ئیگی ۔ محکمہ سے تمام مراحل پر جلد سے جلد کوشش شروع کر دیجائیگی ۔

مسٹر حمیداللہ خاں— جناب کیا کوئی ایسا ضلع بھی ہے ۔ جسمیں گورنمنٹ ہائی سکول کی بلڈنگ ہی نہیں ہے ۔

وزیر تعلیم— اگر فاضل ممبر اسکا جواب چاہتے ہیں ۔ تو سوالی دیدیں ہم ساری اطلاع مہیا کردیں گے ۔

مسٹر حمیداللہ خاں— جناب میں آپکی اطلاع کیلئے کہتا ہوں کہ proper میانوالی میں کوئی گورنمنٹ ہائی سکول کی بلڈنگ ہی نہیں ہے ۔ میں نے جناب وزیر صاحب کو ایک مرتبہ ایجا کر دکھایا تھا کہ سب سکول کرایہ کی عماروں میں ہیں ۔

مسٹر افتخار احمد خاں— اگر سکول کھولنے کو کہو گے تو کام خراب ہو جائیگا ۔ (قہقہہ)

وزیر تعلیم— تمام سکولوں کے بارے میں اور تعلیم کے بارے میں اور انکی مشکلات کے بارے میں ہمدردی سے غور کیا جائیگا اور بیک ورڈ ایریاز کیلئے خاص طور پر خیال رکھا جاتا ہے اور پسماندہ علاقوں کیلئے خاص طور پر خیال رکھا جاتا ہے اور خیال رکھا جائیگا ۔

EXTENSION OF GOVERNMENT HIGH SCHOOL BUILDING, P/ BBI

*7342. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Education please refer to answer to my starred question No. 6230 given on the floor of the House on 30th March 1964 and state:—

(a) whether the claim of Mr. Ghulam Muhammad has since been verified from the record of the Department; if so (i) the amount of compensation determined for payment, (ii) the date by which compensation will be paid to him;

(b) in case the said claim has not been verified so far (i) reasons for delay and (ii) date by which the matter will be finalized ?

Minister of Revenue: The notification is being issued from time to time restricting the areas; but the ban is there ever since 1950 and in Khairpur State there was a resolution of the State in 1953 that there should be a ban on the cultivation of rice. Now the Government has appointed a committee and the committee has submitted its report in this connection. The Secretary of Communications, Chief Engineer, Irrigation and the Chief Engineer, B. and R. formed the committee and they have submitted a report that such and such area should be restricted just to protect the high ways because the water table there was rising and they gave us particular places where rice should not be cultivated within half a mile of those black top roads. So this is in former Sind with the exception of some districts of the Punjab where the level of the roads is higher and the rice cultivation does not damage the roads. It was in general interest and to protect the high ways and only a few individuals are affected. Moreover, if rice is not cultivated there they can cultivate other crops there. So far as the use of the land is concerned, that is not prohibited except only for the cultivation of rice.

Mr. Speaker: Is such a notification repeated every year?

Minister of Revenue: No, it is not repeated every year. This notification will remain in force unless it is repealed and some other notification is issued.

Mr. Speaker: The Minister has stated that such measures are being taken in Sind right from 1950.

Minister of Revenue: From 1950, the restriction on rice cultivation in certain areas is there. Notifications are only issued regarding the extent of areas. In some cases it was one mile and after that it was reduced to half a mile but the restriction is there.

مسٹر علی گوهر کهوڑو - جناب والا - مجھے یہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ خان پیر محمد خان صاحب نے ابھی صحیح بات نہیں بتائی - یہ آرڈیننس ۱۹۵۹ میں جس وقت اسمبلی معرض وجود میں نہ تھی اس کو جاری کیا گیا - جو اس ہاؤس کے سامنے discuss نہیں ہوا - یہ arbitrary آرڈر نہیں ہے - ۲۱ جولائی کو گورنمنٹ نے آرڈر کیا جو ½ mile either side کا جاری کیا - جس کی کوئی definition نہیں ہے - سارے سابقہ پنجاب کو exclude کیا گیا ہے -

وزیر تعلیم - سارے کو نہیں -

مسٹر علی گوهر کهوڑو - پنجاب Rice Production area ہے - اس میں محفوظ کیا ہے - لیکن لاڑکانہ ، ٹھٹھہ ، جیکب آباد ، حیدرآباد اور حیدرآباد ضلع کے کچھ حصے وغیرہ rice growing جو ہیں ان پر یہ نافذ تھے - وہاں نصف میل کی

پابندی ڈالنے سے ہر میل میں ساڑھے چھ ایکڑ زمین غیر آباد ہو جاتی ہے۔ یہ rice canal لاڑکانہ اور دادو کے اضلاع سے گزرتی ہے۔ جہاں صرف چاول کی فصل ہوتی ہے۔ کیونکہ وہاں خریف کا پانی ملتا ہے۔ ربیع کا پانی نہیں ملتا۔ تو جناب گورنمنٹ کا جو یہ arbitrary order ہے۔ یہ ہمارے سابق صوبہ سندھ کے لاکھوں آدمیوں پر اثر انداز ہوتا ہے اور اس کی وجہ سے ہمارے ہاں لوگوں میں بڑی پریشانی اور بے چینی پائی جاتی ہے۔ لہذا اس Adjournment Motion کو لانے کا مقصد ہی یہ ہے کہ گورنمنٹ کے B. and R. کے چیف انجنیر صاحب کے لکھنے پر وہاں لاکھوں آدمیوں کو بے روزگار بنا دیا گیا ہے۔ میں خان پیر محمد خان صاحب کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ لاڑکانہ تشریف لائیں اور دیکھیں۔ اگر وہاں ایک آدمی بھی اس arbitrary order کے حق میں ہو تو ہم اسے welcome کرنے کیلئے تیار ہیں۔

حاجی عبدالمجید جتوئی۔ جناب والا۔ وہاں تو چاول کا سوال ہے۔ لوگوں کی صحت کا سوال ہے۔ وہاں تو لوگ بھوکے مر رہے ہیں۔

مسٹر سپیکر۔ جتوئی صاحب۔ آپ اس تحریک کے متعلق فرمائیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ اس پر پابندی سندھ کے علاقے میں پہلے سے موجود ہے۔ یہ پرانا واقعہ ہے۔ کوئی نیا یا تازہ واقعہ نہیں۔

حاجی عبدالمجید جتوئی۔ جناب والا۔ Rice canal جو سکھر بیراج میں ہے۔ اس کا مقصد صرف چاول کی پیداوار ہے۔ اس کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ سکھر سے یہ نہر نکالی ہی اس غرض سے گئی تھی کہ لاڑکانہ، دادو، سکھر اور جیکب آباد کے ضلعوں کیلئے پانی مہیا کیا جائے۔ افسوس تو اس بات کا ہے کہ دونوں وزرا کبھی لاڑکانہ اور دادو تشریف نہیں لائے اگر وہ ایک دفعہ بھی آئیں تو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں کہ وہاں چاول کی فصل کو نقصان پہنچا ہے یا نہیں۔

مسٹر سپیکر۔ جتوئی صاحب۔ کیا آپ نے ان وزرا صاحبان کو کبھی وہاں آنے کی دعوت دی ہے؟

حاجی عبدالمجید جتوئی۔ جی ہاں جناب۔ کئی بار دی ہے۔ دس مرتبہ نہیں بیس مرتبہ دی ہے۔ اس کے علاوہ چٹھی بھی لکھی ہے۔ لیکن وہ کہتے

ہیں کہ وہاں گرمی بہت زیادہ ہے۔ ہم مر رہے ہیں۔ ہم وہاں نہیں جائینگے تو اس صورت حال میں وہ حالات کیسے دیکھینگے۔ بہر صورت جناب۔ یہ Rice canal تو صرف چاول پیدا کرتی ہے۔

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan):

جناب والا۔ میں آپ کے توسل سے ان کی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ This circular letter No. 434,dated..... Government of Sind, Revenue Department, Sind Secretariat, Karachi dated the 7th September 1950.

تو یہ ۱۹۵۰ء میں Barrage areas کے لئے لائے تھے اور اس میں صرف Barrage areas کو لیا ہے۔

مسٹر سپیکر۔ لیکن خان صاحب جس علاقے کے متعلق یہ نوٹیفیکیشن کی گئی ہے۔ اس نوٹیفیکیشن کے ذریعے کیا پہلے اس علاقے میں بالکل restriction نہ تھی؟

وزیر مال۔ بالکل تھی جناب، یہ تو through out سندھ تھی۔ لیکن اتنا ضرور تھا کہ وہاں limit بدلتی رہی۔ کہیں یہ ایک میل تھی۔ کہیں نصف میل اور کہیں صرف بیس chains تھی۔

خواجہ محمد صفدر۔ جناب۔ میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ جناب وزیر اس سے پہلی نوٹیفیکیشن پڑھ دیں تاکہ پتہ چل جائے کہ یہ پابندی ایک میل کے لئے تھی۔ نصف میل کے لئے یا ایک چوتھائی میل کیلئے تھی۔

وزیر مال۔ جناب والا۔ میں یہ نوٹیفیکیشن پڑھکر سنا دیتا ہوں۔

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا۔ میں آپکی وساطت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ جناب وزیر جولائی سے پہلی نوٹیفیکیشن پڑھ دیں۔

مسٹر سپیکر۔ خان صاحب۔ اس نوٹیفیکیشن سے پہلی پابندی کیا تھی؟

وزیر مال۔ اس سے پہلی پابندی جناب۔ بیس chains تھی۔ یہ تو آپ Sind Revenue Code میں دیکھ سکتے ہیں۔

Mr. Ali Gohar Khurd: No Sir, there is no restriction.

Minister of Revenue: "It has been brought to the notice of the Government that many khatedars ignorant about the orders relating to the removal of rice restrictions on the levy of charges there. The Government are, therefore, pleased to issue the following consolidated order on the subject in place of those issued under the Circular, Revenue Department No. 817-F/49, dated 18th February 1950."

پھر اس میں یہ بھی تھا

Permanent removal of rice restrictions from lands which are in the areas to be later commanded by the Upper Sind and Lower Sind Barrage.....

حاجی عبدالمجید جتوئی۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا ان سے کہیں کہ اسے چھوڑیں اور اصل notification پڑھیں۔ یہ پتہ نہیں کیا پڑھ رہے ہیں۔

Minister of Revenue: This is a circular letter of the then Sind Government.

Mr. Speaker: This circular letter was issued in 1950.

Minister of Revenue: Yes Sir, in 1950.

مسٹر علی گوہر کھوڑو۔ جناب والا ۔ یہ جو on a point of order, Sir حکومت کا circular ہے۔ جس کے تحت اس نے مورخہ ۲۱۔ جولائی کو نوٹیفیکیشن کی تھی۔ اس سے اس معاملے کا کوئی تعلق نہیں۔ دراصل ہمارے ہاں ایک کو Qabuli lands ہیں جو بیراجوں کے علاقوں میں ہیں۔

Mr. Speaker: This is no point of order. The member is discussing the motion itself.

Mr. Ali Gohar Khuhro: Sir, I want to prove that this notification is not applicable to my adjournment motion.

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا ۔ میں نے ابھی جناب وزیر کی خدمت میں درخواست کی ہے کہ اگر اس نوٹیفیکیشن سے پہلے کوئی نوٹیفیکیشن تھی تو وہ پیش کر دیں۔ بات ختم ہو جائیگی۔ ہم تو ۱۹۶۲ء یا ۱۹۶۳ء میں رہنا چاہتے ہیں۔

وزیر مال۔ جناب والا ۔ اس نوٹیفیکیشن کے متعلق تو پہلے ہی ۱۹۵۹ء میں ایک آرڈیننس جاری ہو گیا تھا ۔ اسی کے تحت یہ نوٹیفیکیشن ہوئی تھی ۔

Mr. Speaker: So the cause of action arose in 1959?

Minister of Revenue: Yes, Sir.

مسٹر سپیکر۔ خان صاحب ۔ جہاں تک آرڈیننس کا تعلق ہے۔ اس میں

ایک میل یا نصف میل کی پابندی لگانے کی تجویز نہیں کی گئی ہو گی ۔ اس میں تو اختیارات دئے گئے ہونگے ۔ لیکن یہ جو order کیلئے نوٹیفیکیشن کی ہے ۔ اس کیلئے تو آپ نے علیحدہ حکم جاری کیا ہوگا ۔ جس کے ذریعے آپ نے نصف میل کا ban لگا دیا ۔

وزیر مال ۔ جی ہاں جناب ۔ خاص خاص جگہوں میں ۔

except some districts and one Tehsil of Lyallpur District.

Mr. Speaker: اس لئے جہاں تک آپ کے اس order کا تعلق ہے ۔ یہ تو بہرحال مورخہ ۲۱ جولائی کو جاری ہوا ۔ and the Government exercised these powers under a particular Ordinance.

Minister of Revenue: Yes Sir.

Mr. Speaker: The Ordinance was there.

Minister of Revenue: Yes Sir.

Mr. Speaker: But this was a fresh order issued on the 21st July.

Minister of Revenue: Yes Sir.

Mr. Speaker: Then I hold the motion in order.

"Mr. Ali Gohar Khuhro has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the most arbitrary and extremely harmful orders of the Provincial Government banning rice cultivation within half a mile on either side of the Black Top Roads throughout West Pakistan except Sheikhupura, Gujrat, Sialkot and Gujranwala and Jaranwala Tehsil of Lyallpur District as published on 8th August, 1964 in the Gazettee of West Pakistan Notification No: 1672-64-11/1182: G.S. dated the 21st July, 1964. This arbitrary order has resulted in leaving vast rice growing lands in the former Sind area uncultivated causing heavy financial loss to the cultivators of that region and has deteriorated the food situation in that region. The public of the said region has shown extreme resentment against these orders."

Those Members who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

(As less than twenty-five Members rose in their places, leave to move the motion was refused).

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: This is a censure from your own Party.

Mr. Speaker: Next motion.

INTERFERENCE IN FAVOUR OF PRESIDENT MUHAMMAD AYUB KHAN BY OFFICIALS OF PROVINCIAL GOVERNMENT IN PRESIDENTIAL ELECTIONS.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the flagrant interference in favour of President Muhammad Ayub Khan by the officials of the Provincial Government at the behest of the Provincial Ministers in the present Presidential Election, as is evident from a circular letter No. 457/64, dated 17th November, 1964 issued by the Tehsildar of Kotri to all the Members of the Electoral College of his Tehsil to attend a meeting at Dadu which was addressed by Mr. Muhammad Khan Junejo, Minister for Railways, exhorting the Members of the Electoral College to vote for the Convention League candidate, Field Marshal Muhammad Ayub Khan. This most deplorable official interference by the Goverument servants has greatly dismayed and disappointed the public of the Province and has caused widespread resentment.

Minister of Communications and Works (Mr. Muhammad Khan Junejo): Opposed Sir. The facts are denied. It is alleged in this adjournment motion that the official machinery was used for the election of the President, Field Marshal Muhammad Ayub Khan. It is denied. As regards the calling of these B.D. members for this particular meeting, the leader of the Opposition has stated that they were called by a notice issued by a tehsildar of Kotri that they shoud attend a meeting, where I will be addressing them for the President's election, coming in the near future.

Sir, normally this is always the procedure that whenever we proceed on a tour, we issue notices to the concerned districtoffi cers that they must invite members of the B.D. to attend our meetings because the B.D. members are closely associated, particularly with my department, and we would like to hear them if they have any views or if they would like to suggest any problems of their areas. In this particular case, I will read out the telegram, which was issued by the Deputy Commissioner, Dadu, informing the Mukhtiarkar of Kotri; that reads:

> "Please intimate to all newly-elected members of the Electoral College to attend the meeting on 21st instant at 12-00 noon at Dadu Gymkhana at which the Minister for Communications will address them. They are invited to witness the Cultural Show to be held on the same day in aid of Red Cross."

So, Sir, this telegram clarifies the position that these members were not called in connection with the President's election, but they were called to attend the meeting because I had desired that they should come and attend the meeting and I would like to address them and know their problems.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): Sir there are a few technical objections. My learned friend wants to join many matters in this motion. He has generalised it; the flagrant interference in favour of President Muhammad Ayub Khan by the officials all over West Pakistan of the Provincial Government at the behest of the Provincial Minister in the Presidential election. Then he talks of one single specific matter only, but mainly he wants

to discuss the flagrant interference in favour of President Muhammad Ayub Khan by the officials all over West Pakistan of the provincial government at the behest of the Provincial Minister. This is the main important thing for which he wants to adjourn the business of the House. It is only then that he has given one particular example of my learned friend. So this is vague Sir, and should be ruled out of order.

خواجہ محمد صفدر ۔ جہاں تک میرے دوست وزیر تعلیم کے قانونی اعتراضات کا تعلق ہے میں جناب والا ۔ آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ میں نے جو واقعہ بیان کیا ہے جس کی بنا پر میں گفتگو کرنا چاہتا ہوں اور اس ایوان کی کارروائی کو ملتوی کرنے کا خواہش مند ہوں ۔ وہ بالکل particular ہے اور single specific instance ہے ۔ اگر اس واقعہ میں کوئی سقم ہوں تو وہ اعتراض کر سکتے ہیں لیکن جہاں تک واقعات کا تعلق ہے محترم وزیر مواصلات نے ان کی معقولیت کو تسلیم کر لیا ہے ماسوائے ایک بات کے کہ بی ڈی کے ممبران کا جلسہ اس لئے نہیں بلایا گیا تھا کہ صدارتی انتخاب کے لئے کسی امیدوار کے حق میں ووٹ دینے کے لئے ترغیب دیتے اگر میرے دوست اور محترم وزراء صاحبان صوبہ کے دورہ پر محکمانہ کام کاج کے لئے جاتے ہیں ۔ تو اس میں ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا ۔ لیکن پچھلے دو ماہ میں ہم ہر روز ان کی تقاریر ۔ ان کے بیانات اور ان کی statements جو مختلف سٹیشنوں پر دیہات میں اور شہروں میں دیتے رہے ہیں اخبارات میں پڑھتے تھے ۔ اگر وہ صرف صدارتی انتخاب کے سلسلہ میں دورہ پر نکلتے تو ہمیں اعتراض نہ تھا لیکن ایسے دوروں اگر وہ ٹی اے اور ڈی اے چارج کریں تو قابل اعتراض ہے البتہ سرکاری کام کے لئے دیانتداری سے ان کو ٹی اے اور ڈی اے چارج کرنا چاہئے ۔ سیاسی کام کے لئے چارج کرنا درست نہیں اور ان کا قطعاً حق نہیں ۔ (قطع کلامیاں اور شور) ۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان)۔ ہم سرکاری کام پر جاتے ہیں اور ہمیں حق ہے کہ ٹی اے اور ڈی اے چارج کریں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ لیکن اگر آپ اپنے ذاتی کام کے لئے مردان جاتے ہیں تو پھر آپ کا کوئی حق نہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ یہ وزیر مال صاحب کو کو کیا ہو گیا ہے ۔ وہ اتنے برہم کیوں ہیں ۔

Mr. Speaker: This is not a point of order.

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس میٹنگ میں حاضر تھا جس میں مسٹر محمد خان جنیجو گئے تھے وہاں الیکشن کی کوئی بات نہیں ہوئی ۔ یہ دورہ ان کا روزمرہ کا دورہ تھا ۔

Mr. Speaker: This is also not a point of order.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میری تحریک التوا ایک اخباری رپورٹ پر منحصر ہے ۔ جس میں یہ لکھا ہے ۔

کوٹری ۔ ابھی حال ہی میں مختارکار نے اپنے ایک لیٹر کے ذریعہ منتخب ممبران کو دادو طلب کیا جہاں مسٹر محمد خان جنیجو اپنی پارٹی کے انتخابی دورے پر ہیں ۔ انہوں نے ممبران پر زور دیا کہ وہ صدارتی انتخاب میں صدر ایوب کو ووٹ دیں ۔

Mr. Speaker: Is it "Nawa-i-Waqt"?

Khawaja Muhammad Safdar: Yes Sir, it is.

اس میں ایک چٹھی شائع ہوئی ہے جس کی بنا پر میں یہ تحریک التوا پیش کی گئی ہے ۔

Minister of Revenue: I have got a copy of the original letter.

وزیر مال ۔ اس کی ایک نقل میرے پاس ہے ۔ وہ مندھی میں ہے ۔ یہ روڈ کواس کی میٹنگ تھی اور اس کے لئے لوگوں کو بلایا گیا تھا ۔

And the question of fact is denied.

Minister of Communications: Actually Sir, if you want, I would read out the letter issued by the Mukhtiarkar.

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب نے فاضل وزیر ریلوے کے کوئٹہ دورہ پر جانے اور ایک صدارتی امیدوار کے حق میں پراپیگنڈہ کرنے کے سلسلہ میں اس ہاؤس میں ایک تحریک التوا پیش کی ہے اور وزیر تعلیم میاں محمد یامین خاں وٹو صاحب نے اعتراض کیا ہے کہ یہ معاملہ ایک Single specific matter نہیں ہے۔ جہاں تک واقعات کا تعلق ہے فاضل وزیر ریلوے نے ان واقعات سے انکار کیا ہے۔ اور جہاں تک وزیرصاحبان کے دورہ پر جانے کا تعلق ہے وہ انتخابات کے دوران بھی جا سکتے ہیں ۔ وہ صدارتی انتخاب سے پہلے اور بعد میں بھی جا سکتے ہیں ۔ اور جہاں تک خواجہ صاحب کے اس اعتراض کا تعلق ہے کہ وہاں جا کر وہ صدارتی انتخاب کے سلسلہ میں کسی خاص امیدوار کے لئے پراپیگنڈہ کرتے رہے اس اس کے متعلق فاضل وزیر مواصلات کا بیان اور ایک معزز ممبر حاجی عبدالمجید جتوئی کا بیان اس بات کے لئے کافی ہے کہ یہ واقعات درست نہیں ہیں ۔ ان حالات میں ، میں اس تحریک التوا کو خلاف قانون قرار دیتا ہوں ۔

خواجہ صاحب اگلی تحریک کے لئے اجازت طلب کریں ۔

POLICE LATHI-CHARGE ON STUDENT PROCESSION IN LAHORE ON 9TH DECEMBER, 1964

Khawaja Muhammad Safdar: Sir I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the unprovoked and illegal lathi-charge by the Police on a peaceful student procession and the arrest of twelve students of Lahore on the 9th December, 1964. The students had taken out this procession as a protest against the illegal firing by the police on the students killing one and injuring three on the 8th December 1964 in Karachi. This unprovoked and illegal violence by the Police on the students of Lahore has caused great resentment among the public of the province.

وزیر تعلیم (میاں محمد یامین خاں وٹو) ۔ Sir, Opposed جناب والا ۔ اس تحریک التوا میں Single specific matter کو زیر بحث نہیں لایا گیا ۔ اس میں لفظ and سے ظاہر ہوتا ہے کہ فاضل ممبر یہاں دو چیزیں discuss کرنا چاہتے ہیں مثلاً اس میں ہے ۔

'Unprovoked and illegal lathi-charge by the Police and second point is the arrest of 12 students. According to him this is one single specific matter. I would submit that this is not a single specific matter and only on this ground the adjournment motion deserves being ruled out of order.

Secondly, so far as the arrest of 12 students is concerned, the matter is *sub-judice*. A case has been registered and it is under investigation. So, even if the Speaker holds that it is a single specific matter, even then that part of it is a *sub-judice* matter and should not be allowed to be moved in the House. I submit that the motion should be ruled out of order.

Mr. Speaker: How is it a single specific matter?

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ایک ہی جلوس تھا جس میں انہوں نے لاٹھی چارج بھی کیا اور کچھ طلبا گرفتار کئے اسکو آپ Separate نہیں کر سکتے یہ ایک ہی واقعہ ہے دو واقعات نہیں ہیں ۔ یا تو یہ ہوتا کہ طلبا گھروں سے گرفتار کئے گئے تو میں مان لیتا کہ علیحدہ علیحدہ واقعات ہیں لیکن اس موقع پر جلوس سے جتنے طلبا گرفتار کئے گئے اور لاٹھی چارج کیا گیا تو در اصل یہ ایک ہی واقعہ ہوا ہے ۔

Mr. Speaker: So far as the Police is concerned, these are two separate actions at least.

خواجہ محمد صفدر ۔ Separate action کے سلسلے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اگر آپ گرفتار کریں گے تو گرفتاری کیلئے کچھ آپ کو اور بھی کام کرنا پڑتے ہیں اور کچھ مختلف حرکات کرنا پڑتی ہیں لیکن ایک ہی موقع پر ایک ہی وقت میں اور ایک ہی قسم کے لوگوں کے خلاف جو قدم اٹھایا جائیگا ـــــ مثال کے طور پر ایک Procession پر لاٹھی چارج کیا جاتا ہے اسکے بعد Tear گیس چلائی جاتی ہے تو کیا دونوں علیحدہ علیحدہ ایکشن ہوتے ہیں لیکن یہ واقعہ ایسا ہے کہ جسکو پولیس کہتی ہے کہ unlawful ہے اور پبلک کہتی ہے کہ lawful ہے اور جب لاٹھی چارج ہو اور گولی بھی چلائی جائے تو اسلئے یہ single specific ہے ۔

وزیر مال (خان پیر محمد) (خان : اگر ایک ہے تو *subjudice* ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں یہ concede کرنے کیلئے تیار ہوں اگر کوئی اور مقدمہ چل رہا ہو تو وہ اور بات ہے اسکا میرے پاس جواب نہیں ہے ورنہ یہ Snglei specific ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ جو کچھ جناب والا میرے فاضل دوست نے فرمایا ہے میں اس سے متفق نہیں ہوں کہ یہ single specific ہے ۔

Mr. Speaker: Is the matter *subjudice*?

وزیر تعلیم ۔ انکے خلاف مقدمہ Under investigation ہے ۔

Mr. Speaker: Has the case been registered?

Minister of Education: Yes, Sir, the case has been registered.

Mr. Speaker: The matter is *subjudice* and the motion is ruled out of order. Next motion.

LATHI-CHARGE AND TEAR-GAS ATTACK ON STUDENTS AT RAWALPINDI ON 9TH DECEMBER 1964

Khawaja Muhammad Safdar: I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the unprovoked, unlawful and illegal lathi-charge and tear gassing of the Rawalpindi students by the Police on the 9th December, 1964, at Rawalpindi, injuring several students. The students had taken out a procession as a protest against the Police firing on the Karachi students on the 8th December, 1964, which had resulted in the death of one and serious injuries to other three students. This highhandedness of the Rawalpindi Police which resulted in injuries to numerous students has caused great resentment amongst the public of the province.

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ opposed اسکے متعلق جناب میں یہ عرض کرونگا کہ اس دن راولپنڈی کے طلبا نے ایک جلوس نکالا وہ شہر سے ہو کر ایک مقام پر گیا جہاں سول لائن میں اس سے قبل دفعہ ۱۴۴ نافذ تھی ۔ جب طلبا کو روکا گیا اور طلبا نے آگے بڑھنے پر اصرار کیا تو یہ واقعہ ہوا جو میرے فاضل دوست نے کہا ہے اور اس میں ایسی چیز جو اس ایوان میں discuss کرنا چاہتے ہیں یعنی unprovoked, unlawful, illegal Lathi-charge, tear gassing on the students by the police

اتفاق سے میں بھی اس موقع پر گیا تو میں نے دیکھا کہ پولیس کچھ طلبا کو ۱۴۴ کے توڑنے کے سلسلے میں پکڑنا چاہتی ہے تو میں نے کہا کہ ہمارے بچے ہیں انکو چھوڑدو ۔ چنانچہ انکو چھوڑدیا گیا اور وہ peacefully چلے گئے راستے میں کچھ لڑکوں نے بسوں پر پتھر پھینکے لیکن میری جو

اطلاع ہے اسکے مطابق کوئی ایسا واقعہ پیش نہیں آیا ۔ میں آپ کی خدمت میں متعلقہ ڈپٹی کمشنر سے جو خط اس سلسلے میں موصول ہوا ہے پڑھکر سنائے دیتا ہوں ۔

There is absolutely no truth in the adjournment motion put forward by Khawaja Muhammad Safdar. The Leader of the Opposition appears to be misinformed as far as the incident is concerned. The brief facts are as under:—

On the morning of 9-12-1964, the students of the local Government Degree College took out a procession in order to voice their indignation at the Police firing at Karachi on 8-12-1964, resulting in the death of a student and also to press their demands for the repeal of the University Ordinance. They went to Government Inter College, New Town, and persuaded the students of that institution to join them, most of whom followed suit. The procession then passing through the main thoroughfare of the city went to the Gardon College. There again they tried to prevail upon the students to join them, but only a few agreed to form part of the procession (1,000/1,200) which wended its way towards the Cantonment area where section 144, Cr. P.C. was already in force. A strong police barricade was put up at Marir Hassan Railway Overbridge. When the procession approached the Leh Bridge, the Additional S. P. and the D. S. P., Cantonment went to contact them and prevailed upon them not to enter the Cantonment area. As the boys wanted to see the Commissioner and the Minister for Education, who were in Rawalpindi, they were asked to nominate ten representatives from amongst them, who would be taken to them, but they insisted that the entire procession would go. They became unruly and extremely rowdy and started pelting stones without the least provocation. Half a dozen constables received minor injuries. A charge by the Mounted Police was resorted to and some tear-gas shells were fired to disperse them. Fifteen of the boys were rounded up on the spot but were let off after a talk with them. The Minister for Education also addressed the students and prevailed upon them to disperse peacefully. The boys started tracking back towards city. On Murree Road they threw stones and broke window glasses of a number of G. T. buses. The Police which were following them had again to resort to a mild lathi-charge near Liaquat Gardens and that the Police action was entirely in self-defence.

It should be ruled out of order.

کیونکہ یہ single specific matter کے متعلق نہیں ہے اور واقعات کے مطابق بھی نہیں ہے جو خواجہ صاحب نے بیان کئے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب وزیر قانون صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ وہاں دفعہ ۱۴۴ لگی ہوئی تھی وہاں جلوسوں کا داخلہ ممنوع تھا ۔ یہ مجھے درست نہیں معلوم ہوتا ۔ کم سے کم اس اخبار کی اطلاعات کے پیش نظر اور

خود انکے اپنے بیان کے مطابق ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ راولپنڈی نے چھاؤنی کے علاقہ میں فوری طور پر پابندی لگادی تاکہ وہ پابندی جلوس کو روکدے یہی اس رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے دوسرے انہوں نے خود فرمایا ہے کہ دس آدمیوں کو گرفتار کرنا چاہتے تھے ۔ گرفتار تو دس آدمی بھی ہو سکتے ہیں اور پانچ آدمیوں کو بھی گرفتار کیا جا سکتا ہے ۔ لیکن اگر دفعہ ۱۴۴ ہوتی تو یہ اصرار کرتے کہ چار سے زیادہ آدمی اکھٹا نہ ہوں اور پانچ یا پانچ سے زیادہ آدمیوں کا ایک ساتھ چلنا ممنوع ہے ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ دفعہ ۱۴۴ نہیں تھی ۔

دوسری بات انہوں نے ارشاد فرمائی ہے کہ میں نے جس واقعہ کے متعلق گزارش کی ہے وہ لیاقت گارڈن کے پاس ہے اور اسکے متعلق یہاں رپورٹ ہوئی ہے اور وہ چھاؤنی سے خاصا دور ہے ۔ اور خود انہوں نے ارشاد فرمایا کہ ان کے کہنے پر طلبا واپس چلے گئے لیکن بعض جگہ ہنگامہ ہو گیا اور پولیس نے لاٹھی چارج کیا ۔ میری contention یہ ہے کہ پولیس نے محض بہانہ بنا یا کہ ہنگامہ ہو گیا در اصل انہوں نے چند لڑکوں کا سر پھوڑنا تھا اور کوئی بات نہ تھی ۔

مسٹر سپیکر ۔ دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کب کیا گیا تھا ۔

وزیر تعلیم ۔ خواجہ صاحب اتنے بڑے آدمی ہیں اور اتنی چھوٹی دلیل کا بہانہ تلاش کرتے ہیں ۔ وہ اس بات کو رد کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب یہ ۱۴۴ کا نفاذ کب ہوا ؟

وزیر تعلیم ۔ جناب باقی شہر میں ۱۴۴ کا نفاذ نہ تھا ۔ وہاں سے جلوس آ گیا ۔ یہ ریلوے پل کے آگے سول لائین کینٹ ایریا ہو ہے وہاں پہلے سے ۱۴۴ کا نفاذ تھا ۔

مسٹر سپیکر ۔ ؟ تاریخ کے لئے ؟

وزیر تعلیم - ۹ تاریخ سے پہلے - اور اسی لئے انہیں وہاں روکا گیا اور کسی جگہہ پر نہیں روکا گیا جناب -

Mr. Speaker: As the action has been taken under section 144, Cr. P.C. the motion is ruled out of order. Next motion.

FIRING BY KARACHI POLICE ON KARACHI STUDENTS KILLING ONE AND INJURING THREE STUDENTS

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the unprovoked, uncalled for and illega firing by Karachi Police on unarmed and peaceful procession of Karachi students killing Muhammad Nasim, a 1st year student, and seriously injuring three others on the 8th of December, 1964. This unprovoked and illegal firing by the Karachi Police has caused great resentment amongst the public of the province.

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) - جناب والا - اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرونگا کہ چونکہ اس بارہ میں Magisterial Enquiry کا پہلے حکم دیا جا چکا ہے اور مقدمہ رجسٹر ہو چکا ہے لہذا یہ مسئلہ ایسا ہے جسے sub judice تصور کیا جائے اور اس پر بحث کی اجازت نہ دی جائے -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - جہاں تک Magisterial Enquiry کا تعلق ہے وہ تو ضابطہ فوجداری کے تحت کیجا رہی ہے -

Mr. Speaker: But that would be a judicial enquiry.

خواجہ محمد صفدر - That is under the Cr.P.C. وہ یوں ہے جناب کہ رپورٹ کر کے ڈی - ایم کے پاس بھیج دیں گے - بعد میں مقدمہ رجسٹر ہوتا رہے یا نہ ہو وہ تو اور بات ہے - وہ جوڈیشل پروسیجر نہیں ہے - وہ تو ایک میجسٹریٹ کو ایک واقعہ کی خاص تحقیقات کرنے کے لئے مقرر کر دیا جاتا ہے - وہ رپورٹ کرتا ہے ڈی - ایم کے پاس - اس لئے وہ تو جوڈیشل انکوائری نہیں ہے جناب اور اس کو subjudice کے احاطہ میں نہیں لایا جا سکتا لیکن

اگر یہ میرے دوست definite ہیں کہ اس کیس کے متعلق کسی کے خلاف اس بچے کی موت سے متعلق پرچہ ہوا ہے یا جو طلبا وہاں جو گولی سے زخمی ہوئے تھے اس کے خلاف کوئی پرچہ ہوا ہے تو پھر ٹھیک ہے اور اگر ان کے متعلق پرچہ نہیں ہوا تو پھر وہ subjudice نہیں ہے ۔ تو میری عرض یہ ہے جناب کہ وہ اپنی ذمہ داری سے یہ بات بتادیں ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں انکی اس بات سے اختلاف کرتا ہوں ۔ اگر Magisterial Enquiry کسی چیز پر ہو رہی ہو تو وہ subjudice نہیں ہے جس طرح کہ جناب والا نے پہلے کئی دفعہ فیصلہ فرمایا کہ جب سے کیس رجسٹر ہو جاتا ہے اور اس کی تفتیش بھی شروع ہو جاتی ہے تو اس وقت سے وہ subjudice ہو جاتا ہے اور جہاں تک Magisterial Enquiry کا تعلق ہے خود وہ خواجہ صاحب نے تسلیم فرمایا ہے کہ وہ ضابطہ فوجداری کے تحت ہوتی ہے ۔ اور باقاعدہ قانون کے تحت ہوتی ہے اور جوڈیشل انکوائری ہوتی ہے وہ میجسٹریٹ کرتا ہے اس لئے وہ بذات خود بھی جوڈیشل انکوائری ہے اور اس حیثیت سے جو مسئلہ ان کے پاس ہو وہ sub-judice ہوگا اور دوسرے یہ بات کہ اگر technically یہ بھی hold کیا جائے کہ وہ نہیں ہے تو بھی اس وقت جب کسی سلسلہ میں کارروائی عدالت کے لئے شروع ہو جائے اس وقت سے اس مسئلے کو subjudice تصور کیا جائے گا ۔

Mr. Speaker: What is the position ? Has the case been registered and is under investigation?

وزیر تعلیم ۔ جناب اس کے متعلق پوزیشن یہ ہے کہ وہ بہت لمبا واقعہ ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ صرف آپ یہ فرما دیں کہ مقدمہ رجسٹر ہو چکا ہے یا نہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ اس کے متعلق جناب یہ ہے کہ ۔

As a result of firing four persons among the violent mob were injured. One of the injured, Sheikh Muhammad Nasim died later on. A case under sections 440/147/148/149/332/307/452/395 P.P.C. has been registered in this behalf. A magisterial enquiry into this incident is in progress. That is the latest position.

Khawaja Muhammad Safdar: A magisterial enquiry is in progress.

Mr. Speaker: Has a case been registered?

خواجہ محمد صفدر ۔ مقدمہ رجسٹر ہوا طالبعلموں کے خلاف ۔ یعنی وہ ۳۰۴ Mischief ہے ۔ اور ۳۹۰ جو ہے وہ ڈکیتی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا اس میں ۳۰۷ بھی ہے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ وہ تو جناب سارے کے سارے طلبا کے خلاف تھا ۔ یا تو محترم وزیر صاحب یہ فرما دیں پوری ذمہ داری کیساتھ کہ اس طالبعلم کی موت کی بناء پر کس شخص کے خلاف خواہ وہ پولیس کا افسر تھا یا پولیس کا کانسٹیبل کسی کے خلاف مقدمہ درج ہوا تھا اور اگر ہوا تو زیر دفعہ ۳۰۴ کیوں نہ ہوا ۔ تو پھر میں اس کو مان لوں گا ۔ اگر یہ نہیں تو پھر علیحدہ بات ہے ورنہ میں اس چیز کو discuss نہیں کر رہا ہوں کہ لڑکوں نے کیا کیا ۔ میں یہ discuss کرنا چاہتا ہوں کہ پولیس نے فائرنگ کیوں کی اور پولیس کی فائرنگ کے نتیجہ پر کیا کارروائی کیگئی ۔

Mr. Speaker: Has any case in respect of the death of Muhammad Nasim been registered or is under investigation?

Minister of Education: جناب میں اس سلسلے میں عرض کروں گا ۔ کہ A magisterial enquiry is being held. One case has been registered. My submission is that in one case which has been registered every point in issue becomes a point of issue whether it is the death of a student or whether it is firing by the Police. Both these sections are matters of issue and every point is the matter *subjudice*, though the case may have been against the students only or against the police. When both incidents become matters for adjudication in that particular case then the whole of the case is *sub-judice*.

Mr. Speaker: The Minister may please answer my question as to whether any case in respect of the death of Muhammad Nasim has been registered under sections 302 or 304?

Minister of Education: So far as my information up to this time is concerned, I cannot say anything.

Mr. Speaker: This fact may please be ascertained from the Deputy Commissioner, Karachi and this adjournment motion may be taken up tomorrow. Next motion.

LATHI-CHARGE AND TEAR-GAS ATTACK ON KARACHI STUDENTS BY KARACHI POLICE ON 1ST NOVEMBER, 1964.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the ruthless lathi-charge and tear gassing of the Karachi students on the 1st of November, 1964 by Karachi Police while a procession of peaceful students was going to the mazar of the Quaid-e-Azam. This uncalled for use of force by the police against the College students has caused great resentment amongst the public of the province.

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا۔ میرے خیال میں میرے فاضل دوست نے جو حقائق بیان کئے ہیں ان کے مطابق تو مجھے جو اطلاع ہے وہ یہ ہے کہ

No students' procession was tear-gassed or lathi-charged at Quaid-e-Azam Mazar on 1st November.

اس کے علاوہ کوئی چیز اگر ان کے ذہن میں ہو تو اس کے متعلق میں نہیں کہہ سکتا ہوں لیکن جہاں تک قائد اعظم کے مزار کا تعلق ہے پہلی نومبر کو وہاں کوئی واقعہ نہیں ہوا۔

Mr. Speaker: میرا خیال ہے کہ موشن میں یہ ہے The motion says 'while the procession was going to the Mazar'. He has not fixed any place.

Minister of Education: If he has not fixed the place then it should be ruled out of order. It is vague. No incident took place near the mazar of Quaid-e-Azam. The procession might have started 10 miles back and intended to reach the mazar of Quaid-e-Azam. It should have been clear at what place the lathi-charge took place so that we might have been in a position to give a clear picture.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب ۔ عرض ہے کہ سرکاری ذرائع کے مطابق جب جلوس کالج سے روانہ ہوا تو پولیس حکام نے انہیں منتشر ہونے کی ہدایت کی مگر طلباء نہ مانے اور مبینہ طور پر پولیس والوں پر خشت باری شروع کر دی ۔ پولیس نے طلباء پر آنسو گیس پھینکی اور لاٹھی چارج کیا ۔ پولیس نے ایس ۔ ایم ۔ آرٹس کالج اور ایم ۔ ایس لا کالج اور ڈی ۔ جے ۔ سائنس کالج کے طلبا پر ڈنڈے برسائے تاہم چند طلباء قائد اعظم کے مزار تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئے ۔ وہاں پولیس نے ایک طالب علم لیڈر سید سعید حسن کو حراست میں لے لیا ۔

Mr. Speaker: No place has been given.

Khawaja Muhammad Safdar: Yes, Sir, no place is given.

Mr. Speaker: So the motion is vague and is, therefore, ruled out of order.

وزیر تعلیم - ابھ جناب والا۔ ایک گھنٹے سے زیادہ عرصہ ہو چکا ہے۔

Mr. Speaker: Yes, the rest of the adjournment motions will be taken up tomorrow.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN REGULATION OF LOUDSPEAKERS AND SOUND AMPLIFIERS ORDINANCE, 1964.

Mr. Speaker: The first item on the agenda.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): **Sir, I beg tomove:**

That the Assembly do approve of the West Pakistan Regulation of Loudspeakers and Sound Amplifiers Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th September, 1964.

Mr. Speaker: Motion moved is:

That the Assembly do approve of the West Pakistan Regulation of Loundspeaker and Sound Amplifiers Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th September, 1964.

Khawaja Muhammad Safdar: Opposed.

Mian Abdul Latif: Mr. Speaker, Sir, before my turn begins shall we not have the privilege of hearing the Education Minister on the point why they have inflicted this Ordinance on the House, where was the occasion, what was the necessity and what were the circumstances which justified such legislation?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) - جناب والا - جیسے فاضل ممبران اور ایوان کو علم ہے ۲۷ دسمبر ۱۹۶۴ کو گورنر صاحب نے West Pakistan Regulation of Loudspeakers and Sound Amplifiers Ordinance جاری کیا تھا اور خواجہ محمد صفدر صاحب نے اسے ھائی کورٹ میں چیلنج کیا تھا، ھائی کورٹ نے یہ فیصلہ دیا تھا کہ جس صورت میں وہ آرڈیننس

تھا ، اس صورت میں وہ آئین کے خلاف تھا - *ultra vires* تھا - اسی کے فعل اس موجودہ آرڈیننس کو جاری کیا گیا تھا - اصل میں جناب والا - اس بارہ میں میں یہ محسوس کر رہا ہوں کہ میرے فاضل دوست اس بل کے سلسلہ میں کیا ارشاد فرمانے والے ہیں - بات یہ ہے کہ انسان نے جو بھی چیز خصوصی طور پر عام طاقت سے زیادہ طاقت کی بنائی ہے ، اس پر کچھ نہ کچھ پابندی عائد کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے - جیسے مثلاً ہوائی جہاز کے سفر کیلئے علیحدہ قوانین کی ضرورت ہے - بسوں کے لئے علیحدہ قوانین کی ضرورت ہے - کاروں کے لئے علیحدہ قوانین کی ضرورت ہے - نئی آنے والی ہر چیز کے متعلق قوانین کی ضرورت ہے - لاؤڈ سپیکر کی ایجاد سے انسانی آواز کو عام بلندی سے زیادہ اونچی آواز میں پیش کیا جا سکتا ہے - اس لئے اس پر بھی پابندی کی ضرورت ہے - جہاں تک کسی بات کے انسانی استعمال کا تعلق ہے ، ایک بنیادی پابندی ہر انسان پر عائد ہوتی ہے - اور وہ یہ کہ کسی کو اسے اس طرح اس صورت میں استعمال کرنے کا حق نہیں کہ وہ دوسروں کے لئے کسی قسم کی مصیبت کا باعث ہو - اگر لاؤڈ سپیکر اور ایمپلی فائر پر کسی قسم کی پابندی کی اجازت نہ ہو تو بعض دفعہ یہ چیز مساجد کے بارہ میں دوسری عبادت گاہوں کے بارہ میں بچوں کی تعلیم کے بارہ میں سکولوں کالجوں اور ہسپتالوں پر اس صورت میں اثر انداز ہوتی ہے کہ عوام کو اس سے نقصان ہوتا ہے - ان سارے مقاصد کے پیش نظر ضرورت ہے کہ اس پر مناسب پابندی عائد کی جائے چونکہ پہلے آرڈیننس میں ہائی کورٹ نے سقم بتایا تھا ، اسلئے اسے ختم کر کے اسکی جگہ یہ نیا آرڈیننس لایا گیا ہے - اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر کو اختیارات دئے گئے ہیں ، اگر وہ سمجھیں کہ پابندی عائد کرنے کی ضرورت ہے ، تو وہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال پر جائز پابندی عائد کر سکتے ہیں - اس کے بعد اگر کوئی شخص اس حکم سے نا مطمئن ہو ، تو وہ کمشنر کے پاس اپیل کر سکتا ہے - اگر وہ کمشنر کے حکم سے بھی نا مطمئن ہو تو گورنمنٹ کے پاس نگرانی کی جا سکتی ہے - یہ ساری پابندی پبلک کے مفاد اور آرام کے لئے ہے تاکہ لاؤڈ سپیکر کا مناسب استعمال ہو - غلط استعمال نہ ہو - ان معروضات کے ساتھ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ بڑا مفید آرڈیننس ہے - اسے

منظور فرمایا جائے ۔

Mian Abdul Latif: I put him one single question that he should enlighten the House as to what those circumstances were which rendered immediate legislation necessary in the form of an Ordinance. He has been good enough to give us the details of this Ordinance, the background of the Ordinance and its history. We don't want it, we know it. I just wanted to say that the House should be informed as to what those circumstances were which compelled the Governor to resort to this back-door legislation?

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ یہ بیک ڈورلیجلیشن نہیں ہے ۔ ایوان کے سامنے ہے ۔ ایوان چاہے تو اسے منظور کرے ۔ چاہے تو نہ کرے ۔ اگر ایوان اسے نامنظور کردے تو گورنر صاحب کی طرف سے اس کے اجرا کے باوجود یہ فوراً کالعدم ہوجائے گا ۔ جہاں تک دوسری باتوں کا تعلق ہے اس کا جواب میں نے پہلے عرض کردیا ہے ۔ جناب والا ۔ آپ کے علم میں ہے کہ اگست سے دسمبر تک یہ اسمبلی سیشن میں نہیں رہی ۔ ہائی کورٹ نے پہلے آرڈیننس کو کالعدم قرار دے دیا تھا ۔ اس لئے اس قانون کو regularise کرنا ضروری تھا۔ چنانچہ اسے موجودہ صورت میں جاری کردیا گیا ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ جب آرڈیننس اس ایوان میں پیش ہوا تھا ۔ اس وقت میں نے ان کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ اس پر اسمبلی کا وقت اور روپیہ صرف ہوگا ۔ انہیں پہلے یہ اطمینان کرلینا چاہیئے کہ یہ بنیادی حقوق کے خلاف تو نہیں ۔ مگر انہوں نے میری گذارشات کی پروا نہ کی نتیجہ یہ ہوا کہ وہ ہائی کورٹ میں چیلنج ہوگیا ۔ اور اسے کالعدم قرار دے دیا گیا ۔ اب میں پھر آپ کے توسط سے ان سے پوچھنا چاہتا ہوں ، آیا انہوں نے خواجہ صاحب سے پوچھ لیا ہے ۔ وہ اسے پھر چیلنج کرنے والے تو نہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ پھر پاس کر دیجئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ محمد صفدر !

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ چند روز پہلے اس معزز ایوان میں West Pakistan Horse Race Betting Ordinance. پر اپنی

گزارشات پیش کرتے ہوئے ، میں نے اپنی جانب سے ایک ،محدود وقت ،میں یہ کوشش کی تھی کہ ،میں یہ امر ثابت کروں کہ اس اسمبلی کے اختیارات کو آرٹیکل ۷۶ کے بے دریغ استعمال سے غصب کیا گیا ہے ۔ میں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی تھی ۔ کہ اگرچہ صدر ،مملکت نے اپنے منشور میں یہ دعوے کیا ہے کہ اس ملک میں جمہوریت رائج ہے اور اپنے اس دعوے کو بار بار حالیہ انتخابی مہم کے دوران پبلک جلسوں میں دھرایا ہے ، مگر جسطرح سے اس صوبہ میں قانون سازی کی جا رہی ہے ، میں نے یہ عرض کیا تھا ، کم از کم اس حد تک اس صوبہ میں جمہوریت رائج نہیں ہے ۔ میں نے جناب‌والا اس روز یہ ثابت کرنے کی کوشش کی تھی کہ یہ ایوان جس غرض و غائت کے لئے معرض وجود میں لایا گیا تھا ، وہ غرض و غائت یہ پوری نہیں کر رہا ۔ اس ایوان کو صرف ربڑ کی مہر کا درجہ دیدیا گیا ۔ غرض یہ کہ یہ میرا موضوع تھا ۔ میری گزارشات کے اس حصے کا جواب دیتے ہوئے میرے محترم دوست جناب عبدالرازق خان صاحب اور انکے بعد محترم قائد ایوان اور انکے بعد جناب وزیر تعلیم اور پھر ان کے بعد جناب وزیر قانون نے میرے ان دلائل کو غلط ثابت کرنے کی سعی فرمائی اور اپنی جانب سے چند ایک دلائل یہ ثابت کرنے کیلئے پیش کئے کہ ہنگامی قانون بنانا قانون سازی کا ایک معروف ذریعہ ہے ۔ یا متبادل ذریعہ ہے ۔ انہوں نے یہ بھی ثابت کرنے کی سعی فرمائی ۔ کہ عام حالات میں ہنگامی قانون نافذ کرنا کوئی اچنبھے کی بات نہیں ۔ انہوں نے یہ بھی سعی فرمائی کہ یہ ثابت کیا جائے کہ یہ ایوان ربڑ کی مہر نہیں ہے اور ایک با وقار ادارہ ہے ۔ اور اپنے فرائض کو بہ حسن و خوبی انجام دے رہا ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ یقیناً ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں آج اس آرڈیننس پر بحث کرتے ہوئے اپنے ،محترم دوستوں کے ان دلائل کا جواب دینے کی کوشش کرونگا ۔ ،محترم عبدالرازق خان صاحب نے میری اس بحث کا جواب دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ آرڈیننس جاری کرنے اس لئے کہ گذشتہ تین سالوں ،میں ضروری ہوگئے ہیں۔

کہ مارشل لاء سے پہلی حکومتیں سیاسی جوڑ توڑ میں مشغول رہتی تھیں۔ اور انہیں قانون سازی کیلئے کم وقت ملتا تھا اور انہوں نے مزید یہ ارشاد فرمایا کہ وحدت مغربی پاکستان کے قیام کے بعد لازم تھا۔ کہ قوانین میں یکسانیت پیدا کی جائے لیکن وہ لوگ بھی تقریباً تین سال تک یعنی سنہ ۵۶-۵۷-۵۸ع تک سیاسی جوڑ توڑ میں مصروف رہے اور انہوں نے اپنے اہم کام کی طرف توجہ نہیں دی۔ لہذا انکا یہ ارشاد تھا کہ ہماری اس حکومت کو قانونی یکسانیت پیدا کرنے کیلئے اور وہ ضروری قوانین نافذ کرنے کیلئے جو کہ سابقہ حکومتیں آج سے دس سال پہلے نافذ نہیں کر سکی تھیں۔ اس لئے اتنی زیادہ تعداد میں آرڈیننس جاری کرنا انکے لئے ضروری ہوگیا ہے۔ میرے محترم دوست جناب عبدالرازق خان صاحب میرے دل میں جن کا بے حد احترام ہے۔ وہ انتہائی ذہین ہیں اور انہوں نے بلا کا حافظہ پایا ہوا ہے۔ میں انہیں یقین دلاؤں کہ ۱۹۴۸ع سے لیکر ۱۹۵۸ع تک یعنی ان گیارہ سالوں میں اتنے آرڈیننس نہیں جاری کئے گئے۔ جتنے کہ صرف ایک سال یعنی ۶۳ع میں جاری کئے گئے تھے۔ اور یہ بات میں نے اور میرے دوست جناب میاں عبداللطیف صاحب نے اس ایوان میں اعداد و شمار کے ذریعے ثابت کردی ہے۔ تو کیا اس زمانے میں اس صوبے میں بغیر قانون کے ہی حکومت چلائی جاتی تھی۔ آخر وہ بھی تو کچھ قانون بناتے ہونگے۔ میں آپ کو ابھی بتاؤں گا کہ اس زمانے میں کتنی قانون سازی ہوتی تھی۔ اس وقت بھی قانون تھے اور قانون کے مطابق حکومت چلائی جاتی تھی۔ یہ علیحدہ بات ہے۔ کہ کوئی دوست یہ کہے کہ وہ قانون اچھے تھے۔ اور دوسرا دوست انہیں اچھا نہ کہے۔ رائیں مختلف ہو سکتی ہیں۔ لیکن بہرحال قانون بنتے تھے۔ وہ قانون بناتے تھے اور اسمبلی بھی قانون بناتی تھی۔ میرا یہ دعویٰ ہے کہ آج یہ اسمبلی قانون نہیں بناتی ہے اور میں اسکو ثابت کر چکا ہوں اور میرے سامنے بیٹھنے والے کسی دوست کو کبھی یہ جسارت نہیں ہوئی کہ وہ میرے ان اعداد و شمار کو غلط ثابت کرے۔ جو میں پیش کر چکا ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ میرے دوست خان عبدالرازق خان صاحب کے دلائل تو میرے ہی حق میں جاتے ہیں اور انکے خلاف جاتے ہیں۔

وزیر تعلیم - آپ کو خوش فہمی ہے -

خواجہ محمد صفدر - نہیں - خوش فہمی کیوں ہے - میں نے تو عرض کر دیا ہے اور ابھی اسکو ثابت بھی کرتا ہوں - انکی دلیل ہے کہ ہم سیاسی سازشوں میں مبتلا رہے تھے - یا یہ معزز ایوان اس زمانے میں سیاسی سازشوں میں مبتلا رہتا تھا - اور اس معزز ایوان کے ممبران سیاسی سازشوں میں مبتلا رہتے تھے اور اسی لئے قانون سازی کے لئے انکے پاس وقت نہیں تھا اور میرا دعویٰ ہے کہ ایسے آرڈیننس اس زمانے میں کم جاری ہوئے تھے - اور آج زیادہ جاری ہوئے ہیں - یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس زمانے میں جس قدر قانون سازی کی ضرورت تھی - وہ عام طریقے سے قانون سازی کرکے پوری کی جاتی تھی اور آج ہم صرف سیاسی سازشوں میں مبتلا ہیں - اور ہمارے پاس وقت نہیں ہے کہ ہم عام طریقے سے قانون سازی کریں اور ہم پورے کا پورا انحصار آرڈیننس سازی پر کئے بیٹھے ہیں - اس لئے میں کہتا ہوں کہ انکی یہ دلیل میرے ہی حق میں جاتی ہے - انکا دوسرا دعویٰ ہے کہ اس زمانے میں قوانین نہیں بنائے جاتے تھے - تو میں انکی خدمت میں پیش کرنے کے لئے یہ اعداد و شمار لایا ہوں -

۱۹۴۸ء میں ۱۲ بل اسمبلی نے پاس کئے
۱۹۴۹ء " ۲۵ " " " " "
۱۹۵۰ء " ۳۷ " " " " "
۱۹۵۱ء " ۱۶ " " " " "
۱۹۵۲ء " ۲۱ " " " " "
۱۹۵۳ء " ۱۶ " " " " "
۱۹۵۴ء " ۱۴ " " " " "
۱۹۵۵ء " ۱۷ " " " " "

اور جناب والا وحدت مغربی پاکستان کے بعد اس اسمبلی نے ۵۶ء میں ۹ بل پاس کئے - ۵۷ء میں ۱۸ اور ۵۸ء میں ۴۸ - تو اس سے ثابت ہوا

کہ اس زمانے میں اسمبلی اگرچہ بقول میرے محترم دوست اور قائد ایوان جناب شیخ صاحب سال بھر میں چند دن کیلئے اکھٹی ہوا کرتی تھی - لیکن پھر بھی وہ ایک سال میں ۴۸ قوانین وضع کرلیا کرتی تھی۔ یا اگر دیکھا جائے تو کم و بیش اٹھارہ اور چوبیس کے درمیان تو کر ہی لیا کرتی تھی - لیکن آج کی حالت کیا ہے۔ یہ درست ہے - کہ ہم سال میں کم از کم تین بار ملتے رہے ہیں - لیکن کس کام کیلئے - محض اس آئینی غرض کو پورا کرنے کیلئے۔ اس آئینی تقطے کو پورا کرنے کیلئے کہ چھ ماہ کے اندر اندر ہم نے آرڈیننس پاس کرنے ہیں۔ اور جو ہم پاس ہی کرتے رہے ہیں - آپ کسی بھی سیشن کو دیکھ لیجئے - بہر حال اس موضوع پر میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں - اسلئے میں اسے دوبارہ نہیں دہراؤنگا - تو جناب والا میرے محترم دوست خان عبدالرازق خان صاحب کی دونوں دلیلیں کہ یہ اسمبلی ۴۸ء سے ۵۸ء تک سازشوں کی آماجگاہ رہی ہے - اور یہ کہ اپنے فرائض میں کوتاہی کرتی رہی ہے - یہ غلط ہے۔ اور میں نے اسے اعداد و شمار سے غلط ثابت کردیا ہے - اور انکی دوسری دلیل کہ ہم نے یکسانیت پیدا کرنے کیلئے قوانین بنائے ہیں تو کیا میں ان سے بلکہ اس تمام پارٹی سے جو کہ میرے سامنے بیٹھی ہوئی ہے - پوچھ سکتا ہوں - کہ ان ۱۲۵ آرڈیننسوں کے لگ بھگ جو وقتاً فوقتاً انکی حکومت نے جاری کئے ہیں - کتنے آرڈیننس ہیں جنکے ذریعے آپ نے قانونی یکسانیت پیدا کی۔ بلکہ مجھے تو وزراء سے یہ شکایت ہے - کہ گذشتہ تین سالوں میں انہوں نے اپنی نااہلی کے سبب یا اپنی پارٹی کی پالیسی کے مطابق اس صوبے میں قانونی یکسانیت پیدا نہیں کی۔ گو کہ انہوں نے اس بات کا بار بار دعویٰ کیا ہے۔ کہ اگلے اجلاس میں Consolidation of Revenue Laws کو یکساں کر کے اس صوبے میں ایک قانون جاری کریں گے۔ لیکن ہر اجلاس کے بعد...

وزیر تعلیم - اب اس اجلاس میں لایا جائے گا۔

خواجہ محمد صفدر - ہر اجلاس کے بعد یہ دعویٰ غلط ثابت ہوتا رہا ہے - اور میں نے تو آج تک وہ مسودہ قانون بھی نہیں دیکھا۔ چہ جائیکہ وہ اس اجلاس میں پاس ہونگے - مجھے تو یہ بھی معلوم نہیں - کہ یہ اجلاس

کتنے دن جاری رہے گا ۔ بہر حال اگر آپ اجلاس کو جاری رکھنا چاہتے ہیں۔ تو ضرور کریں ۔ کیونکہ ہم تو آپ کی خدمت کے لئے ہی بیٹھے ہیں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وہ Revenue Laws جیسے اہم قانون جسکے متعلق صوبے کے طول و عرض میں مطالبہ تھا ۔ کہ ان میں یکسانیت پیدا کی جائے ۔ ان تین سالوں میں ایک اہم قانون میں بھی یکسانیت پیدا نہ کرسکے۔ اور میرے محترم دوست خان عبدالرازق خان صاحب اپنے پشیروؤں کے متعلق گلہ کرتے ہیں ۔ شکایت کرتے ہیں ۔ شکوہ کرتے ہیں ۔ کہ انہوں نے قوانین میں یکسانیت پیدا کرنے کی غرض سے قانون سازی نہیں کی ۔

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ پرسوں خان بہر محمد خان صاحب نے کہا تھا کہ یہ قانون جو Rice Cultivation سندھ میں ہے بن جائیگا ۔

Mr. Speaker: This is not apoint of order.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ محترم عبدالرازق صاحب کی یہ دلیل کہ ۱۹۵۸ سے پہلے جو حکومتیں یہاں قائم تھیں وہ قانون میں یکسانیت پیدا کرنے سے قاصر رہیں ۔ غلط ہے ۔ بلکہ میں الٹا ان پر الزام لگاتا ہوں کہ گذشتہ تین سالوں میں اس صوبہ میں صرف یکسانیت پیدا نہیں کی بلکہ کئی مثالیں بھی دی جا سکتی ہیں کہ انہوں نے جان بوجھ کر مختلف صوبوں میں تفریق پیدا کی ۔

وزیر تعلیم ۔ غلط ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ بھی ثابت ہو جائیگا ۔ اس کے بعد جناب والا میرے محترم دوست شیخ مسعود صادق صاحب اور محترم میاں محمد یاسین وٹو صاحب وزیر تعلیم انہوں نے ایک ہی میرے اعتراضات کا جواب دیا ہے۔ دراصل پہلے قائد ایوان نے وہ بات ارشاد فرمائی اور اسکے بعد میاں صاحب نے اس کو دہرایا اور وہ یہ تھی کہ قانون سازی کے دو طریقے ہیں ۔ ایک یہ کہ یہ اسمبلی کسی مسودۂ قانون کو بحث و تمحیص کے بعد پاس کرے

اور گورنر صاحب اس پر مہر تصدیق لگائیں - دوسرے یہ ہے جناب گورنر صاحب ہنگامی قانون جاری کریں اور چھ ماہ کے اندر آئین کی رو سے یہ ہاؤس مہر تصدیق لگائے کوئی فرق نہیں ہے - جہاں تک شیخ صاحب کے سوال کا تعلق ہے یہ کوئی اچھنبے کی بات نہیں - اگر چہ وہ Law Graduate ہیں لیکن مدت ہوئی جب کوئی قانون کی کتاب پڑھ کر دیکھی ہو - اور وہ وزارت کے دھندوں اور جھگڑوں میں پھنس گئے - قانون کی کتابیں کہاں - شیخ صاحب کی ایسی بات میرے لئے اچھنبے کی بات نہیں ہے - اگر ذہین و فہیم وزیر تعلیم جو حال ہی میں بڑے کامیاب وکیل تھے ابھی اپنی پریکٹس چھوڑ کر وزارت کا قلمدان سنبھالا ہے ان سے قطعاً توقع نہ تھی کہ وہ اس قسم کے دلائل ان ہنگامی قانون کے جواب میں پیش کریں - جناب والا مجھے یقین ہے کہ انہوں نے آئین کا گہرا مطالعہ ہی نہیں کیا ہے بلکہ وہ اس پر گہری نظر بھی رکھتے ہیں - پھر اب ان کی یاد دہانی کے لئے میں دفعہ ۹۷ ان کو پڑھ کر سناتا ہوں وہ خود ہی اندازہ لگائیں کہ اس کا مطلب کیا وہی ہے جو انہوں نے اس ایوان میں فرمایا ہے یا اسکا مطلب کچھ اور ہے - جناب والا - آرٹیکل ۹۷ اسطرح ہے -

" If, at a time when the Assembly of a Province stands dissolved or is not in session, the Governor of the Province is satisfied.....

اب جناب جو حصہ پڑھوں گا وہ اہمیت کا حامل ہے -

"....that circumstances exist which render immediate legislation necessary...."

یہ پورا فقرہ ہے -

".. he may, subject to this Article, make and promulgate such Ordinances...

پھر دوبارہ اس کو repeat کیا گیا ہے -

".. as the the circumstances appear to him to require."

جناب والا - جو اس انگریزی زبان کے فقرے کا میں مطلب سمجھتا ہوں وہ یہ ہے کہ اگر گورنر صاحب کو یہ تسلی ہوجائے کہ صوبہ میں اس

قسم کے حالات پیدا ہوچکے ہیں جن کی وجہ سے فوری طور پر قانون سازی لازم ہے پھر وہ قانون سازی کریں گے۔ اب وہ کون سے حالات پیدا ہوئے ۔ ہر آرڈیننس کو جاری کرنے سے پہلے کون سے حالات تھے ۔ سوا سو آرڈیننسز کو جاری کرنے کیلئے کون کون سے حالات رونما ہوئے ۔ ان بیچاروں نے بتایا نہیں ہے یا ہم اپنی کند ذہنی کی وجہ سے اسکو معلوم نہیں کر سکے کہ اس صوبہ میں کون کون سے حالات ان سوا سو آرڈیننسز کو جاری کرنے کے لئے پیدا ہوئے ۔ اس کے لئے ضروری اور لازمی چیز یہ ہے کہ کوئی خاص حالات پیدا ہوں ۔ That circumstances do exist which render immediate legislation necessary. اور وہ حالات کیسے ہوں کہ فوری طور پر قانون سازی ان کی وجہ سے لازم ہو جائے پھر آرڈیننس بنا سکتے ہیں ۔ ورنہ نہیں بنا سکتے ۔ میرے محترم دوست یہ کہیں گے کہ متبادل طریقے ہیں ۔ سوائے اس کے میں یہ کہوں کہ یہ بڑے روشن دماغ ہیں لیکن اپنی پارٹی کو defend کرنے کے لئے ایسے روشن دماغوں کو پیچھے ڈالا ہے ۔ مجھے ان کے لئے کوئی اور لفظ روشن دماغ کے علاوہ استعمال کرنا ہے جو میں نہیں کرنا چاہتا ۔ یہ اتنے واضح ہیں کہ اسکو بیان کرنے کے بعد اب خیال ہے کہ محترم یاسین وٹو صاحب اپنے اس دلائل کو کبھی نہیں دہرائیں گے ۔ اور یقیناً مجھ سے اتفاق فرمائیں گے ۔ خاص حالات کے تحت گورنر صاحب کو یہ اختیار ہے ورنہ عام حالات میں اسی ایوان کو اختیار ہوتا ہے کہ یہ قانون سازی کرے ۔

اس کے بعد جناب محترم وزیر قانون جن کی قابلیت کا سکہ چار دانگ عالم میں پھیلا ہوا ہے اور وہ آج تشریف نہیں رکھتے ۔ انہوں نے بڑے مزے کی بات کہی ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ سارا قصور اس اسمبلی کا ہے ۔ اور ممبران کا ہے ۔ وہ فرمانے لگے کہ ہم ہنگامی قانون کیوں نہ نافذ کریں جب کبھی بھی اس ایوان میں کوئی مسودۂ قانون پیش کیا ہے تو قواعد ہمیں مجبور کرتے ہیں کہ ہم مسودۂ قانون کو سٹینڈنگ کمیٹی

یا سلیکٹ کمیٹی کے روبرو پیش کریں ۔ وہاں ممبر صاحبان ایسے ہیں کہ وہ تشریف ہی نہیں لاتے ۔ کورم ہی نہیں ہوتا ۔ سال ہا سال وہاں مسودہ قانون پڑا رہتا ہے ۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہمارے مسودہ قانون وہیں پڑے رہتے ہیں اسلئے مجبوراً ہم کچھ نہیں کر سکتے ۔ بات بڑی دور کی انہوں نے کہی ہے ۔ لیکن مجھے افسوس ہے ان کے دلائل میں بھی ذرا بھر اور رتی بھر وزن نہیں ہے ۔ وہ غالباً تقریر کرتے ہوئے بھول گئے ہیں کہ ہمارے قواعد میں ایک قاعدہ ۸۵ بھی ہے ۔ جس کے سیکشن ۱ کے تحت یہ ہے کہ جو مسودۂ قانون اس اسمبلی میں پیش ہو وہ سٹینڈنگ کمیٹی کے روبرو چلا جائے لیکن اس کی سیکشن نمبر ۲ میں یہ ہے کہ اسمبلی کو اور اس معزز ایوان کو اختیار حاصل ہے کہ جب چاہے سیکشن نمبر ۱ کو معطل کردے ۔ سیدھا بجائے سٹینڈنگ کمیٹی کے یا کسی اور کمیٹی کو پیش کرنے سے یہ ہاؤس میں زیر بحث لائیں ۔ شاید وہ قاعدہ نمبر ۸۵ کو بھول گئے ہیں ۔ وہ زور بیان میں یہ کہہ دیتے ہیں کہ کون سا فرق پڑتا ہے ۔ میری لیاقت کا سکہ اس قدر بیٹھا ہے کہ کوئی چیلنج نہیں کر سکے گا ۔ دوسرے انہوں نے یہ کہا ہے کہ یہ ساری ذمہ داری اس اسمبلی پر ہے ۔ کم از کم میں ان میں نہیں ہوں جو ذمہ داری لوں ۔ نہ ہی میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کے کسی ممبر کی ذمہ داری ہے ۔ کہ ان کی وجہ سے قانون سازی میں التوا ہوئی ہے یا تاخیر ہوئی ہے اور اس وجہ سے ان کو آرڈیننس مجبوراً جاری کرنے پڑے ۔ اگر ایک مسودہ قانون کسی سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس پڑا ہے اس کی فوری ضرورت تھی تو اس کے لئے ایک آرڈیننس جاری کردیا ۔ تو پھر بھی اس دلیل میں میں کچھ وزن دیکھتا ۔ لیکن ان تین سالوں میں نہیں ہوا ۔

وزیر تعلیم ۔ ہوا ہے جناب ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کم از کم جہاں تک میری یاد داشت کام کرتی ہے ۔ نہیں ہوا ۔ اس کے علاوہ میری رائے میں اس تمام تحویق ۔ کورم نہ ہونے اور اس عدم دلچسپی کی جس کا انتظار گزشتہ تین سالوں میں Standing Committee

کے کاروبار میں معزز ارکان نے کیا ہے۔ تمام تر ذمہ داری وزرائے کرام پر ہے۔ اور اس اسمبلی کے ارکان پر نہیں ۔ میں مشتے از خروارے ۔ ایک Select Committee کے حالات آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ اس اسمبلی میں ایک مسودہ قانون جس کا نام Amendment & Revival of Civil Laws Bill, 1963. ہے ۔ گورنمنٹ کا اپنا مسودہ قانون تھا ۔ اس کے لئے ایک Select Committee اس ایوان میں بنائی گئی تھی ۔ اور وزیر قانون کی اپنی تحریک پر یہ Select Committee بنائی گئی تھی ۔ جس میں خان پیر محمد خان صاحب وزیر مال ۔ بھی بطور رکن شامل تھے ۔ محترم ملک قادر بخش صاحب بھی بطور رکن اور محترم وزیر قانون بحیثیت منصب اس میں شامل تھے ۔ اس میں دو تہائی حکومت کی طرف سے اور ایک تہائی حزب اختلاف کی طرف سے ارکان شامل تھے ۔

جناب والا ۔ اس کمیٹی کے کل نو اجلاس ہوئے ۔ اب میں آپ کو بتاتا ہوں کہ ان اجلاس میں حاضری کی حالت کیا تھی ۔ ان نو اجلاس میں سے خان پیر محمد خان صاحب صرف ایک جلسے میں تشریف لائے اور باقی آٹھ میں غیر حاضر رہے ۔ لیکن کورم پھر بھی ہوتا رہا ۔

ملک قادر بخش صاحب صرف ایک جلسے میں تشریف لائے اور باقی آٹھ میں غیر حاضر رہے ۔ یہ دونوں حضرات اس کمیٹی کے رکن تھے ۔

محترم وزیر قانون صاحب نے نو اجلاس میں سے ایک جلسے میں بھی تشریف نہیں فرمائی ۔ لیکن اس کے باوجود کورم ہوتا رہا ۔ انہوں نے البتہ دو تین بار اپنے دفتر میں بیٹھے بیٹھے ہی ہمیں ٹیلیفون پر یہ ضرور کہا کہ کمیٹی کا جلسہ ملتوی کردو کیونکہ میں مصروف ہوں ۔ تو ہم نے ان کے اس حکم کی تعمیل کرتے ہوئے اسے دو بار ملتوی بھی کر دیا ۔ حالانکہ ان دنوں مکران ۔ خاران اور قلات کے دور دراز علاقوں سے گواہان کو طلب کیا گیا ہوا تھا ۔ اور وہ اس دن اسمبلی چیمبر کی عمارت میں موجود بھی تھے ۔ جناب وزیر قانون صاحب کی جانب سے ٹیلیفون پر یہ ارشاد ہوا کہ جلسہ ملتوی کر دیا جائے ۔ تو ہم نے اسے ملتوی کر دیا ۔

جناب والا ۔ بات یہیں ختم نہیں ہو جاتی ۔ جیسی روح ویسے فرشتے ۔ اس Select Committee کو جس نے محکمانہ طور advice دینا تھی ۔ یا جس محکمے کا وہ بل تھا ۔ وہ Law Department تھا ۔ چنانچہ Law Department نے بھی ان نو اجلاس میں سے صرف چار اجلاس میں شرکت کی ۔ تو یہ حالت ہے ہمارے وزرا صاحبان کی دلچسپی کی جو یہ قانون سازی کے سلسلے میں دکھاتے رہے ہیں ۔ یہ تو جناب میں نے صرف ایک مثال دی ہے ۔ میرے پاس اس قسم کی بیسیوں مثالیں موجود ہیں ۔ خوش قسمتی یا بد قسمتی سے میں Law & Parliamentary Affairs کی Standing Committee کا چیرمین بھی ہوں ۔ تو اس سے کمیٹی کے پاس بہت سے بل آتے رہے ہیں ۔ لہذا مجھے اس کی کارگزاری کا پورا پورا علم ہے ۔ یہ وزرا صاحبان جو اس ایوان میں کھڑے ہوکر اس ایوان کے ۱۰۰ معزز ارکان پر تہمت لگاتے ہیں ۔ ان کی وجہ سے اس حکومت کو ان ہنگامی قوانین کا سہارا لینا پڑتا ہے ۔ ورنہ کہنے کو تو وہ کہتے ہیں کہ حکومت قانون سازی کیلئے ہر وقت تیار ہے ۔

جناب والا ۔ ہمارے وزرا صاحبان کی دلچسپی کی یہ حالت ہے جو میرے یہ دوست وزرا صاحبان گزشتہ تین سال میں قانون سازی میں لیتے رہے ہیں ۔ وہ جانتے ہیں کہ اس قسم کی قانون سازی میں تو ہمیں کسی قسم کی سوچ بچار کی ضرورت ہی نہیں پڑتی ۔ اور نہ ہی اس طرح وقت صرف کرنے کی ضرورت ہی ہے ۔

انہوں نے تو جناب گورنر بہادر کو ایک ہی بار یہ کہہ رکھا ہوا ہے کہ ہم بطور مشیر آپکو یہ رائے دیتے ہیں کہ آپ آرڈیننس جاری کردیا کریں ۔ کوئی حرج نہیں ۔

بہر حال جناب والا ۔ اب میں اس موضوع کو چھوڑتے ہوئے مختصر سے وقت میں اس آرڈیننس کے متعلق چند گزارشات کرونگا ۔ میں کوشش کرونگا کہ اپنی گزارشات مختصر طور پر پیش کروں تاکہ میرے دوست بھی اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار فرما سکیں ۔

جناب والا ۔ مورخہ ۲۲ اکتوبر ۱۹۶۳ء کو اس صوبے میں ایک آرڈیننس جاری ہوا جس کا نام Loud Speaker Ordinance تھا ۔ اور مورخہ ۲۷ دسمبر کو اس اسمبلی نے اس کی توثیق کردی ۔ اس وقت اس سابقہ

آرڈیننس پر بحث کرتے ہوئے ہماری جانب سے پورے رفقائے کار نے حکمران پارٹی کی توجہ اس امر کی طرف لائی تھی کہ اس آرڈیننس کو پاس نہ کیا جائے ۔ کیونکہ اس کے ذریعے حکومت اپنے ہاتھ میں اختیار لے رہی ہے جن کے ذریعے پبلک کے اجتماعات پر اس کی تقریر اور اسکے خیالات پر پابندی عائد ہوجائیگی ۔ لیکن ہمارے ان دوستوں نے ہماری اس نحیف آواز کی پرواہ نہ کی ۔ اور اس آرڈیننس کی تصدیق کردی ۔ مجبوراً اس خاکسار نے ہائی کورٹ میں اس آرڈیننس کو چیلنج کیا ۔ اور ہائی کورٹ نے مورخہ ۲۱ جولائی کو اس آرڈیننس کو کالعدم کرنے کا حکم صادر فرمایا لیکن اسکے ڈیڑھ ماہ بعد موجودہ آرڈیننس جاری کر دیا گیا۔

اب حال ہی میں جناب وزیر قانون نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ وہ موجودہ قوانین میں ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے فیصلوں کی روشنی میں مناسب حد تک ترمیم کر رہے ہیں ۔ دراصل اس بیان سے ان کی غرض یہ تھی کہ وہ اس بات کا اظہار کریں کہ ان کے دل میں عدلیہ کا بڑا احترام ہے ۔ اور جونہی کسی قانون کے متعلق عدالت کی جانب سے فیصلہ صادر ہوتا ہے ۔ کہ فلاں قانون فلاں نقص کی بناء پر ناجائز ہے ۔ کالعدم ہے ۔ یا اس حد تک کالعدم ہے ۔ تو ان کو یہ کہنا چاہیئے تھا ۔ کہ ہم اس حد تک اس میں ترمیم کرلیتے ہیں ۔ لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے ۔ اس بات کو ثابت کرنے کے لئے کہ وزیر قانون کا یہ دعویٰ غلط ہے ۔ عملاً یہ حکومت اس صوبہ میں عدالت کے وقار کو دانستہ طور پر گرا رہی ہے ۔ اس چیز کو ثابت کرنے کے لئے وجوہ موجود ہیں ۔ میرا خیال ہے ۔ اس آرڈیننس کا مقابلہ سابقہ آرڈیننس سے کرنا کافی ہوگا ۔ میں وزیر تعلیم کو جو اس وقت اس قانون کو pilot کر رہے ہیں ۔ چیلنج کروں گا ۔ کہ وہ یہ ثابت کریں ۔ کہ اس آرڈیننس اور سابقہ آرڈیننس میں کوئی فرق ہے ۔ ما سوائے دفعہ ۲ کے اور ایک اور دفعہ ہے جس میں

ایک اور دفعہ ہے ۔ جس میں revision of powers دی گئی ہے ۔ حقیقت یہ ہے ۔ کہ ان میں کوئی فرق نہیں ۔ الفاظ میں بھی کوئی فرق نہیں ۔ اگر ہے ۔ تو تھوڑا بہت ،معنوں میں فرق ہے ۔ اس کے علاوہ کوئی فرق نہیں ۔ صرف دفعہ ۲ میں کچھ فرق ہے ۔ اس میں بھی الفاظ کے ہیر پھیر سے فرق پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ ورنہ ،مجھے یقین ہے ۔ کہ اس میں کوئی فرق نہیں ۔

جناب والا ۔ سابقہ قانون کی دفعہ ۲ اس طرح ہے ۔

"No person shall use of cause to be used a loudspeaker in a public place for any purpose except with the permission of a Deputy Commissioner and subject to such terms and conditions as the Deputy Commissioner may impose.

"Provided that the prohibition shall not apply to....." so on and so forth.

"Explanation: For the purpose of this section public place means...." and so on and so forth.

اس میں ہے ۔ کہ کوئی شخص کسی غرض کے لئے بھی لاؤڈ سپیکر کو کسی پبلک جگہ پر استعمال نہیں کر سکتا ۔ بلا حصول اجازت ڈپٹی کمشنر ،موجودہ آرڈیننس میں یہ دفعہ اسی طرح شروع ہوتی ہے ۔

"No person shall operate, use or cause to be used or operated, a loudspeaker or a sound amplifier in a public place, save with the permission of the Deputy Commissioner of the District and subject to such terms and conditions as to the day or days and the hour or hours on which such loudspeaker or sound amplifier may be used or operated, the number of loudspeakers or sound amplifier which may be used at any one time and the volume of sound to which they must be adjusted."

اس کے علاوہ کہ اس عبارت میں اور ہیراگراف میں غیر ضروری الفاظ بھر دئے گئے ہیں ۔ اور کچھ نہیں ۔ اس کے ،طلب میں اور اس سے پہلے ہیرا کے ،طلب میں جس کا حوالہ دیا ہے ۔ کوئی فرق نہیں ۔ میرے کئی ایک فاضل دوست اس ایوان میں بیٹھے ہیں جو نہ صرف انگریزی زبان سے نہایت

اچھی طرح واقف ہیں۔ بلکہ قانون دان بھی ہیں۔ وہ فرمائیں۔ کہ دوسرے پیرا میں جس کا حوالہ دیا ہے۔ اور اس پیرا میں کیا فرق ہے۔ وہاں بھی یہ ہے۔ کہ کوئی شخص لاؤڈ سپیکر استعمال نہیں کر سکتا۔ ماسوائے اس صورت میں کہ D. C. سے اجازت حاصل کی ہو۔ یہاں یہ ہے کہ کوئی شخص لاؤڈ سپیکر یا ایمپلیفائر استعمال نہیں کر سکتا ما سوائے اس صورت میں کہ اس نے اجازت حاصل کی ہو۔

اس میں ضروری نہیں ۔ کہ اسے D.C. regulate کرے۔ لیکن موجودہ دفعہ کے مطابق D.C. یہ کر سکتا ہے۔ اور کہہ سکتا ہے ۔ کہ ایک یا دو گھنٹہ کی اجازت ہے۔ یا فلاں جگہ کرو۔ اور فلاں جگہ نہ کرو۔ یا اتنے لاؤڈ سپیکر لگا سکتے ہو۔ اتنے نہیں لگا سکتے ۔ D.C. اگر چاہتا۔ تو پہلی دفعہ کے مطابق بھی ایسا کر سکتا تھا۔ پہلے بھی یہ پابندی تھی۔ کہ جب تک D.C. اجازت نہ دے تب تک لاؤڈ سپیکر نہیں لگا سکتے۔ اور آج بھی یہی پابندی ہے ۔ موجودہ حالت میں بھی D.C. کو درخواست دینا پڑتی ہے۔ اگر وہ اجازت دے دے۔ تو پھر لاؤڈ سپیکر استعمال کر سکتے ہیں۔ یعنی دونوں صورتوں میں استعمال سے پہلے اجازت کا ہونا لازمی ہے۔ گویا اجازت کے لئے درخواست کا دینا لازمی ہے۔ D.C. کو اختیار حاصل ہے۔ کہ وہ پہلے اور موجودہ آرڈیننس کے ذریعہ درخواست نا منظور کردے۔ یہ کہیں نہیں لکھا ہوا۔

"The Deputy Commissioner may refuse to grant permission for the use or operation of a loudspeaker or a sound amplifier in a public place, if in his opinion, after holding such enquiry (if any) or calling for such reports from the police, municipal or other authorities, as he may deem fit, and hearing the person applying for the permission ....."

اس میں تمام وہ واقعات اور وجوہات دئے گئے ہیں۔ جو کسی ذہن میں ممکن طور پر آسکتے ہیں۔ اور کسی وجہ سے درخواست کو منظور یا نا منظور کیا جا سکتا ہے۔ اس کے لئے D.C. کو پورے اور کلی طور پر اختیارات حاصل تھے۔ اور اب اس آرڈیننس کے تحت بھی پورے اور کلی اختیار حاصل

ھیں ۔ کہ وہ کسی کی درخواست منظور کرے یا نہ کرے۔ یا اس پر کوئی پابندی لگا دے۔ پہلے آرڈیننس میں وجہ لکھنے کی ضرورت نہ تھی۔ لیکن اب اس کو وجہ لکھنا پڑے گی۔ کہ کس بنا پر نامنظور کی گئی ہے۔ یعنی پہلے وجوہات دینے کی ضرورت نہیں تھی۔ اور اب ضرورت ہے۔ محض اتنا سا فرق ہے۔ اگر فرق صرف اتنا ہے۔ تو پھر یہ دیکھنا ہے۔ کہ مغربی پاکستان کی سب سے بڑی عدالت کے تین جج صاحبان نے جو فیصلہ ۲۱-۷-۶۴ کو میری رٹ درخواست پر سابقہ آرڈیننس کے متعلق صادر فرمایا تھا۔ ان کی کیا رائے ہے۔ کیا ان کی رائے ہے۔ کہ ایک شہری کا یہ بنیادی حق ہے۔ جیسا کہ آئین میں دیا گیا ہے۔ اور حکومت کو اختیار نہیں۔ کہ ایسا حق مجھ سے چھین لے۔ ہو سکتا ہے۔ میرے کچھ دوست یہ کہیں کہ تقریر تو بنیادی حق ہے۔ لاؤڈ سپیکر کا استعمال کرنا بنیادی حق ہیں۔ یہ اعتراض اس عبارت کے متعلق ہے جو fundamental rights کے نمبر ۹ میں درج ہے۔

"Every citizen shall have the right to freedom of speech and expression, subject to any reasonable restrictions imposed by law in the interest of the security of Pakistan, friendly relations with foreign States, public order, decency or morality or in relation to contempt of Court, defamation or incitement to an offence."

اس میں کہیں لاؤڈ سپیکر کا ذکر نہیں ہے۔ شاید کوئی دوست یہ کہیں کہ اسمیں لاؤڈ سپیکر کا ذکر نہیں کہ لاؤڈ سپیکر کس بنیادی حق میں شامل ہوگا۔ لیکن اسکو بھی دیکھنا ہے کہ فاضل جج صاحبان نے کیا ارشاد فرمایا ہے کیا لاؤڈ سپیکر کی اجازت اور لاؤڈ سپیکر کا استعمال اس بنیادی حق یا تقریر کرنے اور اظہار خیال کے بنیادی حق میں شامل ہے یا نہیں۔ تو جناب والا انہوں نے بڑے واضح الفاظ میں بڑے واشگاف الفاظ میں اپنے judgment میں اس امر کا اظہار فرمایا ہے کہ لاؤڈ سپیکر کا استعمال آزادی تقریر کے حق میں شامل ہے اور اس سے میرے محترم دوست یاسین وٹو صاحب انکار نہیں کریں گے جیسا میں نے عرض کیا ہے کہ اس لاؤڈ سپیکر کے حق کو ججوں نے مانا ہے اور اسکے متعلق P.L.D دسمبر ۱۹۶۴ء کے صفحہ ۱۸ ۷ پر فل بنچ کی رولنگ کی رپورٹ ہے۔ تین جج صاحبان نے فیصلہ

فرمایا ہے۔ اور انہوں نے سپریم کورٹ امریکہ کے ایک فیصلہ کا حوالے دیتے ہوئے لاؤڈ سپیکر کے متعلق ارشاد فرمایا ہے۔

"Loudspeakers are indispensible instruments of effective public speech. The sound track has become an accepted method of political campaigning. It is the way people are reached. Must a candidate for Governor or the Congress depend on the whim or caprice of the Chief of Police in order to use his sound track for campaigning? Must he prove to the satisfaction of that official that his noise will not be annoying to people? It cannot be again said that the use of loudspeakers is a necessary accompaniment of a public meeting to be held in a public park in order to communicate the spoken words to the persons assembled there voluntarily."

یہاں تک تو انہوں نے سپریم کورٹ کے فیصلہ کا quotation دیا ہے اور پھر ہمارے جج صاحبان کیا فرماتے ہیں۔

"No argument is needed to prove that in modern times, with the vast growth of population, it is not possible, without the aid of loudspeakers, to make the native voice heard in public meeting by the persons who assemble to hear it. For the purpose of expression of views on public, religious or social matters and the development and improvement of society, or matters calculated to reform its system, both governmental and sociological the holding of public meetings is the birth right of the people in free democratic State like ours."

اس کے آگے ہندوستان کے ایک case کا حوالہ دیتے ہوئے یہ ارشاد فرماتے ہیں۔

"Freedom of speech and of the Press lie at the foundation of all democratic organisations, for without political discussion, no public education, so essential for the proper functioning of the processes of popular government, is possible. One mode of propagation of one's views is through the Press, and freedom of the Press would be no freedom if there were no freedom of circulation of the printed matter...."

and so on and so forth.

تو جناب والا۔ یہ بات ہمارے دوست ضرور تسلیم فرمائینگے کہ لاؤڈ سپیکر کا استعمال آزادی تقریر میں شامل ہے یا اسکا حصہ ہے۔ اب رہا یہ مسئلہ کہ اگر یہ مان لیا جائے کہ لاؤڈ سپیکر کا استعمال آزادی تقریر کا حصہ ہے تو

اسطرح کس حد تک پابندی لگائی جا سکتی ہے اور اسکے متعلق فاضل جج صاحبان نے اپنے فیصلے میں نہایت شرح و بسط کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے کہ آزادی تقریر غیر محدود حق نہیں ہے اور میں اسکو مانتا ہوں اور مجھے یا کسی دوسرے کو یہ حق نہیں ہو سکتا کہ وہ سڑک پر کھڑا ہو کر لوگوں کو گالیاں دے اگرچہ وہ گالیاں تقریر ہوگی اور وہ کچھ بول ہی رہا ہوگا۔ اسی طرح کسی شخص کو یہ حق نہیں حاصل ہو سکتا کہ وہ کسی دوسرے شخص کے متعلق ایسی بات کہے جو کہ اسکی آزادی کے منافی ہو تو لازمی نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے اس حق پر کچھ حدود و قیود ہمارے اس آئین کی دفعہ میں جو درج ہیں عائد کی جا سکتی ہیں۔ لیکن وہ حدود و قیود کہاں کی جا سکتی ہیں۔ جیسا کہ میں نے چند سطریں اس فیصلہ میں پڑھی ہیں جس میں ریاست متحدہ امریکہ کے سپریم کورٹ کے فیصلہ کا حوالہ دیا گیا تھا جس میں انہوں نے کہا ہے کہ یہ وہم میں بھی نہیں لایا جا سکتا کہ ایک امیدوار خواہ وہ سینیٹ کا ہو یا گورنر شپ کا وہ درخواست لیکر کسی کمشنر کے پاس جائے کہ مجھے تقریر کرنے کیلئے لاؤڈ سپیکر کی اجازت دی جائے۔ لیکن اس فیصلہ میں یہ درج ہے کہ ایسے قوانین بنائے جا سکتے ہیں کہ لاؤڈ سپیکر فلاں وقت سے فلاں وقت تک استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ مثلاً میونسپل حدود میں رات کے وقت ۱۲ بجے سے صبح چار بجے تک یا ہسپتال کے قریب دن رات دو سو گز فاصلے تک کوئی شخص لاؤڈ سپیکر استعمال نہیں کر سکتا۔ ایسا قانون بنایا جا سکتا ہے کہ سکول اور کالجوں کے اوقات کار کے دوران دو سو گز کے فاصلے سے چار سو گز کے فاصلے کے اندر کوئی شخص لاؤڈ سپیکر کا استعمال نہیں کر سکتا۔ یعنی میرا حق محدود کیا جا سکتا ہے لیکن مجھ سے یہ حق چھینا نہیں جا سکتا اور اس آرڈیننس میں یہی نقص ہے کہ یہ مجھ سے حق چھینتا ہے یہ میرے حق کو محدود نہیں کرتا ہے یہ ہمارے حق کا استیصال کرتا ہے۔

میرا یہ فرض تھا میں نے ابھی پڑھکر سنا دیا تو میرا حق چھینا گیا ہے ہم اسے ہر وقت استعمال کر سکتے ہیں اور استعمال کی اجازت ہے۔ چاہے

ڈپٹی کمشنر صاحب اجازت نہ دیں۔ ماسوا ان صورتوں کے یا ایسی چند صورتوں کے جنکا میں نے ذکر کیا ہے اور یہ میری رائے نہیں ہے یہ رائے فاضل جج صاحبان کی ہے جنکی رائے کے خلاف یہ آرڈیننس حکومت نے جاری کیا ہے اور یہ ثابت کرنے کیلئے جاری کیا ہے کہ انکے ہاتھ میں طاقت ہے، قوت ہے۔ عدالت خواہ کیسا ہی فیصلہ کرے وہ ہر ایک کو معطل اور upset کر سکتے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر۔ تو یہ الا بلا اور اس قسم کی غیر چیزیں جو ان کے ذہن میں سما گئی ہیں یہ انکا ہی کرشمہ ہے اور یہ اس کا اظہار کر رہے ہیں۔ تو جناب والا میں اسی Judgment کا پھر حوالہ دیتا ہوں یہ ثابت کرنے کے لئے۔ جناب والا یہ صفحہ ۲۷۰ پر پیراگراف ۱۱ پر ہے۔

"In the instant case Section 2 of the Ordinance is challenged on the ground that it places unreasonable restrictions on the freedom of speech and is violative of the ninth Fundamental Right. It is true that the use of loudspeakers finds no mention in the ninth Right, but, as observed already, the use of loudspeakers is a necessary accompaniment of public speaking and an indispensible instrument for effective public speech. The denial of permission....."

This is important, Sir.

"That denial of permission means a denial of the right to communicate ones views and thoughts even to those who want to hear them. Section 2 of the Ordinance places a previous restraint....."

These two words are very important, "previous restraint".

"Section 2 of the Ordinance places a previous restraint on the right to public speaking and to be heard."

اور اس کے بعد انہوں نے کہا ہے کہ اس کے علاوہ بھی یہ پابندیاں لگاتے ہیں کہ uncontrolled discretion ڈی سی کے ہاتھ میں ہے اور تیسرے یہ کہ یہ indiscriminately بھی استعمال ہو سکتا ہے۔ بہرحال ایک چیز جو پہلے انہوں نے بیان فرمائی ہے وہ یہ ہے کہ وہ پابندیاں عائد کرتا ہے۔ ہماری تحریک تقریر کے حق پر یعنی بیشتر اس کے اگر میں تقریر کروں تو مجھ پر پابندی ہے۔ پھر previous restraint کا phrase انہوں نے استعمال

کیا ہے اور اس میں بھی جیسا کہ میں نے عرض کیا No person is allowed to use the loudspeaker تو اس میں بھی previous restraint عائد کردیا گیا ہے۔ جناب آگے چلکر صفحہ ۲۷۰ پر فرماتے ہیں۔

"The Deputy Commissioners stands athwart, the channels of communication as an obstruction to effective public speaking."

اور کیا اس میں ڈی سی کی پوزیشن awkward نہیں۔ بعینہ وہی حالات ہیں جو اس میں ہیں۔ تو جناب والا اور بھی کچھ حصوں کے حوالے دیئے جا سکتے ہیں لیکن میں ان کو بند کرتا ہوں۔ میری غرض یہ ہے کہ اس وزارت نے خود جناب صدر مملکت کے اعلان کو جھٹلانے کی سعی کی ہے۔ اس آرڈیننس کے ذریعے عوام کی تقریر پر اور اس حق پر کہ وہ جو چاہیں اور جب چاہیں اور جہاں چاہیں۔ اگرچہ یہ حق میں مانتا ہوں قانون کے ذریعے محدود کیا جا سکتا ہے لیکن اس کو قطعی طور پر بند نہیں کیا جا سکتا ان میں فرق یہ ہے کہ اس کو سلب نہیں کیا جا سکتا۔ اس کو عوام سے چھینا ہے۔ حقیقت یہ ہے جناب والا کہ اس صوبے پر جس قسم کی اور جس طرح سے حکومت ہو رہی ہے اس کے کس کس پہلوؤں پر یہاں گزارش کی جائے۔ دفعہ ۱۴۴، ڈنڈے آنسو گیس گولیاں یہ تو ہمارے اس حق کو روکتے ہیں کہ ہم پبلک طور پر اکھٹے ہوں اور اس حق کو جناب والا جس کے متعلق خود صدر مملکت نے اپنے منشور میں ارشاد فرمایا ہے۔ صفحہ ۴ پر ہے کہ انفرادی رائے کی آزادی اشتراک عمل کی آزادی، اجتماع کی آزادی اور قوانین کی حکمرانی۔ تو ان چاروں میں سے ایک کا بھی احترام میرے یہ دوست نہیں کر رہے۔ انہوں نے پریس کی عصمت پر ڈاکہ ڈالا۔ انہوں نے پریس آرڈیننس بنایا۔ پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس بنایا اور کیا کچھ نہیں بنایا۔

Minister of Education: Sir, is my friend relevant?

خواجہ محمد صفدر۔ میں انکی تفصیلات میں نہیں جا رہا۔ انہوں نے ہماری شخصی آزادی پر ڈاکہ ڈالا ہے جیسا کہ میں نے ابھی ثابت کیا

اور اس سے زیادہ افسوسناک بات یہ ہے کہ انہوں نے عدالتوں کی آزادی کو اپنے پنجے میں لانے کی ہر قدم پر ناپاک سعی کی ہے۔ مجھے افسوس ہے تو اس بات پر کہ انہوں نے حکمران۔ یہ اپنے آپ کو حکمران سمجھتے ہیں اور باقی عوام کو محکوم سمجھتے ہیں مگر ایک آزاد مملکت میں حکمران اور محکوم کا تصور ہی کیا ہے۔ چاہئیے تو یہ کہ یہ حکمران باقی عوام کو بھی اپنا بھائی سمجھتے اور یہ سمجھتے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں خدمت کا موقع دیا ہے کہ وہ اپنے بھائیوں کی خدمت کریں۔

وزیر تعلیم۔ یقیناً ہم سمجھتے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر۔ لیکن یہ خدمت اچھی ہے کہ ہمیں ہمارے بنیادی حقوق سے ہمیں محروم کیا جا رہا ہے۔ ہماری عدالتوں کے اختیارات سلب کئے جا رہے ہیں اور ہماری ہر قسم کی آزادی پر پابندیاں لگائی جا رہی ہیں ان الفاظ کے ساتھ میں اس آرڈیننس کی پر زور مخالفت کرتے ہوئے جناب وزیر تعلیم سے درخواست کروں گا کہ وہ اس کو واپس لے لیں کیونکہ یہ آزادی تقریر کے راستے میں ایک چٹان ہے اور میں انکو یقین دلاتا ہوں کہ جس طرح عدالت عالیہ نے سابقہ قوانین کو void قرار دیدیا تھا انشاءُ اللہ تعالیٰ اس قانون کو بھی ہماری عدالتیں void قرار دیدینگی۔

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ-۱)۔ جناب صدر۔ مجھ کو یہ احساس ہو رہا ہے کہ حکمران پارٹی جس طرح سے اور آرڈیننسوں کو ایک معمولی چیز ایک معمولی قانون سمجھتی ہے اسی طرح سے اس قانون کو بھی ہماری کنونشن لیگ کا گروپ ایک معمولی چیز سمجھتا ہے۔

مسٹر سلطان محمد اعوان۔ پاکستان مسلم لیگ۔ کنونشن مسلم لیگ نہیں۔

خواجہ محمد صفدر۔ کیا بھائی نام بدل لیا ہے؟

مسٹر سلطان محمد اعوان۔ پاکستان مسلم لیگ۔

میاں عبداللطیف۔ کنونشن مسلم لیگ ہے اس کو عوام سمجھتے ہیں۔ تو جناب میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اس کی provisions بعد میں عرض کروں گا کہ یہ قانون معمولی قانون نہیں۔ یہ بہت غیر معمولی قانون ہے۔ یہ قانون عام قانون نہیں ہے۔ یہ قانون خاص قسم کا قانون ہے۔ یہ قانون ہر گہ آرڈیننس سے بدتر ہے۔ پریس آرڈیننس سے بدتر ہے۔ یونیورسٹی آرڈیننس سے بدتر ہے۔ اس کے نتائج بہت دور رس ہونگے۔ اس چیز کو سمجھنے کے لئے جو میں نے ابھی گزارش کی کہ یہ for the sake of opposition نہیں بلکہ میں صدق دل سے محسوس کرتا ہوں کہ یہ اسی طرح سے ہے جیسے کہ معمولی سی سلائی معمولی سے میچ بکس میں سے لیکر آپ کسی ڈھیر کو apply کردیں اور اس سے وہ تمام کھاواڑے کا کھاواڑہ جل کر راکھ ہو جائے۔

آپ کے ہاتھ میں معمولی سی دیا سلائی ہے۔ یہ کہنے کو ذرا سی ہے مگر اس سے بہت بڑی تباہی ہوگی۔ اب میں آپ کی اجازت سے آرڈیننس کی چند دفعات یہاں پڑھے دیتا ہوں تاکہ وہ پوری طرح سے یہ سمجھ لیں کہ جس چیز کی تصدیق مطلوب ہے وہ کیا ہے۔ اس کی دفعہ ۲ یہ ہے کہ کوئی شخص لاؤڈ سپیکر استعمال نہیں کر سکتا نہ کرا سکتا ہے۔ چلا نہیں سکتا۔ ایمپلی فائر کو استعمال نہیں کر سکتا۔ جب تک اسکے ہاتھ میں ڈپٹی کمشنر صاحب ضلع کی پہلے منظوری نہ ہو۔ اسی دفعہ ۲ کی ضمن میں یہ ہے کہ ڈپٹی کمشنر صاحب اجازت سے انکار کر دیں گے اگر ان کی رائے میں لاؤڈ سپیکر کا استعمال اس آبادی کے اشخاص کی منشا کے خلاف ہو۔ ان کو تکلیف پہنچانے والا ہو۔ یا پہنچنے کا امکان ہو۔ یا اس لاؤڈ سپیکر کا استعمال حکومت کے خلاف نفرت پھیلانے والا ہو یا پھیلائے جانے کا امکان ہو۔ اب میں اسے انگریزی میں پڑھے دیتا ہوں۔

(2) (c) (i): bringing into hatred or conempt any Government established by law in Pakistan or the Administration of Justice in Pakistan or the exciting disaffection towards the said Government."

اگر حکومت کے خلاف بے محبتی کے ہر چار کا امکان ہو، تو بھی ڈی سی کو اختیار ہے کہ اس کی اجازت دینے سے انکار فرما دیں۔ اسکے بعد پاکستان میں جس قدر ریاستیں ہیں ان کے کسی حکمران کے خلاف کوئی بات کہی جائے جس سے نفرت پھیلائے جانے کا امکان ہو، تو بھی اجازت دینے سے انکار کردیا جائے گا۔ اس کے علاوہ اگر اس میٹنگ میں بیرونی طاقت کے خلاف مثلاً کابل کے خلاف یا دھلی کے خلاف یا کسی اور ایسی طاقت کے خلاف کوئی ایسا فقرہ کہے جانے کا امکان ہو، تو بھی لاؤڈ سپیکر بند ہوگا۔ میں اپنی بحث کے آغاز سے پہلے یہ چیز ان کے ذہن میں لانا ضروری سمجھتا تھا۔

اب جناب والا۔ میری یہ گذارش ہے کہ ہمیں یہ سمجھ لینا چاہئے اچھی طرح سے ذہن نشین کرلینا چاہئیے۔ ان اصحاب کے ذہن میں آنا چاہئیے کہ یہ ۱۹۶۳ء کا سال ہے۔ اور انگریزی حکومت ۱۹۴۷ء میں ختم ہوگئی تھی، ان کو بار بار بتایا جائے کہ اب وہ انگریز کے محکوم نہیں ہیں۔ یہ ملک اب آزاد ملک ہے۔ کیونکہ ہمارے وزراء میں سے ایک دو کو چھوڑ کر باقی حضرات وہ ہیں جنھوں نے انگریزی حکومت دیکھی ہے۔ اسکا جبر دیکھا ہے۔ اسکی سختی دیکھی ہے۔ اور غالباً وہ ان ایام کو فراموش نہیں کر سکے۔ ان کے ذہن میں اب بھی یہ ہے کہ اس ملک کا مالک Crown لندن میں ہوا کرتا تھا۔ اور بہترین حاکم وہ تھا جو اس کی خوشنودی کے لئے اس ملک کے لوگوں پر سختی کرے جبر کرے۔ تشدد کرے۔ انہیں مجبور کرے اس بات کے لئے کہ وہ کراؤن سے محبت کرے۔ affection رکھیں۔ ان حضرات کو یہ بتایا جائے کہ اب پوزیشن یکسر بدل چکی ہے۔ اب یہاں آپ کی اپنی حکومت ہے۔ اب آپ کا حکمران لندن میں نہیں ہے۔ آپ کے حکمران یہ پانچ کروڑ یا دس کروڑ عوام یہاں پر اسی ملک میں موجود ہیں۔ کیونکہ ان کے دماغ میں وہی محکومی اور غلامی کے واقعات اور حالات ہیں۔ یہ عالی جاہ میں نہیں کہتا ہوں۔ ان کے آقائے نامدار صدر مملکت

کہتے ہیں۔ اور ان کے ساتھ ان کے فنانس منسٹر تھے۔ انہوں نے بارہ تیرہ دفعہ یہ کہا کہ حاکم اصل میں عوام ہیں۔ یہ الگ چیز ہے کہ عوام کی حاکمیت کی یہ discovery انہیں حال ہی الیکشن کے دوران ہوئی ہے۔ پہلی حکومت کو ہم بدل نہیں سکتے تھے۔ اسے قبول کرنے پر مجبور تھے۔ اس سے الفت کرنے پر مجبور تھے۔ لیکن اب پوزیشن یکسر بدل چکی ہے۔ اب اختیار عوام کو جا چکا ہے۔ ہمارے دستور میں درج ہے کہ صدر کے خلاف مرکزی اسمبلی میں انہیں برخاست کرنے کی تحریک پیش کی جا سکتی ہے۔ تو ایسے حالات کی موجودگی میں عالیجاہ اگر کوئی ہم سے یہ تقاضا کرتا ہے کہ ہمارے ڈی سی اگر یہ محسوس کریں کہ حکومت کے خلاف بے محبتی پھیلائے جانے کا امکان ہے، تو لاؤڈ سپیکر کی اجازت دینے سے انکار کردیں۔ تو در اصل وہ اپنے حاکم یعنی عوام سے یہ مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اپنے نوکر کے خلاف کچھ نہ کہے۔ کیونکہ یہ ہمارے نوکر کے نوکر ہیں۔ ہمارے نمائندہ کے نوکر ہیں۔ ہمارے اپنے منتخب شدہ ممبر کے نوکر ہیں۔ یہ ہم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہم ان پر نکتہ چینی نہ کریں۔ اگر عوام کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ انہیں بدل دیں، تو عالیجاہ وہ انہیں کیسے بدل سکتے ہیں۔ جمہوریت میں اس کا طریقہ یہ ہے کہ ان کے خلاف عوام کی رائے کو منظم کریں۔ ان کی ہر بری حرکت کا بھانڈا چوراہے میں پھوڑا جائے۔ انہیں بتایا جائے کہ یہ سوائے اپنی لوٹ کھسوٹ کے اور کچھ نہیں کرتے۔ جناب والا۔ مجھے افسوس ہے۔ جہانتک اچھی باتوں کا تعلق ہے۔ میرے پاس ۱۲۲ آرڈیننسوں کا پلندہ ہے جسکا حساب انہیں قبر میں دینا ہوگا۔ اس ایوان میں ہم حساب لینے کے قابل نہیں ہیں۔ اس لئے نہیں کہ ہم حق پر نہیں۔ ہم صداقت پر ہیں۔ ہم حق پر ہیں۔ لیکن تھوڑے ہیں، اور جمہوریت میں سب سے بڑی بد نصیبی یہ ہے، کہ Merits and justice کو شمار نہیں کیا جاتا، یہاں heads کو شمار کیا جاتا ہے،

بلکہ جیسا کہ شیخ مسعود صادق صاحب فرمایا کرتے ھیں، کہ Heads تمہاری طرف ھیں، اور Heads ھماری طرف ھیں، تو جناب والا اس آرڈیننس نے ھماری سیاست ڈپٹی کمشنر کے ھاتھ میں رھن کردی، اور ھماری جمہوریت تھانوں میں دفن کردی، اگر آپ اسے اسی طرح سے قائم رکھیں گے تو سمجھئے، کہ آپ نے سیاست کو ملک بدر کردیا ھے، اتنی بھی اجازت نہیں ھے کہ ھم بول سکیں' اور لوگوں کو بتا سکیں، کہ یہ حکومت کتنی نا ھنجار ھے، کتنی غلط کار ھے، اور نالائق ھے، وہ جمہوریت ھی نہیں رھی، آپ بدلے ھوئے حالات کا اندازہ کیجئے، آپ یہاں کے حالات کو دیکھیں' کہ حالات کا تقاضا کیا ھے، اور ھم کس سطح پر چل رھے ھیں، آپ اپنے پڑوسی کو دیکھیں، کہ وہ آپ کے لئے کیا تیاری کر رھا ھے، ان آرڈیننسوں کے بنانے کی بجائے آپ پر یہ فرض عائد ھوتا ھے۔ کہ اس قوم کے نمائندے ھونے کی حیثیت سے اس قوم کے ایک ایک آدمی کو ایٹم بم بنا دیں۔ آپ اس قوم کو اس قابل بنا دیں۔ کہ دشمن یہ سمجھے۔ کہ جب تک ایک بھی پاکستانی زندہ ھے۔ اس ملک کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھا جا سکتا لیکن ھم نے دیکھا ھے۔ کہ ھمارے ملک میں کیا ھو رھا ھے۔ اور آپ کیا کر رھے ھیں۔ اور اس ملک کی تباھی کیلئے واھگے سے پار کیا ھو رھا ھے۔ اگر آپ کے دھیان میں یہ بات ھوتی، تو یہ آرڈیننس کبھی نہ آتا۔ پھر زبانیں نہ کھینچ لی جاتیں۔ پانچ کروڑ انسانوں کو گونگا نہ بنایا جاتا، انکا حق خیال، انکا حق تقریر اس بری طرح سے پامال نہ کیا جاتا۔ میں اپنے بھائی خان بہر محمد خان سے یہ پوچھتا ھوں، کہ انکو علم ھے، کہ پچھلے دو سال میں ھندوستان نے فوجی سلسلے میں کتنی ترقی کی ھے، بیس لاکھ کی فوج تیار ھو رھی ھے، جس میں سے تیرہ لاکھ تیار ھو چکی ھے۔

وزیر خوراک (ملک قادر بخش)- یہ بھی بتائیے، کہ انہوں نے خوراک میں کتنی ترقی کی ھے۔

میاں عبداللطیف۔ آپ یہی باتیں کہہ کر خوش ھوا کریں۔

ایک آواز۔ جنگ کے وقت ملک صاحب چار پائی کے نیچے چھپ جائینگے۔

میاں عبدالمطیف۔ عالیجاہ۔ وہاں بتیس آرڈیننس فیکٹریاں قائم ہو چکی ہیں۔ پچھلے دنوں تیسویں آرڈیننس فیکٹری کا افتتاح انکے آرڈیننس منسٹر نے کیا ہے۔ وہاں روس کے تعاون سے بنگلور میں ہوا سے زیادہ تیز Mig جٹ طیارے کی فیکٹری قائم ہوگئی ہے۔ اور یہ سب کچھ جیسا کہ ہمارے صدر نے فرمایا ہے کہ چین کے لئے نہیں ہے۔ بلکہ ہمارے ملک کیلئے ہے۔

وزیر خوراک۔ میں مشکور ہونگا۔ اگر اس سلسلے میں میرے دوست نے جس نازک مضمون پر جاکر قدم رکھا ہے۔ وہ یہ بھی فرما دیں کہ وہ مجیب الرحمن کا حکم کیوں پڑھتے ہیں۔ جو کہتا ہے کہ ہندوستان سے صلح کرلو۔ اور یہ انکے چیلے ہیں۔ اور اس نے یہ بھی کہا ہے کہ ہم فوج میں مزید تخفیف بھی کریں گے اور اسلحہ بھی کم کریں گے۔

Mr. Speaker: Mian Sahib! Now, please speak about the provisions of this Ordinance.

میاں عبداللطیف۔ ان حالات کو مدنظر رکھ کر اس آرڈیننس کے متعلق سوچئے۔ پھر آپ کبھی بھی نہ کہیں گے کہ ان پانچ کروڑ انسانوں سے انکا حق چھین لیا جائے۔ میں ان دلیروں اور بہادروں کی خدمت میں آپکی وساطت سے عرض کرونگا کہ اگر ہندوستان سے جنگ کرنے کی نوبت آئی۔ تو جنگ ہم کرینگے۔ آپ نہیں کر سکتے۔ کیونکہ سرمایہ دار جنگ نہیں کر سکتا۔ کارخانے والے جنگ نہیں کر سکتے۔ بی آئی ڈی سی کے کارخانے خریدنے والے جنگ نہیں کر سکتے۔ اگر جنگ کریگا تو میرے جیسا فقیر کریگا۔ اگر لڑیگا تو میرے جیسا فقیر لڑیگا۔ روپیہ اکھٹا کرنے والا نہیں لڑ سکتا۔ لکھ لو اسے دیوار پر کہ موجودہ حکومت بھی نہیں کر سکتی۔ اور نہ کر سکیگی۔

وزیر خوراک۔ آپ اور عبدالغفار خان دونوں ملکر کر سکینگے۔ یہ تو بتلائیں کہ یہاں ہم چار وزراء بیٹھے ہیں۔ ان میں سے کون کون سرمایہ دار اور کارخانہ دار ہے۔

میاں عبداللطیف۔ نہ چھیڑو ہمیں ہم ستائے ہوئے ہیں۔

ہمیں پردہ چاک کرنے کے لئے مجبور نہ کریں۔ ہمیں مت چھیڑو۔

وزیر خوراک۔ ابھی الیکشن کا زخم تازہ ہے۔

میاں عبداللطیف۔ عالیجاہ۔ اسکی کلاز (۷) کی سب کلاز (۳) ہے۔ سوچا تو نہیں۔ یہ بناتے ہوئے انہوں نے سوچا ہی نہیں کہ ہم یہ کیا بنا رہے ہیں۔ اور کس کیلئے بنا رہے ہیں۔ یہ قانون پانچ کروڑ باشندگان مغربی پاکستان کیلئے بنایا گیا ہے اور حکم یہ ہے کہ دیکھنا اپنے رئیسوں کے خلاف اپنی ریاستوں کے حکمرانوں کے خلاف جنکے ساتھ ہمارے تعلقات اچھے ہیں۔ اگر انکے خلاف ایک لفظ بھی کہہ دینے کا امکان ہو۔ تو لاؤڈ سپیکر کی اجازت مت دو۔ یہ فقرہ اس تعزیرات میں سے چرایا گیا ہے۔ جو ۱۸۶۳ء میں بنی تھی کہ جہاں فرزندان خاص، دولت انگلیشیا بہادر کے فرزندان وہ ۵۶۲ والیان ریاست، انکے تحفظ کے لئے، انکی رعایا کو مغلوب کرنے کیلئے، رعایا پر جبر و تشدد کرنے کیلئے ضروری تھا۔ لیکن آج پانچ کروڑ پر جبر منظور ہے۔ لیکن کسی والیئے ریاست پر، کتنا ہی وہ جابر اور قاہر کیوں نہ ہو اور وہ کتنا ہی استبدار کرتا ہو۔ کتنا ہی زانی ہو۔ کتنا ہی شرابی ہو۔ ہم اسکے متعلق لاؤڈسپیکر پر ایک لفظ نہیں کہہ سکتے۔ اور چونکہ ڈپٹی کمشنر کو یہ خیال ہے کہ شاید وہاں کسی حکمران کے خلاف کچھ کہنے کا امکان ہے۔ اس لئے وہ اسکی اجازت نہیں دے سکتا۔ یہ اس میں نہیں لکھا ہوا کہ اسکے خلاف کوئی جھوٹی بات کہے جانے کا امکان ہو۔ کوئی defamatory بات کہے جانے کا امکان ہو۔ خواہ ہم کتنا ہی سچ کہیں۔ خواہ ہماری بات کتنی ہی سچائی پر مبنی ہو اور اسکے لئے Judicial finding بھی موجود ہوں۔ لیکن اگر وہ ہمارے ان دوستوں کا دوست ہو۔ تو پھر ہماری مجال نہیں کہ ہم اسکے لئے لاؤڈسپیکر استعمال کر سکیں۔

اسکے بعد جناب والا سیکشن (۴) ہے۔ کہ

"Maintenance of friendly relations between the Government of West Pakistan and the Government of any foreign State".

یہ ایک فقرہ بھی اسی پرانی کتاب سے چرایا گیا ہے۔ جسکی کہ ضرورت نہ تھی۔ ضابطے کے مطابق، قانون کے مطابق انکے دوستانہ تعلقات ہندوستان اور کابل سے ہیں۔ لیکن اصلیت آپ بھی جانتے ہیں۔ یہ بھی جانتے ہیں۔ اور ہم بھی جانتے ہیں۔ لیکن جس حکومت سے یہ چاہتے ہیں کہ ہم لڑنے کیلئے تیار ہوں۔ ہمیں طعنے دیتے ہیں۔ کہ ہم لڑنے کیلئے تیار نہیں ہیں۔ اسکے متعلق ہمیں ایک لفظ بھی کہنے کی اجازت نہیں۔ ہم لاؤڈسپیکر اس کیلئے استعمال نہیں کر سکتے۔ اگر آج دھلی کے خلاف جلسہ کرنا چاہیں آپ ان کو کہیں خبردار تم نہیں کر سکتے۔ وہاں ۲۰ لاکھ فوج ہمارے خلاف تیار ہو رہی ہے۔ یہاں ہم جلسہ بھی نہیں کر سکتے۔

وزیر تعلیم۔ کون کہتا ہے۔

میاں عبداللطیف۔ آپ کا قانون کہتا ہے۔ وہاں کا ڈپٹی کمشنر ہماری زبان کھینچ لے گا۔ اس کے علاوہ میں عرض کر رہا تھا۔ کہ یہ لاؤڈسپیکر آخر کیا بلا ہے۔ یہ کوئی ناجائز اسلحہ ہے۔ کہ اسکا استعمال ممنوع ہے۔ یہ کوئی استرا ہے یونہی میرے ہاتھ میں آئے گا مجھے کاٹ دے گا یا کسی کو کاٹ دے گا۔ یہ کیا ہے؟ یہ جناب آجکل سائنس کی امداد ہے۔ ایک شخص کی آواز کو دوسرے شخص تک پہنچانے کیلئے۔ اگر آپ یہ قانون بتائیں، جیسے قانون موجود ہے کسی کو defermation نہیں کر سکتا تو ٹھیک ہے، وہ زبان سے بھی نہیں کر سکتا۔ اس سے بھی نہیں کر سکتا۔ آپ یہ قانون بنادیں کہ آپ سے بے محبتی کی بات ہے جیسے دفعہ ۲۴ موجود ہے لیکن وہ زبان سے اگر کہے وہ بھی جرم ہے اگر اس سے بھی کہے تو بھی جرم ہے، جناب عالی یہ بھی کہنے کی بات ہے۔ کشمیر جسے ایک غلام کشمیر کہتے ہیں جو ہندو کی ایڑی کے نیچے ہے۔ ایک ایلن حکومت کے

نیچے ہے ۔ ایک جابر حکومت کے نیچے ہے۔ جب چاہے ۔ جب کوشان ہو ۔۔ لاکھ مسلمانوں کو صفحہ ہستی سے مٹادے۔ عالی جاہ اس کی اجازت وہاں وجود ہے ۔ لیکن پاکستان میں نہیں ۔ آخر میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ اس آرڈیننس کا فائدہ ہوا یا اس آرڈیننس کا نقصان۔ ان دونوں پر توجہ کریں تو فائدہ محض یہ ہوا کہ حکومت خوش ہے ۔ کہ ہم نے آرڈیننس کے ذریعہ سے اپوزیشن کے جلسوں کی پابندی کا ایک ہتھیار استعمال کیا ہے ۔ اپوزیشن کیا ہے ۔ اس ملک کا ضروری حصہ ' کل کو آنے والی حکومت ، عوام کا ایک جم غفیر ۔ یہ ۔ کروڑ عوام کی زبان آپ نے بند کردی ۔ اگر یہ چیز یقیناً یہ چیز کشمیر کے لوگوں کو بتائی جائے گی کہ تم کہاں جانا چاہتے ہو اس ملک میں ۔ اس ملک کیلئے اتحاد چاہتے ہو جہاں کسی کو ولنے تک کی اجازت نہیں ۔ لاؤڈسپیکر کے استعمال کرنے کی اجازت نہیں ۔ میری مودبانہ التماس ہے . . . .

Mr. Speaker: Mian Sahib should not develop this point.

Mian Abdul Latif: Kindly tell them.....

Mr. Speaker: The member need not develop this point. He should come to his next point.

میاں عبداللطیف ۔ جناب والا ۔ میں نہیں چاہتا تھا کہ اس کے متعلق کچھ کہوں . . . .

خواجہ محمد صفدر ۔ حکومت جو کچھ کرتی ہے محض حب الوطنی کی بنا پر کرتی ہے ۔ یا ذاتی حب کی بنا پر ۔ (قطع کلامیاں) ۔

میاں عبداللطیف ۔ میں جناب ان مختصر گزارشات کے ساتھ اب یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ آرڈیننس صوبہ کے خلاف ہے ، صوبہ کے وسیع تر مفادات کے خلاف ہے ۔ پبلک کے مریل کو گرا دینے والی چیز ہے ۔ انجام کار اس کے مریل کو فیل کر دینے والی چیز ہے ۔ جمہور کی بنیاد کو تباہ کر دینے والی چیز ہے لوگوں کے اکٹھ کر روکتا ہے جو جمہوریت کی جڑ ہے ، لوگوں

کی free expression کو روکتا ہے ۔ جو جمہوریت کی جان ہے ۔ اس لئے اس کے نقصانات بہت زیادہ ہیں ۔ اب کوئی نفع ہے تو محض ایک vanity کی satisfaction کے لئے ہے ۔ اور vanity کی satisfaction کیا ہے جب صوبہ میں تباہی ہوتی ہے انکو کم از کم اس سے پرہیز کرنا چاہئے ۔ اس لئے میں استدعا کرتا ہوں ، اپنے ساتھیوں سے درخواست کرتا ہوں کہ صوبہ کی خاطر، جمہوریت کی خاطر۔ صوبہ کی آزادی کی خاطر اس بلیڈ چیتھڑے پر مہر تصدیق ثبت نہ کرائیں ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب یہ بلیڈ چیتھڑا غیر پارلیمانی ہے ۔ قانون کا یہ احترام فرمائیے ہیں ۔ ہمیں آئین کے مطابق پابندی ضروری ہے ۔

Sir, this is unparliamentary.

Mian Abdul Latif: This is correct.

Mr. Speaker: Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائل پور- ۲) ۔ جناب سپیکر۔ تقریر شروع کرنے سے پہلے اس آرڈیننس کے بارے میں ایک شعر پیش کرتا ہوں ۔

نثار میں تیری گلیوں کے اے وطن کہ جہاں
چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے

جناب سپیکر ۔ جہاں تک اس مسودہ قانون کا تعلق ہے ۔ اگر اسکی مثال تاریخ میں کسی ایسی کارروائی کی کسی حکومت کی طرف سے دی جا سکتی ہے ۔ تو میں سمجھتا ہوں بہترین مثال اس فرعون کی ہے کہ جسکو جب اس کے نجومیوں نے بتایا کہ بنی اسرائیل کا ایک بچہ تمہاری تباہی کا باعث ہوگا۔ اس نے بنی اسرائیل کے بچوں کو ہی قتل کرنا شروع کیا۔

جناب سپیکر ۔ موجودہ حکومت کو چلانے والے اور اس کے حواریوں کا ایک ہی فیصلہ ہے اگر عامۃ الناس کو، پبلک کو، حزب اختلاف اس حکومت کی بدعنوانیاں پبلک اجتماعات میں بتاتی رہے تو اس کا لازمی

نتیجہ یہ ہوگا کہ اس ملک پر حکومت تو رہے گی لیکن یہ حکمران نہیں ہوں گے۔ اور محض اس لئے اس قسم کے آرڈیننس اس حکومت نے نافذ کئے ہیں۔

جناب سپیکر۔ ہماری حکومت جہاں تک حکومت کو چلانے کا تعلق ہے وہ عام انسانوں کو اور ملک کی عام آبادی کو بلواسطہ طور پر کوئی اہمیت دینے کے لئے تیار ہے لیکن بلا واسطہ انکا یہ فیصلہ ہے کہ اس ملک کی حکومت کے بنانے میں صرف بنیادی جمہوریت کے ممبران ہی کوئی حصہ لے سکتے ہیں۔ اور اس حکومت کو چلانے کے لئے اگر کوئی موثر مقامی اور موثر طریقہ انہوں نے involve کیا ہے وہ یہ ہے کہ وہ اس ملک پر پولیس کے ذریعہ ہی حکومت کر سکتے ہیں۔

Minister of Education: Sir, is the member relevant?

Mr. Speaker: Not so far.

مسٹر حمزہ۔ جناب سپیکر۔ عرض یہ ہے جب ایک ڈپٹی کمشنر کے سامنے کے استعمال کی اجازت کیلئے درخواست دی جاتی ہے۔ اس کا طریقہ کار یہی ہے کہ وہ مقامی پولیس کو درخواست بھیجتا ہے۔ اور ان سے دریافت کرتا ہے کہ آیا درخواست دھندہ کو لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت دی جائے یا نہیں۔ (قطع کلامیاں) مجھے حیرانی ہے جناب وزیر تعلیم صاحب خواہ مخواہ بغیر سوچے سمجھے میری تقریر میں مداخلت کرتے ہیں۔ پبلک اجتماعات میں تقریر کرنے کیلئے خصوصی طور پر گورنمنٹ کے حمایتوں کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ ملک میں اس قسم کی حکومت ہو جو کہ عوام الناس مسائل سے اغماض نہ کرتی ہو۔ ہماری حکومت کا یہ طرۂ امتیاز ہے کہ انہوں نے ہمیشہ پبلک کے مفادات سے انحراف کیا ہے۔ اسی لئے انہوں نے ہر وہ طریقہ اختیار کیا ہے جس سے انکو پبلک کے سامنے جانا نہ پڑے۔ لیکن چونکہ انہیں اپنی اس کمزوری کا احساس ہے اور اس چیز کا بھی یقین ہے کہ اگر حزب اختلاف کو عوام الناس اور پبلک کے اجتماعات کو کھلے بندوں بغیر

کسی رکاوٹ کے Loudspeaker کی مدد سے خطاب کرنے کی اجازت دی گئی تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ لوگ جو کچھ تو انکے پہلے ہی خلاف ہیں۔ اور زیادہ خلاف ہو جائینگے۔ اور اس طرح انکے لئے اس ملک پر حکومت کرنا مشکل ہو جائیگا۔

جناب سپیکر۔ ہمارے سیاسی لیڈران کرام کو محض ایک کام میں مہارت ہے اور وہ یہ کہ وہ خوشامد میں ماہر ہیں۔ ان کی اکثریت زندگی کی ایسی منازل طے کر رہی ہے جس میں ایک عام انسان کا تبدیل ہونا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔ لیکن جہاں تک نوجوانوں کا تعلق ہے۔ انہوں نے بھی دیکھ لیا ہے کہ اس ملک میں موجودہ زمانے میں صرف وہی شخص پھل پھول سکتا ہے جسے صرف ایک کام میں مہارت ہو۔ اسے ضرورت اس بات کی ہے کہ وہ گورنمنٹ کی ناجائز کارروائیوں کی تائید کرے اور جو ہمارے حکمران اعلیٰ ہیں۔ ان کی جائز ناجائز خوشامد کرے۔

جناب سپیکر۔ میں یہ بات کرنے پر مجبور ہوں کہ وہ حکومت جو روز مرہ اپنی کامیابیوں اور کامرانیوں کی رٹ لگاتی رہتی ہے۔ آخر اسے اس بات کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی کہ وہ پبلک کے اجتماعات پر پابندی عائد کرے۔ ان کے اس inferiority complex یعنی احساس کمتری سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ لوگ جو آج اپنی کامرانیوں اور کامیابیوں کی رٹ لگا رہے ہیں۔ اندر سے کھوکھلے ہیں۔ اور آرڈیننس کے نفاذ سے وہ در اصل اپنی خفت مٹانا اور شرمندگی چھپانا چاہتے ہیں۔

جناب سپیکر۔ اس آرڈیننس کے خلاف ایک شکایت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ یہ ایک ایسا بدنام قسم کا ہنگامی قانون ہے جسے ہماری حکومت نے محض مغربی پاکستان میں ہی نافذ کرنا پسند کیا ہے۔ دراصل ہمارے موجودہ حکمران صوبہ مغربی پاکستان کو اپنی آمرانہ کارروائیوں اور قوانین کے ذریعے کسی حد تک رام کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ انکا مطمع نظر یہ ہے کہ ان کارروائیوں سے مشرقی پاکستان کی آبادی کو اس

حد تک مرعوب اور کمزور کردیا جائے ۔ اور اسی حد تک زیادتیوں کا شکار بنا دیا جائے جس حد تک وہ مغربی پاکستان کی آبادی کو بنا چکے ہیں ۔

Mr. Speaker: Through the prohibition of loudspeakers?

Mr. Hamza: Yes, Sir. This is a very important sort of power that has been given to the Deputy Commissioners. It is meant to curb the criticism against the Government.

جناب سپیکر ۔ وہ ممالک جہاں آزادی کو اللہ تعالے کی بہترین نعمت تصور کیا جاتا ہے ۔ میرے خیال میں ہماری حکومت چلانے والے ان کی ہمیشہ تعریفیں کرنے کو اپنا فرض اولین سمجھتے ہیں ۔ میں اس ملک کے ایک بڑے مدبر کی تقریر کا ایک اقتباس آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔ یہ Patric Henry. ہے جو امریکہ کا ایک نامور مدبر ہے ۔

The question before the House is of awful moment to this country. For my own part, I consider it as nothing less than a question of freedom or slavery, and in proportion to the magnitude of the subject ought to be the freedom of the debate. It is only in this way that we can hope to arrive at truth and fulfil the great responsibility which we hold to God and our country. Should I keep back my opinions at such a time, through fear of giving offence, should I consider myself as guilty of treason towards my country and of an act of disloyalty.....

Rai Mansab Ali Khan Kharal: X X X X X X X *

Mr. Speaker: The remarks made by Rai Mansab Ali Kharal are expunged from the proceedings of the Assembly and I further add that such remarks should not be made in future.

Mr. Hamza: ".....towards the Majesty of Heaven, which I revere above all earthly Kings."

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب ! آپ ان سے بھی فرمائیں کہ وہ ایسے الفاظ استعمال نہ کریں ۔

* Expunged as ordered by the Speaker.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ حقیقت تو زبان زد عام ہے کہ اس ملک پر حکومت پبلک کے احساسات ان کے مطالبات اور پبلک کی فلاح و بہبود کے خلاف کی جا رہی ہے ۔ اس کی تمام تر پالیسیوں کا مقصد ایک ہی ہے ۔ اور وہ یہ کہ عام انسان کے مطالبات کو پوری طرح ختم کیا جائے ۔ ان کے خلاف کارروائیاں کی جائیں اور ان کے احساسات کو کچل کر رکھدیا جائے ۔ لیکن مجھ سے پہلے جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے بھی اسی چیز کا ضمناً ذکر کیا ہے ۔ اس قانون کے ذریعے عدلیہ کے اختیارات کو کم کرنا بھی انکے روزمرہ کے کاموں میں سے ہے ۔ لیکن اس قانون کے ذریعے انہوں نے ثابت کردیا ہے کہ عدالت عالیہ کے Full Bench کے فیصلے کے باوجود وہ اس قسم کا قانون لائے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایسا قانون محض عوام الناس کی آواز دبانے کے لئے صرف یہ حکومت ہی لاسکتی ہے ۔ اس آرڈیننس کے ذریعے محض عدالت عالیہ کے فیصلے کو ہی نظر انداز نہیں کیا گیا بلکہ اسکا مذاق اڑایا گیا ہے ۔ اور ہماری گورنمنٹ عدالت عالیہ کے فیصلہ کے ساتھ قانونی آنکھ مچولی کھیلتی ہے ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ یہ فقرہ تو غالباً آپ لکھ کر لائے ہوں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ امریکہ کی سپریم کورٹ نے اپنے ایک فیصلہ میں واضح الفاظ میں یہ کہا ہے ۔ کہ تقریر عام لوگوں تک اپنے خیالات پہنچانے کا ذریعہ ہے ۔ لیکن اس سے بڑا ذریعہ لاؤڈ سپیکر ہے ۔ جس کے ذریعہ تقریر کو زیادہ لوگوں تک پہنچایا جا سکتا ہے ۔ سپریم کورٹ کے اس فیصلہ سے آپ اسکی اہمیت کا اندازہ لگا سکتے ہیں ۔

Minister of Education: Sir, this is repetition. This point has already been referred to by the Leader of Opposition.

Mr. Speaker: Is it the same passage?

Mr. Hamza: It is not the same. It says:—

"The freedom of speech would no freedom if the views and ideas cannot be communicated to others. The loudspeakers are indispensible instruments of effective public speech. They are the means by which native

instruments of effective public speech. They are the means by which native words can be communicated to the persons who assemble to hear them and by which the speaker can make himself heard. It is, therefore, idle to contend that the use of loudspeaker is not indispensible for freedom of public speech and expression."

اسے بنیادی حقوق کے خلاف قرار دیا ہے اور سب سے بڑا سقم یہ بتایا ہے کہ ایسی کارروائیوں اور اقدامات کے خلاف اختیارات دیئے جا رہے ہیں۔ کہ جو ابھی معرض وجود میں بھی نہیں آئے۔ جن کا معرض وجود میں آنا لازم نہیں ہے۔ عام طور پر یہ سننے میں آیا تھا۔ کہ گورنمنٹ کی یہ ایک منظم سازش ہے۔ اور یہ پالیسی رہی ہے کہ انتظامیہ کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دئے جائیں۔ اس قانون سے اس حکومت نے ہمیں اس چیز کے ماننے پر مجبور کردیا ہے کہ ہمارے اختیار میں کچھ نہیں۔

مسٹر حمیداللہ خان۔ * X X X X X X X X X

مسٹر سپیکر۔ آپ تشریف رکھیں۔

The remarks made by Mr. Hamid Ullah Khan are expunged from the proceedings of the Assembly.

مسٹر حمزہ۔ اس آرڈیننس کے ذریعہ آپ انتظامیہ کو وسیع اختیارات دے رہے ہیں۔ اور شاید اس چیز کا انہوں نے تصور ہی نہیں کیا۔ بلکہ یہ مان لیا ہے کہ D.C. کے پاس کوئی مافوق الفطرت طاقتیں ہیں۔ جن کے ذریعہ کسی چیز کے وجود میں آنے سے پہلے ہی ان کو معلوم ہو جاتا ہے۔ اور جانتے ہیں کہ لاؤڈ سپیکر کو پبلک کے اجتماع میں استعمال کیا جائے گا۔ تو گورنمنٹ کے خلاف نفرت پھیلائی جائیگی۔ اور امن عامہ میں خطرہ پیدا ہوگا۔

جناب سپیکر۔ عدالت عالیہ کے ایک فل بنچ نے گورنمنٹ کے اس عذر لنگ کو شرف پذیرائی نہیں بخشا۔ جس کے متعلق اس حکومت نے یہ کہا تھا کہ گورنر کی کانفرنس میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ ڈپٹی کمشنر صاحبان

* Expunged as ordered by the Speaker.

لاؤڈ سپیکر کی اجازت دے دیا کریں۔ لیکن جہاں تک میرا اندازہ ہے۔ چونکہ اُن کو اس حکومت کے رویہ کا پہلے سے پتہ تھا۔ جس کا ماضی داغدار ہے۔ انہوں نے یہ ماننا پسند نہیں کیا۔ اور صاف طور پر یہ لکھ دیا۔

"As section of the Ordinance is, in our view, violative of the nineth fundamental right, we hold that it is void. We are told that instructions have been issued by the Government on a decision taken in a Governor's Conference that the use of loud-speakers may be freely allowed by the Deputy Commissioners, but these instructions are liable to change and are not relevant for validating the Ordinance which has been found to violate a conferred right on the citizens by Constitution."

جناب سپیکر ۔ اس کے علاوہ اس آرڈیننس میں جو اختیارات انتظامیہ کو دئے گئے ہیں۔ ان کے بارے میں اتنا ضرور کہہ سکتا ہوں کہ انہوں نے انتظامیہ کی سابقہ کارروائیوں کو مقابلتاً مہذب بنا دیا ہے۔ اور انتظامیہ کو مہذب طریقہ سے مسلح کیا ہے۔ جس کی غرض و غایت صرف یہ ہے کہ حزب اختلاف اپنے خیالات کو لوگوں تک نہ پہنچا سکے۔ اس سے پہلے ہوتیں کا عام طریقہ کار یہ تھا کہ وہ حکومت کے اشاروں پر رہتی تھی۔ اور اپنے غنڈوں کے ذریعہ جلسوں میں گڑبڑ کراتی تھی۔ اور اب تو بہت آسان ہے۔ ہمسایہ کے ایک دو آدمیوں سے اس امر کی درخواست دلا سکتے ہیں کہ لاؤڈ سپیکر سے نیند میں خلل آئے گا۔

جناب سپیکر۔ اس قانون کے سلسلہ میں جناب افتخار احمد خان انصاری صاحب نے فرمایا تھا کہ ان دنوں اس "چیز" کی مانگ زیادہ ہے۔ اس لئے اس کی "قیمت" بھی بڑھ گئی ہے۔ اب تو ایک سب انسپکٹر کی رپورٹ کافی ہوگی۔ اور وہ آسانی سے کسی کو بلا سکتا ہے۔ کل ہی مرکزی اسمبلی میں جناب وزیر قانون نے ارشاد فرمایا ہے کہ پاکستان کی حکومت Multiparty system کو believe کرتی ہے۔ اور مکمل طور پر جمہوریت قائم ہے۔ لیکن عملی طور پر اس کی قدر یہ ہے کہ یہ لوگ کسی لحاظ سے بھی حزب اختلاف کی کسی بات کو برداشت کرنے کو تیار نہیں اور اس کے ساتھ ساتھ عامۃالناس

کو جن کو یہ بھیڑ بکری کے درجہ سے بھی نیچے گرانا چاہئے اور کسی حد تک گرا چکے ہیں ان تک خیالات پہنچانے میں سد راہ بنتے ہیں۔ گورنمنٹ کی طرف سے جتنے قوانین پیش کئے گئے اس سے دن بدن انتظامیہ کے اختیارات بہت بڑھے ہیں۔ لہذا اس انتظامیہ کو انکا مرہون منت ہونا چاہئے کہ جب انہوں نے انتظامیہ کو کوئی اختیار دیا تو اسکے ذریعہ انتظامیہ کو رشوت حاصل کرنے کا ایک ذریعہ ہاتھ آ گیا۔ میں آپکی خدمت میں گوجرہ کی ایک زندہ مثال پیش کرتا ہوں۔ ہمارے علاقے میں جب بھی کسی تقریب میں لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی ضرورت پڑی تو مقامی تھانیدار سے مل جلکر وہاں لاؤڈ سپیکر استعمال کر لیا جاتا ہے اور آپ کو بھی اس چیز کا علم ہوگا کہ ہمارے گاؤں میں دیہاتوں میں لوگ اپنی شادیوں کے دوران میں لاؤڈ سپیکر کو استعمال کرتے ہیں اور بعض جگہ تو باجا بھی استعمال ہوتا ہے لیکن ملک قادر بخش کے علاقہ میں یہ بذات خود وہاں تشریف لیجاتے ہیں۔ (قہقہہ)

مسٹر سپیکر۔ آرڈر۔ آرڈر۔

